	انسان جب تک پراگندہ تعلقات سے آلودہ رہتا ہے محروم اور مقصد سے دور جدا رہتا ہے۔ الخ
۱۳۱	**مکتوب نمبر ۴۳:** توحید شہودی اور توحید وجودی کے بیان میں۔ اور توحید شہودی کا عقل وشرع کے خلاف نہ ہونا۔اور مشائخ کے اقوال کو توحید شہودی پر محمول کرنا۔اور توحید شہودی کا عین الیقین کے مرتبہ میں ہونا۔توحید شہودی اور وجودی کے درمیان فرق اور ہر ایک کے معنی کا بیان اور مثال سے دونوں کی وضاحت۔
	حسین بن منصور کے قول انا الحق اور ابو یزید بسطامی کے قول سبحانی الخ کا معنی۔
	سوال وجواب
	اس زمانے میں بہت سے صوفیوں کا لباس پہننے والے توحید وجودی کو شائع کرنے میں مصروف ہیں اور صرف اسی کو کمال جانتے ہیں۔مشائخ کے ان اقوال کو جو توحید وجردی میں صریح ہیں ان کے ابتدائے حال پر محمول کرنا چاہیے اور ایسے کلمات انہوں نے عین الیقین کے مقام میں کہے ہیں
	سوال وجواب
	توحید وجودی والا عین الیقین کے مقام سے بہرہ ور نہیں ہوتا۔ایک مثال سے اسکی وضاحت،
	اکثر اہلِ زمانہ نے توحید وجودی کا دامن پکڑا ہوا ہے۔بعض نے تقلیداً ،بعض نے صرف علمی طور پر ،بعض نے علم اور ذوق دونوں لحاظ سے اور بعض نے الحاد وزندقہ کے طور پر۔
	طریقت اور شریعت ایک دوسرے کا عین ہیں۔صرف اجمال وتفصیل اور کشف واستدلال کا فرق ہے۔

دوسرا حصہ

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
ہمارے خواجہ قدس سرہ کا مشرب ایک عرصہ تک توحید وجودی رہا۔	
آخر کار اس مقام سے آپ کو آگے گزار لیا گیا۔	
یہاں عبدالحق کی نقل سے اس آگے گزرنے کی تصدیق۔	
اس حقیر کا مشرب بھی ایک عرصہ تک توحید وجودی رہا۔	
مکتوب نمبر۴۴:	۱۳۷
خیر البشر علیہ السلام کی مدح میں اور اس امر کے بیان میں کہ آپ کی شریعت کی تصدیق کرنے والے خیر الامم ہیں اور اس کی تکذیب کرنے والے بدترین بنی آدم ہیں۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت کی متابعت کی ترغیب میں۔	
احادیث مدحیہ کا اردو ترجمہ	
لو لاہ لما خلق اللہ سبحانہ الخلق الخ	
آج عمل قلیل کو جو دین کی حقیقت کے ساتھ ہے۔ عمل کثیر کی طرح قبول فرماتے ہیں۔	
اصحاب کہف نے یہ تمام درجات ایک نیکی یعنی ہجرت سے حاصل کئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار آپ کی متابعت کی برکت سے مرتبہ محبوبیت تک پہنچتے ہیں۔ اگر ہجرت ظاہری میسر نہ ہو تو ہجرت باطنی ہی کامل طریقہ پر حاصل کرنی چاہیے۔ اظہار اللہ کے بندوں سے دور رہنے کے باوجود رابطہ قلبی کے طور پر ان کے ساتھ رہنا چاہیے۔	
مکتوب نمبر۴۵:	۱۴۲
اس بیان میں کہ انسان کی جامعیت جس طرح اس کے کمال کا سبب ہے اسی طرح اس کے نقصان کا باعث بھی ہے۔ اور رمضان شریف کے فضائل کے بیان میں۔	
خدا تعالیٰ کے دوست اس کے ساتھ ہوتے ہیں۔ بدن کے ساتھ تعلق بھی حق تعالیٰ کی معیت میں ایک طرح کی رکاوٹ ہے۔ اس ڈھانچے سے جدا ہونے کے بعد قرب ہی قرب اور اتصال ہی اتصال ہے۔	
آدمی کو جس طرح جمعیت باطنی کی ضرورت ہے۔ جمعیت ظاہری کی بھی ضرورت ہے۔	
بہترین مخلوقات بھی انسان ہے اور بدترین مخلوق بھی انسان ہے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی نوع انسان میں سے ہیں اور ابو جہل لعین بھی انسانوں میں سے ہی ہے۔	
ماہ رمضان المبارک کے فضائل	
مکتوب نمبر۴۶:	۱۴۸
اس بیان میں کہ باری تعالیٰ کا وجود اس کی وحدت، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت بلکہ جو کچھ نبی کریم علیہ السلام لے کر آئیں سب بدیہی ہے لیکن اس وقت جبکہ قوت مدرکہ باطنی امراض سے محفوظ ہو۔	
نظر و فکر کی طرف وہ محتاجی جو کسی مرض کے باعث ہو بداہت کے مخالف نہیں۔ ایمان یقینی کے حاصل کرنے میں مرض قلبی کے ازالے کی فکر ضروری ہے۔ تزکیے کے بغیر یقین کا حاصل ہونا مشکل ہے۔ شریعت و ملت کا منکر مصری کے مٹھاس کے منکر کی طرح ہے۔	
سیر و سلوک اور تزکیہ و تصفیہ سے مقصود آفات معنویہ اور امراض قلبیہ کا ازالہ ہے۔	
آفات و امراض کے باوجود اگر ایمان ہے تو صرف ظاہری ہے۔	
مکتوب نمبر۴۷:	۱۵۲
گزشتہ صدی کے کفار کی شکایت کے بیان میں۔ جو غلبہ حاصل کر چکے ہیں اور اہل اسلام کو خوار اور بے اعتبار رکھتے ہیں اور ابتدائے بادشاہت کے وقت ہی ترویج دین کی ترغیب میں۔	
بادشاہ جہان کے لئے اس طرح ہے جس طرح دل بدن کے لئے۔ بادشاہ کی صلاح اور درستی میں جہان کی درستی اور اسکے خراب ہونے میں جہان کی خرابی ہے۔	
آج جبکہ بادشاہ اسلام کے تخت نشین ہونے کی بشارت خاص و عام کے کانوں تک پہنچ چکی ہے سب اہل اسلام پر اس کی مدد و اعانت لازم ہے اور بہترین مدد مسائل شرعیہ کی وضاحت اور عقائد کلامیہ کا اظہار ہے۔	
اس قسم کی مدد علماء اہل حق کے ساتھ مخصوص ہے۔	
علماء دنیا کی صحبت زہر قاتل ہے اور ان کا فساد متعدی ہے۔ گزشتہ صدی میں دین پر جو بلا و مصیبت ٹوٹی اس جماعت علماء دنیا کی شومی اور بدی سے ہی ٹوٹی۔	
...نہ کے اکثر جہلاء صوفی نما علماء سوء کا حکم رکھتے ہیں۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
اپنے آپ کو اس بڑھیا کی طرح تصور کریں جو سوت کی اٹی لے کر حضرت یوسف علیہ السلام کے خریداروں میں جا شامل ہوئی۔	
مکتوب الیہ کو ترویج شریعت پر ابھارنا۔	
مکتوب نمبر ۴۸:	۱۵۵
علماء اور طلباء علوم کی تعظیم کی ترغیب کے بیان میں۔	
کل قیامت کو شریعت کے متعلق سوال ہوگا، تصوف کے متعلق نہیں ہوگا۔	
جنت میں داخلہ اور دوزخ سے نجات شریعت کی بجا آوری سے وابستہ ہے۔ انبیاء علیہم السلام نے شرائع کی دعوت دی ہے۔	
اعلیٰ ترین نیکی شریعت کی ترویج میں کوشش اور اس کے احکام میں سے کسی کا زندہ اور جاری کرنا ہے۔	
راہِ خدا میں کروڑ ہا روپے خرچ کرنا اتنا ثواب نہیں رکھتا جتنا مسائل شرعیہ میں سے ایک مسئلے کو رواج دینے کا ثواب ہے۔	
وہ مال جو تائید شریعت میں خرچ کیا جائے بہت اونچا درجہ رکھتا ہے۔ اور اس نیت سے ایک ٹکہ خرچ کرنا لاکھوں روپے حرچ کرنے کے برابر ہے۔	
نفس میں گرفتار طالب علم کی فضیلت نجات یافتہ صوفی پر اور اس پر استدلال	
دعوت و ارشاد کے لیے مخلوق کی طرف لوٹائے گئے صوفی کو نبوت کے فیضان سے حصہ ملتا ہے اور وہ بھی علمائے شریعت میں داخل ہے	
مکتوب نمبر ۴۹:	۱۵۷
دو قسم کی دولت جمع کرنے کی ترغیب میں یعنی ظاہر کو احکام شرعیہ کے ساتھ آراستہ کرنا اور باطن کو غیر حق سبحانہ کی گرفتاری سے آزاد کرنا۔	
مکتوب نمبر ۵۰:	۱۵۷
کمینی دنیا کی مذمت کے بیان میں۔	
اگر کسی نے وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد میرا مال زمانے میں سب سے عقلمند انسان کو دینا تو زاہد کر دینا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۵۱:	۱۵۹
ترویج شریعت کی ترغیب میں	

مضمون	نمبر صفحہ
مکتوب نمبر ۵۲:	۱۶۰
نفس امارہ کی مذمت اور اس کے مرض ذاتی اور اس کے ازالے کے علاج کے بیان میں۔	
نفس امارہ کے دعوی الوہیت اور شرکت کا بیان اور اس بے سعادت نفس کا شرکت پر راضی نہ ہونا۔	
حدیث قدسی عاد نفسک الخ	
نفس کی پرورش دراصل خدا کے دشمن کی پرورش ہے۔	
حدیث قدسی الکبریا الخ	
دنیا کے ملعون ہونے کا راز	
فقر کو فخر محمدی ہونے کا شرف حاصل ہے۔ اس کی وجہ	
انبیاء کی بعثت سے مقصود اور تکالیف شرعیہ میں حکمت نفس اور امارہ کو عاجز کرنا اور اسے ویران کرنا ہے۔	
احکام شرعیہ میں سے ایک حکم کی بجا آوری خواہشات نفسانی کے مٹانے میں اپنی طرف سے ہزار سالہ ریاضات و مجاہدات سے بہتر ہے	
برہمنوں اور جوگیوں نے ریاضت کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی لیکن بے فائدہ ہے۔	
حکم شرع کے مطابق بطور زکوٰۃ ایک درہم ادا کرنا نفس کی ویرانی میں اپنی طرف سے ہزار دینار صرف کرنے سے بہتر ہے۔	
شریعت کے حکم کے مطابق عید فطر کے روز کھانا کھانا اپنی طرف سے ہزار ہا سال کے روزوں سے بہتر ہے۔	
فجر کی دو رکعت نماز با جماعت ادا کرنا اس سے بہتر ہے کہ انسان ساری رات نفل میں گزارے اور نماز با جماعت ادا کرے	
جب تک نفس پاک نہ ہوا اپنے بہتر ہونے کے مالیخولیا سے آزاد نہیں ہو سکتا۔	
تزکیہ نفس میں کلمہ طیبہ نافع ترین شے ہے جب نفس سرکشی کے مقام میں اتر آئے تو کلمہ طیبہ کے تکرار سے اپنے ایمان کی تجدید کرنی چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۵۳:	۱۶۴
اس بیان میں کہ علماء سود کا اختلاف فسادِ عالم کا موجب ہے۔	
دیندار علماء بہت ہی قلیل ہیں۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
گزشتہ صدی میں علماء کا اختلاف جہان کو بلاو مصیبت میں گرفتار کر چکا ہے۔	
جس طرح جہان کی نجات اور صلاح علماء سے وابستہ ہے، جہان کا فساد بھی انہیں سے تعلق رکھتا ہے۔	
ایک بزرگ نے ابلیس کو فارغ بیٹھا دیکھا تو اس کا راز دریافت کیا اس نے جواب دیا کہ میرا کام اس وقت کے علماء کر رہے ہیں۔	
مکتوب نمبر ۵۴:	۱۶۶
اس بیان میں کہ مبتدع کی صحبت سے بچنا ضروری ہے، اور بدترین بدعتی فرقہ شیعہ شنیعہ ہے۔	
بدعتیوں کی صحبت کا فساد کافر کی صحبت سے زیادہ ہے	
تمام بدعتی فرقوں میں بدترین وہ جماعت ہے جو اصحابِ پیغمبر سے بغض رکھتی ہے۔	
صحابہ اکرام سے بغض رکھنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کافر کہا ہے۔	
صحابہ اکرام پر اعتراض قرآن وشریعت پر اعتراض ہے۔	
حضرت امیر کرم اللہ وجہہ کا مخالف خطا پر تھا۔	
یزید بے دولت اصحاب میں سے نہیں ہے۔ اس کی بدبختی میں کسے کلام ہے۔	
یزید پر لعنت میں توقف کی وجہ۔	
قطب زماں حضرت مخدوم جہانیاں کی کتابوں کے مطالعہ کی ترغیب میں۔	
مکتوب نمبر ۵۵:	۱۶۹
اپنے بعض دوستوں کے ساتھ اظہار محبت کے بیان میں	
حدیث: من احب اخاہ فلیُعلم ایاہ	
اس محبت کے باعث جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقرباء کے ساتھ پیدا ہو چکی ہے۔	
بندہ کو بہت امید ہاتھ میں آ چکی ہے۔	
مکتوب نمبر ۵۶:	۱۶۹
ایک سید صاحب کی سفارش کے سلسلہ میں۔	
مکتوب نمبر ۵۷:	۱۷۰
نصیحت کے بیان میں۔	

مضمون	نمبر صفحہ
حقیقت اور طریقت حقیقتِ شریعت سے عبارت ہے اور اس حقیقت کا راستہ۔	
مکتوب نمبر ۵۸:	۱۷۱
اس بیان میں کہ یہ سارا راستہ کُل سات قدم ہے۔ اور مشائخ نقشبندیہ نے عالمِ امر سے ابتدا اختیار کی ہے اور ان بزرگوں کا طریقہ صحابہ اکرام کا طریقہ ہے۔	
ہمارا راستہ صرف سات قدم ہے دو قدم عالمِ خلق میں اور پانچ عالمِ امر میں۔ ان سات قدموں میں سے ہر قدم میں دس ہزار حجابات راستے سے ہٹتے ہیں۔	
اول قدم میں افعال کی تجلی رونما ہوتی ہے، دوسرے میں تجلی صفات اور تیسرے قدم میں تجلیات ذاتیہ کا آغاز ہو جاتا ہے۔	
دوسروں کی نہایت ان کی ابتدا میں درج ہے۔	
صحابہ کرام کو خیر البشر علیہ السلام کی پہلی صحبت میں ہی وہ کچھ میسر آ گیا جو کامل اولیاء کو نہایت پر پہنچ کر بھی کم ہی نصیب ہوتا ہے۔	
ابن مبارک سے لوگوں نے پوچھا معاویہ افضل ہیں یا بن عبد العزیز؟ آپ نے فرمایا حضور کی معیت میں حضرت معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں جو غبار داخل ہوئی وہ کئی مرتبے عمر بن عبد العزیز سے افضل ہے۔	
مکتوب نمبر ۵۹:	۱۷۴
اس بیان میں کہ انسان کے لئے نجات ابدی حاصل کرنے کے لئے تین چیزوں کا ہونا ضروری ہے اور اہلِ سنت کی اتباع کے بغیر نجات محال ہے اور علم وعمل شریعت سے مستفاد ہیں اور خلاص کا حصول طریقہ صوفیہ کے طریق پر چلنے سے حاصل ہوتا ہے۔	
اگر اہلِ سنت کی اتباع سے بال برابر بھی مخالفت ہے تو خطرہ ہی خطرہ ہے۔	
اہلِ سنت کے مخالف دیدار باری تعالیٰ اور شفاعت کے منکر ہیں یہ لوگ صحبت کی فضیلت سے بے خبر ہیں۔ اور اہلِ بیت رسول علیہ السلام کی محبت سے محروم ہیں۔ صحابہ کرام کا ابوبکر پر متفق ہونا اور انہیں آسمان کے نیچے ابوبکر سے بہتر کوئی شخص نہ ملنا	
۔ اہل بیت حضرت نوح کی کشتی کی طرح ہیں اور صحابہ ستاروں کی مانند ہیں اور اس راز کا بیان۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
بعض صحابہ کا انکار تمام صحابہ کا انکار ہے۔	
پیغمبر علیہ السلام کی صحبت کی فضیلت تمام فضائل سے اوپر ہے۔	
اویس کرنی ادنیٰ درجہ صحابی کے مرتبہ کو نہیں پہنچ سکے۔	
صحابہ کا ایمان شہودی تھا۔	
صحابہ کرام کے آپس میں جھگڑے اور اختلافات صحیح توجیہات پر محمول ہیں اور انکی خطا اجتہادی خطا تھی۔	
اہلِ سنت کا طریقہ افراط و تفریط سے محفوظ ہے۔ علم و عمل تو شرع سے مستفاد ہے اور ان دونوں میں اخلاص طریق صوفیہ سے وابستہ ہے۔	
سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ کے حصول کے بغیر بندہ حقیقت اخلاص سے دور رہتا ہے، یعنی تمام اعمال و اقوال میں اخلاص نصیب نہیں ہوتا۔	
اولیاء اللہ جو کچھ کرتے ہیں صرف حق جل وعلا کے لئے کرتے ہیں۔	
مخلَص اور مخلِص کے درمیان فرق۔	
علوم صوفیہ سے نفع کا بیان۔	
مکتوب نمبر ۶۰:	۱۷۷
نفی خواطر اور دفع وساوس کے بیان میں۔	
دفع وساوس طریقہ حضرات نقشبندیہ میں مکمل طور پر حاصل ہے۔	
بعض مشائخ نے دفع خواطر کے لئے چلہ کشی کی ہے۔	
خواجہ احرار قدس سرہ کے کلام میں خواطر سے مراد	
اس سلسلہ کے مخلصوں میں سے ایک درویش اپنا حال یوں بیان کرتا ہے کہ بالفرض اگر عمر نوح بھی اسے مل جائے تو ساری عمر میں کوئی وسوسہ دل پر سے نہیں گزر سکتا۔ بلکہ وسوسہ دل میں لانے کے لئے اگر سالہا سال تکلف بھی کرے تو نہیں آ سکتا۔	
وساوس کو دس دن یا چالیس دن کے چلے کے ذریعے بتکلف روکنے سے مطلوب کی طرف دوام توجہ محال ہے۔	
دائمی حفاظت جو اس سلسلہ کے مبتدیوں کو میسر آتی ہے وہ ایک دوسری شے ہے۔	
دوام توجہ جسے ہم بیان کر رہے ہیں اس سے مراد یادداشت ہے جو مرتبہ کمال کی نہایت ہے۔	
مکتوب نمبر ۶۱:	۱۸۰
شیخ کامل کی صحبت اختیار کرنے اور ناقص کی صحبت سے اجتناب کرنے کے بیان میں۔	
طلب کا ہونا حصول مطلوب کی بشارت دیتا ہے۔ دولت طلب کو نعمتِ عظمیٰ تصور کرتے ہوئے ہر مخالف امر سے بچنا چاہیے۔	
اگر حقیقت التجاء میسر نہ ہو تو اسکی صورت کو ترک نہیں کرنا چاہیے۔	
شیخ کامل کی ذات تک وصول کے بعد تمام مرادیں اس کے سپرد کرنی چاہئیں جس طرح میت غسال کے ہاتھ میں آتا ہے۔	
فنا اول فنافی الشیخ ہے۔	
ابتداءً طالب کمال خست کمینگی کی حالت میں ہوتا ہے۔ جناب قدس خداوندی سے کچھ مناسبت نہیں رکھتا۔ لہذا دو طرف تعلق رکھنے والا واسطہ درمیان میں چاہیے۔ اور وہ واسطہ شیخ کامل کامل کرنے والا ہے۔	
طلب میں سب سے زیادہ فطور ڈالنے والی چیز یہ ہے کہ طالب شیخ ناقص کی طرف رجوع کرے جس نے ابھی کام مکمل نہ کیا ہو اور مسندِ شیخی پر بیٹھ جائے۔ اسکی صحبت زہر قاتل ہے۔	
راستے کا دارومدار صحبت پر ہے۔ گفت وشنید سے کام نہیں بنتا۔	
مکتوب نمبر ۶۲:	۱۸۲
اس بیان میں کہ جو جذبہ سلوک سے پہلے ہوتا ہے وہ مقاصد میں سے نہیں ہے۔ بلکہ جو جذبہ سلوک کے بعد ہے مقاصد میں سے وہ ہے۔	
نہایت کے ہدایت میں درج ہونے سے مراد۔	
مکتوب نمبر ۶۳:	۱۸۳
اس بیان میں کہ انبیاء علیہم السلام اصول میں متفق ہیں اور انکے بعض متفق کلمات کا بیان۔	
انبیاء کرام علیہم السلام سراسر رحمت ہیں۔	
اگر ان کا وجود شریف نہ ہوتا تو حق سبحانہ جہان کو اپنی ذات وصفات سے واقف نہ کرتا۔	
یہ بزرگ گروہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، حشر ونشر، ارسال رسل، فرشتہ کے نزول اور جنت و دوزخ میں اتفاق رکھتا	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
ہے۔صرف بعض فروع میں مختلف ہے۔	
احکام شرعیہ میں نسخ وتبدیلی حق تعالیٰ کی حکمتوں اور مصالح میں سے ہے۔انبیاء علیہم السلام اور کفار بدکردار کے سرداروں میں فرق۔	
مکتوب نمبر۶۴:	۱۸۷
جسمانی اور روحانی لذت و الم کے بیان میں اور جسمانی آلام ومصائب کے برداشت کرنے کی ترغیب میں۔	
ہر چیز جس میں جسم کے لئے لذت ہے روح کے لئے اس میں الم وارتکلیف ہے۔وبالعکس	
اس عالمِ دنیا میں عوام کالانعام کی روح بھی جسم کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔افسوس ہزا افسوس اگر روح اس گرفتاری سے آزاد ہوکر اپنے وطن اصلی کی طرف رجوع نہ کرے۔	
اگر دنیا میں درد والم نہ ہوتا تو جو برابراس کی قیمت نہ ہوتی۔	
حوادث زمانہ کی تلخی کڑوی دوا کی طرح نافع ہے۔عام دعوتوں میں لوگ جو کھانا بے خلوص پکاتے ہیں اور کھانے والوں کا طعام کے متعلق شکوہ شکایت صاحب طعام کی شکستہ دلی کا سبب بنتا ہے۔یہی شکستہ دلی طعام کی اس ظلمت کو زائل کر دیتی ہے۔اور وہ کھانا قبولیت کے مقام میں پہنچ جاتا ہے۔	
عبادت تذلل اور انکسار کا نام ہے۔	
پیدائش انسانی سے مقصود اس کی خواری اور اظہار عجز ہے۔خاص کر اہلِ اسلام۔	
مکتوب نمبر۶۵:	۱۸۹
اسلام کے کمزور ہونے پر افسوس کرنے اور تقویت اسلام اور اجراء احکام کی ترغیب کے بیان میں۔	
حدیث: الاسلام بدء غریباً الخ	
اسلام کی بے کسی اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ کفار اعلانیہ اسلام پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور مسلمانوں کو اسلامی احکام کے اجراء سے روک دیا گیا ہے۔	
حدیث میں وارد ہے: لن یوء من احد کم حتی یقال مجنون	
اصحاب کہف سے سوائے ہجرت کے اور کوئی نمایاں عمل صادر نہیں ہوا۔	
قولی جہاد۔	
حضرت خواجہ عبیداللہ احرار کا قول کہ اگر میں پیری مریدی کروں تو کسی پیر کو جہان میں مرید نہ ملے۔لیکن ہمارے ذمے ایک اور کام لگایا گیا ہے اور وہ شریعت کی ترویج ہے۔	
حدیث: من احب اخاه فليعلم اياه	
مکتوب نمبر۶۶:	۱۹۲
طریقہ نقشبندیہ کی مدح اور دوسروں پر اسکی فضیلت کے بیان میں	
حضرات خواجگان کا طریقہ نہایت کے ہدایت میں درج ہونے پر مبنی ہے۔	
یہ طریقہ بعینہ صحابہ کرام کا طریقہ ہے۔	
صحابہ اکرام کو خیر البشر علیہ السلام کی اول صحبت میں وہ کچھ میسر آ گیا کہ دوسرے اولیائے امت کو نہایۃ النہایہ پر پہنچ کر بھی اس کا ایک شمہ نصیب ہوتا ہے۔	
حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل صحبتِ خیر البشر علیہ السلام کے سبب اویس قرنی سے افضل ہے۔	
بہترین زمانہ اصحاب کرام کا زمانہ ہے۔	
حضرامیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھوڑے کی ناک کا غبار عمر بن عبدالعزیز سے کئی مرتبے بہتر ہے۔	
حضرت خواجگان کا سلسلہ سلسلۃ الذہب ہے۔ان بزرگوں کے طریقہ کی فضیلت دوسرے طریقوں پر اس طرح ہے جس طرح صحابہ کرام کے زمانہ کی فضیلت دوسرے زمانوں پر ہے۔	
حضرت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہمارا کام اللہ کے فضل سے وابستہ ہے۔	
مکتوب نمبر۶۷:	۱۹۴
ایک محتاج کی سفارش کے سلسلہ میں۔	
اظہار حق میں ایک طرح کی تلخی ہوتی ہے۔	
احوال کے تلونیات امکان کے لوازم میں سے ہیں۔بے چارہ ممکن کبھی جلال کا مغلوب ہوتا ہے۔اور کبھی اس پر جمال کی حکمرانی ہوتی ہے۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
قلب المئومن بین اصبعین من اصابع الرحمن الخ	
مکتوب نمبر ۶۸:	۱۹۲
اس بیان میں کہ تواضع ارباب غنا کو زیب دیتی ہے اور استغناء ارباب فقر کو۔	
اتقیاء امت تکلف اور بناوٹ سے بری ہیں۔	
التکبر مع المتکبر صدقة	
خواجہ نقشبند کو ایک شخص نے کہا کہ آپ متکبر ہیں۔ آپ نے فرمایا: میرا تکبر رب تعالیٰ کی کبریائی کی وجہ سے ہے۔	
حدیث: رب اشعث	
فقراء سے آشنائی سے مقصود اپنے پوشیدہ عیوب سے واقفیت اور ان میں موجود برائیوں کا ظہور ہے۔	
مکتوب نمبر ۶۹:	۱۹۸
تواضع کے بیان میں جو موجب رفعت ہے۔ اور اس بیان میں کہ نجات اہلِ سنت کی متابعت سے وابستہ ہے۔	
مکتوب نمبر ۷۰:	۱۹۹
اس بیان میں کہ آدمی کی جامعیت جس طرح اسکی دوری کا سبب ہے اسی طرح اسکے قرب کا سبب بھی ہے۔	
حدیث: لا یسعنی ارضی ولاسمائی	
بہترین موجودات بھی انسان ہے اور بدترین موجودات بھی وہی ہے۔	
اموال نامیہ اور چرنے والے مویشیوں کی زکوۃ ادا کرنا۔	
لذیذ کھانا کس نیت سے کھانا درست ہے اور نفیس لباس کس ارادے کے تحت پہننا ٹھیک ہے۔	
اگر حقیقت نیت میسر نہ آسکے تو تکلف کے ساتھ اس نیت پر اپنے آپ کو لانا چاہیے۔	
حدیث: فان لم تبکوا فتبا کوا	
تمام امور میں علمائے دیندار کے فتووں کے مطابق زندگی بسر کرنا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۷۱:	۲۰۱
اس بیان میں کہ نعمت عطا کرنے والے کا شکر نعمت والے پر لازم وضروری ہے۔	
اغنیاء پر فقراء کی نسبت کئی گنا زیادہ شکر ضروری ہے۔	
اس امت کے فقراء اغنیاء کی نسبت پانچ سو سال پہلے جنت میں جائیں گے۔	
منعم تعالیٰ کا شکر اوّلاً تصحیح عقائد اہلِ سنت کی آرا کے مطابق ضروری ہے۔ اور ثانیاً احکام شرعیہ کی بجا آوری کی صورت میں اور ثالثاً سلوک صوفیہ کے طریق کے مطابق تزکیہ نفس کے ساتھ۔	
آخری رکن کا وجوب استحسانی ہے مگر پہلے دو ارکان کا وجوب استحسانی نہیں۔ وہ عمل جو ان تین طریقوں کے خلاف ہے معصیت اور نافرمانی میں داخل ہے۔	
ہندوستان کے برہمنوں اور یونان کے فلاسفروں کی ریاضتیں کچھ قدر و قیمت نہیں رکھتیں۔	
مکتوب نمبر ۷۲:	۲۰۴
دین کے ساتھ دنیا کا جمع کرنا مشکل ہے اگر حقیقۃً ترکِ دنیا میسر نہ آئے تو حکماً ہی ترک کرنا چاہیے اگر ترکِ حکمی بھی میسر نہ ہو تو ایسا شخص منافق کے حکم میں ہے۔	
مکتوب نمبر ۷۳:	۲۰۶
دنیا اور اہلِ دنیا کی خدمت اور غیر نافع علوم کی تحصیل کی مذمت اور فضول مباحات سے بچنے اور نیک کاموں پر ابھارنے کے بیان میں۔	
دنیا فی الحقیقت شکر چڑھا ہوا مردار اور کیڑوں اور مکھیوں سے بھری ہوئی روڑی ہے۔	
حدیث: ما الدنیا و الأخرة الاضرتان	
وہ علوم جو آخرت میں کام نہیں آئیں گے دنیا میں داخل ہیں۔	
علمِ نجوم، منطق و فلسفہ اور ان کے مناسب علوم کے حاصل کرنے کا حکم۔	
فضول مباحات سے بچنا چاہیے۔	
مشائخ نقشبندیہ نے عزیمت پر عمل کرنا اختیار کیا ہے اور رخصت سے اجتناب کیا ہے۔	
پاؤں دائرہ مباحات سے باہر نہیں رکھنا چاہیے اور محرمات ومشتبہات تک نہیں جانا چاہیے۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
اس کے برابر اور کون سی عیش ہو سکتی ہے کہ بندے کا رب اس کے اعمال و کردار سے راضی ہو۔ اور اس سے زیادہ اور کیا برائی ہو سکتی ہے کہ بندے کا آقا اس کے اعمال سے ناراض ہو۔	
والدین جو اللہ تعالیٰ کے انعامات میں سے ہے۔	
جوانی کے وقت تھوڑے عمل کی وہ قدر و قیمت ہے کہ بڑھاپے میں اس سے کئی گنا زیادہ کی بھی وہ قدر و قیمت نہیں۔	
وہ عبادت جس کا شرع محمدی نے حکم دیا ہے اور اس سے مقصود بھی بندوں کا ہی نفع ہے۔ حق تعالیٰ کی طرف اس کا نفع نہیں لوٹتا۔	
اگر دنیا داروں میں سے کوئی اپنے ماتحت کو کسی کام کا حکم کرے اور کوئی خدمت ذمے لگائے تو وہ ماتحت کس قدر پھرتی اور چستی سے وہ خدمت بجالاتا ہے۔ کتنی بری بات ہے کہ رب تعالیٰ کی عظمت اس دنیا دار کی عظمت سے بھی نظر میں کم محسوس ہو۔ ایسی روش سے شرم کرنی چاہیے۔	
از سرنو ایمان کی تجدید کرنی چاہیے۔	
ادائے زکوٰۃ کا آسان طریقہ۔	
نفس بالذات سخت کنجوس ہے۔	
بندوں کے حقوق کی ادائیگی میں پوری کوشش کرنی چاہیے۔	
احکامِ شرعیہ علمائے آخرت سے معلوم کرنے چاہییں۔	
علمائے دنیا سے جنہوں نے علم کو مال و جاہ کا وسیلہ بنایا ہوا ہے دور رہنا چاہیے۔	
مقصود عمل ہے نہ کہ صرف علم	
حدیث: اشد الناس عذابا یوم القیمة الخ	
اس گرہ کی محبت کا رشتہ ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۷۴:	
فقراء کی محبت پر ابھارنے اور اتباع شریعت کی نصیحت کے بیان میں۔	۲۱۵
لا نهم جلساء الله الخ	
کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يستفتح الخ	

مضمون	نمبر صفحہ
قال صلى الله عليه وسلم رب اشعث الخ	
ان زلزلة الساعة شیء عظیم	
دراں روز کز فعل پرسند الخ	
دنیا رب تعالیٰ کو ناپسند ہے اور بے قدر۔	
مکتوب نمبر ۷۵:	
سید کونین کی متابعت پر ابھارنے کے بیان میں۔ اولاً تصحیح عقائد کی صورت میں، دوم احکام شرعیہ اور علم حلال و حرام، فرض و واجب اور سنت کے حاصل کرنے کے ساتھ۔ اس کے بعد عالم قدس کی طرف پرواز نصیب ہو سکتی ہے۔	۲۱۷
قبلہ توجہ متعدد نہیں ہونا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۷۶:	
اس بیان میں کہ ترقی تقویٰ سے وابستہ ہے۔ اور فضول مباحات کے ترک پر ابھارنے اور اس بیان میں کہ حرام سے بچنا دو قسم ہے۔	۲۱۹
مدار نجات دو باتوں پر ہے: اوامر کو بجالانا اور ممنوعات سے بچنا۔ اور ورع کا بیان۔	
فرشتے پر انسان کی فضیلت کا سبب مباحات میں کھلی آزادی مشتبہات تک اور شبہ حرام تک پہنچا دیتا ہے۔ پس کمال ورع و تقویٰ کے حصول کے لئے مباحات میں بھی بقدر ضرورت پر اکتفا کرنا چاہیے۔	
حرام سے اجتناب کالازم جانتے ہوئے فضول مباحات کا دائرہ بھی تنگ رکھنا چاہیے۔	
انکسار العاصين احب الى من صولة المضيعين	
حرام سے بچنا دو قسم ہے۔ ایک قسم حقوق اللہ سے تعلق رکھتی ہے۔ اور دوسری قسم حقوق العباد سے۔	
حدیث: من كانت له مظلمة لاخيه من عرضه الخ	
حدیث: لا يزال طائفة مِن أُمتی ظاهرين الخ	
مکتوب نمبر ۷۷:	
اس بیان میں کہ بے کیف اور بے مثال خدا تعالیٰ کی عبادت کب میسر آتی ہے۔	۲۲۳
وہ عبادت جو رغبت و خوف کے تحت ہے۔ فی الحقیقت	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
اپنی عبادت ہے۔	
ولایت میں رخ حق تعالیٰ کی طرف ہوتا ہے اور نبوت کے ساتھ نیچے لاتے ہیں ۔ اور اس کمال کو خلق کی طرف توجہ کے ساتھ جمع کر دیتے ہیں۔	
بعض نے کہا ہے کہ نبی کی ولایت اسکی نبوت سے افضل ہے۔	
ہر پیغمبر کی شریعت اسکی نبوت کے مناسب ہوتی ہے۔	
سوال و جواب۔	
مکتوب نمبر ۷۸:	۲۲۷
سفر در وطن اور سیر آفاقی و انفسی کی حقیقت (و معنیٰ) کے بیان میں اور اس بیان میں کہ اس دولت کا حاصل ہونا صاحب شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی اتباع سے وابستہ ہے۔	
حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ نقد وطن ہے۔	
سفر در وطن اصول نقشبندیہ میں سے ہے۔	
ایک جماعت کو اگر چاہتے ہیں تو مجذوب سالک بنا دیتے ہیں اور بیرونی سیر میں ڈال دیتے ہیں اور اس سیر کے مکمل ہونے کے بعد سیر انفسی کی طرف لاتے ہیں۔	
اس دولت تک وصول سید اولین و آخرین کی اتباع سے وابستہ ہے۔ شریعت کی مخالفت کے باوجود بالفرض اگر احوال و مواجید حاصل ہوں تو استدراج میں داخل ہے۔	
مطابق حدیث: جَدِّ دُوا اِیْمَانَکُمْ الخ	
حدیث: هَلَكَ الْمُسَوِّفُوْن۔	
جب تک ایک بال برابر بھی شریعت کی مخالفت کی راہ کھلی رہے، خطرہ موجود ہے۔	
اہل اللہ پر اعتراض خصوصاً جہاں درمیان میں پیری مریدی کا تعلق ہو، ہرگز نہیں ہونا چاہیے اور اسے زہر قاتل جاننا چاہیے۔	
مکتوب نمبر ۷۹:	۲۲۹
اس بیان میں کہ یہ روشن شریعت تمام گزشتہ شریعتوں کی جامع ہے اور اس شریعت کے مطابق عمل کرنا تمام شریعتوں کے مطابق عمل کرنا ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔	
قرآن مجید میں تمام آسمانی کتابوں کا خلاصہ ہے۔	

مضمون	نمبر صفحہ
آں سرور علیہ السلام کی شریعت تمام پہلی شریعتوں کا خلاصہ ہے۔ اس شریعت کی تصدیق اور اس کے اعمال کی بجا آوری تمام گزشتہ شریعتوں کی تصدیق ہے۔	
آں سرور علیہ السلام کا انکار تمام کمالات کا انکار ہے اور آپکی تصدیق تمام کمالات کی تصدیق ہے۔	
آں سرور علیہ السلام کا منکر سب سے بدتر ہے۔	
مکتوب نمبر ۸۰:	۲۳۱
اس بیان میں کہ تہتر فرقوں میں سے فرقہ ناجیہ اہل سنت و جماعت کا گروہ ہے اور بدعتی فرقوں کی مذمت اور اس کے مناسب بیان میں۔	
اس بیان میں کہ تہتر فرقوں میں ناجی فرقہ اہل سنت و جماعت ہیں۔ فرقہ ناجیہ کی تمیز کی دلیل حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بیان فرمائی۔	
الذین هم علی ما انا علیه و اصحابی	
اپنے ذکر کے ساتھ صحابہ اکرام کا ذکر آپ نے اس لئے کیا تا کہ واضح ہو کہ حضور کا طریقہ وہی ہے جو صحابہ کرام کا طریقہ ہے، اور نجات انکی اتباع کے ساتھ وابستہ اور بس۔	
رسول کی اطاعت عین حق تعالیٰ کی اطاعت ہے اور رسول کی نافرمانی عین حق تعالیٰ کی نافرمانی ہے۔	
جس جماعت نے خدا کی اطاعت کو رسول کی اطاعت کے خلاف تصور کیا ہے ان کے حق میں وارد ہے يُرِيْدُوْنَ أَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ الخ	
آں سرور علیہ السلام کی اطاعت کرنا اور صحابہ کی اتباع کی مخالفت کرنا ایسا دعویٰ بالکل باطل ہے۔	
اس میں شک نہیں صحابہ کرام کی اتباع کو لازم جاننے والے صرف اہل سنت و جماعت ہیں۔	
شیعہ اور خوارج اتباع صحابہ سے محروم ہیں۔	
فرقہ معتزلہ کا مذہب نیا ایجاد شدہ مذہب ہے۔	
صحابہ کرام پر نکتہ چینی نبی کریم علیہ السلام پر نکتہ چینی ہے شرعی احکام جو قرآن و حدیث کے راستے ہم تک پہنچے ہیں صحابہ کرام کے واسطہ سے پہنچے ہیں۔ اگر وہ مطعون ہیں تو ان کی نقل کی ہوئی چیز بھی مطعون ہوگی۔	
صحابہ کرام پر نکتہ چینی کرنے والوں کی طرف سے سوال	

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
اور اسکا جواب۔	
اسد اللہ کی ذات میں تقیہ کا احتمال ماننا کم عقلی ہے۔	
وہ عزت و توقیر جو پیغمبر علیہ السلام اصحاب ثلاثہ کی کرتے تھے اسکا جواب یہ لوگ کیا دیں گے۔	
قرآن مجید حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جمع فرمایا ہے۔ایک شخص کا شیعہ مجتہد سے سوال کرنا اور اس کا جواب	
حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی رحلت کے دن تینتیس ہزار صحابہ کرام مدینہ منورہ میں موجود تھے اور ان سب نے برضا و رغبت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی بیعت کی۔	
حضرت امیر کرم اللہ وجہہ کے ابتدا میں بیعت کرنے میں توقف کی وجہ۔	
صحابہ کرام کے درمیان واقع ہونے والے اختلافات خواہش نفسانی کے تحت نہیں تھے بلکہ وہ اجتہاد پر مبنی تھے۔	
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد۔	
مکتوب نمبر۸۱:	
ترویج اسلام کی ترغیب اور اسلام اور مسلمانوں کے ضعف و بے کسی کے بیان میں۔	۲۳۸
گائے کی قربانی ہندوستان میں اسلام کے اعظم شعائر میں سے ہے۔	
مکتوب نمبر۸۲:	
اس بیان میں کہ دل کی سلامتی خدا تعالیٰ کے ماسوا کے نسیان کے بغیر ممکن نہیں۔	۲۳۹
مکتوب نمبر۸۳:	
شریعت و حقیقت کے ذریعے جمعیت ظاہرہ و باطن کے جمع کرنے کی ترغیب کے بیان میں۔	۲۴۰
مکتوب نمبر۸۴:	
اس بیان میں کہ شریعت و حقیقت ایک دوسرے کا عین ہیں الخ	۲۴۱
مقصودی بات یہ ہے کہ شریعت و حقیقت ایک دوسرے سے جدا نہیں۔فرق اجمال و تفصیل کا ہے۔	
حق الیقین کی حقیقت تک وصول کی علامت الخ	
علم و عمل میں شریعت کے خلاف جس سے بھی کوئی	

مضمون	نمبر صفحہ
بات صادر ہو جو عسکر کے باعث ہے۔	
بعض مشائخ کی جماعت میں واقع ہے کہ شریعت حقیقت کا پوست ہے الخ	
ایک سائل نے حضرت خواجہ سے سوال کیا کہ سیر و سلوک سے کیا مقصود ہے؟اس کا جواب۔	
مکتوب نمبر۸۵:	۲۴۳
اعمال صالحہ کے بجالانے کی ترغیب کے بیان میں۔	
آدمی کے لئے جس طرح درستی عقیدہ ضروری ہے اعمال صالحہ کی بجا آوری بھی ضروری ہے۔	
جامع ترین عبادت نماز ہے۔	
حدیث:عبادة فی الهرج کهجرة الیّ	
دولت و نعمت والوں کی صحبت زہر قاتل ہے۔	
حدیث:من تواضع لغنی لغناه الخ	
مکتوب نمبر۸۶:	۲۴۵
دل کو ماسوائے حق تبارک و تعالیٰ سے سالم و محفوظ رکھنے کے بیان میں۔	
مکتوب نمبر۸۷:	۲۴۶
اس بیان میں کہ یہ کتنی بڑی سعادت ہے کہ خدا تعالیٰ کے دوست کسی کو قبول کرلیں۔	
هم قوم لا یشقی جلیسهم الخ	
مکتوب نمبر۸۸:	۲۴۶
اس بیان میں کہ یہ کس قدر عظیم نعمت ہے کہ بندے کے بال ایمان اور نیکی کی حالت میں سفید ہوں اور جوانی میں خوف کو غالب پائے اور بڑھاپے میں امید کو۔	
حدیث:من شاب شیبة فی الاسلام غفرله	
مکتوب نمبر۸۹:	۲۴۷
ماتم پرسی میں۔	
انسان کے لئے مطابق حکم کل نفس ذائقة الموت موت سے چارہ نہیں۔	
حدیث: المیت کالغریق المتغوث	
دوسروں کی موت سے عبرت پکڑنی چاہیے،دنیوی ساز و	

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اردو دوسرا حصہ

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
سامان کی اگر کچھ بھی قیمت ہوتی تو کفار بدکردار کو ایک بال برابر بھی نہ ملتا۔	
مکتوب نمبر۹۰:	۲۴۹
اس امر کی ترغیب میں کہ کلیۃً حق سبحانہ کی طرف متوجہ رہنا چاہیے۔ آج اس دولت کا حصول اس بلند مرتبہ طبقہ نقشبندیہ کی توجہ سے وابستہ ہے ان بزرگوں کے طریقہ میں نہایت بدایت میں درج ہے۔	
مکتوب نمبر۹۱:	۲۵۰
اس بیان میں کہ تصحیح عقائد اور اعمال صالحہ کی بجا آوری عالم قدس کی طرف پرواز کرنے کے دو پر ہیں۔	
اعمال صالحہ سے مقصود تزکیہ نفس ہے۔	
مکتوب نمبر۹۲:	۲۵۱
اس بیان میں کہ اطمینان قلب ذکر سے ہوتا ہے۔ استدلال سے نہیں ہوتا۔	
ذکر سے خدا تعالیٰ کے ساتھ مناسبت پیدا کی جاتی ہے۔ اگرچہ کچھ بھی مناسبت نہیں۔	
مکتوب نمبر۹۳:	۲۵۲
اس بیان میں کہ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہنا چاہیے۔	
مکتوب نمبر۹۴:	۲۵۲
اس بیان میں کہ بندے پر تصحیح عقائد اور اعمال صالحہ کی بجا آوری لازم ہے۔	
مکتوب نمبر۹۵:	۲۵۳
اس بیان میں کہ انسان ایک جامع نسخہ ہے اور اسکا قلب بھی اس جامعیت پر پیدا ہوا ہے اور بعض مشائخ کے اقوال جو وسعتِ قلب کے بارے میں واقع ہوئے ہیں حالتِ سکر میں واقع ہوئے ہیں اور انکی مناسب توجیہات اور یہ کہ صحو سکر سے افضل ہے۔	
حدیث: انّ اللہ خلق اٰدم علی صورتہٖ	
بعض مشائخ کا قول کہ اگر عرش کو عارف کے دل کے ایک کونے میں ڈال دیا جائے تو اس کا کچھ پتہ نہ چلے گا کیونکہ الخ	
لیکن مشائخ میں سے ارباب صحو جانتے ہیں کہ یہ حکم سکر پر مبنی ہے۔	
وسعتِ قلب کے بارے میں ارباب سکر کی غلطی کا منشا۔	
یہ قول بھی غلبہ سکر کے باعث ہے کہ محمدی جمع اللہ کی جمع سے زیادہ جامع ہے۔	
معلوم ہونا چاہیے کہ جو کچھ سکر میں سے ہے اور مقام نبوت میں سے ہے۔	
بایزید بسطامی کے پیروکار سکر کو صحو پر فضیلت دیتے ہیں چنانچہ شیخ بسطام فرماتے ہیں: لوائی ارفع من لواء محمد	
اس فقیر کے نزدیک اس طرح کی باتیں دور از کار ہیں۔	
نبوت بہر صورت ولایت سے افضل ہے۔	
علوم شرعیہ سراسر صحو ہیں۔ اور جو کچھ بھی انکے خلاف ہے سکر میں داخل ہے۔	
معنی حدیث: لا یسعنی ارضی ولا سمائی الخ	
مکتوب نمبر۹۶:	۲۵۷
نیک کام میں تاخیر اور ٹال مٹول سے منع اور زجر اور متابعت شریعت پر ابھارنے کے بیان میں۔	
حرام اور مشتبہ امور سے اجتناب کرنا چاہیے۔ نصاب مکمل ہونے کی صورت میں زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہے۔	
جوانی میں تھوڑے سے عمل کو زیادہ عمل کی طرح قبول فرماتے ہیں۔	
آج شیطان خدا کے عفو کرم کے غرور میں مبتلا کر کے مداہنت اور معاصی میں ڈالتا ہے۔	
دنیا کا گھر آزمائش کا مقام ہے۔ یہاں پر دوست و دشمن خلط ملط ہیں۔ روز قیامت الخ	
مکتوب نمبر۹۷:	۲۶۰
اس بیان میں کہ عبادات شرعیہ سے مقصود یقین کا حاصل کرنا ہے۔	
فنا اور بقا سے یقین ہی مقصود ہے۔ یعنی فنا اور بقا میں ابراہیم بن شیبان کا قول	
مکتوب نمبر۹۸:	۲۶۱
احادیث شریفہ لا کر نرمی کی ترغیب اور سختی سے روکنے کے بیان میں۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
دنیا کی بقا چند روز ہے۔اور آخرت کا عذاب شدید ہے۔	
مخبر صادق علیہ السلام نے جو کچھ فرمایا ہے نفس الامر کے عین مطابق ہے۔لاف وگذاف نہیں ہے۔	
خواب خرگوش میں کب تک۔	
مکتوب نمبر۹۹:	۲۶۸
ایک استفسار کے جواب میں۔	
جواب اشکال کے لئے تمہید مقدمہ۔	
حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس جوہر نورانی کو اس تاریک پیکر کے ساتھ جمع کر دیا ہے۔	
جب تک نفس وروح کا اجتماع موجود ہے الخ	
مبتدی اور منتہی مرجوع برائے دعوت میں فرق	
مقامِ دعوت کی تعین میں مشائخ کے اقوال	
حدیث:تنام عینای ولا ینام قلبی الخ	
حدیث:لی مع اللہ وقت الخ	
مکتوب نمبر۱۰۰:	۲۷۲
شیخ عبدالکبیر یمنی کے قول کہ ''خدا تعالیٰ غیب کا عالم نہیں'' پر سوال اور اس کا جواب	
ہمیں کلام محمدی درکار ہے۔ الخ	
خدا تعالیٰ سے غیب کی نفی کرنا فی الحقیقت رب تعالیٰ کے حکم کی تکذیب ہے۔	
منصور اگر انا الحق اور بسطامی سبحانی کا غلبات احوال میں نعرہ لگائیں تو معذور ہیں۔	
اگر اس کلام کے متکلم نے خلق کی ملامت اور اس سے نفرت مراد لی ہے تو بھی قبیح ہے۔	
شیخ عبدالکبیر یمنی کے قول کی توجیہ اول، دوسری توجیہ اور اس پر دو اشکال کا دارومدار کرنا۔	
تیسری توجیہ اور اس پر اعتراض۔	
مکتوب نمبر۱۰۱:	۲۷۶
اس جماعت کے رد میں جو کاملوں کو ناقص تصور کرتی ہے	
بسا اوقات جاہل نفس مطمئنہ کو نفسِ امارہ خیال کر کے اس پر الخ	
کفار انبیاء کرام کو دوسرے انسانوں کی طرح جان کر	

مضمون	نمبر صفحہ
ان کے کمالات کے منکر ہوئے ہیں۔	
مکتوب نمبر۱۰۲:	۲۷۷
اس بیان میں کہ سودی قرضے میں اصل اور سود دونوں حرام ہو جاتے ہیں۔صرف سود حرام نہیں۔	
کتب فقہ کی طرف رجوع کرنے کے بعد ظاہر ہوا کہ ہر عقد جس میں زیادتی ہے اس میں ربا بھی ہے۔	
سود کی حرمت نص قطعی سے ثابت ہے۔قینہ کی بہت سی روایات اعتماد کے لائق نہیں ہیں۔	
اور اگر محتاج سے عاسترلیا جائے	
عموم احتیاج کو تسلیم کرتے ہوئے میں کہتا ہوں الخ	
میت کے ترکے میں میت کی محتاجی کو کفن میں منحصر کیا ہے۔	
ایصالِ ثواب کے طور پر کھانا پکانے کو احتیاجی میں داخل نہیں کیا۔	
حلال کو حلال جاننا اور حرام کو حرام جاننا حلال اور حرام میں قطعی ہے۔	
اہلِ ورع رخصت کی اجازت نہیں دیتے بلکہ عزیمت کی تاکید کرتے ہیں۔	
لاہور کے مفتیوں نے احتیاج کا دخل تسلیم کر کے حلت کا حکم دیا ہے۔	
بہر حال قینہ کی روایات سودی قرض کی حلت کو ظاہر کرتی ہیں۔	
مکتوب نمبر۱۰۳:	۲۸۱
عافیت کے معنی کے بیان میں۔	
مکتوب نمبر۱۰۴:	۲۸۲
ماتم پرسی کے بیان میں۔	
یہاں رہنے کے لئے نہیں لایا گیا بلکہ کام کرنے کے لئے لایا گیا ہے۔لہٰذا کام کرنا چاہیے۔	
الموت جسرٌ یوصل الحبیب الی الحبیب	
مُردوں کی دوا، استغفار اور صدقہ کے ذریعہ مدد کریں۔	
حدیث:ماالمیت فی القبر الخ	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
مکتوب نمبر ۱۰۵:	۲۸۴
اس بیان میں کہ مریض جب تک مرض سے نجات نہ پائے اسے کوئی غذا فائدہ نہیں دیتی۔	
آدمی جب تک مرضِ قلبی میں مبتلا ہے کوئی عبادت اسے نفع نہیں دیتی، بلکہ مضر پڑتی ہے۔	
حدیث: رُبَّ تالِ القرآن الخ	
حدیث: رب صائم لیس له' الخ	
مرضِ قلبی غیرحق کے ساتھ گرفتاری کا نام ہے۔ ہرشخص جو کچھ چاہتا ہے اپنے لئے چاہتا ہے۔ الخ	
مکتوب نمبر ۱۰۶:	۲۸۵
اس بیان میں کہ اس گروہ کی محبت خدا تعالیٰ کی اجل نعمتوں میں سے ہے۔	
شیخ الاسلام ہروی فرماتے ہیں	
اس گروہ سے بغض رکھنا زہرِ قتل ہے۔	
شیخ الاسلام ہروی فرماتے ہیں: ''الٰہی تو جسے برباد کرنا چاہتا ہے اسے ہم سے الجھا دیتا ہے''۔	
مکتوب نمبر ۱۰۷:	۲۸۶
سوالات وجوابات میں۔	
پہلا سوال: اس کا کیا سبب ہے کہ اولیاء متقدمین سے کرامات کا صدور کثرت سے ہوا، بخلاف اس زمانے کے بزرگوں کے؟	
جواب: اگر اس سوال سے مقصود الخ	
خوارق نہ تو ارکان ولایت میں سے ہیں الخ	
خوارق کی کثرت فضیلت پر دلالت نہیں کرتی۔	
ہوسکتا ہے کہ ولی اقرب سے کرامات کا صدور کم ہو۔	
وہ خوارق جن کا صدور اولیاء امت سے ہوا الخ	
ظہور خوارق پر نظر کوتاہ نظری ہے۔	
نبوت وولایت کے فیوض کے لائق الخ	
اکثر متقدمین سے ساری عمر میں صرف پانچ چھ کرامات سے زیادہ کا صدور نہیں ہوا۔	
خدا تعالیٰ نے حضرت کلیم کے بارے میں یوں خبر دی:	
لقد اٰتینا الخ	

مضمون	نمبر صفحہ
اولیاء اللہ سے چاہے متقدم ہو یا متاخر ہر وقت ظہور خوارق ہوتا ہے۔	
دوسرا سوال: کشف میں القاء شیطانی کا دخل ہوسکتا ہے یا نہیں الخ	
دوسرے سوال کا تفصیلی جواب:	
کوئی بھی القاء شیطانی سے محفوظ نہیں لیکن انبیاء کو اس القاء پر متنبہ کردیا جاتا ہے۔ اولیاء کے لئے یہ لازم نہیں۔ ولی نبی کے خلاف جو کچھ بھی پائے گا اسے رد کردیا جائے گا۔	
غلط کشف القاء شیطانی میں ہی منحصر نہیں الخ	
علماء کا مختار مذہب یہ ہے کہ شیطان خیر البشر علیہ السلام کی صورت نہیں بن سکتا۔	
تیسرا سوال: جب کرامات کا تصرف اور تاثیرات کا استدراج دیکھنے میں برابر معلوم ہوتے ہیں تو مبتدی الخ	
اس سوال کا جواب پوری تفصیل سے۔	
تخلق باخلاق اللہ کے معنی کا تفصیلی بیان الخ	
خوارق و کرامات زندہ کرنے اور مارنے میں منحصر نہیں ہیں۔	
علوم الہامیہ کی صحت کی علامت۔	
حضرت خواجہ باقی باللہ کا قول ''حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کے علوم سب صحیح ہیں''۔	
ہر برائی کے ساتھ ایک خوبی لگی ہوئی ہے۔	
مکتوب نمبر ۱۰۸:	۲۹۳
اس بیان میں کہ نبوت ولایت سے افضل ہے۔	
مکتوب نمبر ۱۰۹:	۲۹۴
سلامتی قلب اور اس کے ماسوائے حق تعالیٰ کو بھلا دینے کے بیان میں۔	
اہل اللہ امراضِ قلبیہ کے اطباء ہیں۔	
هم قوم لا يشقىٰ جليسهم	
هم جلسَاء اللهِ	
بهم يمطرون و بهم يرزقون	
باطنی امراض میں سب سے بڑا مرض غیرحق تعالیٰ کے ساتھ دل کی گرفتاری ہے۔	

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ
غیر حق کی محبت کا غالب ہونا نہایت بیحیائی کی بات ہے۔	
الحیاء شعبة من الایمان سے مراد دل کے غیر حق سے گرفتاری سے آزادی کی علامت الخ	
مکتوب نمبر ۱۱۰:	۲۹۵
اس بیان میں کہ پیدائش انسانی سے مقصود وظائف بندگی کا ادا کرنا ہے۔ الخ	
الدنیا ملعونة و ملعون مافیها الا ذکر الله الخ	
مکتوب نمبر ۱۱۱:	۲۹۷
اس بیان میں کہ توحید دل کا غیر حق سے نجات پانے کا نام ہے۔ جب تک دل غیر حق کی گرفتاری میں مبتلا ہے اہلِ توحید میں سے نہیں ہے۔	
ایک جاننا جو ایمان میں معتبر ہے دوسرے معنیٰ میں ہے۔ تصدیق ایمانی اور تصدیق وجدانی میں فرق مشائخ کی ایک جماعت نے جو اس بارے میں باتیں کی ہیں دو حال سے خالی نہیں۔	
مکتوب نمبر ۱۱۲:	۲۹۸
اس بیان میں کہ اصل کام یہ ہے کہ ہم اہلِ سنت کے عقائد سے آراستہ ہوں۔	
اگر اہلِ سنت کے اعتقادات نصیب نہ ہوں تو احوال وغیرہ سب استدراج ہیں۔	
غلبہ حال میں بعض مشائخ سے آرائے اہلِ سنت کے خلاف کچھ باتیں صادر ہوئی ہیں الخ	
کشف والہام کی صورت کی علامت الخ	
مکتوب نمبر ۱۱۳:	۲۹۹
مبتدی اور منتہی کے جذبہ کے فرق کے بیان میں۔	
ان الله خلق ادم علی صورته	
حق کا شہود فنائے مطلق کے بغیر متصور نہیں ہوسکتا۔	
دو شہودوں کے درمیان فرق۔	
مکتوب نمبر ۱۱۴:	۳۰۰
سید المرسلین کی متابعت پر ابھارنے کے بیان میں۔	
فضیلت متابعت سنت سے وابستہ ہے۔	
اہلِ ضلالت اہلِ ہدایت کی مثال۔	
مکتوب نمبر ۱۱۵:	۳۰۳
اس بیان میں کہ یہ راستہ صرف سات قدم ہے۔ دو عالمِ خلق میں اور پانچ عالمِ امر میں ہیں۔	
مکتوب نمبر ۱۱۶:	۳۰۳
اس بیان میں کہ دل کی سلامتی ماسوائے حق کو بھلانے پر موقوف ہے۔	
دولت مندوں کی صدر نشینی سے درویشوں کی جاروب کشی کئی مرتبہ بہتر ہے۔	
ساری ہمت اس پر مرکوز کرنی چاہیے کہ یہ چند روزہ زندگی فقر و نامرادی میں گزرے۔	
مکتوب نمبر ۱۱۷:	۳۰۴
اس بیان میں کہ ابتدا میں قلب حس کے تابع ہوتا ہے۔	
من لم یملك عینهٔ فلیس القلب عنده	
انتہا پر پہنچ کر قلب حس کے تابع نہیں رہتا۔	
مشائخ طریقت نے مبتدی اور متوسط کے لئے شیخ کامل کی صحبت سے جدا ہونے کو جائز نہیں رکھا۔	
ناجنس کی صحبت سے اجتناب سخت ضروری ہے۔	
مکتوب نمبر ۱۱۸:	۳۰۵
اس جماعت کے خسارہ کے بیان میں جو اہلِ اللہ پر اعتراض کرتے ہیں۔	
خواجہ عبداللہ انصاری فرماتے ہیں الخ	
مکتوب نمبر ۱۱۹:	۳۰۶
شیخ مقتدا کی صحبت کی ترغیب کے بیان میں الخ	
حدیث: لن یوء من احد کم حتی یقال انه مجنون	
اس گروہ کی جمعیت عام لوگوں کی جمعیت سے الگ ہے۔	
مشائخ طریقت نے طریقہ تمام ہونے سے پہلے بھی	

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

مضمون	نمبر صفحہ	مضمون	نمبر صفحہ
بعض مریدوں کو تعلیم طریقت کی اجازت دی ہے۔			
مکتوب نمبر ۱۲۰:	۳۰۹		
ارباب جمعیت کی صحبت کی ترغیب کے بیان میں الخ			
بیان فضیلت صحبت			
مکتوب نمبر ۱۲۱:	۳۱۰		
اس بیان میں کہ یہ راستہ سات قدم ہے۔			
مکتوب نمبر ۱۲۲:	۳۱۰		
بلند ہمتی کی ترغیب اور جو کچھ ہاتھ میں آجائے اس کی طرف توجہ نہ کرنے کے بیان میں۔			
واقعات پر چنداں اعتبار نہ کریں۔ تاویل کا میدان بڑا وسیع ہے۔			
خواب وخیال سے ہرگز مغرور نہ ہوں۔			
وَ صَلَّى اللهُ تَعَالىٰ عَلىٰ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلىٰ آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ أَجْمَعِينَ۔			

Marfat.com

اکتالیسواں مکتوب (۴۱)

بلند مرتبہ وروشن سنتِ مصطفویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی پیروی کرنے کی ترغیب میں اور اس بیان میں کہ طریقت وحقیقت دونوں شریعت کو کامل کرنے والی ہیں۔اور علوم شرعیہ وعلوم صوفیہ کے درمیان جو کہ صدیقیت کے مقام میں اور ولایت کے مرتبوں میں سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے فائض ہوتے ہیں ہرگز کوئی مخالفت نہیں ہے اور اس کے مناسب بیان میں شیخ درویش کی طرف صادر فرمایا۔

حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے نبی ﷺ اور آپ ﷺ کی بزرگ اولاد کے طفیل (ہمارے) ظاہر وباطن کو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی بلند وروشن سنت کی پیروی سے زینت وآراستہ فرمائے۔حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تمام جہانوں کے پروردگار (حق تعالیٰ) کے محبوب ہیں، جو چیز عمدہ اور پسندیدہ ہے وہ مطلوب ومحبوب کے لئے ہے۔اسی لئے حق سبحانہ وتعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (القلم۔۴: ترجمہ:۔بیشک (اے محمد ﷺ) آپ البتہ بڑے اخلاق والے ہیں۔) اور نیز حق سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتا ہے: اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (یٰسین ۳: ترجمہ:۔بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں اور سیدھے راستہ پر ہیں) اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے: وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ (الانعام۔۱۵۳: بیشک یہ میرا راستہ سیدھا ہے پس تم اس پر چلو اور دوسرے راستوں پر نہ چلو) ----- حق سبحانہ وتعالیٰ نے (اس تیسری آیت کریمہ میں) آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملت کو صراط مستقیم فرمایا ہے اور اس کے علاوہ دوسرے طریقوں کو (محض) راستوں میں داخل فرمایا اور ان کی پیروی کرنے سے منع فرمایا ہے۔اور آنسرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی حق سبحانہ وتعالیٰ کا شکر ظاہر کرنے مخلوق کو خبردار کرنے اور ان کو ہدایت کرنے کے طور پر فرمایا ہے خَيْرُ الْهُدٰى هُدٰى مُحَمَّدٍ (سب ہدایتوں سے بہتر حضرت محمد ﷺ کی ہدایت ہے) نیز آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی فرمایا، اَدَّبَنِيْ رَبِّيْ فَاَحْسَنَ تَاْدِيْبِيْ (ترجمہ:۔میرے رب نے مجھے ادب سکھایا پس مجھ کو بہت ہی اچھا ادب سکھایا) ----- اور باطن ظاہر کی تکمیل کرنے والا ہے، اور اس کو مکمل کرنے والا ان دونوں میں بال بھر بھی مخالفت نہیں رکھتا مثلاً زبان سے جھوٹ نہ بولنا شریعت ہے اور دل میں جھوٹ کا خیال بھی نہ آنے دینا طریقت وحقیقت ہے (یعنی) اگر یہ خیال کا نہ آنے دینا تکلّف اور مشقت سے ہے تو طریقت ہے اور اگر تکلف کے بغیر حاصل ہے تو حقیقت ہے۔پس دراصل باطن جو کہ طریقت وحقیقت کہلاتا ہے ظاہر کو جو کہ شریعت ہے پورا اور کامل کرنے والا ہے۔

پس اگر طریقت وحقیقت کے راستوں پر چلنے والوں کو اثنائے راہ میں ایسے امور پیش آئیں جو بظاہر شریعت کے خلاف ہوں تو وہ سکرِ وقت (مستی) کی کیفیت اور وجد وحال کے غلبہ کے باعث ہوں گے، اگر ان کو اس مقام سے گذار کر صحو (ہوش) میں لے آئیں تو یہ (شریعت سے) مخالفت بالکل رفع ہو جاتی ہے اور وہ متضاد (ایک دوسرے کے مخالف) علوم سب کے سب دور ہو جاتے ہیں۔

مثلاً صوفیائے کرام کی ایک جماعت سکر کی وجہ سے احاطۂ ذاتی کی قائل ہوئی ہے اور حق سبحانہ وتعالیٰ کو بالذات (بلا کیف) عالم کا محیط جانتے ہیں اور یہ حکم اہل حق علمائے کرام کی آراء کے مخالف ہے کیونکہ وہ (علمائے حق) احاطۂ علمی کے قائل ہیں۔حقیقت میں علماء کی آراء درستی کے زیادہ قریب ہیں۔جبکہ یہی صوفیائے کرام اس بات کے قائل ہوئے ہیں کہ ذات حق تعالیٰ وتقدس کسی حکم کی پابند نہیں ہوتی اور کسی علم سے معلوم نہیں ہوتی تو اس میں احاطہ وسریان (سرایت کرنا) کا حکم لگانا اس قول

Marfat.com

کے مخالف ہے اور حقیقت یہ ہے کہ حق تعالیٰ کی ذات بیچون و بے چگون (بے مثل و بے کیف) ہے کسی حکم کو اس ذات کی طرف راہ نہیں، وہاں صرف حیرت و نادانی ہے اور اس مقام میں خالص جہل اور محض حیرانی و پریشانی ہے، اس پاک بارگاہ میں احاطہ وسریان کی کیا مجال، مگر یہ کہ ان صوفیائے کرام کی جانب سے جو ان احکام کے قائل ہیں یہ عذر کیا جائے کہ ذات سے ان کی مراد تعین اول ہے، اور چونکہ وہ اس (تعین اول) کو متعین پر زائد نہیں جانتے اس لئے اس تعین کو عینِ ذات کہتے ہیں اور وہ تعین اول جس کو وحدت سے تعبیر کیا گیا ہے تمام ممکنات میں جاری و ساری ہے تو (اس لحاظ سے) احاطۂ ذاتی کا حکم کرنا درست ہے۔

یہاں ایک دقیقہ (باریک نقطہ) ہے، جاننا چاہیے کہ حق تعالیٰ کی ذات علمائے اہل حق کے نزدیک بے چون و بے چگون (بے مثل و بے کیف) ہے اس کے سوا جو کچھ ہے اس پر زائد ہے، وہ تعین بھی اگر ان کے نزدیک ثابت ہو جائے تو زائد ہی ہوگا اور اس کو حضرت بیچون (بے مثل) کی ذات سے باہر ہی جانیں گے اس لئے اس احاطہ کو احاطۂ ذاتی نہیں کہیں گے۔ پس علماء کی نظر ان صوفیوں سے بلند ہوئی۔ اور اُن صوفیوں کے نزدیک جو ذاتِ حق ہے وہ اِن علماء کے نزدیک ماسوا میں داخل ہے اور قرب ومعیتِ ذاتی بھی اسی قیاس پر ہے۔ اور باطنی معارف اور شریعت کے ظاہری علوم کے درمیان اس حد تک پورے کامل طور پر موافقت کا ہونا کہ چھوٹی سے چھوٹی چیزوں میں بھی مخالفت کی مجال نہ رہے صدیقیت کے مقام میں حاصل ہوتی ہے جو ولایت کے مقامات میں سب سے اعلیٰ مقام ہے۔ اور صدیقیت کے مقام کے اوپر مقام نبوت ہے جو علوم آنحضرت ﷺ کو وحی کے ذریعے پہنچے ہیں وہ صدیق (ﷺ) کو الہام کے ذریعہ منکشف ہوئے ہیں۔ ان دونوں علموں (علم نبی و علم صدیق) میں وحی والہام کے فرق کے سوا اور کوئی فرق نہیں ہے تو پھر دونوں میں مخالفت کی کیا مجال ہوگی۔ اور مقام صدیقیت سے نیچے جو مقام بھی ہوگا اس میں ایک قسم کا سکر پایا جائیگا، کامل صحو (پوری طرح ہوش) مقام صدیقیت میں ہے اور بس۔

اور ان دونوں علموں کے درمیان دوسرا فرق یہ ہے کہ وحی کا حکم قطعی ہے اور الہام کا ظنّی، کیونکہ وحی فرشتے کے واسطے سے آتی ہے اور فرشتے معصوم ہیں اور ان میں خطا کا احتمال نہیں ہے، الہام اگرچہ بلند مقام رکھتا ہے جو کہ قلب ہے اور قلب عالم امر سے ہے لیکن قلب کا عقل اور نفس کے ساتھ ایک قسم کا تعلق ثابت ہے اور نفس اگرچہ تزکیہ کے ساتھ مطمئنہ ہو گیا ہو لیکن،

بیت	ہر چند کہ مطمئنہ گردد	ہرگز ز صفاتِ خود نہ گردد
ترجمہ	نفس گو مطمئنہ ہو جائے	خاصیت اپنی چھوڑتا ہی نہیں

اس لئے اس مقام میں خطا کی گنجائش ظاہر ہوگئی۔

جاننا چاہئے کہ نفس کے مطمئنہ ہو جانے کے باوجود اس کی صفات کے باقی رکھنے میں بہت سے فائدے اور منافع ہیں اگر نفس کو اس کی اپنی صفات کے ظہور سے بالکل روک دیا جائے تو ترقی کا راستہ بند ہو جائے گا اور روح فرشتے کا حکم پیدا کرے گی اور اپنے (ایک ہی) مقام میں بند ہو کر رہ جائے گی (کیونکہ) اس (روح) کی ترقی نفس کی مخالفت کے سبب سے ہے اگر نفس میں مخالفت نہ رہے تو (روح کو) ترقی کہاں سے ہوگی۔

سرور کائنات علیہ من التحیات اتمہا و من التسلیمات اکملہا جب کفار کے جہاد سے واپس تشریف لاتے تو فرماتے رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ (یعنی ہم نے جہاد اصغر (قتال بالکفار) سے جہادِ اکبر

Marfat.com

(جہادِ نفس) کی طرف رجوع کیا) آنحضرت ﷺ نے اس ارشاد میں نفس کے جہاد کو جہادِ اکبر فرمایا۔

اور اس مقام میں نفس کی مخالفت عزیمت اور اولیٰ کے ترک کرنے میں ہے بلکہ حتی الامکان اس ترکِ عزیمت کا ارادہ کرنے میں ہے۔ کیونکہ اس مقام میں نفس کی مخالفت ترکِ عزیمت کے تحقق وثبوت سے ناممکن ہے اور اسی ارادہ کی وجہ سے اس کو اللہ تعالیٰ جل شانہ کی بارگاہ میں اس قدر ندامت وپشیمانی، التجا اور آہ وزاری حاصل ہوتی ہے کہ ایک سال کا کام اس کو ایک گھڑی میں حاصل ہوجاتا ہے۔

اب ہم اصل بات بیان کرتے ہیں، یہ بات (شرعی وعقلی طور پر) مقرر وثابت ہے کہ جس چیز میں محبوب کے اخلاق وعادات پائے جائیں محبوب کے تابع ہونے کی وجہ سے وہ چیز بھی محبوب ہوجاتی ہے اور آیت کریمہ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (آل عمران۔۳۱۔ یعنی تم میری پیروی کروتا کہ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگے) میں اس رمز کا بیان ہے۔ پس آنحضرت ﷺ کی متابعت میں کوشش کرنا مقامِ محبوبیت تک لیجانے والا ہے۔ پس ہر عقلمند سمجھدار شخص پر واجب ہے کہ ظاہر وباطن میں اللہ تعالیٰ کے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کامل طریقے پر اتباع کرے۔

بات بہت لمبی ہوگئی، معذور فرمائیں۔ بات کا جمال چونکہ جمیلِ مطلق (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے ہے تو جسقدر بھی لمبی ہوجائے اچھا ہی ہے: لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا (الکہف۔۱۰۹۔ یعنی اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے سمندر سیاہی بن جائیں تو سمندر ختم ہوجائیں گے مگر اللہ تعالیٰ کی باتیں ختم نہ ہونگی اگرچہ ہم اتنے ہی اور سمندر لے آئیں)

اب بات کو کسی اور طرف لے جانا چاہیے۔ اس دعائیہ خط کا حامل مولانا محمد حافظ، صاحب علم اور کثیر العیال (بال بچہ دار) ہے۔ گذارہ کے اسباب حاصل نہ ہونے کی وجہ سے لشکر کی طرف متوجہ ہوا ہے اگر توجہ فرما کر فتح کی نشان والی اور سرداری وشرافت کے مرتبہ والی سرکار شیخ جیو سے وظیفہ یا کچھ امداد مذکورہ شیخ کے لئے حاصل کردیں تو آپکی عین نوازش ہوگی، زیادہ کیا تکلیف دی جائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۲﴾ ۱: ۔عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال: قال رسولُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَلَا وَاَنَا حَبِیْبُ اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ (رواہ الترمذی والدارمی) یعنی حضرت ابن عباس ﷺ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ کا حبیب (محبوب) ہوں، اور میں بغیر فخر کے کہتا ہوں یعنی من دوست داشتہ خدا ام (یعنی میں خدا کا محبوب ہوں) جاننا چاہیے کہ اگرچہ تمام انبیاء اور رسول بلکہ تمام مومنین اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے محبوب ہیں جیسا کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے یُحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗ (وہ (اللہ تعالیٰ) ان سے محبت رکھتا ہے اور وہ (مومن) اس سے محبت کرتے ہیں) لیکن یہاں (حدیث میں) محبوبیت کے کمال کے اعلیٰ مرتبہ اور اس کے خاص درجات کا ذکر ہے۔ ۱۲

۲.. قولہ اِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ: ۔ یہ اشارہ ہے اس آیہ کریمہ کی طرف جو سورہ قلم آیت ۴ پارہ تبارک الذی میں ہے (یعنی بیشک اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ البتہ بڑے خلق پر ہیں)۔ ۱۲

۳.. قولہ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ... الخ: ۔ یہ آیت سورہ یٰسٓ آیت ۳ پارہ وَمَنْ یَّقْنُتْ میں واقع ہے، یعنی بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں اور سیدھے راستے پر ہیں۔ ۱۲

۴.. قولہ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ... الخ: ۔ یہ آیت پارہ وَلَوْ اَنَّنَا سورہ انعام آیت ۱۵۳ میں واقع ہے، یعنی بیشک یہ میرا سیدھا راستہ ہے پس تم اس پر چلو اور دوسرے (پراگندہ) راستوں پر نہ چلو۔ ۱۲

لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

☆متن......... بین السطور.........معانی۔.........

☆متزین.....تفسیر ۱۲ یعنی متزین لفظ متحلی کی تفسیر ہے۔☆الامجاد......بالفتح جمع امجد یعنی بزرگان ۱۲......(پر زبر ہے، یہ امجد کی جمع ہے، یعنی بزرگان۔......☆ملت.....در کریمہ ثالثہ ۱۲......تیسری آیۃ کریمہ اَنَّ هٰذا صِرَاطِیْ...الخ۔......

﴿صہ ۳﴾ ۱۔ قوله اظهارًا للشکر...الخ:۔یعنی شکر کے اظہار کے لئے اور مخلوق کی آگاہی اور ان کی ہدایت کے لئے۔ ۱۲

۲۔. قوله خَيرُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحمدٍ:۔یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سب سیرتوں سے بہترین سیرت ہے، یہ حدیث امام مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ ۱۲ (علامہ محمد مرادمکیؒ)

۳۔. قوله اَدَّبَنِي رَبِّي فَاَحْسَنَ تَادِيبِي:۔یعنی میرے رب نے مجھے ادب سکھایا پس مجھ کو بہت ہی اچھا ادب سکھایا۔

اس حدیث کو ابن سمعانی نے ادب الاملا میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے، امام سیوطی رحمہ اللہ نے جامع صغیر میں صحیح کہا ہے، امام سخاوی نے کہا ہے کہ اسکی سند ضعیف ہے اور اسکے معنی صحیح ہیں۔ ۱۲ (علامہ محمد مرادمکیؒ)

۴۔. قولہ هَبَاءً:۔دوچشمی ھا اور با ایک نقطہ والی دونوں پر زبر ہے یعنی گرد وغبار، وہ ذرات جو کسی سوراخ سے سورج کی شعاع کمرہ کے اندر آنے کی وجہ سے نظر آتے ہیں۔ ۱۲

۵۔. قولہ ساریت:۔سریان (س اور ر پر زبر) مصدر اسم فاعل یعنی کسی چیز کا کسی چیز کے تمام اجزا میں داخل ہوجانا۔ ۱۲

۔. قولہ احاطۂ علمی:۔جاننا چاہیے کہ اس مسئلہ میں حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی تحقیق وہ ہے جو جلد اول مکتوب ۲۶۶ میں آپ نے تحریر فرمائی ہے، جیسا کہ آپ نے فرمایا احاطہ اور قرب علمی کہنا، متشابہات کی تاویل کی صورت میں ہے، اور ہم ان کی تاویل کے قائل نہیں ہیں...الخ۔فعلیہ المعول فلا تغترابها الناظر بما قال ههنا وقد نبهت عليه فيما قبل بحواشي المكتوب الاحد والثلاثين من الدفتر الاول۔ترجمہ:۔پس اسی پر اعتماد کرنا چاہیے، ان الفاظ کو دیکھنے والے اس سے دھوکہ نہ کھائیں جو یہاں پر بیان ہوا ہے، میں نے اس مسئلہ پر دفتر اول کے مکتوب ۳۱ میں پہلے آگاہ کردیا ہے۔ ۱۲

۔. قولہ تعیُّن:۔اول وحدتِ صرف ہے اور محض قابلیت ہے جو تمام قابلیتوں کو مشتمل ہے خواہ تمام صفات واعتبارات سے خالی قابلیت ہو یا ان سب سے متصف قابلیت ہو۔ ۱۲ شرح لوائح جامی قدس سرہٗ

☆خاطر کذب.....یعنی خطرہ دروغ ۱۲.....یعنی جھوٹ کا خیال......☆بہ تکلف.....برخود رنج نہادن ۱۲......اپنے آپ پر تکلیف ڈالنا، مشقت اٹھانا۔......☆تعمل......برنج از خود کارے گرفتن ۱۲......از خود محنت کر کے کام کرنا۔......☆متمم......بکمال رسانندہ ۱۲ کمال تک پہنچانے والا۔......☆مکمل......بکمال رسانندہ ۱۲......مکمل کرنے والا۔......☆سُبل......بضمتین جمع سبیل بمعنی راہہا ۱۲ س اور ب پر پیش، یہ سبیل کی جمع ہے یعنی راستے۔......☆اثنائے......میان ۱۲......درمیان......☆جنگ......مخالفت ۱۲......مخالفت۔ ☆سکر......مستی ۱۲......بے ہوشی۔......☆بصحو......ہوش ۱۲......ہوش، بیداری۔......☆مرتفع......زایل ۱۲......زائل ہونے والا۔☆هباء......غبار ۱۲......گرد وغبار۔......☆منشور......پراگندہ ۱۲......بکھرا ہوا۔......☆بالذات......بلاکیف ۱۲......بغیر کیفیت کے۔......☆میدانند......ولیکن بلاکیف ۱۲......لیکن بغیر کیفیت کے۔......☆ذات......مجردہ ۱۲......خالص ☆موطن......مقام ۱۲......جگہ۔......☆اعتذار......عذر ۱۲......عذر پیش کرنا۔

﴿صہ ۴﴾ ۔ قولہ حقیر نقیر:۔گڑھا، کوڑا، کھجور کی گٹھلی کا شگاف (مراد نہایت کم اور معمولی)۔

۱۔. قولہ از سکر:۔السكر استيلاء سلطان الحال، والصحو العود الى الترتيب الافعال، والسكر لارباب القلوب والصحو للمكاشفين بحقائق الغيوب۔ ۱۲ (سلك السلوك)

ترجمہ:۔سکر سلطان الحال کا غلبہ ہے، اور صحو افعال کی ترتیب کی طرف لوٹنا ہے، اور سکر ارباب قلوب کے لئے ہے، اور صحو غیبی حقائق کے مکاشفین کے لئے ہے۔ ۱۲

پہلا دفتر (مکتوبات امام ربانی) دوسرا حصہ

Marfat.com

۲.. قولہ معصوم:۔قال اللّٰہ تعالیٰ: لَا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ مَآ اَمَرَھُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ﴿سورہ تحریم آیت ۶﴾ ترجمہ:۔یعنی فرشتے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے، اور جو کچھ اللہ تعالیٰ ان کو حکم دیتا ہے وہی کرتے ہیں۔نیز فرمایا: وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّکَ ﴿سورہ مریم آیت ۶۴﴾

۳.. قولہ خود:۔یعنی نفس میں اپنی صفات اور ایک قسم کا میلان جو مباحات (جائز امور) اور رخصتوں کی طرف ہوتا ہے اس سے کچھ نہ کچھ پوشیدہ رہتا ہے،اس کے راز کو شیخ مجدد قدس سرہٗ نے اپنے قول بائد دانست سے بیان فرما دیا ہے اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو منور فرمائے۔

۴.. قولہ رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ...الخ:۔یعنی ہم نے جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف رجوع کیا۔علامہ محمد مرادکیؒ نے کہا ہے کہ امام سیوطیؒ نے کہا خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں روایت کیا ہے کہ حضرت جابرؓ نے بیان فرمایا: نبی ﷺ ایک جنگ سے واپس آئے تو صحابہ سے فرمایا: تم واپس آئے ہو بہت اچھا واپس آنا، تم جہاد اصغر سے واپس آئے ہو جہاد اکبر کی طرف،صحابہ نے عرض کیا: جہاد اکبر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بندے کا نفسانی خواہشات سے جہاد کرنا۔ انتہیٰ (از موضوعات ملا علی قاری)

ہم کہتے ہیں امام سیوطیؒ نے اپنی جامع کبیر میں اس حدیث کے بعد کئی احادیث بیان کی ہیں جو حدیث مذکور کی تائید کرتی ہیں۔پہلی: مجاہد (حقیقی کامل) وہ ہے جو اللہ کی اطاعت میں نفس سے جہاد کرتا ہے (ت حب) فضالہ بن عبید کی روایت سے۔دوسری: جہاد افضل وہ ہے جو آدمی اپنی خواہشات کے ساتھ کرے۔ (ابن النجار از ابوذر)

ان احادیث کی تخریج کرنے والے نے کہا ہے کہ علامہ عراقی نے اسکی نسبت بیہقی کی طرف کی ہے، حضرت جابرؓ کی حدیث سے۔ ۱۲ انتہیٰ

بیت

سہل شیرے دان کہ صفہا بشکند شیر آن باشد کہ خود را بشکند

ترجمہ اس شیر کو کمزور سمجھو جو صفوں کو توڑے، (حقیقی) شیر وہ ہے جو خود (یعنی خواہشاتِ نفسانی) کو توڑے۔یعنی نفس کو شریعت کا تابع کرے۔ ۱۲

۵.. قولہ جاننا چاہیے کہ احکام شرعیہ کی بنیاد آخرت کے مقاصد پر ہے، اور بندوں کی اغراض دو قسم کی ہیں عزیمت اور رخصت، جیسا کہ قتل یا عضو کے کاٹے جانے کے خطرہ کے وقت زبان سے کلمہ کفر کا کہنے کو حرام جاننا عزیمت ہے اور مجبوری کے وقت ایسا کلمہ کہنے کو جائز قرار دینا رخصت ہے، بشرطیکہ دل ایمان پر مطمئن ہو، اسی طرح نفل نماز بیٹھ کر پڑھنا رخصت ہے اور کھڑے ہو کر پڑھنا عزیمت ہے۔اسی پر اور مسائل کو قیاس کر لینا چاہیے۔ ۱۲

....

☆متن...............بین السطور...............معانی۔

☆ذاتیکہ.........یعنی تعین اول ۱۲.........پہلی بار متعین کرنا.........☆موافقت.........مبتدا ۱۲.........یہ مبتدا ہے۔.........☆حقیر ونقیر.........چیزے اندک ۱۲.........تھوڑی چیز۔.........☆درمقام است.........خبر ۱۲.........خبر، موافقت مبتدا سے یہاں خبر تک جملہ اسمیہ ہوا۔.........☆دو علم.........علم نبی ﷺ وعلم صدیق ؓ ۱۲.........نبی ﷺ کا علم اور صدیقؓ کا علم۔.........☆مادون.........پائین ۱۲.........نیچے، علاوہ۔.........☆نحوی.........نوعے ۱۲.........ایک قسم۔.........☆سکر.........مستی ۱۲.........بے ہوشی۔.........☆صحو.........ہوش ۱۲.........ہوشیاری، بیداری۔.........☆ملک.........فرشتہ ۱۲.........فرشتہ۔.........☆مطمئنہ.........یعنی نفس ۱۲.........نفسِ مطمئنہ۔.........☆باید دانست.........دفع دخل ۱۲.........اعتراض کا جواب۔.........

☆ابقاء.........باقی داشتن ۱۲.........باقی رکھنا۔.........☆مسدود.........بند ۱۲.........بند کیا ہوا۔.........☆محبوس.........قید ۱۲.........قید کیا ہوا۔.........☆ترقی.........روح ۱۲.........مراد روح ہے۔.........☆ترقی.........علت است مر ماقبل خود را ۱۲.........اپنے سے پہلے بیان کی علت اور سبب ہے۔.........☆عزیمت.........مقابل رخصت ۱۲.........رخصت کے مقابلے میں۔.........☆مہما امکن.........مخالفت نفس دریں موطن ۱۲.........جہاں تک ہو سکے نفس کی مخالفت کرنا۔.........☆ترک.........عزیمت ۱۲.........عزیمت کا ترک کرنا۔.........☆ہم.........چنانچہ تحقق ذنب ممکن نیست ۱۲.........جیسا کہ گناہ کا ثابت کرنا ممکن نہیں ہے۔.........☆ارادہ.........ترک عزیمت ۱۲.........عزیمت کا ترک کرنا۔.........☆مقررست.........شرعاً وعقلاً ۱۲.........شرعی اور عقلی طور پر ثابت۔.........

صـ۵ ۱.. قولہ فَاتَّبِعُوْنِیْ...الخ:۔یہ اشارہ اس آیۃ کریمہ کی طرف ہے جو سورہ آل عمران پارہ تلک الرسل میں واقع ہے اور پوری آیت اس طرح ہے

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿

ترجمہ:۔اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرمائیے (انہیں کہہ دیں) اگر تم واقعی محبت کرتے ہو اللہ سے تو میری پیروی کرو، تب محبت فرمانے لگے گا تم سے اللہ اور بخش دے گا تمہارے گناہ اور اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔ ۱۲

Marfat.com

ے .. قولہ فَعَلیٰ کُلِّ ...الخ:۔پس ہر عقلمند سلیم الطبع شخص پر واجب ہے کہ ظاہر و باطن میں اللہ تعالیٰ کے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کا کامل طریقے پر اتباع کرے ۱۲

۳ .. قولہ جمیل مطلق ...الخ:۔یعنی مطلق صاحبِ حسن و جمال حضرت ذوالجلال والافضال ہے، کیونکہ ہر جمال و کمال جو تمام مراتب میں ظاہر ہے اس (ذات پاک) کے جمال و کمال کا پرتو ہے جو وہاں چمکا اور صاحبِ مراتب نے وہاں سے ہی صورتِ جمال اور صفت کمال پائی جس نے دانائی حاصل کی ہے اسی کی دانائی کا اثر ہے اس پر باقی کو قیاس کرنا چاہیے۔ ۱۲

۴ ..قولہ لَوْ کَانَ البحر ...الخ:۔ترجمہ: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرمائیے کہ اگر ہو جائے سمندر روشنائی میرے رب کے کلمات (لکھنے) کے لئے تو ختم ہو جائے گا سمندر اس سے پیشتر کہ ختم ہوں میرے رب کے کلمات اور اگر ہم لے آئیں اتنی اور روشنائی اس کی مدد کو (تب بھی ختم نہ ہوں گے)۔اور یہ آیہ کریمہ سورہ کہف پارہ الم اقل لک میں واقع ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆منجر...کشیدہ شوندہ ۱۲...کھینچنے والا، لے جانے والا۔...☆بتطویل...دراز گردید ۱۲...بات لمبی ہوگئی ہے۔☆معیشت...روزی ۱۲...روزی، معاش۔...☆عسکر لشکر ۱۲...لشکر۔...☆تصدیع...دردسر دادن ۱۲...سردرد لگانا، تکلیف دینا۔

بیالیسواں مکتوب ﴿۴۲﴾

اس بیان میں کہ قلب کی حقیقت جامعہ سے غیر اللہ کی محبت کا زنگ دور کرنے کیلئے سب سے بہتر مصقلہ (زنگ دور کرنے والی چیز) رسول اللہ ﷺ کی سنت کی پیروی کرنا ہے۔یہ بھی شیخ درویش کی طرف صادر فرمایا۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَ سُبْحَانَہٗ وَاَبْقَاکُمْ (اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو سلامت اور قائم رکھے)۔انسان جب تک پراگندہ تعلقات کی میل کچیل سے آلودہ ہے (محبوبِ حقیقی سے) محروم اور مہجور (جدا) ہے۔حقیقتِ جامع (دل) کے آئینہ کو غیر اللہ کی محبت کے زنگ سے صاف کرنا ضروری ہے، اور اس زنگ کو دور کرنے کے لئے سب سے بہتر مصقلہ (زنگ دور کرنے والی چیز) حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی روشن و بلند سنت کی پیروی کرنا ہے۔اتباع سنت کا دارومدار نفسانی عادتوں کے ہٹانے اور ظلمانی رسموں کے دور کرنے پر ہے— فَطُوْبٰی لِمَنْ شُرِّفَ بِھٰذِہِ النِّعْمَۃِ الْعُظْمٰی وَ وَیْلٌ لِّمَنْ حُرِمَ مِنْ ھٰذِہِ الدَّوْلَۃِ الْقُصْوٰی (ترجمہ:۔پس اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جس کو اس بڑی نعمت کا شرف حاصل ہوا اور اس شخص کے لئے افسوس ہے جو اس اعلیٰ دولت سے محروم رہا)۔

باقی مطلب یہ ہے کہ میرے عزیز بھائی جناب میاں مظفر ولد شیخ گھورن مرحوم امراء و شرفا میں سے ہیں اور بزرگوں کی اولاد ہیں، ان کے متعلقین میں بہت سے لوگ ہیں اور ان کی حالت قابل رحم ہے، زیادہ کیا تکلیف دی جائے۔

وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی (آپ پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو)۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۵﴾ ۱ قولہ مصقلھا:۔لفظ مِصْقَل، م کی زیر اور ق پر زبر ہو تو اسم آلہ کا صیغہ بنتا ہے باب نَصَر سے، وہ آلہ یا اوزار جس سے چھری یا تلوار وغیرہ کو پالش کرتے ہیں۔اسی طرح سے مِصْقَلَہ (م کی زیر سے) و صَیْقَل (ص کے زبر سے) اور دونوں صیغوں کے قاف پر زبر ہے، اور یہ بھی احتمال ہے کہ صیغہ اسم فاعل کا ہو تَصْقِیْل سے۔ ۱۲

ذ .. بعض نسخوں میں مصقلھا کی بجائے صَیْقَل (ص کی زبر سے) ہے یعنی شیشہ اور تلوار وغیرہ صاف کرنے والا، تلوار وغیرہ کو تیز کرنے والا کے معنی بھی ہیں، پالش کرنے والے آلہ کو مجازی طور پر کہتے ہیں، اور پالش کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ۱۲ غ و من

۲ .. قولہ حقیقت:۔جاننا چاہیے کہ قلب صنوبری (جسمانی دل) قلب حقیقی کا آشیانہ ہے، اور قلب حقیقی جسکو حقیقتِ جامع بھی کہتے ہیں عالم امر سے ہے ۱۲

۳ .. قولہ فَطُوْبٰی ... الخ:۔ترجمہ:۔پس اس شخص کیلئے خوشخبری ہے جس کو اس بڑی نعمت کا شرف حاصل ہوا، اور اس شخص کے لئے افسوس ہے

Marfat.com

جواس اعلیٰ دولت سے محروم رہا۔ ١٢

ذ.. وعلی من لدیکم ن محل کمال ترحم میاں شیخ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

....

☆بہترین......مبتدا ١٢......یہ مبتدا ہے۔......☆زدودن......پاک کردن ١٢......صاف کرنا،صیقل کرنا۔......☆مادون......غیر١٢ سوا،علاوہ۔......☆متابعت......خبر ١٢......یہ خبر ہے۔......☆سَلَّمَکُمَ اللّٰهُ تَعَالیٰ وَسُبْحَانَهٗ وَاَبْقَاکُمْ......سلامت دارد شمارا حق سبحانہ وتعالیٰ وباقی دارد ١٢......اللہ تعالیٰ تم سب کو سلامت رکھے اور باقی رکھے۔......☆بَدَنَس......بفتحین چرک وچرک ناکشدن ١٢......د اور ن پر زبر سے،میل کچیل،اور گندا ہونا،میلا ہونا۔......☆مُتَلَوِّث......آلودہ ١٢......لتھڑا ہوا،ناپاک۔...... ☆مہجور......ازمحبوب حقیقی ١٢......محبوب حقیقی سے دور۔......☆تصقیل......زدودن ١٢......صاف کرنا،پاک کرنا۔☆مرآت...... آئینہ ١٢اشیشہ۔......☆لابد......ضرور١٢......ضروری۔......☆ازالہ......دورکردن ١٢......دورکرنا۔......☆سفیہ......روشن ١٢ روشن۔......☆اَعْیان......اشراف ١٢......شریف کی جمع،شریف لوگ سرداران قوم۔............

تینتالیسواں مکتوب ﴿٤٣﴾

اس بیان میں کہ توحید دوقسم کی ہے شہودی اور وجودی،اور جو توحید کہ ضروری ہے وہ توحید شہودی ہے جس کے ساتھ فنا وابستہ ہے اور توحید شہودی عقل اور شرع کے مخالف نہیں ہے بخلاف توحید وجودی کے،اور ان مشائخ کے اقوال کے جو توحید کے دیکھنے والے ہیں توحید شہودی کی طرف تاویل کرنی چاہیے تاکہ مخالفت کی گنجائش نہ رہے اور توحید شہودی عین الیقین کے مقام میں ہے جو کہ حیرت کا مقام ہے اور جب اس مقام سے گذرکر حق الیقین کے مقام میں پہنچتے ہیں تو اس قسم کے احوال سے کنارہ کشی اختیار کرلیتے ہیں۔اور اس مضمون کے مناسب سوالات وجوابات اور وضاحت کرنے والی مثالوں کے بیان میں،سرداری کی پناہ والے اور شرافت کے سرمایہ والے شیخ فرید بخاری کی طرف صادر فرمایا۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰهُ تَعَالیٰ وَ سُبْحَانَهٗ وَعَصَمَکُمْ عَمَّا یَصِمُکُمْ وَصَانَکُمْ عَمَّا شَانَکُمْ (اللہ تعالیٰ آپ کو(ظاہری وباطنی آفتوں سے)سلامت رکھے اور اس چیز سے بچائے جو آپ کو عیب لگائے اور اس چیز سے محفوظ رکھے جو آپ کے لئے برائی کا سبب ہو)۔

جو توحید راہِ سلوک طے کرنے کے عرصہ میں اس بزرگ گروہ (صوفیائے کرام) کو حاصل ہوتی ہے وہ دوقسم کی ہے توحید وجودی اور توحید شہودی۔توحید شہودی،ایک ذات ہی کو دیکھنا ہے یعنی سالک کو ایک ذات کے سوا کچھ مشہود نہیں ہوتا اور توحیدِ وجودی ایک ہی ذات کو موجود جاننا اور اس کے غیر کو نیست ونابود سمجھنا (اور اُس ایک ذات کے سوا باقی سب کو) عدم (یعنی نیست ونابود) جاننے کے باوجود اس کی جلوہ گاہیں اور مظاہر کو ایک سمجھنا ہے۔پس توحید وجودی علم الیقین کی قسم سے ہے اور توحید شہودی عین الیقین کی قسم سے،توحید شہودی اس راستہ کی ضروریات میں سے ہے کیونکہ فنا اس توحید کے بغیر متحقق نہیں ہوتی اور مرتبۂ عین الیقین بھی اس کے بغیر میسر نہیں ہوتا کیونکہ اس (ذات) کے غلبہ کے باعث ایک کو دیکھنے سے اس کے ماسوا کا نہ دیکھنا لازم آتا ہے بخلاف توحید وجودی کے وہ ایسی نہیں ہے (یعنی اس میں ایسا ہونا ضروری نہیں ہے) کیونکہ علم الیقین اس معرفت کے بغیر حاصل ہے اس لئے کہ (کسی چیز کا) علم الیقین حاصل ہونے سے اس کے ماسوا کی نفی لازم نہیں آتی۔حاصل کلام یہ ہے کہ اس ایک کے علم کے غلبہ کے وقت اس کے ماسوا کے علم کی نفی لازم آتی ہے۔

مثلاً جس شخص کو آفتاب کے وجود کا یقین حاصل ہوگیا تو اس کو اس یقین کے غلبہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ اس

Marfat.com

وقت ستاروں کو معدوم اور نیست و نابود جانے ۔ لیکن جس وقت وہ آفتاب کو دیکھے گا تو یہ ضروری ہے کہ وہ ستاروں کو نہیں دیکھ سکے گا اور آفتاب کے سوا اُس کو اور کچھ نظر نہیں آئے گا اور اُس وقت جبکہ وہ ستاروں کو نہیں دیکھ رہا ہے جانتا ہے کہ ستارے نیست و نابود نہیں ہیں بلکہ جانتا ہے کہ ستارے موجود ہیں لیکن چھپے ہوئے ہیں اور آفتاب کے نور کی روشنی میں مغلوب ہیں، اور یہ شخص اس جماعت (گروہ) کے خیال کا انکار کرتا ہے جو اس وقت میں ستاروں کے وجود کی نفی کرتے ہے اور جانتا ہے کہ یہ معرفت یعنی ستاروں کے وجود کی نفی کرنا خلافِ واقع ہے ۔۔۔۔ پس توحید وجودی کہ جس میں ایک ذات واحد حق تعالیٰ وتقدس کے ماسوا کی نفی کا نام ہے عقل و شرع کے خلاف ہے، بخلاف توحید شہودی کے کہ (صرف) ایک دیکھنے میں (عقل و شرع کی) کوئی مخالفت نہیں ہے، مثلاً آفتاب کے طلوع ہونے کے وقت ستاروں کی نفی کرنا اور ان کو نیست و نابود جاننا حقیقت کے خلاف ہے لیکن ستاروں کو اس وقت نہ دیکھنے میں (عقل و شرع کی) کچھ مخالفت نہیں ہے بلکہ یہ نہ دیکھنا آفتاب کے نور کے ظاہر ہونے کے غلبہ اور دیکھنے والے کی نگاہ کی کمزوری کی وجہ سے ہے، اگر دیکھنے والے کی نگاہ اسی آفتاب کے نور سے سرمہ آلود ہو جائے (یعنی روشن ہو جائے) اور قوت پیدا کرلے تو وہ ستاروں کو آفتاب سے جدا دیکھ لے گا اور یہ دیکھنا حق الیقین کے مقام میں سے ہے۔

پس بعض مشائخ کے جو اقوال ظاہر میں شریعتِ حقہ کے مخالف نظر آتے ہیں اور بعض لوگ ان اقوال کو توحیدِ وجودی سے تعبیر کرتے ہیں مثلاً ابن منصور الحلاجؒ کا اَنَا الْحَق کہنا اور بایزید بسطامیؒ کا سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمُ شَانِیْ کہنا اور اسی قسم کے دوسرے اقوال، بہتر اور مناسب یہ ہے کہ ان اقوال کو توحید شہودی پر محمول کیا جائے اور (عقل و شریعت کی) مخالفت کو دور کیا جائے، جس وقت ماسوائے حق سبحانہٗ وتعالیٰ ان کی نظر سے پوشیدہ ہو گیا تو اس حالت کے غلبہ کے وقت ان بزرگوں نے یہ الفاظ کہہ دیئے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے سوا اور کچھ ثابت نہیں کیا۔ انا الحق کے معنی یہ ہیں کہ حق ہے نہ کہ میں۔ چونکہ وہ اپنے آپ کو نہیں دیکھتا اس لئے اپنے آپ کو ثابت نہیں کرتا، نہ یہ کہ وہ اپنے آپ کو دیکھتا ہے اور اس کو حق کہتا ہے یہ البتہ کفر ہے۔

یہاں کوئی شخص یہ نہ کہے کہ اثبات نہ کرنا (غیر حق کی) نفی تک پہنچا دیتا ہے اور یہ عین توحیدِ وجودی ہے۔ کیونکہ ہم (اس کے جواب میں) کہتے ہیں کہ اثبات نہ کرنے سے (غیر حق) کی نفی لازم نہیں آتی، بلکہ اس مقام میں حیرت ہے، یہاں تمام احکام ساقط ہو چکے ہیں ۔۔۔۔ اور سبحانی کہنے میں بھی حق تعالیٰ کی تنزیہ ہے نہ کہ اس کی اپنی، کیونکہ وہ خود اپنی نظر سے پوری طرح دور ہو چکا ہے اور کوئی حکم اس کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا۔ اور اس قسم کی باتیں عین الیقین کے مقام میں جو کہ حیرت کا مقام ہے بعض سالکوں سے ظاہر ہوتی ہیں اور جب اس مقام سے ترقی دے کر حق الیقین کے مقام پر پہنچاتے ہیں تو وہ بزرگ اس قسم کے کلمات سے اجتناب کرنے لگتے ہیں اور اعتدال کی حد سے تجاوز نہیں کرتے۔

ہمارے زمانے میں اس گروہ کے بہت سے لوگ جو صوفیوں کے لباس میں اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں توحیدِ وجودی کو عام کرنے میں مصروف ہیں اور اس کے عام کرنے ہی کو کمال سمجھتے ہیں اور عین الیقین کی بجائے علم الیقین ہی میں رُکے ہوئے ہیں اور اقوالِ مشائخ کی تاویل اپنے خیال کے مطابق کرتے ہیں اور خود کو مقتدائے زمانہ بنائے بیٹھے ہیں اور اپنے کھوٹے (بے رونق) ۔۔۔۔ بازار کو ان خیالی باتوں کے ساتھ رونق دے رہے ہیں اور اگر بالفرض گذشتہ زمانے کے بعض مشائخ کی عبارتوں میں جو ایسے الفاظ پائے جاتے ہیں جن سے واضح طور پر توحیدِ وجودی ظاہر ہوتی ہے تو ان کی ایسی باتوں پر یہ قیاس کرنا چاہیے کہ انہوں نے ابتداء میں

Marfat.com

علم الیقین کے مقام میں اس قسم کے الفاظ کہے ہیں، اور آخر کار ان کو اس مقام سے ترقی دے کر عین الیقین تک لے گئے ہیں۔

اس جگہ کوئی شخص یہ نہ سمجھے کہ توحیدِ وجودی والے حضرات بھی جس طرح ایک ہی ذات کو جانتے ہیں (اسی طرح) ایک ہی کو دیکھتے بھی ہیں پس ان کو عین الیقین سے بھی کچھ حصہ حاصل ہے۔ تو ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اس توحید (وجودی) والے حضرات نے توحیدِ شہودی کی مثالی صورت کو دیکھا ہی نہ یہ کہ اس توحید (شہودی) کے ساتھ متحقق ہو گئے ہیں، توحیدِ شہودی کو اپنی اس مثالی صورت کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں ہے، کیونکہ اس توحید کے حاصل ہونے کے وقت حیرت ہے، اس مقام میں کسی امر کے ساتھ حکم نہیں لگایا جا سکتا اور توحیدِ وجودی والا اُس توحیدِ شہودی کی مثالی صورت کا مشاہدہ کرنے کے باوجود علم الیقین والوں میں سے ہے کیونکہ وہ ماسوائے اللہ کے وجود کی نفی کرتا ہے' اور یہ نفی مقولہ علم الیقین کے احکام میں سے ایک حکم ہے، اور حیرت اور علم ایک دوسرے کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتے۔

پس ثابت ہو گیا کہ توحیدِ وجودی والے کو عین الیقین سے کچھ بھی حصہ حاصل نہیں ہے' ہاں البتہ توحیدِ شہودی والے حضرات کو اگر مقام حیرت کے بعد ترقی واقع ہو جائے تو معرفت کے مقام میں جو کہ حق الیقین ہے پہنچاتے ہیں اور اس مقام میں علم اور حیرت دونوں جمع ہو جاتے ہیں اور جو علم مقامِ حیرت کے بغیر اور مقامِ حیرت سے پہلے ہے وہ علم الیقین ہے۔

یہ جواب ایک مثال سے واضح ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی شخص نے اپنے اندر بادشاہت کے مقام کے ساتھ مناسبت رکھنے کی وجہ سے خواب میں اپنے آپ کو بادشاہ دیکھا اور بادشاہت کے لوازم (یعنی لینا دینا، حکم کرنا، منع کرنا، تخت نشین ہونا اور شاہانہ لباس و تاج پہننا وغیرہ) اپنے اندر پائے۔ اور یہ بات معلوم ہے کہ وہ بادشاہ نہیں ہوا ہے بلکہ بادشاہت کی مثالی صورت کو اپنے آپ میں دیکھا ہے اور حقیقت میں بادشاہت کو اس مثالی صورت کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں ہے۔ ہاں وہ شہود اگرچہ مثالی صورت میں ہوا ہے لیکن اس مثالی صورت کی حقیقت سے اس شخص کے متصف ہونے کی استعداد کی خبر دیتا ہے، اگر وہ شخص بہت ریاضت و مجاہدہ کرے اور اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی عنایت بھی اس کے شامل حال ہو جائے تو اس (بلند) مقام (بادشاہت) پر پہنچ جائے لیکن قوت سے فعل (یعنی قابلیت سے حصول) تک پہنچنے میں بہت فرق ہے، بہت سے لوہے آئینہ بننے کی قابلیت رکھتے ہیں لیکن جب تک وہ آئینہ نہ بن جائیں بادشاہوں کے ہاتھ میں نہیں پہنچتے اور ان کا جمال حاصل نہیں کر سکتے۔

میں کہاں پہنچ گیا، مگر میں کہتا ہوں کہ ان دقیق (پیچیدہ و مشکل) علوم کے لکھنے کا سبب یہ ہے کہ اس زمانے کے اکثر لوگ بعض تقلید کے طور پر اور بعض (بغیر ذوق کے) محض علم کی بناء پر' اور بعض ذوق ملے ہوئے علم کے ساتھ اگرچہ قلیل ہو، اور بعض الحاد و زندقہ (بے دینی) کے باعث اس توحیدِ وجودی سے وابستہ ہیں اور سب کچھ حق تعالیٰ سے جانتے ہیں بلکہ حقیقت میں سب کو حق تعالیٰ ہی جانتے ہیں اور اس حیلہ سے اپنی گردنوں کو شرعی پابندیوں کی رسی سے آزاد کرتے ہیں اور شرعی احکام بجا لانے میں سُستی کرتے ہیں اور اس معاملہ پر بہت ہی مسرور و خوش ہیں، اور اگر شرعی احکامات کے بجا لانے کا اقرار بھی کریں تو ان کو طفیلی جانتے ہیں اور اصلی مقصود شریعت کے سوا کچھ اور خیال کرتے ہیں۔ حَاشَا وَ کَلَّا ثُمَّ حَاشَا وَ کَلَّا نَعُوْذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنْ ھٰذَا الْاِعْتِقَادِ السُّوْءِ (ہرگز ہرگز ایسا نہیں ہے اللہ تعالیٰ ایسے بُرے اعتقاد سے ہم کو بچائے)

طریقت اور شریعت ایک دوسرے کے عین ہیں، ان کے درمیان بال برابر بھی مخالفت واقع نہیں ہے فرق صرف

Marfat.com

اجمال و تفصیل اور استدلال و کشف کا ہے' جو کچھ بھی شریعت کے مخالف ہے وہ مردود ہے کُلُّ حَقِیْقَةٍ رَدَّتْهُ الشَّرِیْعَةُ فَهُوَ زَنْدَقَةٌ (ہر وہ حقیقت جس کو شریعت نے رد کر دیا ہو زندقہ (بے دینی) ہے)۔ شریعت کو اپنی جگہ پر قائم رکھ کر حقیقت کو طلب کرنا بہادروں کا کام ہے، رَزَقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَهٗ وَاِیَّاکُمُ الْاِسْتِقَامَةَ عَلٰی مُتَابَعَةِ سَیِّدِ الْبَشَرِ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ وَالتَّحِیَّاتُ ظَاهِرًا وَبَاطِنًا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو ظاہر و باطن میں حضرت سید البشر رسول اللہ ﷺ کی متابعت پر استقامت نصیب فرمائے آمین۔)

معرفت کی پناہ والے ہمارے قبلہ گاہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ کچھ عرصہ تک توحید وجودی کا مشرب رکھتے تھے اور اپنے رسالوں اور مکتوبات میں بھی اس کا اظہار فرمایا کرتے تھے، لیکن آخر کار حق سبحانہٗ و تعالیٰ نے اپنی نہایت مہربانی کے ساتھ اس مقام سے ترقی عطا فرما کر شاہراہ پر ڈال دیا اور اس معرفت کی تنگی سے رہائی عنایت فرمائی۔ میاں عبدالحق نے جو کہ حضرت قدس سرہٗ کے مخلص دوستوں میں سے ہیں بیان کیا ہے کہ حضرت (خواجہ باقی باللہ) قدس سرہ نے اپنے مرض موت سے ایک ہفتہ پہلے فرمایا کہ "مجھ کو عین الیقین سے معلوم ہو گیا ہے کہ توحید وجودی ایک تنگ کوچہ ہے اور شاہراہ اور ہی ہے" ۔اس سے پہلے بھی میں جانتا تو تھا لیکن اب ایک قسم کا دوسرا یقین حاصل ہو گیا ہے۔ اور یہ فقیر (حضرت مجدد قدس سرہ) بھی کچھ مدت تک حضرت خواجہ قدس سرہٗ کی خدمت میں اسی توحید وجودی کا مشرب رکھتا تھا اور اس طریقہ کی تائید میں بہت سے کشفی حالات و واردات ظاہر ہوئے تھے لیکن حق تعالیٰ جل شانہٗ کی عنایت نے اس مقام سے ترقی دے کر اس مقام کے ساتھ جس کو کہ اللہ تعالیٰ نے چاہا مشرف فرمایا ہے اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے۔

میاں شیخ زکریا اپنے پرگنہ (ضلع کا ایک حصہ) سے بار بار لکھتے ہیں اور آپ کی خدمتِ عالیہ میں بہت نیازمندی کی نسبت ظاہر کرتے ہیں اور کروڑی گری (یعنی تحصیلداری کے عہدہ) سے ہراساں و پریشان ہیں اور عالمِ اسباب میں آپ کی بزرگ جناب میں التجا اور اعتصام رکھتے ہیں بظاہر آپ کی بلند توجہ کے بغیر اور کوئی ٹھکانا اور جائے پناہ نہیں رکھتے، امیدوار ہیں جس طرح پہلے آپ ان پر نوازش فرماتے رہے ہیں اب بھی دستگیری (مدد) فرماتے رہیں گے اور حوادث کے بھیڑیوں سے ان کو محفوظ رکھیں گے، کمالِ ادب کے باعث آپ کی خدمت میں عرض کرنے کی جرأت نہیں کرتے، فقیر کے ذریعہ اپنے احوال کا اظہار چاہتے ہیں۔ امید ہے کہ آپ ان کا سوال قبول فرمائیں گے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۶﴾ ۱؎ قولہ وَمَا یُنَاسِبُ... اَلْمُوْضِحَةِ:۔یعنی اس مضمون کے مناسب سوالات و جوابات اور وضاحت کرنے والی مثالوں کے بیان میں جو مقصود کو واضح کرتی ہیں۔ ۱۲

۲؎... قولہ سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ...الخ:۔حق سبحانہ آپ کو ظاہری آفتوں اور باطنی مصائب سے سلامت رکھے اور ننگ و عار کے اسباب و وسائل سے عصمت بخشے، اور برائی و عیب کے ذرائع سے محفوظ رکھے اپنے احسان اور کرم سے۔ ۱۲

ـ... قولہ انگاشتن:۔یعنی عقیدہ رکھنا کہ اس ذات پاک کے سوا حقیقت میں کوئی موجود نہیں بلکہ نیست و نابود ہے۔ ۱۲

۳؎... قولہ باوجود:۔یعنی باوجود اس ذات کے سوا سب کے نیست و نابود کا عقیدہ رکھنے کے ایک موجود کے غیر کو اس کی جلوہ گاہیں اور مظاہر کو ایک سمجھنا ہے۔ ۱۲

۴؎... قولہ مجالے:۔مَجالی: م کی زبر اور ل کی زیر سے، مَجلیٰ کی جمع جو م اور ل کی زبر سے، اسم ظرف کا صیغہ ہے بمعنی جلا کی جگہ جو آئینہ ہوتا ہے، پس مَجالی آئینہ کے معنی میں ہے اور بمعنی جلوہ کی جگہیں۔ ۱۲

Marfat.com

۵ ..قولہ مَجالیِ ومظاہر آن یکے پنداشتن (جلوہ گاہوں اور مظاہر کو ایک جاننا) کے معنی میں کہا گیا ہے۔

رباعی
معشوق یکی است لیک بنہادہ بہ پیش ... از بہر نظارہ صد ہزار آئینہ پیش!
در ہر یک ازان آئینہ بانمودہ! ... برقدر صقالت وصفا صورت خویش

رباعی دیگر
اعیان ہمہ شیشہائے گونا گون بود ... کافتاد بران پرتو خورشید وجود!
ہر شیشہ کہ بود سرخ یا زرد وکبود ... خورشید دران ہم بہان رنگ نمود

ترجمہ:۔ معشوق ایک ہے لیکن اس کے نظارہ کرنے کے لئے سامنے ایک لاکھ (لاتعداد) آئینے رکھے ہوئے ہیں، ہر ایک آئینہ میں سے اسی کا چہرہ اپنی صفائی اور خوبصورتی کے مطابق ظاہر ہوتا ہے۔

رنگ برنگ کے تمام شیشے ظاہر ہیں ان پر آفتاب کے وجود کا ہی عکس (پرتو) پڑتا ہے، ہر آئینہ جس کا رنگ سرخ وزرد یا نیلا ہے اس میں سورج اسی رنگ ہی میں نظر آتا ہے

ـ ... قولہ علم الیقین:۔ جاننا چاہیے کہ علم الیقین کے معنی تفصیل سے اور عین الیقین اور حق الیقین کے معنی مختصراً حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے مکتوب نمبر ۴ جلد دوم میں بیان فرمائے ہیں۔ ۱۲

۶ ... قولہ رؤیتِ یکے:۔ یعنی اس ایک کے غلبہ کے سبب ایک کو دیکھنے سے لازم آتا ہے کہ اس ایک کے ماسوا کو نہ دیکھے۔ ۱۲

ـ ... قولہ مستلزم:۔ یعنی لازم نہیں آتا ہے کہ عقیدہ رکھے اور جانے کہ غیر اور اس ایک کا ماسوا حقیقت میں نیست ونابود ہے۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن .... بین السطور ...... معانی ......

☆نقابت ...... نقابت بکسر ستودگی بفتح ستودن ۱۲ ..... نِقابت (ن کی زیر سے) تعریف اور نَقابت (ن کی زبر سے) تعریف کرنا......

☆تحاشی ...... بیکسو شدن ۱۲ ...... ایک طرف ہونا ...... ☆اثناء ...... میان ۱۲ ...... درمیان۔ ...... ☆طائفہ علیّہ ...... صوفیہ ۱۲ ...... صوفیہ کرام۔ ...... ☆مستورند ...... پوشیدہ ۱۲ ...... چھپا ہوا ......

﴿ص ۷﴾ ۱ قولہ ابن منصور:۔ یعنی حسین بن منصور حلّاج قدس سرہٗ تیسرے طبقہ سے ہیں، ان کی کنیت ابوالمغیث ہے، وہ بیضا کے رہنے والے ہیں جو کہ فارس کے شہروں میں سے ایک شہر ہے، وہ دُھنئے (روئی سے بنولے الگ کرنے والے) نہ تھے بلکہ وہ ایک دن دھنئے کی دوکان پر تھے جو ان کا دوست تھا، آپ نے اس کو تو ایک کام کے لئے بھیج دیا اور اس کا کام خود سنبھال لیا اور انگلی سے روئی کی طرف اشارہ کیا، روئی علیحدہ ہوگئی اور بنولے الگ ہوگئے اس وجہ سے آپ کو حلّاج کہنے لگے، واسط عراق میں رہے ہیں، اور حضرت جنید وحضرت نوری کی صحبت اختیار کی ہے اور عمرو بن عثمان مکی کے شاگرد ہیں، ان کے حال کے بارے میں مشائخ کا اختلاف ہے، اکثر نے تو ان کو رد کر دیا ہے، سوائے چند صوفیاء کے، کشف المحجوب میں ہے کہ تمام متاخرین صوفیاء قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم نے اس کو قبول کیا ہے۔ شیخ ابوالخیر قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ حسین بن منصور حلّاج قدس سرہٗ بلند حال میں ہیں، ان کے زمانہ میں مشرق ومغرب میں اس جیسا اور کوئی نہیں ہوا، باوجود اس تمام دعویٰ کے ایک رات دن میں ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے، جس دن وہ قتل کئے گئے اس رات انہوں نے پانچ سو رکعت پڑھی تھی۔ ۱۲ نفحات

۲ .. قولہ البسطامی:۔ ابویزید بسطامی رحمہ اللہ پہلے طبقہ سے ہیں، آپ شیخ خضرویہ اور یحییٰ معاذ کے ہمعصر تھے، شیخ شقیق بلخی کو آپ نے دیکھا تھا، آپ کی وفات ۲۶۱ھ میں ہوئی، شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ لوگوں نے بہت سے جھوٹ (جھوٹی باتیں) ان کی طرف منسوب کر دیئے ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں اوپر گیا اور عرش پر میں نے اپنا خیمہ نصب کیا، آپ رحمۃ اللہ علیہ کے پیش نظر امر ونواہی کی بزرگی اور اہمیت تھی اور ان کا معاملہ اصل حقیقت پر تھا یہی سبب تھا کہ جماعتوں (طریقت کے سلسلوں) نے آپ کو قبول کرلیا، کہتے ہیں کہ جب حضرت شیخ بایزید بسطامی نماز پڑھتے تھے تو ان کے سینے کی ہڈیوں سے چٹخنے کی آواز اس طرح نکلتی تھی کہ لوگ اس آواز کو سن لیتے تھے، یہ آواز ہیبت الٰہی اور شریعت کی تعظیم وتکریم کی وجہ سے تھی۔

حضرت بایزید قدس سرہٗ نے نزع کے وقت کہا: الٰہی! میں نے تجھ کو یاد کیا مگر غفلت کے ساتھ اور میں نے تیری اطاعت کی مگر کوتاہی کے ساتھ، ان کلمات ادا کرنے کے بعد آپ کا وصال ہوگیا۔ لوگوں نے بایزید کو ان کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا تو ان سے دریافت کیا کہ آپ کا کیا حال ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ مجھ سے پوچھا گیا کہ اے بوڑھے! تم کیا لائے ہو؟ میں نے عرض کیا جب درویش بادشاہ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے تو اس سے یہ نہیں پوچھتے کہ کیا لائے ہو، بلکہ یہ پوچھتے ہیں کہ کیا چاہتے ہو؟

منقول ہے کہ نیشاپور میں ایک بڑھیا رہتی تھی دروازہ در وز مانگتی پھرتی تھی، جب وہ مرگئی تو لوگوں نے اس کو خواب میں دیکھا، اس سے پوچھا کہ تیرا

Marfat.com

کیا حال ہے؟ اس نے کہا کہ مجھ سے کہا گیا کہ تو کیا لائی ہے؟ تو میں نے کہا کہ افسوس تمام عمر تو لوگ مجھ سے کہتے رہے کہ خدا تجھے دے، اب مجھ سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا لائی ہے؟ اللہ تعالیٰ نے میرے جواب پر فرمایا کہ یہ سچ کہتی ہے اس کو چھوڑ دو۔ (از نفحات باختصار)

۳ ..قولہ بزیٔ:۔ز کی زیر سے اور یٔ پر شد، اس کے معنی انداز ہ، حد، اور بمعنی طرف و جانب اور نزدیک، جامہ ولباس، اور زِیٔ، ز کی زبر اور یٔ پر شد ہو تو فراہم کرنا اور حیات وزندگی کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ۱۲

۔ قولہ عدم اسباب الخ...یعنی ثابت نہ ہونے سے اس چیز کی نفی اور اس کا انکار کرنا لازم نہیں آتا۔ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆شعشعان......پرتو۱۲..... عکس۔......☆شعشعان......درقاموس است الشعشع والشعشاع والشعشان والشعشعانی الطویل والشعشاع الخفیف والحسن والمتفرق والظل غیر الکثیف اقول والمراد ھھنا الاخیر ۱۲......قاموس میں ہے شعشع اور شعشاع اور شعشان شعشانی طویل روشنی اور ہلکی اور خوبصورت پھیلی ہوئی، اور ہلکا سایہ، میں کہتا ہوں کہ یہاں آخری معنی مراد ہیں۔......☆معرفت......نفی وجود ستارہا ۱۲......ستاروں کے وجود کا انکار۔......☆جنگ......بظاہرا ۱۲......ظاہری طور پر۔......☆جنگ......خلاف ۱۲......مخالفت لڑائی۔......☆ضعف......یعنی ضعف چشم بیندہ۱۲......نگاہ کی کمزوری والا۔......☆بصر......چشم بیندہ۱۲......صحیح نگاہ والا۔......☆مکتحل......سرگین ۱۲......سرمہ ڈالے ہوئے، سرمے والی آنکھیں۔......☆اقوال......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے۔......☆اولیٰ......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔......☆مختفی......پوشیدہ۱۲......چھپا ہوا۔......☆خود......البتہ ۱۲......البتہ ضروری ☆تحاشی......اجتناب ۱۲......پرہیز کرنا، بچنا۔......☆نفی......غیر حق ۱۲......غیر حق کی نفی۔......☆اعتدال......میانہ روی ۱۲ میانہ روی، درمیانہ چال۔......☆کاسِد......بکسر سین بے رواج یعنی متاع ونقدے کہ از باعث نقصان آن کسے بر رغبت نستاند۱۲......س کی زیر سے، وہ چیز جس کا چلن نہ ہو، یعنی وہ نقدی اور سامان جس میں خرابی ہو، اور اسکی طرف کوئی رغبت نہ کرے☆ماتقدم......زمان پیشین۱۲......پہلا زمانہ۔......

﴿ص۸﴾ ۱ قولہ بردہ:۔جیسا کہ بعض عارفوں نے کہا ہے کہ اگر کوئی عارف اپنے شعور سے بالکل بے خبر ہو جائے اور اپنے آپ کو ہی دیکھے اور ہو ہو کہے تو وہ معذور ہے کیونکہ وہ اپنی حقیقت حال سے واقف نہیں ہے، اور جب وہ ہوشیار ہو جاتا اور اپنی حقیقتِ حال سے خبردار ہو جاتا ہے تو پھر خود ہی کہتا ہے کہ میرا کمال یہ ہے کہ میں عبداللہ (اللہ کا بندہ ہوں)، چنانچہ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ اِنْ قُلتُ و یَوْمًا سُبْحَانِیْ مَااَعْظَمَ شَانِیْ فَاَنَا الْیَوْمَ کَافِرٌمَجُوْسِیٌّ وَاَنَا اَقْطَعُ زُنَّارِیْ وَاَقُوْلُ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ترجمہ (اگر میں نے کسی دن سبحانی مااعظم شانی (میں پاک ہوں میری بڑی شان ہے) کہا تو میں اس روز کافر مجوسی ہوں، اور میں آج اپنا زُنّار توڑتا ہوں اور کہتا ہوں میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں)۔ (از رسالہ عقائد صوفیاء)

۲ .. قولہ شدہ اند:۔کسی چیز میں اور اسکی مثالی صورت میں بہت فرق ہے، اور اسی طرح کسی چیز کے دیکھنے میں اور اس چیز سے متصف ہونے میں نمایاں فرق ہے۔ سمجھ لیجئے۔ ۱۲

۳ .. قولہ آرے صاحب...الخ:۔یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ بعض واردات اور مدارج میں حیرت وعلم جمع ہو جاتے ہیں۔ ۱۲

۴ .. قولہ لوازم:۔یعنی لینا دینا، حکم کرنا، منع کرنا، تخت نشین ہونا، اور شاہانہ لباس وتاج پہننا وغیرہ۔ ۱۲

۵ .. قولہ اگر جانے:۔یعنی اگر ریاضت ومجاہدہ بہت زیادہ جد وجہد سے کرے اور اپنی جان کو محنتوں اور بڑی تکالیف میں ڈالے اور عنایتِ الٰہی جل شانہ اس کے شامل حال ہو تو البتہ اس عالی مقام پر پہنچ سکتا ہے۔ ۱۲

۶ .. قولہ الحاد: اِلحاد (ا کی زیر سے) حق سے ہٹنا، جھگڑا کرنا، شرک کرنا حرم میں اور دینِ حق سے پھر جانا۔ ۱۲

۷ .. قولہ زندقہ:۔(ز کی زبر سے) بے دین ہونا اور شریعت کے راستہ سے سرگردانی کرنا۔ ۱۲

۸ ... قولہ رِبقہ:۔(ر کی زیر سے) رسی کا حلقہ جو چوپائے خصوصاً گدھا اور خچر کی گردن میں باندھتے ہیں اور اس رسی کو ربق (ر کی زیر سے) کہتے ہیں۔۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

☆توحید......یعنی ☆توحید......وجودی ۱۲......توحید وجودی...... ☆محقق......متصف ۱۲......خوبی اور صفت ثابت ہو۔...... ☆توحید......یعنی شہودی ۱۲......یعنی توحید شہودی۔...... ☆مقولہ......جنس ۱۲......جنس کے طور پر۔ ☆قوت......قابلیت ۱۲......قابلیت۔......

☆فعل......حصول ۱۲......حاصل ہونا۔...... ☆غامضہ......دقیقہ ۱۲......مشکل اور باریک۔ ☆ابنائے......اہل ۱۲......اس وقت کے اکثر لوگ۔...... ☆بےذوق......بے ذوق ۱۲......بے ذوق علم یعنی ذوق سے خالی علم۔ ☆ممتزج......مخلط ۱۲......ملا ہوا، خلط ملط۔

☆ولو فی الجملہ......اگرچہ اقل قلیل باشد ۱۲......اگرچہ بہت کم۔...... ☆از حق......اللہ تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ۔...... ☆حق میدانند راست ومطابق نفس الامر ۱۲......درست اور اصل کے مطابق۔......

(ص۹) ۱۔ قولہ حاشا: بمعنی پناہ اور دور کے معنی بھی ہیں نیز پاکی وخالی کے معنی بھی ہیں۔ ۱۲

۲۔ قولہ کَلّا: یہ ایسا کلمہ ہے جو کسی بات کے رد کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے، اور اس کا حاصل معنی یہ ہیں کہ اس طرح نہیں ہے۔ ۱۲

۳۔ قولہ کل حقیقۃ ردتہ... الخ: یعنی ہر وہ حقیقت جس کو شریعت نے رد کر دیا ہو بے دینی ہے، سوال: جب حقیقت سے مراد شریعت کی حقیقت ہے اس کے علاوہ نہیں تو صوفیاء کرام کے اس قول کے کیا معنی ہیں؟ جــــــــواب: عالمِ مثال میں قربِ الٰہی کے مراتب قُربِ مکانی کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں، اور عالمِ مثال کی رؤیت کہ اس کو صوفیاء کشف سے تعبیر کرتے ہیں، یہ نیند میں خواب (رؤیت) کی قسم سے ہے، ایسی خواب کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّأَرْبَعِيْنَ جُزْءً امِّنَ النُّبُوَّةِ (بخاری، مسلم، مشکوٰۃ کتاب الرؤیا) (اچھی خوابیں نبوت کے چھیالیسویں حصہ میں سے ایک حصہ ہیں) کبھی کبھی بعض عوارض کی وجہ سے خیالات کے آئینہ میں انتشار وخرابی آجاتی ہے۔ لہٰذا کشف میں غلطی ہو جاتی ہے، کبھی کبھی اس کے سمجھنے اور تعبیر میں غلطی واقع ہو جاتی ہے، اسی لئے اولیاء اللہ کہتے ہیں کہ جو کچھ کشف سے معلوم ہو اس کو شریعت کے ترازو (میزان) پر تولنا چاہیے اگر شریعت کے موافق ہے تو قبول کر لینا چاہیے، اور جو شرع کے مخالف ہو اس کو رد کر دینا چاہیے اور اس کو بیدینی جاننا چاہیے، اور وہ بات جس سے شریعت خاموش ہے اس کو خطا کے احتمال کے ساتھ قبول کر لینا چاہیے۔ از مکتوبات قاضی صاحب پانی پتی قدس سرہٗ (کلمات طیبات ص ۱۳۶، ۱۳۷)

۴۔ قولہ خواجہ: حضرت پیر ومرشد یعنی خواجہ محمد باقی باللہ قدس سرہٗ۔ ۱۲

۵۔ قولہ ایشان: یعنی مکتوب الیہ شیخ فرید بخاری ۱۲

۔ قولہ کروری: خراج وصول کرنے کا عہدہ یعنی محصول لینا، اس سے مراد تحصیلداری ہے۔ ۱۲

۶۔ قولہ درعالم: یعنی عالم اسباب جو بندوں کی مصلحتوں اور حکمتوں پر مبنی ہیں ان کی معرفت کے سمجھنے سے اکثر لوگ قاصر ہیں مگر تھوڑوں میں سے تھوڑے افراد جو خواص اور اخص الخواص سے ہیں جو علم میں راسخ ہیں اور فہم میں کامل، امتیاز رکھتے ہیں۔ ۱۲

۔ ملاذی وملجائی ......دونوں اسم ظرف کے صیغے ہیں حصن یعنی پناہ گاہ۔   لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆مداہنات......چرب زبانی وسستیہا ۱۲......چرب زبانی اور سستیاں۔ ☆حاشا......دور باد ۱۲......دور ہو۔...... ☆نعوذ باللہ...السوء......پناہ بخدائے پاک ازاین اعتقاد بد ۱۲......اس برے عقیدے سے ہم خدا کی پناہ چاہتے ہیں۔...... ☆از ضیق تنگی ۱۲ تنگی۔...... ☆توحید......وجودی ۱۲......توحید وجودی ☆لائح......ظاہر ۱۲......ظاہر۔ ☆اطناب......درازی ۱۲......لمبائی، طوالت۔......

☆اعتقاد......اعتقاد ۱۲......عقیدہ۔......

چوالیسواں مکتوب ﴿۴۴﴾

یہ مکتوب گرامی بھی سرداری وتعریف کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی مدح ونعت میں اور اس بیان میں کہ آنحضرت ﷺ کی شریعت کی تصدیق کرنے والے تمام اُمتوں سے بہتر ہیں اور آپ ﷺ کی شریعت کو جھٹلانے والے اور منکر لوگ بنی آدم

Marfat.com

میں سب سے بدتر ہیں اور آپ کی روشن سنت کی پیروی کی ترغیب میں تحریر فرمایا۔

آپ کا بزرگ و بلند مرحمت نامہ عزیز ترین زمانہ میں شرف صدور ہوا اور اس کے مطالعہ سے مشرف ہوا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا حمد و احسان ہے کہ آپ نے فقرِ محمدی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والسلام کی کچھ میراث حاصل کی ہے فقراء سے محبت کرنا اور ان سے میل جول رکھنا اسی کا نتیجہ ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ بے سروسامان فقیر اس کے جواب میں اس کے سوا اور کیا لکھے کہ عربی عبارت میں چند فقرے جو آپ کے جد بزرگوار خیر العرب ﷺ (یعنی جو اہلِ عرب میں سب سے بہتر اور اہلِ عجم میں بدرجہء اولیٰ سب سے بہتر ہیں) کے فضائل میں ماثور ہیں لکھ دے اور اس سعادت نامہ کو اپنی آخرت کی نجات کا وسیلہ بنائے، اور اس سے مقصود یہ نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی مدح و تعریف کرے بلکہ مقصود یہ ہے کہ اپنے کلام کو آنحضرت ﷺ کے مقدس تذکرہ سے آراستہ و مزین کرے۔

؎	مَااِنْ مَّدَحْتُ مُحَمَّدًا بِمَقَالَتِیْ	لٰکِنْ مَدَحْتُ مَقَالَتِیْ بِمُحَمَّدٖ
ترجمہ فارسی:	گر در سخن نہ گفتم وصفِ محمدی را	لیکن سخن مستودم بانسبتِ محمد ﷺ
ترجمہ اردو:	ادا حق نہیں ہوسکتا محمدؐ کی ستائش کا	مگر مقبول ہوگا اس کی برکت سے سخن میرا

(یعنی میں حضرت محمد ﷺ کی تعریف کا حق ادا نہیں کرسکتا لیکن آپ ﷺ کے نامِ نامی سے اپنے کلام کو آراستہ و مزین کرتا ہوں) پس میں کہتا ہوں اور حق تعالیٰ ہی سے عصمت اور توفیق کا طالب ہوں کہ بے شک حضرت محمد رسول اللہ ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد کے سردار ہیں اور قیامت کے روز آپ ﷺ کے تابع و فرمانبردار تمام انبیائے کرام کے تابع و فرمانبرداروں سے زیادہ ہوں گے، اور آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب اولین اور آخرین سے زیادہ بزرگ و معزز ہیں، آپ ﷺ قیامت کے روز سب سے پہلے قبر مبارک سے باہر تشریف لائیں گے اور آپ ﷺ ہی سب سے اول شفاعت کریں گے اور سب سے پہلے آپؐ ہی کی شفاعت قبول کی جائے گی اور آپ ﷺ سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے پس اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے لئے جنت کا دروازہ کھول دے گا اور آپؐ ہی قیامت کے روز لواءِ حمد (اللہ تعالیٰ کی حمد و ستائش کا جھنڈا) اٹھانے والے ہیں۔ حضرت آدمؑ اور دیگر تمام انبیا علیہم السلام اس جھنڈے کے نیچے ہوں گے، اور وہ آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات گرامی ہے جس نے فرمایا، نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ وَنَحْنُ السَّابِقُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ (الحدیث) یعنی قیامت کے دن ہم ہی (وجود و ظہور کے اعتبار سے) آخرین ہیں اور ہم ہی (مرتبہ اور روزِ قیامت قبر سے اُٹھنے کے اعتبار سے) سابقین و اولین ہیں۔ اور آپؐ نے فرمایا "میں یہ بات بغیر کسی فخر کے کہتا ہوں کہ میں اللہ کا حبیب ہوں اور تمام انبیاء و مرسلین کا قائد و پیشرو اور بلافخر کہتا ہوں کہ ــــ میں تمام نبیوں کا خاتم (مہر اور آخری نبی) ہوں، اور میں بلا فخر کہتا ہوں کہ میں محمد بن عبداللہ ابن عبدالمطلب ہوں، بیشک جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو مجھ کو سب سے بہتر مخلوق (یعنی انسان) میں پیدا کیا پھر ان کو دو گروہ (عرب و عجم) بنایا اور مجھے ان میں سے بہترین گروہ میں بنایا، پھر اُن کو قبیلوں میں تقسیم کیا تو مجھے ان میں سے بہترین قبیلے میں بنایا، پھر ان کو گھروں میں تقسیم کیا تو مجھے ان میں سے بہترین گھر میں پیدا کیا پس میں ذات و گھر کے لحاظ سے سب مخلوق سے بہتر ہوں، اور جب قیامت کے روز لوگ قبروں سے اُٹھائے جائیں گے تو سب سے پہلے میں (قبر سے) باہر نکلوں گا اور جب تمام بنی آدم حق تعالیٰ کے سامنے گروہ در گروہ پیش ہوں گے تو میں ان سب کا قائد و رہنما ہوں گا اور جب وہ سب خاموش ہوں گے تو میں ان کا خطیب ہوں گا، اور جب وہ (جنت میں داخل ہونے سے میدانِ حشر میں) روک دیئے جائیں گے

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

تو میں ان کا شفیع ہوں گا، اور جب وہ (دیگر انبیاء علیہم السلام کے جوابوں سے) نا اُمید ہو جائیں گے تو میں ان کو (شفاعت کی) بشارت دینے والا ہوں گا اس دن کرامت (رحمت و بزرگی) اور جنت (کے دروازوں) کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہوں گی اور لواءِ حمد بھی میرے ہاتھ میں ہوگا، اور میں اپنے رب کے نزدیک تمام اولادِ آدم سے بزرگ ہوں، ہزار ایسے خادم (حور و غلمان) میرے گرد طواف کریں گے جو خوشنما آبدار سفید صدف کے اندر چھپے ہوئے موتیوں کی طرح ہوں گے، اور جب قیامت کا دن ہوگا تو میں تمام انبیائے کرام کا امام اور ان کا خطیب اور ان کی شفاعت کرنے والا ہوں گا اور مجھے اس بات پر فخر نہیں ہے"۔

اگر حضور انور علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات گرامی صفات نہ ہوتی تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ خلقت کو پیدا نہ فرماتا اور اپنی ربوبیت (رب ہونے کو) ظاہر نہ فرماتا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بھی نبی تھے جب کہ آدم علیہ السلام ابھی پانی اور مٹی کے درمیان تھے (یعنی آدم علیہ السلام پیدا بھی نہیں ہوئے تھے بلکہ ان کے پتلے کے لئے گارا تیار ہوا تھا)

نماند بعصیاں کسے در گرو ۔۔۔ کہ دارد چنیں سید پیش رو (سعدی)

ترجمہ:۔ نہیں ہے خوف کچھ عصیاں کا اس کو ۔۔۔ محمد ﷺ پاک جس کا پیشوا ہو

پس بلا شک وشبہ سید البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق کرنے والے تمام امتوں سے افضل ہیں (آیت ۱۱۰ سورۂ آل عمران) كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ...الخ) (یعنی تم اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام امتوں سے بہتر ہو جو عالم میں بھیجی گئیں)۔ اُن پر صادق آتی ہے، اور اس پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کے جھٹلانے والے بنی آدم میں سب سے بدتر ہیں۔

۹۷: سورۂ توبہ: اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا یعنی صحرا نشین لوگ کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں)۔ ان کے حال کا پتہ دیتی ہے دیکھئے کس خوش نصیب کو آنحضرت ﷺ کی روشن و بلند سنت کی پیروی نصیب فرماتے ہیں اور حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پسندیدہ شریعت کی پیروی سے سرفرازی بخشتے ہیں۔

آج آنحضرت ﷺ کے دین کے برحق ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے تھوڑا سا عمل بجالانا بھی عمل کثیر کے برابر شمار ہوتا ہے اصحاب کہف (رضی اللہ عنہم) نے یہ اعلیٰ درجات صرف ایک ہی نیکی کے ذریعے حاصل کئے ہیں اور وہ نیکی یہ تھی کہ وہ دشمنانِ دین کے غلبہ کے وقت نورِ ایمان و یقین کے ساتھ حق تعالیٰ کے دشمنوں (کے مقام) سے ہجرت کر گئے تھے۔ مثلاً دشمنوں اور مخالفوں کے غلبہ کے وقت اگر سپاہی تھوڑا سا بھی تردد کر دیں تو وہ اس قدر نمایاں اور معتبر ہوتا ہے کہ امن کی حالت میں اس سے کئی گنا تردد بھی معتبر نہیں ہوتا۔

نیز چونکہ آں سرورِ عالم ﷺ رب العالمین کے محبوب ہیں اس لئے آپ کی متابعت کرنے والے بھی آپ کی متابعت کے باعث محبوبیت کے درجہ کو پہنچ جاتے ہیں کیونکہ محبت کرنے والا (مُحِب) جس شخص میں اپنے محبوب جیسے اخلاق و عادات دیکھتا ہے اس شخص کو بھی اپنا محبوب ہی جانتا ہے اور مخالفوں کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیئے۔

محمد ﷺ عربی کابروئے ہر دو سراست ۔۔۔ کسے کہ خاکِ درش نیست خاک بر سرِ او

ترجمہ:۔ محمد ﷺ عربی دو جہاں کی عزت ہیں ۔۔۔ جو منکر آپ کے ہیں مبتلائے ذلت ہیں

اگر ظاہری ہجرت میسر نہ ہو سکے تو باطنی ہجرت کو پوری طرح مدِ نظر رکھنا چاہیے، مخلوق کے درمیان رہ کر ان سے الگ رہنا چاہیئے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد کوئی اور امر (راستہ) پیدا فرما دے گا۔

Marfat.com

نُو روز کا موسم آ گیا ہے اور یہ معلوم ہے کہ ان ایام میں وہاں کے رہنے والے لوگ معاملہ کو پراگندہ رکھتے ہیں لہٰذا اس ہنگامے کے گذر جانے کے بعد اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آنجناب کی ملاقات کا شرف حاصل ہوگا۔ زیادہ طول کلامی موجب تکلیف ہے۔ ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ عَلٰی جَآدَّۃِ اٰبَآئِکُمُ الۡکِرَامِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ وَعَلَیۡھِمۡ اِلٰی یَوۡمِ الۡقِیَامِ۔ (اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے بزرگ آباواجداد کے طریق پر ثابت قدم رکھے۔ آپ پر اور ان پر قیامت تک سلامتی ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۰﴾ ۱ قوله نِقابت:۔(ن کی زیر سے) صفت، تعریف اور نَقابت (ن کی زبر سے) تعریف کرنا، سراہنا ۱۲

۲.. قوله سید ولد آدم...الخ:۔ یہاں سے یوم القیامہ تک، اس حدیث سے ماخوذ ہے جس کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔ قوله واَکۡرَمُ الۡاَوَّلِیۡنَ...الخ: سے علی اللّٰہ تک، اس حدیث میں ہے جس کو امام ترمذی اور امام دارمی نے روایت کیا ہے۔ وقوله واَوَّلُ مَن یَّنۡشَقُّ سے فَیَفۡتَحُ اللّٰہ لہٗ تک، اس حدیث سے ماخوذ ہے جس کو امام مسلم نے روایت کیا ہے۔ وقوله وحَامِلُ سے فَمَنۡ دُوۡنَہٗ تک، امام ترمذی اور امام دارمی کی روایت کردہ حدیث سے ماخوذ ہے۔ وقوله ونَحۡنُ الۡاٰخِرُوۡن سے خَاتَمُ النبیین وَلَا فَخۡر تک، یہ مضمون امام دارمی کی روایت کردہ حدیث میں ہے۔ وقوله اَنَا مُحَمَّدُ بۡنُ عبدِاللّٰہ سے وَخَیۡرُھُمۡ بَیۡتًا تک، اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ وقوله وانا اول الناس سے مَکۡنُوۡن تک، اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ وقوله وَاِذَا کَانَ یَوۡمَ الۡقِیَامَۃِ سے غَیۡر فَخۡر تک، امام ترمذی کی روایت کردہ حدیث میں ہے، وقوله کَانَ نَبِیًّا وآدم سے وَالطِّیۡن تک، یہ مضمون امام ترمذی کی روایت کردہ حدیث سے ماخوذ ہے اور اس حدیث کو شرح السنہ میں امام بغوی نے بھی روایت کیا ہے

یہ تمام احادیث مشکوٰۃ سے لی گئی ہیں۔ ۱۲

۳.. قوله پیشینان:۔ ظاہر یہ ہے کہ اس حدیث میں اولین وآخرین سے مراد انبیاء ہیں، صلوات اللّٰہ تعالیٰ و تسلیماته علیهم اجمعین، اگر اولین میں فرشتوں کو بھی داخل رکھیں تو دور نہیں ہے۔ ۱۲ شیخ عبدالحق قدس سرہٗ ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

﴿صہ۱۱﴾ ـ قوله وانا حبیب اللّٰہ:۔ یہ قول کا ایک حصہ ہے اور طویل حدیث کا ایک ٹکڑا ہے اور حدیث میں پہلے حصے ابراہیم خلیل اللہ و موسیٰ صفی اللہ پر اس کا عطف ہے ۱۲

۱.. قوله نخستین:۔ یہ اشارہ ہے کہ سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم قبر شریف سے باہر تشریف لائیں گے۔ ۱۲ شیخ قدس سرہ

۲.. قوله پیشیناں:۔ یعنی ہم وجود و ظہور میں سب سے آخر میں آئے ہیں لیکن قیامت کے دن ہم پہلے مرتبہ میں اور اول درجہ میں ہونگے ۲

۳.. قوله عبدالمطلب:۔ عبدالمطلب عرب میں نہایت عظیم اور شریف و مشہور تھے۔ ۱۲

۴.. قوله منم:۔ یعنی میں نبوت و کتاب کا سب سے زیادہ مستحق ہوں، اس حدیث سے واضح ہے کہ ہر پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام صاحب نسب عظیم ہوتا ہے جیسا کہ حدیث ہرقل سے معلوم ہوتا ہے، آپ ﷺ کی یہ گفتگو ان کی سوچ فکر کا رد تھی کہ قرآن و نبوت ہم اور عرب کے بڑے بڑے لوگوں پر کیوں نہ نازل کی گئی، کیونکہ نبوت تو سراسر فضل الٰہی ہے اس میں حسب و نسب کا ہرگز دخل نہیں جیسا کہ قرآن مجید نے واضح کیا ہے: اَللّٰہُ اَعۡلَمُ حَیۡثُ یَجۡعَلُ رِسَالَتَہٗ ﴿ (اللہ خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کو کس جگہ رکھے) دوسرے مقام پر فرمایا: وَاللّٰہُ یَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ﴿ (اور اللہ خاص کرتا ہے اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے) اور فرمایا: وَکَانَ فَضۡلُ اللّٰہِ عَلَیۡکَ عَظِیۡمًا ﴿ (اور اللہ کا بڑا فضل ہے آپ پر)۔ الشیخ عبدالحق قدس سرہٗ

☆متن...... بین السطور...... معانی۔......

☆مصدقان...... راست دانندگان ومقران ۱۲...... سچا جاننے والے اور اقرار کرنے والے۔......☆مکذبان...... منکران و دروغ دانندگان ۱۲...... انکار کرنے والے اور جھٹلانے والے☆بنی آدم...... اولاد آدم علیہ السلام ۱۲...... آدم علیہ السلام کی اولاد۔......☆سنیّہ روشن ۱۲...... روشن، منور۔......☆سامی...... عالی ۱۲...... بلند۔......☆اعزّ از...... عزیز ترین زمان ۱۲...... زمانے سے زیادہ عزیز۔......

☆مقصر...... تقصیر دار ۱۲...... قصوروار۔......☆بے سر...... بے سامان ۱۲...... بے سروسامان، خالی۔......☆ماثور...... منقول ۱۲

بیان کی ہوئی حدیث اور روایت۔.....☆ایشان......شیخ فرید ۱۲.....شیخ فرید بخاری۔.....☆خیر العرب......وخیر العجم بطریق اولے ۱۲.....جو عرب سے افضل ہے وہ عجم سے بطریق اولیٰ افضل ہے۔.....☆اِنْ...... زائد ۱۲.....اِن زائد ہے یہاں اسکے معنی نہیں ہیں۔.....☆اَلنَّاسُ......الانبیاء ۱۲.....الناس سے مراد انبیاء ہیں۔.....☆مردم......پیغامبران ۱۲.....خداتعالیٰ کے پیغمبر۔.....☆کشاید......امر فرماید ۱۲.....حکم فرمایئے۔.....☆فرموده......درحق خود ۱۲.....اپنے بارے میں، اپنے حق میں۔.....☆منم بیان گفتار ۱۲.....پہلے فقرے میں مذکور "گفتارے" لفظ کا بیان ہے۔.....☆بہترین ایشاں......نوع انسان ۱۲.....تمام انسانوں سے بہترین۔.....☆دوگروه......عرب وعجم ۱۲.....عرب دنیا اور باقی ساری دنیا کے انسان۔.....☆فرقۂ......عرب ۱۲..... عرب میں رہنے والے۔☆بہترین قبائل......قریش ۱۲.....تمام قبیلوں سے بہترین قبیلہ قریش۔☆بہترین خانہائے...... خانہ ہاشم ۱۲ تمام خاندانوں سے بہترین خاندان ہاشم۔.....☆بہترین ایشان......آدمیان ۱۲.....تمام آدمیوں سے بہترین۔.....

﴿صہ۱۲﴾ ۱ قولہ نومیذ:۔لوگ انبیاء سے شفاعت کا سوال کریں گے اور وہ اس پر اقدام (جرأت) نہیں کریں گے اور عذر پیش کریں گے جیسا کہ حدیث شفاعت میں آیا ہے۔ ۱۲

۲.. قولہ کلیدہا:۔یعنی بہشت اور رحمت کے دروازوں کی چابیاں قیامت کے دن میرے ہاتھ میں ہوں گی۔ ۱۲

۳.. قولہ بیضاوی:۔امام بیضاوی نے اللہ سبحانہ کے قول کَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ کی تفسیر میں فرمایا: یہاں حوروں کو شتر مرغ کے انڈے سے تشبیہ دی گئی ہے وہ غبار سے محفوظ ہوتا ہے اور وہ حنائی اور سفیدی جس کے ساتھ زردی ہوتی ہے اور یہ خوبصورت رنگ ہے۔مجمع البحار میں ہے بَيْضٌ مَّكْنُونٌ سے مراد وہ موتی ہیں جسے ہاتھ نہیں لگے بلکہ کسی آنکھ نے نہیں دیکھا، وہ صدف میں ہیں، ان تک ابھی ہاتھ پہنچا ہی نہیں ہے ۱۲ (الشیخ عبدالحق قدس سرہٗ)

۴.. قولہ لَوْلَاهُ لَمَا خَلَقَ اللّٰهُ...الخ:۔اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے: يَقُوْلُ اللّٰهُ: وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الدُّنْيَا وَلَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْجَنَّةَ (اور مجھے میری عزت وجلال کی قسم اگر تم نہ ہوتے تو میں دنیا کو پیدا نہ کرتا، اور اگر تم نہ ہوتے تو میں جنت کو پیدا ہی نہ کرتا) (امام قسطلانی نے) المواہب الدنیہ میں اس حدیث کو نقل کیا ہے اور ابن طغربک کی طرف منسوب کیا ہے ان الفاظ سے: لَوْلَاهُ مَا خَلَقْتُكَ (اگر وہ نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا) آدم علیہ السلام کو خطاب کرتے ہوئے مزید فرمایا: وَلَا خَلَقْتُ سَمَاءً وَّلَا اَرْضَ (اور میں نہ آسمان کو پیدا کرتا اور نہ زمین کو) (امام قسطلانی نے) پھر فرمایا: اس حدیث کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے جس کو امام حاکم نے اپنی صحیح مستدرک میں حضرت عمرؓ سے روایت کیا ہے: اِنَّ اٰدم رَأٰى اِسْمَ مُحَمَّدٍ مَكْتُوبًا عَلَى الْعَرْشِ...(بے شک آدم علیہ السلام نے عرش پر محمد ﷺ کا نام لکھا ہوا دیکھا) وَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِاٰدَمَ لَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُكَ (اور بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے فرمایا: اگر محمدؐ نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا نہ کرتا) امام زرقانی نے بیان کیا کہ ابوالشیخ اور حاکم نے ابن عباسؓ سے روایت کیا کہ اَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى عِيْسٰى اٰمِنْ بِمُحَمَّدٍ وَمُرْ أُمَّتَكَ أَنْ يُؤْمِنُوْا بِهِ، فَلَوْلَا مُحَمَّدٌ مَاخَلَقْتُ اٰدَمَ وَلَا الْجَنَّةَ وَلَا النَّارَ الحدیث (اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ محمدؐ پر ایمان لاؤ اور اپنی امت کو بھی حکم دو کہ وہ بھی ایمان لائیں، پس اگر محمدؐ نہ ہوتے تو میں آدم کو پیدا نہ کرتا، اور نہ جنت کو اور نہ دوزخ کو۔ الحدیث) اس حدیث کو امام سبکی نے شفاء السقام میں برقرار رکھا ہے اور بلقینی نے اپنے فتاویٰ میں کہا: اس قسم کی بات اپنی رائے سے نہیں کہی جاسکتی۔ دیلمی نے ابن عباسؓ سے مرفوعاً بیان کیا ہے: اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لَوْلَاكَ مَاخَلَقْتُ الْجَنَّةَ، وَلَوْلَاكَ مَاخَلَقْتُ النَّارَ (میرے پاس جبریل آئے تو انہوں نے کہا: بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اگر آپؐ نہ ہوتے تو میں جنت نہ پیدا کرتا، اور اگر آپؐ نہ ہوتے تو میں دوزخ پیدا نہ کرتا)۔ میں کہتا ہوں اس حدیث کے معنی صحیح ہونے میں کوئی شبہ نہیں، اور حقیق کے مطابق ہے تمام صوفیاء کے نزدیک، اور ان کے علاوہ باقی علماء کے نزدیک، یہ صحیح ہے انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ تمام مضمون علامہ محمد مرادمکی نے تحریر کیا ہے۔ میں (مولانا نوراحمدؒ) کہتا ہوں: اس مذکورہ حدیث کی تائید اس آیت کریمہ سے ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاِذْقَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِيْفَةً (اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے فرمایا: میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں) دیکھو کس طرح اللہ تعالیٰ نے مضاف بنایا ہے اپنی ربوبیت کو نبی کے لئے کاف ضمیر کی طرف، یہ ترکیب دلالت کرتی ہے کہ اصل مقصود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اس کائنات کے پیدا کرنے کا، خوب سمجھو یہ بڑی باریک بات ہے، انشاءاللہ صحیح غور وفکر کرنے سے یہ حقیقت منکشف ہوجائے گی۔ ۱۲

Marfat.com

۵.. قولہ نمی بودی:۔ بیت از پئے آمرزش عالم گزید از جملہ خلق ذاتِ بے ہمتا چو خود یعنی محمد مصطفےٰ
معنی لفظ خدائی مدعائے امر کن باعث ایجاد عالم سید ہر دو سرا

ترجمہ: تمام مخلوقات میں سے جہاں کی بخشش کے لئے جبکہ خود (خدائے پاک نے) بے مثل ذات یعنی محمد مصطفےٰ ﷺ کو چن لیا ہے۔لفظ خدائی کے معنی سے مراد ''امر کن'' ہے۔یعنی ایجادِ عالم کا باعث سیّد کونین ﷺ ہیں۔

۶.. قولہ کنتم...الخ:۔ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورہ آل عمران پارہ لن تنالو میں ۱۱۰ نمبر پر ہے، یعنی تم اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام امتوں سے بہتر ہو جو عالم میں بھیجی گئیں ۱۲

۷.. قولہ الاعراب..الخ:۔یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ توبہ پارہ یعتذرون میں ۹۷ نمبر پر ہے یعنی صحرانشین لوگ کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں۔۱۲

ـ..قولہ وکان...الخ:۔ترمذی نے روایت کیا ہے: مَتٰی کُنْتَ نَبِیًّا؟ قَالَ: وَآدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ (آپ کب سے نبی ہیں؟ آپ نے فرمایا: آدم علیہ السلام ابھی روح اور جسم کے درمیان تھے، یعنی ان کے تن میں ابھی جان بھی نہ آئی تھی) صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں ہے: اِنِّیْ لَمَکْتُوْبٌ عِنْدَ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِیْنَتِہٖ (بے شک میں اللہ کے نزدیک خاتم النبیین لکھا ہوا تھا اور آدم علیہ السلام ابھی اپنے خمیر میں پڑے تھے) (یعنی ان کا پتلا ابھی تیار نہ ہوا تھا) یعنی ان کے تن من...... جان نہیں آئی تھی ۱۲

☆ وَاَنَا مُسْتَشْفِعُھُمْ...... بفتح فاؤ کسرہ ہر دو روایت است بر تقدیر ثانی ترجمہ انیست طلب مے کنم از خدا کہ شفاعت کنم مردم را فا پر زبر اور زیر دونوں روایتیں ہیں دوسری روایت کے مطابق ترجمہ یہ ہے کہ میں خدا تعالیٰ سے تمام انسانوں کے لئے شفاعت طلب کروں گا

☆ **حبس**...... یعنی ایستادہ کردہ شوند در موقف ۱۲...... یعنی میدانِ محشر میں کھڑے کئے گئے ہوں گے...... ☆ **مکنون**...... مستور و پوشیدہ ۱۲ پوشیدہ اور پردے میں رکھے ہوئے......

﴿صہ ۱۳﴾ ۱.. قولہ لَعَلَّ اللّٰہَ...الخ:۔ یہ اشارہ اس آیہ کریمہ کی طرف جو سورہ طلاق پارہ قد سمع اللہ میں ہے، شیخ قدس سرہٗ نے وہاں سے اقتباس کیا ہے، یعنی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے بعد اور امر (راستہ) پیدا فرمادے گا...الخ۔ ۱۲

☆ **رضیہ**...... پسندیدہ ۱۲...... پسندیدہ۔...... ☆ **کہف**...... غارا ۱۲...... غار والے یعنی جن کا ذکر سورہ کہف میں ہے۔......

☆ **استیلاء**...... غلبہ ۱۲...... غلبہ، تسلّط۔...... ☆ **باایشاں**...... در ظاہر ۱۲...... ظاہر میں ظاہری طور پر۔...... ☆ **بے ایشان**...... در باطن ۱۲...... باطن میں۔...... ☆ **از مضی**...... گذشتن ۱۲...... گذرنا۔...... ☆ **مساعدت**...... مدد ۱۲...... مدد۔......

☆ **اطناب**...... درازی کلام ۱۲...... کلام کو طویل کرنا۔...... ☆ **املال**...... در ملال انداختن ۱۲...... رنجیدہ کردینا۔...... ☆ ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَلٰی...الخ...... ثبات و قیام بخشد شمارا خدائی پاک بر شاہراہ بزرگان شما از پدر و جد سلام بر شما بر ایشان تا روز رستخیز ۱۲
...... اللہ سبحانہ ثابت قدم رکھے آپ کو اپنے آباءاجداد کے طریق پر آپ پر اور ان پر قیامت تک سلامتی ہو۔......

﴿۴۵﴾ پینتالیسواں مکتوب

یہ بھی سرداری اور شرافت کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا۔ یہ مکتوب آپ نے اپنے پیر دستگیر کے اس دنیائے فانی سے رحلت فرمانے کے بعد لکھا تھا اور چونکہ آپ کے پیرومرشد بزرگوار کی خانقاہ کے فقرا کی ظاہری تقویت شیخ فرید موصوف سے منسوب تھی اس لئے اس کے شکر کا اظہار فرمایا اور انسان کی جامعیت کی وجہ بیان کی ہے جو کہ انسان کے کمال کا سبب بھی ہے اور اس کے نقصان کا سبب بھی، اور ساتھ ہی ماہِ مبارک رمضان شریف کے فضائل اور اس کے مناسب امور کا ذکر فرمائے ہیں۔

ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَلٰی جَادَّۃِ اٰبَائِکُمُ الْکِرَامِ وَسَلَّمَکُمْ عَنْ مُوْجِبَاتِ التَّلَھُّفِ وَالتَّاَسُّفِ بِمُرُوْرِ الشُّھُوْرِ وَالْاَیَّامِ (اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے بزرگ آباواجداد کے راستہ پر ثابت قدم رکھے اور مہینوں اور ایام گزر جانے کے ساتھ ساتھ غم

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

واندوہ کے اسباب سے سلامت رکھے) اللہ تعالیٰ عزوجل کے دوست اس حدیث اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (یعنی آدمی اُسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ اس کو محبت ہوتی ہے) کے مطابق حق تعالیٰ کے ساتھ ہیں لیکن ان کا بدنی تعلق اس معیت واتصال کے درمیان ایک قسم کا مانع ہے۔ اس مادی جسم اور ظلمانی ڈھانچہ سے الگ وجدا ہونے کے بعد تمام قرب درقرب اور اتصال دراتصال ہے۔ فقولہ اَلْمَوْتُ جِسْرٌ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ۔ (موت ایک پُل ہے جو دوست کو دوست سے ملاتا ہے) میں اس حقیقت کا بیان ہے۔ اور آیت کریمہ مَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ (سورۂ عنکبوت ۲۹ آیت ۵) (جو شخص اللہ کا دیدار چاہتا ہے (اُس کو جان لینا چاہیے کہ) اللہ تعالیٰ کا وعدہ (یعنی موت) آنے والا ہے)۔ جس کا مضمون مشتاقین کیلئے تسلی بخش ہے، اللہ تعالیٰ اس آیت مبارکہ میں اسی رمز کو بیان فرماتا ہے لیکن ہم پسماندوں اور عاجزوں کا حال بزرگوں کی حضوری کی دولت کے بغیر خراب وابتر ہے (یعنی ہمارے پیرو مرشد اس دارفانی سے عالمِ جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے اور ترقی کی بلندی کو پہنچ گئے لیکن ہم ان کے بعد دنیا میں رہ جانے والے مریدین کا حال ان کی عدم موجودگی کے باعث خراب وابتر ہے، مؤلف)

اکابر قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم کی روحانیات سے فیض حاصل کرنا چند شرطوں پر مشروط ہے کہ جن کے پورا کرنے کی ہر شخص میں طاقت نہیں ہے (یعنی بزرگوں کی وفات کے بعد ان کی ارواح سے فیض حاصل کرنا جن شرطوں پر موقوف ہے ان کا پوری طرح حق ادا کرنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں، مؤلف) لیکن اللہ تعالیٰ منعمِ حقیقی کا حمد واحسان ہے کہ اس ہولناک حادثہ اور وحشتناک واقعہ کے بعد اِن بے سروسامان فقراء کا مُربی ومددگار بھی دین ودنیا کے سردار آنحضرت ﷺ کے اہلِ بیت میں سے مقرر ہوا ہے جو کہ اس سلسلہءعالیہ کے انتظام کے سبب اور نسبتِ نقشبندیہ کی جمعیت کا وسیلہ ہے۔ بے شک یہ نسبتِ عالیہ جو کہ اس ملک میں بہت غریب ونادر ہے اور اس نسبت والے حضرات اس ملک میں بہت ہی تھوڑے ہیں چونکہ اہلِ بیت کی نسبت ہے تو اس نسبت کا مُربی بھی اہلِ بیت ہی میں سے ہونا مناسب ہے اور اس نسبت کو تقویت دینے کا ذریعہ بھی انہی اہلِ بیت میں سے ہونا اولیٰ وبہتر ہے تاکہ اس دولتِ عظمیٰ کی تکمیل کسی غیر کے حوالہ نہ ہوجائے۔ جس طرح اس بڑی نعمت (یعنی نسبت نقشبندیہ) کا شکر فقراء پر واجب ہے اسی طرح اس دولت (یعنی کسی اہلِ بیت مثلاً شیخ فرید کی تربیت میں ہونے) کا شکر بھی ان کے ذمہ لازم ہے۔

انسان جس طرح باطنی جمعیت کا محتاج ہے اسی طرح وہ ظاہری جمعیت کی بھی احتیاج رکھتا ہے بلکہ یہ احتیاج مقدم ہے کیونکہ تمام مخلوق میں سب سے زیادہ محتاج انسان ہے اور اس کا سب سے زیادہ محتاج ہونا اس کی جامعیت کے سبب لاحق ہوا ہے، اور جو کچھ سب مخلوق کے لئے درکار ہے وہ سب اس اکیلے کو درکار ہے، اور یہ جس جس چیز کا محتاج ہے اور اس کے ساتھ تعلق بھی رکھتا ہے اس لئے اس کے تعلقات سب سے زیادہ واقع ہوئے ہیں اور ہر تعلق سے اللہ تعالیٰ وتقدس جل سلطانہٗ کی جانب سے روگردانی لازم آتی ہے، پس انسان اس لحاظ سے مخلوقات میں سب سے زیادہ محروم ہوگیا۔

پایہ آخر آدم ست و آدمی	گشت محرومی از مقامِ مَحرمی
گرنہ گردد باز مسکیں زیں سفر	نیست از وے ہیچ کس محروم تر

ترجمہ:۔ ہے نزولِ آخری میں آدمی	پس ہے محرومِ مقامِ مَحرمی
گرنہ لوٹے اس سفر سے وہ غریب	کیا کہوں پس ہے نہایت بدنصیب

Marfat.com

اور حالانکہ تمام مخلوقات سے اس (انسان) کے افضل و اشرف ہونے کا سبب بھی یہی وجہ جامعیت ہے اسی لئے اس کا آئینہ پورا اور کامل اور جو کچھ تمام مخلوقات کے آئینوں میں ظاہر ہے وہ سب کچھ اس کے ایک آئینے میں روشن و ظاہر ہے پس اس جہت سے تمام مخلوقات سے بہتر انسان ہوا، اور اسی جہت سے تمام موجودات سے بدتر بھی یہی (یعنی انسان ہی) ہے۔ اسی نوع انسانی میں سے حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات بھی ہیں اور اسی سے ابوجہل علیہ اللعنۃ بھی تھا، اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ان فقراء کی ظاہری جمعیت کے ذمہ دار آپ ہی ہیں اور باطنی جمعیت کے بارے میں بھی اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ (بیٹا اپنے باپ کا ہمراز و نمونہ ہوتا ہے) کے مصداق آپ کے متعلق بڑی کامل امید ہے۔ اور چونکہ آپ کا بزرگ عنایت نامہ رمضان المبارک کے مہینے میں شرف صدور لایا ہے اس لئے (اس فقیر کے) دل میں خیال آیا کہ اس بڑی قدر و منزلت والے مہینے کے کچھ فضائل لکھے۔

جاننا چاہیئے کہ رمضان المبارک کا مہینہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے، نفلی عبادات نماز، ذکر اور صدقہ وغیرہ جو اس مہینے میں ادا کی جائے وہ دوسرے دنوں کے فرض ادا کرنے کے برابر ہے اور اس مہینے میں کسی فرض عبادت کا ادا کرنا دوسرے مہینوں کے ستر ۷۰ فرضوں کے ادا کرنے کے برابر ہے۔ ایک فضیلت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اس مبارک مہینے میں کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرائے تو اس کو بخش دیتے ہیں اور اس کی گردن کو دوزخ کی آگ سے آزاد کر دیتے ہیں اور اس (افطار کرانے والے) کو اس روزہ دار کے اجر کے برابر اجر عطا فرماتے ہیں بغیر اس کے کہ اس روزہ دار کے اجر میں سے کچھ کم کریں، اور اسی طرح اگر کوئی شخص اپنے غلاموں سے خدمت لینے میں کمی کرے تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے اور اس کو دوزخ کی آگ سے آزاد فرما دیتا ہے۔ رمضان المبارک کے مہینے میں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ قیدیوں کو آزاد فرما دیا کرتے تھے اور جو شخص آپ ﷺ سے جو کچھ مانگتا آپ ﷺ اُس کو عطا فرما دیتے تھے۔

اگر کسی شخص کو اس ماہِ مبارک میں خیرات اور اعمالِ صالحہ کی توفیق حاصل ہو جائے تو تمام سال اس کو ان اعمال کی توفیق شامل حال رہتی ہے اور اگر کسی کا یہ مہینہ اعمالِ صالحہ سے پراگندگی و کوتاہی میں گذرا تو اس کا تمام سال پراگندگی و کوتاہی میں گذرتا ہے (لہٰذا) جہاں تک ہو سکے اس مہینے میں اعمالِ صالحہ پر جمعیت و پابندی کی کوشش کرنی چاہیئے اور اس مہینے کو غنیمت جاننا چاہیئے۔
اور اس ماہِ مبارک کی ہر رات میں کئی ہزار دوزخ کے مستحق آدمیوں کو آزادی ملتی ہے۔ اور اس مہینے میں بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے اور رحمت کے دروازے کھول دیتے ہیں۔

اور افطار میں جلدی کرنا اور سحری کھانے میں تاخیر کرنا سنت ہے اور اس بارے میں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام مبالغہ (یعنی بہت تاکید) فرماتے ہیں اور شاید سحری کھانے میں تاخیر اور افطار میں جلدی کرنے میں اپنے عاجز و محتاج ہونے کا اظہار ہے جو کہ بندگی کے مقام کے مناسب ہے۔ اور کھجور یا چھوہارے سے افطار کرنا سُنت ہے اور (آنحضرت ﷺ افطار کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے: ذَھَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْشَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی (یعنی پیاس دور ہوگئی اور رگیں تر ہوگئیں اور اجر ثابت ہو گیا انشاء اللہ) ــــــ اس ماہِ مبارک میں نمازِ تراویح کا ادا کرنا اور (نمازِ تراویح) میں

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

قرآن مجید ختم کرنا سنتِ موکدہ ہے اور اس سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ وَفَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ بِحُرْمَۃِ حَبِیْبِہٖ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ وَالتَّحِیَّاتُ (اللہ سبحانہ اپنے حبیب علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات و التسلیمات والتحیات کے طفیل ہم کو ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے)۔

باقی آپ کو یہ تکلیف دی جاتی ہے کہ آپ کا عنایت نامہ عین ماہ رمضان المبارک میں پہنچا ورنہ حکم بجالانے میں اپنے آپ کو معاف نہ رکھتا، ماہ مبارک مذکور کے بعد کی بابت بات کرنا غیب کے متعلق حکم کرنا ہے اور (دنیا میں زندہ رہنے کی) بڑی لمبی امید کی خبر دینے والا بننا ہے (جو کہ مذموم ہے)۔ غرضیکہ جس طرح آپ کی مرضی ہوگی اس میں (یہ فقیر) کسی طرح بھی اپنے آپ کو معاف نہ رکھے گا کیونکہ آپ کے ظاہری و باطنی حقوق ہم فقراء کے ذمہ ثابت و لازم ہیں۔ حضرت قبلہ گاہی (ہمارے پیر و مرشد) قدس اللہ تعالیٰ سرہ فرمایا کرتے تھے کہ شیخ جیو کے حقوق تم سب پر ثابت و مقرر ہیں (کیونکہ) اس جمعیت کا باعث آپ ہی ہیں۔ حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنے حبیب پاک علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات اور آپ کی آلِ اطہار کے طفیل ہمیشہ پسندیدہ اعمال کی توفیق رفیق بخشے۔ اس سے زیادہ لکھنا آپ کو تکلیف دینا ہے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۳﴾ ۲ اظہارِ شکر... کیونکہ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ (جس نے لوگوں کا شکر نہ کیا اس نے اللہ کا شکر نہ کیا) ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی۔......

☆نقابت...... ستودگی وستودن ۱۲...... تعریف اور تعریف کرنا۔...... ☆ارتحال...... سفر نمودن ۱۲...... سفر کرنا، مراد ہے فوت ہو جانا۔......

﴿صہ۱۴﴾ ۱ قولہ ثبتکم اللہ ... الخ:۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے آباؤ اجداد کے راستے پر ثابت قدم رکھے اور مہینوں اور دنوں کے گذرنے کے ساتھ ساتھ غم و اندوہ کے اسباب سے سلامت رکھے۔ ۱۲

۲.. قولہ المرء مع من احب:۔ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے، اور یہ کئی بار گذر چکی ہے، یعنی آدمی اس کے ساتھ ہوگا (قیامت کے روز) جس کے ساتھ اس کو محبت ہے۔ ۱۲

۳.. قولہ اتصال است:۔ چونکہ بدن کھانے پینے اور لباس وغیرہ کا محتاج ہے تو خواہ وہ کتنا ہی نورانی ہو جائے اپنے طبعی تقاضوں سے فارغ نہیں ہوتا، پس یہ طبعی تقاضے اس کو حق تعالیٰ کے ساتھ کامل اتصال و تعلق قائم کرنے میں ایک حد تک مانع ہوتے ہیں۔ ۱۲

۴.. قولہ ازین پیکر ہیولانی:۔ یعنی ہیولیٰ کی صورت ہیولی کی طرف منسوب یعنی مادہ وہَیکل (ھ کی زبر سے) بہت بڑا جسم۔ ۱۲

۵.. قولہ من کان ... الخ:۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کا دیدار چاہتا ہے تو (اس کو جان لینا چاہیے کہ) اللہ تعالیٰ کا وعدہ آنے والا ہے۔ ۱۲

۶.. قولہ لیکن حال ما:۔ یعنی حضرت پیر دستگیر قدس سرہٗ کی وفات حسرتِ آیات سے ان کو کسی قسم کا نقص اور خرابی کا شائبہ نہیں بلکہ دنیا کی قید اور اسکی تنگی سے خلاصی حاصل کر لی ہے اور ترقی کی بلندی کو پہنچ گئے ہیں، لیکن ہم ان کے بعد دنیا میں رہ جانے والے مریدین کا حال ان کی عدم موجودگی کے باعث خراب وابتر ہے۔ اکابر قدس اللہ اسرارہم کی روحانیات سے فیض حاصل کرنا چند شرطوں پر مشروط ہے کہ جن کے پورا کرنے کی ہر شخص میں طاقت نہیں ہے ۱۲ (یعنی بزرگوں کی وفات کے بعد ان کی ارواح سے فیض حاصل کرنا جن شرطوں پر موقوف ہے ان کا پوری طرح ادا کرنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں)۔

۷.. قولہ اِیفاء:۔ (اِ کی زیر سے) کسی کا حق پورے طور دینا اور ادا کرنا۔ ۱۲

۸.. قولہ نسبت:۔ یعنی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ اہلِ بیت نبوت علیہم الصلوٰات والتسلیمات کے طریق سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں۔ ۱۲

۹.. قولہ نیز لازم:۔ یعنی اس شخص کا شکر بھی ان (اہل نسبتِ نقشبندیہ) پر لازم ہے جس کی تربیت سے انکی نسبت کو تقویت حاصل ہوئی اور قائم ہے

Marfat.com

اس حکم کی وجہ سے کہ شُکرُ الْمُنعِمِ وَاجِبٌ (نعمت دینے والے کا شکر واجب ہے) اور وہ مکتوب الیہ سید فرید بخاری ہیں۔۱۲

ے.. قولہ ایں دولت:۔یعنی یہ کہ مُربی (تربیت کرنے والا) بھی اہل بیت سے ہے۔ ۱۲

۱.. قولہ احتیاج:۔یعنی ظاہری جمعیت کی حاجت باطنی جمعیت کی حاجت پر مقدم ہے کیونکہ ظاہری جمعیت باطن جمعیت کے لئے تمہید اور ذریعہ ہے جیسا کہ کہا گیا ہے" پراگندہ روزی پراگندہ دل"۔ ۱۲

ے.. قولہ اتصال:۔

روح سلطانے ززندانے بجست — جامہ چہ دریم و چہ خائم دست
چونکہ ایشان خسرو دین بودہ اند — وقت شادی شد چو بشکستد بند
سوئے شادروان دولت تاختند — کندہ و زنجیر را انداختند

ترجمہ:۔ایک سلطان (فقر) کی روح قید خانے سے باہر کود گئی (وصال فرماگئے) ہم اپنا لباس کیوں پھاڑیں اور ہاتھ کیوں چبائیں کیونکہ وہ دین کے راہنما اور سردار ہوتے ہیں خوشی کے وقت گویا وہ (جسد مادی کا) بند توڑ دیتے ہیں، وہ روحوں کو خوش کرنے والی دولت کی طرف جھپٹتے ہیں (روح) کی بیڑیوں اور زنجیروں کو دور پھینک دیتے ہیں۔

☆نحوی......نوعے ۱۲......ایک قسم۔......☆انفصال...... جداشدن ۱۲......جدا ہونا۔......☆الموت...الخ......این مجموع خود مبتدا است ۱۲......یہ مجموعہ (عبارت) خود مبتدا ہے۔...... ۱۲☆اَلْمَوْتُ جِسْرٌ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ... الخ یعنی موت پلے است کہ میرساند دوست را بدوست ۱۲......پس عبارت کا ترجمہ اصلی مکتوب کے ترجمہ میں آ گیا ہے۔☆بیان......خبر ۱۲ یہ خبر ہے سابقہ مبتدا کی۔......☆کریمہ......مبتداء ۱۲......کریمہ کے لفظ سے لیکر آگے کے الفاظ مبتدا ہیں۔......☆رمزے...... خبر ۱۲......رمزے...میفر ماید تک خبر ہے۔......☆استفاضہ......جواب سوال مقدر ۱۲......سوال مقدر کا جواب ہے۔☆استفاضہ طلب فیض نمودن ۱۲......فیض طلب کرنا۔☆حادثہ......ارتحال پیر دستگیر از دار فانی ۱۲......پیر دستگیر خواجہ باقی باللہ کا دنیا سے کوچ کرنا۔......☆ہائلہ......ہولناک ۱۲......ڈراؤنا۔......☆متوحشہ......وحشتناک ۱۲......وحشت و حیرانی۔......☆این......مبتدا ۱۲......این سے لیکر مبتدا کی عبارت ہے۔......☆دیار......بلاد ۱۲......ملک۔......☆غریب......نادر و قلیل در رنگ مسافر ۱۲......بہت نادر اور کم مسافر کے طور پر۔......☆اقل قلیل......بسیار کمتر ۱۲......بہت ہی کم تر۔ ☆چون نسبت......جملہ شرطیہ خبر ۱۲......پورا جملہ شرطیہ خبر ہے۔......☆بیت......نبوت ۱۲......اہل بیت نبوت۔......☆آن......بیت نبوت ۱۲......نبی کے گھر والے۔......

☆آن دولت نسبت اہل بیت ۱۲......اہل بیت نبوت کی نسبت۔......

﴿صہ۱۵﴾ ۱.. قولہ پایہ:۔یعنی آدمی آخری بلند مرتبہ میں ہے اور آدمی ہی حق سبحانہ کی معرفت سے محروم ہوا ہے، یہ بیچارہ اگر دوری سے واپس نہ ہو تو اس سے زیادہ کوئی بھی محروم نہیں ہے بلکہ وہ تمام مخلوق سے زیادہ بدنصیب ہے۔ ۱۲

ومرتبة الانسان في أخر الورىٰ — لذلك عن عز الحضور تاخرا
فان لم يعد من بعده واغترابه — فلاشئ محروم كانس من الورىٰ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر درج ہوا ہے۔ ۱۲

۲.. قولہ اذکان...الخ:۔علۃ لماقبلہ و نشر علی ترتیب اللف یعنی اس سے پہلے جو عبارت ہے یہ اس کی علت ہے اور لف کی ترتیب پر نشر ہے، یعنی کیونکہ انسان کی ایک قسم سے محمد ﷺ ہیں اور ابوجہل بھی اس پر لعنت ہو۔ یہ طرز بیان لف کی ترتیب پر نشر ہے یہ ایک اصطلاح ہے۔ ۱۲

۳.. قولہ ابوجہل:۔خواجہ حافظ کہتے ہیں:

درین چمن گل بے خار کس نچید آرے — چراغ مصطفوی باشرار بولہبی است

ترجمہ:۔دنیا کے اس چمن میں کانٹوں کے بغیر کسی نے پھول نہیں چنے، (اسی طرح) چراغ مصطفوی ابولہب کی چنگاریوں کے ساتھ ہے۔ ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

۴ .. قولہ وشک نیست...الخ:۔حضرت مجدد قدس سرہٗ کے پہلے ارشاد'' آدمی چنانکہ بہ جمعیت... الخ'' کے ساتھ اس کا ربط ہے۔ ۱۲

۵ .. قولہ ''عبادتِ نافلہ سے وآزاد گرداند از آتش دوزخ'' تک اس حدیث سے ماخوذ ہے جس کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت سلیمان فارسی ﷺ سے روایت کیا۔۱۲(مشکوٰۃ)

۶ .. قولہ ''ودر ماہ رمضان آن حضرت'' سے شیخ مجدد قدس سرہٗ کے قول سوال میکر دمید اند تک اس مضمون کو امام بیہقی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے ۱۲

۷ ..قولہ در ہر شبے .. الخ اس کو امام ترمذی، امام ابن ماجہ، امام احمد نے طویل حدیث میں ولِلّٰہِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ، وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ ای من رمضان (یعنی رمضان کی ہر رات اللہ تعالیٰ جہنم سے لوگوں کو آزاد کرتا ہے) ۱۲ (مشکوٰۃ) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆او......انسان ۱۲......انسان۔......☆آمد......تمامتر ۱۲......پورا اور کامل ومکمل۔......☆مرآت......آئینہ۱۲......شیشہ۔☆لائح......ظاہر ۱۲ ظاہر۔......☆کفیلِ جمعیت......ذمہ دار ۱۲......ذمہ دار۔......☆اَلْوَلَدُ سِرٌّ لَّا اَبِیْهِ...... پسر رازیست مر پدر خود را ۱۲......بیٹا اپنے باپ کا ہمراز ونمونہ ہوتا ہے۔......☆صائمے......روزہ دارے ۱۲......روزہ دار، روزہ رکھنے والا۔......☆رَقَبہ......گردن ۱۲......گردن۔......☆ خدمت کار ۱۲......کام کاج۔......☆مملوک......غلام ۱۲......غلام زرخرید۔......☆ سیر......بندی۱۲......قیدی۔......☆مہما اَمکَن...... حتی المقدور ۱۲......طاقت کے مطابق۔......☆جمعیت......درین ماہ ۱۲...... ماہ رمضان میں۔......

﴿صہ۱۶﴾ ۱ قولہ ودرین ماہ... الخ۔عن ابی ہریرہ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :اذ دخل رمضان فتحت ابواب السماء وفی روایۃ:فتحت ابواب الجنۃ وغلقت ابواب جہنم وسلسلت الشیاطین ،وفی روایۃ: فتحت ابواب الرحمۃ۔ متفق علیہ ۱۲(مشکوٰۃ)

ترجمہ:۔حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رمضان داخل ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھ دیے جاتے ہیں، اور ایک روایت میں ہے رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ ۱۲

۲ .. قولہ تعجیل افطار...الخ:۔ عن ابی ہریرہ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم :قال اللّٰہ تعالیٰ: احب عبادی اِلَیَّ اعجلھم فطرا،رواہ الترمذی (یعنی میرے بندوں میں سے سب سے پیارا بندہ میرے نزدیک وہ ہے جو سب سے جلدی روزہ کھولتا ہے، متابعتِ حضور کا شرف حاصل کرنے کی وجہ سے اور رخصت دینے کی شکرگزاری، نعمت کو غنیمت جاننے، نیز بندگی اور اپنی حاجت مندی ظاہر کرنے کے لحاظ سے)۔

عن سھل قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یزال الناس بخیر ماعجلوا الفطر متفق علیہ (یعنی لوگ ہمیشہ خیر سے رہیں گے جب تک روزہ کھولنے میں جلدی کرتے رہیں گے)۔

صحیح بخاری میں حضرت انس ﷺ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے سحری کرنے اور نماز صبح شروع کرنے کے دوران اس قدر فاصلہ ہوتا تھا کہ آدمی پچاس آئتیں قرآن کریم کی پڑھ سکتا تھا۔

نیز مروی ہے قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یزال الدین ظاھرا ماعجل الناس الفطر لان الیھود والنصاریٰ یؤخرون ،رواہ ابو داود وابن ماجہ از مشکوٰۃ (یعنی دین ہمیشہ غالب رہے گا جب تک لوگ روزہ جلدی افطار کرتے رہیں گے کیونکہ یہودی اور نصاریٰ (عیسائی) روزہ دیر سے افطار کرتے ہیں۔

پس ان کی مخالفت اور ان کے اعمال مٹانے کی وجہ سے اس دین کو غلبہ اور شوکت حاصل ہوگی اس حدیث میں اشارہ ہے کہ دین اسلام کے دشمنوں کی مخالفت کرنے سے دین کا غلبہ اور درستگی ہے۔

۳ .. قولہ بخرما افطار کردن...الخ:۔عن ابن عامر رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم إذاأفطر احدکم فلیفطر علی تمر،فانہ برکۃ،فان لم یجد فلیفطر علی ماء فانہ طھور ۔رواہ احمد والترمذی وابو داؤد وابن ماجہ والدارمی ولم یذکر فانہ برکۃ غیر الترمذی ۔

ترجمہ:۔ابن عامرؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی افطار کرے تو کھجور سے افطار کرے کیونکہ وہ برکت

Marfat.com

ہے، اگر کھجور نہ پائے تو پانی سے افطار کرے کیونکہ وہ پاکیزگی کا سبب ہے۔

۴.. قولہ ذَهَبَ الظمأءُ...الخ:۔یعنی پیاس بجھ گئی اور زائل ہوگئی ہے اور رگیں تروتازہ ہوگئی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک اجروثواب ثابت ہو گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔

افطار کے وقت یہ دعا بھی پڑھتے ہیں: اللهم لك صمت وعلى رزقك افطرت (اے اللہ! میں نے تیرے لئے روزہ رکھا ہے۔ اور تیرے رزق سے افطار کیا ہے۔) اس کو ابوداؤد نے مرسلاً روایت کیا ہے۔ ۱۲ (مشکوٰۃ)

۵.. قولہ آدائے تراویح...الخ:۔الترويحة الجلسة في الاصل سميت بها الاربع ركعات التي آخرها الترويحة بعلاقة المجاورة، ويمكن ان يكون نفسها راحة كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارحنايا بلال، روى اسد بن عمرو عن أبي يوسف قال سألت ابا حنيفه عن التراويح وما فعله عمر رضي الله عنه فقال التراويح سنة مؤكدة ولم يتخرّصه عمر رضي الله عنه من تلقاء نفسه ولم يكن فيه مبتدعاً، ولم يأمربه الاعن اصل لديه وعهد من رسول الله صلى الله عليه وسلم وسن ختم القرآن في التراويح مرة في الشهر، ومرتين فضيلة، وثلاثا في كل عشرة افضل وعن ابي حنيفة رحمه الله انه كان يختم في رمضان احدى وستين ختمة ۱۲ مراقی الفلاح وطحطاوی لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ترجمہ:۔ترویحہ اصل میں ایک بار بیٹھنے کو کہتے ہیں، یہ ان چار رکعتوں کا نام رکھ دیا گیا ہے جن کے آخر میں آرام کے لئے بیٹھتے ہیں ترویحہ کے ساتھ قریب کا تعلق ہونے کی وجہ سے، اور ممکن ہے کہ بطور خود اس میں راحت کی وجہ سے ترویحہ کہا گیا ہو جیسا کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: اے بلال! ہمیں راحت پہنچایئے (یہ نماز کی طرف اشارہ ہوتا تھا کیونکہ نماز میں حقیقی راحت حاصل ہوتی ہے) اسد بن عمرو نے امام یوسف سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام ابوحنیفہ سے تراویح کے متعلق سوال کیا اور جو حضرت عمرؓ نے اس کے بارے میں نماز تراویح کو جاری فرمایا۔ امام ابوحنیفہ نے فرمایا: تراویح سنت مؤکدہ ہے، حضرت عمرؓ نے یہ تراویح اپنی طرف سے ایجاد نہیں کی، اور نہ وہ اس فعل سے بدعتی ہوئے، انہوں نے یہ حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اصل سنت پا کر دیا تھا، ماہ رمضان میں ایک بار تراویح میں قرآن ختم کرنا سنت اور دو بار ختم کرنا فضیلت ہے اور تین ختم ہر دس دن میں سب سے افضل ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ علیہ رمضان المبارک میں اکسٹھ ۶۱ قرآن ختم کیا کرتے تھے۔ مراقی الفلاح وطحطاوی (ص ۲۶۹، ۲۷۰) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ مانا......شاید ۱۲......شاید کہ۔......☆ وَفِّقْنَا......توفیق بخشد مارا ۱۲......اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق بخشے۔......☆ الّا......ورنہ ۱۲...... ورنہ......☆ مُنْبِي ء......اسم فاعل از انباء بمعنے خبر دادن ۱۲......انباء سے اسم فاعل انباء کے معنی خبر دینا ہیں۔......☆ مُنْبِي ء......خبر دہندہ از دراز ے امید زیست دنیا و آں مذموم است شرعاً و عقلاً ۱۲......دنیا میں زندہ رہنے کی بڑی لمبی امید کی خبر دینے والا بنا ہے جو کہ عقلاً و شرعاً مذموم ہے☆ قبلہ گاہی......پیر دستگیر ۱۲......یعنی حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ......☆ مَرْضِيَّه......پسندیدہ ۱۲......پسند کیا ہوا......

چھیالیسواں مکتوب (۴۶)

یہ مکتوب بھی سرداری و شرافت کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا، اس بیان میں کہ حق تعالیٰ و تقدس کا وجود اور اس کی وحدت بلکہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی نبوت اور وہ تمام احکام جو آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے بدیہی ہیں اور کسی فکر و دلیل کے محتاج نہیں ہیں اور ان سب کے بدیہی (یعنی جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو) ہونے کی وضاحت کیلئے بہت سے دلائل بیان فرمائے ہیں۔

ثَبَّتَكُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَلٰى جَادَّةِ اٰبَائِكُمُ الْكِرَامِ عَلٰى اَوَّلِهِمْ وَاَفْضَلِهِمْ اَوَّلًا وَعَلٰى بَوَاقِيْهِمْ ثَانِيًا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ (اللہ سبحانہٗ آپ کو اپنے بزرگ آباؤ اجداد کے راستہ پر ثابت قدم رکھے، اول ان سب میں سے اول و افضل پر اور پھر سب پر صلوٰۃ و سلام ہو)۔

Marfat.com

حق تعالیٰ وتقدس کا وجود اور اسی طرح اس کی وحدت بلکہ حضرت محمد ﷺ کی نبوت بلکہ جو کچھ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں وہ سب بدیہی ہیں اور کسی فکر و دلیل کے محتاج نہیں ہیں بشرطیکہ انسان کی قوتِ مُدرکہ تمام ردّی آفتوں اور باطنی بیماریوں (مثلاً تکبر، حسد، طولِ امل، طمع، ریا اور بغض وغیرہ) سے صحیح وسالم و محفوظ ہو، ان امور میں نظر وفکر کرنا۔ قوتِ مدرکہ میں کسی (باطنی) بیماری و آفت کے موجود ہونے تک ہے لیکن امراضِ قلبی سے نجات حاصل کرنے اور باطنی آنکھ کا پردہ دُور ہو جانے کے بعد ہدایت کے سوا اور کچھ نہیں ہے مثلاً صفراوی مزاج والا آدمی جب تک مرضِ صفرا میں گرفتار ہے قند و مصری کی شیرینی اس کے نزدیک دلیل کی محتاج ہے لیکن اس مرض (صفرا) کے دور ہو جانے کے بعد قند و مصری کی شیرینی پر کسی دلیل کی ضرورت نہیں رہتی اور جس احتیاج کا مبداء آفت و بیماری کا وجود ہے وہ ہدایت کے مخالف نہیں ہے۔ بیچارہ احول (بھینگا ٹیڑھی آنکھ والا آدمی) جس کو ایک آدمی دو نظر آتے ہیں اور اس شخص کے ایک نہ ہونے کا حکم کرتا ہے وہ معذور ہے اور احول میں بیماری کا وجود اس شخص کی وحدت کو 'بدیہی ہونے سے خارج نہیں کرتا اور نہ ہی اس کو دلیل و نظر کا محتاج کرتا ہے۔

اور یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ استدلال کا میدان بہت تنگ ہے اور دلیل کے ذریعہ یقین کا حاصل ہونا بہت دشوار ہے، پس یقینی ایمان حاصل کرنے کیلئے قلبی امراض کو دُور کرنے کی فکر کرنا ضروری ہے۔ صفراوی مزاج والے کو قند و مصری کی شیرینی کا یقین حاصل کرنے لئے صفرا کی بیماری کا دور کرنا اس بات سے زیادہ ضروری ہے کہ قند و مصری کی شیرینی کے یقین پر دلیل قائم کرے۔ بھلا اس کو دلیل کے ساتھ یقین کس طرح حاصل ہو سکتا ہے۔ جب کہ اس کا وجدان (باطنی ذوق وعلم) صفرا کی بیماری کے باعث قند و مصری کے تلخ ہونے کا حکم کرتا ہے۔ جس کا ہم ذکر کر رہے ہیں اس کا یہی حال ہے۔

نفسِ امارہ بالذات (فطری طور پر) شرعی احکام کا منکر ہے اور طبعی طور پر اُن کے برخلاف حکم کرنے والا ہے۔ پس ان سچے احکام کا دلیل کے ذریعے یقین حاصل کرنا جب کہ استدلال کرنے والے کا وجدان ان کا انکار کرتا ہو نہایت دشوار ہے، پس نفس کا تزکیہ (یعنی رذائل سے پاک کرنا) نہایت ضروری ہے۔ تزکیہ حاصل کئے بغیر یقین کا حاصل کرنا بہت دشوار ہے۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ه وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ه (سورۃ الشمس ۹۱ آیت ۹،۱۰) (تحقیق وہ فلاح پا گیا جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا اور وہ ناکام ہوا جس نے نفس کو برائیوں میں ڈالا) پس ثابت ہو گیا کہ اس روشن شریعت اور واضح ملت کا انکار کرنے والا قند و مصری کی شیرینی کے منکر کی طرح ہے۔

مصرع: خورشید نہ مجرم ار کسے بینا نیست

ترجمہ دیکھ سکتا نہیں جو نا بینا اس میں سورج کی کچھ نہیں ہے خطا

پس سیر و سلوک و تزکیہ نفس و تصفیۂ قلب سے مقصود ان باطنی آفتوں اور قلبی امراض کو دور کرنا ہے جن کی طرف آیت کریمہ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَرَضٌ (بقرہ ۲ آیت ۱۰) (ان کے دلوں میں مرض ہے) میں خبر دی گئی ہے تاکہ ایمان کی حقیقت حاصل ہو جائے اور ان امراض و آفات کے موجود ہوتے ہوئے اگر ایمان حاصل ہے تو وہ صرف ظاہر کے اعتبار سے ہے کیونکہ نفسِ امارہ کا وجدان (باطنی ذوق) اس کے برخلاف حکم کرتا ہے اور اپنے کفر (سرکشی) کی حقیقت پر مستعد اور اڑا ہوا ہے، اس قسم کے ایمان

Marfat.com

اور ظاہری تصدیق کی مثال ایسی ہے جیسے قند و مصری کی مٹھاس کے ساتھ صفراوی مزاج والے کا ایمان ہوتا ہے کیونکہ اس کا وجدان اس کے (ایمان کے) خلاف گواہ ہے، شکر کی مٹھاس کے ساتھ حقیقی یقین کا حاصل ہونا مرضِ صفرا کے دور ہو جانے کے بعد ہی پایا جاتا ہے۔ پس تزکیہء نفس اور اس کے مطمئنہ ہو جانے کے بعد ایمان کی حقیقت حاصل ہوتی ہے، اس کا ایمان وجدانی ہو جاتا ہے اور اس قسم کا ایمان زوال سے محفوظ ہے۔ آیت کریمہ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (سورۂ یونس ۱۰ آیت نمبر ۶۲) (یادرکھو جو لوگ اللہ کے دوست ہیں نہ ان کو ڈر ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے) ایسے ایمان والے لوگوں کے حق میں صادق آتی ہے۔ شَرَّفَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ بِشَرَفِ هٰذَا الْاِيْمَانِ الْكَامِلِ الْحَقِيْقِيِّ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْقَرَشِيِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوٰاتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا (اللہ تعالیٰ اپنے امی قرشی نبی محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات وافضلہا من التسلیمات اکملہا کے طفیل اس قسم کے کامل اور حقیقی ایمان سے مشرف فرمائے، آمین)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۷۰﴾ ۱. قولہ تَبَّتَكُمْ: یعنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنے بزرگ آباؤ اجداد کی شاہراہ پر ثابت قدم اور قائم و دائم رکھے، پہلے صلوٰۃ وسلام ہو ان سب میں سے اول و افضل پر اور پھر باقی سب پر۔ ۱۲

۲.. قولہ برتقدیر: یعنی جبکہ انسانی قوت مدرکہ کسی وجہ سے ماؤف اور بیمار نہ ہو اور ردی آفتوں اور باطنی امراض سے محفوظ اور صحیح سالم ہو۔ ۱۲

۳.. قولہ بداہت: یعنی دلیل اور غور و فکر کی ضرورت نہیں۔ ۱۲

۴.. قولہ صَفرا: ص پر زبر ہے، زرد رنگ کی ایک خلط ہے چار خلطوں میں سے، فارسی میں اس کو تلخہ کہتے ہیں اور وہ خشک ہونے کے ساتھ بہت گرم ہوتی ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ نَبات: پہلے زبر والان ہے اور پھر ایک نقطے والی ب ہے، یعنی سفید چینی، پاک و ہند کے بعض لوگ اس کو چینی اور مصری بھی کہتے ہیں۔

۶.. قولہ احول: مثنوی خشم و شہوت مرد را احول کند ز استقامت روح را مبدل کند

ترجمہ: غصہ اور شہوت مرد کو بھینگا کر دیتی ہے، روح کو استقامت (کی راہ) سے بدل دیتی ہے۔

۷.. قولہ بنظریت: یعنی نظری ہونا اور دلیل و فکر کا محتاج ہونا۔ ۱۲

۸.. قولہ بسیار: مثنوی اے دلیل ما چو فکرِ ما ذلیل پیشِ ما پیش دانایان قلیل

اے دلیل تو مثالِ آن عصا درکفت دَلَّ عَلٰی عَيْبِ الْعَمٰی

ترجمہ: اے مخاطب ہماری دلیل ہماری فکر کی طرح ذلیل ہے، (کیونکہ) عقلمندوں کے سامنے ہماری حاضری بہت تھوڑی ہے، اے شخص تیری دلیل اس لاٹھی کی طرح ہے جو تیرے ہاتھ میں اندھے پن کے عیب پر دلالت کر رہی ہے۔ ۱۲

۹.. قولہ وجدان: واؤ کے نیچے زیر ہے، جاننا اور دریافت کرنا یعنی صفراء کی بیماری کے باعث اس کا اندرونی علم قند و مصری کے کڑوا ہونے کا حکم کرتا ہے۔ ۱۲

-.. قولہ حاکم: احکام شرعیہ کے خلاف حکم کرنے والا ہے۔ ۱۲

۱۰.. قولہ مُزَکّٰی: تَزکِیَة سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، تزکیہ کا معنی پاک کرنا ہے یعنی رزائل سے پاک و صاف اور خالی و مبرا ہونا ضروری ہے۔ ۱۲

۱۱.. قولہ قَدْاَفْلَحَ...دَسّٰهَا: یہ آیت کریمہ پارہ عَمَّ (۳۰) سورہ والشمس میں واقع ہے یعنی تحقیق وہ فلاح پا گیا جس نے اپنے نفس کو پاک کیا، اور وہ ناکام ہوا جس نے نفس کو برائیوں میں ڈالا۔ جو کہ اسے نیچے سے نیچے (گہرائیوں میں) لے گیا ۱۲

۱۲.. قولہ خورشید: حضرت سعدی فرماتے ہیں۔

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم چشمۂ آفتاب را چہ گناہ راست پرسی ہزار چشم چنین کور بہتر نہ آفتاب سیاہ

ترجمہ: اگر چمگادڑ کی آنکھ والا دن کو نہیں دیکھتا تو (اس میں) سورج (منبع روشنی) کا کیا قصور ہے سچ پوچھتے ہو تو ایسی ہزار آنکھ کا اندھا ہونا بہتر ہے سورج کے سیاہ ہونے سے ۱۲

لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی......

﴿صہ١٦﴾☆ پناہی......ستودگی ١٢......تعریف۔......☆محتاج......تفسیر امراست ماقبل خودرا ١٢......اپنے سے پہلی بات کی تفسیر ہے۔......

☆جمیع ماجاء به من عندالله...... بلکہ جملہ احکام کہ آوردآنرا آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام از نزد حق وتعالیٰ وتقدس ١٢ بلکہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو تمام احکام اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے بدیہی ہیں۔......☆این مقدمات......بدیہی بودن امر مذکورہ ١٢......مذکورہ امر کا بدیہی ہونا۔......☆برتقدیر......یعنی ١٢......یعنی۔......☆امراضِ معنویہ......از تکبر وحسد وطول امل وطمع وریا و بغض وغیرہا ١٢......یعنی امراضِ معنویہ۔تکبر،حسد،دنیا کی طویل امید،حرص ولالچ،ریااور بغض وغیرہ۔☆علت......مرض ١٢......بیماری۔☆ غشاوہ ...... غطاوٴ پردہ چشم باطن ١٢باطن کی آنکھ کا پردہ۔......☆ علت ...... مرض ١٢ ...... بیماری۔......☆بدلیل......برشیرینی قندونبات ١٢......شکراور مصری کی مٹھاس پردلیل۔......☆احتیاجی......جواب وسوال مقدر؟ ١٢......پوشیدہ سوال کا جواب ہے۔......☆ جنگ ...... خلاف ١٢ ...... مخالفت۔......☆ احول کہ......کج چشم فارسی کاز ١٢......ٹیڑی آنکھ والا ،بھینگا۔ ...... ☆ واحد ...... یک١٢ ...... ایک۔...... ☆ اثنین ...... دو ١٢ ...... دو۔ ☆ شخص ......آن ١٢......وہ شخص۔...... ☆ متعذر ...... دشوار ١٢ ...... مشکل۔......☆ازالۂ علت......دورکردن مرض ١٢......بیماری دور کرنا۔......☆ درما نحن فيه ...... در آنچہ بصدووے ایم ١٢ ......جس سلسلے میں ہم بات کررہے ہیں۔......☆امّارہ......بدی امرکنندہ بمغالطہ ١٢......مبالغہ کے ساتھ بدی کا حکم کرنیوالا۔......☆باہرہ......فائقہ وغالبہ ١٢......بلندوغالب۔......

﴿صہ١٨﴾ ١۔ قوله فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ:۔یہ آیت سورہ بقرہ کے دوسرے رکوع میں واقع ہے یعنی ان کے دلوں میں بیماری ہے۔ ١٢

٢۔قوله الا ان اولیاالله...الخ:۔یہ آیہ کریمہ سورہ یونس(١٢)پارہ یعتذرون میں واقع ہے۔ترجمہ:آگاہ رہو کہ یقیناً اللہ کے دوستوں پر کوئی خوف نہیں اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔ ١٢

٣۔قوله شرفناالله...الخ:۔اللہ تعالیٰ اپنے اُمّی قُرشی نبی محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلھاومن التسلیمات اکملھا کے طفیل اس قسم کے کامل اور حقیقی ایمان سے مشرف فرمائے۔ آمین!

اُمِّیؔ:(ا پرپیش اور م پر شد،حقیقت میں یہ لفظ اُمّ کی طرف منسوب ہے۔جس کے معنی ماں ہے، یعنی وہ بچہ جس کا باپ بچپن میں فوت ہوگیا ہواور وہ باپ کی تربیت سے محروم ہوگیا ہو۔اوراس نے ماں یادودھ پلانے والی کی پناہ میں پرورش پائی ہو اوراس وجہ سے وہ لکھنے پڑھنے کے علم سے محروم رہ گیا ہو۔مجازی طور پر امی سے مراد ہر وہ آدمی ہوتا ہے جو لکھنا،پڑھنا نہ جانتا ہو،اگرچہ باپ کے سامنے وہ جوان ہوا ہو۔اور لفظ اُمّی ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب اس لئے ہے کہ آپ نے کسی سے تعلیم حاصل نہیں کی تھی تاکہ استاد کو آپ پر فضیلت حاصل نہ ہو۔ قُرشِیؔ:ق پرپیش اور ر بے نقطہ پر زبر،ش نقطے والی کی زیر سے،قُریش کی طرف منسوب ہے جوایک مشہور قبیلے کا نام ہے،اس قبیلے کے باپ کا نام نَغر کِنانہ تھا جو حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ہیں۔دراصل قُریش،قَرش کی تصغیر ہے،قَرش ق کی زبر سے،ایک بہت بڑے جسم والے دریائی جانور کا نام ہے جو تمام بحری جانوروں پر غالب ہوتا ہے۔ قَرش میں ی کے اضافے سے بطور نسبت قُریشی بھی بولا جاتا ہے۔

☆امّارہ......نفس ١٢......نفسِ امارۃ۔......☆مصراست......اسم فاعل از اصرار بمعنی مستعد شدن ١٢......مصدر اصرار سے اسم فاعل ہے بمعنی تیار ہونا۔......☆صوری......ظاہری ١٢......ظاہری طور پر۔......☆ایمان......مثل ١٢......مانند،طرح۔......☆شاہد......گواہ ١٢......گواہ۔......☆صورت......موجود شود ١٢......موجود ہوتا ہے۔......☆ کریمہ......مبتداء ١٢......یہ مبتدا ہے۔......☆درشان......خبر ١٢......یہ خبر ہے۔......

پہلا دفتر | مثنوی ابیات ١١ تا ٢٠ | دوسرا حصہ

Marfat.com

سنتالیسواں مکتوب ﴿۴۷﴾

یہ بھی سرداری کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا سابقہ صدی کی شکایت کے بیان میں جس میں کہ کفار نے غلبہ حاصل کر لیا تھا اور اہل اسلام ذلیل و بے قدر ہو گئے تھے اور اس بات کی ترغیب میں کہ اگر ابتدائے بادشاہت میں دین کی ترویج و اشاعت میسر آ جائے تو بہتر ہے ایسا نہ ہو کہ کوئی خود گمراہ اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا شخص درمیان میں آ کر اہل اسلام کے کارخانہ میں خلل ڈال دے اور سابقہ صدی کے رنگ میں رنگ دے۔

ثَبَّتَكُمُ اللهُ سُبْحَانَهٗ عَلٰى جَادَّةِ اٰبَائِكُمُ الْكِرَامِ عَلٰى اَفْضَلِهِمْ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ اَوَّلًا وَعَلٰى بَوَاقِيْهِمْ ثَانِيًا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِيَّةُ (حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنے بزرگ آباؤ اجداد کے راستہ پر ثابت قدم رکھے اور ان میں سے اپنے افضل اور دونوں جہانوں کے سردار پر اور پھر باقی سب پر صلوۃ و سلام اور تحیہ ہو۔)

دنیا جہان کے ساتھ بادشاہ کی نسبت ایسی ہے جیسا کہ بدن کے ساتھ دل کی نسبت، کہ اگر دل اچھا و درست ہے تو بدن بھی صحیح ہے اور اگر دل خراب ہو جائے تو بدن بھی بیکار ہو جاتا ہے۔ بادشاہ کے درست و بہتر ہونے میں جہان کی درستی اور بہتری ہے اور اس کے بگڑنے پر جہان کا بگڑنا (ملک کا خراب ہونا) موقوف ہے ــــ آپ جانتے ہیں کہ گذشتہ صدی میں اہلِ اسلام کے سر پر کیا کیا (مصیبتیں) گذری ہیں' گذشتہ صدیوں (یعنی ابتدائے اسلام) میں نہایت قلت اور غربت کے باوجود اہلِ اسلام کی خرابی و تباہی بھی اس سے زیادہ نہیں ہوئی تھی کہ مسلمان اپنے دین پر اور کفار اپنے طریقہ پر قائم تھے۔ آیت کریمہ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ (سورۃ الکفرون ۱۰۹ آیت نمبر ۶) (تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین) میں اسی حقیقت کا بیان ہے ــــ اور گذشتہ صدی میں کفار غلبہ پا کر دارِ اسلام میں کھلّم کھلاّ کفر کے احکام جاری کرتے تھے اور مسلمان اسلامی احکام جاری کرنے سے عاجز تھے اور اگر وہ (ایسا) کرتے تھے تو قتل کر دیئے جاتے تھے۔

ہائے ہلاکت ہائے مصیبت ہائے افسوس اور غم! حق تعالیٰ کے محبوب حضرت محمد ﷺ کی تصدیق کرنے والے تو ذلیل و خوار تھے اور آپ ﷺ کے منکر لوگ عزت والے تھے اور معتبر تھے، مسلمان زخمی دلوں کے ساتھ اسلام کی ماتم پُرسی کرتے تھے اور مخالف دشمن ہنسی و مذاق کے ساتھ اُن کے زخموں پر نمک چھڑکتے تھے، ہدایت کا آفتاب گمراہی کے پردہ میں چھپا ہوا تھا اور حقانیت کا نور باطل کے پردوں میں گوشہ گیر ہو گیا تھا۔

آج جب کہ دولتِ اسلام کی رکاوٹوں کے زوال کی خوشخبری اور بادشاہِ اسلام کی تخت نشینی کی بشارت خاص و عام کے کانوں تک پہنچی ہے تو اہلِ اسلام نے اپنے اوپر لازم کر لیا ہے کہ وہ بادشاہ کے معاون و مددگار ہوں اور شریعت کے رواج دینے اور مذہب کو قوت پہنچانے میں اس کی رہنمائی کریں' خواہ یہ امداد دینا اور قوت پہنچانا زبان سے ہو سکے یا ہاتھوں سے میسّر ہو۔ سب سے بڑھ کر امداد یہ ہے کہ کتاب و سنت اور اجماعِ اُمت کے مطابق مسائلِ شرعیہ کو بیان کیا جائے اور کلامیہ عقائد کو ظاہر کیا جائے تا کہ کوئی بدعتی اور گمراہ شخص درمیان میں آ کر راستے سے نہ ہٹا دے اور کام خراب نہ کر دے ــــ اس قسم کی امداد علمائے حقانی کے ساتھ مخصوص ہے جو کہ آخرت کی طرف توجہ رکھتے ہیں' دنیا دار علما جن کا مقصد کمینی دنیا حاصل کرنا ہے ان کی صحبت زہرِ قاتل ہے اور ان کا فساد متعدی ہے (یعنی ایک سے دوسرے کو لگنے والا ہے)

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

عالم کہ کامرانی وتن پروری کند او خویشتن گم است کرا رہبری کند

عالم جو کامرانی وتن پروری کرے بھٹکا ہوا ہے آپ وہ کیا رہبری کرے

گذشتہ صدی میں جو بھی مصیبت اسلام اور اہلِ اسلام کے سر پر آئی وہ اسی جماعت کی بدبختی و بیباکی کی وجہ سے تھی یہی لوگ (علمائے سوء) بادشاہوں کو راہِ راست سے بھٹکاتے تھے، بہتر ۷۲ فرقے جنہوں نے گمراہی کا راستہ اختیار کیا ہے ان سب کے مقتدا و پیشوا یہی بُرے علماء ہوئے ہیں بہت کم لوگ ہیں جو علماء کے بغیر گمراہ ہوئے ہوں اور ان کی گمراہی کا اثر دوسرے لوگوں تک پہنچا ہو اور اس زمانے کے اکثر صوفی نما جاہل لوگ علماء سوء (بُرے علماء) کا حکم رکھتے ہیں ان کا فساد بھی متعدی ہے (یعنی اس کی برائی بھی دوسروں تک پہنچتی ہے) اور ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص امداد کی طاقت کے باوجود کسی قسم کی مدد میں بھی کمی کرے اور اسلام کے کارخانے میں خلل واقع ہو جائے تو وہ امداد میں کوتاہی کرنے والا شخص معتوب (یعنی سزا کا مستحق) ہوگا۔ اسی لئے یہ کم سرمایہ حقیر فقیر بھی چاہتا ہے کہ اپنے آپ کو دولتِ اسلام کے مددگاروں کے گروہ میں داخل کرے اور اس بارے میں کوشش کرے، مَنْ کَثَّرَ سَوَادَ قَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (جس نے کسی قوم کی جمعیت کو زیادہ کیا وہ انہی میں سے ہے) کے موافق امید ہے کہ اس بے استطاعت کو بھی اس بزرگ جماعت (مددگارانِ اسلام) میں داخل کرلیں۔ یہ فقیر اپنے آپ کو اُس بڑھیا کی طرح خیال کرتا ہے جس نے اپنا تھوڑا اسا سُوت لے کر حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے خریداروں کے سلسلہ میں شامل کرلیا تھا۔ انشاء اللہ العزیز جلد ہی یہ فقیر حاضرِ خدمت ہونے کے شرف سے مشرف ہوگا۔ آنجناب کی بزرگ ذات سے توقع ہے کہ جب حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو ذاتی طاقت وقوت اور بادشاہ کا قرب پورے طور پر عطا فرمایا ہے تو حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی شریعت کے رواج دینے میں خلوت وجلوت اور ظاہر و باطن میں کوشش کرتے رہیں گے اور مسلمانوں کو ذلت وپستی سے نکالیں گے —— اس رقعہ نیاز کا حامل مولانا حامد کا وظیفہ سرکار بلند اقبال سے مقرر ہے، گذشتہ سال حاضر ہو کر اس نے حضور سے حاصل کرلیا تھا، اس سال بھی امیدوار ہو کر حاضر ہو رہا ہے، حق تعالیٰ آپ کو حقیقی ومجازی دولت میسر فرمائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۸﴾ ۲؎ قولہ ثبتکم اللہ... الخ: حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنے بزرگ آباواجداد کی شاہراہ پر ثابت قدم رکھے اور ان میں سے پہلے افضل اور دونوں جہان کے سردار پر اور پھر باقی سب پر صلوٰۃ وسلام وتحیۃ ہو۔ ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

ـ.. یعنی عجز وکمزوری اور بے چارگی ورسوائی۔ ۱۲

☆متن...... بین السطور..... معانی۔......

☆ اضالّی...... گمراہی ۱۲...... گمراہی۔...... ☆مضلّی...... گمراہ کنندہ ۱۲... گمراہ کرنے والا۔...... ☆ قرن...... بالفتح مدت طویل صاحب قاموس صد سال گفتہ ودر منتخب سی سال یا ہشتاد سال واکثرے سی سال قائل اند ۱۲ قاف کے زبر سے، طویل مدت صاحب قاموس نے سو سال کہا ہے، منتخب میں تیس سال یا اسی سال، اور اکثر تیس سال کے قائل ہیں...... ☆ قرن...... زمانہ ۱۲...... سو سال کا زمانہ۔...... ☆ قرن...... زمانہ ۱۲...... سو سال کا زمانہ۔...... ☆ ماضی...... گزشتہ ۱۲...... گذرا ہوا۔ ☆ چہا گزشتہ...... چہ بسیار ۱۲ ...... بہت زیادہ۔...... ☆ قرون سابقہ...... ابتداء اسلام ۱۲...... اسلام کا ابتدائی دور۔...... ☆ نگزشتہ...... درتجاوز نہ کردہ ۱۲...... اس

Marfat.com

سے تجاوز نہ کیا تھا۔..... ☆ برکیش ...... بروزن خویش دین و مذہب ۱۲.....خویش کے وزن پر مراد دین و مذہب ہے۔ ☆ کریمہ......

مبتداء ۱۲..... یہ مبتدا ہے۔..... ☆ لکم دینکم ......مرشارا است دین شاو مرا است دین من ۱۲..... تمہارے لئے تمہارا دین

میرے لئے میرا دین۔..... ☆ بیان ......خبر ۱۲..... یہ خبر ہے۔......

﴿صہ۱۹﴾ ۱۔ قوله وَاوَیلا:۔ان الفاظ سے مقصود افسوس، درد و اندوہ اور رنج و غم اور مصیبت کا اظہار ہے اسلام کے مغلوب اور کمزور ہونے پر، یعنی ہائے ہلاکت، ہائے مصیبت، ہائے افسوس اور غم حاضر ہو جاؤ کیونکہ تمہارے حاضر ہونے کا وقت ہے۔ ۱۲

۲۔.. قوله تُتُق:۔ پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، یعنی بڑا پردہ، صاحب کشف نے لکھا ہے کہ یہ عربی نہیں ہے۔ ۱۲

ے.. قوله منزوی:۔اسم فاعل ہے مصدر انزواء سے، یعنی یک سو ہونا اور گوشہ نشین ہونا۔ ۱۲

۳۔.. قوله طَبَق:۔ پہلے دونوں حرفوں پر زبر، یعنی موافق و برابر۔ ۱۲ غ

۴۔.. قوله شُومی:۔ واؤ معروف کے ساتھ نحوست کے معنی میں ہے، فارسی زبان والے کبھی عربی مصدر کے ساتھ یائے مصدری آخر میں مُلحق (ملا دیتے) کر دیتے ہیں جیسا کہ سَلامتی وخَلاصی (سلامت اور خلاص کے آخر میں یائے مصدری لگا دی ہے)۔ ۱۲

ے.. قوله متعدی:۔ کیونکہ اس کا نقصان دوسروں کو بھی پہنچتا ہے اور ان کی جانوں تک محدود نہیں رہتا۔ ۱۲

☆ قرن ......یعنی قبیل ازین ۱۲..... یعنی اس سے تھوڑی مدت پہلے۔..... ☆ استیلاء......غلبہ ۱۲.....غلبہ، تسلط۔ ☆ تتق ضلالت

پردہ گمراہی ۱۲.....گمراہی کا پردہ۔..... ☆ مستور......پوشیدہ ۱۲.....خفیہ ۱۲..... ☆ حجب......پردہ ہا ۱۲.....پردے ۱۲..... ☆ نوید

مژدہ ۱۲.....خوش خبری ۱۲..... ☆ مبتدعی ......بدعتی ۱۲.....بدعتی آدمی۔..... ☆ ضالی ......گمراہ ۱۲.....گمراہ۔..... ☆ ہمت......

مراد و مقصد ۱۲.....مراد و مقصد۔..... ☆ دَنِیّہ ......کمینہ ۱۲.....کمینہ، ذلیل۔ ☆ گم است......از راہ راست ۱۲.....سیدھے راستہ سے۔

☆ قرن ......زمانہ ۱۲.....زمانہ، مدت۔..... ☆ ماضی ......گذشتہ ۱۲.....گذرا ہوا ۱۲۔..... ☆ برسر آمد......یعنی برسر اسلام و اہل

اسلام ۱۲.....یعنی اسلام اور اہل اسلام پر۔..... ☆ از راہ......راست ۱۲.....سیدھا۔..... ☆ جماعۃ ......علمائے سوء ۱۲.....برے علماء۔

☆ تعدی ......تجاوز ۱۲.....حد سے تجاوز کرنا۔..... ☆ سوء......بد ۱۲.....برا۔ ☆ گرود بناءً ......بنا برین ۱۲.....اس بنا پر۔......

☆ قلیل البضاعت ......بکسر سرمایہ کہ بدان تجارت کنند ۱۲.....وہ مال جس سے تجارت کرتے ہیں۔..... ☆ جرگہ......جرگہ بالفتح

وکاف فارسی بمعنی صف کشیدن وانبوہ مردم یعنی گروہ و جماعہ ۱۲.....ج اور گ پر زبر سے، بمعنی صف بنانا، آدمیوں کا گروہ اور جماعت۔......

﴿صہ۲۰﴾ ۱۔ قوله من کثر ...الخ:۔جس نے کسی قوم کی جماعت کو زیادہ کیا وہ انہیں میں شمار ہوتا ہے۔علامہ محمد مرادکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:اس حدیث کو ابو یعلیٰ نے حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے مرفوعاً روایت کیا ہے سرور کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات نے یہ الفاظ زیادہ بیان فرمائے: وَمَنْ رَضِیَ عَمَلَ قَوْمٍ کَانَ شَرِیْکَ مَنْ عَمِلَ بِہٖ۔ یعنی جو شخص کسی قوم کے کام پر راضی ہوا وہ اس کے ساتھ شریک شمار ہوگا جس نے وہ کام کیا۔۱۲

۲۔.. قوله خلا و ملا:۔یعنی خلوت و جلوت اور پوشیدہ و ظاہر اور خفیہ و علانیہ میں۔ ۱۲

☆ آنجماعہ کرام...... مردان اسلام ۱۲..... اسلام کے مددگار۔..... ☆ زال ......زنے پیر فرتوت سفید موے ۱۲.....سفید بال بوڑھی

عورت۔..... ☆ ریسمان ......تار پنبہ ۱۲.....سوت کا دھاگہ۔..... ☆ سِلک ......رشتہ ۱۲.....دھاگہ، ڈورا۔..... ☆ متوقع......

امید ۱۲.....امید۔..... ☆ استطاعت ......قدرت بذاتہ ۱۲.....ذاتی قدرت۔..... ☆ اتم......تمامتر ۱۲.....کامل، پورا اور مکمل۔

☆ غربت......ذلت وخواری وپستی ۱۲.....ذلت وخواری اور پستی۔..... ☆ پارسال ......گذشتہ سال ۱۲......گذرا ہوا سال۔......

Marfat.com

اڑتالیسواں مکتوب (۴۸)

یہ مکتوب بھی سرداری وشرافت کی پناہ والے شیخ فرید بخاری کی طرف علمائے کرام اور طالبانِ علوم حاملانِ شریعت کی تعظیم کی ترغیب دینے کے بیان میں صادر ہوا۔

نَصَرَکُمُ اللهُ سُبْحَانَہٗ عَلَی الْاَعْدَآءِ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ وَالتَّحِیَّاتُ (اللہ تعالیٰ سبحانہٗ سردار انبیاء علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات کے طفیل آپ کو دشمنوں پر فتح ونصرت عطا فرمائے)۔

آپ کا مرحمت نامہ گرامی جس سے آپ نے ہم فقیروں کو نوازا تھا اس کے مطالعہ سے مشرف ہوا۔ آپ نے مولانا محمد قلیج موفّق کے خط میں تحریر فرمایا تھا کہ طالب علموں اور صوفیوں کے لئے کچھ خرچ بھیجا گیا ہے۔ طالب علموں کے ذکر کو صوفیوں (کے ذکر) پر مقدم کرنا آپ کی بلند ہمتی ہے بہت ہی اچھا معلوم ہوا۔ اَلظَّاهِرُ عُنْوَانُ الْبَاطِنِ (ظاہر باطن کا عنوان ہوتا ہے) مضمون کے مطابق امید ہے کہ آپ کے باطن شریف میں بھی اس بزرگ جماعت کو (صوفیوں پر) مقدم کرنا پیدا ہو گیا ہوگا۔ کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْهِ (برتن سے وہی چیز نکلتی ہے جو اس کے اندر ہوتی ہے)۔

ع ازکوزہ بروں ہماں تراود کہ دروست ترجمہ: نکلتا ہے وہی برتن سے جو کچھ اس کے اندر ہے

اور طالب علموں کے مقدم کرنے میں شریعت کو رواج دینا ہے (کیونکہ) شریعت کے اٹھانے اور قائم کرنے والے یہی لوگ ہیں اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کا مذہب وملت انہی کے ساتھ قائم ہے۔ کل قیامت کے روز شریعت کی بابت پوچھیں گے تصوف کے متعلق نہیں پوچھیں گے، جنت میں داخل ہونا اور دوزخ سے بچنا شریعت کے احکام بجالانے پر منحصر ہے۔ انبیاء صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیمات علیہم نے جو کہ تمام کائنات میں سے سب سے بہتر ہیں (اپنی اپنی) شریعتوں کی طرف دعوت دی ہے، اور نجات کا انحصار اسی پر رہا ہے اور ان بزرگوں کی پیدائش سے مقصود شریعتوں کی تبلیغ ہے پس سب سے بڑی نیکی شریعت کے رواج دینے اور اس کے حکموں میں سے کسی حکم کے زندہ کرنے میں کوشش کرنا ہے خصوصاً ایسے زمانے میں جب کہ اسلامی شعائر (نشانات اور ارکان) بالکل مٹ گئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ عزوجل کے راستہ میں کروڑوں روپیہ خرچ کرنا بھی شرعی مسائل میں سے کسی ایک مسئلہ کو رواج دینے کے برابر نہیں ہے کیونکہ اس فعل (شرعی مسائل کی ترویج) میں انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اقتداء (پیروی کرنا) ہے جو کہ مخلوقات میں سب سے زیادہ بزرگ ہیں اور اس فعل میں ان بزرگوں کے ساتھ شریک ہونا ہے۔ اور یہ بات ثابت ہے کہ سب سے زیادہ کامل نیکیاں انہی بزرگوں کو عطا ہوئی ہیں اور کروڑوں روپیہ خرچ کرنا تو ان بزرگوں کے علاوہ دوسروں کو بھی میسر ہے۔

اور (ایک دلیل) یہ بھی ہے کہ احکامِ شریعت کے بجالانے میں نفس کی پوری پوری مخالفت ہوتی ہے کیونکہ شریعت نفس کی مخالف وارد ہوئی ہے اور اموال کے خرچ کرنے میں تو کبھی نفس بھی موافقت کر لیتا ہے ہاں البتہ اموال کا خرچ کرنا اگر شریعت کی تائید اور مذہب کی ترویج کے لئے ہو تو اس کا بہت بڑا درجہ ہے۔ اور اس نیت کے ساتھ ایک جیتل (دام) کا خرچ کرنا کسی اور نیت سے کئی لاکھ (روپیہ) خرچ کرنے کے برابر ہے یہاں کوئی یہ سوال نہ کرے کہ (ماسواء اللہ میں) گرفتار

Marfat.com

طالب علم (ماسوائے اللہ سے) آزاد صوفی سے کس طرح مقدم ہوگا ـــــ ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اُس (سائل) نے بات کی حقیقت کو حاصل نہیں کیا اور طالب علم باوجود (ماسواء اللہ کی) گرفتاری کے خلقت کی نجات کا سبب ہے کیونکہ احکامِ شرعی کی تبلیغ اس کو حاصل ہے۔

اگرچہ وہ خود اس سے نفع حاصل نہیں کرتا اور صوفی نے (ماسوی اللہ سے) آزادی کے باوجود اپنے نفس کو خلاص (آزاد) کرلیا ہے (اس لئے) خلقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں رہا ہے اور یہ بات ثابت ہے کہ جس شخص کے ساتھ بکثرت لوگوں کی نجات وابستہ ہو وہ اس شخص سے بہتر ہے جو صرف اپنی نجات کے درپے ہو۔ ہاں البتہ جس صوفی کو فنا و بقا اور سیر عن اللہ و باللہ کے بعد دنیا (مخلوق) کی طرف لوٹا دیا گیا ہو اور خلقت کی دعوت (یعنی مخلوق کو راہِ راست کی طرف لانے کا فریضہ انجام دینے) کے مقام میں لے آئے ہوں، اس کو مقامِ نبوت سے حصہ حاصل ہے اور شریعت کی تبلیغ کرنے والوں میں داخل ہے وہ بھی علمائے شریعت کا حکم رکھتا ہے (یعنی وہ بھی عالمِ شریعت ہے) ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط جمعہ ۶۲ آیت چار (یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)

لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۲۰﴾ ۳ قولہ نصر کم...الخ :۔حق سبحانہ سردار انبیاء علیہ علیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات پر اور ان انبیاء علیہ پر بے شمار درود، و بے حد و بے حساب سلام اور دعا بے حد انعام فرمائے اور ان کے طفیل آپ کو دشمنوں پر فتح و نصرت عطا فرمائے۔ ۱۲

۔.. قولہ الظاہر...الخ:۔یعنی ظاہر باطن کا مقدمہ (دیباچہ) ہوتا ہے۔۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن......بین السطور......معانی۔......

☆نقابت......ستودگی ۱۲......تعریف۔......

﴿ص۲۱﴾ ا قولہ چہ درین:۔یعنی کیونکہ شرعی مسائل کی ترویج میں پیغمبروں کی اتباع ہے۔ ۱۲

۔.. قولہ باپشان:۔یعنی انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات۔ ۱۲

۲ قولہ میسراست:۔پس سب نیکیوں سے بہترین نیکی ترویج شریعت میں سعی کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔کروڑوں روپے خرچ کرنے سے نہیں۔ ۱۲

۳ قولہ جیتلی:۔یعنی ایک جیتل اس لفظ میں ج کے نیچے زیر اور یائے معروف ہے اور تا پر زبر ہے، چاندی کے سکے کی ایک قسم ہے جو دام اور قیمت کے معنی میں ہے جو پیسے کا پچیسواں حصہ ہوتا ہے۔ ۱۲

۔.. قولہ خرج:۔یہ لفظ قلمی نسخہ میں ہے جو ہمارے پاس موجود ہے، اللہ ہی صحیح جانتا ہے۔ ۱۲

۔.. قولہ شخصے:۔علت و سبب کے مشابہ ہے خاص طور پر اپنے سے پہلے کی۔ ۱۲

۔.. قولہ مقام:۔این چنین صوفی ۱۲ اسطرح کا صوفی ۱۲

☆برپاست......قایم ۱۲......قائم ہے۔......☆از نار......آتش دوزخ ۱۲......دوزخ کی آگ سے......☆اکابر......انبیاء ۱۲ نبی کی جمع۔☆احیائ......زندہ کردن ۱۲......زندہ کرنا۔......☆شعائر اسلام......اعلام وارکان ۱۲......اسلام کے ارکان اور علامات ☆منہدم......افتادہ ۱۲......گراہوا۔......☆درین......دلیل اول ۱۲......پہلی دلیل۔......☆اکابر......انبیاء ۱۲......نبی کی جمع۔ ☆وایضاً......دلیل ثانیست ۱۲......دوسری دلیل ہے۔☆تمام......کامل ۱۲......کامل۔☆انفاق......خرچ کردن ۱۲......خرچ کرنا۔ ☆علیا......بلند ۱۲......بلند۔......☆انفاق......مبتداء ۱۲......یہاں سے مبتداء کی ابتداء ہے۔......☆برابر......

Marfat.com

خبر ۱۲......یہ خبر ہے نیت تک۔ ☆گرفتار...... بما دون حق ۱۲......حق تعالیٰ کے علاوہ دنیا میں گرفتار۔......☆چون...... چگونہ ۱۲

☆برپاست......قایم ۱۲......قائم ہے۔......☆ازنار......آتش دوزخ ۱۲......دوزخ کی آگ سے۔......☆اکابر......انبیاء ۱۲

کس طرح، کیونکر۔......☆اوہنوز......سائل ۱۲......سوال کرنے والا۔......☆گرفتاری...... بمادون حق ۱۲......حق تعالیٰ کے علاوہ دنیا

میں گرفتار۔......☆وارستگی نفس......خلاصی از مادون حق جل وعلا ۱۲......حق سبحانہ وتعالیٰ کے غیر سے خلاصی پانا۔......☆فنا......فی اللہ ۱۲

فنافی اللہ۔......☆بقا......باللہ ۱۲......بقاباللہ۔......☆آوردہ......باشند ۱۲......لے آئے ہوں۔......

﴿ص۲۲﴾ قولہ فضل اللہ...الخ:۔یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے، یہ آیت کریمہ سورہ جمعہ میں واقع ہے۔ ۱۲

اُنچاسواں مکتوب ﴿۴۹﴾

یہ بھی سرداری کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر ہوا— جو کہ ان دونوں دولتوں کے جمع کرنے، یعنی ظاہر کو احکام شرعیہ کے ساتھ آراستہ کرنے اور باطن کو ماسوائے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی گرفتاری سے آزاد کرنے کی ترغیب میں ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو ظاہری دولت اور باطنی سعادت سے سرفرازی حاصل کرنے والا بنائے، حقیقت میں ظاہری دولت یہ ہے کہ انسان اپنے ظاہر کو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شریعت کے احکام کے ساتھ آراستہ کرے اور باطنی سعادت یہ ہے کہ بندہ اپنے باطن کو ماسوائے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی گرفتاری سے آزاد کرے۔ دیکھیئے کس صاحبِ نصیب کو ان دونوں بزرگیوں سے مشرف کرتے ہیں۔

ع؎ کار این ست وغیر ازیں ہمہ ہیچ ترجمہ: ہے یہی مقصود اصلی اور سب کچھ ہیچ ہے

زیادہ لکھنا آپ کو تکلیف دینا ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

ص۲۲﴾ ۱؎ قولہ مستعد:۔استعداد مصدر سے اسم فاعل ہے، اس مصدر کے معنی سعادت چاہنا ہے یعنی نیک بختی تلاش کرنا اور مدد چاہنا۔ ۱۲

۲؎.. قولہ فی الحقیقہ:۔یعنی کام کی حقیقت یہی ہے جو میں کہتا ہوں دولت صوری کے معنی اور سعادتِ معنوی کا مطلب ومقصد، برخلاف عوام کے فہم کے کیونکہ وہ ان دونوں کو ظاہر پر ہی محلول کرتے ہیں۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی۔

☆متحلّی......پہلے کا بیان ۱۲......بیان ماقبل ☆کہ قبل......خبر ۱۲ ☆خلاصی......یہ مبتدا ہے۔......مبتداء ۱۲......سعادت......

☆دولت......مبتداء......ترکیب میں ظرف ہے۔......ظرف ۱۲......☆الحقیقت......مزین وآراستہ ۱۲......متزین وآراستہ......

۱۲......یہ مبتداء ہے۔......☆متحلّی......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔

پچاسواں مکتوب ﴿۵۰﴾

یہ بھی سرداری کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر ہوا---- کمینی دُنیا کی مذمت کے بیان میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے حبیب سید البشر صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل جو کہ کجی چشم سے پاک ہیں اپنے ماسوا کی غلامی سے آزادی مرحمت فرما کر پوری طرح اپنی جناب کا گرفتار بنائے۔

Marfat.com

دنیا ظاہر میں میٹھی اور صورت سے تروتازہ معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت میں زہرِ قاتل و متاعِ باطل اور بے فائدہ گرفتاری ہے، اس کا مقبول ذلیل وخوار اور اس کا عاشق مجنون ہے، اس کا حکم اس نجاست کی طرح ہے جس پر سونا منڈھا (چڑھا) ہوا ہو اور اس کی مثال اس زہر کے مانند ہے جس میں شکر ملی ہوئی ہو۔ عقلمند وہ ہے جو ایسے کھوٹے متاع پر فریفتہ نہ ہو اور اس طرح کے خراب اسباب کا طالب نہ ہو ــــ اور (فقہا وعلماء نے) کہا ہے "اگر کوئی شخص وصیت کرے کہ میرا مال اہلِ زمانہ میں کسی عقلمند کو دیں تو زاہد کو دینا چاہیئے جو کہ دنیا کی طرف رغبت نہیں رکھتا اور دنیا سے بے رغبتی اس کی نہایت عقلمندی کی وجہ ہے" ــــ اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے۔

باقی یہ تکلیف دی جاتی ہے کہ فضائل مآب شیخ زکریا اس سال اور اس عمر میں کروڑی گری یعنی تحصیلداری میں گرفتار ہیں، اس گرفتاری کے باوجود محاسبہ عاجلہ یعنی دنیاوی محاسبہ سے جو محاسبہ آجلہ یعنی آخرت کے محاسبہ کی بہ نسبت بہت آسان ہے ہراساں و پریشان ہیں اور عالمِ اسباب میں قابلِ وثوق بڑا وسیلہ آپ ہی کی بزرگ توجہ کو جانتے ہیں، امید ہے کہ نئے دفتر میں بھی ان کا نام ظاہر ہو جائے گا کہ شیخ مذکور آپ کی بلند درگاہ کے خادموں میں سے ہیں۔

ع تو مرا دل دہ و دلیری بیں ــ روبہ خویش خواں و شیری بیں

ترجمہ:۔ دل مجھے دے، مری دلیری دیکھ ــ لومڑی اپنی جان، شیری دیکھ

نبی اُمّی ﷺ اور آپ ﷺ کی بزرگ آل کے طفیل آپ کو ظاہری و باطنی دولت حاصل ہو۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۲۲﴾ ۔ قولہ کالائ:۔ اسباب وسامان، مال ومتاع جو حیوانوں کے علاوہ ہو۔ ۱۲

۳۔ قولہ گفتہ اند:۔ ولوأ وصیٰ للعقلاء یُصرف للعلماء الزاهدین لِأنهم هم العقلاء فی الحقیقة۔۱۲ الدرالمختار باب الوصیة

ترجمہ:۔ اگر کوئی آدمی وصیت کر جائے کہ (میرا کچھ مال) عقلمندوں کو دیدینا تو وہ مال دنیا سے بے رغبت زاہدین علماء کو دیا جائے کیونکہ حقیقت میں عقل والے وہی ہیں۔

۴۔ قولہ بزاهد... الخ:۔ یعنی وہ شخص جو دنیا کمینی کی طرف راغب نہ ہو، کیونکہ زُہد (ز کی پیش سے) دنیا کی لذات کی خواہش نہ کرنے اور رغبت نہ کرنے کو کہتے ہیں۔ ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی......

☆ دنیہ...... کمینہ ۱۲...... کمینی دنیا...... ☆از رقیت...... غلامی وگرفتاری بغیر خود ۱۲...... اپنے غیر کی غلامی اور گرفتاری سے۔......

☆اَلْمُحَرِّر...... آزاد ۱۲...... آزاد...... ☆زیغ البصر...... ازمیلان چشم بغیر حق ۱۲...... ماسوائے اللہ کی طرف آنکھ اٹھانے سے پاک

☆طراوت...... تازگی ۱۲...... تازگی۔...... ☆ سمّی...... بالفتح و تشدید میم زہر ۱۲...... م پر زبر اور شد، بمعنی زہر۔......

☆ دنیہ...... کمینہ ۱۲...... کمینی دنیا...... ☆از رقیت...... غلامی وگرفتاری بغیر خود ۱۲...... اپنے غیر کی غلامی اور گرفتاری سے۔......

☆اَلْمُحَرِّر...... آزاد ۱۲...... آزاد...... ☆زیغ البصر...... ازمیلان چشم بغیر حق ۱۲...... ماسوائے اللہ کی طرف آنکھ اٹھانے سے پاک

☆طراوت...... تازگی ۱۲...... تازگی۔...... ☆ سمّی...... بالفتح و تشدید میم زہر ۱۲...... م پر زبر اور شد، بمعنی زہر۔...... ☆متاعی......

متاع ہر چہ از و نفع بگیرند ۱۲...... وہ سامان جس سے نفع حاصل کریں۔...... ☆لاطائل...... بیفائدہ ۱۲...... بے فائدہ۔...... ☆ مقبول......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اردو دوسرا حصہ

Marfat.com

قبول کردہ ۱۲......قبول کیا ہوا۔......☆ **مخذولست**......خوار کردہ فروگذاشتہ ۱۲......خوار کیا ہوا، چھوڑا ہوا......☆ **مفتون**......فریفتہ ۱۲

☆ **مجنون**......دیوانہ ۱۲......پاگل۔......☆ **مثل او**......صفت ۱۲......اسکی صفت۔☆ **کاسد**......بے رواج ۱۲......جس کا رواج نہ ہو، کھوٹا۔......☆ **فاسد**......خراب ۱۲......خراب۔......☆ **گفتہ**......فقہا وعلما ۱۲......علمائے کرام اور فقہائے عظام۔......

☆ **فطانت** زیرکی ۱۲......ذہانت۔☆ **اطنابست**......دراز کردن ۱۲......لمبا کرنا، طویل کرنا۔☆ **التصدیع**......تکلیف ۱۲......تکلیف۔......

﴿صہ ۲۳﴾۔ قولہ سِن:۔(س کے نیچے زیر اور ن پر شد) اس کے معنی دانت اور سال ہیں نیز عمر کی مدت بھی مراد ہوتی ہے۔ ۱۲

۱.. قولہ کروری گری...الخ:۔خراج لینے کا عہدہ یعنی محصول وصول کرنا، مراد تحصیلداری۔ ۱۲

۲.. قولہ وثیقۂ عظمیٰ...الخ:۔یعنی وسیلۂ عظیمہ جس پر اس کا وثوق اور اعتماد ہے۔ ۱۲

۔.. قولہ بمحاسبہ:۔یعنی دنیا کا محاسبہ آخرت کے محاسبہ کی نسبت کئی درجے آسان ہے اس کے باوجود دنیوی محاسبہ سے حیران وپریشان ہے۔ ۱۲

☆ **عاجلہ**...... دنیویہ ۱۲...... دنیاوی۔......☆ **آجلہ**...... اخرویہ ۱۲......آخرت۔......☆ **جدید**......نو ۱۲......نیا۔......

☆ **ایشان**......شیخ زکریا ۱۲......شیخ زکریا۔...... شیخ فرید ۱۲...... **درگاہ**......شیخ فرید ۱۲......شیخ فرید۔......☆ **صوری**......ظاہری ۱۲......ظاہری طور پر۔......☆ **معنوی**......باطنی ۱۲......باطنی طور پر۔......

اکیاونواں مکتوب ﴿۵۱﴾

یہ مکتوب بھی سرداری کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف روشن شریعت علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام کے رواج دینے کی ترغیب میں صادر ہوا۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی جناب میں دعا ہے کہ اُن بزرگانِ کرام کی اولاد کے وجود شریف کے وسیلہ سے روشن شریعت کے ارکان (یعنی شہادتین، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج) اور منوّر ملتِ اسلامیہ کے احکام قوت پکڑیں اور رواج پائیں۔

ع۔ کار این ست وغیر ازیں ہمہ ہیچ ترجمہ:۔ ہے یہی مقصود اصلی اور سب کچھ ہیچ ہے

ترجمہ عربی: ھٰذَا ھُوَ الْاَمْرُ وَالْبَاقِیْ مِنَ الْعَبَثِ

آج بیچارے اہلِ اسلام کے لئے اس طرح کی گمراہی کے بھنور میں نجات کی امید بھی حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہٖ من الصلوات اتمہا ومن التحیات والتسلیمات اکملہا کے اہلِ بیت کی کشتی سے ہے۔ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے: مَثَلُ اَھْلِ بَیْتِیْ کَمَثَلِ سَفِیْنَۃِ نُوْحٍ مَّنْ رَکِبَھَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْھَا ھَلَکَ (میرے اہلِ بیت کی مثال حضرت نوحؑ کی کشتی کی مانند ہے جو اس پر سوار ہوا وہ بچ گیا اور جو اس سے پیچھے رہا وہ ہلاک ہو گیا)۔

آپ اپنی بلند ہمت کو پوری طرح سے اس بات (ترویج شریعت) پر لگا دیں تا کہ یہ بہت بڑی سعادت حاصل ہو جائے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے فضل وکرم سے (آپ کو) جاہ وجلال اور عظمت وشوکت سب کچھ حاصل ہے۔ ذاتی شرافت کے ہوتے ہوئے اگر یہ (ترویج شریعت کی) مزید سعادت بھی اس کے ساتھ شامل ہو جائے تو آپ سبقت کی گیند سعادت کے چوگان (بلے) کے ساتھ سب سے آگے لے جائیں گے (یعنی بہت بڑی سعادت حاصل کر لیں گے)۔ یہ حقیر فقیر شریعتِ حقّہ کے رواج دینے اور تائید کے بارے میں اس قسم کی باتوں کے اظہار کے ارادہ سے آنجناب کی طرف متوجہ ہے۔

ہلالِ ماہِ رمضان المبارک دہلی شریف میں دیکھا۔ حضرت والدۂ بزرگوار کی مرضی ٹھہرنے کے بارے میں

Marfat.com

معلوم ہوئی (اس لئے) ختمِ قرآن مجید کے سننے تک ٹھہرا رہا وَلَا مرُ عِنْدَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (آئندہ جو اللہ تعالیٰ کو منظور ہو)۔ دونوں جہان کی سعادت آپ کو نصیب فرمائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۳﴾ ۳ قولہ سُلالہ:۔(س کے پیش سے) وہ چیز جو کسی شے سے باہر نکالی ہو، نطفہ اور چھوٹے بچے کے معنی بھی ہیں، مجازی طور پر خلاصے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ ۱۲

۴.. قولہ ارکان:۔ (ا پر زبر) رُکن (ر کی پیش سے) کی جمع ہے، یعنی وہ چیز کی ماہیت وحقیقت میں داخل ہو، اس سے مراد توحید ورسالت کی گواہی، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ ع۔ مصرع کا عربی ترجمہ: هٰذَا هُوَ الْاَمْرُ وَالْبَاقِي مِنَ الْعَبَثِ (اصلی کام تو یہی ہے باقی سب بے فائدہ ہے)۔

۶.. قولہ علیہ الصلوٰۃ... الخ۔ فی المشکوٰۃ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَّضِیَ اللّٰہِ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ: وَھُوَ اٰخِذٌ بِبَابِ الْکَعْبَۃِ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ تعالی عَلَیْہِ و الہ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :اَلَا اِنَّ مَثَلَ اَھْلِ بَیْتِیْ فِیْکُمْ مَثَلُ سَفِیْنَۃِ نُوْحٍ ،مَنْ رَکِبَھَانَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْھَا ھَلَکَ۔ رواہ احمد

ترجمہ:۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کا دروازہ پکڑے ہوئے بیان کیا کہ میں نے نبی ﷺ کو کہتے ہوئے سنا: آگاہ ہو جاؤ کہ میرے اہل بیت کی مثال تمہارے درمیان کشتی نوح کی مثال ہے (علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسلام) جو اس پر سوار ہو گیا نجات پا گیا اور جو پیچھے رہ گیا وہ ہلاک ہو گیا۔ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔ مکتوبات کا عربی ترجمہ کرنے والے (علامہ محمد مرادکی) کہتے ہیں: اس کو امام بزار نے ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو الزبیر سے اور امام حاکم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ ۱۲

۷.. قولہ جلال:۔ (شد کے بغیر) یعنی بزرگی، اور عَظَمت (ع اور ظ پر زبر سے) بزرگی وقدر اور تکبر وغرور، عُظْمت (ع اور ظ پر زبر) یہ جلال کا مترادف ہے، شوکت (ش پر زبر) اس کے معنی شدید ہیبت اور قوت کے ہیں۔ ۱۲

۸.. قولہ عَلاوہ:۔ (ع پر پیش) بمعنی بلندی اور (ع کے نیچے زیر) سر اور گردن کا بالائی حصہ اور خاص جگہوں کے درمیان اور وہ چیز جو ایک چیز کے اوپر زیادہ رکھ دیں فارسی میں اس کو سر باری (وہ شخص جو سر پر بوجھ لئے ہوئے ہو) کہتے ہیں اور یہاں یہی اخیر معنی مراد ہیں۔ ۱۲

۹.. قولہ چوگان:۔ چول گان کا مخفف ہے جو چول خمدار کے معنی میں ہے اور گان کلمہ نسب سے مرکب ہے، عربی میں اس کو صولجان کہتے ہیں، جیسے چوگان (ہاکی) کا سرا خمدار ہوتا ہے لہذا اسی نام سے مشہور ہو گیا۔ گیند اور ہاکی دونوں کھیل کود کے کام آتے ہیں اور ایک کو دوسرے پر مارتے ہیں، گوئے بردن اشارہ ہے فوقیت وزیادتی اور غلبہ پانے کی طرف۔

۱۰.. قولہ دہلی:۔ ایک مشہور شہر کا نام ہے جو ہندوستان کا دارالحکومت ہے۔ ۱۲

لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

متن...... بین السطور...... معانی......

☆ غرا...... روشن ۱۲...... چمک دار...... ☆ ہمہ...... شارا ۱۲...... آپ کو...... ☆ ذاتی...... سیادت ۱۲...... بزرگی۔......

☆ علاوہ...... ترویج شریعت ۱۲...... اسلامی قوانین کو نافذ کرنا...... ☆ سبقت...... پیشدستی ۱۲...... آگے بڑھنا۔

﴿صہ ۲۴﴾ ☆ والامر عنداللہ سبحانہ...... وعلم آخر کار نزد خدائے پاک است ۱۲...... آخر کار علم خدائے پاک کے پاس ہے۔......

باونواں مکتوب ﴿۵۲﴾

یہ مکتوب بھی سرداری کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا ـــــ نفس امارہ کی مذمت، اس کے ذاتی مرض اور اس مرض کو دور کرنے کے علاج کے بیان میں۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی ؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

آپ کا بزرگ مرحمت نامہ جس سے آپ نے شفقت و مہربانی فرماتے ہوئے اپنے مخلص دعا گو کو ممتاز فرمایا تھا اسکے مضمون کے مطالعہ سے مشرف ہوا۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کے جدّ بزرگوار علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل آپ کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، آپ کی قدر و منزلت کو بلند فرمائے۔ آپ کے سینے کو (اپنی معرفت کیلئے) کھول دے اور آپ کے کام کو آسان کردے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو آنحضرت ﷺ کی ظاہری و باطنی متابعت پر ثابت قدم رکھے اور اس دعا پر آمین کہنے والے پر رحم فرمائے۔ (آمین)

دیگر یہ کہ بدخو مصاحب اور بُری عادت والے ہمنشین کے بارے میں چند فقرے تحریر کئے جاتے ہیں، (امید ہے کہ) قبولیت کے کانوں سے سنیں گے۔

(میرے) مخدوم و مکرم! انسان کا نفسِ امارہ جاہ و ریاست کی محبت پر پیدا کیا گیا ہے اس کی تمام ہمت و کوشش اپنے ہمعصروں پر بلندی حاصل کرنا ہے اور وہ فطری طور پر اس بات کا خواہاں ہے کہ تمام مخلوقات اس کی محتاج اور اس کے اوامر و نواہی کے تابع ہو جائے اور وہ خود کسی ایک کا بھی محتاج اور محکوم نہ ہو اس کا یہ دعویٰ الوہیت خدا ہونے اور خدائے بے مثل جل سلطانہٗ کے ساتھ شرکت کا دعویٰ ہے بلکہ وہ بدبخت شرکت پر بھی راضی نہیں ہے (بلکہ) چاہتا ہے کہ حاکم صرف وہی ہو اور سب اس کے محکوم ہوں۔

حدیث قدسی میں آیا ہے: عَادِ نَفْسَكَ فَاِنَّهَا انْتَصَبَتْ بِمُعَادَاتِیْ (یعنی اپنے نفس سے دشمنی رکھ کیونکہ بلاشک و شبہ وہ میری دشمنی پر کمربستہ ہے) پس جاہ و ریاست، بڑائی اور تکبر وغیرہ نفس کی خواہشات حاصل کرنے کے ساتھ نفس کی تربیت کرنا حقیقت میں خدائے عزوجل کے دشمن کی مدد کرنا اور اس کو تقویت دینا ہے، اس بات کی برائی کو اچھی طرح جان لینا چاہیئے۔

نیز حدیثِ قدسی میں وارد ہے: اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِیْ وَالْعَظَمَةُ اِزَارِیْ فَمَنْ نَازَ عَنِیْ فِیْ شَیْءٍ مِنْهُمَا اَدْخَلْتُهٗ فِی النَّارِ وَلَا اُبَالِیْ (یعنی بڑائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے پس جس نے ان دونوں میں سے کسی ایک بات پر مجھ سے جھگڑا کیا تو میں اس کو دوزخ میں داخل کروں گا۔ اور مجھے اس کی کچھ پرواہ نہیں)۔

کمینی دنیا حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے نزدیک اس وجہ سے ملعونہ و مبغوضہ (لعنت کی ہوئی اور غضب کی ہوئی) ہے کہ دنیا کا حصول نفس کی خواہشات کے حاصل ہونے میں معاون و مددگار ہے پس جو کوئی (اللہ تعالیٰ) کے دشمن کی مدد کرے وہ بالضرور لعنت کے لائق ہے ـــــ اور فقر جو حضرت سیدنا محمد ﷺ کے لئے فخر بن گیا (اس کی وجہ یہ ہے کہ) فقر میں نفس کی نامرادی اور اس کے عجز کا حصول ہے ـــــ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی بعثت سے مقصود اور شرعی احکامات میں حکمت کی وجہ یہی ہے نفسِ امارہ عاجز اور خراب ہو جائے (کیونکہ) شرعی احکامات نفسانی خواہشات کو دُور کرنے کیلئے وارد ہوئے ہیں، جس قدر شریعت کے مطابق عمل کیا جائے گا اسی قدر نفسانی خواہشات زائل ہوتی جائیں گی، یہی وجہ ہے کہ خواہشاتِ نفسانی کے دُور کرنے میں شرعی احکامات میں سے ایک حکم بجالانا اُن ہزار سالہ ریاضتوں اور مجاہدوں سے بہتر ہے جو اپنی طرف سے کی جائیں، بلکہ یہ ریاضتیں اور مجاہدے جو روشن شریعت کے مطابق واقع نہیں ہوئے نفسانی خواہشات کو مدد اور قوت دینے والے ہیں ـــــ برہمنوں اور جوگیوں نے ریاضتوں اور مجاہدوں میں کمی نہیں کی ہے لیکن ان میں سے کوئی چیز (ان کے لئے) فائدہ مند نہیں ہوئی اور نفس کی تقویت و پرورش کے سوا (ان کو) اور کچھ حاصل نہیں ہوا

Marfat.com

مثلاً زکوٰۃ کی ادائیگی میں جس کا کہ شریعت نے حکم دیا ہے ایک (دینار) دام خرچ کرنا نفس کے خراب (وذلیل) کرنے میں (بغیر امر شرعی) اپنی مرضی سے ہزار دینار خرچ کرنے سے زیادہ فائدہ مند ہے، اور شریعت کے حکم سے عید الفطر کے دن کھانا خواہش (نفسانی) کے دور کرنے میں اپنی مرضی سے کئی سال کے روزے رکھنے سے زیادہ فائدہ مند ہے، اور نمازِ فجر کی دو (۲) رکعتوں کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا اور جو کہ سنتوں میں سے ایک سنت کا بجالانا ہے اس بات سے کئی درجے بہتر ہے کہ تمام رات نفل نماز ادا کرتا ہے اور فجر کی نماز جماعت کے بغیر ادا کرے۔

غرضیکہ جب تک نفس کا تزکیہ نہ ہو جائے اور دماغ سرداری کے مالیخولیا کی پلیدی سے پاک نہ ہو جائے نجات محال ہے، اس مرض کے دُور کرنے کی فکر ضروری ہے تاکہ ایسا نہ ہو کہ اسی مرض میں ابدی موت آ جائے۔

کلمۂ طیبہ لَآ اِلٰــہَ اِلَّا اللّٰہ جو آفاقی (بیرونی) و انفسی (اندرونی) معبودوں کی نفی کے لئے وضع کیا گیا ہے نفس کے پاک صاف کرنے میں بہت ہی مفید اور نہایت مناسب ہے۔ بزرگانِ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے نفس کے تزکیہ کے لئے اسی کلمۂ طیبہ کو اختیار فرمایا ہے۔

؎ تا بجاروبِ لَا نہ روبی راہ نہ رسی درسرائے اِلَّا اللہ

ترجمہ: لَا کی جھاڑو سے نہ ہو جبتک صفائی راہ کی باب اِلَّا اللہ میں داخل نہیں ہوگا کبھی

جب نفس سرکشی کے مقام میں آ جائے اور عہد شکنی کرے تو اس کلمہ کی تکرار سے ایمان کو تازہ کرنا چاہئے نبی ﷺ نے فرمایا جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُم بِقَولِ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ (یعنی لَآاِلٰہَ اِلَّا اللہ (کی تکرار) سے اپنے ایمان کو تازہ کرلیا کرو) بلکہ ہر وقت اس کلمہ کی تکرار ضروری ہے اس لئے کہ نفس امارہ ہمیشہ ناپاکی (پلیدی) کے مقام میں ہے اس کلمہ طیبہ کی فضیلتوں کے متعلق حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر سب آسمانوں اور زمینوں (اور ان کے درمیان کی چیزوں کو ترازو کے) ایک پلڑے میں رکھیں اور اس کلمہ طیبہ کو دوسرے پلڑے میں 'تو یہ کلمہ والا پلڑا یقیناً دوسرے پلڑے پر بھاری ہوگا[۴] اس شخص پر سلام ہو جس نے ہدایت کی پیروی کی اور علیہ ﷺ علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کو لازم پکڑے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی اردو دوسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۴﴾ ۱ قولہ عَظَّمَ... الخ:۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کے جد بزرگوار علیہ وآلہ من الصلوٰت افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل آپ کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، آپ کی قدر ومنزلت کو بلند فرمائے، آپ کے سینہ کو (اپنی معرفت کے لئے) کھول دے اور آپ کے کام کو آسان کردے۔ حق تعالیٰ ہم سب کو آپ کے جدِ بزرگوار ﷺ کی ظاہری اور باطنی متابعت پر ثابت قدم رکھے اور اس دعا پر آمین کہنے والے پر رحم فرمائے۔ آمین یارب ا

۲.. قولہ اَقران (اِ پر زبر) یہ قَرن کی جمع ہے، اِقران (اِ کی زیر سے) کے معنی ہیں شجاعت، کشتی، ہنر اور جنگ وغیرہ میں ہمعصر وہم قدرت اور برابر وشریک ہونے کے۔ ۱۲

ـ.. قولہ ترفع:۔ برتری وبلندی چاہنا۔ ۱۲

۳.. قولہ حدیث قدسی... الخ:۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کی احادیثِ قدسیہ میں سے ہے۔ ۱۲ معرب (علامہ محمد مرادکیؒ)

ـ.. قولہ شناعت:۔ ع۔ باخودی کفر و بےخودی دین است ترجمہ:۔ خود پسندی کفر ہے اور اپنی نفی کرنا دین ہے۔

۴.. قولہ حدیث قدسی:۔ یعنی تکبر و برابری میری چادر ہے اور عظمت و بزرگی اور بلند قدری میری شلوار و تہبند ہے، پس جس نے ان دونوں میں سے کسی ایک بات میں مجھ سے جھگڑا کیا تو میں اس کو دوزخ میں داخل کروں گا اور مجھے اسکی کچھ پرواہ نہیں۔ مراد یہ کہ یہ دو صفتیں میری ذات کا خاصہ ہیں، ان ہر

Marfat.com

دوصفات میں شریک ہونے اوران سے متصف ہونے کی کسی کومجال نہیں ہے، جیسا کہ جودوکرم اورمہربانی میری صفات ہیں لیکن مخلوق کوبھی ان سے حصہ ملا ہے اوران کے لئے بھی یہ اوصاف جائز ہیں مجازی طور، مگران مذکورہ دوصفات سے میرے بغیر کسی کا متصف ہونا درست نہیں، یہ دوجامے اسی ذات کے لائق ہیں اورکسی دوسرے کے لئے ان کا اختیار کرنا ممکن نہیں ہے۔اس حدیث کومسلم نے روایت کیا ہے جس طرح مشکوٰۃ میں ہے۔ ۱۲

☆**متن**......بین السطور......معانی......

☆**مذمت**......بدی ۱۲...... برائی......☆**داعی**......دعاگو ۱۲...... دعا کرنے والا......☆**مصاحب**...... یار ۱۲......دوست۔

☆**مصاحب**......نفس ۱۲...... نفس کا دوست......☆ **سوء**...... بد ۱۲......برا......☆**ندیم**......ہمنشین ☆ **مسوّدہ**......تحریر ۱۲......لکھی ہوئی تحریر......☆**مجبول**......مطبوع ۱۲......پیدا کیا ہوا۔☆**ہمت**......ارادہ ۱۲......ارادہ وعزم

﴿صہ ۲۵﴾ ۱۔ قولہ ملعونہ ومبغوضہ:۔اس میں ان احادیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہوئی ہیں ۱۲ صہ ۶۱۔۱/۲۵۴

۲..

فقر وفخری نہ از گزاف است ومجاز	صد ہزاراں عز پنہاں است وناز	صہ ۶۰۔۱/۲۵۳
کار درویشی ورائے فہم تست !	سوئے درویشاں بمنگر سُست سُست	صہ ۶۰۔۱/۲۵۳
زانکہ درویشی ورائے کارہاست	دمبدم از حق مر ایشاں را عطاست	مولوی روم

ترجمہ:۔فقر میرا فخر ہے، نہ گپ ہے نہ مجاز، اس میں لاکھوں عزتیں اور ناز پوشیدہ ہیں درویشی کا معاملہ تیری سمجھ سے اونچا ہے تو درویشوں کو ذلیل نہ دیکھ (نہ سمجھ) کیونکہ درویشی دنیوی کاموں سے جداگانہ چیز ہے، ان (درویشوں) کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہروقت عطا ہی عطا ہے ۱۲

۲.. قولہ فقر فخر محمدی گشت:۔اس میں قول الفقر فخری کی طرف اشارہ ہے جو لوگوں میں آں حضرت ﷺ کی حدیث کے طور پر مشہور ہے، علامہ ابن حجر مکی فرماتے ہیں کہ اسکی کوئی اصل نہیں ہے اور ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ یہ قول باطل ہے، اور قاضی عیاض نے شفا میں اس قول کو مذکورہ الفاظ کے ساتھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ذکر کیا ہے جیسا کہ بعض نسخوں میں یہ الفاظ ہیں العجز فخری ۔ ملا علی قاری نے شفا کی شرح میں کہا ہے کہ اس قول کا موضوع و باطل ہونا سنت وحدیث کے الفاظ نہ ہونے کے اعتبار سے ہے نہ کہ اس کے معنی کے اعتبار سے کیونکہ یہ معنی کتاب اللہ کے مطابق ہیں چنانچہ حق سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد ہے ۔ وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ (اللہ غنی ہے اور تم فقیر ہو) معرب

۳.. قولہ رِیاضات (پہلے حرف کے نیچے زیر ہے) یہ ریاضت کی جمع ہے اور اس کے معنی رنج اٹھانا اورنفس کشی ہے، مجاہدات مجاہدہ کی جمع ہے اسکے معنی مقابلہ کرنا اور کسی کام میں کوشش کرنے کے ہیں ۱۲

۴.. قولہ کہ سنتے از سُنن:۔اس میں نماز باجماعت کے سنت ہونے کی طرف اشارہ ہے، قال فی الھدایۃ:الجماعۃ سنت مؤ کدۃ لقولہ علیہ السلام: الجماعۃ من سُنن الھدیٰ، لایتخلف عنھا الامنافق (ہدایہ میں ہے:یعنی جماعت سنت مؤکدہ ہے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جماعت سُنَنِ ہُدیٰ میں سے ہے اس سے سوائے منافق کے اور کوئی مسلمان روگردانی نہیں کرتا۔)

قال فی النھایہ ای قویۃ یشبہ الواجب فی القوۃ حتی استدل بمعاھدتھا علی وجود الایمان بخلاف سائر المشروعات ،حتی قال بعض الناس بان الصلوٰۃ بالجماعۃ فریضۃ إلاأن منھم من یقول بانھا من فروض الکفایات ۱۲

(نہایہ میں کہا ہے: یعنی باجماعت نماز پڑھنا قوی سنت ہے جو قوت میں واجب کے مشابہ ہے، یہاں تک کہ اسکی پابندی کی وجہ سے ایمان کے وجود پر استدلال کیا گیا ہے۔ (یعنی جو شخص نماز باجماعت پڑھتا ہے اس میں ایمان موجود ہے) دوسرے شرعی احکام کے خلاف (ان کی ادائیگی میں ایمان یقینی نہیں ہے) حتی کہ بعض علماء نے کہا ہے کہ نماز باجماعت ادا کرنا فرض ہے مگر ان میں سے بعض وہ بھی ہیں جو کہتے ہیں یہ فرض کفایہ ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ بمراتب:۔قال عمر رضی اللہ عنہ :لَاَنْ أشھدَ صلاۃَ الصبح فی الجماعۃ أحب الیّ من أن أقوم لیلۃ ۔رواہ مالک (حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر میں صبح کی نماز باجماعت ادا کروں تو مجھے یہ زیادہ پسند ہے اس کے مقابلہ میں کہ ساری رات شب بیداری کروں)۔ ۱۲

۶.. قولہ مَاخُولیا:۔واو معروف مالنخولیا (لام پر زبر نون ساکن خا پر پیش واو معروف، دوسری لام کے نیچے زیر ہے اس کے بعدی ہے اور آخر میں الف)

Marfat.com

کامخفف ہے اور یونانی زبان کا لفظ ہے، اس کا معنی وہ مرض ہے جو دماغ میں ہوتا ہے۔ مالیخولیا نون کی بجائے ی غلط ہے ۱۲

☆ بعثت ...... فرستادن ۱۲ ...... بھیجنا ...... ☆ تعجیز ...... عاجز ساختن ۱۲ ...... عاجز بنانا ...... ☆ تخریب ...... خراب ساختن ۱۲ ...... خراب کرنا۔ ...... ☆ رفع ...... دور کردن وزائل ساختن ۱۲ ...... دور کرنا اور زائل کرنا ...... ☆ ازالہ ...... دور نمودن ۱۲ ...... دور کرنا ...... ☆ برہمان ...... دوقوم انداز مشرکان ہند ۱۲ ...... ہندوستان کے مشرکوں سے دو قومیں ہیں ...... ☆ تقصیر ...... کوتہی ۱۲ ...... کوتاہی، کمی ☆ پیش خود ...... بغیر امر شرع ۱۲ ...... شریعت کے حکم کے بغیر ...... ☆ صرف ...... خرچ ۱۲ ...... خرچ ...... ☆ خبث ...... بضم پلیدی ۱۲ پیش سے، ناپاکی ...... ☆ آلہہ آفاقی انفسی ...... معبودات بیرونی واندرونی ۱۲ ...... اندرونی وبیرونی معبودات ...... ☆ انفع ...... نافع تر ۱۲ بہت زیادہ فائدہ مند ...... ☆ انسب ...... مناسب تر ۱۲ ...... سب سے زیادہ مناسب ......

﴿ص ۲۶﴾ ١ قولہ قال علیہ الصلوٰۃ والسلام ... الخ: امام جزری نے حصن حصین میں کہا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جَدِّدُوْ اِیْمَانَکُمْ! قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وَکَیْفَ نُجَدِّدُ اِیْمَانَنَا؟ قَالَ اَکْثِرُ وَامِنْ قَوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّااللہُ (الخ) یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے ایمان کو جدید اور تازہ کر لیا کرو! صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! ہم اپنے ایمان کو کس طرح تازہ کیا کریں؟ آن حضرت ﷺ نے فرمایا: کثرت سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا کرو۔ اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ ۱۲

٢ .. قولہ درحدیث آمدہ ... الخ: اس حدیث کو ابن حبان ونسائی نے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے اور بزار نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

١ .. قولہ آسمانہا: یعنی تمام آسمان اور زمینیں اور ان کے علاوہ ان میں رہنے والی مخلوق اللہ تعالیٰ کے سوا، جیسا کہ مشکوٰۃ میں ہے۔ ۱۲

ب .. قولہ پلّہ: پ پر زبر اور ل پر شد، یعنی درجہ و مرتبہ، ترازو کا ایک پلہ اور سیڑھی کا ایک پایہ۔ از برہان قاطع ۱۲ غ (یہاں ترازو کا پلہ مراد ہے)

ب .. یعنی غالب اور وزنی۔ ۱۲

٣ قولہ ثَبَّتَکُمُ اللہ ... الخ: اللہ سبحانہٗ آپ کو بزرگ آباؤ اجداد کی شاہراہ پر ثابت قدم رکھے۔ ۱۲

٤ .. قولہ نُوید: ن پر پیش اور و کے نیچے زیر اور یائے مجہول ہے، اس کے معنی خوشخبری کے ہیں۔ ن پر زبر اور یائے مجہول کی صورت میں بھی آتا ہے، عوام میں جو دونوں زبر سے نَوَید مشہور ہے وہ غلط ہے۔ ۱۲ غ

٥ .. قولہ اَبتر: (اور ت پر زبر اور ر بغیر نقطہ کے ہے۔ اس کے معنی دم کٹا، پیچھے کا حصہ کٹا ہوا، ناتمام اور جس کا لڑکا نہ ہوا سے بھی ابتر کہتے ہیں، فارسی لوگ اس کو پراگندہ/منتشر اور ضائع کے معنی میں بھی لاتے ہیں۔ ۱۲ غ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ سوء ...... بد ۱۲ ...... برا ...... ☆ وَمَا یُنَاسِبُ ...... وآنچہ مناسب است باین ۱۲ ...... وہ جو اس کے مناسب ہے۔ ☆ نشاۃ ...... فطرت ۱۲ ...... پیدائش ...... پیدائش۔ ☆ درنہاد ...... طبیعت ۱۲ ...... مزاج، پیدائش ...... ☆ بایشان ...... شیخ فرید ۱۲ ...... شیخ فرید ☆ کہ ملازم ...... یعنی حاضر درگاہ بادشاہ ۱۲ ...... یعنی بادشاہ کے درباری ...... ☆ امری ...... از بادشاہ ۱۲ ...... بادشاہ سے ...... ☆ بہ بہتر ۱۲ ...... بہتر ...... ☆ مجنون ...... دیوانہ ۱۲ ...... دیوانہ، پاگل ...... ☆ خود ...... البتہ ۱۲ ...... ضروری ...... ☆ اقل قلیل ...... نادر الوجود ۱۲ ...... بہت کم ...... ☆ قرن سابق ...... زمان گذشتہ ۱۲ ...... گذرا ہوا زمانہ ...... ☆ صحبت ...... یعنی صحبت علماء سوء ۱۲ یعنی برے علماء کی صحبت ...... ☆ باعث ...... بمعنی بلکہ یا از برای علت ۱۲ ...... بلکہ کے معنی میں ہے یا برائے علت ہے

ترپنواں مکتوب ﴿۵۳﴾

یہ مکتوب بھی سرداری کی نسبت والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا ــــ اس بیان میں کہ بُرے علماء کا اختلاف دنیا کی تباہی کا باعث ہے اور

Marfat.com

اس کے مناسب بیان میں۔

ثَبَّتَكُمُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَلٰى جَادَّةِ اٰبَآئِكُمُ الْكِرَامِ (اللہ سبحانہ آپ کو بزرگ آباؤ اجداد کے راستہ پر ثابت قدم رکھے) ـــ سنا گیا ہے کہ بادشاہِ اسلام (جہانگیر) نے مسلمانی کی نیک فطرت پر ہونے کی وجہ سے جو کہ وہ اپنی ذات میں رکھتا ہے آپ سے فرمایا ہے کہ "دیندار علماء میں سے چار شخص (علماء) مہیا کریں جو کہ دربارِ شاہی میں حاضر رہ کر شرعی مسائل بیان کیا کریں تاکہ (بادشاہ سے) خلافِ شرع کوئی امر واقع نہ ہو۔" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ عَلٰى ذٰلِكَ (اس پر اللہ سبحانہ کی حمد و ثنا ہے)۔

مسلمانوں کے لئے اس سے بڑھ کر اور کونسی خوشی ہوگی اور ماتم زدوں کے لئے اس سے بہتر اور کونسی خوشخبری ہوگی، لیکن چونکہ یہ فقیر بھی اسی (دینی) غرض کے لئے آپ کی خدمتِ عالیہ کی طرف متوجہ ہے جیسا کہ کئی مرتبہ اس امر کا اظہار کیا جا چکا ہے اس لئے اس بارے میں کہنے اور لکھنے سے اپنے آپ کو ہرگز معاف نہیں رکھ سکے گا، امید ہے کہ مجھے معذور قرار دیں گے کیونکہ صَاحِبُ الْغَرَضِ مَجْنُوْنٌ (غرض مند دیوانہ ہوتا ہے)۔ (یہ فقیر) عرض کرتا ہے کہ ایسے دین دار عالم جو حُبِّ جاہ و ریاست سے خالی ہوں اور شریعت کی ترویج اور ملتِ (اسلامیہ) کی تائید کرنے کے علاوہ اور کچھ مطلب نہ رکھتے ہوں بہت کم بلکہ کم سے کم ہیں۔ حُبِّ جاہ ہونے کی صورت میں ان علماء میں سے ہر ایک اپنی ایک الگ لائن اختیار کرے گا اور اپنی بزرگی کا اظہار کرے گا اور اختلافی باتیں درمیان میں لا کر اس کو بادشاہ کے قرب کا وسیلہ بنائے گا لامحالہ دین کی مہم ضائع ہو جائے گی ـــ گذشتہ زمانہ (عہدِ اکبری) میں بھی علماء کے اختلافات نے دنیا کو بلا و مصیبت میں ڈال دیا تھا اور (اب بھی) وہی بُرے علماء کی صحبت کا اندیشہ درپیش ہے، اس صورت میں (شریعت کی) ترویج کی کیا گنجائش ہے، بلکہ (یہ) دین کی خرابی کا باعث ہوگا، وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ مِنْ ذٰلِكَ وَمِنْ فِتْنَةِ الْعُلَمَآءِ السُّوْءِ (اللہ تعالیٰ سبحانہ اس امر سے اور بُرے علماء کے فتنہ سے بچائے) ـــ اگر اس غرض کے لئے (صرف) ایک عالم (دین) کا انتخاب کر لیں تو بہتر معلوم ہوتا ہے اور اگر علمائے آخرت میں سے (یعنی جو دنیا سے بے رغبت ہو) کوئی دستیاب ہو جائے تو بہت بڑی سعادت ہے کیونکہ اس کی صحبت سرخ گندھک (یعنی اکسیر کی مانند ہے) اور اگر (ایسا عالم) نہ مل سکے تو صحیح غور و فکر کے بعد اس قسم کے علماء (یعنی علماءِ سو) میں سے کسی بہتر کا انتخاب کر لیں۔ مَا لَا يُدْرَكُ كُلُّهٗ لَا يُتْرَكُ كُلُّهٗ (جو چیز پورے طور پر حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل نہیں چھوڑ دینا چاہیے، یعنی جس قدر بھی حاصل ہو سکے حاصل کر لی جائے)۔

میں نہیں سمجھتا کہ (اس کے سوا اور) کیا لکھوں (کہ) جس طرح مخلوق کی نجات علماء کے وجود کے ساتھ وابستہ ہے دنیا کا خسارہ بھی انہی پر موقوف ہے۔ علماء میں بہترین عالم تمام دنیا کے انسانوں میں سب سے بہتر ہے اور علماء میں بدترین عالم تمام دنیا کے انسانوں میں سب سے بدتر ہے۔ (کیونکہ) ہدایت اور گمراہی ان ہی کی ذات کے ساتھ وابستہ ہے ـــ کسی بزرگ نے ابلیسِ لعین کو دیکھا کہ فارغ و بیکار بیٹھا ہے، اس نے اس (بیکاری) کا سبب پوچھا، اس (ابلیس) نے جواب دیا کہ اِس وقت کے علماءِ (سُو) میرا کام کر رہے ہیں اور بہکانے و گمراہ کرنے میں وہ کافی ہیں۔

ے
عالم کہ کامرانی و تن پروری کند — او خویشتن گم است کرا رہبری کند

ترجمہ
عالم جو کامرانی و تن پروری کرے — بھٹکا ہوا ہے آپ وہ کیا رہبری کرے

غرض (امید ہے کہ) اس بارے میں صحیح و کامل غور و فکر سے کام لے کر کوئی قدم اُٹھائیں گے، جب کام ہاتھ سے جاتا

Marfat.com

رہے تو پھر اس کا کوئی علاج نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ شرم آتی ہے کہ اس قسم کی باتیں صحیح دانائی وعقلمند حضرات کے سامنے ظاہر کرے لیکن (فقیر) اس مقصد کو اپنی سعادت کا وسیلہ جانتے ہوئے آپ کو تکلیف دیتا ہے۔۵

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۲۷﴾۔ قولہ علماء:۔علماء آخرت، جو دنیا سے بے رغبت ہیں اور مرتبہ واقتدار اور اپنے ہمعصروں پر سربلندی حاصل کرنے سے بری ہیں۔ ۱۲

۱.. قولہ کِبریت:۔ک کے نیچے زیر اور یائے معروف، آخر میں ت ہے، سرخ گندھک کو کہتے ہیں، سرخ گندھک سے اکسیر کی طرف اشارہ ہے اور اکسیر اس سے بنائی جاتی ہے اور یہ اکسیر (کیمیا) کا جز واعظم ہے اور سرخ گندھک نہایت کم یاب ہے۔ ۱۲

۲.. قولہ مَالاَ یُدرَکُ کُلُّہٗ لا یُترَکُ کُلُّہٗ:۔یعنی جو پورے طور پر حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل نہیں چھوڑ دینا چاہیے، یعنی جس قدر بھی حاصل ہو سکے حاصل کرلی جائے۔ ۱۲

۳.. قولہ نمیدانم:۔میں نہیں سمجھتا کہ اس بارے میں کیا لکھوں مگر وہ جو میں کہتا ہوں کہ جس طرح بھی ہو خلاصی کی صورت ہو سکے۔۱۲

۴.. قولہ بہترین:۔اس میں ان احادیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہوئی ہیں جیسا کہ عن الا حوص بن حکیم عن ابیہ قال:قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ان شر الشر شرار العلماء وان خیر الخیر خیار العلماء رواہ الدارمی حضرت احوص بن حکیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آگاہ رہو کہ بے شک بروں میں سے سب سے برے، برے علماء ہیں اور نیکوں میں سب سے نیک لوگ نیک علماء ہیں۔ اس کو دارمی نے روایت کیا ہے۔ (مشکوٰۃ) ۱۲

۵.. قولہ ہدایت واضلال...الخ:۔یہ بات علت وسبب ہے خاص طور پر اس سے پہلی عبارت کیلئے۔ ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی......

☆جنس...... علماء ۱۲...... علماء...... ☆خسران...... زیان کارے ۱۲...... نقصان وخرابی والا۔☆عزیزی...... بزرگے ۱۲...... ایک بزرگ۔...... ☆سر...... راز ۱۲...... بھید۔☆اغوا واضلال...... ہر دو معنی گمراہ کردن ۱۲...... دونوں لفظوں کے معنی گمراہ کرنا ہیں۔☆تامل...... غور ۱۲...... غور وفکر۔...... ☆مرعی...... رعایت نمودن ۱۲...... رعایت کرنا۔...... ☆اقدام...... برین امر ۱۲...... اس امر کا۔...... ☆فطانت...... بفتح فا زیر کی ودانائی ۱۲...... فا کی زبر سے ذہانت دانائی......

چوّنواں مکتوب ﴿۵۴﴾

یہ مکتوب بھی سرداری کی پناہ والے حضرت شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا۔۔۔ اس بیان میں کہ بدعتی کی صحبت سے بچنا لازم وضروری ہے، بدعتی کی صحبت کا ضرر کافر کی صحبت کے ضرر سے بھی بڑھ کر ہے اور بدعتی فرقوں میں سب سے بدترین فرقہ شیعہ شنیعہ ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب سیّد البشر ﷺ کے طفیل جو کجی چشم سے پاک ہیں آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور آپ کی قدر ومنزلت بلند کرے اور آپ کے کام میں آسانی عطا فرمائے اور آپ کو شرح صدر مرحمت فرمائے ـــــ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ (جو شخص لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا شکر بھی بجا نہیں لاتا) ـــــ پس ہم فقیروں پر آپ کے احسانات کا شکر (دو وجہ سے) لازم ہے۔ اول اس لئے کہ ہمارے حضرت خواجہ (پیر ومرشدنا خواجہ باقی باللہ قدس سرہ) کی ظاہری جمعیت کا سبب آپ ہی ہوئے ہیں، ہم نے آپ ہی کے طفیل اس (ظاہری) جمعیت (کی حالت) میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طلب کی اور بہت سے فائدے حاصل کئے ـــــ دوسرے کُبِّرْتُ بِمَوْتِ الْکُبَرَاءِ (بڑوں کی موت کی وجہ سے میں بڑا سمجھ لیا گیا ہوں) کے مصداق جب نوبت اس طبقہ (حضرت مجدد قدس سرہ) تک پہنچی تو فقراء کے اجتماع کا ذریعہ اور طالبانِ (طریقت) کے انتظام کا

Marfat.com

باعث بھی آپ ہی ہیں جزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنَّا خَیْرَالْجَزَاء (یعنی حق تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے)۔

گر بر تنِ من زباں شود ہر موئے　　　　یک شکرِ تو از ہزار نتوانم کرد

ترجمہ:　ہر رُواں تن کا گر زباں ہو جائے　　　　شکر کیا ہو ادا ہزار سے ایک

آرزو یہی ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو آپ کے جد بزرگوار سید المرسلین ﷺ کے طفیل دنیا و آخرت میں نامناسب و ناشائستہ امور سے محفوظ رکھے۔

یہ فقیر آپ کی صحبت باعظمت سے دور پڑا ہوا ہے، معلوم نہیں کہ آپ کی مجلس شریف میں کس قسم کے لوگ ہوتے ہیں اور خلوت وجلوت میں آپ کا غمخوار کون ہے۔

خوابم بشد از دیدہ دریں فکر جگر سوز　　　　کا غوشِ کہ شد منزل و آسائش خوابت

ترجمہ:　تمام شب مجھے اس فکر میں نیند نہ آئی　　　　کہ کس کی گود میں تو نے گذاری رات اپنی

یقین جانئے کہ بدعتی کی صحبت کا فساد کافر کی صحبت کے فساد سے بھی زیادہ ہے، اور تمام بدعتی فرقوں میں سب سے بُرا وہ فرقہ ہے جو پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحابؓ کے ساتھ بُغض رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ خود قرآن مجید میں ان کو کفار کے نام سے موسوم فرماتا ہے (یعنی) لِیَغِیْظَ بِھِمُ الْکُفَّارَ (فتح ۴۸ آیت ۲۹: تاکہ کفار کو ان (اصحاب رسول کریم ﷺ) کے سبب سے غصہ میں ڈالے) ---قرآن مجید اور شریعت کی تبلیغ اصحاب (کرام) ہی نے کی ہے، جب ان پر طعن کیا جائے گا تو قرآن وشریعت پر طعن لازم آئے گا۔ قرآن مجید کو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جمع کیا ہے، اگر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ مطعون ہوں گے تو قرآن مجید بھی مطعون ہوگا، اَعَاذَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَمَّا یَعْتَقِدُ الزَّنَادِقَۃُ (اللہ تعالیٰ ہمیں ان زندیقوں کے اعتقادات سے بچائے) ---جو اختلافات اور جھگڑے اصحاب کرام علیہم الرضوان کے درمیان واقع ہوئے تھے وہ نفسانی خواہشوں پر محمول نہیں ہیں (اس لئے) کہ حضرت سید البشر ﷺ کی صحبت (بابرکت) میں (رہ کر) ان کے نفسوں کا تزکیہ ہو گیا تھا اور (اُن کا نفس) اَمّارہ پن سے آزاد ہو چکا تھا، میں اس قدر جانتا ہوں کہ اس معاملہ میں حضرت امیر (سیدنا علی رضی اللہ عنہ) حق پر تھے اور ان کے مخالف (حضرت امیر معاویہ وغیرہ رضی اللہ عنہم) خطا پر تھے لیکن یہ خطا خطائے اجتہادی ہے جو (ان کو) فسق کی حد تک نہیں پہنچاتی، بلکہ اس قسم کی خطا میں ملامت کی بھی گنجائش نہیں ہے کیونکہ ایسی خطا کرنے والے کو بھی ثواب کا ایک درجہ حاصل ہے ــــ اور یزید بدنصیب اصحابہ کرامؓ میں سے نہیں ہے، اس کی بدبختی میں کس کو کلام ہے، جو کام اس بدبخت نے کیا (یعنی واقعہ کربلا) کوئی کافر فرنگ بھی نہیں کرتا۔ اہلِ سنت وجماعت کے بعض علماء نے جو اس پر لعنت کرنے کے بارے میں توقف کیا ہے وہ اس وجہ سے نہیں کہ وہ اس سے راضی ہیں بلکہ اس کے اپنے کیئے سے رجوع وپشیمانی وتوبہ کے احتمال کی رعایت کرتے ہوئے کیا ہے۔

آپ کی مجلس شریف میں قطب زمان بندگی مخدوم جہانیاں (قدس سرہ العزیز) کی معتبر کتابوں میں سے ہر روز کچھ پڑھا جانا چاہیے، تاکہ (لوگوں کو) معلوم ہو جائے کہ انہوں نے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحابِ کرام کی کس طرح تعریف کی ہے اور کس ادب کے ساتھ ان کو یاد کیا ہے، تاکہ (صحابہؓ کے) بدخواہ مخالفین شرمندہ وذلیل ہوں، اس زمانہ میں بداندیش گروہ (رافضیوں) کی بہت کثرت ہو گئی ہے اور گرد و نواح میں ہر طرف پھیلے ہوئے ہیں اسی لئے اس بارے میں چند کلمات لکھے گئے

Marfat.com

ہیں تاکہ آپ کی صحبتِ مبارک میں اس قسم کے بداندیش لوگوں کیلئے کوئی گنجائش نہ ہو۔ ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَی الطَّرِیْقَۃِ الْمَرْضِیَّۃِ (اللہ تعالیٰ آپ کو پسندیدہ طریقہ پر (اہل سنت وجماعت کے طریقہ پر) ثابت قدم رکھے)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۲۸﴾ ا قولہ کُبِرتُ بِمَوتِ الکُبَرَاءِ:۔یعنی میں بڑا سمجھ لیا گیا ہوں بڑوں کی موت کی وجہ سے اور ان کا دارِ فانی سے منتقل ہونا دارِ باقی کی طرف۔ ۱۲

۲.. قولہ جَزَاکُمُ اللّٰہُ...الخ:۔یعنی حق سبحانہ آپ کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔ ۱۲

۳.. قولہ خوابم:۔یعنی اس جگر سوز فکر میں میری آنکھوں سے نیند اڑ گئی ہے کہ آپ کی خوابگاہ میں کون شخص آرام کرتا ہے یعنی میں نہیں جانتا کہ تمہارا ہم نشین اور ندیم کون ہے۔ ۱۲

۴.. قولہ لِیَغِیظَ بِھِمُ الْکُفَّارَ:۔یعنی اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ حٰم میں سورہ الفتح کے آخر میں واقع ہے: مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ...الخ ترجمہ:۔یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور وہ جو آپ کے ساتھی ہیں کفار کے مقابلہ میں بہت سخت ہیں، آپس میں بڑے رحم دل ہیں، تو دیکھتا ہے انہیں رکوع کرتے ہوئے سجدہ کرتے ہوئے، طلبگار ہیں اللہ کے فضل اور اسکی رضا کے، ان (کے ایمان وعبادت) کی علامت ان کے چہروں پر سجدوں کے اثر نمایاں ہیں، یہ ان کے اوصاف تورات میں (مذکور) ہیں، نیز ان کی صفات انجیل میں بھی (مرقوم) ہیں (یہ صحابہ) ایک کھیت کی مانند ہیں جس نے نکالا اپنا پٹھا پھر تقویت دی اسکو مضبوط ہوگیا، پھر سیدھا کھڑا ہوگیا اپنے تنے پر (اس کا جوبن) خوش کر رہا ہے بونے والوں کو تاکہ آتش غیظ میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے جو ایمان لے آئے اور نیک اعمال کرتے رہے ان سے مغفرت کا اور اجر عظیم کا۔ ۱۲

۵.. قولہ اَعَاذَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ...الخ:۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں ان بے دینوں کے اعتقادات سے بچائے۔ ۱۲

۶.. قولہ یزید:۔یزید بن معاویہ ۲۵ھ یا ۲۶ھ میں پیدا ہوا تھا۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی۔

☆طبقہ...... حضرت مجدد قدس سرہٗ ۱۲۔ حضرت مجدد قدس سرہٗ...... ☆بشد...... برفت ۱۲......نیند اڑ گئی۔...... ☆کہ شد......کدام کس ۱۲......کون شخص۔...... ☆نزاعی...... جواب سوال مقدر ۱۲......پوشیدہ سوال کا جواب۔...... ☆درصحبت......زیرا کہ ۱۲......اس لئے کہ۔...... ☆حضرت امیر......علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ۱۲......حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔ ☆مخالف......معاویہ رضی اللہ عنہ......حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔...... ☆کاری......اشارت است بواقعہ کربلا ۱۲......واقعہ کربلا کی طرف اشارہ ہے۔...... ☆رجوع......از کردہ خویش ۱۲......اپنے کئے سے۔......

﴿صہ ۲۹﴾ ا قولہ مخدوم جہانیان:۔حضرت میر سید جلال الدین بخاری جو حضرت شیخ جلال الدین شریف سرخ بخاری اوچی کے پوتے ہیں اور سید کبیر احمد بن سید جلال الدین سرخ کے برادر حقیقی اور سید صدر الدین کے صاحبزادے ہیں۔ آپ پیدائشی ولی تھے بچپن ہی سے بزرگی کے آثار آپ کی پیشانی سے نمایاں تھے آپ سات سال کے تھے کہ آپ کے والد بزرگوار آپ کو شیخ جلال الدین خندہ رو کی خدمت میں لے گئے اور ان کی دست بوسی سے مشرف کرایا، شیخ بہت خوش ہوئے اور مخدوم کے حق میں دعا فرمائی کہ تم خاندان اور مشائخ عظام کے خاندان کو روشن کرو گے۔ اور جاننا چاہیے کہ حضرت مخدوم جہانیاں چودہ خانوادوں میں خلیفہ تھے، آپ نے دو مرتبہ ربع مسکون (ملکوں) کی سیر کی اور سینکڑوں فقراء اور مشائخ کو دیکھا اور ان سے فیوض وبرکات حاصل کیں اور کلاہ وخرقہ خلافت پایا، لیکن آپ کو سلسلہ قادریہ سے زیادہ محبت واعتقاد تھا، آپ کی ولادت ۷۰۷ھ اور وفات ۷۸۵ھ یا ۷۸۸ھ میں ہوئی۔ ۱۲ (خزینۃ الاصفیاء مع تغیر یسیر)

۲.. قولہ غُلو:۔پہلے دونوں حرفوں پر پیش ہے لغت میں اس کے معنی ہیں: ہاتھ بلند کرنا جہاں تک ہو سکے اور بمعنی ہجوم اور حد سے گذرنے کے معنی میں بھی آیا ہے، علم معانی کی اصطلاح میں مبالغہ کی ایک قسم ہے اور وہ اس طرح ہوتا ہے کہ متکلم کا مدعا بحسب عقل وعادت دونوں محال ہے۔ ۱۲

۳.. قولہ ثَبَّتَکُمُ اللّٰہُ...الخ:۔اللہ تعالیٰ آپ کو پسندیدہ طریقہ (اہل سنت) پر...قدم رکھے۔ ۱۲

Marfat.com

☆مخالفان......یعنی رافضہ ۱۲......یعنی شیعہ۔☆مخذول......خوار ۱۲......ذلیل ورسوا۔☆طائفہ......رافضہ ۱۲......شیعہ۔

پچپن واں مکتوب (۵۵)

محبت کے اظہار میں سیادت پناہ شیخ عبدالوہاب بخاری کی طرف صادر ہوا۔

کچھ عرصہ سے فقیر کے دل میں آپ کے ملازموں (یعنی آنجناب) کی محبت پیدا ہوگئی ہے، یہ اس رابطہ وتعلق سے الگ ہے جو کہ پہلے سے ثابت تھا، اسی بنا پر (یہ فقیر) بے اختیار (آپ کے حق میں) غائبانہ دعا میں مشغول ہے اور چونکہ سرورِ کائنات فخرِ موجودات علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات نے فرمایا ہے مَنْ اَحَبَّ اَخَاہُ فَلْیُعْلِمْ اِیَّاہُ (جو شخص اپنے (کسی مسلمان) بھائی سے محبت کرے تو اُسے چاہیئے کہ اس کو بتادے) (اسی لئے) اپنی محبت کا ظاہر کرنا اولیٰ اور زیادہ مناسب جانا اور اس محبت کے وسیلہ سے جو کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کے ساتھ پیدا ہوگئی ہے بڑی امید حاصل ہوگئی ہے، حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل ان (حضرات اہل بیتؓ) کی محبت پر استقامت نصیب فرمائے۔

حاشیہ متن

(صہ ۲۹) ۳ قولہ بدعا:۔یعنی وہ دعا جو اس کے لئے کی جائے جو آدمی پاس موجود نہ ہو وہ جلدی قبول ہوتی ہے اور تکلف سے دور ہوتی ہے۔قال صلی اللہ علیہ وسلم ان اسرع الدعاء اجابۃ دعوۃ غائب لغائب وقال علیہ الصلوٰۃ والسلام اذا دعا الرجل لاخیہ بظہر الغائب قالت الملائکۃ آمین ولك بمثل ،رواہما ابوداؤد ترجمہ: ۔حضور ﷺ نے فرمایا: سب دعاؤں سے جلدی وہ دعا قبول ہوتی ہے جو غائب آدمی کسی غائب کے لئے دعا کرتا ہے، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: جب آدمی اپنے بھائی کے لئے اس کی عدم موجودگی میں دعا کرتا ہے تو فرشتے آمین کہتے ہیں اور کہتے ہیں تیرے لئے بھی اس کی مثل ہو (اجر وثواب وغیرہ) ان دونوں حدیثوں کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ ۱۲

۴ قولہ اَحَبَّ اَخَاہُ...الخ:۔یعنی جو شخص اپنے (کسی مسلمان) بھائی سے محبت کرے تو اس کو چاہیے کہ اس کو بتادے، یعنی اپنی محبت کا اظہار کردے۔ اسکو امام احمد اور امام بخاری نے ادب مفرد میں اور ترمذی نے زہد میں اور ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ ۱۲ (شرح جامع الصغیر ۱۲ معرب)

۵ یعنی آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد پاک کوئی شخص ؟

☆متن......بین السطور......معانی......

☆بملا ...... یعنی بہ شما ۱۲...... آپ کے ساتھ۔......☆چون......شرط ۱۲......یہ شرط ہے۔☆اظہار......جزا ۱۲......یہ جزا ہے۔

☆بقربا......شرفا وسادات کرام ۱۲......صاحب شرافت اور سادات کرام۔......

چھپّن واں مکتوب (۵۶)

یہ مکتوب بھی شیخ عبدالوہاب کی طرف ایک سید صاحب کی سفارش میں صادر فرمایا۔

سادات کثیر البرکات کی پاک بارگاہ آنحضرت سردارِ دو عالم ﷺ کی جزئیت یعنی اولاد ہونے کے باعث اس سے بلند تر ہے کہ (یہ فقیر) اپنی ناقص زبان سے ان کی تعریف وتوصیف کر سکے مگر یہ کہ اس کو اپنی سعادت کا وسیلہ جانتے ہوئے اس بارے میں جرأت کرتا ہے بلکہ اس تعریف کے وسیلہ سے خود اپنی ستائش کرتا ہے اور ان کی محبت کو جس کے لئے ہمیں امر کیا گیا

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

ہے ظاہر کرتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ مُّحِبِّیْھِمْ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَعَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ (یااللہ! اپنے حبیب سید المرسلین ﷺ کے طفیل ہمیں سادات کے ساتھ محبت کرنے والوں میں سے بنا)۔

حامل عریضۂ نیاز میر سید احمد ساداتِ سامانہ میں سے ہیں، طالب اور صالح شخص ہیں، معاش کی تنگی کے باعث آپ کی جانب متوجہ ہوئے ہیں، آپ کی بلند سرکار میں کچھ گنجائش ہو تو موصوف مذکور اسی کے لائق و مستحق ہیں ورنہ اپنے مخلصوں میں سے کسی کی طرف (ان کی) سفارش فرمائیں تاکہ تنگیٔ معاش کی طرف سے مطمئن ہو جائیں' چونکہ یقین تھا کہ خود آنجناب فقراء اور محتاجوں کے بارے میں اور خصوصاً ساداتِ عظام کی امداد کے بارے میں پوری توجہ فرماتے ہیں اس لئے یہ چند کلمات لکھنے کی جرأت کی گئی ہے — روانگی کے وقت اگرچہ وہ رخصت کی سعادت سے بہرہ ور نہیں ہو سکے تاہم مخلصوں کے گروہ میں شامل ہیں، حق سبحانہ وتعالیٰ اُن کی محبت واخلاص پر استقامت مرحمت فرمائے۔ زیادہ لکھنا گستاخی ہے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۰﴾ ۱ .. قولہ مَمَر:۔ دونوں م زبر وا ہیں، اور آخر میں بغیر نقطہ ر مشدد ہے اس کے معنی ہیں راستہ اور گذرنے کی جگہ، مجازی طور پر سبب کے معنی میں بھی مستعمل ہے اور قولہ ضِیق:۔ ض کے نیچے زیر ہے، تنگی کے معنی میں ہے اور قولہ مَعنشیت یعنی زندگی اور زندگی گزارنا، اور جس طرح وہ زندگی گذارتے ہیں یعنی اسباب معاش کی تنگی کی وجہ سے متوجہ ہوئے ہیں۔ ۱۲ .. قولہ سامانہ:۔ سامانہ ہندوستان کے شہروں میں سے سرہند کی جانب ایک شہر ہے .. قولہ خادمان:۔ یعنی خود بہ نفس نفیس۔ ۱۲ .. قولہ اَللّٰھُمَّ:۔ اے اللہ سید المرسلین ﷺ کی طفیل ہمیں ان کے محبین میں شمار کر ۱۲

۲ .. قولہ مُسْتَسعِد:۔ اسم فاعل ہے استسعاد مصدر سے سعادت چاہنے کے معنی میں، یعنی نیک بختی کا طلبگار ہونا اور مدد چاہنا۔ ۱۲

۳ .. قولہ جَرگہ:۔ ج اور گ پر زبر، قطار بنانا اور آدمیوں کا اجتماع، شکار کرنے کی ایک قسم ہے جس میں لوگ شکار کے گرد دائرہ بناتے ہیں۔ ۱۲

☆ متن …… بین السطور …… معانی۔……

﴿صہ ۲۹﴾ ☆ سیدی …… یعنی شخصے از اولاد آن سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام ۱۲ …… یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد سے ایک شخص۔……

☆ مَنْقَبت …… ستودگی ۱۲ …… تعریف …… ☆ مَحْمَدَت …… ستائش ۱۲ …… خوبی …… ☆ ماموراست …… بدلائل شرعیہ قطعیہ از قرآن وحدیث ۱۲ …… قرآن وحدیث سے شرعی قطعی یعنی یقینی دلائل ☆ مشارالیہ …… میر سید احمد ۱۲ میر سید احمد۔ …… ☆ والّا …… ورنہ ۱۲ …… اگر نہ، ورنہ۔ ☆ چون …… شرط ۱۲ …… یہ شرط ہے۔ ☆ چکند …… جزا ۱۲ …… یہ جزا ہے۔

﴿ستاونواں مکتوب ۵۷﴾

شیخ محمد یوسف کی طرف نصیحت کے بارے میں صادر ہوا۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ بطفیل آنحضرت سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا آپ کو اپنے بزرگ آباواجداد کے طریقہ پر ثابت قدم رکھے، آپ کے خاندان میں بزرگی ورثہ میں چلی آرہی ہے آپ اپنی زندگی ایسے انداز پر بسر کریں کہ اس وراثت کا استحقاق حاصل ہو جائے، اپنے ظاہر کو ظاہر شریعت کے ساتھ اور اپنے باطن کو شریعت کے باطن کے ساتھ جس کو حقیقت سے تعبیر کرتے ہیں آراستہ وپیراستہ رکھیں، کیونکہ حقیقت وطریقت (دونوں) سے مراد شریعت کی حقیقت اور اس حقیقت کی طریقت ہے نہ یہ کہ شریعت کوئی اور چیز ہے اور طریقت وحقیقت کوئی اور چیز۔ کیونکہ یہ الحاد وزندقہ

Marfat.com

(بے دینی) ہے۔ فقیر کا گمان آپ کے بارے میں بہت نیک ہے، بعض واقعات اس حقیقت پر گواہ ہیں، اور اس معاملہ کا کچھ حصہ آپ کے والد بزرگوار علیہ الرحمۃ کے سامنے بھی ظاہر کردیا تھا۔

باقی مقصود یہ ہے کہ شیخ عبدالغنی بہت صالح و نیک ذات شخص ہے اگر کسی کام کیلئے آپ کی خدمت عالیہ میں رجوع کرے تو (اُمید ہے کہ) آپ توجہ فرمائیں گے۔ والسلام والاکرام۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۰﴾ ۴ قوله أرزانی:۔ دراصل گرانی کی ضد ہے، گرانی کہتے ہیں چیزوں کے نرخ اور قیمتوں کا بڑھانا اور زیادہ کرنا اور ارزانی طور پر دینے اور بخشنے کے معنی میں آتا ہے۔۱۲

۵ .. قوله وراثت:۔ واؤ کے زیر سے، میراث پانا اور میراث لے جانا کے معنی میں ہے۔ ۱۲

۶ .. قوله حقیقت: ''چہ حقیقت'' کا حضرت مجدد قدس سرہٗ کے قول ''بباطن شریعت کہ عبارت از حقیقت است'' سے ربط ہے۔ ۱۲

۷ .. قوله اِلحاد:۔ ایک طرف مائل ہونا، جھگڑا کرنا، حرم میں شرک کرنا، دین حق سے پھر جانا، حرم میں جنگ کرنا اور ظلم کرنا۔ ۱۲

۸ .. قوله زندقه:۔ بے دین و ملحد ہونا اور شریعت کی راہ سے سر پھیرنا۔ ۱۲ من

☆متن...... بین السطور...... معانی......

☆جادہ...... شاہراہ ۱۲...... کشادہ راستہ......☆خود...... شمارا ۱۲...... آپ کو......☆ظاہر را...... خود ۱۲...... اپنے ظاہر کو......

☆باطن را...... خود ۱۲...... اپنے باطن کو......☆متحلی...... آراستہ ۱۲...... سنوارا ہوا......☆زعم...... گمان ۱۲...... گمان۔

☆مادّہ شما...... حق ۱۲...... آپ کے حق میں......☆علیہ...... بلند ۱۲...... بلند۔

اٹھاونواں مکتوب ﴿۵۸﴾

جناب سیادت مآب سید محمود کی طرف صادر فرمایا ــــ اس بیان میں کہ یہ راہ جس کے طے کرنے کے ہم درپے ہیں کل سات قدم ہے اور اس بیان میں کہ دوسرے سلسلوں کے مشائخ کے برخلاف مشائخ نقشبندیہ نے سیر کی ابتدا عالم امر سے اختیار کی ہے اور ان بزرگوں کا طریقہ (بعینہٖ) اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

آپ کا بزرگ عنایت نامہ صادر ہوا، چونکہ اُس سے اس بزرگ گروہ (حضراتِ نقشبندیہ) کی باتیں سننے کا شوق معلوم ہوا، اس لئے آپ کی خواہش پورا کرنے اور مقصود کی طرف رغبت دلانے کے لئے چند باتیں تحریر کی جاتی ہیں۔

میرے مخدوم! یہ راستہ جس کے طے کرنے کے ہم درپے ہیں انسان کے سات لطیفوں کی تعداد کے مطابق (یعنی قلب، روح، سر، خفی، اخفیٰ اور قالب و نفس) کل سات قدم ہیں (جن میں سے) دو قدم عالم خلق میں ہیں جو کہ قالب یعنی بدن عنصری اور نفس سے تعلق رکھتے ہیں اور پانچ قدم عالم امر میں ہیں جو کہ (لطائف) قلب، روح، سر، خفی اور اخفیٰ کے ساتھ وابستہ ہیں اور ان سات قدموں میں سے ہر ایک قدم میں دس ہزار پردے پھاڑنے پڑتے ہیں خواہ وہ پردے نورانی ہوں یا ظلمانی۔ اِنَّ لِلّٰهِ سَبۡعِیۡنَ اَلۡفَ حِجَابٍ مِّنۡ نُّوۡرٍ وَّظُلۡمَةٍ (بیشک اللہ تعالیٰ کیلئے نور و ظلمات کے ستر ہزار پردے ہیں)۔

اور پہلا قدم جو عالم امر میں رکھتے ہیں (اس میں) تجلّیِ افعال ظاہر ہوتی ہے اور دوسرے قدم میں تجلّی صفات اور تیسرے قدم میں تجلیاتِ ذاتیہ میں (سیر) شروع ہوتی ہے علیٰ ہٰذا القیاس باقی لطائف میں ان درجات کے تفاوت کے لحاظ سے

Marfat.com

ترقی ہوتی جاتی ہے جیسا کہ اس راستہ کے سالکوں پر مخفی نہیں ہے اور ان سات قدموں میں سے ہر ایک قدم پر (سالک) اپنے آپ سے دور اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے نزدیک ہوتا جاتا ہے، یہاں تک کہ ان قدموں کے پورا ہونے تک حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا قرب بھی پورے طور پر حاصل ہو جاتا ہے۔ پس اس وقت وہ فنا و بقا سے مشرف ہو جاتے ہیں اور ولایتِ خاصہ کے درجہ تک پہنچ جاتے ہیں۔

سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخ کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے دوسرے سلسلوں کے مشائخ کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے برخلاف اس سیر کی ابتدا عالم امر سے اختیار کی ہے اور عالم خلق کو بھی اسی سیر کے ضمن میں طے کر لیتے ہیں اسی لئے طریقۂ نقشبندیہ سب طریقوں سے اقرب ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ دوسروں کی نہایت ان کی ابتدا میں درج ہو گئی ہے۔

مصرعہ قیاس کن زِ گلستانِ من بہار مرا ترجمہ: قیاس کر مرے گلشن سے تو بہار مری

ان بزرگوں کا طریقہ بعینہٖ اصحابِ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طریقہ ہے کیونکہ ان حضرات (اصحاب کرامؓ) کو حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی پہلی ہی صحبت میں انتہاء کے ابتدا میں درج ہونے کے طریق پر وہ کمال حاصل ہو جاتا تھا جو امت کے کامل اولیاء اللہ کو انتہا میں بھی شاذ و نادر ہی حاصل ہوتا ہے، اسی لئے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضور اکرم ﷺ کے چچا) کا قاتل وحشی جو ایک ہی مرتبہ حضرت خیر البشر ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا خواجہ اویس قرنی رحمہ اللہ سے جو کہ تابعین میں سب سے بہتر ہیں (کئی درجہ) افضل ہے —— حضرت عبداللہ بن مبارک علیہ الرحمہ سے پوچھا گیا کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ (یعنی دونوں میں کون افضل ہے) تو آپ نے فرمایا ''وہ گرد و غبار جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (جہاد کے سفر میں) امیر معاویہؓ کے گھوڑے کی ناک میں پڑا ہے وہ عمر بن عبدالعزیز سے کئی درجہ بہتر ہے'' —— پس سوچنا چاہیے کہ جس گروہ کی ابتدا میں دوسروں کی انتہا درج ہو تو ان کی انتہا کہاں تک ہو گی اور دوسروں کے علم و فہم میں کس طرح سمائے گی۔ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ (سورہ مدثر ۷۴ آیت ۳۱: تیرے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا)۔

قاصرے گر کند ایں طائفہ را طعن و قصور حاش للہ کہ برآرم بزباں ایں گلہ را
ہمہ شیرانِ جہاں بستۂ ایں سلسلہ اند روبہ از حیلہ چساں بگسلد ایں سلسلہ را

ترجمہ
اگر کوئی ناداں کرے طعن اس گروہِ پاک پر حاش للہ گر زباں پر لاؤں میں اس کا گلہ
کُل جہاں کے شیر وابستہ ہیں اس زنجیر سے لومڑی توڑے گی کیونکر مکر سے یہ سلسلہ

رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ مَحَبَّةَ هٰذِهِ الطَّائِفَةِ الْعَزِيْزِ وُجُوْدُهَا (حق تعالیٰ ہم کو اور آپ سب کو اس عزیز الوجود گروہ کی محبت عطا فرمائے)۔ کاغذ اگرچہ چھوٹا ہے لیکن (اس پر) اعلیٰ معارف اور بلند قدر حقائق درج ہوئے ہیں امید ہے کہ اُن کو عزیز رکھیں گے، والسلام۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۳۱﴾ لے قولہ صَدَد: پہلے دونوں حرفوں پر زبر اور دو عدد بے نقطہ ہیں، اس کے معنی کسی چیز سے نزدیکی، سامنے اور برابری کے ہیں، مجازی طور پر قصد و ارادہ کرنے اور درپے ہونے کے معنی میں مستعمل ہے۔ ۱۲ غ

Marfat.com

ہ.. قولہ ہفت لطیفہ انسانی:۔یعنی قلب، روح، سر، خفی، اخفی قالب اور نفس۔ ۱۲

ہ.. قولہ دہ ہزار:۔واضح ہو کہ لطائف عشرہ کو لطائف سبعہ کی طرف راجع کرتے ہیں، یعنی پانچ عالم امر کے اور دو خلق کے پس ان ساتوں لطیفوں میں سے ہر ایک کے حصہ میں دس ہزار حجاب ہوئے۔ ۱۲

۲.. قولہ نُوْرَانِیَّۃ کَانَتْ...الخ:۔جاننا چاہیے کہ ظلمانی پردوں سے مراد غفلت کے پردے ہیں جو کہ انسان کے دس لطیفوں کی کدورت سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور نورانی پردوں سے مراد اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبرائی کے پردے ہیں۔ ۱۲ (حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہٗ)

۳.. قولہ اِنَّ لِلّٰہِ سَبْعِیْنَ ...الخ:۔بے شک اللہ تعالیٰ کے لئے نور و ظلمت کے ستر ہزار پردے ہیں۔علامہ محمد مرادمکیؒ نے کہا کہ یہ حدیث مشکوٰۃ میں روایت کی گئی ہے حضرت جرائیل علیہ السلام کے قول کی حیثیت سے اور ابن حجر نے کہا ہے کہ یہ صحیح ہے اور اس کو سیوطی طویل حدیث میں لائے ہیں اور ابن زنجویہ کی طرف نسبت کی ہے علی بن یزید ہلالی سے اور انہوں نے قاسم بن عبدالرحمٰن سے اور انہوں نے ابوامامہ سے مرفوعاً روایت کیا ان لفظوں سے یا محمد لقد دنوت من اللہ دنوا ما دنوت مثلہ قط فکان بینی و بینہ سبعون الف حجاب من نور الخ نور...الخ (ترجمہ:۔اے محمد ﷺ) بیشک میں اللہ تعالیٰ سے قریب ہوا کہ میں کبھی اس طرح قریب نہیں ہوا تو میرے اور اسکے درمیان ستر ہزار نور کے پردے تھے) اقول قال فی المشکوٰۃ و عن ابی زرارۃ بن ابی اوفی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لجبریل ھل رائیت ربک فا نتفض جبریل،وقال یا محمد ان بینی وبینہ سبعین حجابا من نور،لود نوت من بعضھا لاحترقت (ترجمہ:۔میں کہتا ہوں مشکوٰۃ میں کہا ہے: زرارہ بن ابی اوفی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جبریل سے فرمایا: کیا تو نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ جبریل کانپ گئے اور کہا اے محمد (ﷺ) بے شک میرے اور اس کے درمیان ستر ہزار نور کے پردے تھے، اگر میں کچھ اور قریب ہوتا میں جل جاتا)۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں: ایک روایت میں ہے سبعین الف حجاب (ستر ہزار پردے)۔

وعن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ خلق اسرافیل ،منذیوم خلقہ صافا قدمیہ لایرفع بصرہ بینہ وبین الرب تبارک وتعالیٰ سبعون نورا مامنھا من نور یدنومنہ الا احترق ۔رواہ ترمذی وصححہ (باب بدء الخلق من المشکوٰۃ رقم الحدیث ۵۷۳۱) ترجمہ:۔حضرت عبداللہ بن عباس ؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جس دن حضرت اسرافیل کو پیدا فرمایا وہ اپنے قدموں پر کھڑے ہیں اپنی نگاہ نہیں اٹھاتے، ان کے اور رب تعالیٰ کے درمیان ستر نور ہیں، ان میں سے کوئی نور نہیں مگر جس سے وہ قریب ہو تو جل جائے۔ اس کو ترمذی نے روایت کر کے صحیح کہا ہے۔

ہ.. قولہ حَتّٰی یَتِمَّ الْقُرْبُ...الخ:۔یہاں تک کہ ان سات قدموں کے پورا ہونے تک حق سبحانہ وتعالیٰ کا قرب بھی پورے طور پر حاصل ہو جاتا ہے، پس اس وقت وہ راہروان فنا و بقا سے مشرف ہو جاتے ہیں اور ولایت خاصہ کے درجہ تک پہنچ جاتے ہیں، جاننا چاہیے کہ شرفوا وبلغوا مصدر تشریف اور تبلیغ سے ہیں یا شرافۃ اور بلاغ سے یعنی ثلاثی مجرد۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی۔......

☆صدر......در پی ۱۲......پیچھے، پیروی۔......☆طائفہ......نقشبندیہ ۱۲......حضرات نقشبندیہ۔......☆لاجرم......ناچار ۱۲ ضروری۔......☆بقالب......بدن عنصری ۱۲......اصلی جسم۔......☆نورانیۃ کانت...الخ...... نورانی باشند آن پردہ ہایا ظلمانی ۱۲......وہ پردے نورانی ہوں یا ظلمانی۔......☆خطوہ از خطوات سبع......گام۔گامہائے ہفتگانہ ۱۲......قدم۔سات قدم۔......

☆اقرب راہ......نزدیک ترین راہ ہا ۱۲......سب راستوں سے قریب۔......☆لاجرم ...... ازینجا ۱۲......اس جگہ سے۔......

☆بزرگواران......نقشبندیہ ۱۲......بزرگان نقشبندیہ۔......☆بزرگوران......اصحاب کرامؓ ۱۲......صحابہ کرام ؓ۔......

﴿صہ۳۲﴾ ۱.. قولہ وحشی:۔حضرت حبشی بن حرب مولیٰ جبیر بن مطعم نے کفر کی حالت میں امیر حمزہ ؓ کو غزوہ احد میں شہید کر دیا تھا اس کے بعد انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر اسلام قبول کیا، اور حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے عہد میں مسیلمہ کذاب کو جہنم واصل کیا۔ ۱۲

۲.. قولہ خیر التابعین:۔عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول

Marfat.com

ان خیرالتابعین رجل یقال لہ اویس ولہ والدۃ وکان بہ بیاض فمروہ فلیستغفر لکم۔ رواہ مسلم

ترجمہ:۔ حضرت عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک تابعین میں سب سے بہتر ایک آدمی ہے اس کو اویس کہا جاتا ہے اسکی ایک والدہ ہے، اس (اویس) کو برص کا نشان ہے، اسکو کہنا کہ وہ تمہارے لئے مغفرت کی دعا کرے۔ اس کو مسلم نے روایت کیا۔ ۱۲

۳.. قولہ سئل عبداللہ بن مبارکؒ... الخ:۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ جو بڑے علماء اور فقہا میں سے تھے، خیر و برکات کا مجمع تھے ان سے پوچھا گیا کہ امیر معاویہؓ افضل ہیں یا عمر بن عبدالعزیز (یعنی ان دونوں میں سے کون افضل ہے) تو آپ نے فرمایا: وہ گرد و غبار جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (جہاد کے سفر میں) امیر معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں پڑا، وہ عمر بن عبدالعزیز سے کئی درجہ بہتر ہے۔ ۱۲

۴.. قولہ عمر بن عبدالعزیز:۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز بن مروان بن حکم بن ابوالعاص اموی امیر المومنین اپنے زمانہ کے قطب تھے، ان کے فضائل تاریخ کی کتابوں میں مسطور ہیں۔ ۱۲

۵.. قولہ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ:۔ یہ آیت سورہ مدثر پارہ تبارک الذی میں واقع ہے یعنی تیرے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ۱۲

☆ دست...... حاصل شود ۱۲...... حاصل ہوتا ہے۔...... ☆ حضرت حمزہؓ...... عم نبی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲...... نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا۔ ☆ عبداللہ...... در ۸۱ھ بعمر ۶۳ سال از دنیا برفت ۱۲...... عبداللہ بن مبارک ۸۱ھ میں ۶۳ سال کی عمر میں دنیا سے رخصت ہوگئے۔...... ☆ درک...... علم ۱۲...... علم۔...... ☆ قاصری...... کوتاہ نظرے ۱۲...... تنگ نظری۔...... ☆ حاش للہ...... پناہ بخدا پاک ۱۲...... خدائے پاک کی پناہ۔...... ☆ شیران...... اولیاء اللہ ۱۲...... اللہ کے ولی۔ ☆ سلسلہ...... زنجیر ۱۲...... زنجیر (سلسلہ نسبت)...... ☆ چسان...... چہ طور ۱۲...... کس طرح، کیسے۔ ☆ رزقنا اللہ... العزیز...... بہ بخشد مارا حق سبحانہ و شمارا محبت این گروہ قلیل الوجود ۱۲ اللہ سبحانہ و تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سب کو اس عزیز الوجود گروہ کی محبت عطا فرمائے۔...... ☆ ارجمند...... بالفتح جیم موقوف بروزن نقشبند گرامی قدر و عزیز ۱۲...... (ارجمند بر وزن نقشبند) ر پر وقف، نقشبند کے وزن پر گرامی قدر اور عزیز۔ ☆ منوط...... معلق و موقوف ۱۲...... وابستہ و موقوف۔ ☆ برجادہ...... شاہراہ ۱۲...... کھلا راستہ۔ ☆ بکلیت...... بتمام و کمال ۱۲ پورا اور کامل۔...... ☆ مفاوضہ...... مکتوب خط۔...... ☆ اَللّٰهُمَّ زِدْ...... خدایا محبت فقراء و اخلاص بایشان زیادہ ازین مرحمت بفرما ۱۲ اے اللہ! فقراء کی محبت اور ان کے ساتھ اخلاص اس سے زیادہ عطا فرما۔...... ☆ طلب...... یعنی نصائح و وصایا طلب نمودہ بود ید ۱۲...... آپ نے نصیحتیں اور وصیتیں طلب کی تھیں۔

اُنسٹھواں مکتوب (۵۹)

یہ مکتوب بھی سید محمود کی طرف صادر فرمایا----- اس بیان میں کہ آدمی کو نجاتِ ابدی حاصل کرنے کیلئے تین چیزیں لازمی ہیں، اور اس بیان میں کہ اہل سنت و جماعت کی پیروی کے بغیر نجات حاصل ہونا محال ہے، اور اس بیان میں کہ علم و عمل شریعت سے حاصل ہوتے ہیں اور اخلاص طریقۂ صوفیہ پر چلنے سے وابستہ ہے، اور اس بیان میں کہ عمل کا اخلاص اولیاء اللہ کو تمام افعال و اعمال اور حرکات و سکنات میں حاصل ہے۔

حق سبحانہٗ و تعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے سیدھے راستے پر استقامت نصیب فرما کر کامل طور پر اپنی بارگاہ کا گرفتار بنائے۔

آپ کا مکتوب شریف اور محبت نامۂ لطیف صادر ہو کر خوشی کا باعث ہوا اور فقراء کے ساتھ آپ کی محبت کی تمہیدات اور

Marfat.com

اس بلند مرتبہ گروہ کے ساتھ آپ کا اخلاص واضح ہوا، اللہ تعالیٰ (اس محبت واخلاص کو) اور زیادہ کرے — آپ نے فوائد (یعنی پند و نصائح) طلب کئے تھے۔اے میرے مخدوم! انسان کو ابدی نجات حاصل کرنے کے لئے تین چیزیں لازمی ہیں: علم، عمل اور اخلاص۔

علم بھی دو قسم کا ہے، ایک وہ علم ہے جس سے مقصود عمل ہے جس کا متکفل (ذمہ دار) علمِ فقہ ہے، دوسرا علم وہ ہے جس سے مقصود صرف اعتقاد اور دل کا یقین حاصل ہونا ہے جو علم کلام (عقائد کے علم) میں فرقۂ ناجیہ اہل سنت و جماعت کے صحیح قیاس وعقائد کے موافق تفصیل کے ساتھ مذکور ہے، ان بزرگانِ دین کے اتباع کے بغیر نجات حاصل ہونا محال ہے اور اگر بال برابر بھی ان کی مخالفت ہے تو خطرہ ہی خطرہ ہے، یہ بات صحیح کشف اور صریح الہام کے ساتھ بھی یقین کے درجہ کو پہنچ چکی ہے اس میں کسی قسم کے اختلاف کا شبہ وگنجائش نہیں ہے پس اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جس کو ان کی پیروی کی توفیق حاصل ہوئی اور ان کی تقلید سے مشرف ہوا، اور اس شخص کیلئے ہلاکت ہے جس نے ان کی مخالفت کی اور ان سے منحرف ہو گیا اور ان کے اصولوں سے روگردانی کی اور ان کے گروہ سے نکل گیا۔ لہٰذا وہ لوگ خود بھی گمراہ ہوئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا چنانچہ انہوں نے (آخرت میں) رویت باری تعالیٰ اور شفاعت نبی کریم ﷺ کا انکار کیا اور رسول ﷺ کی صحبت کی فضیلت اور صحابہ کرامؓ کی افضیلت ان پر پوشیدہ رہی اور وہ رسول اللہ ﷺ کے اہل بیت کی محبت اور حضرت بتول (فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کی اولاد کی دوستی سے محروم رہے، غرض وہ اس بڑی نیکی سے محروم کر دیئے گئے جو اہلِ سنت و جماعت نے حاصل کی۔

اور تمام صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اُن میں سب سے افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، امام شافعیؒ نے جو کہ صحابۂ کرام کے حالات کے بارے میں سب سے زیادہ جاننے والے ہیں فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگ بے قرار ہو گئے تھے (کہ کس کو اپنا امیر بنائیں) پس انہوں نے آسمان کی چھت کے نیچے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بہتر و بزرگ کوئی شخص نہ پایا لہٰذا انہوں نے ان کو اپنا والی بنالیا۔ اور امام شافعی رحمتہ اللہ کا یہ قول اس بات پر صریح نص ہے کہ تمام صحابۂ کرام حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کے افضل ہونے پر متفق ہیں، پس ان کی افضیلت پر اجماع صدرِ اول میں ثابت ہو چکا ہے لہٰذا یہ اجماع قطعی ہوا جس کا انکار جائز نہیں ہے — اور اہل بیت رسول اللہ ﷺ کی مثال حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی مانند ہے جو اس پر سوار ہوا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے دُور رہا وہ ہلاک ہو گیا — بعض عارفوں نے فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اصحاب کرامؓ کو ستاروں کی مانند قرار دیا ہے اور لوگ ستاروں سے راستہ (سمت) معلوم کرتے ہیں، اور اہلِ بیت عظام کو حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی سے تشبیہ دی ہے اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ کشتی کے سوار کیلئے ستاروں کی رعایت رکھنا ضروری ہے تاکہ وہ ہلاک ہونے سے بچ جائے۔ اور ستاروں کو مدِ نظر رکھے بغیر نجات (ہلاکت سے بچنا) قطعی ناممکن ہے۔

اور یہ بات بھی جان لینی چاہیے کہ بلاشبہ بعض صحابہؓ کے انکار سے تمام صحابہؓ کا انکار لازم آتا ہے کیونکہ حضرت خیر البشر ﷺ کی صحبت کی فضیلت میں سب صحابہ مشترک ہیں اور (رسول اللہ ﷺ کی) صحبت کی فضیلت تمام فضیلتوں اور کمالات سے بڑھ کر ہے، یہی وجہ ہے کہ اویس قرنیؒ جو تمام تابعین میں بہتر ہیں آنسرور عالم ﷺ کے ادنیٰ صحابی کے مرتبہ کو بھی نہیں پہنچے۔ پس صحبت کی فضیلت کے برابر کوئی چیز نہیں ہے اور نہ ہو سکتی ہے، کیونکہ ان کا ایمان نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی صحبت اور نزولِ وحی کی برکت سے شہودی ہو گیا تھا، اور صحابہ کرام کے بعد کسی کو ایمان کا یہ مرتبہ نصیب نہیں ہوا، اور

Marfat.com

اعمال ایمان پر مرتب ہوتے ہیں (یعنی اعمال ایمان کے ثمرات ونتائج ہیں) اور ان کا کمال ایمان کے کمال کے مطابق ہوتا ہے۔

اور جو لڑائی جھگڑے (مثلاً جنگ جمل وصفین وغیرہ) اُن (صحابۂ کرام) کے درمیان واقع ہوئے ہیں وہ سب نیک گمانوں اور کامل حکمتوں پر محمول ہیں، وہ نفسانی خواہشات اور جہالت سے صادر نہیں ہوئے تھے۔ بلکہ اجتہاد وعلم کی رُو سے تھے اور اگر ان میں سے بعض حضرات نے اجتہاد میں خطا کی ہے تو اجتہاد میں خطا کرنے والے کے لئے بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے نزدیک ایک درجہ ثواب ہے اور یہی افراط وتفریط کے درمیان سیدھا راستہ ہے جس کو اہلِ سنت وجماعت نے اختیار کیا ہے اور یہی زیادہ سلامتی کا طریقہ اور زیادہ مضبوط راستہ ہے، غرضکہ علم وعمل (دونوں) شریعت سے حاصل ہوتے ہیں، اور اخلاص جو کہ علم وعمل کیلئے روح کی طرح ہے اس کا حاصل ہونا صوفیہ کے طریقے پر چلنے سے تعلق رکھتا ہے۔ (سالک) جب تک سیر الی اللہ قطع نہ کرلے اور سیر فی اللہ حاصل نہ ہوجائے اخلاص کی حقیقت سے دُور اور مخلصوں کے کمالات سے محروم ہے، ہاں عام مومنوں کو بھی تعمل و تکلف کے ساتھ بعض اعمال میں مجمل طور پر اخلاص حاصل ہوجاتا ہے لیکن جس اخلاص کو ہم بیان کررہے ہیں وہ تمام اقوال و افعال اور حرکات وسکنات میں تکلف وبناوٹ کے بغیر اخلاص ہے، اور یہ اخلاص آفاقی وانفسی معبودوں کی نفی کرنے پر موقوف ہے جو فنا وبقا کے ساتھ وابستہ ہے اور ولایتِ خاصہ کے مرتبہ تک پہنچتا ہے۔ جو اخلاص حیلہ وتکلف کا محتاج ہے وہ ہمیشہ قائم نہیں رہتا (اخلاص میں) دوام (ہمیشگی) حاصل ہونے میں جو مرتبۂ حق الیقین میں ہوتا ہے بے تکلف ہونا ضروری ہے۔

پس اولیاء اللہ جو کچھ کرتے ہیں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی رضا کے لئے کرتے ہیں نہ کہ اپنے نفس کیلئے کیونکہ ان کا نفس حق تعالیٰ پر قربان ہوچکا ہے، اخلاص حاصل ہونے میں ان کیلئے نیت کا صحیح کرنا ضروری نہیں ہے ان کی نیت فنا فی اللہ وبقا باللہ سے درست ہوچکی ہے۔ مثلاً جو شخص اپنے نفس کا گرفتار ہے وہ جو کچھ کرتا ہے اپنے نفس کیلئے کرتا ہے خواہ وہ اس کی نیت کرے یا نہ کرے، اور جب یہ نفس کی گرفتاری سے دور ہوجائے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی گرفتاری اس کی جگہ قائم ہوجائے تو بالضرور وہ جو کچھ کرے گا حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے لئے کرے گا خواہ وہ اس کی نیت کرے یا نہ کرے، نیت کا ہونا ظنی امر میں ضروری ہے یقینی و متعین امر میں تعینِ نیت کی ضرورت نہیں ہے۔ ذٰلِكَ فَضۡلُ اللّٰهِ يُؤۡتِيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِيۡمِ (یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے)۔

دائمی اخلاص والا شخص مُخلَص بفتح لام ہے اور جس شخص کو دوام حاصل نہیں ہے (اور ابھی) اخلاص کا کسب کرتا ہے وہ مُخلِص بکسر لام ہے اور ان دونوں کے درمیان بڑا فرق ہے۔ اور صوفیہ کے طریقہ سے جو نفع علم وعمل میں حاصل ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ علمِ کلام واستدلال سے تعلق رکھنے والے علوم کشفی ہوجاتے ہیں اور اعمال کے ادا کرنے میں نہایت آسانی پیدا ہوجاتی ہے اور جو سُستی نفس وشیطان کی جانب سے واقع ہوئی ہے وہ دور ہوجاتی ہے۔

ع۔ ایں کار دولت است کنوں تا کرا رسد (یہ ہے عظیم کام، ملے دیکھئے کسے)

وَالسَّلَامُ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا۔ (اور اول وآخر (یعنی ہر حالت میں) سلامتی ہو۔)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۳﴾ ۱؎ قولہ خطر: پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے یعنی آفت، دشواری، اندیشہ، ضرر، قدر وجاہ اور عظمت وبزرگی کے معنی بھی ہیں۔ ۱۲

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی......

☆مخدوما......بیان فوائد مطلوبہ ۱۲......طلب کئے ہوئے فائدوں کا بیان۔......☆نجات......اخروی ۱۲......آخرت کی نجات۔

☆کلام......علم عقائد ۱۲......عقائد کا علم۔......☆رَفْض......نفسہ ۱۲......اپنے آپ کو الگ کرلیا۔......☆رویت حق......

دیدخدائے تعالیٰ بروز قیامت ۱۲......قیامت کے دن خدا تعالیٰ کا دیدار......☆زہرا بتول......یعنی سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراء ۱۲......

یعنی تمام عورتوں کی سردار فاطمہ الزہراء (نبی کریم ﷺ کی بیٹی)۔......☆مردم بعد رسول......یعنی لابد بودایشاں راازامیرے ۱۲......یعنی

لازم تھا ان کو اپنا کوئی امیر بنانا۔......

﴿صہ ۳۴﴾۔ قولہ بعضے:۔اہل حقائق ومعارف سے۔ ۱۲

☆والی......امیروحکمران ۱۲......امیر اور حاکم۔☆گردنہائے......ذاتہائے ۱۲......ذاتیں......☆وبستار ہا......جملہ

معترضہ ۱۲......یہ جملہ معترضہ ہے۔......

﴿صہ ۳۵﴾☆ایشان......اصحاب کرامؓ ۱۲......صحابہ کرامؓ۔......☆متفرع اند......یعنی ثمرات ونتائج ایمان اند ۱۲......یعنی ایمان کے ثمرات

اور نتائج ہیں۔......☆منازعات......چنانچہ جمل وصفین ۱۲......جیسے جنگ جَمل اور صفین۔......☆ازاجتہادوعلم......بودہ اند ۱۲

اجتہادوعلم سے ہوئے ہیں۔......☆اِفراط......بالکسرازحدگذشتن ۱۲......(ا کی زیر سے، حد سے گذر جانا۔......☆تفریط......کمی کردن وتقصیر

کردن ۱۲......کمی کرنا اور کم کرنا۔......

﴿صہ ۳۶﴾ ۱ قولہ سیرالی اللہ:۔سیرالی اللہ اور سیرفی اللہ کے معنی مکتوب ۱۴۴ جلد اوّل میں آئیں گے۔ ۱۲

۲.. قولہ ولونی الجملہ:۔اگرچہ بہت ہی کم ہی ہو۔ ۱۲

۔.. قولہ آلہہ:۔اندرونی وبیرونی معبودات (آلہہ)۔ ۱۲

۳.. قولہ تَمَحُّل:۔بغیر نقطہ ح پرشد اور پیش،مکروحیلہ کرنا۔ قولہ تکلف:۔اپنے اوپر رنج وتکلیف اٹھانا،وہ بات دکھلانی جو اپنے میں نہ ہو۔ ۱۲

۴.. قولہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ:۔اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو سورہ جمعہ پارہ قدسمع اللہ میں واقع ہے،یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا فضل

ہے جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ شَتَّانَ مَا بَيْنَهُمَا:۔یعنی بہت بڑی دوری اور فرق ہے ان دونوں کے درمیان یعنی صاحبِ دوام اور وہ شخص جسکو دوام حاصل نہیں ہے۔ ۱۲

☆یسر......آسانی ۱۲......آسانی۔......☆کسلی......کاہلی ۱۲......سستی۔......

﴿ساٹھواں مکتوب ۶۰﴾

یہ مکتوب بھی سیادت پناہ سید محمود کی طرف صادر فرمایا۔۔۔۔۔خطرات وساوس کے پورے طور پر دُور کرنے اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنی مقدس جناب کی دائمی گرفتاری سے مشرف فرمائے کیونکہ حقیقی نجات اسی گرفتاری میں ہے۔

خطراتِ (نفسانی) اور وساوس کا دور ہونا حضرات خواجگانِ (نقشبندیہ) قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقے میں کامل طور پر حاصل ہوجاتا ہے۔حتیٰ کہ اس بزرگ خاندان کے بعض مشائخ نے خطرات کے دور کرنے کیلئے چلہ کشی کی ہے اور ان پورے چالیس دنوں میں اپنے باطن کو خطرات ووساوس کے آنے سے باز رکھا ہے۔

حضرت خواجہ احرار قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ نے اس مقام میں فرمایا ہے کہ خطرات وساوس کے دفع کرنے سے وہ خطرات مراد ہیں

Marfat.com

جو مطلوب کی طرف دائمی توجہ کے روکنے والے ہیں نہ کہ مطلق طور پر خطرات کا دفع کرنا، اور اس سلسلۂ عالیہ کے مخلصین میں سے ایک درویش (غالباً خود حضرت مجددؒ) اس آیت وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (سورۂ الضحیٰ ۹۳ آیت نمبر ۱۱: اور اپنے رب کی نعمت کو بیان کر) کے مصداق اپنا حال اس طرح بیان کرتا ہے کہ ''خطرات دل سے اس حد تک دُور ہو جاتے ہیں کہ اگر بالفرض اس صاحبِ دل کو حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر دے دی جائے تو تب بھی (تمام عمر میں) کوئی خطرہ ہرگز اس کے دل میں نہیں آئے گا'' بغیر اس بات کے کہ وہ اس خطرے کے دُور کرنے میں کسی قسم کا تکلف کرے، کیونکہ جو حالت تکلّف سے حاصل کی جاتی ہے وہ ایک وقت تک محدود ہوتی ہے دائمی نہیں ہوتی، بلکہ اگر وہ خطرات کے لانے میں کئی سال تک تکلف کرے تو بھی خطرات کا گذر نہیں ہو سکتا (اس مقصد کے حصول کے لئے) چلّہ کا مقرر کرنا بناوٹ وتکلّف کی خبر دیتا ہے، تکلّف و بناوٹ مرتبۂ طریقت میں ہے اور حقیقت وہ ہے جو بناوٹ وتکلف سے خالی ہو —— یادکرد (مرتبۂ) طریقت میں ہے اور یادداشت (مرتبۂ) حقیقت میں ------ پس ثابت ہوا کہ عشرہ واربعین کے ذریعہ سے تکلف کے ساتھ خطرات کے روکنے میں جو ایک خاص وقت تک محدود ہے مطلوب کی طرف دائمی توجہ کا حاصل ہونا محال ہے کیونکہ تکلف مرتبۂ طریقت میں ہے اور یہ کہ مرتبہ طریقت میں دوام ممکن نہیں ہے (بلکہ مرتبۂ حقیقت میں ہے) اور یہ بات کہ دوام مرتبۂ حقیقت میں ہے اس وجہ سے ہے کہ تکلف کو اس مقام میں گنجائش نہیں ہے۔

پس مرتبۂ تکلف میں خطرات کا آنا بیشک دوامِ توجہ کا مانع ہے اور دائمی نگرانی جو اس سلسلۂ عالیہ کے مبتدیوں کو حاصل ہوتی ہے وہ کچھ اور ہے اور دائمی توجہ جس کو ہم بیان کر رہے ہیں اس سے مراد یاداشت ہے جو کمال کا انتہائی درجہ ہے —— حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس اللہ تعالیٰ سرہ نے فرمایا ہے کہ یاداشت کے آگے پنداشت (وہم وگمان) ہے یعنی اور کوئی مرتبہ نہیں ہے۔

اس قسم کے حالات ظاہر کرنے سے مقصود اس طریقۂ عالیہ کے طالبوں کو رغبت دلانا ہے، اگرچہ اس سے منکروں کا انکار ہی زیادہ ہوگا۔ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِىْ بِهٖ كَثِيْرًا (بقرہ ۲ آیت ۲۶: اس سے (حق تعالیٰ) بہت لوگوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہت لوگوں کو ہدایت دیتا ہے)۔

مثنوی: ہر کس افسانہ بخواند افسانہ است | وانکہ دیدش نقدِ خود مردانہ است
آب نیل است وبقبطی خون نمود | قومِ موسیٰ را نہ خون بود آب بود

ترجمہ: جس نے افسانہ کہا اس کے لئے افسانہ ہے | جو اُسے سمجھے حقیقت بس وہی فرزانہ ہے
قبطیوں کے حق میں آبِ نیل یکسر خون ہوا | قومِ موسیٰ کے لئے خون نہیں تھا آب تھا

والسلام مع الاکرام۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۷﴾ ۱؎ قولہ حضرت خواجہ احرار:۔ حضرت ولایت منزلت، ہدایت منقبت، قطب الکبراء، غوث العظماء، خواجہ ناصر الحق، والحقیقت والدنیا والدین خواجہ عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ حضرت خواجہ کی پیدائش ماہ رمضان ۸۰۶ھ میں ہوئی، اور ان کی وفات ہفتہ کی رات ۲۹ ربیع الاول ۸۹۵ھ میں ہوئی ان کے مقامات مشہور ہیں اور ان کے مناقب کتابوں میں مذکور ہیں، اور ان کے محامد ظاہر ہیں اور ان کے معارف پھیلے ہوئے ہیں۔ ۱۲

Marfat.com

۲.. قولہ ازمخلصان این:۔یعنی خود بنفسِ نفیس حضرت مجددان پر ہزاروں رحمتیں ہوں قدس سرہ الاقدس۔ ۱۲

۳.. قولہ وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ:۔یعنی بہر حال اپنے رب کی نعمت کو بیان کرو اور خبر دو، یہ آیت کریمہ پارہ عَمَّ ،سورہ والضحیٰ میں ہے۔ ۱۲

۴.. قولہ یادکردد:۔یادکرو سے مراد زبانی اور قلبی ذکر ہے،یعنی حق تعالیٰ کے ذکر سے غفلت کو دور کرنا ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ بلکہ دراتیان:۔حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے قول پر ترقی ہے نہ کہ وہ اس کے دور کرنے میں متکلف (تکلف سے کام لینے والے) ہوں ۱۲

۶.. قولہ یادداشت:۔یادداشت سے مراد ہر وقت اور ہر حال میں بطریق ذوق حق تعالیٰ کی طرف متوجہ رہنا ہے،بعض نے کہا ہے کہ یادداشت حضور بے غیبت کو کہتے ہیں،اور اہل تحقیق بزرگوں کے نزدیک حب ذاتی کے وسیلہ سے شہود حق کا دل پر غلبہ ہونا حصول یادداشت کہلاتا ہے اور اس کو مشاہدہ کہتے ہیں اور حق یہ ہے کہ وہ مقام جس میں تمام توجہ حق تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے فنائے تام و بقائے کامل کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ ۱۲

(ضیاء القلوب از مولانا و مقتدانا و مرشدنا وھادینا حضرت حاجی امداد اللہ المہاجر قدس سرہٗ العزیز ورحمہ اللہ تعالیٰ برحمۃ اللہ الخاصہ)

۵.. قولہ یادکرد:۔جاننا چاہیے کہ سالک جب تک طریقت و تصنع میں ہے اور حقیقت و ملکہ حضور اسے حاصل نہیں ہوا تو وہ یادکرد کے مقام میں ہے۔

بیت
دائم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ کار — میدار نہفتہ چشم دل جانب یار

ترجمہ:۔ہمیشہ ہر جگہ ہر شخص کے ساتھ ہر کام میں دل کی آنکھ کو پوشیدہ طور پر یار کی جانب رکھ۔

جب حضور کو دوام حاصل ہو جائے اور یادکرد کے تکلف سے چھٹکارا حاصل کر لے اور ایسا ملکہ حاصل ہو جائے کہ نفی کرنے سے بھی اسکی نفی نہ ہو سکے تو مقام یادداشت حاصل ہو جاتا ہے۔

بیت
دارم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ حال — در دل ز تو آرزو و در دیدہ خیال

ترجمہ:۔میں ہر جگہ ہر شخص کے ساتھ ہر حال میں دل میں تیری آرزو اور آنکھ میں تیرا خیال رکھتا ہوں۔

(از مکتوبات حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ) لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن......بین السطور......معانی......

☆کہ......زیرا کہ ۱۲......کیونکہ......☆خواجگان......نقشبندیہ ۱۲......بزرگانِ نقشبندیہ۔......☆اربعین......چلہ ۱۲......چلہ (چالیس دن کی ریاضت)۔......☆حضرت خواجہ......تعین مراد است ۱۲......معین کرنا مراد ہے۔......☆عبور......گذر ۱۲......گزرنا

☆موقّت......بوجود آن تکلف ۱۲......اس تکلف کا موجود ہونا۔......☆اربعین......چلہ ۱۲......چلہ (چالیس دن کی ریاضت)۔

☆محقق......نتیجہ ۱۲......نتیجہ۔......☆چہ......مقدمہ اولیٰ ۱۲......پہلا مقدمہ۔......☆تکلف......تنبیہ است بر ماقبل ۱۲......اس پر تنبیہ جو پہلے ہے۔......☆است......مقدمہ ثانیہ ۱۲......دوسرا مقدمہ۔......☆نیست......بلکہ در حقیقت است ۱۲......بلکہ حقیقت میں۔......☆این کہ......اثبات مقدمہ ثانیہ ۱۲......دوسرے مقدمہ کا ثبوت۔......☆رادران......حقیقت ۱۲......حقیقت۔......

☆پس......نتیجہ وتنبیہ ۱۲......نتیجہ اور تنبیہ۔......☆دوام......رفع اشتباہ ۱۲......شک وشبہ دور کرنا۔......☆صدد......درپے ۱۲......قصد کرنا/درپے ہونا۔......

﴿صہ ۳۸﴾ ۱.. قولہ عبدالخالق:۔خواجہ عبدالخالق قدس سرہٗ کے کچھ حالات مکتوب ۶ کے حاشیہ میں لکھے جا چکے ہیں وہاں سے ملاحظہ کئے جائیں۔ ۱۲

۲.. قولہ پنداشت است:۔یعنی صرف وہم وگمان اور خیال ہے لہذا انہوں نے فرمایا: یعنی مرتبہ دیگر نیست (دوسرا مرتبہ نہیں ہے) ۱۲

۳.. قولہ یضل بہ کثیرا:۔یعنی اس کے سبب سے بہت سے لوگوں کو گمراہ کرتا ہے اور اس کے سبب سے بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے۔یہ آیت سورہ بقرہ پارہ الم میں ہے۔ ۱۲

.. قولہ افسانہ:۔یعنی سرگزشت اور قصہ اور بے اصل حکایت کے معنی میں مجاز ہے اور یہاں یہی مراد ہے۔ ۱۲

.. قولہ بخواند:۔یعنی جو شخص اس کو افسانہ اور بے اصل قرار دیتا ہے وہ خود بے اصل اور غیر معتمد ہے۔ ۱۲

قولہ منبی:۔انباء سے اسم فاعل ہے،انبا کے معنی خبر دینا۔

۴.. قولہ نخواسی:۔یعنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ دینے اور عطا فرمانے کا ارادہ نہ فرماتا تو یہ خواہش وطلب اور درد وشوق نہ بخشتا، پس یہ طلب ودرد اس

Marfat.com

بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ عطا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ۱۲

۵.. قولہ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ:۔ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۱۳ سورہ ابراہیم میں واقع ہے یعنی اگر تم شکر کرو گے تو بہر حال تم کو زیادہ (نعمتیں) دوں گا۔ ۱۲

۶.. قولہ تا وجہ طلب:۔ شکرگزاری میں قائم رہنا اور التجاوزاری کرنا ضروری ہے تا کہ اللہ تعالیٰ شوق طلب اور دردمندی کے چہرہ کو کعبۂ جلال لایزال خداوندی کو (بندے سے) پھیر نہ لے۔ ۱۲

۷.. قولہ وَاِنْ لَمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكُوْا:۔ اس قول میں اشارہ اس حدیث کی طرف ہے جس کو شرح السنہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! رویا کرو! پس اگر رونہ سکو تو تکلف اور بناوٹ سے رونے والوں کی سی صورت بنالیا کرو! کیونکہ دوزخی لوگ روئیں گے حتی کہ ان کے آنسو ختم ہو جائیں گے تو ان کی آنکھیں زخمی ہو جائیں گی، اگر ان آنسوؤں میں کشتیاں بہائی جائیں تو بہ جائیں۔ (مشکوٰۃ، باب صفۃ النار واھلھا)

☆ ہر چند...... اگر چہ ۱۲...... اگر چہ ☆ بقبطی...... قوم فرعون ۱۲...... فرعون کی قوم۔ ☆ ویدش...... بصیرتش فی الحال است ۱۲...... اسکوفی الحال بصیرت حاصل ہے۔ ☆ نیل...... دریا ۱۲...... دریائے مصر...... ☆ قوم موسیٰ...... سبطی ۱۲...... موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا نام۔

اکسٹھواں مکتوب (۶۱)

یہ مکتوب بھی سیادت مآب سید محمود کی طرف صادر ہوا ــــ شیخ کامل و مکمل کی صحبت کی ترغیب اور ناقص شیخ کی صحبت سے بچنے اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے حبیب سید البشر علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل جو کہ کجی چشم سے پاک ہیں اپنی طلب میں زیادتی مرحمت فرما کر ہر اُس چیز سے بچائے جو مطلوب تک پہنچنے کی مانع ہے۔

آپ کا عنایت نامہ شرف صدور لایا چونکہ طلب و شوق کی خبر اور درد و تشنگی کا پتہ دینے والا تھا نظر میں بہت ہی پسند آیا کیونکہ طلب مطلوب کے حاصل ہونے کی بشارت دیتی ہے اور درد مقصود تک پہنچنے کی تمہید ہے ــــ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ''اگر نخواستے داد، نداد ے خواست'' (یعنی اگر اللہ دینا نہ چاہتا تو طلب عطا نہ فرماتا)۔ (پس یہ طلب و درد اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دینا چاہتا ہے)۔ پس طلبِ دولت حاصل ہونے کو بہت بڑی نعمت جان کر ہر اس چیز سے بچنا چاہیے جو اس کے مخالف ہے ایسا نہ ہو کہ اس میں کوئی فتور واقع ہو جائے اور اس حرارت میں کوئی ٹھنڈک (سستی) اثر کر جائے اور اس کی محافظت کا سب سے بڑا ذریعہ اس دولت کے حاصل ہونے کا شکرادا کرنا ہے۔ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ (سورۂ ابراہیم ۱۴ آیت ۷) (بالضرور اگر تم شکرادا کرو گے تو میں ضرور تم کو زیادہ دوں گا) اور (دوسرا ذریعہ) حضرت قدس جل سلطانہ کی جناب میں عاجزی اور وزاری کرنا ہے تا کہ حق تعالیٰ اس کی طلب و درد کے چہرے کو اپنے لازوال جمال کے کعبہ سے نہ ہٹائے۔ اگر التجا وتضرع کی حقیقت حاصل نہ ہو تو ظاہری تضرع و نیازمندی کی صورت کو ہاتھ سے نہیں جانے دینا چاہیے: وَاِنْ لَّمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكُوْا (یعنی اگر رونا نہ آئے تو رونے والوں کی سی صورت بنالو) میں اسی معنی کی طرف اشارہ ہے......

(طلب و درد کی) یہ محافظت کامل و مکمل (خود کامل و مکمل کرنے والے) شیخ کے ملنے تک ہے اس کے بعد اپنی تمام مرادیں اسی بزرگ کے سپرد کر دینی چاہئیں اور (اس کی خدمت میں) مردہ بدست غسال (غسل دینے والے) کی طرح

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

ہو جانا چاہیئے ......فنائے اول فنافی الشیخ ہے اور یہی فنا پھر فنافی اللہ کا وسیلہ بن جاتی ہے

زاں روئے کہ چشمِ تست اَحول ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ معبودِ تو پیرِ تست اول

(ترجمہ) ابھی جب تک تیری آنکھ احول ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ ہے مرشد ہی تیرا معبود اول

کیونکہ فائدہ پہنچانا اور فائدہ حاصل کرنا دونوں طرف کی مناسبت پر موقوف ہے اور ابتدا میں طالب طریقت کو اپنی نہایت پستی و کمینگی کے باعث حق تعالیٰ عز سلطانہ کی پاک بارگاہ کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں ہوتی اس لئے دونوں طرف (یعنی خالق و مخلوق کے درمیان) تعلق والا ایک واسطہ (برزخ ہونا ضروری ہے اور شیخِ کامل و مکمل ہے، اور طلب میں فتور وستی واقع ہونے کا سب سے بڑا قوی سبب شیخِ ناقص کی طرف رجوع کرنا ہے، جس نے ابھی اپنا جذبہ وسلوک کا کام پورا نہیں کیا اور شیخی و پیری کی مسند پر بیٹھ گیا اس کی صحبت طالب کے لئے زہر قاتل ہے اور اس کی طرف رجوع کرنا مہلک مرض ہے، اس قسم کے شیخ کی صحبت طالب کی بلند استعداد کو پستی میں لے آتی ہے اور بلندی سے پستی کے غار میں گرا دیتی ہے .... مثلاً جو مریض ناقص طبیب سے علاج کرائے وہ اپنی بیماری کے زیادہ کرنے میں کوشش کرتا ہے اور اپنے مرض کے زائل کرنے کی قابلیت کو ضائع کر دیتا ہے، اگرچہ ابتدا میں وہ دوائی مرض میں کچھ تخفیف کر دے لیکن حقیقت میں وہ عین مضر ہے۔ یہ مریض اگر بالفرض کسی حاذق (تجربہ کار) طبیب کے پاس جائے تو وہ طبیب پہلے تو اس دوا کی تاثیر کو زائل کرنے کی فکر کرے گا اور مسہلات کے ساتھ اس کا علاج کرے گا۔ اس تاثیر کے زائل ہو جانے کے بعد (اصلی) مرض کے دور کرنے کی طرف توجہ کرے گا۔

پہلا دفتر مکتوب ۱۱۱ دوسرا حصہ

ان بزرگواروں قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریق کا دارومدار (پیر کی) صحبت پر ہے اور (صرف) کہنے سننے سے کوئی کام نہیں بنتا بلکہ طلب میں سُستی پیدا ہو جاتی ہے........امید ہے کہ کچھ دنوں کے بعد دہلی و آگرہ کی طرف ہمارا سفر واقع ہو جائے اگر آپ (وہاں) پر تنہا تشریف لائیں تو آمنے سامنے کچھ حاصل کر کے جلدی واپس چلے جائیں تو اس کی گنجائش ہے، اس سے زیادہ لکھنا آپ کو تکلیف دینا ہے۔

بقیہ سوالوں کا جواب یہ ہے کہ جناب بزرگی کی پناہ والے اور معارف کے جاننے والے میاں شیخ تاج اس صوبہ (علاقہ) میں غنیمت ہیں اور بزرگ ہیں لیکن آپ کی استعداد کو ان کے طریقہ سے بہت کم مناسبت ہے اور مناسبت کے تعلق کے بغیر مطلوب کا حاصل ہونا دشوار ہے اور (آئندہ) آپ کو اختیار ہے، اگر کبھی کبھی اپنے کچھ حالات تحریر فرماتے رہیں تا کہ اس طرف سے بھی کچھ لکھا جاتا رہے تو بہت ہی مناسب ہوگا کیونکہ اخلاص کا سلسلہ اس طرح پر ہمیشہ حرکت میں رہتا ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۳۹﴾ ۱؎ قولہ تفویض....الخ۔ مثنوی سایہ یزداں بود بندۂ خدا ‌‌‌‌‌‌‌‌ مردۂ این عالم و زندہ خدا

دامنِ او گیر زوتر بے گماں ‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌‌ تارہی از آفتِ آخر زماں

ترجمہ:۔ خدا کا (خاص) بندہ اللہ کا سایہ ہوتا ہے جو اس جہان (کے تعلقات سے) مردہ اور خدا (کے تعلقات سے) زندہ ہوتا ہے۔ جلدی اور بلا تامل اس کا دامن پکڑ لے تا کہ آخرت کی آفت سے نجات پائے۔ ۱۲

۲؎ .. قولہ برزخ ذی جہتین ....الخ:۔ یعنی ایسا ذریعہ اور وسیلہ جو دو طرفیں رکھتا ہو ایک طرف اللہ کے ساتھ اور ایک مخلوق کے ساتھ ہو (مرشدِ کامل) اس کا بیان یہ ہے کہ مرید عالم سفلی میں گرفتار ہے اس لئے وہ عالم علوی سے مناسبت نہیں رکھتا تا کہ ذات حق سے بلا واسطہ فیوض و برکات اخذ کر سکے اس لئے اس کو ایک ایسے واسطہ کی ضرورت ہے جو ذو جہتین ہو یعنی عالم علوی سے کافی حصہ حاصل کر کے مخلوق کی دعوت

Marfat.com

وارشاد کے لئے عالم سفلی کی طرف رجوع کر چکا ہوتا کہ وہ عالم علوی کی مناسبت کی وجہ سے عالم غیب سے فیوضات اخذ کر کے عالم سفلی کے ساتھ مناسبت کی وجہ سے طالبوں کو وہ فیوضات پہنچائے۔ ۱۲

۳.. قولہ مثنوی: فقر خواہی، آں بصحبت قائم است — نے زبانت کار می آید نہ دست
دانش انوار است در جانِ رجال — نے ز راہِ دفتر و نے قیل وقال

ترجمہ:۔ اگر تو فقر چاہتا ہے تو وہ صحبت سے حاصل ہوتا ہے (اس سلسلہ میں) تیری زبان کام نہیں آئے گی اور نہ ہی ہاتھ، انوار کا علم (طریقت وحقیقت) مردانِ خدا کے دل میں ہے، یہ نہیں (حاصل ہوتا) کتاب کے راستہ سے اور نہ گفتگو سے۔ ۱۲

باسٹھواں مکتوب ﴿۶۲﴾

جناب میرزا حسام الدین احمد کی طرف صادر فرمایا...... اس بیان میں کہ وہ جذبہ جو سلوک سے پہلے ہے وہ اصلی مقصود نہیں ہے بلکہ منازل سلوک کو آسانی سے قطع کرنے کا وسیلہ ہے اور وہ جذبہ جو سلوک کے بعد حاصل ہوتا ہے اصلی مقصود ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰی (سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)...... وصول الی اللہ کے طریقہ کے دو جزو ہیں: جذبہ اور سلوک، یا دوسرے لفظوں میں تصفیہ وتزکیہ، جو جذبہ سلوک پر مقدم ہے وہ اصلی مقاصد میں سے نہیں ہے اور جو تصفیہ تزکیہ سے پہلے ہوتا ہے وہ بھی اصلی مطالب میں سے نہیں ہے، ہاں وہ جذبہ جو سلوک کے تمام ہونے کے بعد ہوتا ہے اور وہ تصفیہ جو تزکیہ حاصل ہونے کے بعد ہوتا ہے جو کہ سیر فی اللہ میں ہے البتہ وہ مقاصدِ مطلوبہ میں سے ہے۔ سابقہ جذبہ اور تصفیہ جو سلوک کے راستوں کی آسانی کے لئے ہے سلوک کے بغیر مقصد حل نہیں ہوتا اور (سلوک کی) منزلیں طے کئے بغیر مطلوب کا جمال ظاہر نہیں ہوتا، پہلا جذبہ دوسرے جذبے کیلئے (حقیقت کے بالمقابل) صورت کی مانند ہے۔ حقیقت میں (یہ دونوں) ایک دوسرے کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں رکھتے...... پس اِس سلسلہ عالیہ کے مشائخ کی عبارتوں میں جو انتہا کا ابتدا میں درج ہونا مذکور ہے اس سے مراد انتہا کی صورت کا ابتدا میں درج ہونا ہے ورنہ انتہا کی حقیقت ابتدا میں نہیں سما سکتی۔ اور نہایت کو بدایت کے ساتھ کچھ بھی نسبت نہیں ہے اور اس موضوع کی تحقیق اس رسالہ (مکتوب) میں تفصیل کے ساتھ مذکور ہے جو جذبہ وسلوک وغیرہ کی تحقیق میں لکھا گیا ہے...... مختصر یہ ہے کہ صورت سے گذر کر حقیقت تک پہنچنا ضروری ہے اور حقیقت کو چھوڑ کر صرف صورت پر اکتفا کرنا سراسر (مقصد سے) دُوری ہے۔ حَقَّقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ بِالْحَقِيْقَةِ الْحَقَّةِ وَجَنَّبَنَا عَنِ الصُّوْرَةِ الْبَاطِلَةِ بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَبْرَارِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَكْمَلُهَا وَمِنَ التَّحِيَّاتِ اَفْضَلُهَا (حق تعالیٰ سبحانہ اپنے نبی مختار اور آپ کی آل ابرار علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے طفیل ہم کو اصلی حقیقت پر ثابت قدم رکھے اور صورتِ باطلہ سے بچائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۰﴾ ۱ سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو ۱۲

۲.. جاننا چاہئے کہ سیر فی اللہ، سیر الی اللہ، سیر عن اللہ باللہ اور سیر فی الاشیاء کے معنی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ نے دفتر اول مکتوب ۱۴۴ میں جو کہ حافظ محمود لاہوری کے نام ہے۔ اس میں تفصیل سے بیان کئے ہیں، وہاں سے مطالعہ کرنا چاہیے ۱۲

۳.. یعنی دفتر اول مکتوب ۲۸۷ بنام حقائق آگاہ برادر حقیقی مجدد میاں غلام محمد قدس سرہما نیز دفتر ثانی مکتوب ۴۲ بنام خواجہ جمال الدین حسینؒ ۱۲

۴.. یعنی حق تعالیٰ سبحانہ اپنے نبی مختار اور آپ کی آل ابرار علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے طفیل ہم کو اصلی حقیقت پر ثابت قدم

Marfat.com

رکھے اور صورتِ باطلہ سے بچائے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی۔......

☆ازمقاصد ......اصلیہ ۱۲......اصل مقاصد......☆وسیلہ......ذریعہ ۱۲......واسطہ......☆بسہولت......بآسانی ۱۲...... آسانی سے......☆وصول......بحق ۱۲...... اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا طریقہ......☆تسہیل...... آسان نمودن۱۲...... آسان کرنا ......☆نمی نماید ...... ظاہر نمیشود ۱۲...... ظاہر نہیں ہوتا......☆کالصورت...... مقابل حقیقت۱۲......حقیقت کے مقابل......☆والّا......ورنہ ۱۲......ورنہ......☆عبور......گذر ۱۲......گزرنا

﴿تریسٹھواں مکتوب ۶۳﴾

یہ مکتوب سرداری کی پناہ والے اور ستائش کے سرمایہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ تمام انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام دین کے اصولوں میں متفق ہیں اور ان بزرگوں کا اختلاف صرف فروعِ دین میں ہے اور ان (انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) کے بعض متفق علیہ کلمات کے بیان میں۔

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی جَادَّۃِ اٰبَاءِکُمُ الْکِرَامِ عَلٰی اَفْضَلِہِمْ اَصَالَۃً وَّعَلٰی بَوَاقِیْہِمْ مُتَابَعَۃً الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو آپ کے بزرگ باپ داداؤں کے سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھے اور ان میں سب سے افضل پر اصلی طور پر اور باقی سب پر متابعت کے مطابق صلوٰۃ وسلام ہو۔)

انبیاءِ کرام، اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں اُن سب پر بالعموم اور ان میں سے افضل پر بالخصوص اللہ کی رحمتیں وسلام وتحیات وبرکات ہوں' کیونکہ ان بزرگوں کے طفیل ایک عالم کو دائمی نجات کی سعادت حاصل ہوئی ہے اور ہمیشہ کی گرفتاری سے آزادی نصیب ہوئی ہے، اگر ان حضرات کا وجود شریف نہ ہوتا تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ جو غنی مطلق ہے دنیا جہان کو اپنی ذات تعالیٰ وصفات مقدسہ کی نسبت کچھ خبر نہ دیتا تو اس کی طرف راستہ نہ دکھاتا اور کوئی شخص اس کو نہ پہچانتا اور (شرع شریف کے) اوامر ونواہی کہ جن کے ساتھ اپنے بندوں کو محض اپنے فضل وکرم سے ان کے نفع کے لئے مکلّف بنایا ہے ان کے بجالانے کی تکلیف نہ دیتا اور اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ امور اور اس کے ناپسندیدہ امور سے جدا نہ ہوتے......پس اس نعمتِ عظمیٰ کا شکر کس زبان سے ادا ہوسکتا ہے اور کس کو یہ طاقت ہے کہ اس کے شکر سے عہدہ برآ ہوسکے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْعَمَ عَلَیْنَا وَھَدٰنَا اِلَی الْاِسْلَامِ وَجَعَلَنَا مِنْ مُّصَدِّقِی الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہم پر انعام کیا اور ہم کو اسلام کی طرف ہدایت کی اور انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق کرنے والوں میں سے بنایا)۔

اور یہ بزرگواران (یعنی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) دین کے اصول میں (سب) متفق ہیں اور حق تعالیٰ وتقدس کی ذات وصفات، حشر ونشر، رسولوں کے بھیجنے، فرشتوں کے نازل ہونے، وحی کے وارد ہونے، جنت کی نعمتوں اور دوزخ کا عذاب دائمی وابدی ہونے کے بارے میں ان سب کی بات ایک ہی ہے' اور ان کا اختلاف صرف ان بعض احکام میں ہے جو دین کے فروع سے تعلق رکھتے ہیں، (کیونکہ) حق سبحانہ وتعالیٰ نے ہر زمانے میں ہر اولوالعزم پیغمبر پر اُس زمانہ والوں کے مناسب بعض احکام کے ساتھ وحی بھیجی ہے اور مخصوص احکام کے ساتھ مکلّف فرمایا ہے......احکامِ شرعیہ میں نسخ وتبدیلی کا

Marfat.com

ہونا حق تعالیٰ کی حکمتوں اور مصلحتوں کی بنا پر ہے اور ایسا بھی بہت دفعہ ہوا ہے کہ ایک ہی صاحب شریعت پیغمبر پر مختلف وقتوں میں ایک دوسرے کے برخلاف احکام نسخ وتبدیل کے طور پر وارد ہوئے ہیں۔

اور ان بزرگوں (انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام) کے متفقہ کلمات میں سے چند کلمات یہ ہیں:........حق تعالیٰ سبحانہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرنا........حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے سے منع کرنا........حق سبحانہ وتعالیٰ کے سوا مخلوقات میں کسی کو اپنا رب نہ بنانا........یہ حکم (یعنی نفی عبادت غیر حق) انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ہی مخصوص ہے، ان (انبیاء علیہم السلام) کے متبعین کے علاوہ اور لوگ اس دولت سے مشرف نہیں ہوئے اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سوا کسی نے بھی اس قسم کے کلمات نہیں کہے ہیں۔

منکرینِ نبوت، اگرچہ اللہ تعالیٰ کو واحد (ایک) کہتے ہیں لیکن ان کا حال دو ۲ باتوں سے خالی نہیں ہے یا تو وہ اہل اسلام کی تقلید کرتے ہیں یا واجب الوجود ہونے میں تو اس کو واحد مانتے ہیں لیکن استحقاقِ عبادت میں (واحد) نہیں مانتے........اور اہلِ اسلام کے نزدیک حق سبحانہ وتعالیٰ واجب الوجود ہونے میں بھی واحد ہے اور عبادت کا مستحق ہونے میں بھی........کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه سے مراد جھوٹے خداؤں کی عبادت کی نفی کرنا اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عبادت کا ثابت کرنا ہے۔

اور دوسری بات جو ان بزرگوں (انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام) کے ساتھ مخصوص ہے وہ یہ ہے کہ وہ سب اپنے آپ کو دیگر لوگوں کی طرح بشر (انسان) جانتے ہیں اور عبادت کے لائق اللہ تعالیٰ ہی کو جانتے ہیں اور لوگوں کو اسی کی طرف دعوت دیتے ہیں اور اس (حق تعالیٰ) کو مخلوق میں حلول کرنے اور مخلوق کے ساتھ اتحاد سے پاک بتاتے ہیں........لیکن نبوت کا انکار کرنے والے لوگ ایسے نہیں ہیں بلکہ ان کے سردار اپنی خدائی کا دعویٰ کرتے ہیں اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو اپنے اندر حلول کیا ہوا ثابت کرتے ہیں اور عبادت کا حق دار ہونے اور معبود ہونے (یعنی خدا، الہ ہونے) کے نام کا اپنے اوپر اطلاق کرنے سے اجتناب نہیں کرتے، یہی وجہ ہے کہ وہ بندگی سے پاؤں باہر نکال کر بُرے افعال اور بداعمال میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور اُن بُرے افعال کو) مباح جاننے کا راستہ ان پر کشادہ ہو جاتا ہے اور وہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ یہ (باطل) معبودوں کے لئے کوئی چیز منع نہیں ہے اور (یہ باطل معبود) جو کچھ کہتے ہیں وہ ان کو درست جانتے ہیں اور وہ جو کچھ کرتے ہیں یہ اس کو مباح سمجھتے ہیں، یہ لوگ خود بھی گمراہ ہوگئے اور انہوں نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا پس ان کیلئے اور ان کے متبعین و پیروکاروں کیلئے دردناک عذاب ہے۔

اور ایک اور بات جس پر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام متفق ہیں اور اُن منکروں کو اس دولت سے کچھ نصیب نہیں ہے یہ ہے کہ فرشتے جو مطلق (یعنی بالکل) معصوم ہیں اور کسی قسم کا تعلق و آلودگی نہیں رکھتے، یہ حضرات ان کے نازل ہونے کے قائل ہیں اور ان (فرشتوں) کو (اللہ تعالیٰ) کی وحی کے امین اور کلامِ الٰہی کے اٹھانے والے جانتے ہیں۔ پس یہ حضرات جو کچھ کہتے ہیں حق تعالیٰ کی طرف سے کہتے ہیں اور جو کچھ پہنچاتے ہیں حق تعالیٰ ہی کی طرف سے پہنچاتے ہیں، اور ان (پیغمبروں) کے اجتہادی احکام کی بھی وحی کے ذریعے سے تائید کی جاتی ہے، اگر بالفرض (کسی پیغمبر) سے کوئی لغزش (اجتہادی خطا) واقع ہو جاتی تھی اسی وقت حق تعالیٰ اس کا تدارک (اصلاح) وحیِ قطعی کے ساتھ فرما دیتا تھا........لیکن منکروں کے سردار جو کہ الوہیت کے مدعی ہیں جو کچھ کہتے ہیں اپنی طرف سے کہتے ہیں اور اپنے الٰہ (معبود) ہونے پر گمان کے باعث اسی کو درست جانتے

Marfat.com

ہیں، پس انصاف سے کام لینا ضروری ہے، جو شخص کہ نہایت بے عقلی کی وجہ سے اپنے آپ کو خدا کہے اور عبادت کا مستحق جانے اور اس فاسد گمان سے ناشائستہ افعال اس سے سرزد ہوں اس کی باتوں کا کیا اعتبار ہے اور اس کی پیروی پر کیا انحصار ہے۔

مصرع

سالے کہ نکوست از بہارش پیداست — سال اچھا ہے وہی جس کی بہار اچھی ہے

اس قسم کی باتوں کا ظاہر کرنا مزید وضاحت کیلئے ہے ورنہ حق باطل سے جدا ہے اور نور اندھیرے سے نمایاں ہے:

وَجَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا (بنی اسرائیل ۱۷ آیت ۸۱) (دینِ حق آگیا اور دین باطل نیست و نابود ہوگیا بے شک باطل نیست و نابود ہونے والا ہی ہوتا ہے)۔ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنَا عَلٰی مُتَابَعَةِ هٰٓؤُلَآءِ الْأَكَابِرِ عَلَيْهِمُ الصَّلَوَاتُ وَالتَّحِيَّاتُ أَوَّلًا وَّاٰخِرًا (یا اللہ! تو ہم کو اول و آخر انہی بزرگوں یعنی انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کی متابعت پر ثابت قدم رکھ)۔

باقی مقصود یہ ہے کہ سرداری کی پناہ والے میاں پیر کمال کو آپ خوب اچھی طرح جانتے ہیں، اس بارے میں مزید کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن اس قدر لکھنا ضروری ہے کہ فقیر کو کچھ عرصہ سے ان کی ملاقات کا شرف حاصل ہے ایک مدت سے آپ کی قدم بوسی کا شوق رکھتے ہیں لیکن اس عرصہ میں ان کو کچھ ضعف لاحق ہو گیا تھا ایک مدت دراز تک صاحب فراش تھے اب صحت حاصل ہونے کے بعد آپ کی خدمتِ عالیہ کی طرف متوجہ ہوئے ہیں آپ کی عنایت کے امیدوار ہیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۱﴾ ۱ اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو آپ کے بزرگ آباء واجداد کے سیدھے راستے پر ثابت قدم رکھے، ان میں سب سے افضل پر اصلی طور پر اور باقی سب پر متابعت کے طور پر صلوٰۃ وسلام ہو ۱۲

۲ .. سعدی شیرازی فرماتے ہیں:

از دست و زبان کہ بر آید — کز عہدہ شکرش بدر آید
بندہ ہماں بہ کہ ز تقصیرِ خویش — عذر بدرگاہِ خدا آورد
ورنہ سزاوار خداوندیش!! — کس نتواند کہ بجا آورد

ترجمہ: کس کے ہاتھ اور زبان سے ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کے شکر کا حق ادا کر سکے، بندہ وہی بہتر ہے جو اپنی خطاء کی معافی کے لیے خدا تعالیٰ کے حضور عرض گذار رہے، ورنہ خدا تعالیٰ کی عزت و عظمت کے لائق کوئی نہیں جو حق ادا کرے ۱۲

۳ .. اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہم پر انعام فرمایا اور ہم کو اسلام کی طرف ہدایت کی اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی تصدیق کرنے والوں میں سے بنایا ۱۲

۴ .. قال اللہ تعالیٰ: إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِنْ بَعْدِهِ (نساء آیت ۱۶۳) یعنی ہم نے تم پر وحی کی جس طرح کہ ہم نے نوح (علیہ السلام) پر اور ان کے بعد آنے والے نبیوں پر وحی کی تھی ۱۲

۵ .. جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد قدس سرہ، کا ارشاد ''بعض احکام مناسبہ آنہا وحی فرستادہ'' آپ کے اس قول کی طرف راجع ہے ''بر ہر پیغمبر اولوالعزم ۔۔۔'' اور حضرت مجدد قدس سرہ کا قول ''وبا حکام مخصوصہ تکلیف فرمودہ'' آپ کے قول ''ابناءِ آں زمان را'' کی طرف راجع ہے، پس ان اقوال میں لف ونشر غیر مشوش ہے ۱۲

۶ .. قوله نسخ و تبديل الخ، یہاں جاننا چاہیے کہ احکامِ شرعیہ تکلیفیہ میں نسخ، احکامِ تکوینیہ غیر تکلیفیہ میں نسخ کی مانند ہے، اور جو استبعاد کہ نظامِ تشریعی میں کافروں کے شبہات ڈالنے کی وجہ سے دل میں قائم ہوتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نظام تکوینی کا حال دیکھنے سے دور ہو جاتا ہے ۱۲

۷ .. قوله حكم ومصالح حق الخ، یعنی شرعی احکام میں اللہ تعالیٰ کی حکمتیں اور مصلحتیں ہیں، ان کا فائدہ بندوں کی آخرت کے متعلق ہوتا ہے یا بندوں کی دنیاوی معاش کے لیے ہے، ربُّ العباد (بندوں کے ربّ) کے لئے نہیں ہے کیونکہ وہ غنیٔ مطلق ہے ۱۲

Marfat.com

۸ .. قولہ نفی عبادتِ غیر حق ست الخ اس میں اشارہ ہے اس آیت کی طرف جو تیسرے پارہ اور سورہ ال عمران (آیت ۶۴) میں واقع ہے قل یااھل الکتاب تعالوا الیٰ کلمۃ سواء بیننا و بینکم ان لا نعبد الا اللّٰہ ولا نشرک بہ شیاء و یتخذ بعضنا بعضا ار با با من دون اللّٰہ ط یعنی آپ کہیے: اے اہلِ کتاب! آؤ اس بات کی طرف جو یکساں ہے ہمارے اور تمھارے درمیان (وہ یہ کہ) ہم نہ عبادت کریں (کسی کی) سوائے اللہ کے اور نہ شریک ٹھہرائیں اس کے ساتھ کسی چیز کو اور نہ بنا لے کوئی ہم میں سے کسی کو اپنا رب اللہ کے سوا ۱۲

ے .. قولہ شکر این نعمت عظمیٰ ... یعنی انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کا وجود شریف عظیم نعمت ہے ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن...... بین السطور...... معانی......

﴿صہ ۴۱﴾ ☆ انبیاء ...... مبتداء ۱۲ ...... یہ مبتدا ہے ...... ☆ أَجْمَعِہِمْ ...... برجمیع ایشان ۱۲ ...... ان سب پر ...... ☆ رَحمتہا ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ...... ☆ مستعد ...... سعادت مند ۱۲ ...... سعادت مند، خوش بخت ☆ سَرْمَدِی ...... دائمی ۱۲ ...... ہمیشہ ...... ☆ غنیٔ مطلق ...... ہمہ وجوہ ۱۲ ...... ہر لحاظ سے بے نیاز ☆ ایشان ...... نہ برائے نفع خود ۱۲ ...... اپنے نفع کے لئے نہیں بلکہ بندوں کے فائدہ کے لئے ...... ☆ مکلّف ...... باوردن احکام ۱۲ ...... احکام بجالانے کا پابند کیا ہوا ...... ☆ مرضیات ...... امور پسندیدہ ۱۲ ...... پسندیدہ اعمال ...... ☆ نامرضیات ...... ناپسندیدہ ۱۲ ...... ناپسندیدہ کام ☆ نعیم ...... نعمتہا ۱۲ ...... نعمتیں ...... ☆ جنت ...... بہشت ۱۲ ...... بہشت، جنت ...... ☆ جحیم ...... دوزخ ۱۲ ...... دوزخ ...... ☆ خلود ...... دوام ۱۲ ...... ہمیشہ ...... ☆ تابید ...... جاوید ۱۲ ...... ہمیشہ اور دائم ...... ☆ أبناء ...... اہل ۱۲ ...... اہل زمانہ ...... ☆ ازحکم ...... جمع حکمت ۱۲ ...... حکمت کی جمع ہے ...... ☆ این حکم ...... نفی عبادت غیر حق ۱۲ ...... اللہ کے سوا کسی کی عبادت کی نفی ......

﴿صہ ۴۲﴾ ۱ .. کیونکہ وہ (منکرین نبوت) غیر اللہ کو مستحق عبادت جانتے ہیں اور ان کی عبادت کرتے ہیں ۱۲

۲ .. اس لئے کہ اہل اسلام غیر اللہ کو نہ واجب الوجود جانتے ہیں اور نہ مستحق عبادت سمجھتے ہیں ۱۲

۳ .. کیونکہ عبادت کی حقیقت انتہائی درجہ کی عاجزی وانکساری ہے پس اس کے لائق صرف وہ ہے جو بے حد عظمت رکھتا ہو اور وہ حق تعالیٰ وتقدس کی ذات میں ہی منحصر ہے (یعنی کائنات میں اور کوئی ایسی شان نہیں رکھتا) ۱۲

۴ .. حضرت مولانا روم فرماتے ہیں

کے شود کشف از تفکر این انا — این انا مکشوف شد بعد الفنا

می فتد این عقلہا در افتقاد! — در مغاکے وحلول واتحاد

ترجمہ: "این انا" کے تفکر سے کشف کب ہوتا ہے؟ "این انا" تو فنا کے بعد ظاہر کیا جاتا ہے عقلیں مفلسی میں گر جاتی ہیں، گہرائی میں حلول اور اتحاد کیسے ہوسکتا ہے ۱۲

۵ .. یعنی یہ لوگ خود بھی گمراہ ہوگئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا، پس ان کے لئے اور ان کے متبعین و پیروکاروں کے لئے دردناک عذاب ہے ۱۲

۶ .. قولہ احکام اجتہادیہ الخ یہ بات نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے اجتہاد کے جائز ہونے کے قول پر مبنی ہے، یہ قول تمام اقوال سے راجح ترین ہے ۱۲

۷ .. ذِلّت۔ ذ پر زبر اور زیر اور لام پر شد اور زبر ہے بمعنی لغزش اور پھسلنا یعنی اجتہاد میں خطا ہونا ۱۲

۸ .. قولہ نمایند... خلاصۃ المرام یعنی خلاصہ کلام یہ ہے کہ منکرین نبوت کے سردار الوہیت کے دعویدار ہیں اور اپنے آپ کو معبود تصور کر کے انہوں نے اپنے لئے برے اعمال کے دروازے اسی باطل زعم میں کھولے ہیں ۱۲

۹ .. قولہ منکران الخ یعنی انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کی نبوت کا انکار کرنے والے ہندوستان کے مشرکین میں سے ہیں ۱۲

﴿صہ ۴۳﴾ ۱ قولہ جاء الحق الخ یہ قرآن مجید سے اقتباس ہے، آیت کریمہ اس طرح ہے وقل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا (اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا، بے شک باطل کو مٹنا ہی تھا) یہ آیت کریمہ پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل میں واقع ہے ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

ے .. قولہ حقیر الخ یعنی خود بنفسِ نفیس حضرت مجدد الف ثانی قدس اللہ تعالیٰ اسرارھم ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

ے .. قولہ تحریض الخ:-ان مصائب اور درد وآلام کے برداشت کرنے پر ترغیب دلانا جن کا تعلق جسم سے ہوتا ہے ۱۲

۲ .. اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور عافیت بخشے دونوں جہانوں یعنی دنیا وآخرت میں، جنوں اور انسانوں کے سردار کے طفیل، ان پر اور ان کی آل پر کثرت سے درود وسلام ہوں ۱۲

۳ .. قولہ ثقلین، پہلے تینوں حروف پر زبر ہے ثقل (پہلے دوحرفوں پر زبر ہے) کا تثنیہ ہے اس کے معنی ہر نفیس وعمدہ چیز، اس سے مراد عالمِ جن اور عالمِ انس ہے ۱۲

ے .. قولہ روح خالص را الخ:- یعنی وہ خالص روح جس نے جسمانی کدورتوں اور ظلمتوں سے نجات پائی ہو اور اپنی اصلی فطرت پر آگئی ہو ۱۲

۴ .. نَشأۃ (نون پر زبر ہے) (اس کے کئی معنی ہیں) پیدا کرنا، نیا پیدا ہونا، نمودار ہونا، نوجوان ہونا، ابتدا کرنا، نو آموز ہونا، یعنی اس عالمِ دنیا میں ۱۲

۵ .. یعنی پس ہم اس کو سب سے کمتر مخلوق کے درجے میں لوٹا لائے یعنی انسان نے کافر ہو کر اپنی فطرتِ سلیمہ کو ضائع کر دیا یہ آیت سورہ تین پارہ ۳۰ میں واقع ہے ۱۲

٦ .. یعنی سب سے نیچا مرتبہ آدمی کا ہے، انسان اللہ تعالیٰ کی معرفت اور مقامِ قرب سے محروم ہوتا ہے مخلوقات کے ساتھ مشغولی کی وجہ سے ۱۲

☆نقابت ...... ستودگی ۱۲......تعریف کرنا ☆تحریض ...... برانگیختہ ۱۲......رغبت دلانا، کسی کام پر ابھارنا ☆اَلم ...... درد ۱۲......درد ☆متالّم ...... دردمند ۱۲...... تکلیف اُٹھانے والا ☆التذاذ ...... لذت یافتن ۱۲ ...... لذت حاصل کرنا

☆عوام کالانعام ...... مردم عام کہ مانند چارپایگان اند ۱۲...... عام لوگ چوپاؤں کی طرح ہیں ☆کریمہ ...... مبتداء ۱۲ ...... یہ آیت مبتدا ہے ☆درشان ایشاں ...... خبر ۱۲...... یہ خبر ہے

چونسٹھواں مکتوب ﴿٦٤﴾

یہ مکتوب بھی سیادت وستائش کی پناہ والے شیخ فرید کی طرف صادر فرمایا...... جسمانی وروحانی لذت اور رنج وغم برداشت کرنے کی ترغیب اور اس کے مناسب بیان میں۔

سَلَّمَکُمُ اللہُ سُبْحَانَہٗ وَعَافَاکُمْ فِی الدَّارَیْنِ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوٰتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (اللہ تعالیٰ اپنے حبیب سید الثقلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل آپ کو دونوں جہان میں سلامتی وعافیت کیساتھ رکھے)...... دنیا کی لذت اور رنج وغم دو قسم کے ہیں: جسمانی اور روحانی جس چیز میں جسم کیلئے لذت ہے روح کیلئے اس میں درد ورنج ہے، اور جس چیز سے جسم کو رنج پہنچتا ہے روح کو اس سے لذت حاصل ہوتی ہے، پس روح اور جسم ایک دوسرے کی ضد ہیں...... اس جہان میں چونکہ روح جسم کے مقام میں اُتری ہوئی ہے اور جسم وجسمانی کی گرفتار ہوگئی ہے اس لئے روح بھی جسم کے حکم میں ہوگئی ہے، اس کی لذت سے لذت یاب اور اس کے رنج والم سے دردمند ہوگئی ہے۔ یہ عوام کالانعام کا مرتبہ ہے (آیہ کریمہ) ثُمَّ رَدَدْنٰہُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ (سورۂ تین ۹۵ آیت ۵) (پھر ہم اس کو سب سے کمتر مخلوق کے درجے میں لوٹا لائے)۔ (یعنی انسان نے کافر ہو کر اپنی فطرتِ سلیمہ کو ضائع کر دیا) انہی کے حال پر صادق آتی ہے۔ اگر روح اس گرفتاری سے رہائی حاصل نہ کرے اور اپنے اصلی وطن کی طرف رجوع نہ کرے تو ہزار ہزار افسوس ہے

پایہ آخر آدم است و آدمی — گشت محروم از مقامِ محرمی
گر نہ گردد باز مسکیں زیں سفر — نیست از وے ہیچ کس محروم تر

ترجمہ:- ہے نزولِ آخری میں آدمی — پس ہے محرومِ مقامِ محرمی

Marfat.com

گر نہ لوٹے اس سفر سے وہ غریب　　　کیا کہوں بس ہے نہایت بدنصیب

یہ روح کی بیماری ہی کی وجہ سے ہے کہ (انسان) اپنے درد و رنج کو لذت اور لذت کو درد و رنج سمجھتا ہے، جیسا کہ صفراوی مزاج والا شخص صفرا کی بیماری کے باعث شیرینی کو کڑوی محسوس کرتا ہے۔ پس عقلمند پر اس مرض کے دور کرنے کی فکر کرنا لازم ہے تاکہ جسمانی رنج و مصائب میں خوش و خرم زندگی بسر کریں　بیت

از پئے ایں عیش و عشرت ساختن　　　صد ہزاراں جاں بباید باختن

ترجمہ:۔　اس طرح کے عیش و عشرت کیلئے　　　صد ہزاراں جاں کی بازی کرے

اور جب اچھی طرح غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اگر دنیا میں درد و رنج اور مصیبت نہ ہوتی تو پھر دنیا کی قدر و قیمت جَو کے ایک دانہ کے برابر بھی نہ ہوتی، اس (دنیا) کی ظلمتوں اور تاریکیوں کو (یہاں کے) مصائب و حوادثات زائل کرتے ہیں، حوادثات کی تلخی، کڑوی دوا کی طرح نفع دینے والی ہے جو مرض کو دور کرتی ہے ....

اس فقیر کو محسوس ہوا ہے کہ لوگ عام دعوتوں میں جو کھانا کھاتے ہیں وہ خالص نیت کا لحاظ نہیں کرتے اس کے کھانے والوں میں سے بعض لوگ گلہ و شکایت کرتے ہوئے اُٹھتے ہیں اور اس کھانے اور صاحبِ طعام میں نقص و عیب نکالتے ہیں اور صاحبِ طعام کا دل اس بات سے شکستہ ہو جاتا ہے، تو صاحبِ طعام کی یہی شکستگی اس ظلمت کو جو نیت میں خلوص نہ ہونے کی وجہ سے کھانے میں آ گئی ہے دُور کر دیتی ہے اور قبولیت کے مقام پر لے آتی ہے۔ اگر اس جماعت کی طرف سے گلہ و شکوہ نہ ہوتا اور صاحبِ طعام کے دل میں انکساری و عاجزی پیدا نہ ہوتی تو کھانا سراسر ظلمت و کدورت سے بھرا رہتا، اس صورت میں قبولیت کی امید کی کیا گنجائش ہوتی ....

پس کام کا دارو مدار شکستگی اور بیچارگی پر ہے اور ہم ناز میں پلے ہوئے عیش و عشرت کے طالبوں کیلئے یہ کام مشکل ہے: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (ذاریات ۵۱ آیت ۵۶) (اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت ہی کیلئے پیدا کیا ہے) نصِ قاطع ہے۔ اور عبادت سے مراد عاجزی و انکساری ہے، پس انسان کی پیدائش سے مقصود (خالقِ کائنات کے سامنے) عاجزی و انکساری کرنا ہے، خاص طور پر مسلمانوں اور دیندار لوگوں کے لئے کیونکہ دنیا اُن کیلئے قید خانہ ہے۔ قید خانہ میں عیش و عشرت ڈھونڈنا عقل سے دُور ہے پس آدمی کے لئے محنت اُٹھانے کی مشق کے سوا کوئی چارہ نہیں اور اس بوجھ کے اٹھانے کی ورزش سے کوئی بچاؤ کا راستہ نہیں۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کے جد بزرگوار علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات اکملہا کے طفیل ہم بے طاقتوں کو اس حقیقت پر استقامت مرحمت فرمائے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۴۴﴾ ۱۔ قولہ از پئے ایں عیش الخ یعنی یہ عظیم دولت حاصل کرنے کے لئے مطلب یہ ہے کہ جسمانی مصائب و آلام میں خوش و خرم ہونا (اس نعمت پر) لاکھوں جانیں قربان کر دینا چاہیے، یعنی شدید محنتیں اور سخت ریاضتیں برداشت کرنے کا اپنے آپ کو عادی بنانا چاہیے ۱۲۔

۲۔ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو ستائیسویں پارہ سورہ ذاریات میں ہے یعنی "اور میں نے جنوں اور انسان کو صرف اپنی عبادت ہی کے لئے پیدا کیا ہے" ۱۲

۳۔ ذلت و خواری اگرچہ احکام تکوینیہ سے ہیں، جنوں اور انسان کے ہر فرد میں موجود اور حاصل ہیں، آیت کریمہ "كُلٌّ لَّهٗ قَانِتُوْنَ" اسی معنی کا پتا دیتی ہے، پس دور ہو گئے وہ اوہامِ فاسدہ اور خیالات باطلہ جو اس مقام میں عام لوگوں کے ذہنوں میں جمے ہوتے ہیں ۱۲

Marfat.com

ے۔ سجن ایشانست الخ یہ اشارہ اس حدیث کی طرف جو اس کے بارے میں وارد ہے قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اَلدُّنیَا سِجن المُؤمِنِ وَجَنَّۃ الکافِرِ یعنی "دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے" یہ حدیث صحیح مسلم میں مروی ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ۱۲ مشکوٰۃ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن...... بین السطور...... معانی......

☆رنگ...... مانند ۱۲...... طرح ☆ازالہ...... دور کردن ۱۲...... دور کرنا، زائل کرنا...... ☆آلام ومصائب...... کہ در دنیا برایشان وارد اند ۱۲...... دکھ اور مصیبتیں جو دنیا میں پیش آتی ہیں...... ☆عَیش...... بالفتح زندگانی ۱۲...... عین کی زبر سے زندگی...... ☆عِشرت...... بالکسر خوش زندگانی کردن ۱۲...... عین کی زیر سے اچھی زندگی گزارنا...... ☆بجوئے...... بیک دانہ غلہ جو ۱۲...... غلہ جو کا ایک دانہ...... ☆نمی ارزید...... قیمت نمی یافت ۱۲...... کوئی قیمت نہیں ہے...... ☆ظلماتہائے...... تاریکہائے ۱۲...... اندھیرے...... ☆قبول می آرد...... حق تعالیٰ ۱۲...... اللہ تعالیٰ...... ☆عیش و تَنَعُّم...... بناز ونعمت پرورده شدن ۱۲...... ناز و نعمت سے پرورش پانا...... ☆وَمَا خَلَقْتُ الخ...... مبتدا ۱۲...... یہ آیت مبتدا ہے...... ☆نَص...... خبر ۱۲...... خبر...... ☆قاطع...... دلیل یعنی قطعی ۱۲...... یہ قطعی اور یقینی دلیل ہے...... ☆تذلُّل...... ذلیل شدن ۱۲...... ذلیل ہونا...... ☆اِنکسار...... شکستگی ۱۲...... عاجزی، انکساری...... ☆سجن...... زندان ۱۲...... قید خانہ......

پینسٹھواں مکتوب (٦٥)

یہ مکتوب خانِ اعظم کی طرف صادر فرمایا...... اسلام کے ضعیف ہونے اور مسلمانوں کی خواری وعاجزی پر رنج وافسوس کرنے اور اہلِ اسلام کو قوت دینے اور شرعی احکام جاری کرنے پر ترغیب وتحریص دینے کے بارے میں۔

اَیَّدَکُمُ اللّٰہُ سُبحَانَہٗ وَنَصَرَکُم عَلٰی اَعدَآءِ الاِ سلَامِ فِی اِعلَاءِ الاَ حکَامِ (اللہ تعالیٰ آپ کو (شرعی) احکام کے بلند کرنے میں دشمنانِ اسلام پر مدد ونصرت عطا فرمائے)...... مُخبرِ صادق علیہ و علیٰ الیہ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا نے فرمایا: اَلاِسلَامُ بَدَأَ غَرِیبًا وَسَیَعُودُ کَمَا بَدَأَ فَطُوبٰی لِلغُرَبَآءِ (یعنی اسلام غریب بے وطن وبے کس) ہی ظاہر ہوا اور عنقریب ایسا ہی ہو جائے گا جیسا کہ شروع میں تھا پس غریبوں کیلئے خوشخبری ہے)...... اسلام کی غربت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ کافر کھلم کھلا اسلام پر طعن اور مسلمانوں کی مذمت کرتے ہیں، بے خوف وخطر ہر کوچہ وبازار میں کفر کے احکام جاری اور اہلِ کفر کی تعریف کرتے ہیں اور مسلمان اسلام کے احکام جاری کرنے سے روک دیئے گئے ہیں اور شریعت کے احکام بجالانے کی صورت میں ان کی مذمت اور ان پر طعنہ زنی کی جاتی ہے۔ بیت

پری نہفتہ رُخ و دیو در کرشمہ و ناز بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

ترجمہ:۔ پری تو رُخ کو چھپائے ہے دیو ناز کرے یہ حال دیکھ کر حیرت سے ہوش جاتے رہے

سُبحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمدِہٖ (اللہ تعالیٰ پاک ہے اور اس کی تعریف ہے) عقلمندوں نے کہا ہے: اَلشَّرعُ تَحتَ السَّیفِ (شریعت تلوار کے نیچے ہے) اور شرع شریف کی رونق بادشاہوں کے ساتھ وابستہ ہے (اور اب) قضیہ برعکس ہو گیا ہے اور معاملہ بدل گیا ہے، ہائے افسوس صد افسوس!! آج ہم آپ کے وجود شریف کو غنیمت جانتے ہیں اور اس ضعیف وشکست خوردہ معرکہ میں آپ کے سوا کسی کو دشمن کے مقابلہ میں آنے والا بہادر ولڑا کا نہیں جانتے، حق تعالیٰ اپنے نبی مکرم اور آپ کی بزرگ آل علیہ

Marfat.com

وعلیہم الصلوات والتسلیمات والتحیات والبرکات کے طفیل آپ کا مددگار وناصر ہو......حدیث شریف میں آیا ہے لَنْ یُؤْمِنَ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُقَالَ لَہٗ اِنَّہٗ مَجْنُوْنٌ (تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) ایماندار نہیں ہوگا جب تک کہ اس کو دیوانہ نہ کہا جائے)۔اس وقت وہ جنون جو غیرتِ اسلام کی زیادتی پر مبنی ہے آپ ہی کی ذات میں محسوس ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَہٗ عَلٰی ذٰلِکَ (اس پر اللہ کا شکر ہے)۔

آج وہ دن ہے کہ تھوڑے سے عمل کو بہت بڑے اجر اور نہایت قدر کے ساتھ قبول فرماتے ہیں......اصحاب کہف سے ہجرت کے سوا کوئی اور عمل ظاہر نہیں ہوا جس نے اسقدر اعتبار وفضیلت حاصل کر لی ہے......امن وامان اور دشمنوں سے سکون کے وقت برخلاف سپاہی اگر دشمنوں کے غلبہ کے وقت تھوڑی سی بھی بھاگ دوڑ کریں تو بڑی قدر حاصل کر لیتے ہیں......یہ قولی جہاد جو آج آپ کو حاصل ہے جہادِ اکبر ہے اس کو غنیمت جانیں اور ھَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ (کیا اور زائد ہے) کہیں اور اس قولی جہاد کو جہادِ قتال سے بہتر جانیں......ہم جیسے بے دست وپا (عاجز) فقراء اس دولت سے محروم ہیں

؎ هَنِيئًا لِاَرْبَابِ النَّعِيمِ نَعِيمُهَا وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِينِ مَايَتَجَرَّعُ

ترجمہ:۔ مبارک نعمتیں جنت کی ہوں اصحابِ جنت کو مبارک جرعہ نوشی غم کی ہو بیمار الفت کو

؎ دادیم ترا ز گنجِ مقصود نشاں گر ما نرسیدیم تو شاید برسی

ترجمہ:۔ نشاں بتلا دیا ہم نے تجھے گنجِ سعادت کا اگر ہم نے نہیں پایا تو شاید تجھ کو مل جائے

حضرت خواجہ احرار قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ فرمایا کرتے تھے "اگر من شیخی کنم ہیچ شیخے در عالم مرید نیابد اما مرا کارِ دیگر فرمودہ اند وآں ترویجِ شریعت وتائیدِ ملّت است" (یعنی اگر میں پیری مرشدی کروں تو دنیا میں کسی پیر ومرشد کو کوئی مرید نہ ملے لیکن مجھے کسی اور کام کا حکم ہے اور وہ شریعت کی ترویج اور مذہب کی تائید ہے)......اسی لئے بادشاہوں کی صحبت میں جایا کرتے اور اپنے تصرف سے ان کو مطیع بنایا کرتے تھے اور ان کے ذریعہ سے شریعت کو رواج دیتے تھے......(میں بھی) یہی التماس کرتا ہوں کہ جب حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اس بزرگ خاندان کے بزرگوں (حضرات نقشبندیہ) قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے ساتھ آپ کی محبت کی برکت سے آپ کی بات میں تاثیر بخشی ہے اور آپ کی مسلمانی کی عظمت اہل زمانہ کی نظروں میں ظاہر ہوگئی ہے تو آپ کوشش فرمائیں، کم از کم اتنا تو ہو کہ اہلِ کفر کے بڑے بڑے احکام (شعائر کفر) جو اہلِ اسلام میں رائج ہوگئے ہیں مٹ جائیں اور نیست ونابود ہو جائیں' اور اہل اسلام اِن خلافِ شریعت امور سے محفوظ رہیں جَزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنَّا وَعَنْ جَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ خَیْرَ الْجَزَآءِ (اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری اور سب مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے)۔

اس سے پہلی سلطنت (اکبری دور) میں حضرت مصطفےٰ علیہ والسلام کے دین کے ساتھ دشمنی معلوم ہوتی تھی اور اس (موجودہ سلطنت) میں ظاہری طور پر وہ عناد نہیں ہے اگر ہے تو بے علمی کی وجہ سے ہے۔ڈر یہ ہے کہ ایسا نہ ہو یہاں بھی عناد ودشمنی کی نوبت نہ آجائے اور مسلمانوں پر معاملہ اس سے بھی زیادہ تنگ ہو جائے۔

مصرع چو بید برسرِ ایمان خویش می لرزم (مثالِ بید لرزتا ہوں اپنے ایماں پر)

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی مُتَابَعَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (اللہ

Marfat.com

سبحانہ تعالیٰ آپ کو اور ہم سب کو سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت پر ثابت قدم رکھے)
فقیر ایک تقریب پر یہاں آیا تھا، یہ نہ چاہا کہ آپ کو اپنے آنے کی اطلاع نہ دے اور بعض نفع بخش باتیں نہ لکھے اور (آپ کے ساتھ) اپنی طبعی محبت کی جو کہ فطری مناسبت کی وجہ سے ہے (آپ کو) خبر نہ دے، آنحضرت ﷺ نے فرمایا: مَنْ اَحَبَّ اَخَاهُ فَلْيُعْلِمْ اِيَّاهُ یعنی جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی سے محبت کرے تو اس کو چاہیئے کہ اپنی محبت کا اس پر اظہار کردے، وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى جَمِيْعِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى (آپ پر اور تمام ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۵﴾ ۱.. قولہ تحریض بمعنی ابھارنا، تیار کرنا، رغبت دلانا و قولہ اغرا بمعنی اکسانا، ترغیب دینا ۱۲

۲.. اللہ تعالیٰ آپ کو (شرعی) احکام بلند کرنے میں دشمنانِ اسلام پر مدد و نصرت عطا فرمائے ۱۲

۳.. یعنی اسلام پہلے دور میں مسافر کی طرح ظاہر ہوا، یعنی اسکو بہت ہی کم لوگوں نے پہچانا، اور عنقریب اپنی ابتدائی حالت کی طرف لوٹ آئے گا، پس خوشخبری ہے غُرَباء کو، یعنی اسکی (اسلام کی) مدد کرنے والوں کو اسکی کمزوری اور عاجزی کی حالت میں۔ اسکو امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا، ابن ماجہ اور طبرانی نے بھی روایت کیا ہے ۱۲

۴.. قولہ مبارز، پہلے حرف پر پیش، را بے نقطہ زیر والی، زا سے پہلے ہے، اس کے معنی ہیں وہ شخص جو کسی سے جنگ کے لئے باہر آئے اور وہ فوجی ہوتا ہے، یہ اسم فاعل کا صیغہ ہے مبارزت سے، اس کے معنی ہیں دشمن کے مقابلے میں جنگ کے لئے سامنے آنا ۱۲ غیاث

۵.. یعنی تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) ایماندار نہیں ہوگا جب تک کہ اس کو دیوانہ اور مجنوں نہ کہا جائے، یعنی جس وقت تک یہ قول نہ کہا جائے گا ایمان کامل نہیں ہوگا، امام جزری نے حصن حصین میں اس حدیث کو ان الفاظ میں ذکر کیا ہے: اَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْن حب ا ص ی اس حدیث کو ابن حبان، احمد، ابو یعلیٰ اور ابن سنی نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ۱۲

۶.. فَرط فا پر زبر ہے، اس کے معنی ہیں زیادہ کرنا، غالب ہونا دوسرے آدمی کی بات پر، کسی کام میں کمی کرنا، اور ضائع کرنا اور اسکو فوت کرنا ۱۲

☆متن.......بین السطور.......معانی

☆تأسّف ...... اندوہ خوردن ۱۲......افسوس کرنا اور غمگین ہونا......☆تلہّف ......دریغ خوردن ۱۲......غم کھانا، افسوس کرنا.......

☆زبونی......بفتح اول عجز و ضعف و بیچارگی و خواری ۱۲......عاجزی، کمزوری، بیچارگی اور ذلت......☆تقویت ......قوت دادن ۱۲

طاقت دینا......☆اجراء......جاری نمودن ۱۲......جاری کرنا......☆برملا ...... ظاہراً ۱۲......ظاہری طور پر......☆اہلِ آن......

کفر ۱۲......کافر لوگ......☆الشرع تحت السیف......شریعت زیر تیغ ۱۲......شریعت تلوار کے تحت مضبوط ہوتی ہے

☆درخبر ...... حدیث ۱۲......حدیث پاک......☆فرط...... زیادت ۱۲...... زیادتی......☆درنہاد...... طبیعت ۱۲......طبیعت، سرشت......

☆قلیل...... اندک ۱۲......تھوڑا......☆جزیل......عظیم ۱۲......عظمت والا......☆باعتناءِ تمام......بارادت کاملہ ۱۲......پوری توجہ سے

☆این......یعنی فضائل و بزرگیہا ۱۲......یعنی فضائل اور بزرگیاں......☆اعداء......دشمنان ۱۲......دشمن لوگ......☆تردّد...... آمد و رفت

درکار سرکار ۱۲......حکومت کے کام آنا جانا......☆اعداء......دشمنان ۱۲......دشمن لوگ......☆میسر......حاصل ۱۲......حاصل......

﴿صہ ۴۶﴾ ۱.. قولہ ھنیئا لارباب النعیم... یعنی جنت کے طالبوں کو جنت کی نعمتیں پسند ہیں، اور عاشق مسکین کو تو اپنے محبوب کی جدائی کا درد اور غم و حزن ہی پسندیدہ ہے، جو وہ گھونٹ گھونٹ پیتا ہے ۱۲

۲.. یعنی خواجہ احرار شیخ بے نظیر اور پیر بے مثال ہوئے ہیں یہاں تک کہ لوگ ان کے سوا کسی سے ارادت و عقیدت نہ رکھتے ۱۲

۳.. اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری اور سارے مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے ۱۲

۴.. بید با کی زیر سے، فارسی میں ایک درخت کا نام ہے، کہتے ہیں اسکو پھل نہیں لگتا، یعنی بید سادہ جسکو سوائے شگوفہ کے کوئی پھل نہیں آتا، اہل لغت لکھتے ہیں کہ بید سترہ (۱۷) قسم کا ہوتا ہے ۱۲ غیاث

Marfat.com

۵ .. اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اور ہم سب کو سید المرسلین ﷺ کی متابعت پر ثابت قدم رکھے آپ پر اور آپ کی آل پر درود وسلام ہو ۱۲

۶ .. غین نقطہ والا یعنی محبت طبعی جو طبیعت میں ہو، غریزت کی نسبت منسوب ہے بمعنی فطرت اور پیدائش ۱۲

۷ .. اس حدیث کو امام احمد نے اور بخاری نے ادب مفرد میں اور ترمذی نے زہد میں اور ابن حبان وحاکم نے روایت کیا ۱۲ معرب (علامہ محمد مرادکی)

.. قولہ وھل الخ یعنی کیا اور زیادہ ہے، اے طالب زیادہ کا طالب ہو ۱۲

.. قولہ بواسطہ الخ... یعنی ہماری (میری اور آپ کی) فطرت وخلقت میں ایک گونہ مناسبت ہے اسی وجہ سے یہ آپس کی محبت سبب بنی ہے جیسا کہ آں حضرت ﷺ نے فرمایا ہے: ارواح فوج در فوج ہیں جن میں آپس میں مناسبت ہوئی ہے ان میں الفت و محبت پیدا ہوگئی، اور جن میں مناسبت پیدا نہیں ہوئی ان کے درمیان اختلاف واقع ہوگیا ۱۲ لمصحہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ **مغتنم**..... غنیمت ۱۲..... غنیمت ☆ **بہ**..... بہتر ۱۲..... بہتر ☆ **خواجہ احرار**..... عبیداللہ قدس سرہٗ ۱۲..... خواجہ عبیداللہ احرار قدس سرہٗ ☆ **شیخی**..... مشیخت بیای معروف ۱۲..... یائے معروف سے پڑھا جائے معنی پیری اور بیعت کرنا ☆ **شیخے**..... بیائے مجہول پیرے ۱۲..... یائے مجہول سے پڑھا جائے یعنی کوئی پیر ☆ **منقاد**..... مطیع ۱۲..... فرمانبردار ☆ **بتوسّل**..... بذریعہ ۱۲..... ذریعہ سے ☆ **اکابر این**..... بزرگواران ۱۲..... بزرگ لوگ ☆ **خانوادہ نقشبندیہ**..... سلسلہ نقشبندیہ ۱۲..... ☆ **اقران ظاہر**..... ہمعصران ۱۲..... ہم عصر لوگ ☆ **سعی**..... کوشش ۱۲..... کوشش ☆ **اقل**..... کمتر از ین نبود ۱۲..... کم از کم اتنا تو ہو ☆ **کبیرہ اہلِ کفر**..... یعنی شعائر کفر ۱۲..... کفر کے بڑے بڑے احکام ☆ **شیوعی**..... رواجی ۱۲..... رواج پانا ☆ **منہدم**..... ویران واز پا افتادہ ۱۲..... ویران اور برباد شدہ ☆ **مندرس**..... بوسیدہ ۱۲..... پرانا، پھٹا ہوا ☆ **منکرات**..... امور خلاف شریعت ۱۲..... شریعت کے خلاف کام ☆ **عنادی**..... بالکسر مخالفت وجنگ واستیزہ کردن ۱۲..... مخالفت وجنگ اور دشمنی رکھنا ☆ **محبت**..... خانِ اعظم ۱۲..... خانِ اعظم سے محبت.....

چھیاسٹھواں مکتوب (۶۶)

یہ مکتوب بھی خان اعظم کی طرف صادر ہوا..... طریقہ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کی تعریف اور اس طریقہ کی اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے طریقہ کے ساتھ مناسبت کے بیان میں اور اصحابِ کرام رضی اللہ عنہم کی دوسروں پر افضلیت کے بیان میں اگرچہ وہ اویس قرنیؒ ہوں یا عمر مروانی (یعنی حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ) ہوں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام)

حضراتِ خواجگان (نقشبندیہ) قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے طریقہ کی بنا اندراجِ نہایت در بدایت (ابتدا میں انتہا درج ہونا) پر مبنی ہے۔ حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ نے فرمایا ہے کہ ہم انتہا کو ابتدا میں درج کرتے ہیں، اور یہ طریقہ بعینہٖ اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے کیونکہ ان بزرگوں کو آنسرور عالم ﷺ کی پہلی ہی صحبت میں وہ کمال حاصل ہو جاتا تھا کہ اُمّت کے اولیاء کو نہایت النہایت (انتہائی مقام) میں اس کمال میں سے بہت تھوڑا حصہ حاصل ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قاتل وحشیؓ جو اپنے اسلام لانے کے شروع زمانہ میں صرف ایک ہی مرتبہ سید اولین وآخرین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات کی صحبت کے شرف سے مشرف ہوئے تھے حضرت اویس قرنیؒ سے جو کہ تابعین میں سب سے بہتر ہیں افضل ہو گئے، جو کچھ حضرت وحشیؓ کو حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی پہلی ہی

Marfat.com

صحبت میں حاصل ہوا حضرت اویس قرنیؒ کو اس خصوصیت (یعنی خیر التابعین ہونے کے باوجود) انتہا میں بھی حاصل نہیں ہوا۔ پس لازمی طور پر سب سے بہتر زمانہ اصحاب کرام (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کا زمانہ ہوا، اور لفظ ثُمَّ نے دوسروں کا معاملہ پیچھے ڈال دیا اور درجہ کی دوری کی طرف اشارہ کیا۔

ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مبارک قدس سرہ سے پوچھا کہ (امیر المومنین) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا (امیر المومنین) حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ؟ آپ نے فرمایا وہ غبار جو (جہاد کے سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے کئی درجے بہتر ہے، پس اسی لئے ان حضرات کا سلسلہ سلسلۃ الذہب ہوا اور دوسرے طریقوں پر اس طریقہ عالیہ کی فضیلت ایسی ہے جیسے اصحاب کرام رضی اللہ عنہ کے زمانہ کی فضیلت دوسرے زمانوں پر واضح ہو چکی ہے۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے نہایت فضل وکرم سے ابتداء ہی میں اس پیالہ سے ایک گھونٹ پی چکے ہوں ان کے کمالات کی حقیقت پر اطلاع پانا ان کے سوا دوسروں کیلئے مشکل ہے، ان کی نہایت دوسروں کی نہایت سے بلند تر ہوگی۔ مصرعہ

قیاس کن زگلستان من بہار مرا (میری بہار کا اندازہ میرے باغ سے کر)

مصرعہ سالے کہ نکوست از بہارش پیداست (سال اچھا ہے وہی جس کی بہار اچھی ہے)

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (سورہ جمعہ ۶۲ آیت ۴) (یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کو چاہتا ہے عنایت فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)...... حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ فرمایا کرتے تھے "ما فضلیا نیم" (ہمارے سب کام اللہ تعالیٰ کے فضل سے وابستہ ہیں) اللہ تعالیٰ اپنے نبی قریشی ﷺ کے طفیل ہم کو اور آپ کو ان بزرگوں کے محبوں اور متابعت کرنے والوں میں بنائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۷﴾ ۔.. قال اللہ تعالیٰ وما صاحبکم بمجنون ۱۲ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تمھارے صاحب (نبی کریم ﷺ) دیوانے نہیں ہیں۔

۔.. قولہ بدوِ اسلام الخ پہلے حرف پر زبر ہے اور دوسرا ساکن ہے اس کے معنی ابتدا اور آغاز کے ہیں ۱۲ ؟ غیاث

۔.. عن عمرؓ قال سمعت رسول اللہ ﷺ يَقُوْلُ ان خیر التابعین رَجُل یقال له اویس ۱۲ ترجمہ بے شک تابعین میں سب سے بہترین ایک مرد ہے اسے اویس کہا جاتا ہے ۱۲ رواہ مسلم مشکوٰۃ

۱.. قرن ق پر زبر ہے، اس سے مراد ہے زمانہ، تیس سال کی مدت یا اسی سال یا ایک سو بیس سال یا سو سال اور یہ سب سے بہتر ہے ۱۲ من

۲..عمران بن حصین قال: عن قال رسول اللہ ﷺ "خَيْرُ اُمَّتِي قَرْنِي ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُوْنَهُمْ"۔ (متفق علیہ) یعنی میری امت میں سے بہترین میرے صحابہ ہیں، ان کے بعد سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہوں گے جو تابعین ہیں، ان کے بعد بہترین امت وہ لوگ ہیں جو لوگ ان سے متصل ہوں گے وہ تبع تابعین ہیں (بخاری۔ مسلم)

جاننا چاہیئے کہ قرن ایک جماعت کو کہتے ہیں جو ایک زمانہ کے ہوں اور ایک دوسرے کے قریب اور ملے ہوئے ہوں بعض امور میں سب سے صحیح بات یہ ہے کہ اس بارے میں مضبوط ومعتبر مدت کوئی متعین نہیں ہے کیونکہ حضور اکرم ﷺ کا قرن کہ جس میں صحابہ کرامؓ ایک سو دس سال تک باقی رہے ہیں۔ اور تابعین کا زمانہ کہ اس میں وہ ایک سو ستر ہجری تک باقی رہے اور اتباع تابعین کا زمانہ وہاں سے (یعنی تابعین کے بعد) دو سو ساٹھ سال تک رہا ہے۔

حضرت مجدد قدس سرہ، کا قول کلمہ ء ثم الخ یعنی لفظ ثم جو اس حدیث میں آیا ہے اس نے دوسروں کا معاملہ پیچھے ڈال دیا ہے۔ جس طرح ثم زمانہ کو مؤخر بتانے کے لئے آتا ہے اسی طرح مرتبہ کی بعدیت کے لئے بھی آتا ہے ۱۲

Marfat.com

٣؎ .. ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن مبارک قدس سرہ سے پوچھا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ؟ آپ نے فرمایا: وہ غبار جو (جہاد کے سفر میں) رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ناک میں داخل ہوا وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ سے کئی درجے بہتر ہے ١٢ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن......بین السطور......معانی

☆صَاحِبِہِمْ......محمد صلی اللہ علیہ وسلم ١٢......صاحب سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں......☆شِمَّہ......اندکے ١٢......تھوڑا، قلیل......☆وَحشی......بن حرب مولائے جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہما ١٢......وحشی جبیر بن مطعم کے غلام تھے......☆قَرنی......منسوب الی قرن بن رومان بن ناجیۃ بن مراد احداء جدادہٖ ١٢......قرن بن رومان بن ناجیہ بن مراد کی طرف نسبت ہے جوان کے دادوں میں سے تھے......

☆عبداللہ بن مبارک......از اعلام دین وفقہائے امت بودہ ١٢......بڑے عالم دین اور امت کے فقہاء میں سے تھے......☆معاویہ......ابن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما ١٢......حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما......☆اُمّ عمر......اموی امیر المومنین رحمۃ اللہ تعالیٰ ١٢ امیر المومنین اموی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ......☆عبدالعزیز......ابن مروان بن حکم ١٢......عبدالعزیز بن مروان بن حکم......☆سلسلہ زنجیر ١٢......زنجیر☆الذّہب......زر ١٢......سونا......☆مزیّۃ......فضیلت ١٢......فضیلت......☆سائر......باقی ١٢......باقی لوگ......☆مُمرَّہَن......مدلل ١٢......مُدلّل......☆جام ارزانی......پیالہ شراب ١٢......شراب کا پیالہ......☆متعذر......دشوار ١٢......مشکل

اڑسٹھواں مکتوب ﴿٦٧﴾

خان خاناں کی طرف ایک محتاج کی سفارش میں صادر فرمایا۔

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ عَلٰی مُتَابَعَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ ظَاھِرًا وَّبَاطِنًا وَیَرْحَمُ اللّٰہُ عَبْدًا قَالَ اٰمِیْنًا (حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو ظاہر و باطن میں سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت پر ثابت قدم رکھے اور اس بندے پر رحم فرمائے جس نے آمین کہی) ......دو ضروری کاموں نے بے اختیار اس بات پر آمادہ کیا کہ آپ کو تکلیف دی جائے......امرِ اول، تکلیف کے گمان کو دور کرنے بلکہ محبت واخلاص کے حاصل ہونے کا اظہار ہے......اور دوسرا امر ایک محتاج کی حاجت کی طرف اشارہ ہے جو بزرگی اور نیکی سے آراستہ اور معرفت وشہود سے پیراستہ ہے، نسب (پدری رشتہ) کے لحاظ سے کریم اور حسب (مادری رشتہ) کی رُو سے شریف ہے۔

میرے مخدوم! حق بات ظاہر کرنے میں ایک قسم کی تلخی ہے اگرچہ وہ شدت ضعف کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہے، کوئی نہایت سعادتمند ہونا چاہیئے جو اس تلخی کو شہد کی طرح پی جائے اور ھَلْ مِنْ مَّزِیْد (کیا اور بھی ہے) کہے''......احوال کا تغیر وتبدل امکان کی صفت کے لوازمات سے ہے، جو لوگ مرتبہ تمکین تک پہنچ چکے ہیں وہ بھی تلوین کی سرشت رکھتے ہیں بیچارہ ممکن کبھی صفات جلالیہ کے غلبہ سے مغلوب ہے اور کبھی صفات جمالیہ کا محکوم، کبھی قبض کے مقام میں ہے اور کبھی بسط کے، اور ہر موسم کے احکام جدا ہیں، گذشتہ کل جو حالت تھی وہ آج نہیں ہے: قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ یُقَلِّبُھَا کَیْفَ یَشَآءُ (مومن کا دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے جس طرح چاہتا ہے اس کو پلٹ دیتا ہے) والسّلام

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۸﴾ ۱ .. شرب شین کی زیر سے بمعنی پانی اور پانی کا کچھ حصہ، اور شین کی تینوں حرکتوں (زبر، زیر اور پیش) سے پانی پینا پلانا اور اس کی مانند ۱۲ من

۲ .. یہ خدائے پاک کا احسان ہے جس پر چاہتا ہے یہ احسان فرماتا ہے، اللہ تعالیٰ عظیم احسان والا ہے۔ یہ آیت سورۃ جمعہ میں واقع ہے ۱۲

ـ .. اللہ تعالیٰ کے فضل کی طرف منسوب ہے ۱۲

۳ .. اللہ تعالیٰ اپنے نبی قرشی ﷺ کے طفیل ہم کو اور آپ کو ان بزرگوں کے محبوں اور متابعت کرنے والوں میں سے بنائے حضور پر اور آپ کی آل پاک پر افضل ترین درود اور کامل تر سلام کے تحفے نازل ہوں ۱۲

۴ .. خدائے پاک ہم کو اور آپ کو ظاہر و باطن میں سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی متابعت پر ثابت قدم رکھے اور اس بندے پر رحم فرمائے جس نے آمین کہی ۱۲

ـ .. قولہ مَظِنَّہ۔ ظا نقطہ والی پر زبر اور زیر اور نون پر شد بمعنی ظن کی جگہ یعنی گمان کی جگہ لے جانا ۱۲

ـ .. قولہ ضعف الخ یعنی بعض مواقع پر شدید اور قوی اور بعض جگہ کمزور، تمام افراد میں اظہار حق کی وجہ سے تلخی کم وبیش موجود ہے ۱۲

۵ .. یعنی زیادہ کا طالب ہو ۱۲

۶ .. یعنی ممکن کے لئے احوال کا مختلف ہونا لازمی ہے، ہمیشہ ایک حالت اور کیفیت پر رہنا واجب الوجود لایزال کی شان ہے، پس اللہ تعالیٰ الاٰن کما کان (اب ایسا ہی جیسا پہلے تھا) ہے ۱۲

۷ .. اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے واللہ یقبض ویبسط (۲/۲۴۵) اللہ ہی تنگی میں مبتلا کرتا ہے اور وہی فراخی عطا کرتا ہے ۱۲

۸ .. اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جس کو مسلم و ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اس حدیث کے الفاظ مشکوۃ شریف میں اس طرح ہیں ان قلوب بنی ادم کلھا بین اصبعین من اصابع الرحمٰن کقلب واحد یصرفہ کیف یشاء۔ (باب الایمان بالقدر) یعنی بے شک تمام بنی آدم کے دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ایک دل کی مانند ہیں جس کو اللہ تعالیٰ جس طرح چاہتا ہے پھیر دیتا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ بیک وقت تمام اشیاء میں تصرف کرنے پر قادر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے لئے دو انگلیوں کا اطلاق متشابہات میں سے ہے، متشابہات میں دو مذہب مشہور ہیں، مختصر یہ کہ انگلیوں سے دلوں کے ساتھ جلال و جمال اور لطف وقہر کی صفت کا تعلق مراد ہے کہ وہ بعض دلوں کو اطاعت کی طرف پھیرتا ہے اور کچھ دلوں کو معصیت و نافرمانی کی طرف، اور اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ تبدیل کرنا اور پھیرنا نہایت تیزی کے ساتھ اور بڑے موثر طریقہ سے ہوتا ہے ۱۲ (اشعۃ اللمعات از شیخ عبدالحق دہلوی) ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن...... بین السطور...... معانی......

☆اَہَم...... ضروری ۱۲...... ضروری...... ☆بتَصْدِیع...... دردسر رسانیدن ورنجائیدن ۱۲...... دردسر لگانا، تکلیف دینا...... ☆جرأت...... دلیری ۱۲...... دلیری، بہادری...... ☆مودّت...... محبت ۱۲...... محبت...... ☆متحلّی...... متزین ۱۲...... مزین، زینت والا...... ☆نَسَب...... از جہت رشتہ پدری ۱۲...... باپ کے رشتہ کی طرف سے آباء واجداد...... ☆حسب...... از جہت رشتہ مادری ۱۲...... ماں کی طرف سے آباء واجداد...... ☆مَرارت...... یعنی تلخی ۱۲...... کڑواہٹ...... ☆خیلے سعادتمندی...... یعنی سعادتمند کلان ذی ہمت بلند حوصلہ عالی ۱۲...... یعنی خوش بخت، بہت بلند ہمت والا اور بلند حوصلہ...... ☆مرارت...... تلخی ۱۲...... کڑواہٹ...... ☆رنگ...... مانند ۱۲...... مثل، مانند...... ☆عَسَل...... شہد ۱۲ شہد...... ☆بیاشامد...... بنوشد ۱۲...... پیئے...... ☆تلوینات...... اختلاف وتفاوت ۱۲...... اختلاف اور فرق...... ☆تمکین...... اطمینان ۲...... اطمینان قلب...... ☆سرشتہ...... مطبوع ومجبول ۱۲...... پیدائش کیا گیا، مرغوب طبع، پسند کیا گیا...... ☆سلطان...... غلبہ ۱۲...... غلبہ، تسلط......

Marfat.com

اڑسٹھواں مکتوب (۶۸)

یہ مکتوب بھی خان خاناں کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ تواضع، دولتمندوں کو زیب دیتی ہے اور استغنا بے نیازی فقراء کیلئے زیبا ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْخَیْرُ فِیْمَا صَنَعَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ (جو کچھ اللہ تعالیٰ چاہے اسی میں بہتری ہے)......میرے مخدوم!

من آنچہ شرطِ بلاغ است باتو می گویم تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

ترجمہ ادا کرتا ہوں حق تبلیغ کا اور تجھ سے کہتا ہوں مری باتوں سے ہو تجھ کو نصیحت یا ملال آئے

تواضع دولتمندوں (کی طرف) سے اچھی ہے اور استغناو بے نیازی فقرا (کی طرف) سے، اس لئے کہ معالجہ اضداد (بالمقابل چیزوں) کے ساتھ ہوتا ہے، آپ کے تینوں خطوں میں استغنا کے سوا اور کچھ مفہوم نہیں ہوا، اگرچہ آپ کا مقصود تواضع تھا مثلاً اخیر کے مکتوب میں لکھا ہوا تھا کہ "حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح ہو" اس عبارت کو اچھی طرح غور فرمائیں کہ کہاں لکھنی چاہیئے، بیشک آپ نے فقراء کی بہت خدمت کی ہے لیکن خدمت کے آداب کا لحاظ رکھنا ضروری ہے تاکہ (خدمت کا) ثمرہ اس پر مرتب ہو وَیدُوْنَھَا خَرْطُ الْقَتَادِ ط (اور اس کے بغیر بے فائدہ تکلیف اُٹھانا ہے)......ہاں، آنحضرت ﷺ کی امت کے متقی لوگ تکلف سے بَری ہیں۔ اَمَّا التَّکَبُّرُ مَعَ الْمُتَکَبِّرِیْنَ صَدَقَۃٌ (لیکن تکبر کرنے والوں کے ساتھ تکبر کرنا صدقہ ہے)......
...کسی شخص نے حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ کے متعلق کہا ہے کہ یہ شخص متکبر ہے، آپ نے (اس کے جواب میں) فرمایا کہ میرا تکبر کبریا (حق تعالیٰ) کی جانب سے ہے،......آپ اس گروہ کو ذلیل و خوار نہ سمجھیں، رُبَّ اَشْعَثٍ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ (بہت سے ایسے گرد آلود پراگندہ بالوں والے درویش جن کو لوگ اپنے دروازوں سے دھکیل دیتے ہیں ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پورا کر دیتا ہے) حدیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

ترجمہ:۔ بہت تھوڑی کہی ہے ڈرتے ڈرتے داستان دل کی نہ ہو دل تیرا آزردہ وگرنہ بات ہے لمبی

آپ کے عزیزوں اور دلی مخلصوں کو چاہیئے کہ حقیقتِ امر کو مدنظر رکھیں اور جو کچھ آپ کی خدمت میں پہنچائیں صحیح صحیح واقعہ بیان کریں اور جو مشورہ دیں اس میں آپ کی صلاح کو ملحوظ رکھیں نہ کہ اپنی مصلحتوں کو کیونکہ یہ محض خیانت ہے......اس سفر کی علتِ غائیہ (اصلی غرض) یہ بھی تھی کہ آپ کو کچھ نفع و فائدہ حاصل ہو لیکن عالمِ اسباب میں آپ کے دوستوں اور مخلصوں نے نہیں چھوڑا (کہ اپنے آپ کو آپ تک پہنچا سکوں)۔ اس طرف سے کوئی کوتاہی نہ سمجھیں، اگرچہ یہ باتیں تلخ معلوم ہوتی ہیں لیکن آپ کی خوشامد کرنے والے بہت ہیں، انہی پر اکتفا کریں (اور فقرا سے خوشامد و چاپلوسی کی امید نہ رکھیں) فقراء کی دوستی سے مقصود پوشیدہ عیبوں پر اطلاع پانا اور چھپی ہوئی بُری عادتوں کا ظاہر ہونا ہے لیکن جان لیں کہ اس قسم کی باتوں کا ظاہر کرنا آپ کو آزار اور رنج دینے کی غرض سے نہیں ہے بلکہ خیر خواہی اور دل سوزی کی وجہ سے ہے، آپ یقین جانیں۔

خواجہ محمد صدیق اگر ایک روز پہلے آجاتا تو امید تھی کہ فقیر ہر حال میں اپنے آپ کو آپ کی خدمت میں پہنچاتا لیکن

Marfat.com

سرہند کے سفر کے دوران ان سے ملاقات ہوئی اس لئے معذور رکھیں گے۔ اَلْخَیْرُ فِیْمَا صَنَعَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ (اسی میں بہتری ہے جو اللہ تعالیٰ کرے)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۴۹﴾ ۱ قولہ فیما الخ بھلائی اسی کام میں ہے جسکو خدا کرے یعنی بعض عوارض جو رکاوٹ کا باعث ہوتے ہیں، اپنے آپ کو تم کہیں نہیں پہنچا سکتے، خیر اسی میں ہے جو خدا چاہے، اِدھر اُدھر کی گنجائش نہیں ہے ۱۲

۲.. قولہ غنا الخ حضرت سعدی فرماتے ہیں: ؎

تواضع زگردن فرازان نکوست گدا اگر تواضع کند خوئے اوست

ترجمہ: انکساری بڑے لوگوں کی پسندیدہ ہے، بھکاری تواضع کرے تو یہ اسکی عادت ہے ۱۲.

ے.. لِاَنَّ المُعَا لَجَۃَ الخ چونکہ ہر مرض کا علاج اسکی ضد سے ہوتا ہے جیسا کہ گرمی کا علاج سردی سے ہوتا ہے اور خشکی کا تری سے وعلی ہذا القیاس، اسی پر قیاس کیا جا سکتا ہے ۱۲.

۳.. قولہ و بد ونہا الخ فقراء کے آداب کی رعایت کے بغیر نتائج اور ثمرات کا امیدوار ہونا، کانٹے دار درخت پر ہاتھ مارنے کی طرح ہے، یعنی بے فائدہ محنت ومشقت برداشت کرنا ہے اور خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے ۱۲

ے.. یعنی میرا انکبر کرنا حق تعالیٰ کے لئے ہے اپنے نفس لے لئے نہیں ہے ۱۲.

۴.. قولہ رب اشعث مد فوع با لابواب لو اقسم علی اللّٰہ لا برہ (راوہ مسلم، مشکوۃ باب فضل الفقراء الخ) یعنی بہت گرد آلود، پراگندہ بالوں والے جن کو انتہائی حقارت کی وجہ سے دروازوں سے دھتکار دیا جاتا ہے، اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائیں تو اللہ تعالیٰ ان کی قسم کو ضرور پورا کر دیتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مانگے اور اس پر قسم دے کہ وہ ضرور کردے گا تو اس کی دعا کبھی رد نہیں ہوتی، بلکہ اسے پورا کر دیا جاتا ہے، بعض کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ اگر وہ کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے پر قسم کھائے تو اللہ تعالیٰ اسے نبھاتا ہے اور اسی طرح ہی کر دیتا ہے، یہ معنی زیادہ واضح ہیں۔ (رواہ مسلم علی مانی المشکوٰۃ)

۵.. منسوب ہے صمیم کی طرف بمعنی خالص اور خلوص، تہ دل اور دل کے اندر ۱۲

۶.. کنگاش کاف کی زیر نون غنہ اور دوسرا گاف ہے اور شین تین نقطہ والی، اس کا ترجمہ مشورہ کرنا اور اصلاح پوچھنا، یہ ترکی لفظ ہے اور اس کا مخفف کنکش ہے ۱۲

۷.. قولہ علل علت کی جمع ہے، علتِ غائیہ وہ ہوتی ہے جو فاعل کو فعل کرنے پر ابھارے اور فعل کا باعث ہو ۱۲

۸.. مدح وتعریف جو آپ کو پسند آئے اور آپ کی خوشامد اور چاپلوسی کرنے والے دوسرے بہت ہیں (انہی پر اکتفا کریں) فقراء کی دوستی اور ملاقات سے مقصود پوشیدہ عیوب پر اطلاع پانا ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی......

☆تواضع......پستی ونیاز مندی ۱۲......انکساری اور نیاز مندی......☆غنا......دولتمندی ۱۲......دولتمندی......☆استغناء......بے نیاز شدن ۱۲......بے نیاز ہونا......☆استغناء......بے نیازی ۱۲......بے نیازی......☆ہر چند......اگر چہ ۱۲......اگر چہ......☆نیک......تامل صادق نمائید ۱۲......اچھی طرح غور فرمایئے......☆ثمرہ......فایدہ ۱۲......فایدہ، پھل......☆اتقاء امت......پرہیزگاران ۱۲......امت کے پرہیزگار لوگ......☆بری......پاک ۱۲......پاک......☆اما التکبر......صدقۃ......تکبر کردن با متکبران نوعے از صدقہ است ۱۲ لیکن متکبرون سے تکبر کرنا ایک قسم کا صدقہ ہے......☆اوست......حق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ......☆شمانگذاشتند......کہ خود را بشمار برساند ۱۲......کہ اپنے آپ کو آپ تک پہنچا سکوں......☆اکتفا کنند......واز فقرا خوشامد و تملق نخواہند ۱۲......اور فقراء سے خوشامد و چاپلوسی کی امید نہ رکھیں......☆آشنائی......دوستی وملاقات ۱۲......دوستی اور ملاقات......☆اطلاع برعیوب مکنونہ......واقف بودن بر علیہا پوشیدہ ۱۲......پوشیدہ عیبوں سے واقف ہونا......☆رذائل......ناکسیہا وفرومائیگیہا جمع رَذیلت است ۱۲......کمینگیاں اور نالیقیاں، رزیلت کی جمع ہے......

Marfat.com

اُنہترواں مکتوب ﴿۶۹﴾

یہ مکتوب بھی خان خاناں کی طرف صادر ہوا...... تواضع کے بیان میں جو کہ دونوں جہان کی بلندی (عزت) کا باعث ہے اور اس بیان میں کہ نجات فرقۂ ناجیہ اہلِ سنت وجماعت کی متابعت پر وابستہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسلامُ علٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ (تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور اللہ کے رسول پر صلوۃ وسلام ہو) ......آپ کا محبت نامۂ گرامی جو آپ نے برادرم مولانا صدیق کے ہمراہ ارسال فرمایا تھا موصول ہوا، آپ نے بڑی مہربانی فرمائی۔ جَزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ عَنَّا خَیْرَ الْجَزَاءِ (اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے)...... چونکہ آپ نے فقراء کے اداب کو مدِ نظر رکھا ہے اور تواضع سے گفتگو کی ہے (لہٰذا) امید ہے کہ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰہِ رَفَعَہُ اللّٰہُ (جس نے اللہ تعالیٰ (کی رضا) کیلئے تواضع اختیار کی اللہ تعالیٰ نے اس کو بلند کردیا) کے مصداق یہ فروتنی وعاجزی، دینی ودنیوی سربلندی اور عزت کا سبب ہو جائے گی بلکہ ہوگئی ہے آپ کو بشارت ومبارک ہو۔ جب آپ نے انابت اور رجوع کے الفاظ استعمال کیئے ہیں تو ایسا تصور فرمائیں کہ انابت درویشوں میں سے کسی درویش کے ہاتھ پر واقع ہوئی ہے اس کے نتائج وثمرات کے امیدوار رہیں لیکن جہاں تک ہوسکے اس کے حقوق کو (پوری طرح) بجالانا چاہیئے۔

(یہ فقیر) وصیتوں اور نصیحتوں میں سے کیا لکھے اور علوم ومعارف میں سے کیا ظاہر کرے کیونکہ علمائے مجتہدین اور صوفیائے محققین شکر اللہ تعالیٰ سعیہم (اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو مشکور فرمائے) نے اس امر کی شرح اور تفصیل میں کوئی کوتاہی روا نہیں رکھی ہے اور اس بے سروسامان کے مسودوں کو بھی ظاہری طور پر بعض دوست آپ کی خدمت میں لے گئے ہیں (امید ہے کہ) آپ کی نظر شریف سے گذرے ہوں گے...... مختصر یہ ہے کہ نجات کا طریقہ افعال واقوال اور اصول وفروع میں اہل سنت وجماعت کَثَّرَھُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ (اللہ تعالیٰ ان کی کثرت فرمائے) کی متابعت کرنے میں ہے، پس یہی فرقہ ناجیہ (نجات پانے والا ہے) اور اس کے سوا جتنے فرقے ہیں سب زوال کے مقام میں اور ہلاکت کے کنارے پر ہیں، خواہ آج اس بات کو کوئی جانے یا نہ جانے لیکن کل قیامت کے روز ہر ایک جان لے گا اور (اس وقت کا جاننا) اس کو کچھ نفع نہ دے گا۔ اَللّٰھُمَّ نَبِّھْنَا قَبْلَ اَنْ یُّنَبِّھَنَا الْمَوْتُ (اے اللہ! ہمیں قبل اس کے کہ موت ہمیں بیدار کرے (اس غفلت سے) بیدار کردے۔)

میرے سرداری کی پناہ والے سید ابراہیم چونکہ قدیم سے آپ کی بلند درگاہ سے تعلق رکھتے ہیں اور دعا کرنے والوں کے سلسلہ میں شامل ہیں آپ کے کرم وبخشش کیلئے لازم ہے کہ ان کی دستگیری فرمائیں گے تاکہ اس فقر اور بڑھاپے کے زمانے میں اہل وعیال کے ساتھ فارغ البالی سے گذارہ کرسکیں اور آپ کیلئے دونوں جہان کی سلامتی کی دعا میں مشغول رہیں۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

صہ ۵۰ ﴾ ۱؎ قولہ آزار است، یعنی اس قسم کی باتوں کے اظہار سے عیب گیری اور دکھ دینا مقصود نہیں بلکہ ان پوشیدہ امراض اور خفیہ رزائل کا ازالہ کرنا ان پر تنبیہ اور مطلع کئے بغیر بہت دشوار ہے، اس بات پر یقین کریں، شک وشبہ کو راہ نہ دیں ۱۲

۲؎ .. قولہ الخیر الخ خیر ونیکی اسی میں ہے جو خدا تعالیٰ چاہے اور کرے ۱۲

۳؎ .. تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے اور اللہ کے رسول پر صلاۃ وسلام ہو ۱۲

Marfat.com

۴.. اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے بہترین جزاء عطا فرمائے ۱۲

۵.. جس شخص نے حق سبحانہ وتعالیٰ کی رضا کے لئے پستی اختیار کی اللہ تعالیٰ نے اس کو رفعت و بلندی عطا فرمائی۔ اس کو ابو نعیم نے حلیہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، علامہ عزیزی نے کہا ہے کہ اسکی اسناد حسن ہے ۱۲ معرب

۶.. بلکہ پورے اہتمام سے انہوں نے اپنی کتابوں میں تحریر فرمایا ہے پس اس کے لکھنے کی حاجت نہیں ہے ۱۲

۷.. خلاصہ مراد یہ ہے کہ نجات کا طریقہ افعال واقوال اور اصول وفروغ میں اہل سنت وجماعت (اللہ تعالیٰ ان کی کثرت فرمائے) کی متابعت کرنے میں ہے پس یہی فرقہ ناجی (نجات پانے والا ہے) اور اس کے سوا جتنے فرقے ہیں زوال کے مقام میں اور ہلاکت کے کنارے پر ہیں، خواہ آج اس بات کو کوئی جانے یا نہ جانے لیکن کل قیامت کے روز ہر ایک جان لے گا اور (اس وقت کا جاننا) اس کو نفع نہ دے گا لمصححہ سلمہ اللہ تعالی

☆متن......بین السطور......معانی......

☆بہر ...... شاید ۱۲ ...... شاید ...... ☆ اثناء ...... میان ۱۲ ...... درمیان ...... ☆ تواضع ...... پستی ۱۲ ...... عاجزی ...... ☆ موجب ...... سبب ۱۲ ...... سبب ☆ رفعت ...... بلندی ۱۲ ...... بلندی ☆ دارین ...... دنیا وآخرت ۱۲ ...... دنیا اور آخرت ...... ☆ ناجیہ اند ...... نجات پائندہ ۱۲ ...... نجات پانے والا ...... ☆ بمصحوب ...... ہمراہ ۱۲ ...... ہمراہ، ساتھ ...... ☆ تنزل ...... فرود آمدن ۱۲ ...... نیچے اترنا ...... ☆ موجب رفعت ...... سبب بلندی ۱۲ ...... بلندی کا سبب ☆ رفعت ...... بالکسر ۱۲ ...... راکی زیر ☆ بُشریٰ لَکُم ...... بشارت بادشمارا ۱۲ ...... آپ کو خوش خبری ہو ☆ مترصد ...... منتظر ۱۲ ...... انتظار کرنے والا ...... ☆ اما حقوق آنرا ۱۲ ...... یعنی حتی الامکان وبقدر وسعت و طاقت ۱۲ ...... یعنی جہاں تک ہو سکے، طاقت اور وسعت کے مطابق ...... ☆ مرعی ...... رعایت ۱۲ ...... رعایت کرنا ...... ☆ وصایا ...... جمع وصیت ۱۲ ...... وصیت کی جمع ہے ...... ☆ نصائح ...... جمع نصیحت ۱۲ ...... ☆ وانماید ...... اظہار ۱۲ ...... ظاہر کرنا ...... ☆ بضاعت ...... سرمایہ ۱۲ ...... سرمایہ، مال ...... ☆ اللّٰھم ... الموت ...... ای خدایا ہوشیار کن مارا پیش از انکہ ہوشیار کند مارا موت ۱۲ ...... اے اللہ! ہمیں بیدار کردے اس سے پہلے کہ موت ہمیں بیدار کرلے ......

ستر واں مکتوب ﴿۷۰﴾

یہ مکتوب بھی خانِ خاناں کی طرف صادر ہوا...... اس بیان میں کہ جس طرح انسان کیلئے اس کی جامعیت اس کے قرب کا باعث ہے اُسی طرح اس کی یہی جامعیت اس کے بُعد کا سبب بھی ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

ثَبَّتَکُمُ اللہُ سُبْحَانَہٗ عَلٰی جَادَّۃِ الشَّرِیْعَۃِ الْمُصْطَفَوِیَّۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو شریعتِ مصطفویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر ثابت قدم رکھے) اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جس نے ''آمین'' کہا...... جس طرح انسان کی جامعیت اس کیلئے حق تعالیٰ کے قُرب اور کرامت وفضیلت کا سبب ہے اسی طرح اس کی حق تعالیٰ سے دوری اور گمراہی وجہالت ہونے کا باعث بھی وہی جامعیت ہے...... اس کو قربِ حق اس وجہ سے ہے کہ اس کا آئینہ (قلب) مکمل واتم ہے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی تمام اسماء وصفات بلکہ تجلیاتِ ذاتیہ کے ظہور کی بھی قابلیت رکھتا ہے، حدیثِ قدسی لَا یَسَعُنِیْ اَرْضِیْ وَلَا سَمَائِیْ وَلٰکِنْ یَسَعُنِیْ قَلْبُ عَبْدِیَ الْمُؤْمِنِ (نہ میری زمین میری وسعت رکھتی ہے اور نہ میرا آسمان لیکن میرے مومن بندے کا دل میری وسعت رکھتا ہے) میرا اسی بیان کی طرف اشارہ ہے اور اس (بندہ) کا (حق تعالیٰ سے) بُعد (دوری) اس سبب سے ہے کہ وہ دنیا کی تمام جزئیات (چیزوں) میں سے ہر جزئی (چیز) کی طرف حاجتمند ہے کیونکہ اس کو

Marfat.com

سب چیزیں درکار ہیں خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيعًا (بقرہ۲آیت نمبر۲۹)(یعنی جو کچھ بھی زمین میں ہے وہ سب اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے پیدا کیا ہے) اس احتیاج کے باعث اس کو تمام اشیاء کے ساتھ گرفتاری ہے جو اس کے بُعد اور گمراہی کا سبب ہوگئی ہے

پایہ آخر آدم است و آدمی ۔۔۔ گشت محروم از مقامِ محرمی
گر نہ گردد باز مسکیں زیں سفر ۔۔۔ نیست از وے ہیچ کس محروم تر

ترجمہ: ہے نزولِ آخری میں آدمی ۔۔۔ پس محرومِ مقامِ محرمی
گر نہ لوٹے اس سفر سے وہ غریب ۔۔۔ کیا کہوں بس ہے نہایت بدنصیب

پس تمام مخلوقات میں بہتر بھی انسان ہی ہے اور کائنات میں سب سے بدتر بھی انسان ہی ہے جیسا کہ حبیب رب العالمین حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات والتحیات بھی انسانوں میں سے ہی ہیں اور زمین و آسمان کے پروردگار خدائے پاک کا دشمن ابوجہل لعین بھی انہی میں سے ہے۔ پس لامحالہ جب تک ان سب کی گرفتاری سے نجات حاصل نہ ہو جائے اور ایک ذات کی جو ایک ہونے سے یعنی وحدت سے بھی منزہ و پاک ہے کی گرفتاری حاصل نہ ہو جائے اس وقت تک خرابی ہی خرابی ہے لیکن مَالَا يُدْرَكُ كُلُّهٗ لَا يُتْرَكُ كُلُّهٗ (جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکلیہ چھوڑا بھی نہ جائے یعنی جس قدر ملے حاصل کرلی جائے) کے موافق اپنی چند روزہ زندگی کو صاحبِ شریعت علیہ وعلیٰ آلہ الصلوۃ والتحیۃ کی متابعت میں بسر کرنا چاہیئے کیونکہ آخرت کے عذاب سے رہائی اور دائمی نعمتوں سے کامیابی حاصل کرنا اسی اتباع کی سعادت پر وابستہ ہے۔ پس بڑھنے والے مالوں (نقدی اور سونا چاندی) اور چرنے والے جانوروں کی زکوٰۃ بقدرِ واجب پورے طور پر ادا کرنی چاہیئے اور اس کو مالوں اور مویشیوں کے ساتھ تعلق نہ ہونے کا وسیلہ بنانا چاہیئے اور لذیذ کھانوں اور نفیس کپڑوں میں نفس کی لذت ملحوظ نہیں رکھنی چاہیئے بلکہ کھانے اور پینے کی چیزوں میں اس کے سوا اور کوئی نیت نہ ہونی چاہیئے کہ عبادات ادا کرنے پر قوت حاصل ہو، اور نفیس کپڑوں کو آیتِ کریمہ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ (اعراف ۷ آیت نمبر۳۱) اَیْ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ (ہر مسجد یعنی نماز کے وقت اپنی زینت حاصل کرلیا کرو) کے حکم کے مطابق مذکورہ و ماموره آیت زینت کی نیت پر پہننا چاہیئے اور کسی نیت کو اس میں نہیں ملانا چاہیے.......اور اگر نیت کی حقیقت میسر نہ ہو تو اپنے آپ کو تکلف کے ساتھ اس نیت پر لانا چاہیئے فَاِنْ لَّمْ تَبْكُوْا فَتَبَاكُوْا (پس اگر خود بخود رونا نہ آئے تو تکلف کے ساتھ روؤ یعنی رونے والی شکل بناؤ.......اور ہمیشہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی بارگاہ میں التجاو تضرع (آہ و زاری) کرتے رہنا چاہیئے کہ حقیقی نیت حاصل ہو جائے اور تکلف جاتا رہے۔

می تواند کہ دہد اشک مرا حُسنِ قبول ۔۔۔ آنکہ درساختہ است قطرۂ بارانی را

ترجمہ: کیا عجب ہو جائے گر مقبول یہ گریہ مرا ۔۔۔ قطرہ باراں کو تو نے لُولوے لالہ کیا

علیٰ ہذا القیاس تمام امور میں دیندار علماء کے فتویٰ کے مطابق جنہوں نے عزیمت کا راستہ اختیار کیا ہے اور رخصت سے پرہیز کیا ہے زندگی بسر کرنی چاہیئے اور اس کو آخرت کی دائمی نجات کا وسیلہ بنانا چاہیئے: مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ النساء۴ آیت نمبر ۱۴۷)(اگر تم شکر کرو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تعالیٰ تم کو کیوں عذاب دے گا؟)

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۵۰﴾ ۱ .. یعنی آپ کے لئے دعا کرنے والوں کے سلسلہ میں شامل ہیں۔

لفظ منتظم انتظام سے اسم فاعل کا صیغہ ہے، درست ہونے کے معنی ہیں اور سلسلہ میں شامل ہونا ہے۔ ۱۲

۲ .. خدائے پاک تم کو حضرت محمد ﷺ کی شریعت کی شاہراہ پر ثابت قدم رکھے اور صاحب شریعت پر درود وسلام اور دعا کا تحفہ اور رحمت نازل فرمائے۔ حق ﷺ ہر اس بندے پر بھی جو اس پر آمین کہے۔ آمین یارب العالمین ۱۲

۳ .. یعنی نہ میری زمین میری وسعت رکھتی ہے اور نہ میرا آسمان، لیکن میرے مومن بندے کا دل میری وسعت رکھتا ہے۔ اس حدیث کو امام غزالی نے احیاء العلوم میں ذکر کیا ہے لیکن اس میں لا یسعنی کی بجائے لم یسعنی ہے اور و لکن سعنی کی بجائے وسعنی ہے۔ علامہ عراقی نے کہا ہے کہ میں نے یہ لفظ نہیں پائے، طبرانی نے ان لفظوں سے روایت کیا ہے: انّ للہ أنیتہ من الارض و أ نیتہ و بکم قلوب عبادہ الصالحین تخریج کرنے والے نے کہا ہے کہ دیلمی نے مسند الفردوس میں حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے اور امام احمد نے اپنی کتاب الزہد میں وہب بن منبہ نے روایت کیا ہے لیکن الفاظ اور ہیں معنی سب کے ایک ہیں ۱۲

(عربی ترجمہ کے حاشیہ سے اختصار کے ساتھ)

۴ .. پارہ اول، سورہ بقرہ آیت ۲۹ کی طرف اشارہ ہے ھوالذی خلق لکم ما فی الارض یعنی (اللہ) وہی ہے جس نے پیدا کیا تمھارے لئے زمین کی سب چیزوں کو ۱۲

۵ .. جیسا کہ حبیب رب العالمین آپ پر اور آپکی آل پاک پر درودوں، سلاموں اور دعا کے تحفے نازل ہوں آپ بھی انسانوں میں سے ہیں اور زمینوں آسمانوں کے پروردگار خدائے پاک کا دشمن ابو جہل لعین بھی انسانوں میں سے ہے۔

جاننا چاہیے کہ اس قول مجدد قدس سرہ، میں لف و نشـــــــــــــــــر غیر مشوش ہے، کیونکہ حضرت مجدد قدس سرہ کا قول محـــــــــمد حبـــــیب الـــــخ لوٹتا ہے آپ کے قول بہترین موجودات الخ کی طرف اور آپ قدس سرہ، کا قول ابو جہل لعین الخ لوٹتا ہے آپ کے قول و بد ترین ہمہ الخ کی طرف ۱۲

۶ .. جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل چھوڑا بھی نہ جائے، یعنی جس قدر ملے حاصل کرلی جائے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆قرب......بحق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ کا قرب......☆بعد......دوری ۱۲......دوری......☆تضلیل......گمراہ کردن ۱۲......گمراہ کرنا......☆تجہیل......جاہل ساختن ۱۲......جاہل بنانا......☆حدیث قدسی......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا ہے......☆رمزی......خبر ۱۲......یہ خبر ہے......☆رمزی......اشارتے ۱۲......اشارہ......☆گرفتاری یکی......یائے مجہول یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ وتقدس در مرتبہ تجرد بحت ۱۲......یائے مجہول کے ساتھ یعنی حق سبحانہ وتعالیٰ وتقدس مرتبہ تجرد بحت میں ہے......☆از یکی......یای معروف یعنی از وحدت ۱۲......یائے معروف کے ساتھ یعنی وحدت سے......☆خرابی در خرابی......اگر از گرفتاری غیر نجات میسر نشد ۱۲......اگر غیر خدا کی گرفتاری سے نجات میسر نہ ہو تو خرابی ہی خرابی ہے......

اکہتر واں مکتوب ﴿۷۱﴾

میرزا داراب ابن خان خاناں کی طرف صادر ہوا......اس بیان میں کہ منعم کا شکر منعم علیہ پر واجب ہے اور شکر کی ادائیگی شریعت کی اطاعت کرنے پر ہے اس کے علاوہ کچھ نہیں

اَیَّدَکُمُ اللہُ سُبْحَانَہٗ وَنَصَرَکُمْ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کی مدد ونصرت فرمائے)......

Marfat.com

عقلی اور شرعی طور پر انعام کرنے والے کا شکر انعام کیئے ہوئے شخص پر واجب ہے اور معلوم ہے کہ جسقدر نعمت حاصل ہو اسی قدر شکر بھی واجب ہوتا ہے، پس جسقدر زیادہ نعمت حاصل ہوگی شکر بھی اسی قدر زیادہ واجب ہوگا، لہٰذا دولت مندوں پر ان کے درجات کے تفاوت کے مطابق فقراء کی بہ نسبت کئی گنا زیادہ شکر واجب ہوا، یہی وجہ ہے کہ اس امت کے فقراء دولتمندوں سے پانچ سو سال پہلے بہشت میں جائیں گے .... اور منعم حقیقی (حق تعالیٰ) کا شکر، اول فرقۂ ناجیہ اہلِ سنت وجماعت کے عقائد کے مطابق اپنے عقیدوں کو درست کرنا ہے .... دوم اس فرقۂ عالیہ (اہلِ سنت و جماعت) کے ائمہ مجتہدین کے اجتہادات کے موافق شرعی عملی احکامات کا بجالانا ہے .... سوم اس فرقۂ عالیہ کے صوفیۂ کرام کے سلوک کے مطابق تصفیہ وتزکیہ حاصل کرنا ہے۔ اور اس آخری (یعنی تیسرے) رکن کا وجوب استحسان کے طور پر ہے بخلاف پہلے دو رکنوں (عقائد واعمالِ شرعیہ) کے، کیونکہ اصل اسلام انہی دو رکنوں سے وابستہ ہے، اور اسلام کا کامل ہونا اس ایک رکن (یعنی تصفیہ وتزکیہ) پر موقوف ہے اور جو عمل ان تینوں ارکان کے مخالف ہے اگرچہ وہ سخت ریاضتوں اور مشکل مجاہدوں میں سے ہو معصیت اور منعم حقیقی جل سلطانہٗ کی نافرمانی وناشکری میں داخل ہے۔

ہندوستان کے برہمنوں اور یونان کے فلسفیوں نے ریاضتوں اور مجاہدوں میں کوئی کمی نہیں کی لیکن (چونکہ) ان کی ریاضتیں انبیاء علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کی شریعتوں کے موافق واقع نہیں ہوئیں اس لئے سب مردود ہیں اور وہ آخرت کی نجات سے بے نصیب ہیں .... پس آپ پر ہمارے آقا و مولا ہمارے گناہوں کی شفاعت کرنے والے، ہمارے دلوں کے طبیب سید المرسلین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور آپ کے خلفائے راشدین مہدیین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی متابعت لازم ہے

﴿حاشیہ متن﴾

صہ۵۲﴾ ۱ قولہ اموال نامیہ الخ یعنی وہ مال جن میں اضافہ وترقی ممکن ہو برابر ہے کہ یہ اضافہ حقیقی طور پر ہو مثلاً جانوروں کی نسل بڑھنا اور تجارت یا اضافہ تقدیری یعنی مال میں بڑھنے اور زیادہ ہونے کی صلاحیت ہو اس طور پر کہ مال ایسا ہے جس کو بڑھایا جاسکتا ہے تجارت کرکے، اور مال اسکے قبضے میں ہو۔

جاننا چاہیے کہ وہ مال نامی جس میں زکوۃ فرض ہو عام ہے کہ وہ سونے چاندی کے سکے ہوں یا ڈلیاں یا زیور یا سونے چاندی کے برتن ہوں، یا مال تجارت جو تجارت کی نیت سے خریدا ہوا ہو، سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ ہے اور چاندی کا نصاب چھپن روپے دہلی کے سکہ کے ہیں ۱۲

۲.. قولہ اَنعامِ سائمہ یعنی اونٹ، گائے اور بکریاں نر اور مادہ ملے جلے جو اکثر سال چر کر گذارہ کرتے ہوں اسی طرح ہی گھوڑے، چرنے والے جانوروں کی جنسوں کی مقدار جن پر زکوٰۃ فرض ہے اسکی تفصیل بڑی طویل ہے (وہ فقہ کی کتابوں میں موجود ہے) ۱۲

ـ.. خُذُوا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ الخ یہ ایک آیت کی طرف اشارہ ہے جو آٹھویں پارہ اور سورہ اعراف (آیت ۳۱) میں واقع ہے یعنی یا بنی ادم خذ وازینتکم عند کل مسجد و کلو وا شربو ولا تسرفوا انه لا یحب المسرفین۔
یعنی اے اولادِ آدم! زیب تن کرلیا کرو اپنا لباس ہر نماز کے وقت، اور کھاؤ اور پیؤ اور فضول خرچی نہ کرو، بے شک اللہ تعالیٰ فضول خرچ کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ۱۲

ـ.. قولہ فان لم تبکو افتبا کوا ،اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو شرح السنہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مزکور ہے ۱۲

ـ. اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ پانچ کے آخر سورہ نساء میں واقع ہے، ترجمہ ''اگر تم شکر کرو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تعالیٰ تم کو کیوں عذاب دے گا ۱۲

ـ.. خدائے پاک آپ کو قوت بخشے اور نصرت ارزانی فرمائے دشمنانِ دین کے مقابلے میں ۱۲

۳.. اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جسکو امام ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں ید خل الفقراء الجنة قبل الاغنیاء بخمسمائة عام مقدار نصف یوم فقراء دولتمندوں سے پانچ سو سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے

Marfat.com

نصف دن کی مقدار) اور ابن ماجہ نے حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان لفظوں میں روایت کیا ہے ان الفقراء المهاجرين يدخلون الجنة قبل اغنياء هم بخمسمائة سنة (بے شک مہاجرین فقراء جنت میں پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے ان کے دولت مندوں سے) اور مسلم نے ان الفاظ سے روایت کیا ہے ان فقراء المهاجرين يسبقون الاغنياء يوم القيامة اربعين خريفاً۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث سے (بے شک مہاجرین فقراء قیامت کے دن دولت مندوں سے چالیس خریف پہلے سبقت کریں گے) یعنی وہ پہلے جنت میں جائیں گے ۱۲

.. یعنی تہتر فرقوں میں ایک جماعت نجات پانے والی ہے اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہوئی ترمذی اور ابوداؤد میں ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆**فوز**...... فیروزی ۱۲...... کامیابی ☆**بتنعمات**...... جمع تنعم بمعنی بناز و نعمت پرورده شده ۱۲...... تنعم کی جمع ہے یعنی ناز و نعمت سے پرورش ہونا...... ☆**سرمدی**...... دائمی ۱۲...... ہمیشہ ہمیشہ ☆**انعام**...... چہار پایگان ۱۲...... چارپائے ☆**سائمہ**...... چرندگان ۱۲...... چرنے والے (جو اکثر سال چرتے ہوں)...... ☆**کماحقہ**...... بقدر واجب بتمام و کمال ۱۲...... یعنی زکوٰۃ بقدر واجب پورے طور پر ادا کرنی چاہئے ☆**مطعومات**...... اشیائی خوردنی ۱۲...... کھانے والی چیزیں ☆**ملبوسات**...... اشیائی پوشیدنی ۱۲...... پہننے والی چیزیں...... ☆**اطعمہ**...... جمع طعام ۱۲...... طعام (کھانے) کی جمع ہے ☆**اشربہ**...... جمع شراب ۱۲...... شراب (پینے کی جائز چیزیں) کی جمع ہے...... ☆**مامور**...... حکم کردہ شدہ ۱۲...... جس کام کا حکم دیا گیا ہو ☆**مشوب**...... مخلوط ۱۲...... ملی ہوئی یا ملا ہوا...... ☆**فان لم تبكوا فتباكو**...... پس اگر گریہ کردن نتوانید پس تکلف بگرید ۱۲...... خود بخود رونا آئے تو تکلف کے ساتھ رونے کی شکل بناو...... ☆**آنکہ**...... یعنی حق سبحانہ و تعالیٰ ۱۲...... یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ مراد ہے ☆**عزیمت**...... خلاف رخصت ۱۲...... رخصت و اجازت کے خلاف عمل کرنا...... ☆**نجات ابدی**...... اخروی و دائمی ۱۲...... آخرت کی دائمی نجات...... ☆**باتیان شریعت**...... باطاعت ۱۲...... شریعت کی اطاعت کے ذریعہ...... ☆**لا غیر**...... نہ بغیر شریعت ۱۲...... شریعت کے بغیر کچھ نہیں ☆**منعم**...... انعام کنندہ ۱۲...... انعام کرنے والا...... ☆**اغنیا**...... توانگران ۱۲...... دولت مند لوگ غنی کی جمع ہے...... ☆**علی تفاوت درجاتہم**...... بحسب اختلاف مراتب شان ۱۲...... ان کے درجات و مراتب کے فرق کے مطابق کئی گنا زیادہ...... ☆**اضعاف**...... چند در چند ۱۲...... کئی گنا زیادہ ☆**اغنیا**...... دولتمندان ۱۲...... دولت مند لوگ، غنی کی جمع ہے ☆**منعم**...... تفصیل انواع شکر حق جل و علا ۱۲...... انعام کرنے والے حق تعالیٰ جل و علا کے شکر کی اقسام کی تفصیل ☆**بتصحیح**...... درستی ۱۲...... عقائد کی درستگی ☆**احکام**...... عمل باعمال ۱۲...... شریعت کے احکام پر عمل کرنا

صہ۵۳ ۱.. قولہ طبق پہلے دونوں حروف پر زبر ہے، موافق و برابر کے معنی میں، یعنی ہر چیز جو دوسری شے کے برابر ہو، لطائف میں لکھا ہوا ہے کہ پہلے حرف کے نیچے زیر اور با ساکن، بمعنی طریقہ اور دستور ہے، یہاں دونوں معنی صحیح ہیں ۱۲

.. قولہ براہمہ، برہمن کی جمع ہے، یہ ایک گروہ ہے جو ہندوستان کے مشرکوں کے عالم کہلاتے ہیں ۱۲

.. قولہ ریاضات، ریاضت (را کی زیر سے) کی جمع ہے، تند خو گھوڑے کے بچے کو فرمانبردار کرنا، تکلیف و دکھ اٹھانا ۱۲

۲.. قولہ فعلیکم بمتابعۃ الخ پس آپ ہمارے آقا و مولا، ہمارے گناہوں کی شفاعت کرنے والے، ہمارے دلوں کے طبیب محمد ﷺ اور آپ کے خلفائے راشدین مہدیین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی متابعت لازم ہے، حق تعالیٰ کی خوشنودی انہی کی متابعت میں ہے ۱۲

۳.. اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت و عافیت سے رکھے ۱۲

۴.. دین و دنیا جمع ہو جائیں تو کیا ہی خوب ہے، لیکن دونوں کا حقیقۃً جمع ہونا محال ہے اس معنی پر لفظ کو دلالت کرتا ہے جو وضع کیا گیا ہے شرط و جزا

Marfat.com

کے نہ ہونے پر دلالت کرنے کے لئے جیسا کہ اپنی جگہ میں ثابت شدہ ہے ۱۲ ۔.. سونا چاندی اور مال تجارت ۱۲

☆مربوط......وابستہ ۱۲......باندھاہوا ......☆دورکن ...... تصحیح عقائد واتیان احکام ۱۲......عقائد کو صحیح کرنا اور احکام شرعیہ پر عمل کرنا......☆منوط......معلق ۱۲......لٹکاہوا، وابستہ، موقوف......☆یک رکن ......تصفیہ وتزکیہ ۱۲......دل کی صفائی اور پاکیزگی......☆شاقہ......گران ۱۲......مشکل......☆شدیدہ......سخت ۱۲......دشوار، سخت☆ ناسپاسی......ناشکری ۱۲......ناشکری......☆ماا حسن الخ......مصرع۱۲......یہ ایک شعر کا مصرع ہے......☆آوان......بالفتح والکسر ہنگام ۱۲......الف پر زبر اور زیر دونوں طرح پڑھا جاتا ہے، معنی وقت اور زمانہ......☆متعسر......دشوار ۱۲......مشکل......☆مطاعم......اشیاء خوردن ۱۲......کھانے والی چیزیں......☆مشارب......چیزہائے آشامیدن ۱۲......پینے والی چیزیں......☆انعام......چہار پایہائے چرندہ ۱۲......اکثر سال چرنے والے چارپائے......☆تحلّی......تزین ۱۲......آراستہ ہونا......☆ازمبحث......این چنین کسے ۱۲......اس قسم کے لوگ......☆حکم......کراو ۱۲......کہ وہ منافق کے حکم میں ہے......☆صورتِ ایمان......وصورت ایمان نہ حقیقت آن ۱۲......ظاہری ایمان جو حقیقت میں ایمان نہ ہو......

بہترواں مکتوب ﴿۷۲﴾

خواجہ جہاں کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ دین کو دنیا کے ساتھ جمع کرنا دشوار ہے پس آخرت کے طالب کو دنیا کا ترک کرنا ضروری ہے اور اگر حقیقی ترک میسر نہ ہو تو ضروری ہے کہ ترکِ حکمی ہی کرے اور اس کے مناسب بیان میں۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَعَافَکُمْ (اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت وعافیت سے رکھے) مصرعہ

مَا اَحْسَنَ الدِّیْنُ وَالدُّنْیَا لَوِاجْتَمَعَا دین ودنیا جمع ہو جائیں تو کیا ہی خوب ہے

دین اور دنیا کا جمع کرنا متضاد چیزوں کو جمع کرنا ہے پس طالبِ آخرت کے لئے دنیا کا ترک کرنا ضروری ہے اور چونکہ اس زمانہ میں اس کا حقیقی ترک میسر نہیں ہوسکتا بلکہ دشوار ہے، ناچار ترکِ حکمی ہی اختیار کر لینا چاہیئے......اور ترکِ حکمی سے مراد یہ ہے کہ دنیاوی امور میں روشن شریعت کے حکم کے مطابق عمل کرنا چاہیئے اور کھانے پینے کی چیزوں اور رہنے سہنے کے مکانات میں شرعی حدود کو مدنظر رکھنا چاہیئے اور ان حدود سے تجاوز نہیں کرنا چاہیئے۔ بڑھنے والے مالوں اور چرنے والے جانوروں میں فرض شدہ زکوٰۃ ادا کرنی چاہیئے، اور جب احکام شرعیہ کے ساتھ آراستگی حاصل ہوگئی تو دنیا کے ضرر وتکلیف سے نجات حاصل ہوگئی اور (دنیا) آخرت کے ساتھ جمع ہوگئی۔ اور اگر کسی کو اس قسم کا ترکِ حکمی بھی میسر نہ ہو تو ایسا شخص بحث سے خارج ہے وہ تو منافق کے حکم میں ہے کیونکہ صرف ظاہری ایمان آخرت میں اس کو کوئی فائدہ نہیں دے گا، اس کو (ایسے ایمان سے) صرف یہ فائدہ حاصل ہوجاتا ہے کہ اس کے جان واموال محفوظ ہوجاتے ہیں۔

ے من آنچہ شرطِ بلاغ است باتو می گویم تو خواہ از سخنم پند گیر وخواہ ملال

ترجمہ: ادا کرتا ہوں حق تبلیغ کا اور تجھ سے کہتا ہوں مری باتوں سے ہو تجھ کو نصیحت یا ملال آئے

دیکھئے ایسا صاحب نصیب کون شخص ہے جو اس قدر دنیاوی شان وشوکت، اس قدر خدام ولشکر اور اتنے لذیذ ومرغن کھانوں اور نفیس وقیمتی لباس کے باوجود حق بات کو قبولیت کے کانوں سے سنے،

Marfat.com

گوشش از بارِ دُرگراں شدہ است نشنود نالہ و فغان مرا

ترجمہ: کان اس کے موتیوں کے بوجھ سے ہیں بس گراں اس لئے وہ سن نہیں سکتے مری آہ وفغاں

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کی متابعت کی توفیق عطا فرمائے۔

باقی مقصود یہ ہے کہ میاں شیخ زکریا جو پہلے کروڑی (تحصیلدار) تھے آج کل قید خانہ میں ہیں، عالم فاضل آدمی ہیں شامتِ اعمال سے ایک مدت ہوگئی قید خانے میں بند ہیں، بڑھاپے کی کمزوری، گذارے کی تنگی اور مدتِ قید کی درازی کے باعث تنگ و عاجز آکر اس فقیر کو لکھا ہے کہ لشکر (چھاؤنی) میں آکر ہمارے چھڑانے کی کوشش کریں راستہ کی مسافت کا زیادہ ہونا (آپ کے پاس) آنے سے مانع ہے چونکہ میرے بھائی خواجہ محمد صادق (صدیق) آپ کی خدمت میں آرہے ہیں ناچار چند کلمات لکھ کر آپ کو تکلیف دے رہا ہوں، امید ہے کہ اس ضعیف بوڑھے کے حق میں توجہ عالی مبذول فرمائیں گے کیونکہ وہ عالم بھی ہے اور بوڑھا بھی۔ والسلام اولاً وآخراً

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۵۴﴾ ۱.. دنیا میں ان کی جانیں اور مال محفوظ ہوجاتے ہیں برخلاف کافروں کے (کیونکہ جہاد میں ان کے جان مال محفوظ نہیں ہوتے) ۱۲

۲.. قولہ طُمطُراق۔ دونوں بے نقطہ طا پر پیش ہے، کروفر اور شان وتجمل۔ صاحب موید نے لکھا ہے کہ طُم کے معنی بلندی ہے اور طراق کے معنی اچھی شہرت اور ناموری۔ طمطراق ان دولفظوں سے مرکب ہے ۱۲غ

۳.. قولہ خَدَم خا اور دال پر زبر ہے، یہ خادم کی جمع ہے، اور حَشَم پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے، یعنی نوکر چاکر اور خدمتگار لوگ۔ جو اپنے آقا کی حمایت میں دوسروں سے ناراض ہوتے اور ان سے جنگ کرتے ہیں ۱۲

۴.. قولہ پُرشق، ہمارے پاس موجودہ نسخوں میں اسی طرح ہے، احتمال ہے کہ یہ لفظ مرکب ہو پُر بمعنی کثیر اور شق بمعنی شگاف یعنی ایسا لباس جس میں بہت سے شگاف ہوں جیسا کہ امیر لوگوں کی عادت ہے، ایسے ہی کہا گیا ہے واللہ اعلم ۱۲

۵.. قولہ فُغان پہلے حرف پر پیش ہے، نالہ وفریاد کے معنی میں، یہ لفظ پہلے حرف کی زیر سے بھی مشہور ہے، مگر عراقیوں کے لہجے میں پہلے حرف کی پیش سنی گئی ہے، اور فُغان نالہ سے بہت بلند ہوتا ہے، بعض نے کہا ہے فُغان دراصل ناقوس (جو ہندولوگ پوجا کے وقت بجاتے ہیں) کے معنی میں ہے، کیونکہ فُغ فا کے پیش سے، اس کے معنی بت ہے اور الف ونون حال کی نسبت کے طور پر آتے ہیں، اس طرح اس کے معنی ناقوسِ مجوز کے ہوجاتے ہیں جو نالہ وفریاد کے معنی میں استعمال ہوا ۱۲غ

۶.. اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شریعت کی متابعت کی توفیق عطا فرمائے ۱۲

.. قولہ بستوہ، ستوہ، سین اور تا پر پیش ہے، اس کے معنی تنگ حال، غم زدہ، عاجز اور تھکا ہوا کے ہیں ۱۲اغث

۷.. مُزخرفات، مُزخرف کی جمع ہے (میم پر پیش اور زا پر زبر ہے) مزخرف کے معنی باطل، دھوکہ دیا ہوا اور آرائش دیا ہوا کے ہیں ۱۲

.. عُنفوان پہلے حرف اور فا پر پیش ہے، ہر چیز کا اول اور جوانی کا آغاز ۱۲غ

۸.. مُمَوَّہ، پہلے حرف پر پیش اور و پر شد اور زبر ہے، بمعنی ملمع کیا ہوا اور آراستہ کیا ہوا ۱۲

۹.. زُلف دراصل پہلے حرف پر پیش اور لام پر زبر، یہ عربی لفظ ہے، زُلفۃ (پہلے حرف پر پیش) کی جمع ہے، بمعنی رات کا ایک حصہ، فارسی لوگ لام کے جزم سے پڑھتے ہیں، چونکہ رات کالی ہوتی ہے اس مناسبت سے مجازاً مشبہ کا اطلاق مشبہ پر کرکے اس کے معنی لیتے ہیں بالوں کی لٹ جو کان کے قریب ہوتی ہے، بعض کہتے ہیں کہ زُلف زُلفین کا مخفف ہے ۱۲

۱۰.. پر پیش اور فا کی زیر، زنجیر کے معنی میں، تشبیہ کی جہت سے کنپٹی کے بالوں پر بولتے ہیں ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆دِماء......خونہا ۱۲......خونوں......☆کروری......عہدہ تحصیل خراج ۱۲......خراج وصول کرنے کا عہدہ ......☆تمادید درازی

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

۱۲...... لمبائی، طوالت......☆حبس...... قید ۱۲...... قیدخانے میں بند☆عسکر......لشکر ۱۲......فوج......☆ابنائے آن......اہل

۱۲...... دنیادارلوگ......☆ نکوہشن ...... ذم ۱۲...... برائی، مذمت ......☆اجتناب ...... پرہیز ۱۲...... بچنا، اجتناب کرنا......☆

تحریض ...... برانگیختہ ۱۲......رغبت دلانا، ابھارنا......☆وما يناسب ذلك ......وآنچہ مناسب است باین ۱۲......جو اس کے

مطابق و مناسب ہے ......☆ جادۃ ...... شاہراہ ۱۲...... بڑی سڑک، سیدھا راستہ ......☆ سِیَتہ ...... روشن واضح فرق

۱۲......☆الابدیہ......دائمیہ ۱۲...... ہمیشہ، مستقل......☆ابتلا......امتحان ۱۲......آزمائشی حالات......☆ابخال......نقطہ سیاہ کہ بر

بدن باشد ۱۲...... تل سیاہ نشان، جو بدن پر ہو......☆خط......خط روئے محبوب ۱۲...... محبوب کے چہرے کی بناوٹ......

☆خد......رخسار ۱۲......رخسار......☆موہومہ......اموروہمیہ ۱۲......وہم میں مبتلا کرنے کے انداز واطوار......☆میزیب......زیبا

۱۲...... خوبصورت ......☆ نمود ...... دیدن ۱۲...... دیکھنا، نظر میں سمانا ......☆بطرارت......تری ۱۲......تری، نمی......☆

تصارت......تازگی ۱۲......تازگی، خوشروئی......

تہتر واں مکتوب ﴿۷۳﴾

قلیج اللہ بن قلیج خاں کی طرف صادر فرمایا......دنیا اور اہلِ دنیا کی مذمت، بے فائدہ علوم حاصل کرنے کی برائی، فضول مباحات سے بچنے اور خاص طور پر عین زمانۂ شباب میں خیرات وصدقات کرنے اور اعمالِ صالحہ بجالانے کی ترغیب اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیہ السلام کی روشن شریعت کے سیدھے راستے پر استقامت نصیب فرمائے......اے فرزند! دنیا آزمائش اور امتحان کی جگہ ہے، اس کے ظاہر کو طرح طرح کی باطل آرائشوں سے ملمع وآراستہ کیا گیا ہے، اس کی صورت کو وہمی خط وخال اور زلف ورخسار سے پیراستہ کیا گیا ہے، دیکھنے میں شیریں اور تروتازہ نظر آتی ہے لیکن حقیقت میں عطر لگا ہوا مُردار اور مکھیوں وکیڑوں سے بھری ہوئی گوڑی (کوڑا ڈالنے کی جگہ) اور پانی کی طرح نظر آنے والا سراب اور زہر کی مانند شکر ہے، اس کا باطن سراسر خراب وابتر ہے......اس قدر گندگی کے باوجود اپنے اہل (دنیا داروں) کے ساتھ اس (دنیا) کا معاملہ اس سے بھی بدتر ہے جو بیان ہو سکے، اس (دنیا) کا فریفتہ ودیوانہ جادو کا مارا ہوا ہے، اس کا گرفتار مجنوں اور فریب خوردہ ہے۔ جو شخص اس کے ظاہر پر فریفتہ ہوا دائمی خسارہ کے داغ سے داغدار ہوا، اور جس نے اس کی شرینی اور تروتازگی پر نظر کی دائمی شرمندگی اس کے نصیب میں آئی۔

سرورِ کائنات حبیب رب العالمین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات نے فرمایا ہے۔ مَا الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةُ اِلَّا ضَرَّتَانِ اِنْ رَضِيَتْ اِحْدٰهُمَا سَخِطَتِ الْاُخْرٰى (دنیا اور آخرت دونوں آپس میں سوکنیں ہیں (یعنی ایک مرد کے نکاح میں دو عورتوں کی مانند ہیں) ان دونوں میں سے اگر ایک راضی ہوگی تو دوسری ناراض) ...... پس جس نے دنیا کو راضی کیا آخرت اس سے ناراض ہوگئی، ناچار وہ آخرت سے بے نصیب ہو گیا۔ اَعَاذَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ مِنْ مَحَبَّتِهَا وَمَحَبَّةِ اَهْلِهَا (حق تعالیٰ ہمیں اور آپ کو دنیا اور اہلِ دنیا کی محبت سے بچائے)۔

اے فرزند! کیا تو جانتا ہے کہ دنیا کیا چیز ہے؟ دنیا وہی ہے جو تجھے حق سبحانہ وتعالیٰ سے دُور کر دے۔ پس بیوی بچے، مال وجاہ

Marfat.com

وریاست، لہوولعب اور لایعنی (بیکار) کاموں میں مشغول ہونا یہ سب دنیا میں داخل ہے (جب کہ یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کر دیں) اور وہ علوم بھی جو آخرت میں کام نہیں آئیں گے وہ بھی سب دنیا میں داخل ہیں ...... اگر علمِ نجوم و منطق و ہندسہ اور حساب وغیرہ بے فائدہ علوم کارآمد ہوتے تو سب فلاسفہ اہلِ نجات میں سے ہوتے ...... آنحضرت ﷺ نے فرمایا: عَلَامَۃُ اِعْرَاضِہٖ تَعَالٰی عَنِ الْعَبْدِ اِشْتِغَالُہٗ بِمَالَا یَعْنِیْہِ (بندہ کا بے فائدہ (فضول کاموں میں مشغول ہونا اللہ تعالیٰ کی اس سے روگردانی (منہ پھیر لینے) کی علامت ہے)۔

؎ ہر چہ جز عشقِ خدائے احسن است — گر شکر خوردن بود جان کندن است

ترجمہ: عشقِ حق کے سوا ہے جو بھی چیز — خواہ میٹھی ہو، جان کا ہے روگ

اور یہ جو بعض (علماء) نے کہا ہے کہ علمِ نجوم کی نماز کے اوقات پہچاننے کے لئے ضرورت پڑتی ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اوقاتِ نماز کا پہنچانا علمِ نجوم کے بغیر حاصل نہیں ہے بلکہ یہ مطلب ہے کہ علمِ نجوم بھی اوقات پہچاننے کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ بہت سے لوگ ہیں جو علمِ نجوم نہیں جانتے لیکن نماز کے اوقات کو نجوم کے جاننے والوں سے بہتر جانتے ہیں...... علمِ منطق و حساب اور اس قسم کے دوسرے علوم جن کا مجمل طور پر حاصل کرنا بعض شرعی علوم میں ضروری ہے ان کے حاصل کرنے کی جو وجہ بیان کرتے ہیں وہ بھی قریب قریب یہی ہے...... غرضکہ بہت سے حیلوں کے بعد ان علوم میں مشغول ہونے کا جواز پیدا ہوتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ ان علوم کے پڑھنے سے احکامِ شرعیہ کی معرفت اور علمِ کلام کی دلیلوں کی تقویت کے سوا اور کوئی غرض مدنظر نہ ہو ورنہ (ان علوم میں مشغول ہونا) ہرگز جائز نہیں ہوگا---- انصاف کرنا چاہیے کہ جس مباح امر کے اختیار کرنے سے واجب امور فوت ہو جائیں وہ اباحت کی حد سے خارج ہو جاتا ہے یا نہیں؟ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان علوم میں مشغول ہونے سے شرح کے ضروری علوم میں مشغول ہونا فوت ہو جاتا ہے۔

اے فرزند! حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کمال درجہ کی مہربانی سے تجھ کو ابتدائے جوانی میں توبہ کی توفیق مرحمت فرمائی ہے اور سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے درویشوں میں سے ایک درویش کے ہاتھ پر انابت و رجوع الی الحق عطا فرمایا تھا، میں نہیں جانتا کہ نفس و شیطان کے ہاتھ سے تجھ کو اُس توبہ پر ثابت و قائم رہنا نصیب ہوا یا نہیں، استقامت مشکل نظر آتی ہے کیونکہ عین جوانی کا زمانہ ہے اور تمام دنیاوی اسباب حاصل ہیں اور اکثر مصاحب و ہمنشین نامناسب و ناموافق ہیں

؎ ہمہ اندر زِ من بتو ایں است — کہ تو طفلی و خانہ رنگین است

ترجمہ: مری تجھ کو نصیحت بس یہی ہے — کہ گھر رنگین ہے تو بچہ ابھی ہے

اے فرزند! کام کرنے کا یہی ہے کہ فضول مباحات سے پرہیز کیا جائے اور بقدرِ ضرورت مباحات پر کفایت کرنی چاہیئے، اور ان میں بھی عبادت کے معمولات ادا کرنے پر جمعیت حاصل ہونے کی نیت ہونی چاہیئے، مثلاً خوراک سے مقصود طاعات و عبادات ادا کرنے کی قوت حاصل ہونا اور پوشاک سے مقصود سترِ عورت اور گرمی و سردی کا دور کرنا ہے، پس تمام ضروری مباحات کو اسی پر قیاس کر لیا جائے۔

اکابرِ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے عزیمت پر عمل کرنا اختیار کیا ہے اور رخصت سے حتی الامکان پرہیز کیا ہے، بقدرِ ضرورت پر اکتفا کرنا بھی ایک درجہ عزیمت ہے اور اگر (عزیمت کی) یہ دولت میسر نہ ہو تو مباحات (جائز امور) کے دائرہ سے باہر قدم نہ نکالنا چاہیئے اور حرام و مشتبہ چیزوں کے نزدیک نہ جانا چاہیئے ...... حق تعالیٰ نے نہایت کرم فرما

Marfat.com

کر مباح امور کے ساتھ نہایت کامل اور پورے طور پر ناز ونعمت حاصل کرنا جائز فرمادیا ہے اوران نعمتوں کا دائرہ بہت وسیع کر دیا ہے، ان نعمتوں اورلذتوں سے قطعِ نظر کونسا عیش اس کے برابر ہے کہ اس شخص کا مولیٰ (حق تعالیٰ) اس کے کام سے راضی ہوجائے اور کونسا ظلم اس کے برابر ہوسکتا ہے کہ اس کا مالک (حق تعالیٰ) اس کے اعمال کی وجہ سے ناراض ہوجائے...... رَضَاءُ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الْجَنَّۃِ خَیْرٌ مِّنَ الْجَنَّۃِ وَسَخَطُ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی النَّارِ شَرٌّ مِّنَ النَّارِ (جنت میں اللہ کی رضامندی جنت سے بہتر ہے اور دوزخ میں اللہ تعالیٰ کی ناراضی دوزخ سے بدتر ہے)۔

یہ انسان اپنے مولیٰ کے حکم کا محکوم (تابع) غلام ہے، اس کو خود مختار نہیں بنایا گیا ہے کہ جو چاہے کرتا رہے، اس کو آزاد نہیں چھوڑ دیا گیا ہے کہ اس سے باز پرس نہ ہوگی...... فکر کرنی چاہیئے اور عقلِ دُور اندیش سے کام لینا چاہیئے ورنہ کل قیامت کے روز ندامت اور خسارہ کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا...... کام کرنے کا وقت جوانی کا زمانہ ہے، جوانمرد وہی ہے جو اس وقت کو ضائع نہ کرے اور فرصت کو غنیمت جانے ممکن ہے کہ (کارکنانِ قضا وقدر) اس کو بڑھاپے تک پہنچنے نہ دیں اور اگر پہنچنے بھی دیں تو (شاید) جمعیت حاصل نہ ہو اور اگر جمعیت حاصل ہوگی تو ضعف وسستی کے وقت کام کرنا مشکل ہوگا...... اس وقت جبکہ جمعیت کے تمام اسباب میسر ہیں اور والدین کا وجود بھی اللہ تعالیٰ کے انعامات میں سے ہے کہ اس کے معاش کا فکر بھی ان کے سر پر ہے اور فرصت کے وقت اور قوت واستطاعت کا زمانہ ہے تو پھر کونسا عذر ہے جس کی بنا پر آج کا کام کل پر ڈالا جائے اور اسباب کو تاخیر میں کھینچا جائے (یعنی آج نہیں کل کرلیں گے ایسا نہیں کرنا چاہیئے)...... آنحضرت ﷺ نے فرمایا ھَلَکَ الْمُسَوِّفُوْنَ (سَوْفَ اَفْعَلُ کہنے والے یعنی آج کل کرنے والے ہلاک ہوگئے)...... ہاں اگر کمینی دنیا کے کاموں کو کل پر ڈالیں اور آج آخرت کے اعمال میں مشغول ہوجائیں تو بہت ہی اچھا ہے جیسا کہ اس کے برعکس کرنا بہت ہی بُرا ہے (یعنی اعمالِ آخرت کو کل پر ڈالنا اور اعمالِ دنیا میں آج مشغول ہونا)...... اس نوجوانی کے وقت میں جب کہ دین کے دشمنوں یعنی نفس وشیطان کا غلبہ ہے تھوڑا عمل بھی اس قدر معتبر ہے کہ ان (دین کے دشمنوں) کا غلبہ نہ ہونے کے وقت اس سے کئی گنا زیادہ عمل بھی اتنا معتبر نہیں ہے۔ سپاہ گری کے قاعدے کے مطابق دشمنوں کے غلبہ کے وقت کام کرنے والے سپاہیوں کی بہت زیادہ قدر ہوتی ہے اس وقت ان کا تھوڑا سا تردد بھی اس قدر معتبر اور نمایاں ہوتا ہے کہ دشمنوں کی شرارت سے امن کے وقت میں اس کا اس قدر اعتبار نہیں ہوتا۔

اے فرزند! انسان جو کہ خلاصۂ موجودات ہے اس کے پیدا کرنے کا مقصد صرف کھیل کود اور کھانا سونا نہیں ہے بلکہ اس سے مقصود بندگی کے معمولات کا ادا کرنا اور ذلت وانکساری وعاجزی واحتیاج اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی جناب میں ہمیشہ التجاو گریہ وزاری کرنا ہے۔ وہ عبادت جس کو حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کی شریعت نے بیان فرمایا ہے اور جس کے ادا کرنے سے مقصود بندوں کے فائدے اور مصلحتیں ہیں اور حق تعالیٰ جل شانہٗ کی مقدس بارگاہ کو اس سے کچھ نفع نہیں پہنچتا، ان سب کو احسان مانتے ہوئے دل وجان سے ادا کرنی چاہیئے اور نہایت فرمانبرداری تسلیم کے ساتھ اوامر کے بجالانے اور نواہی سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ حق تعالیٰ نے غنیٔ مطلق ہونے کے باوجود اپنے بندوں کو اوامر ونواہی سے سرفراز فرمایا ہے۔ ہم محتاجوں کو اس نعمت کا شکر پوری طرح ادا کرنا چاہیئے اور نہایت احسانمندی کے ساتھ احکام کی بجا آوری میں کوشش کرنی چاہیئے۔

وہ فرزند (یعنی آپ) جانتا ہے کہ دنیاداروں میں سے کوئی شخص جو ظاہری جاہ وشوکت رکھتا ہوا گر اپنے ماتحت متعلقین میں سے کسی کو کوئی خدمت سپرد کرے جب کہ اس خدمت میں حکم دینے والے کا بھی نفع ہو تو یہ ماتحت شخص اس حکم کو

Marfat.com

کس قدر عزیز رکھتا ہے اور جانتا ہے کہ ایک عظیم القدر شخصیت نے اس کو اس خدمت پر مامور فرمایا ہے لہٰذا اس کو نہایت احسان مندی کے ساتھ وہ خدمت بجالانی چاہیئے، تو پھر کیا مصیبت ہے کہ اس کو حق تعالیٰ جل سلطانہ کی عظمت اس شخص کی عظمت سے بھی بہت کم نظر آتی ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے احکام بجالانے میں کوشش نہیں کرتا۔ شرم آنی چاہیئے اور اپنے آپ کو خوابِ خرگوش سے بیدار کرنا چاہیئے .... حق تعالیٰ جل شانہٗ کے حکموں کو بجانہ لانا ان دو باتوں سے خالی نہیں ہے یا تو وہ شرعی خبروں کو جھوٹ جانتا ہے اور ان پر یقین نہیں کرتا، یا اللہ تعالیٰ کے امر کی عظمت وشان اس کی نظر میں اہلِ دنیا کی عظمت و شان کی نسبت بہت حقیر ہے۔ اس امر کی برائی کو اچھی طرح ملاحظہ کر لینا چاہیئے۔

اے فرزند! جس شخص کا جھوٹ بارہا تجربہ میں آچکا ہو اگر وہ یہ کہے کہ دشمن پوری قوت کے ساتھ فلاں قوم پر شب خون ماریں گے (رات کے وقت اچانک قتال کریں گے) تو اس قوم کے عقلمند لوگ اپنی حفاظت کے درپے ہو جائیں گے اور اس مصیبت کے دُور کرنے کی فکر کریں گے حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ وہ خبر دینے والا شخص جھوٹ کے ساتھ بدنام ہے لیکن کہتے ہیں کہ خطرہ کے گمان کے وقت عقلمندوں کے نزدیک احتراز لازم ہے۔

مخبر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نہایت مبالغہ کے ساتھ آخرت کے عذاب سے آگاہ فرمادیا ہے، لیکن لوگ اس کا کچھ اثر قبول نہیں کرتے (کیونکہ) اگر اس کا اثر قبول کریں تو اس کے دفع کرنے کی فکر بھی کریں، حالانکہ اس کے دفع کرنے کی تدبیر بھی لوگوں نے مخبر صادق ﷺ سے معلوم کر لی ہے۔ پس یہ کیسا ایمان ہے کہ مخبر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خبر اُس جھوٹے کی خبر کے برابر بھی اعتبار نہیں رکھتی ......صرف ظاہری اسلام نجات نہیں بخشتا، یقین (کامل کا درجہ جو کہ باطنِ اسلام ہے) حاصل کرنا چاہیئے، یقین تو کہاں ظن بھی حاصل نہیں ہے بلکہ وہم کا درجہ بھی نہیں ہے، کیونکہ عقلمند لوگ خطرات و ہلاکت کے وقت وہم کا بھی اعتبار کر لیتے ہیں، اور ایسا ہی حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنی کلام مجید میں فرماتا ہے: وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (سورۂ الحجرات ۴۹ آیت ۱۸) (یعنی جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ (ان سب اعمال کو) دیکھ رہا ہے)۔ اس کے باوجود لوگوں سے بُرے اعمال سرزرد ہوتے رہتے ہیں۔ اگر اُن کو معلوم ہو جائے کہ ایک ادنیٰ درجے کا شخص ان کے اعمال سے خبردار ہے تو کوئی بُرا فعل ہرگز اس کی نظر کے سامنے نہ کریں گے۔ ......پس ایسے لوگوں کا معاملہ دو۲ حالتوں سے خالی نہیں ہے یا تو وہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی خبر کا یقین نہیں رکھتے یا حق تعالیٰ کے مطلع ہونے کا اعتبار نہیں کرتے۔ پس (آپ ہی بتائیے کہ) اس قسم کا کردار ایمان سے ہے یا کفر سے تعلق رکھتا ہے ......پس اس فرزند (آپ) پر لازم ہے کہ نئے سرے سے ایمان کی تجدید کرے آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: جَدِّدُوْا اِيْمَانَكُمْ بِقَوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (کلمہ لا الٰہ الا اللہ کہہ کر اپنے ایمان کو تازہ کر لیا کرو)۔ اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ناپسندیدہ امور سے ازسرِ نو خالص توبہ کرے۔ جن کاموں سے منع فرمایا ہے اور جن کو حرام قرار دیا ہے ان سے بچتا رہے۔ پانچوں وقت کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرے۔ اگر قیامِ لیل اور تہجد کی نماز بھی میسر ہو جائے تو عین سعادت ہے۔ ....اور مال کی زکوٰۃ ادا کرنا بھی ارکانِ اسلام میں سے ہے اس کو بھی ضرور ادا کرے۔ اسکی ادائیگی کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے مال سے جس قدر فقرا کا حق (زکوٰۃ) ہے ہر سال کے حساب سے علیحدہ کر دے اور زکوٰۃ کی نیت سے محفوظ رکھتے ہوئے تمام سال میں زکوٰۃ کے مصارف میں خرچ کرتا رہے۔ اس طریقے سے ہر مرتبہ دیتے وقت زکوٰۃ ادا کرنے کی نئی نیت کرنا ضروری

Marfat.com

نہیں ہے۔صرف زکوٰۃ کا حصہ علیحدہ کرتے وقت ایک دفعہ نیت ہی کافی ہے........معلوم ہے (یعنی آپ کو اندازہ ہوگا)۔ پورے سال میں فقراو مستحقین پر کسقدر خرچ کرتے ہیں لیکن چونکہ وہ زکوٰۃ کی نیت سے نہیں ہے اس لئے وہ زکوٰۃ کے حساب میں شمار نہیں ہوگا اور مذکورہ بالا صورت میں زکوٰۃ بھی ادا ہو جاتی ہے اور بے اندازہ خرچ سے بھی چھٹکارا مل جاتا ہے اور اگر بالفرض سال میں اس قدر (بقدرِ حصہ زکوٰۃ) فقراء پر خرچ نہ ہوسکے اور کچھ باقی بچ جائے تو اس کو اسی طرح اپنے مال سے علیحدہ محفوظ رکھیں (اور آئندہ سال خرچ کریں) ہر سال اسی طرح عمل کرتے رہیں، جب فقراء کا مال جدا ہو جاتا ہے تو اگر آج اس کے ادا کرنے کی توفیق نصیب نہ ہوئی تو شاید کل توفیق ہو جائے۔

اے فرزند! چونکہ نفس بالذّات (فطرۃً) بہت بخیل ہے اور اللہ تعالیٰ کے احکام بجالانے میں سرکش واقع ہوا ہے اس لئے ناچار مبالغہ سے بات کہی جاتی ہے ورنہ فی الحقیقت اموال واملاک سب اللہ تعالیٰ کی ہیں، انسان کی کیا مجال ہے کہ اس (کی ادائیگی) میں دیر کرے، لہٰذا نہایت احسان مانتے ہوئے تمام زکوٰۃ ادا کردینی چاہیئے ....اور اسی طرح باقی تمام عبادات میں اپنے آپ کو کسی وجہ سے بھی معاف نہ رکھے اور بندوں کے حقوق ادا کرنے میں پوری طرح کوشش کرنی چاہیئے اور کوشش کرنی چاہیئے کہ کسی کا حق اپنے ذمہ نہ رہ جائے، اس جگہ (دنیا میں) اس حق کا ادا کرنا آسان ہے نرمی اور خوشامد سے بھی دوسرے کا حق رفع ہوسکتا ہے، آخرت میں مشکل ہے اس کا کوئی حل نہ ہوگا......شرعی احکام علمائے آخرت سے دریافت کرنے چاہئیں، ان کی بات میں بڑی تاثیر ہے شاید ان کے انفاس کی برکت سے اس پر عمل کی توفیق بھی حاصل ہو جائے، اور علمائے دنیا سے جنہوں نے علم کو مال وجاہ کے حصول کا ذریعہ بنایا ہے دُور رہنا چاہیئے لیکن اگر متقی پرہیز گار عالم نہ ملے تو مجبوراً بقدرِ ضرورت ان کی طرف رجوع کیا جائے، وہاں میں میاں حاجی محمد اُترہ علمائے دیندار میں سے ہیں اور میاں شیخ علی اُترہ خود تمہارے واقف ہیں، غرضیکہ یہ دونوں بزرگ اس علاقہ میں غنیمت ہیں، شرعی مسائل کی تحقیق وتفتیش میں ان کی طرف رجوع کرنا زیادہ مناسب ہے۔

اے فرزند! ہم فقراء کو دنیاداروں کے ساتھ کیا مناسبت کہ ہم ان کے نیک وبد کی نسبت گفتگو کریں، شرعی نصیحتیں اس بارے میں نہایت کامل اور پورے طور پر وارد ہوئی ہیں۔ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ (سورۃ انعام ۶ آیت ۱۴۹) (پس کامل دلیل اللہ ہی کی ہے)۔لیکن چونکہ اس فرزند نے توبہ وانابت (رجوع) کیلئے فقراء کی طرف رجوع کیا تھا اسی مناسبت کے باعث اکثر اوقات دل کی توجہ اس فرزند کے حال پر مبذول رہتی ہے اور وہی توجہ اس گفتگو کا باعث ہوئی ہے ....میں جانتا ہوں کہ اکثر نصیحتیں اور یہ مسائل اس فرزند کے کانوں تک (پہلے سے) پہنچے ہوئے ہوں گے لیکن مقصود عمل ہے کہ نہ صرف علم ....جو بیمار اپنی بیماری کی دوائی کا علم رکھتا ہے جب تک وہ اس دوا کو نہ کھائے گا صحت حاصل نہیں ہوگی، دوا کا صرف علم ہونا فائدہ نہیں کرے گا۔ یہ سب اصرار ومبالغہ عمل کیلئے ہے علم خود حجت کو درست کر دیتا ہے (یعنی قیامت کے دن اس پر حجت قائم کرے گا کہ علم کے باوجود عمل کیوں نہیں کیا تھا........آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ الْقِيَامَةِ عَالِمٌ لَّمْ يَنْفَعْهُ اللّٰهُ بِعِلْمِهٖ (یعنی قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب اس عالم کو ہوگا جس کو اس کے علم سے کچھ نفع حاصل نہ ہوا ہو)۔

وہ فرزند جان لے کہ سابقہ توبہ وانابت نے جمعیتِ قلبی والے (اہل اللہ) کی صحبت کی کمی کے باعث اگرچہ کچھ فائدہ نہیں پہنچایا لیکن اس فرزند کے جوہر استعداد کے نفیس ہونے کی خبر ضرور دیتی ہے، امید ہے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس توبہ وانابت

Marfat.com

کی برکت سے آخرکار اپنے پسندیدہ کاموں کی توفیق نصیب فرمائے گا اور اہلِ نجات میں سے بنائے گا........بہرحال آپ اس گروہ (اہل اللہ) کی محبت کا رشتہ ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور ان لوگوں کے ساتھ التجا و عاجزی اپنا شعار بنائیں اور منتظر رہیں کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ان لوگوں کی محبت کے وسیلہ سے اپنی محبت سے مشرف فرمائے اور پوری طرح اپنی طرف کھینچ لے اور ان جنجالوں (غیر شرعی و دنیاوی تعلقات) سے بالکل آزاد کردے۔ مثنوی

عشق آں شعلہ است کو چوں برفروخت ۔۔۔ ہرچہ جز معشوق باقی جملہ سوخت
تیغِ لا در قتلِ غیر حق براند ۔۔۔ درنگر زاں پس کہ بعد لا چہ ماند
ماند الا اللہ باقی جملہ رفت ۔۔۔ شاد باش اے عشقِ شرکت سوز زفت

ترجمہ: جبکہ روشن عشق کا شعلہ ہوا ۔۔۔ ماسوا معشوق کے سب جل گیا
غیر حق کو تیغِ لا سے قتل کر ۔۔۔ بعد ازاں کر اس کے باقی پر نظر
رہ گیا اللہ باقی سب فنا ۔۔۔ عشق شرکت سوز تجھ کو مرحبا

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۵۵﴾ ۱.. مَزْبَلہ، میم پر زبر اور ایک نقطے والی با اور لام دونوں پر زبر ہے، گوبر ڈالنے کی جگہ، نجاست ڈالنے کی جگہ، یہ اسم ظرف ہے زبل (زا کی زیر ت) سے، پاخانہ کے معنی میں ہے ۱۲ غث

۲.. یعنی دنیا اور آخرت دونوں آپس میں سوکنیں ہیں (یعنی ایک مرد کے نکاح میں دو عورتوں کی مانند ہیں) ان دونوں میں سے ایک راضی ہوگی تو دوسری ناراض۔ مُعَرِّب (علامہ محمد مراد) نے کہا ہے امام احمد، امام حاکم، امام طبرانی اور امام ابن حبان نے ان الفاظ سے روایت کیا ہے: مَنْ اَحَبَّ دُنْیَاہُ اَضَر بِاٰخِرَتِہٖ، وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَہٗ اَضَر بِدُنْیَاہُ، فَاٰثِرُوْا مَا یَبْقٰی عَلٰی مَا یَفْنٰی۔ یعنی جس نے اپنی دنیا کو دوست رکھا اس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا، اور جس نے اپنی آخرت کو دوست رکھا اس نے اپنی دنیا کو نقصان پہنچایا پس باقی کو فانی پر اختیار کرو ۱۲

۳.. مولانا رومی رحمہ اللہ نے اس مضمون کو اس شعر میں ادا فرمایا ہے ؎ چیست دنیا از خدا غافل بدن ۔۔۔ نَے قماش و نقرہ و فرزند و زن
ترجمہ: دنیا کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ سے غافل ہوجانا، (ورنہ) گھر کا سامان، مال و دولت، اور بیوی بچوں کا نام دنیا نہیں ہے۔ (جو خدا تعالیٰ سے غفلت کا سبب نہ ہوں)

۴.. سرورِ عالمیان آں حضرت علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا: بندہ کا بے فائدہ (فضول) کاموں میں مشغول ہونا، اللہ تعالیٰ کی ا ر سے روگردانی (منہ پھیر لینے) کی علامت ہے معرب (علامہ محمد مراد) نے فرمایا: ابن حجر نے اَرْبَعِیْن کی شرح میں کہا: مِنْ عَلَامَاتِ اِعْرَاضِ اللّٰہِ تَعَالٰی عَنِ الْعَبْدِ اَنْ یَّجْعَلَ شُغْلَہٗ فِیْمَا لَا یَعْنِیْہِ (بندہ سے اللہ تعالیٰ کی روگردانی کی علامات میں سے ہے کہ بندہ بے مقصد کاموں میں مشغول ہوجائے) یہ حسن کا قول ہے۔
ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُہٗ مَا لَا یَعْنِیْہِ (آدمی کے اچھا مسلمان ہونے کی نشانی یہ ہے کہ فضول کام چھوڑ دے) اس کو ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے، نووی نے اس کو حسن کہا ہے اور ابن عبدالبر نے اس کو صحیح کہا ہے تخریج کرنے والے علامہ محمد مراد نے کہا ہے کہ علی متقی نے جوامع الکلمہ میں مرفوعاً حضرت شیخ مجدد علیہ الرضوان کے الفاظ کے مطابق ذکر کیا ہے۔ ۱۲

۵.. ھندسہ: یہ ایک علم ہے جس سے شکلوں اور مقداروں کی معرفت حاصل ہوتی ہے ۱۲ — لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن......بین السطور......معانی

جیفہ......مردار بوگرفتہ ۱۲......بُو چھوڑا ہوا مردار ☆ ذباب......مگس.. مکھی ☆ دودہ......کرم ۱۲......کیڑا ☆ سَرَابے......ریگ صحرا کہ از دور چون آب نماید ۱۲......صحرا کی ریت جو پانی کی طرح نظر آتی ہے......☆ با ابنائے......با اہل ۱۲......اپنے چاہنے والوں کے ساتھ

Marfat.com

دنیاداروں کے ساتھ ☆ معاملہ اُو....مبتدا ۱۲ ....بد ترخبر ....☆ مسحور.... جادو کردہ شدہ ۱۲ ....جس پر جادو کیا گیا ہو.....☆ مجنون .....دیوانہ ۱۲ دیوانہ، پاگل.....☆ مخدوع....فریب دادہ شدہ ۱۲ ....فریب خوردہ، دھوکہ کھایا ہوا.....☆ خسارت.... نقصان ۱۲ ....کمی واقع ہونا، خسارہ اٹھانا.....☆ ابدی....دائمی ۱۲....ہمیشہ کیلئے....☆ متّسم....داغدار ۱۲ ....داغ لگا ہوا.....☆ ندامت....شرمندگی ۱۲ ....شرمسار ہونا، شرمندگی اٹھانا.....☆ اَعَاذَنَا..اَهْلِهَا.....پناہ دہد خدائے پاک مارا و شمارا از محبت آن و محبت اہل آن ۱۲ ....حق تعالیٰ ہمیں اور آپ کو دنیا اور اہل دنیا کی محبت سے بچائے.....☆ داخل دنیا است.....چون از خدا باز دارند ۱۲ ....جبکہ یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کردیں.....☆ لاطائل.....بے فائدہ ۱۲ .....بے مقصد.....☆ بہ.....بہتر ۱۲ ....بہت اچھا.....☆ تحملات.....حیلہ ع ۱۲ .....بہانے، حیلے.....☆ وَاِلَّا لَا يَجُوزُ اصلاً.....ورنہ جائز نہ بود ہرگز ۱۲ ....ورنہ ہرگز جائز نہ ہوگا.....☆ ارتکاب.....اعتبار نمودن ۱۲ .....اختیار کرنا، اپنانا.....☆ برآید یا نہ.....یعنی می برآید ۱۲ .....خارج ہو جاتا ہے.....

﴿ص ۵۶﴾ ا رضا، راپیز بر ض مد کے ساتھ، خوشنودی، یعنی جنت میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی جنت سے بہتر ہے اور دوزخ میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی دوزخ سے بدتر ہے ۱۲

۲.. قولہ اور اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ قیامت میں واقع ہے اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى (کیاانسان گمان کرتا کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا) قولہ سُخط، سُخُط، سَخَط تین طرح پڑھا جاتا ہے، معنی ناراض ہونا، ناخوش ہونا ۱۲

☆ مُفوّت.....بکسر واؤ اسم فاعل از تفویت ۱۲ .....واؤ کے نیچے زیر سے تفویت سے اسم فاعل ہے.....☆ مُفوّت.....فوت کنندہ ۱۲ .....فوت ہونے والا، ضائع کرنے والا.....☆ انابت.....رجوع ۱۲ .....متوجہ ہونا.....☆ عُنفوان.....آغاز ۱۲ ....ابتداء جوانی کا آغاز.....☆ قُرنا.....جمع قرین بمعنی مصاحب و ہمنشین ۱۲ .....ہمراہی، قریبی ہم نشین.....☆ اندرز.....بفتح اول و سوم نصیحت و پند و وصیت ۱۲ .....الف اور دال پر زبر ہے اندرز.....☆ اجتناب.....احتراز ۱۲ .....پرہیز کرنا، بچنا.....☆ اکتفا.....کفایت ۱۲ .....کافی ہونا، بچاؤ کرنا.....☆ حر.....گرمی ۱۲ .....گرمی۔ حدت.....☆ برد.....سردی ۱۲ .....ٹھنڈک۔ سردی.....☆ وَعَلٰى هٰذَا القياس.....برین قیاس اند باقی امور مباحہ ضروری ۱۲ .....تمام مباحات ضروری کو اسی پر قیاس کیا جائے.....☆ مہما امکن.....بقدر وسعت ۱۲ .....گنجائش اور وسعت کے مطابق حتی الامکان.....☆ اجتناب.....پرہیز ۱۲ .....احتیاط کرنا، پرہیز کرنا.....☆ مباحات.....امور جائزہ در شرع ۱۲ .....شریعت میں جائز امور.....☆ تنعّما.....بناز و نعمت پروردہ شدن ۱۲ .....ناز و نعمت میں پرورش پانا.....☆ پروسیع.....بے فراخ ۱۲ .....بہت وسیع.....☆ کردار.....عمل ۱۲ .....فعل۔ کام۔ عمل.....☆ راضی.....خوش ۱۲ .....شاد۔ پرمسرت.....☆ جفا.....ظلم ۱۲ ..... زیادتی.....☆ فردا..... روز قیامت ۱۲ ..... قیامت کا دن.....☆ ندامت..... شرمندگی ۱۲ ....شرم ساری.....☆ خسارت.....نقصان ۱۲ .....گھاٹا۔ کمی واقع ہونا.....☆ جمعیت.....دل جمعی ۱۲ .....اطمینان۔ سکون.....

﴿ص ۵۷﴾ ا قولہ هَلَكَ الْمُسَوِّفُونَ یعنی یہ کہنے والے ہلاک ہوگئے کہ میں پھر یہ کام کرلوں گا (نیکی پھر کروں گا) کہتے ہیں کہ ان الفاظ کے ساتھ حدیث نہیں ملی۔ البتہ دیلمی نے مسند الفردوس میں عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے اَلتَّسْوِيفُ شِعَارُ الشَّيْطَانِ يُلْقِيهِ فِي قَلْبِ الْمُؤْمِنِ (نیکی کے کام میں ٹال مٹول کرنا شیطان کی چال ہے۔ جو مومن کے دل میں القا کرتا ہے) اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ان الفاظ کے ساتھ روایت ہے: اِيَّاكَ وَالتَّسْوِيفَ بِالتَّوبَةِ (توبہ کرنے میں آج کل کرنے سے بچو) امام بخاری نے اپنی تاریخ میں عکرمہ سے مرسلاً روایت کی ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت ہے لَعَنَ اللّٰهُ الْمُسَوِّفَاتِ (توبہ و نیکی میں ٹال مٹول کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے) معرب علامہ محمد مرادمکی

۲.. قولہ عکس الخ یعنی آخرت کے اہم کاموں کو کل پر ڈالنا اور دنیا کمینی کے اعمال میں آج مشغول ہونا ۱۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

۳۔ قولہ تورہ، واؤ مجہول اور را بغیر نقطہ، ترکی زبان میں رسم وقاعدہ پر بولا جاتا ہے، مجازی طور پران قوانین کو کہتے ہیں جو چنگیز خان نے خود وضع کیے تھے، اب سخت قسم کے شاہی حکم پر مستعمل ہے، اس جگہ پہلے معنی مراد ہیں۔ ١٢

۴۔ قولہ خوردن الخ ؎ خواب وخور جز پیشۂ انعام نیست خفتگان را بہرہ از انعام نیست لمصححہ سلمہ اللہ تعالی

ترجمہ: صرف کھانا اور سونا جانوروں کے سوا کسی کا طریقہ نہیں، اور سوئے ہوؤں (غافلوں) کے لئے کوئی انعام نہیں ہوتا ١٢

☆والدین...... پدر و مادر١٢...... ماں اور باپ ١٢...... ☆بتسویف ...... بتاخیر ١٢...... دیر کرنا۔ ضروری کام کو آئندہ پر ڈالنا ...... ☆مہمات ...... کارہائی ضروری ١٢...... بڑے بڑے اہم کام۔ ضروری کام ☆دنی ...... کمینہ ١٢...... کمینہ، گھٹیا۔ ذلیل ...... ☆مستحسن ...... نیکو ١٢...... اچھا۔ پسندیدہ۔ قابل قدر ☆مستقبح ...... قبیح وبد ١٢...... قابل نفرت۔ ناپسندیدہ۔ برا کام ...... ☆عنفوان ...... آغاز ١٢...... ابتدا ...... ☆استیلاء ...... غلبہ ١٢...... غلبہ پانا ...... ☆از ...... بیان ١٢...... دشمنان دین کا بیان یہ ہے ...... ☆مضاعف ...... چندر چند ١٢...... کئی گنا ...... ☆تورہ ...... قاعدہ ١٢...... دستور سپاہ۔ فوجی قاعدہ ...... استیلاء ...... غلبہ ١٢...... غلبہ ...... ☆اعدا ...... دشمنان ١٢...... جمع عدو معنی دشمن۔ بہت دشمن ...... ☆تردد ہم ...... آمدورفت نمودن در سرکار ١٢...... سرکاری کاموں میں تھوڑی دوڑ دھوپ کی بھی بہت قدر ہوتی ہے ...... ☆شر الاعدا ...... بدی دشمنان ١٢...... دشمنوں کی شرارت ☆لہو ولعب ...... ہر دو معنی بازی ١٢...... دونوں لفظوں کے معانی کھیل کود لہو ولعب ہیں ...... ☆عبادتے الخ ...... مبتداء ١٢...... مبتدا سابق کی خبر ہے ...... ☆ناطق ...... گویا ١٢...... بیان کرنے والا ...... ☆عباد ...... بندگان ١٢...... جمع عبد معنی بندہ ...... ☆عائد ...... راجع ١٢...... لوٹنے والا، واپس آنے والا ...... ☆بجان ...... خبر ١٢...... خبر ...... ☆انقیاد ...... بکمال تذلل وتسلیم ١٢...... حد درجہ عاجزی۔ انکساری وتسلیم ورضا ...... ☆امتثال ...... فرمان برداری ١٢...... تمام فرائض واوامر کی فرمانبرداری اور تمام ممنوعات سے باز رہنے کی کوشش کرنا ☆اوامر ...... مامورات ١٢...... احکام ...... ☆انتہا ...... باز ماندن ١٢ ...... مناہی ☆ازمناہی ...... ممنوعات ١٢ ...... جن کاموں سے منع کیا گیا ...... ☆غنا ...... بے نیازی ١٢ ...... بے نیازی ☆مطلق ...... من کل الوجوہ کامل ١٢ ...... ہر لحاظ سے کامل ...... ☆عبادرا ...... بندگان را ١٢ ...... تمام بندوں کو ...... ☆امتثال ...... فرمانبرداری ١٢ ...... تمام احکام بجالانے میں ...... ☆ابنائے ...... اہل ١٢ ...... اہل دنیا ...... ☆بشوکت ...... ہیبت ١٢ ...... رعب۔ دبدبہ سے ...... ☆صوری ...... ظاہری ١٢ ...... ظاہری طور پر ...... ☆بآمر ...... حکم کنندہ ١٢ ...... حکم کرنے والا ......

(صہ ۵٨) ١۔ شب خون، رات کے وقت چھپ کر دشمن پر حملہ کرنا، اور رات کے وقت دشمن کی فوج کو قتل کرنا ١٢

۲۔ درمحل توہم الخ یعنی اس کے باوجود اپنی حفاظت کے لئے تیاری کرنا اور مستعد ہونا اور اس بلا کے وفاع کے اسباب کی فکر کرنا، ایک مشکوک خبر کی بنا پر ہے ١٢

۳۔ خطر، پہلے اور دوسرے حرف پر زبر ہے یعنی قدر، جاہ وعظمت اور بزرگی اور آفت، دشواری اور خوف ضرر کے معنی میں بھی آتا ہے ١٢

۴۔ قولہ بکتد، جب اس کا مقابلہ یا دفاع کرنے کی فکر نہیں کرتے تو معلوم ہوا کہ ذرہ بھر بھی متاثر نہیں ہوئے ١٢

۵۔ وَاللّٰہُ بَصِیرٌ الخ یعنی اللہ تعالی تمہارے اعمال کو خوب دیکھ رہا ہے، یہ آیت سورۃ حجرات کے آخر میں واقع ہے پارہ حم (٢٦) ١٢

۶۔ آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا اپنے ایمان کو کلمہ طیبہ یعنی لا الہ الا اللہ کہہ کر تازہ کرلیا کرو اس کو امام احمد اور طبرانی نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے جَدِّدُوا اِیمانَکُم اِقِیلَ یَارَسُولَ اللّٰہ ! وَکَیفَ نُجَدِّدُ اِیمانَنَا قَالَ اَکثِرُ وامِن قَولِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یعنی اپنے ایمان کو تازہ کیا کرو کہا گیا یا رسول اللہ کیسے تازہ کیا کریں ہم اپنے ایمان کو آپ نے فرمایا: کثرت سے لا الہ الا اللہ کہنے سے ١٢

۷۔ قولہ توبہ نصوح الخ اس میں اس آیت کے مضمون کی طرف اشارہ ہے جو پارہ قد سمع اللہ ٢٨، سورہ تحریم آیت ٨ میں واقع ہے یَاَیُّھَا

Marfat.com

الّذِینَ اٰمنُو تُوبُوااِلَی اللّٰہِ تَوبَۃً نَّصُوحا یعنی اے ایمان والو! اللہ کی طرف توبہ کرو خالص توبہ لفظ نُصوح نون پر زبر ہے اور حا بغیر نقطہ ہے، مراد یہ ہے کہ صاف وخالص اور صحیح توبہ کرے پھر ہرگز گناہ نہ کرے نیز نصوح ایک آدمی کا نام ہے جو حمام میں بدن ملنے کا کام کرتا تھا، اس کی توبہ کا قصہ مولانا روم کی مثنوی میں مذکور ہے ۱۲

۸.. قولہ از امور یکہ الخ و قولہ پنج وقت الخ دونوں حرف عطف کے حذف کرنے سے معطوف ہیں، حضرت مجدد قدس سرہ کے قول ''از سر واز نامرضیات'' پر ۱۲

☆ **چہ بلا شد**...... کدام آفت لاحق گردید یعنی عجب است ۱۲...... کونسی مصیبت واقع ہوئی ہے یعنی بہت تعجب ہے...... ☆ **عدم امتثال اوامر الٰہی**...... نافرمان برداری احکام خداوندی ۱۲...... خداوند تعالیٰ کے احکام پر عمل نہ کرنا ☆ **باور**...... یقین ۱۲...... کامل یقین۔ بے شبہ ☆ **شناعت**...... زشتے ۱۲...... بری بات۔ بدی، خرابی ☆ **کذب**...... دروغ ۱۲...... جھوٹ ☆ **اعداء**...... دشمنان ۱۲...... کثیر دشمن ☆ **باستیلا**...... غلبہ ۱۲...... غلبہ ☆ **بکذب متہم**...... بدروغ تہمت دادہ شدہ ۱۲...... جو شخص جھوٹ کے ساتھ بدنام ہو ☆ **خطر**...... ہلاک ۱۲...... ہلاکت، تباہی...... ☆ **مخبر صادق**...... نبی ۱۲...... مراد برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ☆ **متاثر**...... اثر قبول کنندہ ۱۲...... اثر قبول کرنے والا...... ☆ **اگر**...... چہ ۱۲...... کیونکہ ☆ **صورت اسلام**...... دفع دخل مقدر ۱۲، پوشیدہ اعتراض کا جواب ہے...... ☆ **یقین می باید**...... کامل کہ باطن اسلام است ۱۲...... کامل یقین ہونا اسلام کا باطن ہے...... ☆ **کہ**...... بلکہ ۱۲...... بلکہ...... ☆ **ظن**...... جانب راجح وغالب ۱۲...... دو رائے میں غالب وراجح رائے کو ظن کہتے ہیں...... ☆ **وہم ہم نیست**...... جانب مرجوع ومغلوب ۱۲...... دو راؤں میں مغلوب ومرجوح کو وہم کہتے ہیں ☆ **شنیع**...... زشت ۱۲...... برائی۔ برا...... ☆ **باور**...... یقین ۱۲...... یقین...... ☆ **نماز تہجد**...... تفسیر ۱۲...... نماز تہجد قیام لیل کی تفسیر ہے......

ص۵۹، ا.. قولہ ارکان السلام الخ قَالَ عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ والسَّلامُ بُنِی الاسلامُ عَلٰی خمسٍ شَھادۃ اَن لَّا اِلٰہَ اِلا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحمَّدً عبدُہٗ وَرَسُولُہٗ وَاِقامِ الصَّلٰوۃ وَاِیتاءِ الزَّکوۃ وَالحَجُّ وَصَومِ رَمَضَانَ یعنی اسلام پانچ ارکان پر قائم ہے (۱) گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں (۲) نماز صحیح طور پر ادا کرنا (۳) زکوۃ دینا (۴) حج کرنا (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔ یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے مسلم اور بخاری میں ۱۲ مشکوۃ

۲.. قولہ توبہ نیت زکوۃ، جاننا چاہیے کہ زکوۃ کے صحیح ادا ہونے کی شرط نیت ہے، جو زکوۃ ادا کرنے کے وقت موجود ہو یا جتنی زکوۃ فرض ہے اتنی رقم اصلی مال سے جدا کرنے کے وقت زکوۃ کی نیت ہو، اگر تمام مال صدقہ کردے تو اس کے ذمے سے زکوۃ ساقط ہوجائے گی ۱۲

قولہ نمیشود، کیونکہ زکوۃ کی ادائیگی کی صحت کی شرطوں میں ایک شرط نیت ہے، جیسا کہ فقہ کی کتابوں میں تحریر ہے ۱۲

۳.. قولہ بصرفہ، صرفہ صاد پر زبر ہے اور تیسرا حرف فا ہے، فائدہ اور نفع کے معنی ہیں، حیلہ ومکر کے معنی بھی ہیں اور بمعنی زیادتی وفرصت، اور بخل اور خرچ میں تنگی کے معنی بھی ہوتے ہیں ۱۲ ے قولہ امتثال......

۴.. قولہ مشکل، کیونکہ اعمال کے صحیفے تین قسم کے ہیں، ایک قسم وہ ہے جو حق تعالیٰ معاف نہیں فرمائے گا، وہ حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا ہے۔ فرمان ربانی ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغفِرُ اَن یُشرَكَ بِہٖ بے شک (اللہ تعالیٰ شرک معاف نہیں فرمائے گا)۔ اور دوسری قسم وہ ہے جس کو حق تعالیٰ نہ چھوڑے کا جب تک بدلہ اور قصاص نہ لے بعض کا بعض سے، اور وہ بندوں کا بندوں پر ظلم کرنا ہے ایک کا دوسرے پر۔ تیسری قسم اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے کہ عذاب کرے یا معاف فرمائے، وہ اللہ عزوجل کے حقوق ہیں۔ اسی طرح حدیث میں وارد ہے، امام بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے، بحوالہ مشکوۃ ۱۲

ے.. یعنی حجت کاملہ اور محکم دلیل اللہ ہی کی ہے۔ (پارہ نمبر ۸ سورہ انعام آیت ۱۴۹)

☆ **اسہل**...... آسان تر ۱۲...... بہت آسان...... ☆ **جدا کردن**...... بہ نیت زکوۃ ۱۲...... زکوۃ کی نیت سے مال جدا کرنا...... ☆ **محسوب**...... از زکوۃ ۱۲...... زکوۃ کے حساب سے شمار نہیں ہوگا...... ☆ **بے تقریب**...... بے اندازہ ۱۲...... بے حساب خرچ......

Marfat.com

﴿صہ ۶۰﴾ ۱۔. قولہ علم خوالخ روایت ہے کہ حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا علم دو ہیں: ایک علم وہ ہے جو دل میں ہے اور وہ لوگوں کے لئے فائدہ مند ہے دوسرا علم وہ ہے جو زبان پر ہے، نہ وہ دل میں اثر کرتا ہے اور نہ ہی دل کو نورانی بناتا ہے، پس یہ خدا تعالیٰ کی حجت و دلیل ہے انسانوں پر، جس سے اللہ تعالیٰ الزام دے گا اور کہے گا کہ میں نے تم کو علم دیا، اس کے مطابق عمل کیوں نہ کیا۔ اسی موقع پر کہا گیا ہے: جاہل پر ایک بار افسوس ہے اور عالم پر ستر بار کیونکہ جان بوجھ کر گمراہ ہوا اور رسوائی کے کنوئیں میں گرا۔

علم چون بردل زندیارے شود علم چون برتن زند مارے شود

ترجمہ: علم کو جب دل میں جگہ دی جائے تو مددگار ہوتا ہے، اور اگر علم کو جسمانی خواہشات میں لگایا جائے تو سانپ (دشمن) ہوتا ہے۔

۲۔. قولہ قال علیہ الخ یعنی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب اس عالم کو ہوگا جس کو اس کے علم سے کچھ (آخرت کا) نفع حاصل نہ ہوا ہو۔ مُعَرِّب (ملا محمد مرادمکی) نے کہا ہے اس حدیث کو ابن عساکر نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، اور طبرانی نے صغیر میں اور بیہقی نے شُعب میں اور ابن عدی نے روایت کیا اور حاکم نے مستدرک میں مختلف الفاظ سے روایت کیا گیا ہے۔ فقیر (مولانا نور احمد رحمۃ اللہ) کہتا ہے عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالٰی عنہ قال: اِنَّ مِن اَشَرِّ النَّاسِ عِندَ اللّٰہِ مَنزِلَۃً یَّومَ القِیَامَۃِ عالِمٌ لَم یَنتَفِع بِعِلمِہٖ۔ یعنی حضرت ابو درداء سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: یقیناً سب لوگوں سے زیادہ درجے میں بدتر اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے روز وہ عالم ہوگا جس نے اپنے علم سے (آخرت کا) نفع حاصل نہ کیا۔ اس کو دارمی نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰۃ

۔ قولہ خرخشہا الخ خرخشہ کی جمع ہے، دونوں نقطہ والی خا پر زبر ہے بمعنی بے موقع لڑائی کرنا، اس جگہ مراد ہے کمینی دنیا سے شریعت کی اجازت کے بغیر تعلقات قائم کرنا۔ (یعنی شریعت کے خلاف) ۱۲

۳۔ قولہ عشق پیر عشق تست نہ ریش سپید دستگیر صد ہزاران نا امید

ترجمہ: عشق تیرا پیر (راہنما) ہے، سفید ریش نہیں۔ عشق لاکھوں نا امیدوں (محروموں) کا مددگار ہے ۱۲

☆ والنصح ...... نصیحت نمودن ۱۲ نصیحت کرنا ...... ☆ فحوائے ...... مضمون و معانی ۱۲ ...... اس کے مضمون اور معانی سے ......

جلد دفتر اول مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

چوہتروان مکتوب ﴿۷۴﴾

میرزا بدیع الزماں کی طرف صادر ہوا ...... فقراء کی محبت اور ان کی طرف توجہ کرنے پر ترغیب اور صاحبِ شریعت علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام کے اتباع کی نصیحت کے بیان میں۔

آپ کا مکتوب شریف و مراسلۂ لطیف صادر ہوا۔ الحمد للہ کہ اس کے مضمون میں فقراء کی محبت اور درویشوں کی طرف توجہ معلوم ہوئے جو کہ سعادتوں کا سرمایہ ہے، یہ لوگ اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے ہمنشیں ہیں اور یہ وہ لوگ ہیں جن کا جلیس بدنصیب نہیں ہوتا اور رسول اللہ ﷺ فقرائے مہاجرین کے طفیل حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے فتح طلب کرتے تھے اور آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی شان میں فرمایا ہے: رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ (بہت سے بکھرے ہوئے بالوں والے گرد آلود دروازوں سے ہٹائے ہوئے لوگ ایسے ہیں کہ اگر (کسی کام کی) حق تعالیٰ پر (بھروسہ کر کے) (قسم کھالیں تو اللہ ضرور اس قسم کو پورا کر دیتا ہے)۔

اے سعادت مند! آپ کے مکتوب گرامی میں ایک فقرہ خدیو نشأتین (دونوں جہاں کا مالک) درج تھا۔ یہ ایک ایسی تعریف ہے جو واجب الوجود جل شانہٗ (حق تعالیٰ) کی ذات کیلئے مخصوص ہے بندۂ مملوک کو کسی شے پر قادر نہیں ہے کیا حق حاصل ہے کہ کسی وجہ سے بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ شرکت حاصل کرے اور خداوندی کے راستہ پر چلے، خالص طور پر عالم آخرت میں جبکہ حقیقی ومجازی ہر طرح کی مالکیت وملکیت حضرت مالک یوم الدین کے ساتھ مخصوص ہے (چنانچہ) قیامت کے روز حق سبحانہٗ وتعالیٰ پکارے گا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ (آج کس کی بادشاہی ہے) پھر خود ہی اُس کے جواب میں فرمائے گا لِلّٰہِ

Marfat.com

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ط (سورۂ مومن ۴۰ آیت ۱۶) (خدائے واحد وقہار کی ہے)۔

اس دن بندوں کیلئے خوف اور دہشت کے سوا اور کچھ ثابت نہیں ہے اور حسرت وندامت کے سوا کچھ حاصل نہیں۔ حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے قرآن مجید میں اس روز کی سختی اور مخلوق کے انتہائی اضطراب وبیقراری کی خبر دیتا ہے جیسا کہ خدائے بزرگ و برتر فرماتا ہے۔ اِنَّ زَلْـزَلَةَ السَّـاعَةِ شَيْءٌ عَـظِـيْم ہ يَـوْمَ تَـرَوْنَهَـا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَـضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ہ (سورۂ الحج ۲۲ آیت ۱،۲) (بیشک قیامت کا زلزلہ بہت بڑی (ہولناک) شے ہے، اس دن تم دیکھو گے کہ ہر دودھ پلانے والی (عورتیں) اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائیں گی اور ہر حاملہ کا حمل گر جائے گا اور تم لوگوں کو نشہ والوں کی طرح لڑکھڑاتے ہوئے دیکھو گے حالانکہ وہ نشہ کی حالت میں نہیں ہوں گے لیکن (وجہ یہ ہے کہ) اللہ کا عذاب نہایت سخت ہے)۔

درآں روز کز فعل پُرسند قول	اولوالعزم را دل بلرزد ز ہول
بجائیکہ دہشت برد انبیاؑ	تو عذرِ گنہ را چہ داری بیا

ترجمہ: (آہ اُس پرسش عمل کے روز	دل اولوالعزم کا بھی لرزے گا
انبیاؑ بھی ڈریں گے دہشت سے	معذرت کسطرح تُو کرلے گا؟)

باقی نصیحت یہ ہے کہ صاحبِ شریعت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت لازم پکڑیں کیونکہ آخرت کی نجات آپ کی متابعت کے بغیر محال ہے، اور دنیا کی زیب وزینت کی طرف التفات وتوجہ نہ کریں اور دنیا کے حاصل ہونے یا نہ ہونے کو کوئی اہمیت نہ دیں (یعنی ان دونوں حالتوں کو یکساں جانیں) کیونکہ دنیا اللہ تعالیٰ کی مبغوضہ (ناپسندیدہ ومکروہ) ہے، حق تعالیٰ کے نزدیک اس کی قدر ومنزلت کچھ بھی نہیں، پس بندوں کے نزدیک اس کا عدم (یعنی نہ ہونا) اس کے وجود (یعنی ہونے) سے بہتر ہونا چاہیئے اور اس کی بیوفائی اور جلدی جاتے رہنے (یعنی دولت کے زوال) کے قصے مشہور ہیں بلکہ مشاہدہ میں آچکے ہیں، پس اہلِ دنیا کے حال سے عبرت حاصل کریں جو پہلے گزر چکے ہیں وَفَّقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَإِيَّاكُمْ بِمُتَابَعَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کی توفیق عنایت فرمائے) آمین

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۶۱﴾ ۱.. قوله لِاَنَّهُم جُلَسَاءُ اللّٰهِ یعنی کیونکہ یقیناً یہ لوگ اللہ سبحانہ کے ہمنشین ہیں۔ یہ الفاظ بخاری مسلم کی حدیث سے ماخوذ ہیں وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَكَرَنِيْ کیونکہ فقیر کبھی غافل نہیں ہے جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ الخ

۲.. قوله وَهُمْ قَوْمٌ ...الخ یعنی حق تعالیٰ کو یاد کرنے والے ایسی قوم ہیں کہ ان کا ہم نشین بدبخت نہیں ہوتا۔ اس کو بخاری نے روایت کیا ہے اور حدیث طویل ہے هُمُ الْجُلَسَاءُ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ۔ اور مسلم نے روایت کیا ہے هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقٰى بِهِمْ جَلِيْسُهُمْ ۱۲

۳.. قوله وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ الخ یعنی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فقراء مہاجرین کے طفیل کفار پر حق تعالیٰ سے فتح ونصرت اور کامیابی طلب کرتے تھے اس کو شرح السنہ میں روایت ۱۲ مشکوٰۃ (۵۲۴۷)

۴.. قوله وَقَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ الخ یعنی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کی شان میں فرمایا ہے: بہت سے بکھرے ہوئے بالوں والے، گردآلود اور دروازوں سے ہٹائے ہوئے لوگ ایسے ہیں کہ اگر (کسی کام کی) حق تعالیٰ پر (بھروسہ کرکے) قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ضرور اس قسم کو پورا کردیتا ہے۔ مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ۱۲ ملتقط من المشكوٰة

Marfat.com

۵۔ قولہ لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوْم۔ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ مؤمن پارہ ۲۴ میں واقع ہے یَوْمَ ھُم بَارِزُوْنَ لَا یَخْفٰی عَلَی اللّٰہِ الخ ترجمہ: جس دن وہ سب (میدان حشر میں) ظاہر ہوں گے، اللہ پر ان کی کوئی بات پوشیدہ نہ ہوگی، (اللہ تعالیٰ فرمائے گا) آج کس کی بادشاہی ہے؟ (پھر خود ہی جواب دے گا) صرف اللہ کی، جو ایک ہے، سب پر غالب ہے) ۱۲

۶۔ قولہ اِنَّ زَلْزَلَۃَ السَّاعَۃِ الخ یہ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ حج کے شروع میں پارہ ۱۷ میں واقع ہے یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّکُم اِنَّ زَلْزَلَۃَ الخ ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو! بے شک قیامت کا زلزلہ (قیامت کے نزدیک بڑی عظیم چیز ہے، جس دن تم اسے دیکھو گے تو ہر دودھ پلانے والی اس (بچے) سے غافل ہو جائے گی جس کو اس نے دودھ پلایا، اور ہر حاملہ اپنا حمل ڈال دے گی، (اے مخاطب) تو لوگوں کو دیکھے گا (گویا) نشہ میں ہیں، حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے ۱۲

۷۔ باقی نصیحت یہ ہے کہ صاحب شریعت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت لازم پکڑیں کیونکہ آخرت کی نجات آپ کی متابعت کے بغیر محال ہے اور دنیا کی زیب و زینت کی طرف التفات و توجہ نہ کریں اور دنیا کے حاصل ہونے یا نہ ہونے کو کوئی اہمیت نہ دیں (یعنی ان دونوں حالتوں کو یکساں جانیں) کیونکہ دنیا اللہ تعالیٰ کی مبغوضہ (ناپسندیدہ و مکروہ) ہے۔ حق تعالیٰ کے نزدیک اس کی قدر و منزلت کچھ بھی نہیں، پس بندوں کے نزدیک اس کا عدم (یعنی نہ ہونا) اس کے وجود (یعنی ہونے) سے بہتر ہونا چاہیے، اور اس کی بے وفائی اور جلدی جاتے رہنے (یعنی دولت کے زوال) کے قصے مشہور ہیں بلکہ مشاہدہ میں آ چکے ہیں۔ پس اہل دنیا کے حال سے عبرت حاصل کریں جو پہلے گذر چکے ہیں۔ وَفَّقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُم بِمُتَابَعَۃِ سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

☆متن......بین السطور......معانی

﴿ص ۶۱﴾ ☆خدیو نشأتین......مالک دو جہاں ۱۲......دونوں جہانوں کا مالک ☆نعتیست......صفتی است ۱۲......ایک صفت ہے

☆عبد مملوک......غلام مملوک کہ بر چیزے قدرت نداشتہ باشد ۱۲......مملوک بندہ کو کسی چیز پر اختیار نہیں ہوتا ☆حیث قال تبارک......آنجا کہ فرمود خدائے بابرکت و بزرگ ۱۲......وہ مقام کہ جس کے بارے بزرگ و برکت والے خدا نے فرمایا ☆بیا......بیان کن ۱۲......بیان کر

﴿پچھترواں مکتوب ۷۵﴾

یہ مکتوب بھی میرزا بدیع الزمان کی طرف صادر فرمایا......سب سے پہلے عقائد کی درستی اور فقہ کے ضروری احکام جاننے کے ساتھ سید الکونین علیہ وآلہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت پر ترغیب کے بیان میں اور اس بیان میں کہ حق تعالیٰ سے وسیلہ یا بلا وسیلہ اسی کو طلب کرنا چاہیئے اور اس کے مناسب بیان میں۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَعَافَاکُمْ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو سلامت اور عافیت سے رکھے)......دونوں جہان کی سعادت کی دولت سید کونین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات اتمہا واکملہا کی متابعت پر وابستہ ہے (جب کہ وہ متابعت) اس نہج (طریق) پر ہو جس کا اہل سنت و جماعت کے علماء نے بیان فرمایا ہے اللہ تعالیٰ ان کو ان کوششوں کی جزائے خیر عطا فرمائے......سب سے پہلے اپنے عقیدوں کو ان بزرگوں کی صحیح آراء کے مطابق درست کرنا چاہیئے۔ پھر حلال و حرام، فرض و واجب، سنت و مستحب اور مباح و مشتبہ کا علم حاصل کرنا چاہیئے (یعنی علم فقہ حاصل کرنا چاہیئے جو ان سب امور کا متکفل ہے) اور اس علم کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے......ان اعتقادی و علمی دو ۲ بازوؤں (پروں) کے حاصل ہو جانے کے بعد اگر سعادتِ ازلی مدد فرمائے تو عالمِ قدس کی طرف پرواز حاصل ہو جاتی ہے وَبِدُوْنِھَا خَرْطُ الْقَتَادِ (ورنہ بے فائدہ رنج اٹھانا ہے)......اور کمینی دنیا اس لائق نہیں ہے کہ اس کو اصلی مطالب میں سے شمار کریں اور اس کے مال و جاہ کے حاصل ہونے کو اصلی مقاصد سے خیال کریں۔ بلند ہمت ہونا چاہیئے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے بوسیلہ یا بے وسیلہ اُسی کو طلب کرنا چاہیئے ع

Marfat.com

کار این است وغیر ایں ہمہ ہیچ (ترجمہ: کام اصلی ہے یہی باقی ہیچ ہے)

جب آپ نے توجہ کر کے دُعا طلب کی ہے تو بُشریٰ لَکُمْ سَالِمًا وَّغَانِمًا (آپ کو بشارت ہو کہ سلامتی کے ساتھ اور مال غنیمت حاصل کر کے واپس آئیں گے) لیکن ایک شرط کو مدِ نظر رکھیں اور وہ یہ ہے کہ آپ کی توجہ کا قبلہ ایک ہونا چاہیئے، توجہ کے قبلہ کا متعدد بنانا اپنے آپ کو تفرقہ (انتشار) میں ڈالنا ہے۔ مثل مشہور ہے کہ "ہر کہ یکجا ہمہ جا وہر کہ ہمہ جا ہیچ جا" (یعنی جو ایک جگہ ہے وہ ہر جگہ ہے اور جو ہر جگہ ہے وہ کسی جگہ بھی نہیں)........حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے سیدھے راستہ پر استقامت نصیب فرمائے اور ہر اس شخص پر سلام ہو جو ہدایت کے راستے پر چلا اور حضرت محمد ﷺ مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات کی متابعت کو لازم پکڑا۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۲﴾ ۱ یعنی علم فقہ جو ان سب اُمور کا منکفل ہے ۱۲

۲ قولہ وبدونہا الخ یعنی ازلی خوش بختی کے بغیر عالم قدس کی طرف پرواز کا ارادہ کرنا کانٹے دار درخت پر ہاتھ مارنا ہے، یعنی بے فائدہ رنج اٹھانا ہے، بعض نسخوں میں وبدونہما تثنیہ کی ضمیر کے ساتھ لکھا ہوا ہے، اس صورت میں یہ مطلب ہے کہ اعتقادی اور عملی دونوں بازوؤں کے حاصل کئے بغیر بے فائدہ مشقت برداشت کرنا ہے ۱۲

۳
تو ہم گردن از حکم داور مپیچ — کہ گردن نہ پیچد ز حکم تو ہیچ
محال است چوں دوست دارد ترا — کہ در دستِ دشمن گذارد ترا

ترجمہ: تو بھی اللہ تعالیٰ کے حکم سے گردن نہ پھیر (اس کا صلہ یہ ہوگا کہ) تجھ سے بھی کوئی شخص گردن نہ پھیرے گا (نافرمانی نہ کرے گا) محال ہے کہ جب خدا تعالیٰ تجھے دوست بنالے تو پھر تجھے دشمن کے حوالے کردے ۱۲

۴ اور اس شخص پر سلام ہو جو ہدایت کے راستے پر چلا اور حضرت محمد مصطفےٰ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتحیات کی متابعت کو لازم پکڑا ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۲﴾ ☆سید......سردار ۱۲......سردار ☆سید کونین......سردارِ دو جہاں ۱۲......دونوں جہاں کے سردار......☆ بتصحیح......عقائد ۱۲......عقائد کی درستی کے ساتھ...... ☆سلمکم...وعافاکم......سلامت دارد حق سبحانہ شمارا و عافیت بخشد شمارا ۱۲......اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو سلامت اور عافیت سے رکھے...... ☆دارین......دنیا وآخرت ۱۲......دنیا وآخرت ......☆منوط......وابستہ ۱۲......باندھا ہوا ......☆تصحیح......درستی ۱۲......درستی ......☆مندوب......بمستحب ۱۲......مستحب کے ساتھ......☆دوجناح......بازو ۱۲......بازو......☆ طیران......طیران ۱۲......پریدن ۱۲......اڑنا......☆دنی......کمینہ ۱۲......ذلیل......☆ گرائی......نرخ وبہا ۱۲......نرخ اور قیمت وقدر......☆التفات......توجہ ۱۲......توجہ......☆ہمت......دعائے ۱۲......دعا......☆ بشری ... غانما ...... بشارت باد مر شمارا بسلامت وغنیمت واپس خواہند آمد ۱۲......آپ کو بشارت ہو کہ سلامتی کے ساتھ اور مال غنیمت کر کے واپس آئیں گی ☆ یکجا......حق ۱۲......سچ۔صدق......☆ہیچ......یعنی نیست ۱۲......یعنی نہیں ہے......☆ برجادۂ......راہ ۱۲......سیدھا، سچا، وسیع راستہ

Marfat.com

چھہترواں مکتوب (۷۶)

قلیج خاں کی طرف صادر ہوا ___ اس بیان میں کہ ترقی ورع وتقوی (پرہیزگاری) سے وابستہ ہے۔ اور فضول مباحات کے ترک کرنے کی ترغیب میں اور اگر یہ میسر نہ ہو تو محرمات سے بچتے ہوئے فضول مباحات کے دائرے کو تنگ تر رکھنا چاہئے اور اس بیان میں کہ محرمات سے بچنا دو قسم پر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَبِهٖ نَسْتَعِيْن (اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو کہ بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے اور اسی کے ساتھ مدد مانگتا ہوں) اللہ تعالیٰ سبحانہ اپنے حبیب سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل جو کہ کجی چشم سے پاک ہیں آپ کو ہر اس چیز سے بچائے جو آپ کے لئے موجبِ عار ہو، اور ہر اس چیز سے محفوظ رکھے جو آپ کو عیب لگائے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (سورہ حشر آیت ۵۹) اور رسول جو کچھ تم کو دے اس کو لے لو اور جس چیز سے منع کرے اس سے رُک جاؤ) (لہذا) نجات کا مدار دو چیزوں پر ہوا، اوامر کا بجالانا اور نواہی سے رُک جانا۔ اور ان دونوں جزوں میں سے جزوِ آخر زیادہ عظمت والا ہے جس کو ورع وتقویٰ (پرہیزگاری) سے تعبیر کیا ہے۔ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَاجْتِهَادٍ وَذُكِرَ اٰخَرُ بِرِعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا تَعْدِلْ بِالرِّعَةِ شَيْئًا يَعْنِي الْوَرَعَ۔ وَقَالَ اَيْضًا عَلَيْهِ مِنَ الصَّلَوٰتِ اَتَمُّهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا مِلَاكُ دِيْنِكُمُ الْوَرَعُ۔ (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کا ذکر عبادت واجتہاد کے ساتھ کیا گیا (یعنی وہ بڑا اعبادت وریاضت میں مشغول رہتا ہے) اور دوسرے شخص کا ذکر ورع (تقویٰ) کے ساتھ۔ تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ورع یعنی پرہیزگاری کے برابر کوئی چیز نہیں ہے۔ اور نیز نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تمہارے دین کا مقصود ورع یعنی پرہیزگاری ہے) ___ اور انسان کی فرشتوں پر فضیلت اسی جزوِ (آخر) سے ثابت ہے، اور قُربِ الٰہی کے درجوں پر ترقی بھی اسی جزو سے ثابت ہے کیونکہ فرشتے پہلے جزو میں شریک ہیں اور ترقی ان میں مفقود ہے، پس جزوِ ورع وتقوی کا مدنظر رکھنا اسلام کے اعلیٰ ترین مقاصد اور دین کی نہایت اہم ضروریات میں سے ہے، اور یہ جزو جس کا مدار حرام چیزوں سے بچنے پر ہے کامل طور پر اس وقت حاصل ہوتا ہے جبکہ فضول (غیر ضروری) مباحات سے پرہیز کیا جائے اور بقدرِ ضرورت مباحات پر کفایت کی جائے کیونکہ مباحت کے اختیار کرنے میں باگ ڈور کا ڈھیلا چھوڑ دینا مشتبہ چیزوں (کے اختیار کرنے) تک پہنچا دیتا ہے اور مشتبہ حرام کے نزدیک ہے، مَنْ حَامَ حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ اَنْ يَّقَعَ فِيْهِ (جو شخص چراگاہ کے گرد پھرا قریب ہے کہ اس میں جا پڑے)۔

پس ورع وتقویٰ کامل طور پر حاصل کرنے کے لئے بقدرِ ضرورت مباحات پر کفایت کرنا لازمی ہے اور وہ بھی اس شرط پر کہ اس میں عبادت واعمال کرنے کی نیت ہو ورنہ اس قدر (مباحات اختیار کرنا) بھی وبال ہے اور اس کا قلیل بھی کثیر کا حکم رکھتا ہے ___ اور چونکہ فضول مباحات سے کلی طور پر بچنا ہر زمانہ میں اور خاص طور پر اس زمانے میں بہت دشوار ہے (اس لئے) حرام چیزوں سے بچتے ہوئے حتی الامکان فضول مباحات اختیار کرنے کا دائرہ بہت تنگ کرنا چاہئے اور اس اختیار کرنے

Marfat.com

میں ہمیشہ شرمندہ و پشیمان ہونا اور توبہ و استغفار کرنا چاہئے اور اس (فضول مباحات) کو محرمات میں داخل ہونے کی کھڑکی جانتے ہوئے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ میں التجاوگریہ وزاری کرتے رہنا چاہئے، شاید کہ یہ ندامت (پشیمانی) واستغفار اور التجاو تضرع اُس فضول مباحات سے بچنے کا کام کر جائے اور اس آفت سے محفوظ و مامون کر دے۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں:۔ اِنْکِسَارُ الْعَاصِیْنَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ صَوْلَۃِ الْمُطِیْعِیْنَ (گنہگاروں کی انکساری و عاجزی اللہ تعالیٰ کے نزدیک فرمانبرداروں کے دبدبہ (جدوجہد) سے زیادہ محبوب ہے) اور حرام چیزوں سے بچنا بھی دو قسم پر ہے ایک قسم وہ ہے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حقوق سے تعلق رکھتی ہے، اور دوسری قسم وہ ہے جو بندوں کے حقوق سے متعلق ہے، اور دوسری قسم کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ غنی مطلق اور ارحم الراحمین (سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے) اور بندے فقرا محتاج اور بالذات بخیل و کنجوس ہیں (اس لئے ان کے حقوق کی ادائیگی زیادہ ضروری ہے)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: مَنْ کَانَتْ لَہٗ مَظْلِمَۃٌ لِاَخِیْہِ مِنْ عِرْضِہٖ اَوْشَیْءٍ فَلْیَتَحَلَّلْہُ مِنْہُ الْیَوْمَ قَبْلَ اَنْ لَّا یَکُوْنَ دِیْنَارٌ وَّلَا دِرْھَمٌ اِنْ کَانَ لَہٗ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِہٖ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ لَہٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَیِّئَاتِ صَاحِبِہٖ فَحُمِلَ عَلَیْہِ (اگر کسی شخص پر اس کے بھائی کی عزت وآبرو یا اور کسی قسم کا کوئی حق ہے تو اس کو چاہئے آج ہی اس سے معاف کرالے قبل اس کے کہ اُس کے پاس نہ کوئی دینار رہے اور نہ درہم، (کیونکہ قیامت کے دن) اگر اس کے پاس کوئی نیک عمل ہوگا تو بقدرِ ظلم اس سے بدلہ میں لے لیا جائیگا (اور صاحبِ حق کو دیدیا جائے گا) اور اگر اس کی نیکیاں نہ ہوں گی تو صاحبِ حق کی بُرائیاں لے کر اس پر ڈالی جائیں گی)۔

وَقَالَ اَیْضاً صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوْ الْمُفْلِسُ فِیْنَا مَنْ لَّا دِرْھَمَ لَہٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّاتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِصَلٰوۃٍ وَصِیَامٍ وَ زَکٰوۃٍ وَ یَاتِیْ قَدْ شَتَمَ ھٰذَا وَقَذَفَ ھٰذَا وَاَکَلَ مَالَ ھٰذَا وَ سَفَکَ دَمَا ھٰذَا وَ ضَرَبَ ھٰذَ فَیُعْطٰی ھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ وَھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ فَاِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُہٗ قَبْلَ اَنْ یُّقْضٰی مَا عَلَیْہِ اُخِذَ مِنْ خَطَایَاھُمْ فَطُرِحَتْ عَلَیْہِ ثُمَّ طُرِحَ فِی النَّارِ۔صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ (اور نیز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون شخص ہے؟ حاضرین صحابہؓ نے عرض کیا ہم میں مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ سب کچھ لے کر آئے (لیکن ساتھ ہی) اس نے کسی کو گالی بھی دی ہو اور کسی کو تہمت بھی لگائی ہو اور کسی کا مال بھی کھایا ہو اور کسی کا خون بہایا ہو اور کسی کو مارا ہو، پس ہر ایک حق دار کو اس کی نیکیوں میں سے اس کے حق کی برابر نیکیاں دے دی جائیں گی اور اگر حقداروں کے حقوق پورے ہونے سے پہلے اس کے نیکیاں ختم ہوگئیں تو اُن حق داروں کے گناہ لے کر اس پر ڈال دیئے جائیں گے پھر اس کو دوزخ میں دھکیل دیا جائے گا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ (یہ فقیر) آپ کی تعریف اور شکر گذاری کا اظہار کرتا ہے کہ شہر عظیم لاہور میں آپ کے وجود کی وجہ سے اس گئے گزرے زمانہ میں بہت سے شرعی احکام رائج ہوگئے ہیں اور وہاں دین کو تقویت اور مذہب کی ترویج حاصل ہو

Marfat.com

ہے اور وہ شہر (لاہور) فقیر کے نزدیک ہندوستان کے تمام شہروں کی نسبت "قطب ارشاد" کی مانند ہے، اس شہر کی خیر و برکت ہندوستان کے تمام شہروں میں پھیلی ہوئی ہے اگر وہاں دین رواج پذیر ہے تو سب جگہ ایک درجہ رواج متحقق ہے۔ حق سبحانہ و تعالیٰ آپ کا معاون و مددگار ہو ____ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰى يَأْتِيَ أَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے ایک گروہ ہمیشہ حق کا مددگار رہے گا اور جو اس گروہ کی ذلت و خواری کا ارادہ کریگا وہ اس کو کچھ ضرر نہ دے سکے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آجائیگا اور وہ اپنے حال پر قائم ہوں گے)

چونکہ معرفت کی پناہ والے ہمارے قبلہ صاحب حضرت خواجہ (باقی باللہ قدس سرہ) کے ساتھ آپ کی محبت کے تعلق کا رشتہ محکم تھا اس بنا پر یہ چند کلمات لکھ کر اس حبی نسبت کو حرکت میں لایا ہے اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے ____ حامل مکتوب دعا نیک و صالح آدمی اور شریف زادہ ہے ایک حاجت لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہے، امید ہے کہ اس بارے میں توجہ شریف فرما کر اس کی حاجت روائی فرمائیں گے۔ حضور نبی کریم اور آپ کی بزرگ اولاد علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل حقیقی دولت اور ابدی سعادت آپ کو حاصل ہو۔ میرے سیادت مآب میر سید جمال الدین کو غریبانہ دعائیں پہنچائیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۳﴾ ے ضرورت کی مقدار سے زائد جائز اُمور ۱۲

۱ اللہ سبحانہ اپنے حبیب سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات اکملہا ومن التسلیمات افضلہا کے طفیل جو کہ کجئ چشم سے پاک ہیں، آپ کو ہر اس چیز سے بچائے جو آپ کے لئے موجبِ عار ہو، اور ہر اس چیز سے محفوظ رکھے جو آپ کو عیب لگائے ۱۲

۲ اللہ تعالیٰ سورۂ حشر پارہ ۲۸ میں فرماتا ہے: رسول جو کچھ تم کو دے اس کو لے لو اور جس چیز سے منع کرے اس سے رُک جاؤ۔

۳ قوله ذُكِرَ رَجُل الخ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک آدمی کا ذکر "عبادت و ریاضت" کے ساتھ کیا گیا (یعنی وہ ریاضت میں بڑا مشغول رہتا ہے) اور دوسرے شخص کا ذکر "ورع و تقویٰ" کے ساتھ ہوا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ ورع یعنی پرہیزگاری کے برابر کوئی چیز نہیں ہے۔

مُعَرّب عليه الرحمة فرماتے ہیں: اِس حدیث کو ترمذی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں ۱۲

۴ قوله مِلاك الخ نبی کریم علیہ من الصلوات اتمہا ومن التسلیمات اکملہا نے فرمایا: تمہارے دین کا دار و مدار تقویٰ و پرہیزگاری پر ہے ۱۲

اس روایت کو امام بیہقی نے اِن الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: وَفَضْلٌ فِيْ عِلْمٍ خَيْرٌ مِنْ فَضْلٍ فِيْ عِبَادَةٍ، وَمِلَاكُ الدِّيْنِ الْوَرَعُ (علم دین میں فضیلت بہتر ہے عبادت میں فضیلت سے اور دین کا دار و مدار پرہیزگاری ہے ۱۲) مشکوٰۃ

۵ ارخاء، الف کی زیر اور خا نقطہ والی، اس کے معنی ڈِھیلا چھوڑنا ہے۔ اور عِنان عین کے نیچے زیر ہے اور نون بغیر شد کے ہے اس کا ترجمہ لگام کی رسی ہے، یعنی مباح و جائز چیزوں کے استعمال میں نفس سرکش کی لگام کو ڈِھیلا چھوڑ دینے اور نرم کرنے کو پسند کرنا مشتبہ چیزوں تک پہنچاتا ہے اور شبہ والی چیزوں کا استعمال حرام میں داخل ہونے کا ذریعہ ہے مَن حَامَ الخ والی حدیث اسکی دلیل ہے ۱۲

لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ے قوله مَن حَامَ حَوْلَ الْحِمىٰ الخ اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو امام بخاری اور مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اِن دونوں کے درمیان اُمورِ مشتبہ ہیں، بہت سے لوگ ان کو نہیں جانتے، پس وہ شخص جس نے مشتبہات سے پرہیز کیا اُس نے اپنے دین اور عزت کو پاک کر لیا اور جو آدمی شبہات میں مبتلا ہو گیا وہ اَمرِ حرام میں مبتلا ہوگا، اس چرواہے اور گلہ بان کی طرح جو اپنے جانوروں کو حکومت کی چراگاہ کے قریب چراتا ہے، ہوسکتا ہے کہ اس کے جانور سرکاری چراگاہ کے اندر داخل ہو جائیں۔ جاننا چاہئے کہ ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے، خاص طور پر آگاہ رہنا چاہئے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ کی

Marfat.com

چراگاہ اس کی حرام کی ہوئی چیزیں ہیں، یادرکھیے کہ انسان کے جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست ہوجاتا ہے اور صلاح سے آراستہ ہوجاتا ہے تو انسان کا تمام بدن صالح اور درست ہوجاتا ہے اور جب وہ (گوشت کا ٹکڑا) خراب اور فاسد ہوجائے تو اس انسان کا تمام بدن بھی فاسد اور خراب ہوجاتا ہے، خبردار رہنا چاہئے کہ وہ گوشت کا ٹکڑا انسان کا دل ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۶۳﴾☆میسر ...... این ترک ۱۲...... اسکو ترک کرنا ☆ قرب ...... حق تعالیٰ ۱۲ ...... حق تعالیٰ کے قرب کے درجات ☆ملائکہ......فرشتگان۱۲...... فرشتے ☆ اہم مہام......یعنی اعلیٰ ترین مقاصد ۱۲......یعنی سب سے اعلیٰ ترین مقاصد

﴿صہ ۶۴﴾ ۱ فُضُول۔ابتدائی دونوں حروف (فا اور ض) پر پیش ہے، یہ مصدر ہے بمعنی زائد، اور فَضل (فا ئے زبر سے) کی جمع بھی ہے اس کے معنی بہت زیادہ اور کثرت کے ہیں۔اس جگہ دونوں معنوں کا احتمال ہے ۱۲

۲ مثنوی:

باتضرع باش تا شادان شوی	گریہ کن تا بیدہان خندان شوی
کہ برابر می نہد شاہِ مجید	اشک را در فضل باخونِ شہید
زور را بگذار و زاری را بگیر	رحم سوئے زاری آید اے فقیر
گرکنی زاری بیابی رحم او	رحمِ او در زاریٔ خود باز جو (صہ ۴۰۲)

ترجمہ: آہ وزاری کرنے والا ہوجا تاکہ تجھے خوشی حاصل ہو، رونا جاری رکھ منہ کے بغیر بھی تو ہنستا رہے گا، بزرگ بادشاہ یعنی اللہ کریم (خوفِ خدا سے نکلے ہوئے) آنسو کو خونِ شہید کے برابر رکھے گا۔

جھوٹ فریب چھوڑدے اور عاجزی وزاری کو اختیار کر، اے فقیر! رحمتِ خداوندی آہ وزاری کی طرف آتی ہے، اگر تو زاری کرے گا تو اس کی رحمت کو پالے گا، اسکی رحمت کو اپنی زاری میں تلاش کر

ع یعنی گنہگاروں کی عاجزی وانکساری میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے فرمانبرداروں کے اجتہاد وجد وجہد کرنے سے اور بعض نسخوں میں الیٰؔ کی بجائے اِلَیَّ اللہ ہے اور یہ زیادہ ظاہر ہے، بیت دست شکستہ برآ ور دردعا سوئے شکستہ پرد فضلِ خدا ترجمہ: ٹوٹا ہوا (عاجزی کا) ہاتھ دُعا کے لئے باہر نکلتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا فضل اس ہاتھ پر نازل ہوتا ہے ۱۲

۳ قولہ قال رسول اللہ الخ اس حدیث کو امام بخاری نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے، یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی شخص پر اس کے بھائی کی عزت وآبرو، (خون ومال یا کسی دوسری چیز) کا حق ہے تو اس کو چاہئے کہ آج ہی اس سے معاف کرالے، قبل اسکے کہ اس کے پاس نہ کوئی دینار ہوگا اور نہ درہم، (کیونکہ قیامت کے دن) اگر اس کے پاس کوئی نیک عمل ہوگا تو بقدرِ ظلم اُس سے بدلہ میں لے لیا جائے گا (اور صاحب حق کو دے دیا جائے گا) اور اگر اسکی نیکیاں نہ ہوں گی تو صاحب حق کی برائیاں لے کر اُس پر ڈال دی جائیں گی۔(یعنی ظالم پر) جاننا چاہئے کہ مَظلِمۃ (میم پر زبر خا نقطہ والی پر جزم اور لام کے نیچے زیر ہے) بمعنی ظلم یعنی کسی دوسرے کا حق زبردستی لے لینا ۱۲

۴ قولہ وقال ایضاً الخ اس حدیث کو امام مسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔اور نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون شخص ہے؟ حاضرین صحابہ نے عرض کیا: ہم میں مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس درہم واسباب کچھ نہ ہو، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری اُمت میں سے مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ سب کچھ لے کر آئے (لیکن ساتھ ہی) اس نے کسی کو گالی بھی دی ہو اور کسی کا مال بھی کھایا ہو اور کسی کا خون بہایا ہو اور کسی کو مارا ہو، پس ہر ایک حقدار کو اس کی نیکیوں میں سے اس کے حق کے برابر نیکیاں دے دی جائیں گی، اور اگر حقداروں کے حقوق پورے ہونے سے پہلے اسکی نیکیاں ختم ہوگئیں تو اِن حقداروں کے گناہ لے کر اس پر ڈال دیئے جائیں گے، پھر اس کو دوزخ میں دھکیل دیا جائے گا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔

☆لابد......ضرور ۱۲......لازم ☆ اداء وظائف......عبادت وطاعات کہ حق تعالیٰ بر بندگان مقرر فرمودہ ۱۲......وہ عبادتیں اور طاعتیں جو حق تعالیٰ نے بندوں پر لازم قرار دی ہیں ☆قلیل......اندک ۱۲......کم ☆ کثیر......بسیار ۱۲......بہت ☆چون......شرط ۱۲......بطور شرط ☆عزیز الوجود......کمتر واندک ۱۲......بہت کم اور تھوڑا ☆ مہما امکن......بقدر طاقت ۱۲......طاقت کے مطابق ☆ تنگ تر......برخود ۱۲......خود پر ☆ نادم......شرمندہ ۱۲ شرم سار ☆ مستغفر......امرزش خواہندہ ۱۲......بخشش چاہنے والا ☆ دریچہ......فضول مباحات ۱۲......فضول مباحات

Marfat.com

☆ملتجی ...... التجا کنندہ ۱۲...... درخواست گزار☆متضرع...... زاری کنندہ ۱۲...... فریاد کرنے والا☆عزیزی...... بزرگے ۱۲...... ایک بزرگ☆مطلق...... من کل الوجوہ ۱۲...... ہر وجہ سے ☆صدق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ...... راست فرمودہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام ۱۲...... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہے

۱ ساری: اثر کرنے والا، کسی چیز کے کل اجزا میں پہنچ جانے والا ۱۲ ﴿صہ ۶۵﴾

۲ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں سے ایک گروہ ہمیشہ حق کا مددگار رہے گا اور مخالفینِ اسلام پر غالب رہے گا۔ اور دین حق پر قائم رہے گا، اور جو بھی اس گروہ کی ذلت وخواری کا ارادہ کرے گا وہ اس کو کچھ ضرر نہ دے سکے گا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا حکم آ جائے گا (قیامت کے قائم ہونے تک) اور وہ اپنے حال پر قائم ہوں گے۔

مُعَرِّب (مکتوبات کا عربی ترجمہ کرنے والے) نے فرمایا: اس کو حاکم نے حضرت عمر سے نیز حاکم و ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی عنہ سے، نیز ابن ماجہ نے مغیرہ بن شعبہ سے اور ابوداؤد نے عمران بن حصین سے روایت کیا ہے۔ ان تینوں روایتوں کے الفاظ مختلف ہیں مگر معنی سب کے ایک ہی ہیں ۱۲

میں (مولانا نور احمد محشی مکتوبات) کہتا ہوں: حدیث کے الفاظ جو مشکوٰۃ باب ثواب ہذہ الامۃ میں اس طرح ہیں: عن معاویۃ قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول: لا یزال من اُمتی اُمۃٌ قائمۃٌ بأ مر اللّٰہ لا یضر ھم من خذلھم ولا من خالفھم حتیٰ یأ تی امر اللّٰہ وھم علیٰ ذٰلک۔ متفق علیہ (معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہتے ہوئے سنا: میری اُمت میں سے ایک گروہ ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گا، جو ان کو رسوا کرنا چاہے گا اور اُن کی مخالفت کرے گا اُن کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے اور وہ اپنے حال پر قائم ہوں گے) وعن معاویۃ بن قرۃ عن ابیہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إذا فسد أھل الشّامِ فلا خیرَ فیکم، ولا یَزالُ طَائِفَۃٌ مِن أُمَّتِی مَنصُورِین لا یَضُرُّھُم مِن خَذَلَھم حَتّٰی تَقُومَ السَّاعَۃِ ۱۲ رواہ الترمذی وقال: ہذا حدیث حسن صحیح ۱۲ (معاویہ بن قرہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اہل شام خراب ہو جائیں گے تو تمہارے اندر کوئی خیر نہ رہے گی، اور میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ رہے گا جن کی مدد کی جائے گی، اُن کو ضرر نہ پہنچا سکے گا جو اُن کو رسوا کرنا چاہے گا یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی)

☆مَحْمِدَت ...... شکر گزاری...... بالفتح بکسر میم دوم بمعنی ستائش ۱۲...... زبر اور دوسری میم کی زیر سے، معنی سراہنا۔ ......

☆دراں بقعہ ...... بالضم بمعنی جا ۱۲...... حرف ب پر پیش معنی جگہ، مقام۔ ۱۲...... ☆نحوے...... نوعی ۱۲...... ایک قسم ۱۲......

☆خواجہ...... خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲...... حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ ۱۲ ☆تسوید...... تحریر ۱۲...... لکھی ہوئی عبارت۔......

☆اطنابست...... درازی ۱۲...... حد سے زیادہ تجاوز ۱۲...... ☆سرمدی...... ابدی دائمی ۱۲...... ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی ۱۲

☆بیچون...... بے مثل ۱۲...... یکتا، بے مثال۔ ۱۲...... ☆بیچگون...... بے نمون و بے کیف ۱۲...... بے مثال و بے کیف۔ ۱۲

☆رقیت...... بندگی ۱۲...... غلامی۔ ۱۲...... ☆تمام...... ہر چہ باشد ۱۲...... جو چیز بھی ہو۔ ۱۲...... ☆ما سوٰی...... اللہ ۱۲...... اللہ کے سوا ۱۲

ستتر واں مکتوب ﴿۷۷﴾

جباری خان کی طرف صادر فرمایا ____ اس بیان میں کہ خدائے بیمثل و بے مثال کی عبادت (اخلاص کے ساتھ) کب حاصل ہوتی ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلیٰ عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)

بعداز خدائے ہر چہ پرستند ہیچ نیست ۔ بے دولت است آنکہ بہ ہیچ اختیار کرد

سلسلہ دفتر اول مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

ترجمہ بجز حق کے وہ جس کو پوجتے ہیں ہیچ و باطل ہے جو باطل کی کرے پوجا بڑا بدبخت و جاہل ہے

بے مثل خدائے تعالیٰ جل سلطانہٗ کی (خالص) عبادت اُس وقت میسر ہوتی ہے جبکہ تمام ماسوی اللہ کی غلامی سے آزاد ہو کر توجہ کا قبلہ ذاتِ احدیت کے سوا اور کچھ نہ رہے اور اس توجہ کا مصداق (یعنی علامت ونشانی) حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے انعام (نعمت دینا) وایلام (رنج والم دینا) کا برابر ہونا ہے، بلکہ اس مقام کے حاصل ہونے کے شروع میں رنج والم، انعام کی بہ نسبت زیادہ مرغوب وپسندیدہ ہوتا ہے اگرچہ آخر میں تفویض (اپنا ہر معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنے تک نوبت پہنچ جاتی ہے ور انعام وایلام) جو کچھ (حق تعالیٰ کی طرف سے) پہنچتا ہے اس کو زیادہ بہتر ومناسب جانتا ہے ___ وہ عبادت جو (جنت کی) (رغبت اور (دوزخ کے) خوف کی وجہ سے ہے، درحقیقت وہ عبادت اپنی ہی عبادت ہے اور اس سے مقصود اپنی نجات اور خوشی ہے۔

تا تو در بندِ خویشتن باشی عشق گوئی دروغ زن باشی

ترجمہ جب تلک ہے فکر اپنے آپ کی داستانِ عشق ہے جھوٹی تیری

اس دولت کا حاصل ہونا فنائے مطلق پر موقوف ہے اور یہ توجہ (ذاتِ احدیث کی طرف) محبتِ ذاتیہ کا نتیجہ اور ولایتِ خاصہٴ محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے ظہور کا مقدمہ ہے، اس نعمتِ عظمیٰ (ولایتِ خاصہٴ محمدیہ) کا حاصل ہونا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کی کامل متابعت پر موقوف ہے۔ اسلئے کہ ہر نبی علیہم الصلات والتسلیمات کی شریعت جو براہِ نبوت اس کو عطا فرمائی گئی ہے اور جب نبوت (کے مقامِ دعوت وارشاد) میں لے آتے ہیں تو (وہ نبی) اسی نور کے ساتھ آتا ہے اور اسی کمال کو مخلوق کی توجہ کے ساتھ جمع کرتا ہے اور مقامِ نبوت کے کمالات حاصل ہونے کا سبب بھی وہی نور ہے اور اسی لئے بعض (اہلِ سکر) بزرگوں نے کہا ہے کہ نبی کی ولایت اس کی نبوت سے افضل ہے ___ پس اسی لئے ہر پیغمبر کی شریعت اس کی ولایت کے مناسب ہوتی ہے اور اس شریعت کی پیروی اس (نبی کی) ولایت تک پہنچنے کے لئے لازمی ہے۔

اور اگر لوگ یہ سوال کریں کہ آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کے بعض متبعین کو آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کی ولایت سے کچھ بھی حاصل نہیں ہے بلکہ دوسرے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے قدم پر ہیں اور ان کی ولایت سے حصہ رکھتے ہیں ___ تو میں اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ ہمارے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کی شریعت تمام شریعتوں کی جامع ہے اور جو کتاب (قرآن مجید) آپؐ پر نازل ہوئی ہے تمام آسمانی کتابوں کو شامل ہے پس اس شریعت کی پیروی گویا تمام شریعتوں کی پیروی ہے لہٰذا ہر شخص اپنی استعداد کے مطابق انبیائے کرامؑ میں سے کسی ایک نبی کے ساتھ مناسبت رکھتا ہے کہ (جس سے اس کی ولایت کو اخذ کرتا ہے اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولایت تمام انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کی ولایتوں پر حاوی ہے۔ پس ان ولایتوں تک پہنچنا اس ولایتِ خاصہ کے اجزا میں سے کسی ایک جزو تک پہنچنا ہے اور اس ولایت (خاصہٴ محمدیہ) تک نہ پہنچنے کا سبب آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام کی کامل درجے کی متابعت میں کمی ہے اور کمی کے بعد مختلف درجے ہیں، اس لئے ولایت کے درجات میں تفاوت ہو جاتا ہے اور اگر آپؐ کا کامل درجے اتباع حاصل ہو جائے تو آپؐ کی ولایت تک پہنچنا ممکن ہے ___ یہ اعتراض اس وقت

Marfat.com

وارد ہوتا جب کہ دوسرے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شریعتوں کے متبعین کو ولایت خاصئہ محمدی علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام حاصل ہوتی اور جب ایسا نہیں ہے تو اعتراض بھی کوئی وارد نہیں ہوتا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْعَمَ عَلَیْنَا وَھَدٰنَا اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ وَالدِّیْنِ الْقَوِیْمِ ط (اللہ تعالیٰ کی حمد ہے جس نے ہم پر انعام فرمایا اور سیدھے راستہ اور مضبوط دین کی طرف ہدایت فرمائی) صراطِ مستقیم اسی (دین) کے مضبوط راستے اور واضح وروشن شریعت سے مراد ہے۔ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (سورۃ یٰسین آیت ۳) (بیشک آپ رسولوں میں سے ہیں اور صراط مستقیم پر ہیں) اسی حقیقت کی دلیل ہے ـــــ رَزَقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ کَمَالَ اتِّبَاعِ شَرِیْعَتِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ بِحُرْمَۃِ کُمَّلِ اَتْبَاعِہٖ وَ مُعَظَّمِ اَوْلِیَائِہٖ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ، اٰمِیْنَ (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کامل متبعین اور بزرگ اولیائے کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے طفیل آپ کی شریعت کی کامل ترین اتباع نصیب فرمائے، آمین) ـــــ اس دعا نامہ کا لانے والا چونکہ ان حدود (یعنی آپ کی طرف) جانے والا تھا اس لئے ان چند کلمات کے ساتھ محبت کے سلسلہ کو حرکت دینے والا ہوا ہوں۔ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ لَدَیْکُمْ (آپ پر سلام اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی رحمت ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۶۶﴾ ۱ مصداق این توجہ الخ یعنی اس توجہ کی سچائی اور راستی کی علامت ونشانی اللہ تعالیٰ کے انعام (نعمت دینے) اور ایلام (رنج دینے) کا برابر ہونا ہے، اللہ سبحانہ ہم کو یہی علامت ارزانی فرمائے سید الاولین والآخرین کے طفیل، علیہ وعلیٰ آلہ صلاۃ رب العالمین ۱۲ (ان پر اور ان کی آل پر رب العالمین کی صلاۃ نازل ہو)

۲ یعنی محبتِ ذاتیہ کے ثمرہ اور نتیجہ میں ذات احدیث صرفہ کی طرف توجہ ہوتی ہے اور اس توجہ کا حاصل ہونا ولایت خاصہ محمدیہ کے ظہور کا موجب ہوتا ہے اس ولایت کے صاحب پر لاکھوں بار صلاۃ وسلام اور تحیۃ ہو ۱۲

یعنی اہل سکر جیسا کہ حضرت مجدد علیہ الرحمتہ نے دوسرے مکتوبات میں فرمایا ہے جو چاہے ان کی طرف رجوع کرے ۱۲

۳ یعنی ہر نبی کی شریعت کی اتباع (اس نبی کی) ولایت تک پہنچنے کے لئے لازمی ہے اور اس کی اتباع کے بغیر اس کی ولایت تک پہنچنا ثابت نہیں ہے پس آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کی اتباع بھی لازم وضروری ہے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولایت تک پہنچنے کے واسطے ۱۲

۴ قولہ نصیبے نیست، پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کی اتباع سے لازم نہیں آتا حضور کی ولایت تک پہنچنا، اور یہ اس کے خلاف ہے جو تم نے ثابت کیا ہے ۱۲

۵ قولہ نصیبے دارند یعنی حالانکہ اس دوسرے نبی کی شریعت کی اتباع نہیں کرتے، پس نبیوں میں سے کسی نبی کی شریعت کی اتباع کے بغیر اس نبی کی ولایت کو پانا واقع ہو گیا اور یہ ثابت شدہ بات کے خلاف ہے ۱۲

۶ اور اس میں کوئی محال بات نہیں کیونکہ کسی نبی کی ولایت کو پانا اس نبی کی شریعت کی اتباع کے بغیر لازم نہیں آتا ۱۲

المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆انعام...... نعمت دادن ۱۲...... نعمت دینا ۱۲۔...... ☆ایلام...... دردرسانیدن ۱۲...... تکلیف پہنچانا، دکھ دینا ۱۲۔...... ☆تفویض...... سپرکردن امرخود ☆ تفویض ...... سپرکردن امرخود بحق جل وعلا ۱۲...... اپنا ہر معاملہ حق تعالیٰ جلالہ کے سپرد کرنا ۱۲ ۔...... ☆میرسد...... انعام باشد یا ایلام ۱۲...... انعام یا دکھ جو کچھ پہنچے ۱۲۔...... ☆برغبت...... خواہش نمودن نعیم اخروی ۱۲...... آخرت کے انعامات کی طلب کرنا ۱۲۔...... ☆ رَہبت

Marfat.com

......بالفتح ترسیدن از عذاب اخروی ۱۲......را کی زبر سے، آخرت کے عذاب سے ڈرنا ۱۲۔......☆مطلق......کامل ۱۲......مکمل ۱۲۔......☆حصول

این دولت ...... انادیٔ زرقیت بالکلیہ وتوجہ بذات احدیۃ ۱۲......غلامی سے مکمل طور پر آزاد ہونا اور کلی طور پر ذاتِ احدیت کی طرف متوجہ ہونا

۱۲۔...... ☆ این توجہ ...... بذات احدیت محض ۱۲......صرف ذات احدیت کی طرف متوجہ ہونا ۱۲۔☆نعمت عظمیٰ......ولایت خاصہ محمدیہ

۱۲...... خاص طور پر ولایتِ محمدیہ (نعمت عظمیٰ ہے) ۱۲...... چہ شریعت بر نبی...... مربوط است بقول او قدس سرہ موقوفست...الخ ۱۲......اس

عبارت کا تعلق شیخ مجد دقدس سرہٗ کے پہلے قول موقوفست......کے ساتھ ہے۔۱۲......☆چہ در ولایت......الخ......مربوط است بقول او

قدس سرہ مناسب......الخ ۱۲......اس عبارت کا تعلق شیخ مجدد کے پہلے قول مناسب ولایت سے ہے۔۱۲......

﴿صہ ۶۷﴾ ۱ پس معترض کا قول سچ ثابت نہیں ہوتا کیونکہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کے بعض متبعین کو حضور کی ولایت سے حصہ نہیں ملتا، کیونکہ اس نبی کی ولایت ایک جزء ہے آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولایت خاصہ کے اجزا کا۔

لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولایتِ خاصہ کا کامل طور پر حاصل ہونا آپ کی شریعت کی کمال اتباع پر موقوف ہے، جب ایسا نہیں ہے تو اعتراض بھی کوئی وارد نہیں ہوتا ۱۲

۲ اور اس ولایت (خاصہ محمدیہ) تک نہ پہنچنے کا سبب آں حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کامل درجہ کی متابعت میں کمی ہے، اور کمی کے بھی مختلف درجے ہیں اس لئے ولایت کے درجات میں تفاوت ہوجاتا ہے، اور اگر آپ کی کامل درجے کی اتباع حاصل ہوجائے تو آپ کی ولایت تک پہنچنا ممکن ہے ۱۲

۲ اور اس ولایت (خاصہ محمدیہ) تک نہ پہنچنے کا سبب آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کامل درجہ کی متابعت میں کمی ہے، اور کمی کے بھی مختلف درجے ہیں اس لئے ولایت کے درجات میں تفاوت ہوجاتا ہے، اور اگر آپ کی کامل درجے کی اتباع حاصل ہوجائے تو آپ کی ولایت تک پہنچنا ممکن ہے ۱۲

۳ یعنی جب ان کو یہ ولایت خاصہ حاصل نہیں تو اعتراض بھی درست نہیں ۱۲

۴ تمام حمد اللہ تعالیٰ کی ہے جس نے ہم پر انعام فرمایا اور سیدھے راستہ اور مضبوط دین کی طرف ہدایت فرمائی ۱۲

۵ یعنی بے شک آپ رسولوں میں سے ہیں اور صراط مستقیم پر ہیں یہ آیت کریمہ سورۃ یٰسٓ پارہ ۲۲ میں واقع ہے ۱۲

۶ یعنی اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضور اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کامل متبعین اور بزرگ اولیائے کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے طفیل آپ کی شریعت کی کامل ترین اتباع نصیب فرمائے، آمین ۱۲

۷ قولہ حُبُّ الوَطنِ مِنَ الاِیمَانِ (وطن کی محبت ایمان سے ہے) مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث ہے، امام سخاوی نے فرمایا کہ میں اس کے حدیث ہونے سے واقف نہیں ہوں، لیکن اس کے معنی صحیح ہیں ۱۲ معرب

ــ و اور طا پر زبر ہے، آدمی کے رہنے کی جگہ، لوگوں کا اقامت کرنا، اس کی جمع اوطان ہے ۱۲ من

ــ لفظی مناسبت سے منتقل ہونا ۲.

۸ سفر در وطن سے مراد سَیرِ اَنفُسی ہے، اس کو جذبہ بھی کہتے ہیں، سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بزرگوں کی ابتدا اسی سَیر سے ہوتی ہے۔ اور سَیرِ آفاقی اسی سَیر کے ضمن میں طے ہوجاتی ہے اور دوسرے سلسلوں میں سَیرِ آفاقی سے کام کی ابتدا ہوتی ہے اور ان کی انتہا سَیرِ اَنفُسی کے ساتھ ہوتی ہے سَیرِ اَنفُسی سے کام کی ابتدا ہونا سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی خصوصیت ہے، اور اندراج نہایت در بدایت کے یہی معنی ہیں کہ سَیرِ اَنفُسی جو کہ دوسروں کی نہایت ہے وہ اس سلسلہ کے اکابر کی بدایت ہے، سَیرِ آفاقی مطلوب کو اپنے سے باہر ڈھونا ہے، اور سَیرِ اَنفُسی اپنے آپ میں آنا اور اپنے دل کے گرد پھرنا ہے اور اسی معنی میں کہا ہے ؎

ہمچو نابینا مبر ہر موئے دست　　　با تو در زیر گلیم است ہر چہ ہست

(از مکتوب خواجہ محمد معصوم قدس سرہٗ)

المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆انک ...... مبتداء ۱۲......یہ آیت مبتدا ہے۔ ۱۲......☆دلیل......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔ ۱۲......☆رقیمہ...... این مکتوب ۱۲......یہ مکتوب (۷۷)۔۱۲......☆متردد......رونده ۱۲......جانے والا۔۱۲...... مُحرِّک جنبانندہ ۱۲......حرکت دینے والا ۱۲۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

☆حــب الــوطــن...... الـــخ...... محبت وطن از ایمان است ۱۲......وطن کی محبت ایمان کے امور میں سے ہے ۱۲......☆اصول......قواعد ۱۲......ضابطے ،اصول ۱۲......☆اکابر......بزرگان ۱۲......بزرگانِ نقشبندیہ ۱۲......☆چاشنی......ذوق ۱۲......ذوق ۱۲

اٹھترواں مکتوب ﴿۷۸﴾

یہ مکتوب بھی جباری خاں کی طرف صادر ہوا ـــــــــ سفر در وطن اور سیر آفاقی وانفسی کی حقیقت (ومعنیٰ) کے بیان میں اور اس بیان میں کہ اس دولت کا حاصل ہونا صاحبِ شریعت علیہ وعلیٰ آلہٖ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع سے وابستہ ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ آنحضرت علیٰ مصدر ہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعتِ حقہ کے راستہ پر استقامت مرحمت فرمائے چند دن ہوئے کہ دہلی اور آگرہ کے سفر سے واپسی واقع ہوئی ہے اور وطن مالوف (پیارے وطن) میں آرام حاصل ہوا ہے۔ حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَانِ (وطن کی محبت ایمان کے امور میں سے ہے) شاملِ حال ہے، وطن میں پہنچنے کے بعد اگر سفر ہے تو وطن میں ہے۔

''سفر در وطن'' مشائخ خاندانِ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے اکابرین کے مقررہ اصولوں میں سے ہے، اس سفر کی چاشنی اس طریق میں ابتدا ہی میں میسر ہو جاتی ہے اور اندراج النہایت فی البدایت (ابتدا میں انتہا کے درج ہونے) کے طریق پر حاصل ہو جاتی ہے، (کارکنانِ قضاوقدر) اگر اس گروہ میں سے کسی جماعت کو مجذوب سالک بنانا چاہتے ہیں تو بیرونی (یعنی آفاقی) سیر میں ڈال دیتے ہیں اور اس سیرِ آفاقی کے تمام (مکمل) ہونے کے بعد سیرِ انفسی میں کہ جس سے مراد ''سفر در وطن'' ہے کچھ آرام دیتے ہیں۔

مصرع: ایں کار دولت است کنوں تا کرا رسد (ترجمہ: بڑی اعلیٰ ہے دولت، دیکھئے اب کس کو ملتی ہے)

مصرع: هَنِیْئًا لِّاَرْبَابِ النَّعِیْمِ نَعِیْمُهَا (ترجمہ: مبارک نعمتیں جنت کی ہوں اربابِ جنت کو)

اس نعمتِ عظمیٰ تک پہنچنا سیدِ اولین وآخرین علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التحیات اکملہا کے اتباع سے وابستہ ہے، جب تک اپنے آپ کو پوری طرح شریعت میں گم نہ کریں اور اوامر کے بجا لانے اور نواہی سے رُک جانے کے ساتھ پوری طرح آراستہ نہ ہو جائیں اس دولت ونعمت کی خوشبو جان کے دماغ تک نہیں پہنچ سکتی۔ شریعت کی مخالفت کے باوجود اگرچہ بال برابر ہی ہو، احوال ومواجید حاصل ہو جائیں (تو وہ سب) داخلِ استدراج ہیں، آخر کار اس کو رسوا وذلیل کریں گے۔ محبوب رب العالمین علیہ وعلیٰ آلہ من الصلوات افضلہا ومن التحیات اکملہا کی اتباع کے بغیر خلاصی (عذابِ آخرت سے رہائی) ممکن نہیں ہے چند روزہ زندگی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے پسندیدہ کاموں میں مشغول رکھنا چاہئے۔ یہ کیا زندگی اور کونسا عیش ہے کہ اس شخص کا مولیٰ (آقا) اس کے فعل سے ناراض ہو۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس کے تمام کُلّی وجزئی حالات پر مطلع اور حاضر ہے، شرم کرنی چاہئے۔

بالفرض اگر لوگ جان لیں کہ کوئی شخص ان کے ناپسندیدہ افعال اور عیبوں سے واقف ہو جائے گا تو (ایسی صورت میں) اس کے سامنے ان سے کوئی ناشائستہ امر واقع نہیں ہوتا اور وہ نہیں چاہتے کہ وہ شخص ان کے عیبوں پر مطلع ہو جائے، تو پھر

Marfat.com

اُن پر کیا مصیبت ہوئی کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو اس شخص کے برابر بھی نہیں سمجھتے، نَعُوْذُ بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا (ہم اپنے نفسوں کی شرارتوں اور اپنے بُرے اعمال سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں)۔

حدیث شریف جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُمْ بِقَوْلِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (اپنے ایمان کو کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے تازہ کرتے رہو) کے مطابق اس عظیم الشان کلمہ سے ہر وقت ایمان کو تازہ کرتے رہنا چاہیے، اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ میں تمام ناپسندیدہ افعال سے توبہ ورجوع کرنی چاہیئے ممکن ہے کہ پھر دوسرے وقت تک توبہ کا موقع نہ ملے ——— ھَلَكَ الْمُسَوِّفُوْنَ (آج کل کہنے والے یعنی دیر کرنے والے ہلاک ہوگئے) نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات کی حدیث ہے جس کا مطلب ہے سَوْفَ اَفْعَلُ (آئندہ کرلوں گا) کہنے والے یعنی تاخیر کرنے والے ہلاک ہوگئے ——— فرصت کو غنیمت جاننا چاہیئے اور (اپنے اوقات کو) اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے کاموں میں صرف کرنا چاہیئے۔ توبہ کی توفیق بھی حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عنایتوں میں سے ہے، ہمیشہ حق تعالیٰ سے اس معنی (یعنی اس توفیق) کے خواہاں رہیں ——— اور جو درویش شریعت میں مضبوط قدم رکھتے ہیں اور عالم حقیقت کو اچھی طرح پہچانتے ہیں اُن سے دعا طلب کرنی چاہیئے اور مدد لینی چاہیئے تاکہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی عنایت ان کی کھڑکی سے (یعنی اُن کے طفیل سے) ظاہر ہوکر اپنی پاک بارگاہ کی طرف پوری طرح جذب کرلے اور مخالفت کی اس میں کوئی گنجائش نہ رہے۔ جبتک شریعت کی مخالفت کا راستہ بال برابر بھی کھُلا رہے خطرہ کا مقام ہے مخالفت کے تمام راستوں کو بند کرنا چاہیئے۔

بیت ——— محال است سعدی کہ راہِ صفا ——— تو اں رفت جز در پے مصطفیٰؐ

(ترجمہ:۔ ——— تجھے حاصل نہ ہو جبتک نبی کی پیروی کرنا ——— نہیں ممکن کبھی اہلِ صفا کی راہ پر چلنا)

آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور آپ کی آل پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور سلامتی ہو۔

اہل اللہ پر خصوصاً جبکہ پیری ومرشدی کا نام درمیان میں ہو (یعنی جبکہ وہ پیر ومرشد بھی ہو) اور فائدہ حاصل کرنے کا راستہ کھُلا ہوا ہو، اعتراض نہیں کرنا چاہیئے اور اس کو زہر قاتل سمجھنا چاہیئے، اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے، یہ چند باتیں محبت واخلاص کے تعلق کی بنا پر لکھی گئی ہیں امید ہے کہ ملال کا باعث نہ ہوں گی۔

دوسرے یہ تکلیف دی جاتی ہے کہ ملا عمر اور شاہ حسن تریف زادے اور خاندانی آدمی ہیں اور آپ کی خدمت کے خواہاں ہیں، امید ہے کہ اپنے خالص ملازموں میں داخل فرمائیں گے، اسمٰعیل بھی اسی ارادہ سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہے اگرچہ پیادہ ہے کے امیدوار ہے کہ اپنی حالت کے مناسب حصہ پالے گا۔ زیادہ کیا تکلیف دی جائے۔ والسلام مع الاکرام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۶۸﴾ ۱ جنت کی نعمتیں اَرباب جنت کو مبارک ہوں ۱۲

ع پہلے میم پر زبر ہے اور دوسرے میم پر شد ہے، ناک اور سونگھنے کی قوت کے مقامات ۱۲

ع عمداً کیونکہ بھول چوک تو معاف ہے۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا۔ (اے ہمارے رب ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھول جائیں یا بے قصد ہم سے قصور سرزد ہو جائے)

۲ اس حدیث کی تحقیق مکتوب ۵۲ مکتوب ۷۳ میں لکھی گئی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

۳؎ اس حدیث کی تحقیق وتخریج مکتوب ۴۷ میں گزر چکی ہے وہاں دیکھئے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆انفسی......اندرونی ۱۲......باطنی ۱۲......☆باتثال......فرمانبرداری ۱۲......حکم پر عمل کرنا، اطاعت گزاری ۱۲......☆نواہی
بازماندن ۱۲......رک جانا ۱۲ ☆متحلی ...... متزین ۱۲......روشن، سجاوٹ والا ۱۲......☆داخل استدراج......امہال یعنی مہلت دادن ۱۲
مہلت دینا، رعایت کرنا ۱۲......☆ ناشائستہ...... کارنالائق ۱۲......ناپسندیدہ کام ۱۲......☆جددو ایمانکم ... الخ ...... نوین
سازید ایمان خود را بتکرار لا الہ الا اللہ ۱۲......لا الہ الا اللہ کے ذکر سے اپنے ایمان کو تازہ کریں ۱۲......☆ آنے ...... لحظہ ۱۲ ...... لحظہ مختصر وقت،
ہروقت......☆انابت......رجوع ۱۲......رجوع کرنا، واپس آنا ۱۲...... هَلَكَ الْمُسَوِّفُوْنَ ...... مبتداء ۱۲......یہ حدیث مبتدا
ہے ۱۲......☆حدیث......خبر ۱۲......یہ خبر ہے ۱۲......☆گشتند......خواہم کرد ۱۲......پھر کریں گے، ٹھہر کر کریں گے ۱۲

﴿صہ ۶۹﴾ ہمت ھا کی زیر اور م پر زبر اور شد ہے، اس کے معنی غم اور فکر ہیں مجازی طور پر بلند ارادہ، دل کا قصد، اندازہ کے معنی میں آتا ہے، اور مجازی طور پر دعا کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور اس جگہ آخری معنی ہی مراد ہیں ۱۲

۱؎ قولہ دریچہ، پہلے حرف پر زبر، (بے نقطہ "ر" کے نیچے زیر ہے، ی معروف ہے اور جیم فارسی (چ) یعنی چھوٹا دروازہ، دراصل دریزہ تھا ذ نقطہ والی کو چ میں بدل دیا گیا دریزہ مرکب ہے لفظ در اور لفظ یزہ جوی نیچے دو نقطہ والی اور ذ ایک نقطہ والی اس کے معنی چھوٹا اور صغیر ہیں مرکب کرنے کی حالت میں ی کو ساکن کرتے ہیں چنانچہ مشکیزہ بمعنی چھوٹی مشک، بعضے ذ ر بـ ـچـ ـہ ایک نقطہ والی ب سے لکھتے ہیں ۱۲ (غیاث مع الاختصار ۱۲)

☆راسخ......محکم ۱۲......مضبوط، ٹھوس......☆سبل ...... راہہا ۱۲......راستے ۱۲......☆اعتراض......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا
ہے......☆نباید......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔ ۱۲ ...... ☆سم......زہر ۱۲......زہر ۱۲......☆اطنابست......تطویل ۱۲......طول
دینا لمبا کرنا ۱۲......☆فراخور......سزاوار ۱۲......مناسب لائق۔ ۱۲......☆غرا......روشن ۱۲......منور ۱۲......☆برجادۂ......شاہراہ
۱۲......وسیع سڑک، کشادہ راستہ ۱۲......☆چونکہ ...... شرط ۱۲ ...... یہ عبارت شرط ہے......☆محمد ﷺ......مبتداء ۱۲......مبتدا
ہے......☆جامع......خبر ۱۲......یہ خبر ہے......

اُناسی واں مکتوب ﴿۷۹﴾

یہ مکتوب بھی جباری خاں کی طرف صادر فرمایا اس بیان میں کہ یہ روشن شریعت تمام گذشتہ شریعتوں کی جامع ہے اور اس شریعت کے مطابق عمل کرنا تمام شریعتوں کے مطابق عمل کرنا ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اللہ تعالیٰ حضرت محمد مصطفیٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے راستہ پر ثابت قدمی واستقامت نصیب فرما کر اپنی پاک بارگاہ کی طرف پوری طرح متوجہ کرلے، چونکہ ثابت ہو چکا ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے تمام اسمائی وصفاتی کمالات کے جامع ہیں اور ان سب (اسماء وصفاتِ الٰہیہ) کے اعتدال کے طور پر مظہر ہیں، جو کتاب آپ پر نازل ہوئی ہے وہ ان تمام آسمانی کتابوں کا خلاصہ (نچوڑ) ہے جو تمام انبیاءِ کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات پر نازل ہوئی ہیں اور نیز وہ شریعت جو آنسرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائی گئی ہے تمام گذشتہ شریعتوں کا خلاصہ (عمدہ حصہ) ہے، اور وہ اعمال جو شریعت حقہ کے موافق ہیں سب سابقہ شریعتوں کے اعمال میں سے منتخب ہیں بلکہ

Marfat.com

ملائکہ کرام صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علی نبینا وعلیہم کے اعمال سے بھی منتخب ہیں کیونکہ بعض فرشتوں کو رکوع کا حکم دیا گیا ہے اور بعض کو سجدہ کا اور بعض کو قیام کا، اور اس طرح گذشتہ امتوں میں سے بعض کو صبح کی نماز کا حکم دیا گیا تھا اور دوسری بعض (امتوں) کو دوسرے (وقت کی) نمازوں کا۔ پس اس شریعت میں گذشتہ اُمتوں اور مقرب فرشتوں کے اعمال کا خلاصہ اور اُن کا عمدہ حصہ انتخاب کر کے ان کے بجالانے کا حکم دیا گیا ہے لہذا اس شریعت کی تصدیق کرنا اور اس کے مطابق اعمال بجالانا حقیقت میں تمام شریعتوں کی تصدیق کرنا اور ان شریعتوں کے موافق اعمال بجالانا ہے۔

پس اس میں کوئی شک نہیں کہ اس شریعت کی تصدیق کرنے والے (خیر الامم) تمام امتوں سے بہتر ہوئے۔ اور اسی طرح اس شریعت کو جھٹلانا اور اس کے موافق عمل نہ کرنا تمام سابقہ شریعتوں کو جھٹلانا اور ان کے موافق عمل نہ کرنا ہے، اور اسی طرح آنسرور علیہ الصلوۃ والسلام کا انکار کرنا تمام اسمائی وصفاتی کمالات کا انکار کرنا ہے اور آپ ﷺ کی تصدیق کرنا ان سب کی تصدیق کرنا ہے پس ثابت ہوا کہ آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے منکر اور اس شریعت کو جھٹلانے والے تمام امتوں سے بدتر ہوں آیت اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ کُفْرًا وَّنِفَاقًا (توبہ آیت ۹۷) عرب کے صحرانشین لوگ کفر ونفاق میں سخت تر واقع ہوئے ہیں) میں اسی طرف اشارہ ہے۔

محمدؐ عربی کآبروئے ہر دوسراست	کسے کہ خاک درش نیست خاک برسرِ اُو
(اردو ترجمہ) عزتِ کونین ہیں حضرت محمد مصطفیٰؐ	آپ کا منکر ہوا خوار و ذلیل دوسرا

خدائے منعم کی حمد اور احسان ہے کہ اس شریعت اور صاحب شریعت علیہ الصلوۃ والسلام والتحیۃ کے ساتھ آپ کا حُسنِ اعتقاد اور کامل یقین اچھی طرح مشاہدہ ہو چکا ہے اور نامناسب حرکات وافعال پر ہمیشہ آپ کو ندامت لاحق رہی ہے، حق سبحانہ وتعالیٰ اس میں اضافہ عطا فرمائے۔

دیگر التماس یہ ہے کہ حامل رقیمۂ دعا میاں شیخ مصطفیٰ، قاضی شریح کی نسل سے ہیں۔ ان کے بزرگ اس ملک (ہندوستان) میں بڑی عزت کے ساتھ آئے تھے اور ذرائع معاش ووظائف بکثرت رکھتے تھے، مشارٌ الیہ معاش کی تنگی کی وجہ سے لشکر کی طرف متوجہ ہوا ہے اور سندات وفرمان نامے اپنے ہمراہ لایا ہے امیدوار ہے کہ آپ کے وسیلہ سے جمعیت حاصل کرلے، زیادہ کیا تکلیف دوں۔ مشارٌ الیہ کی سفارش کسی طرح سے صدرِ اعظم کے پاس کر دیں کہ ان کا کام بن جائے اور پریشان حال والوں کی جمعیت کا باعث ہو۔ والسلام والاکرام۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۲۰۷﴾ قال العلی القاری فی شرح المشکوٰۃ واخرج الطحاوی عن عبید اللہ ابن محمد عن عائشۃ أن آدم لماتیب علیہ عند الفجر صلی رکعتین فصارت الصبح وفدی اسحاق (اسماعیل) عند الظہر فصلی اربع رکعات فصارت الظہر وبعث عزیر فقیل لہ کم لبثت؟ قال یوما فرأی الشمس فقال او بعض یوم فصلی اربع رکعات فصارت العصر وغفر لداود عند المغرب فقام فصلی اربع رکعات فجھد فی الثالثۃ ای تعب فیھا عن الاتیان بالرابعۃ لشدۃ ماحصل لہ من البکاء علی مااقترفہ مماھو خلاف الأولیٰ فصارت المغرب ثلاثا واول من صلی العشاء الاخرۃ نبینا ﷺ ۱۲

(ترجمہ) حضرت ملاعلی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں امام طحاوی نے حضرت عبید اللہ بن محمد سے انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ جب فجر کے وقت حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول ہوئی تو آپ نے (شکریہ کے طور پر) دو رکعت نماز ادا کی، اس طرح نماز فجر کی ابتدا ہوئی، اور ظہر کے وقت جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذبیحہ مینڈھے کی شکل میں قبول ہوا تو آپ نے ظہر کے وقت چار رکعت (شکریہ کے طور پر) ادا کیں، اس طرح نماز ظہر کی ابتدا ہوئی، اور جب حضرت عزیز علیہ السلام سو سال کے بعد زندہ ہوئے تو ان سے کہا گیا کہ کتنی دیر یہاں رہے؟ آپ نے کہا ایک دن، پھر آپ نے سورج دیکھا تو فرمایا یا دن کا کچھ حصہ، تو آپ نے چار رکعت پڑھیں، اس طرح نماز عصر کی ابتدا ہوئی اور حضرت داؤد علیہ السلام کی مغرب کے وقت توبہ قبول ہوئی خلاف اَولیٰ فعل سرزد ہونے کی وجہ سے تو آپ چار رکعت پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے لیکن شدت گریہ کی وجہ سے تین رکعت پڑھنے کے بعد تھک گئے۔ اس طرح مغرب کی تین رکعتیں قرار پائیں۔ اور نماز عشاء سب سے پہلے آنحضرت ﷺ نے ادا فرمائی۔ آپ سے پہلے کسی کے ہاں عشاء کی نماز نہیں تھی۔

٥ آپ کا نام قاضی شریح بن الحارث بن قیس کوفی نخعی قاضی ابوامیہ مُخضرم ہے آپ ثقہ ہیں اور ٨٠ھ کے لگ بھگ وفات پائی اور ایک سو آٹھ سال یا اس سے زیادہ عمر پائی بعض نے کہا ہے انہوں نے ستر سال فیصلے کئے ہیں ١٢

☆متن......بین السطور......معانی

☆کتابے کہ......جزا ١٢......یہ عبارت شرط کی جزا ہے۔......☆زُبدۂ جمیع شراع......بالضم خلاصہ ہر چیز ١٢......ز پر پیش ہے، تمام شریعتوں کا نچوڑ۔......☆بامداد......صبح ١٢......صبح کی نماز۔......☆تکذیب ایں......مبتداء ١٢......یہ مبتدا ہے۔......☆تکذیب است......خبر ١٢......یہ مبتدا کی خبر ہے۔......☆ایشان را......مکتوب الیہ ١٢......جن کی طرف مکتوب لکھا گیا ہے۔......☆اوضاع......احوال ١٢......حالات۔......☆ملائمہ......نامناسب ١٢......نامناسب۔......☆رقیمہ......مکتوب ١٢......خط، مکتوب۔......☆دریں دیار......ہندوستان ١٢......ملکِ ہند۔......☆وجوہ......طرق ١٢......ذریعے، طریقے۔......☆مشارالیہ......شیخ مصطفیٰ ١٢......مراد شیخ مصطفےٰ ہیں۔......☆اَسناد......بالفتح جمع سند ١٢......(ک زبر سے، سند کی جمع۔......

اسی واں مکتوب ﴿٨٠﴾

مرزا فتح اللہ حکیم کی طرف صادر فرمایا اس بیان میں کہ تہتر فرقوں میں سے فرقہ ناجیہ اہلِ سنت و جماعت کا گروہ ہے اور بدعتی فرقوں کی مذمت اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی شریعت کے راستہ پر استقامت نصیب فرمائے۔ مصرعہ

کار ایں است غیر ایں ہمہ ہیچ (ترجمہ) کام اصلی ہے یہی اس کے سوا سب ہیچ ہے)

(اگرچہ) تہتر فرقوں میں سے ہر ایک فرقہ شریعت کی اتباع کا دعویٰ کرتا ہے اور اپنی نجات کا یقین رکھتا ہے (جیسا کہ آیتِ شریفہ) كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ (روم آیت ٣٢) (یعنی ہر گروہ اس پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے) ان کے حال کے مطابق ہے، لیکن پیغمبرِ صادق علیہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا نے ان متعدد فرقوں میں سے ایک "ناجیہ" (نجات پانے والا) فرقے کی تمیز کے لئے جو دلیل بیان فرمائی ہے وہ یہ ہے:۔۔۔۔ اَلَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِيْ (یعنی فرقہ ناجیہ وہ ہے جو اس طریقہ پر ہو جس پر میں ہوں اور میرے اصحاب ہیں)۔۔۔۔ صاحبِ شریعت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ کا ذکر (کہ جس طریقے پر میں ہوں) کافی ہونے کے باوجود، اس مقام پر اصحاب کرام کا ذکر اسی لئے ہو سکتا

Marfat.com

ہے تا کہ سب کو معلوم ہو جائے کہ "جو میرا طریقہ ہے وہی میرے اصحاب کا طریقہ ہے" لہذا نجات کا طریقہ ان حضرات کے اتباع پر موقوف ہے جیسا کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے فرمایا ہے: مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ (نساء آیت ۸۰) (جس نے رسول کی اطاعت کی تو یقیناً اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی)۔ پس رسولؐ کی اطاعت درحقیقت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے، اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی اطاعت کے خلاف کرنا سراسر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے

جن لوگوں نے حق تعالیٰ وتقدس کی اطاعت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کے خلاف تصور کیا ہے حق سبحانہٗ وتعالیٰ ان کے حال کی اطلاع دیتا ہے اور ان پر کفر کا حکم لگاتا ہے چنانچہ فرماتا ہے: يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ج (نساء آیت ۱۵۰، ۱۵۱) (یعنی یہ لوگ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسول کے درمیان فرق ڈالیں اور کہتے ہیں کہ ہم بعض آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور بعض کا انکار کرتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان کا راستہ اختیار کر لیں، یہی لوگ درحقیقت پکے کافر ہیں)۔

پس مذکورہ بالا صورت سے واضح ہو گیا کہ اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے طریقے کی پیروی کئے بغیر آنسرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اتباع کا دعویٰ کرنا باطل اور جھوٹ ہے۔ بلکہ حقیقت میں وہ اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عین نافرمانی ہے پس اس صحابہء کرامؓ سے) مخالفت کے طریقے میں نجات کی کیا گنجائش ہے۔ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد) وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ۚ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ (سورہ مجادلہ آیت ۱۸) (اور یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی اچھی حالت (حقیقت) پر ہیں، خبردار ہو جائیے بیشک یہی لوگ بڑے ہی جھوٹے ہیں) ان کے حال کے مطابق ہے اور اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ وہ فرقہ جس نے آنسرور علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کے اصحابِ کرام کی متابعت کو لازمی طور پر اختیار کیا ہے اہلِ سنت وجماعت ہیں، اللہ تعالیٰ انکی کوششوں کو مشکور فرمائے۔ پس یہی لوگ فرقہ ناجیہ ہیں۔

اور کیونکہ پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحابِ کرامؓ کو طعن کرنے والے لوگ خود اُن (صحابہ کرامؓ) کے اتباع سے محروم ہیں جیسا کہ شیعہ اور خارجی اور معتزلہ جو خود نیا پیدا شدہ مذہب رکھتے ہیں۔ ان (معتزلہ) کا سردار واصل بن عطاء حضرت امام حسن بصری رحمہ اللہ کے شاگردوں میں سے ہے جو ایمان اور کفر کے درمیان واسطہ ثابت کرنے کے باعث امام (موصوف) سے جدا ہو گیا اور امام نے اس کے بارے میں فرمایا اِعْتَزَلَ عَنَّا (ہم سے جدا ہو گیا)۔ باقی تمام فرقوں کو بھی اسی پر قیاس کر لیجئے۔

اور اصحاب کرامؓ کے حق میں طعن کرنا فی الحقیقت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں طعن کرنا ہے مَا اٰمَنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ مَنْ لَّمْ يُوَقِّرْ اَصْحَابَهٗ (جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کی عزت وتعظیم نہیں کی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان نہیں رکھتا) اس لئے کہ ان حضرات کے ساتھ خباثت کرنا ان کے صاحب (یعنی پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام) کے ساتھ خباثت کرنا ہے، اللہ تعالیٰ ہم کو اس برے اعتقاد سے بچائے اور نیز جو شرعی احکام قرآن وحدیث کے واسطہ سے ہم تک پہنچے ہیں وہ سب انہی (صحابہ کرامؓ) کی نقل وروایت کے وسیلے سے ہیں، جب وہ (اصحاب کرام) مطعون

Marfat.com

ہوں گے تو ان کی نقلیں اور روایتیں بھی مطعون ہوں گی۔ اور یہ نقل و روایات ایسی نہیں کہ بعض کے سوا بعض کے ساتھ مخصوص ہوں بلکہ تمام اصحاب کرامؓ عدالت (تقویٰ) صدق اور (احکامِ شریعت کی) تبلیغ میں برابر ہیں۔ پس ان میں سے کسی ایک (صحابیؓ) کو بھی طعن و تشنیع کرنے سے دین میں طعن کرنا لازم آتا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے بچائے ____ اور اگر طعن لگانے والے یہ کہیں کہ ہم بھی اصحابِ کرامؓ کی متابعت کرتے ہیں (لیکن) یہ ضروری نہیں کہ ہم سب اصحاب کی متابعت کریں، بلکہ ان کے اجتہادوں کے متضاد اور ان کے مذہبوں کے مختلف ہونے کے باعث ان سب کی متابعت ممکن بھی نہیں ہے ____ تو ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ بعض اصحاب کی متابعت اس وقت فائدہ مند ہوسکتی ہے جبکہ بعض دوسرے اصحاب کا انکار اس کے ساتھ شامل نہ ہو، ورنہ بعض اصحاب کا انکار کرنے کی صورت میں بعض دوسرے اصحاب کی متابعت ثابت نہیں ہوتی، کیونکہ مثلاً حضرتِ امیر (علیؓ بن ابی طالب) نے خلفائے ثلاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی عزت و تکریم کی ہے اور ان کے مقتدا ہونے کی شان کو جانتے ہوئے ان سے بیعت کی ہے، پس خلفائے ثلٰثہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کا انکار کرنے کے باوجود حضرت امیر (علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی متابعت کا دعویٰ کرنا محض افترا و بہتان ہے بلکہ وہ (خلفائے ثلاثہ کا) انکار درحقیقت حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انکار ہے اور ان کے اقوال و افعال کا صریح رد ہے۔

اور تقیہ کے احتمال (شک) کو حضرت اسد اللہ (شیرِ خدا یعنی حضرت علی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں بیان کرنا بھی عقل کی کمی (بیوقوفی) کی وجہ سے ہے۔ صحیح عقل ہرگز اس بات کو جائز نہیں سمجھتی کہ حضرت اسد اللہ (شیرِ خدا) کمال معرفت و شجاعت کے باوجود خلفائے ثلاثہ کے بغض کو تیس سال تک (اپنے سینہ میں) پوشیدہ رکھیں اور ان کے خلاف کچھ ظاہر نہ کریں اور ان کے ساتھ منافقانہ صحبت رکھیں۔ اس قسم کا نفاق کسی ادنیٰ درجے کے مسلمان سے بھی تصور نہیں کیا جاسکتا اس فعل کی برائی کو معلوم کرلینا چاہئے کہ حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف کس قسم کی برائی اور کس طرح کا فریب و نفاق منسوب ہوجاتا ہے۔ اور اگر بفرضِ محال حضرت اسد اللہ کے حق میں تقیہ جائز بھی ہو تو حضرتِ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلفائے ثلاثہ کی جو عزت و تعظیم کرتے تھے اور ابتدا سے انتہا تک ان کو بزرگ جانتے رہے ہیں، یہ لوگ اس کا کیا جواب دیں گے، وہاں تقیہ کی گنجائش نہیں ہے، حق بات کی تبلیغ پیغمبر پر واجب ہے، تقیہ کو وہاں داخل کرنا زندقہ (الحاد و کفر) تک پہنچا دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ (سورہ مائدہ آیت ۶۷) (اے اللہ کے) رسول! جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے اس کو (لوگوں تک) پہنچا دیجئے۔ اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو رسالت کا حق ادا نہ کیا اور اللہ آپ کو لوگوں (کے شر) سے محفوظ رکھے گا) کفار کہا کرتے تھے کہ ''محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس وحی کو جو اس کے موافق ہوتی ہے ظاہر کردیتا ہے اور جو وحی اس کے خلاف ہوتی ہے اس کا اظہار نہیں کرتا (بلکہ) اس کو چھپا لیتا ہے'' اور یہ بات ثابت ہے کہ نبی کو خطا پر قائم رکھنا جائز نہیں ہے ورنہ اس کی شریعت میں خلل اور نقص پیدا ہوجاتا ہے، پس جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خلفائے ثلاثہ کی تعظیم و توقیر کے خلاف کچھ بھی ظاہر نہیں ہوا تو معلوم ہوا کہ ان (خلفائے ثلاثہ) کی تعظیم و توقیر کرنا خطا سے مامون اور زوال سے محفوظ رکھتی تھی۔

Marfat.com

اب ہم اصل بات کی طرف رُخ کرتے ہیں اوران کے اعتراض کا جواب زیادہ صاف وواضح طریقہ پر دیتے ہیں کہ اصولِ دین میں تمام اصحابِ کرامؓ کی متابعت لازم ہے، اوروہ (صحابہؓ) اصول کے اندر آپس میں ہرگز کوئی اختلاف نہیں رکھتے تھے، اگر (کچھ) اختلاف ہے بھی تو وہ صرف فروع میں ہے۔ اور جو شخص ان میں سے بعض (صحابہؓ) کو طعن کرتا ہے تو وہ سب کی متابعت سے محروم ہے ہرچند اُن (اصحاب کرامؓ) کا کلمہ متفق ہے (یعنی اصولِ دین میں سب کے سب ایک ہی ہیں) لیکن بزرگانِ دین کے انکار کی بدبختی (دوسرے لوگوں کو) اختلاف میں ڈال دیتی ہے اور متفق ہونے سے خارج کردیتی ہے۔ بلکہ قائل کا انکار اس کے کلام کے انکار تک پہنچادیتا ہے اور نیز شریعت کے پہنچانے والے سب کے سب اصحاب کرامؓ ہیں جیسا کہ پہلے بیان ہوچکا ہے۔ لِاَنَّ الصَّحَابَةَ كُلَّهُمْ عُدُوْلٌ (کیونکہ تمام صحابہ عادل (متقی) ہیں)۔ ہرایک (صحابیؓ) سے کچھ نہ کچھ شریعت ہم تک پہنچی ہے اور اسی طرح قرآنِ کریم کو بھی ہرایک (صحابیؓ) سے ایک آیت یا زیادہ آیتیں لیکر جمع کی گیا ہے۔ لہٰذا کسی صحابی کا انکار کرنا اس کی تبلیغ کا (اور اس سے منقول شدہ آیات کا) انکار کرنا ہے۔ پس جب اس منکر کے حق میں پوری شریعت کا بجالانا ناممکن ہوا تو اس کی نجات اور کامیابی کس طرح ہوسکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰۤى اَشَدِّ الْعَذَابِ ط (بقرہ آیت ۸۵) (یعنی کیا تم کتاب کے بعض حصہ پر ایمان لاتے ہو اور بعض حصہ کا انکار کرتے ہو، پس تم میں سے جو لوگ ایسا کرتے ہیں ان کی جزا اس کے سوا اور کیا ہے کہ وہ دنیا میں ذلیل وخوار ہوں اور آخرت میں سخت عذاب کی طرف دھکیل دیئے جائیں)

اس کے باوجود ہم کہتے ہیں کہ موجودہ قرآن مجید حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا جمع کیا ہوا ہے، بلکہ فی الحقیقت قرآن کریم کے جمع کرنے والے حضرت صدیق وحضرت فاروق رضی اللہ عنہما ہیں۔ حضرت امیر (علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا جمع کیا ہوا قرآن اس قرآن کے علاوہ ہوگا۔ پس سوچنا چاہئے کہ ان بزرگوں کا انکار حقیقت میں قرآن کریم کے انکار تک پہنچاتا ہے عِيَاذًا بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ)۔

ایک شخص نے اہل شیعہ کے کسی مجتہد سے سوال کیا۔ ''یہ قرآن مجید حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جمع کیا ہوا ہے آپ کا اس قرآن مجید کے متعلق کیا اعتقاد ہے؟'' اس نے جواب دیا ''میں اس کے انکار میں مصلحت نہیں دیکھتا، کیونکہ اس کے انکار سے تمام دین درہم برہم ہوجاتا ہے'' ___ علاوہ ازیں عقلمند آدمی ہرگز کبھی اس کو جائز نہیں سمجھتا کہ آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کرامؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے روز ہی باطل امر پر اجماع کرلیں ___ اور یہ بات بھی ثابت شدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے دن آپؐ کے تینتیس ہزار (۳۳۰۰۰) اصحاب حاضر تھے اور انھوں نے اپنی رضا ورغبت سے حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (کے ہاتھ پر) بیعت کی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان سب اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کا گمراہی پر جمع ہونا محالات میں سے ہے۔ اور حالانکہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ نے فرمایا ہے: لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ (میری امت کبھی گمراہی پر جمع نہیں ہوگی)۔

اور جو توقف ابتداء میں حضرت امیر (علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے واقع ہوا ہے وہ اس وجہ سے تھا کہ اس مشورہ میں

Marfat.com

حضرت امیرؓ کو نہیں بلایا گیا تھا چنانچہ حضرت امیر رضی اللہ عنہ نے خود فرمایا مَا غَضِبْنَا اِلَّا لِتَاءَ خُرِنَا عَنِ الْمَشُوْرَةِ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ خَيْرٌ مِنَّا (ہم اس لئے ناراض ہوئے ہیں کہ ہم کو مشورہ میں نہیں بلایا گیا ورنہ یہ تو ہم بھی جانتے ہیں کہ بیشک ابوبکرؓ ہم سے بہتر ہیں)۔ اور ان (حضرت امیرؓ) کو مشورہ میں نہ بلانا بھی کسی مصلحت پر مبنی ہوگا۔ مثلاً اہلِ بیت نبویؐ کی تسلی کے لئے اس مصیبت کے اول صدمہ کے وقت میں حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ان کے پاس موجود ہونا وغیرہ ذالک۔

اور وہ اختلافات جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کرامؓ کے درمیان واقع ہوئے تھے وہ نفسانی خواہشات کی وجہ سے نہیں تھے کیونکہ ان کے پاکیزہ نفس تزکیہ حاصل کر چکے تھے اور امارگی (کے درجہ) سے (نکل کر) اطمینان (کے درجہ) تک پہنچ چکے تھے، ان کی تمام خواہشات شریعتِ مقدسہ کے تابع ہو چکی تھیں بلکہ وہ اختلافِ اجتہاد اور حق بلند کرنے پر مبنی تھا پس ان میں سے (اجتہادی) خطا کرنے والا بھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک درجہ رکھتا ہے اور صحیح اجتہاد کرنے والے کو تو دو درجے (دوہرا ثواب) حاصل ہوتے ہیں، پس اپنی زبان کو ان کی شان میں گستاخی کرنے سے روکنا چاہئے اور ان سب کو نیکی سے یاد کرنا چاہئے۔

امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: تِلْكَ دِمَاءٌ طَهَّرَ اللّٰهُ عَنْهَا اَيْدِيَنَا فَلْنُطَهِّرْ عَنْهَا اَلْسِنَتَنَا (یہ وہ خون ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو پاک رکھا ہے پس ہمیں اپنی زبانوں کو ان سے پاک رکھنا چاہئے)۔ اور نیز امام شافعیؒ نے فرمایا ہے: اِضْطَرَّ النَّاسُ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدُوْا تَحْتَ اَدِيْمِ السَّمَآءِ خَيْرًا مِّنْ اَبِيْ بَكْرٍ فَوَلَّوْهُ رِقَابَهُمْ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کی وفات) کے بعد لوگ بے چین ہو گئے پس انہوں نے آسمان کی چھت کے نیچے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بہتر کسی کو نہ پایا تو اس کو اپنی گردنوں کا والی بنالیا (یعنی ان کو خلیفہ مقرر کر لیا اور ان کی اطاعت کو لازم جانا) یہ قول (حضرت امیرؓ) کے تقیہ کی نفی اور حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت پر حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رضامندی کی صراحت کرتا ہے۔

باقی مقصود یہ ہے کہ میاں سیدن ولد میاں شیخ ابوالخیر بزرگ خاندان سے ہے، آپ کی معیت میں دکن کے سفر پر بھی گیا تھا آپ کی عنایت و توجہ کا امیدوار ہے اور نیز مولانا محمد عارف طالب علم اور بزرگ زادہ ہے اس کا باپ بڑا عالم تھا مدد معاش کی غرض سے حاضر ہوا ہے اور آپ کی توجہ کا امیدوار ہے، والسلام والاکرام۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۱۷﴾ ۱؎ قولہ ہفتا دوسہ گروہ الخ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس کو ترمذی نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے انہوں نے کہا قال رسول اللہ ﷺ لیأتینّ علی أمتی کما أتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل حتی ان کان منھم من أتی أمّہ علانیۃ لکان فی أمتی من یصنع ذٰلک وإن بنی اسرائیل تفرّقت ثنتین وسبعین ملۃ وتفترق امتی علی ثلاث وسبعین ملۃ کلھم فی النار الا ملۃ واحدۃ قالوا: من ھی یا رسول اللہ ﷺ؟ قال ما انا علیہ واصحابی (مشکوٰۃ، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت پر بھی وہ دور آئے گا جو کہ بنی اسرائیل پر آیا تھا، بالکل ویسا ہی ہوگا یہاں تک کہ اگر ان

Marfat.com

(بنی اسرائیل) میں سے کوئی ایسا ہوا جس نے اپنی ماں کے ساتھ علانیہ بدکاری کی ہو تو میری امت میں بھی ایسا کوئی ہوگا جو اپنی ماں سے بدکاری کرے گا (نیز) بنی اسرائیل بہتر ۷۲ فرقوں میں بٹ گئے تھے اور میری امت تہتر ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی اور ایک فرقہ کے علاوہ سب کے سب جہنمی ہوں گے، آپ سے پوچھا گیا کہ وہ ایک فرقہ کونسا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم؟ آپ نے فرمایا کہ وہ ہے جس پر میں ہوں اور میرے صحابہ قائم ہیں۔ (مشکوٰۃ)

۲ قولہ کُلُ حِزبِ الخ (یعنی ہر گروہ اس پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے) یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۲۱ سورۃ روم میں واقع ہے ۱۲

۳ قولہ الذین هم علی الخ حدیث کے معنی کا بیان ہے ۱۲

۴ یہ آیت کریمہ پارہ پانچ سورۃ نساء (آیت ۸۰) میں واقع ہے (یعنی جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی تو یقیناً اس نے اللہ کی اطاعت کی) ۱۲

۵ یہ اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے جو پارہ ۶ کے شروع اور سورۂ نساء کے آخری حصہ میں واقع ہے، آیت اس طرح شروع ہوتی ہے اِنَّ الَّذِینَ یَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ وَیُرِیْدُوْنَ اَنْ یُفَرِّقُوْا بَیْنَ اللّٰہِ وَرُسُلِہٖ الخ (ترجمہ: بے شک جو لوگ کفر کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسولوں کے ساتھ اور ارادہ کرتے ہیں کہ جدائی کریں اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان اور کہتے ہیں کہ ہم بعض کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور وہ چاہتے ہیں کہ ایمان اور کفر کے درمیان کوئی راستہ بنالیں، درحقیقت وہی لوگ کافر ہیں، اور ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لئے ذلت کا عذاب ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆فرامین......جمع فرمان ۱۲......فرمان کی جمع۔......☆بر نہجی......طریقے ۱۲......کسی طریقے سے۔......☆نکوہش......مذمت ۱۲......برائی، ملامت۔......☆بر جادۂ......راہ ۱۲......صحیح راستہ۔......☆جازم......یقین کنندہ ۱۲......نجات پر یقین رکھنے والا......☆کُلُّ حِزبِ......مبتداء ۱۲......مبتدا ہے۔......☆نقد......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔......☆ناجیہ......خلاصی یابندہ ۱۲......نجات پانے والا۔......☆منوط......معلق ۱۲......لٹکا ہوا، اٹکا ہوا۔......☆معصیت......نافرمانبرداری ۱۲......نافرمانی، حکم عدولی۔

---

۱ یہ اشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو پارہ ۲۸ سورۂ مجادلہ میں واقع ہے یعنی اور یہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی حالت (حقیقت) پر ہیں خبردار ہو جایئے بے شک یہ لوگ بڑے ہی جھوٹے ہیں ۱۲ ﴿صہ۲۷﴾

۲ قولہ مذہب محدث یعنی شیعہ اور خوارج کی نسبت معتزلہ نیا فرقہ ہے ورنہ (اہل سنت کے علاوہ) ہر فرقہ محدث (نیا) ہے ۱۲

۳ واصل بن عطا الخ واصل بن عطا ۸۰ ھ میں مدینہ میں پیدا ہوا اور ۱۳۱ ھ میں وفات پائی، اس کی تصنیفات میں سے کتاب اَصْنَافُ الْمُرجیہ کتابُ التوبہ اور کتاب معانی القرآن ہیں اور یہ اہل جمل کی عدالت میں تَوَقُّف کرتا تھا ۱۲

۴ قولہ حسن بصری الخ حضرت بصری رضی اللہ عنہ، آپ تیسرے طبقہ کے سردار ہیں ۱۱۰ ھ میں آپ نے وصال فرمایا ان کی عمر نوے ۹۰ کے قریب تھی، علامہ ابن حجر نے ان کی یوں تعریف کی ہے کہ آپ فقیہ ہیں فاضل ہیں اور شہرتِ دوام رکھتے ہیں، کتابوں کے اوراق میں آپ کے مناقب جلیلہ اور محامد جمیلہ ثبت ہیں اور ممالک اسلامیہ میں ظاہر و مشہور ہیں آپ کے تذکرہ سے کُتُب سیرت اور اسماء الرجال بھری پڑی ہیں، آپ صوفیہ صافیہ کے سردار اور پیشرو ہیں اور صوفیہ کے سلسلے آپ تک پہنچتے ہیں ۱۲

۵ قولہ واسطہ الخ یعنی وہ کہتا ہے کہ کبیرہ گناہ کا مرتکب نہ مومن ہے اور نہ کافر ہے ۱۲

ع یعنی التقوی ای الاجتناب عن الاعمال السیئة من الشرك والفسق والبدعة وعن بعض الخسائس والنقائص التی هی خلاف مقتضی الهمة ۱۲

(ترجمہ) یعنی تقویٰ، برے اعمال، شرک فسق، بدعت سے بچنا، اور بعض گھٹیا اور ناقص اخلاق سے بچنا جو ہمت کے تقاضا کے خلاف ہیں) ۱۲

☆دعویٰ اتباع......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا ہے۔......☆دعویٰ باطل......خبر ۱۲......یہ خبر ہے۔......☆وَیَحْسَبُوْنَ......مبتد

Marfat.com

☆اہل ...... یہ مبتدا ہے۔ ۱۲ ...... مبتداء ☆فرقہ کہ ...... یہ خبر ہے۔ ...... خبر ۱۲ ☆مطابق حال ...... یہ مبتدا ہے۔ ...... ۱۲ ء

سنت و جماعت ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے۔ ...... ☆فَھُمُ الْفِرْقَۃُ النَّاجِیَۃ ...... پس ایشانند فرقۂ نجات یابندہ ۱۲ ...... نجات یافتہ گروہ وہی ہے۔ ...... ☆خوداز ...... البتہ ۱۲ ...... تحقیق، یقین۔ ...... ☆خود ...... البتہ ۱۲ ...... یقین۔ ...... ☆محدث ...... نو پیدا ۱۲ ...... نیا پیدا ہوا۔ ...... ☆تلامذہ ...... شاگردان ۱۲ ...... شاگردان۔ ...... ☆اعتزل عنا علی ھذا القیاس ... الخ ...... جدا شد از ما برین قیاس اند تمام فرقہائے باقی ۱۲ ...... ہم سے جدا ہو گیا، باقی تمام فرقوں کو بھی اس پر قیاس کرلیں۔ ...... ☆ما امن برسول اللہ ... الخ ...... نہ ایمان آورد برسول خدا آنکہ تعظیم نمود اصحاب اورا ۱۲ ...... وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر حقیقتاً ایمان نہ لایا جس نے صحابہ کرامؓ کی عزت و توقیر نہ کی۔ ...... ☆صاحب ایشان ...... پیغمبر ۱۲ ...... نبی علیہ الصلاۃ والسلام۔ ...... ☆مِنْ ھٰذَا الْاِعْتِقَادِ السُّوْءِ ...... ازاین عقیدۂ بد ۱۲ ...... اس برے عقیدے سے۔ ...... ☆شرائع ...... احکام شرعیہ ۱۲ ...... شریعت کے حکم۔ ...... ☆ایشانست ...... اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ ...... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم۔ ......

﴿صہ ۷۳﴾ ۱؎ تقیہ کے معنی ڈرنا، پرہیز کرنا اور خوف ظاہر کرنا ہیں ۱۲

۲؎ سخافت یعنی ہلکا پن اور کم عقلی ۱۲

۳؎ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل ہوا ہے اس کو (لوگوں تک) پہنچا دیجئے اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو رسالت کا حق ادا نہ کیا اور اللہ آپ کو لوگوں (کے شر) سے محفوظ رکھے گا، (پارہ ۶ سورۂ مائدہ آیت ۶۷)

☆حضرتِ امیر ...... علی ابن ابی طالبؓ ۱۲ ...... حضرت امیر سے مراد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔ ...... ☆اسد اللہ ...... شیر خدا علیؓ ۱۲ ...... حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اسد اللہ (خدا کا شیر) کا لقب نبی کریم علیہ السلام نے عطا کیا۔ ...... ☆مبطن ...... مخفی ۱۲ ...... پوشیدہ، خفیہ۔ ☆ادنائے ...... کمترین ۱۲ ...... کم درجے کا آدمی۔ ...... ☆شناعت ...... نکوہش و بدی ۱۲ ...... برائی، قابل مذمت۔ ...... ☆زبونی ...... مغلومیت ۱۲ ...... غلبہ قبول کرنا، مغلوب ہونا۔ ...... ☆خداع ...... فریب ۱۲ ...... دھوکہ۔ ...... ☆تبلیغ حق ...... رسانیدن دین ۱۲ ...... دین کی تبلیغ کرنا۔ ...... ☆مَصُون ...... نگہداشتہ شدہ ۱۲ ...... حفاظت کیا ہوا۔ ...... ☆طاعن ...... طعنہ زنندہ ۱۲ ...... طعنہ دینے والے۔ ......

﴿صہ ۷۴﴾ ۱؎ یعنی ان کی متفقہ حالت کو اتفاق سے باہر لے آتی ہے اور اختلاف میں ڈال دیتی ہے ۱۲

۲؎ کیونکہ تمام صحابہ کرام متقی تھے ۱۲

۳؎ اصحاب نبی علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات کا انکار کرنے والا ۱۲

ع؎ مُبَلَّغ یعنی وہ جو اس نے پہنچایا ہے ۱۲

۴؎ یعنی کیا تم کتاب کے بعض حصہ پر ایمان لاتے ہو اور بعض حصہ کا انکار کرتے ہو۔ پس تم میں سے جو لوگ ایسا کرتے ہیں ان کی جزا اس کے سوا اور کیا ہے کہ وہ دنیا میں ذلیل وخوار ہوں اور آخرت میں سخت عذاب کی طرف دھکیل دیئے جائیں یہ ارشارہ ہے اس آیت کریمہ کی طرف جو سورۃ بقرہ آیت ۸۵ پارہ اول میں ہے ۱۲

۵؎ ترجمہ: اس طرف اشارہ ہے کہ اس بارے میں صرف عقل ہی کافی ہے کیونکہ ان کی وہ دیانت اور حسن ظن ملے ہوئے ہیں ۱۲

۶؎ قولہ لَاتَجْتَمِعُ الخ یعنی متفق اور جمع نہ ہوگی میرے اُمت گمراہی پر مَعُوَّب کہتے ہیں: ترمذی نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان لفظوں سے روایت کیا اِنَّ اللّٰہَ لَایَجْمَعُ اُمَّتِی الخ امام سخاوی نے کہا ہے کہ اس حدیث کا متن مشہور ہے، اس کی اسناد کثیر ہیں اور اس کے مرفوع ہونے کے شواہد متعدد ہیں، اور سیوطی نے فرمایا: لَایَجْتَمِعُ اُمَّتِی عَلٰی ضَلَالَۃ، اس کو ابن ابی عاصم نے السُّنّۃ میں حضرت انس سے روایت کیا ہے ان ہی الفاظ میں، اس بنا پر جو الفاظ مشکوٰۃ میں ہیں ایسے ہی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان اللہ لایجمع امتی او قال امۃ محمد علی ضلالۃ ویداللہ علی الجماعۃ ومن

Marfat.com

شذ شذ فی النار رواہ الترمذی (بیشک اللہ تعالیٰ میری امت کو جمع نہیں کرے گا یا کہا: محمد کی امت کو گمراہی پر، اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے ،اور جو شخص (مسلمانوں کی جماعت سے) الگ ہوا وہ دوزخ میں الگ ہوا اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

ے قولہ مَا غَضِبْنَا اِلَّا الخ ہمیں کسی بات سے رنج نہیں پہنچا مگر اس بات سے کہ ہمیں بیعت کے مشورہ میں نہیں بلایا گیا، ورنہ ہم جانتے ہیں ابوبکر ہم سب سے بہتر ہیں اور خلافت کے لئے تمام لوگوں سے لائق ترین ہیں، نماز کے امام ہیں ان کی شرافت اور بزرگی ہمارے نزدیک واضح ہے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں نماز میں لوگوں کی امامت کے لئے ان کو حکم فرمایا ۱۲ تاریخ الخلفاء ۱۲

لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ کلمۂ ایشان متفق است ...... اصحاب کرام بحد ذات خود ۱۲ ...... صحابہ کرام ایک کلمے پر متحد و متفق ہیں۔ ...... ☆ قائل ...... گوئندہ ۱۲ ...... کہنے والا۔ ...... ☆ مقول ...... کلام ۱۲ ...... بات۔ ...... ☆ مبلغان ...... رسانندگان ۱۲ ...... پیغام دین پہنچانے والے، مبلغ کی جمع ہے۔ ...... ☆ کما مر ...... چنانچہ گذشت ۱۲ ...... جیسا کہ قبل ازیں ذکر ہوا۔ ...... ☆ اٰیَةً فَمَا فَوْقَهَا ...... یک آیت وزیادہ ازان ۱۲ ...... ایک آیت یا اس سے زیادہ۔ ...... ☆ انکار از بعض ...... اصحاب ۱۲ ...... بعض صحابہ کرام کا انکار۔ ...... ☆ دیگر ...... نیز ۱۲ ...... دوسرا بھی۔ ...... ☆ توقفے ...... درنگی ۱۲ ...... کچھ دیر، تاخیر۔ ...... ☆ حضرت امیر ...... حضرت علی کرم اللہ وجہہ ۱۲ ...... علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔

﴿صہ ۷۵﴾ ا قولہ پس مخطی الخ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں وارد ہوئی ہے وہ یہ ہے عن عبد اللہ بن عمرو ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہم قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اذا حکم الحاکم فاجتھد واصاب فلہ اجران واذا حکم فاجتھد فاخطاء فلہ اجر واحد متفق علیہ ۱۲ (مشکوۃ، کتاب الامارۃ والقضاء باب فی العمل فی القضاء والخوف منہ) (عبد اللہ بن عمرو اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی نے فیصلہ کیا تو اجتہاد کیا اور اس نے درست فیصلہ کیا تو اس کے لئے دوگنا اجر ہے اور جس نے فیصلہ کیا تو اجتہاد میں خطا کی تو اس کے لئے ایک اجر ہے (بخاری مسلم) ۱۲

۲ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کی وفات) کے بعد لوگ بے چین ہوگئے پس انہوں نے آسمان کی چھت کے نیچے حضرت ابوبکر سے بہتر کسی کو نہ پایا تو آپ کو اپنی گردنوں کا والی بنالیا یعنی ان کو خلیفہ مقرر کرلیا اور ان کی اطاعت کو لازم پکڑ لیا کیونکہ صحابہ نے انکو سب لوگوں سے بہتر دیکھا ۱۲

لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆ مخطی ...... خطا کنندہ ۱۲ ...... خطا کار، غلطی کھانے والا۔ ...... ☆ مصیب ...... بصواب رسندہ ۱۲ ...... صحیح راہ پر پہنچا ہوا۔ ......

☆ تلک دماء طھر اللہ عنھما... الخ ...... این خونہا کہ پاک داشت خدا از نہا دستہائے ما را پس باید کہ پاک داریم از نہا د بانہائے خود را ۱۲ ...... یہ ایسا خون ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو پاک رکھا لہٰذا ہمیں اپنی زبانوں کو بھی پاک رکھنا چاہیے یعنی صحابہ کرام علیہ الرضوان کے بارے میں زبان سے خلاف شان اور غلط کلمہ نہ نکل جائے۔ ......

اکیاسی واں مکتوب ﴿۸۱﴾

لالہ بیگ کی طرف صادر فرمایا ــــــ اسلام کی ترویج پر ترغیب دینے اور اسلام و مسلمانوں کی کمزوری و پستی اور کفار نا ہنجار کے غلبہ کے بیان میں۔

زَادَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ حَمِيَّةَ الْاِسْلَامِ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہمارے اور آپ کے اندر اسلامی غیرت وحمیت میں ترقی عطا فرمائے ــــــ تقریباً ایک صدی سے اسلام پر اس قسم کی غربت چھا گئی ہے کہ کفار اسلامی شہروں میں کھلم کھلا

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ (دوسرا حصہ)

Marfat.com

کفر کے احکام ہی جاری کرنے پر راضی نہیں ہوتے بلکہ چاہتے ہیں کہ اسلامی احکام بالکل ختم ہی ہو جائیں اور اسلام و اہل کا کوئی نشان نظر نہ آئے۔ اور نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی اسلامی شعار کا اظہار کرتا ہے تو قتل کر دیا جاتا ہے۔ ذبیحہ گاؤ جو کہ ہندوستان میں اسلام کا ایک بہت بڑا شعار ہے (ختم ہو چکا ہے) کفار جزیہ دینے پر تو شاید راضی ہو جائیں لیکن گائے کے ذبح کرنے پر ہرگز راضی نہ ہوں گے۔ (اب چونکہ جہانگیر کی سلطنت کا آغاز ہے) ابتداء بادشاہت کے زمانے میں اگر اسلامی عقائد نے رواج پالیا اور مسلمانوں نے کچھ حیثیت اختیار کر لی تو بہتر ہے ورنہ نعوذ باللہ اگر یہ کام توقف میں جا پڑا تو مسلمانوں پر کام بہت مشکل ہو جائے گا۔ الغیاث الغیاث ثم الغیاث الغیاث (فریاد ہے فریاد ہے اور پھر فریاد ہے فریاد ہے) دیکھئے کون صاحب نصیب اس سعادت کو حاصل کرتا ہے اور کون شاہین (بہادر) اس دولت کو اُچک کر لیجاتا ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ہ (سورۂ جمعہ ۶۲ آیت ۴) (یعنی یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے وہ جس کو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے ہی فضل والا ہے) ___ ثَبَّتَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ عَلٰى مُتَابَعَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوٰتِ اَفْضَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متابعت پر ثابت قدم رکھے) والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

عہ قولہ ثبتنا اللّٰہ الخ خدائے پاک ہم کو اور آپ کو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع پر ثابت قدم رکھے ۱۲ آمین

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆زبونی...... پستی و مغلومیت ۱۲...... کمزوری، شکست خوردگی۔...... ☆استیلا...... غلبہ ۱۲...... غلبہ، برتری۔...... ☆حَمِيَّة... الخ ...... بفتح اول وکسر ثانی وتشدید تحتانی بمعنی غیرت وننگ ۱۲...... پہلے حرف ح پر زبر، م کے نیچے زیر، اور ی پر شد معنی غیرت، حیا و حمیت۔...... ☆قرن ...... صدی ۱۲...... سو سال۔...... ☆میخواہند...... بلکہ ۱۲...... دراصل شوند اور میخواہند کے درمیان بلکہ محذوف ہے۔...... ☆بالکلیہ ...... بتمام وکمال ۱۲...... بالکل، مکمل طور پر، تمام کے تمام۔ ☆اثرے...... نشانے ۱۲...... معنی نشانی کوئی علامت۔...... ☆پیدا...... ظاہر ۱۲...... نمایاں، ظاہری طور پر۔...... ☆بقرہ...... گاؤ ۱۲...... گائے (بیل کی مونث)۔......

﴿بیاسی واں مکتوب ۸۲﴾

سکندر خان لودی کی طرف صادر فرمایا ___ اس بیان میں کہ قلب کی سلامتی ماسوی اللہ کے نسیان (نفی) کے بغیر حاصل نہیں ہوتی اور یہ نسیان فنا سے تعبیر کیا گیا ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کے طفیل جو کہ کجی چشم سے پاک ہیں ہمیشہ اپنے ساتھ رکھے اور اپنے سوا کسی اور کے ساتھ نہ چھوڑے جو کچھ ہم پر اور آپ پر لازم ہے وہ حق تعالیٰ کے ماسوا ہر چیز سے دل کو سلامت رکھنا ہے اور یہ (دل کی) سلامتی اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ دل پر ماسوی اللہ کا کچھ بھی گذر نہ رہے، اور غیر اللہ کا دل پر نہ گذرنا ماسوی اللہ کے نسیان یعنی بھول جانے پر وابستہ ہے جس کو اس بلند مرتبہ گروہ کے نزدیک فنا سے تعبیر کیا گیا

Marfat.com

ہے، اگر بالفرض غیر اللہ کو تکلف کے ساتھ بھی دل میں گذاریں تب بھی ہرگز نہ گذرے اور جبتک کام اس درجہ تک نہ پہنچے دل کی سلامتی محال ہے، آج (اس زمانہ میں) یہ نسبت کوہِ قاف کے عنقا کی طرح نایاب ہے بلکہ اگر بیان کی جائے تو لوگ یقین نہ کریں،

ھَنِیْئًا لِاَرْبَابِ النَّعِیْمِ نَعِیْمُھَا ۔۔۔ وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْکِیْنِ مَا یَتَجَرَّعُ

مبارک نعمتیں جنّت کی ہوں اربابِ جنّت کو ۔۔۔ مبارک جرعہ نوشی غم کی ہو بیمارِ الفت کو

اس سے زیادہ کیا لکھا جائے، والسلام اولاً و آخراً (اول و آخر سلام ہو)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۷٦﴾ ۱عنقا (عین کے زبر سے) ایک پرندہ ہے جس کی گردن لمبی ہوتی ہے بعض کے نزدیک یہ فرضی جانور ہے کہ کسی نے اس کو نہیں دیکھا، اور قاف ایک پہاڑ کا نام ہے جو تمام دنیا کے گرداگرد واقع ہے، اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ زمرد کا پہاڑ ہے ۱۲

۲یعنی ارباب نعمت کو جنت کی نعمتیں دل پسند ہیں، عاشق مسکین کے لئے وہی ہے جو وہ گھونٹ گھونٹ رنج والم کی شراب پی رہا ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆عبوری......گذرے ۱۲......غیر اللہ کا دل پر نہ گذرنا......☆نسیان......فراموشی ۱۲......بھولنا، بھول جانا......☆عنقاء......نایاب ۱۲......نہ پایا جانا......☆گفتہ......حالش ۱۲......یعنی اگر اس کا حال بیان کیا جائے......☆باور......یقین مردم ۱۲......لوگ یقین نہ کریں۔

تراسی واں مکتوب ﴿۸۳﴾

بہادر خان کی طرف صادر فرمایا ـــــــ ظاہری اور باطنی جمعیت کو شریعت وحقیقت کے ساتھ جمع کرنے پر ترغیب دینے کے بارے میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہٖ وعلیھم من الصلوات افضلھا ومن التسلیمات اکملھا کے طفیل مختلف تعلقات سے نجات عطا فرما کر پوری طرح اپنی پاک بارگاہ کا گرفتار بنائے۔

ہر چہ جز عشقِ خدائے احسن است ۔۔۔ گر شکر خوردن بود جاں کندن است

(ترجمہ) بجز عشقِ خدا جو کچھ بھی ہے کتنا ہی احسن ہے ۔۔۔ اگرچہ ہو وہ شیرینی ولیکن جان کندن ہے

اپنے ظاہر کو روشن شریعت کے ظاہر کے ساتھ آراستہ کرنا اور اپنے باطن کو ہمیشہ حق تعالیٰ جل شانہٗ کے ساتھ رکھنا بہت بڑا کام ہے، دیکھئے کس صاحبِ نصیب کو ان دو بڑی نعمتوں سے مشرف فرماتے ہیں آج (اس زمانے میں) ان دونسبتوں کا جمع کرنا بلکہ صرف ظاہر شریعت پر ہی استقامت حاصل کرنا بہت کم پایا جاتا ہے، سرخ گندھک (اکسیر) سے بھی زیادہ نایاب ہے حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنی کمال مہربانی سے ظاہر و باطن میں سید الاولین والآخرین علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت پر استقامت مرحمت فرمائے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۷۷﴾ ۱یعنی گو گرد سرخ: سرخ گندھک، اس سے مراد اکسیر ہے کیونکہ اکسیر اسی سے بنائی جاتی ہے، اکسیر طلا (سونے کی اکسیر) کا جزو اعظم

Marfat.com

ہے،اور سرخ گندھک نہایت کم یاب ہے۱۲

۲۔۔ قولہ چہ او بالاتر از واست۔

مثنوی:

ای برون از وہم و قال وقیل من ۔۔۔ خاک برفرقِ من و تمثیلِ من ۱۲

ترجمہ:۔اے وہ ہستی جو میرے وہم اور میری قیل وقال (گفتار) سے باہر (بلند) ہے۔میرے سر اور میری مثالوں پر خاک پڑے (یعنی میری کوئی بات بھی تیری شان کے شایاں نہیں)

۳۔۔ مثنوی

بندہ نشکیبد ز تصویر خوشت ۔۔۔ ہردمت گوید کہ جانم مفرشت

ہمچو آن چوپان کہ میگفت اے خدا ۔۔۔ پیش چوپایانِ مُحِبّ خود بیا

ترجمہ:۔بندہ تیرے حسین تصور پر صبر نہیں کرسکتا،ہردم یہی کہتا ہے کہ میری جان تیرا فرش ہو (تو اس پر قدم رنجہ فرمائے) اس گڈریے کی طرح جو کہہ رہا تھا اے خدا اپنے عاشق گڈریے کے آجا

☆متن......بین السطور......معانی

☆شُتّٰی ؟......متفرقہ ۱۲......مختلف،متفرق،قسم قسم۔......☆غرّا......روشن ۱۲......منور۔......☆عزیز الوجود......قلیل الوجود ۱۲......بہت کم۔......☆اَعَزُّ من الکبریت الاحمر...... نایاب تر ۱۲......سرخ گندھک سے بھی زیادہ نایاب۔......☆بَرجادۂ......شاہراہ ۱۲......وسیع راستہ،مراد صراطِ مستقیم......☆بستانند......برہاند ۱۲......دور کردیں......☆اعراض......روگردانیدن ۱۲......رخ پھیرنا۔منہ موڑنا......☆نحوی......نوعی ۱۲......ایک قسم......☆ جرأت ...... دلیری۱۲ بہادری......☆اجمال ......شریعت ۱۲ ......شریعت،ظاہر احکام واعمال......☆تفصیل......حقیقت ۱۲......مراد دلی یا باطنی احوال......☆استدلال......شریعت ۱۲......شریعت......☆ کشف......حقیقت ۱۲......حقیقت......☆غیبت......شریعت ۱۲......شریعت......☆شہادت......حقیقت ۱۲......حق الیقین کی حالت ......☆تعمل......شریعت ۱۲......شرعی احکام ۱۲......☆تعمل وعدم......حقیقت۱۲......بلاتکلف دلی طور پر ادا کرنا......

چوراسی واں مکتوب ﴿۸۴﴾

سید احمد قادری کی طرف صادر فرمایا ـــــــــ اس بیان میں کہ شریعت وحقیقت ایک دوسرے کا عین ہیں اور مرتبہ حق الیقین تک پہنچنے کی علامت اس مقام کے علوم ومعارف کا علوم ومعارف شرعیہ کے ساتھ مطابق ہونا ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے حبیبِ پاک سید البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل جو کہ کجی چشم سے پاک ہیں شریعت کے راستہ پر استقامت عطا فرمائے اور ہماری ساری ہمت کو اپنی پاک بارگاہ کی طرف متوجہ فرما کر کامل طور پر ہمیں اپنے آپ سے دور کردے اور اپنے ماسوا سے کلی طور پر روگردانی نصیب فرمائے۔آمین

مصرعہ از ہرچہ میرود سخنِ دوست خوش تراست ـــــــ (ترجمہ) بیان محبوب کی باتوں کا ہو جو کچھ بھی احسن ہے

ہر چند جو کچھ دوست کی نسبت کہا جاتا ہے اگرچہ وہ اس کا سخن نہیں ہے لیکن چونکہ اس سخن کو حق تعالیٰ وتقدس کی بارگاہ

Marfat.com

کے ساتھ ایک قسم کی مناسبت ثابت ہے اس لئے اس مناسب معنی کو غنیمت جان کر (یہ عاجز) اس بارے میں جرأت اور زبان درازی کرتا ہے۔

مقصود یہ ہے کہ شریعت و حقیقت ایک دوسرے کا عین ہیں اور حقیقت میں ایک دوسرے سے الگ اور جدا نہیں ہیں، فرق صرف اجمال و تفصیل اور استدلال و کشف اور غیبت و شہادت اور تعمل (تکلف سے کرنا) و عدم تعمل (بلاتکلف) کرنا ہے (یعنی شریعت اجمال و استدلال وغیبت و تعمل ہے اور حقیقت تفصیل و کشف و شہادت و عدم تعمل ہے)____ جو احکام و علوم روشن شریعت کے مطابق ظاہر اور معلوم ہوئے ہیں، حق الیقین کی حقیقت ثابت ہونے کے بعد یہی احکام و علوم بعینہا تفصیل کے ساتھ منکشف ہو جاتے ہیں اور غیبت سے شہادت میں آ جاتے ہیں اور کسب کی مشقت اور عمل کا تکلف درمیان سے اُٹھ جاتا ہے اور حق الیقین کی حقیقت تک پہنچنے کی علامت اس مقام کے علوم و معارف کا شرعی علوم و معارف کے ساتھ مطابق ہونا ہے اور جب تک بال برابر بھی مخالفت ہے حقائق کی حقیقت تک نہ پہنچنے کی دلیل ہے اور مشائخِ طریقت میں سے جس کسی سے بھی علم و عمل میں جو امر شریعت کے خلاف واقع ہوا ہے وہ سکرِ وقت پر مبنی ہے اور سکرِ وقت اس راستہ کے دوران میں ہی واقع ہوتا ہے نہایت النہایت کے منتہیوں کے لئے سب صَحو ہے، وقت ان کا مغلوب اور حال و مقام ان کے کمال کا تابع ہے۔

بیت صوفی ابن الوقت آمد در مثال لیک صافی فارغ است از وقت و حال

ترجمہ (وقت کا تابع ہے صوفی سکر میں صحو والا بے نیازِ وقت و حال)

پس ثابت ہو گیا کہ شریعت کے خلاف (امر کا صادر ہونا) حقیقتِ کار تک نہ پہنچنے کی علامت ہے____ بعض مشائخ کی عبارت میں جو واقع ہوا ہے کہ "شریعت حقیقت کا پوست اور حقیقت شریعت کا مغز ہے"____

یہ عبارت اگرچہ اس کلام کے کہنے والے کی بے استقامتی کو ظاہر کرتی ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ اس کی مراد یہ ہو کہ مجمل کو مفصل کے ساتھ وہی نسبت ہے جو پوست کو مغز کے ساتھ ہے، اور استدلال کشف کے مقابلہ میں ایسا ہے جیسا کہ مغز کے مقابلہ میں پوست، لیکن مستقیم الاحوال بزرگ اس قسم کی وہم پیدا کرنے والی عبارتیں استعمال کرنا پسند نہیں کرتے، اور اجمال و تفصیل و استدلال و کشف کے سوا اور فرق بیان نہیں کرتے۔

ایک شخص نے حضرت خواجہ نقشبند قدس اللہ تعالیٰ سرہ الاقدس سے سوال کیا کہ "سیر و سلوک سے مقصود کیا ہے"؟ آپ نے فرمایا "تاکہ اجمالی معرفت تفصیلی ہو جائے اور استدلالی کشفی ہو جائے"۔ رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهُ الثَّبَاتَ وَالِاسْتِقَامَةَ عَلَى الشَّرِيْعَةِ عِلْمًا وَعَمَلًا صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَسَلَامُهُ عَلٰى صَاحِبِهَا (اللہ تعالیٰ ہم کو علمی و عملی طور پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت پر استقامت و ثابت قدمی نصیب فرمائے)

باقی یہ تکلیف دی جاتی ہے کو حامل رقیمہء دعا شیخ مصطفیٰ سُرَیجی کی اولاد سے ہے ان کے باپ دادا بزرگ تھے، وظائف اور ذرائع معاش بہت رکھتے تھے مشارٌ الیہ (مذکور الصدر) اسبابِ معاش نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہے، سندات اور حکم نامے ہمراہ لیکر لشکر کی طرف متوجہ ہوا ہے، خیال فرما کر اس طرح اس کے حال پر توجہ فرمائیں کہ اس کے لئے جمعیت حاصل ہونے کا سبب ہو جائے اور وہ پریشانی اور پراگندگی سے نجات پائے، زیادہ کیا تکلیف دی جائے۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۸۷﴾ ۱۔ حال ومقام ان واردات کو کہتے ہیں جو سالک کے دل پر نازل ہوتے ہیں لیکن ان دونوں میں فرق یہ ہے استقراء اور استقراء کا نہ ہونا ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆بموجب......بمقتضائے ۱۲......تقاضے کے مطابق......☆تجشم......بجیم وشین معجمہ رنج ومشقت کشیدن ۱۲......جیم اور شین نقطے والے حروف ہیں، رنج اور مشقت اٹھانا......☆تحمل......مکر وحیلہ نمودن ۱۲......تدبیر وحیلہ سے کام کرنا ☆اثنا......میان ۱۲......درمیان۔دوران......☆جنب......پہلو ۱۲......پہلو میں، ایک طرف......☆قشر......بالکسر پوست ۱۲......ق کے نیچے زیر۔پوست، چھلکا......☆لب......بالضم مغز ۱۲......ل کے اوپر پیش معنی مغز، دماغ گودا......☆اسناد......جمع سند ۱۲......سند کی جمع ہے معنی سرٹیفکٹ وغیرہ......☆فرامین......جمع فرمان ۱۲......فرمان کی جمع فرامین، فرمان۔ فرمان کے معنی حکم......

پچاسی واں مکتوب ﴿۸۵﴾

میرزا فتح اللہ حکیم کی طرف صادر فرمایا ــــــ اعمالِ صالحہ کے بجالانے خصوصاً (فرض) نمازوں کو جماعت کے ساتھ ادا کرنے کی ترغیب میں اور اس کے مناسب بیان میں۔

وَفَّقَکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ لِمَرْضِیَّاتِہٖ (حق تعالیٰ وسبحانہٗ آپ کو اپنے پسندیدہ کاموں کی توفیق عطا فرمائے۔) آدمی کے لئے جس طرح اعتقادات درست کرنے سے چارہ نہیں ہے اسی طرح اعمالِ صالحہ کے بجالانے سے بھی چارہ نہیں ہے، اور عبادتوں میں سب سے جامع عبادت اور طاعتوں میں سب سے زیادہ قرب والی طاعت نماز کا ادا کرنا ہے ــــــ حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ فَمَنْ اَقَامَھَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّیْنَ وَمَنْ تَرَکَھَا فَقَدْ ھَدَمَ الدِّیْنَ (یعنی نماز دین کا ستون ہے جس نے اس کو قائم کیا اس نے اپنے دین کو قائم کیا اور جس نے اس کو ترک کیا اس نے دین کو گرادیا۔) ــــــ اور جس شخص کو ہمیشہ پابندی سے نماز ادا کرنے کی توفیق عنایت فرماتے ہیں اس کو برائیوں اور خلاف شرع کاموں سے بھی باز رکھتے ہیں، آیتِ کریمہ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط (بیشک نماز بے حیائی اور بُری باتوں سے روکتی ہے) (عنکبوت ۲۹ آیت ۴۸) اس بات کی تائید کرتی ہے۔ اور جو نماز ایسی نہیں ہے وہ نماز کی صرف صورت ہے (نماز کی) حقیقت نہیں ہے۔ لیکن حقیقتِ نماز کے حاصل ہونے تک، صورت کو بھی نہیں چھوڑنا چاہئے۔ مَا لَا یُدْرَکُ کُلُّہٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّہٗ (جو چیز پوری نہ ہو سکے اس کو بالکل ترک بھی نہیں کرنا چاہئے یعنی جسقدر مل سکے حاصل کر لے)۔ اکرم الاکرمین (حق سبحانہٗ وتعالیٰ) اگر نماز کی صورت کو نماز کی حقیقت کے درجہ میں اعتبار کر لے تو کچھ بعید نہیں ہے پس آپ پر واجب ہے کہ تمام (فرض) نمازوں کو خشوع وخضوع کے ساتھ جماعت سے ادا کریں کیونکہ یہی نجات وکامیابی کا ذریعہ ہے، حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ارشاد ہے: قَدْ اَفْلَحَ الْمُوْمِنُوْنَ ہ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِھِمْ خٰشِعُوْنَ ہ (المومنون ۲۳ آیت ۲۱) بے شک اُن ایمان والے لوگوں نے کامیابی حاصل کی جو اپنی نماز میں خشوع وعاجزی کرنے والے ہیں)

کام وہی ہے جو اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالتے ہوئے کیا جائے، دشمن کے غلبہ کے وقت سپاہی اگر تھوڑی سی

Marfat.com

جد وجہد بھی کرے تو اعتبار پیدا کر لیتا ہے......؟ جوانوں کی نیکی بھی اسی وجہ سے زیادہ معتبر ہوتی ہے کہ انھوں نے خواہش نفسانی کے غلبہ کے باوجود اپنے آپ کو نیکی میں مشغول کیا ہوا ہے، اصحاب کہف نے اس قدر بزرگی (جواُن کو حاصل ہے) دین کے مخالف (اپنے وقت کے کافر بادشاہ) سے ہجرت کرنے کی بنا پر حاصل کی ہے نبی کریم ﷺ کی حدیث شریف میں آیا ہے[6] عِبَادَة ''فِي الْهَرج كَهجرَةٍ اِلَيَّ'' (ہرج دفتنہ) کے وقت میں عبادت کرنا ایسا ہے جیسا کہ میری طرف ہجرت کرنا) پس عبادت سے روکنے والی چیز حقیقت میں عین عبادت ہے اس سے زیادہ کیا لکھا جائے۔

میرے فرزند شیخ بہاوالدین کو فقرا کی صحبت پسند نہیں آتی، دولتمندوں اور منعموں کی طرف مائل وراغب ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ ان کی صحبت زہر قاتل ہے اور انکے مرغن لقمے ظلمت کو بڑھانے والے ہیں، الحذر الحذر ثم الحذر الحذر (ان سے بچو بچو، پھر بچو بچو) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح حدیث میں وارد ہے۔ مَن تواضعَ لِغَنِيٍّ لِغِنَاه ُ ذَهَبَ ثُلُثَا دِينِهِ فَوَيلٌ'' لِّمَن تَوَاضَعَهُم لِغِنَاهُم (جس شخص نے کسی دولتمند کی اس کی دولت کی وجہ سے تواضع کی اس کے دین کا دوتہائی حصہ تباہ ہوگیا پس افسوس ہے جس نے دولتمندوں کی ان کی دولتمندی کی وجہ سے تواضع کی)۔ وَاللّٰهُ سُبحَانَهُ المُوَفِّق (اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ (انکی تواضع سے بچنے کی) توفیق بخشنے والا ہے)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۷۹﴾ [1] رواه الديلمي عن علي كرم الله وجهه والبيهقي في الشعب مرفوعاً عن عمه وقول النووي في التنقيح حديث منكر باطل، ورواه الحافظ بن حجر و شنع عليه، ثم ان الذي خرجه البيهقي هي الجملة الاولىٰ يعني الصلاة عماد الدين فقط، واما قوله فمن تركها الخ فلم اره، وقد ورد بطريق متعددوبالفاظ مختلفة اوردها شارح الاحياء ثم قال يوجد في كتب اصحابنا الحنفية، هذا الحديث بزيادة جملة اخرىٰ وهي فمن اقامها فقداقام الدين، وبهذه الزيادة يفهم وجه الشبه بين الصلاة والعماد ۱۲۔ معرب مكتوبات (ترجمہ: اس کو دیلمی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا ہے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ان کے چچا سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ اور تنقیح میں نووی کا قول ہے یہ حدیث منکر باطل ہے اور حافظ ابن حجر نے اس کو روایت کرکے اس پر اعتراض کیا ہے۔ پھر جو بیہقی نے روایت کیا ہے صرف پہلا جملہ ہے یعنی الصلاۃ عماد الدین، لیکن ان کا قول فمن ترکھا آخر تک، تو یہ میں نے نہیں دیکھا، اور یہ حدیث کئی سندوں اور مختلف الفاظ سے شارح احیاء نے ذکر کی ہے پھر کہا ہے کہ ہمارے حنفی ائمہ کی کتابوں میں پائی جاتی ہے یہ حدیث دوسرے جملہ کے اضافہ سے اور وہ جملہ ہے فمن اقامھا اقام الدین اور اس اضافہ سے نماز اور ستون کی تشبیہ سمجھی جاتی ہے معرب ۱۲ (مکتوبات کا عربی میں ترجمہ کرنے والے کی طرف سے یہ تحقیق پیش کی گئی ہے)

[2] پارہ (۲۱) کے شروع میں یعنی اتل ما اوحي اليك من الكتاب واقم الصلوة ان الصلوٰة تنهى عن الفحشاء والمنكرولذكر الله اكبر والله يعلم ما تصنعون۔ (ترجمہ:۔ اے محمدؐ! آپ تلاوت کیجئے اس کتاب کی جو وحی گئی ہے آپ کی طرف اور نماز صحیح ادا کیجئے، بے شک نماز منع کرتی ہے بے حیائی اور گناہ سے۔ اور واقعی اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑا ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ سورۃ عنکبوت) ۱۲

[3] یعنی جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل ترک بھی نہیں کرنا چاہئے یعنی جس قدر مل سکے حاصل کرلے۔ ۱۲

[4] دونوں جہان میں بامراد ہوگئے۔ ایمان والے، وہ ایمان والے جو اپنی نماز میں عجز ونیاز کرتے ہیں۔ ۱۲

[5] بخاری ومسلم کی حدیث میں وارد ہے۔ شاب نشأ في عبادة الله (جو نوجوان اللہ کی عبادت میں لگ گیا وہ قیامت کے دن عرش کے سائے میں ہوگا) بخاری رقم ۶۲۹

[6] یعنی فتنہ کے وقت میں عبادت کرنا ایسا ہے جیسا کہ میری طرف ہجرت کرنا۔ ۱۲
اس کو مسلم ترمذی اور ابن ماجہ نے معقل بن یسار سے روایت کیا ہے ۱۲ معرب

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆الصلوٰۃ عماد...الدین ...... نماز ستون دین است۱۲...... نماز دین کا ستون ہے......☆فعلیکم...الجماعات ۱۲...... پس لازم گیرید دوام ادائے نماز را با جماعت۱۲ ...... پس آپ پر واجب ہے کہ تمام (فرض) نمازوں کو باجماعت ادا کریں......☆فمن...الدین...... پس ہر کہ بر پاداشت آنرا بر پاداشت دین را ......جس نے نماز کو قائم کیا اس نے اپنے دین کو قائم کیا......☆مخاطر ...... درخطرہ افگند کسے را او با کسے گرو بستن در چیزے ۱۲......کسی کو خطرے میں ڈالنا اور کسی کے ساتھ کسی چیز میں شرط لگانا یا گرو رکھنا☆غنیم......دشمن۱۲......دشمن...... ☆تردد......آمد و رفت بکار سرکار ۱۲......سرکاری کام میں آمد و رفت یعنی مصروف ہونا......☆این کہ ایشان راست ۱۲......یہ تمام بزرگی جوان کو حاصل ہوئی......☆مخالف......بادشاہ کافر آن وقت ۱۲......اس وقت کے کافر بادشاہ سے ہجرت کرنا ......☆منافی......عبادت ۱۲......عبادت سے روکنے والی چیز ...... ☆ باعث ...... بر عبادت ۱۲ ...... عبادت کا باعث ہے ...... ☆ مائل ...... راغب ۱۲ ...... رغبت کرنے والا ، متوجہ ہونے والا......☆سم ...... زہر ا......زہر......☆ لقمہ چرب...... تر ۱۲...... ترلقمہ کھانے کی اعلیٰ چیزیں ...... ☆ظلمت افزا ......تاریکی وکدورت زیادہ کنند ۱۲...... ☆الحذر...الحذر......بترس بترس باز ترس کن ترس کن ۱۲......ان سے بچو بچو......

﴿۸۶﴾ چھیاسی واں مکتوب

پرگنہ جرک کے ایک حاکم کی طرف صادر فرمایا ـــــــ حق تعالیٰ کے ماسوا سے دل کو سلامت رکھنے کے بیان میں۔

حق سبحانہٗ تعالیٰ سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم من الصلوات افضلہا ومن التحیات والتسلیمات اکملہا کے طفیل حدِ اعتدال اور مرکزِ عدالت (مساوات) پر استقامت مرحمت فرمائے ـــــــ جو کچھ ہم پر اور آپ پر لازم ہے وہ ماسوائے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی گرفتاری سے دل کو سلامت رکھنا ہے اور یہ سلامتی اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ ماسوی اللہ کا دل پر کچھ بھی گذر نہ رہے۔ اگر بالفرض ہزار سال تک زندگی وفا کرے تب بھی اس نسیان کے باعث جو دل کو ماسوی اللہ سے حاصل ہو چکا ہے دل پر غیر اللہ کا گذر نہ ہو۔

مصرعہ کار اینست وغیر ایں ہمہ ہیچ (ترجمہ) کام اصلی ہے یہی اس کے سوا سب ہیچ ہے

ملاقات کے وقت از روئے کرم آپ نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی مہم اور ضروری کام پیش آجائے تو ہمیں لکھ دینا، اسی بنا پر آپ کو تکلیف دی جاتی ہے کہ شیخ عبداللہ صوفی نیک آدمی ہے بعض ضروریات کی وجہ سے قرضدار ہو گیا ہے، امید ہے کہ قرض سے سبکدوش ہونے میں اس کی مدد فرمائیں گے، والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۸۰﴾ ا جس شخص نے کسی دولتمند کی اسکی دولت کی وجہ سے تواضع کی اس کے دین کا دو تہائی حصہ تباہ ہو گیا۔ اس کو بیہقی نے شعب الایمان میں اور خطیب نے ابن مسعود سے ان لفظوں میں روایت کیا ہے۔ من دخل علی غنی فتضعضع لہ ذہب ثلثُ دینہ اور دیلمی نے ابوذر کی حدیث سے اسطرح روایت کیا ہے لعن اللہ فقیرا تواضع لغنی من اجل مالہ، من فعل ذلک منہم فقد ذہب ثلثا دینہ، سیوطی نے کہا ہے کہ ابن جوزی نے اس حدیث کو موضوعات میں شامل کر کے درست نہیں کیا، یعنی اس حدیث کو موضوع کہنا صحیح نہیں۔ ۱۲

Marfat.com

ے پس افسوس ہے جس نے دولت مندوں کی ان کی دولت کی وجہ سے تواضع کی۔۱۲

ع اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور شریعت کی شاہراہ پر ثابت قدمی نصیب فرمائے۔ ۱۲

سے قولہ شیخ مزمل ...الخ:۔ آپ حضرت مجدد کے قدیم مریدوں میں سے ہیں اور مقبولوں میں سے تھے، سفر وحضر میں اکثر آپ کی خدمت کرتے اور طرح طرح کی عنایات والطاف سے ممتاز ہوئے۔ حسن اخلاق اور مکارم اوصاف میں یگانہ اور انکسار وایثار میں منفرد تھے ۱۰۲۶ھ میں وفات پائی ۱۲ از زبدہ

☆متن......بین السطور......معانی

☆خطورے......گذرے ۱۲......دل میں گزرے ہو......

ستاسی واں مکتوب ﴿۸۷﴾

پہلوان محمود کی طرف صادر فرمایا ______ اس بیان میں کہ یہ کتنی بڑی سعادت ہے کہ خدائے عزوجل کے دوست کسی کو قبول کر لیں۔

سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَثَبَّتَکُمْ عَلٰی جَادَّۃِ الشَّرِیْعَۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ (اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کے راستہ پر ثابت قدمی نصیب فرمائے) آپ کے خاندان کے لئے سب سے پہلی خوشخبری میاں شیخ مزمل کا آنا ہے ان کی صحبت کی برکتیں کیا بیان کی جائیں، یہ کتنی بڑی سعادت ہے کہ حق تعالیٰ عزوجل کے دوست کسی شخص کو قبول کر لیں، چہ جائیکہ اس کو محبت وقربت سے ممتاز فرمائیں، ھُمْ قَوْمٌ لَا یَشْقٰی جَلِیْسُھُمْ (یہ وہ لوگ ہیں جن کا ہمنشین کبھی بدنصیب نہیں ہوتا) ____ غرضکہ اُن کی صحبت کو غنیمت جانیں اور آدابِ صحبت کو مدنظر رکھیں تا کہ تاثیر پیدا ہو، زیادہ کیا لکھے۔ والسلام اولاً وآخراً۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۸۱﴾ ے قولہ ہم قوم ...الخ:۔یعنی یہ وہ لوگ ہیں۔ جن کا ہم نشین کبھی بدنصیب نہیں ہوتا بخاری اور مسلم نے الفاظ کے معمولی اختلاف سے اسکو روایت کیا، لیکن معنی دونوں کے ایک ہی ہیں۔ ۱۲

﴿ص۸۱﴾ لے قولہ من شاب شیبۃ... الخ:۔اخرج ابو داود عن عمر وبن شعیب عن ابیہ عن جدہ من شاب شیبۃ فی الاسلام کتب اللّٰہ لہ بھا حسنۃ و کفر عنہ بھا خطیۃ ورفع بھا درجۃ ،واخرج الترمذی والنسائی عن کعب بن مرۃ بلفظ: کانت لہ نورا یوم القیامۃ ۱۲معرب (ترجمہ: جو شخص اسلام کی حالت میں بوڑھا ہوا اسکو بخش دیا گیا۔ اس کو ابوداؤد نے عمرو ابن شعیب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اس کے دادا سے روایت کیا جو شخص اسلام کی حالت میں بوڑھا ہوا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کے بڑھاپے کی وجہ سے نیکی لکھتا ہے اور خطا کو معاف کرتا ہے۔ اور اس کا درجہ بلند کرتا ہے۔ اور ترمذی ونسائی نے کعب بن مرہ سے ان لفظوں سے روایت کیا ہے، اس کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆رجا......امید ۱۲......امید...... ☆من شاب...غفرلہ...... ہر کہ پیر شد پیر شدنی در اسلام آمرزیدہ شود اورا ۱۲ جو شخص اسلام کی حالت میں بوڑھا ہوا اسکو بخش دیا گیا......

اٹھاسی واں مکتوب ﴿۸۸﴾

یہ مکتوب بھی پہلوان محمود کی طرف صادر فرمایا ______ اس بیان میں کہ یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ کسی شخص نے ایمان ونیکی کے ساتھ اپنے سیاہ بالوں کو سفید کیا ہو (یعنی ایمان ونیکی کے ساتھ جوان سے بوڑھا ہوا ہو) اور جوانی میں اس پر خوف غالب رہا ہو اور بڑھاپا امید ورجا میں گذرا ہو۔

Marfat.com

حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہمیشہ اپنے ساتھ رکھے ——— یہ کتنی بڑی نعمت ہے کہ کوئی شخص ایمان اور نیکی کے ساتھ اپنے سیاہ بالوں کو سفید کرے (یعنی ایمان و نیکی کے ساتھ جوان سے بوڑھا ہوا ہو) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حدیث شریف میں ہے: مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ غُفِرَلَهٗ (جو شخص اسلام کی حالت میں بوڑھا ہوا اس کو بخش دیا گیا)۔ امید کی جانب ترجیح اور مغفرت کا گمان غالب رکھیں کیونکہ جوانی میں خوف زیادہ درکار ہے اور بڑھاپے میں رجا (امید) زیادہ غالب ہونی چاہئے۔ والسلام اولاً و آخراً۔

نواسی واں مکتوب ﴿۸۹﴾

میرزا علی جان کی طرف تعزیت کے سلسلہ میں صادر فرمایا۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ شریعتِ مقدسہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کے راستہ پر استقامت نصیب فرمائے۔ (آیت شریفہ) كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ط (آل عمران ۳ آیت ۱۸۵) (ہر نفس (جاندار) کو موت کا مزا چکھنا ہے) کے حکم کے مطابق آدمی کو موت سے بچنا ناممکن ہے: فَطُوبىٰ لِمَنْ طَالَ عُمْرُهٗ وَ كَثُرَ عَمَلُهٗ (پس اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جس کی عمر لمبی ہوئی اور اس کے نیک عمل بکثرت ہوئے)۔ یہ موت ہی ہے جس سے (اللہ تعالیٰ کے) مشتاق لوگوں کو تسلی دیتے ہیں اور ایک دوست کے دوسرے دوست تک پہنچنے کا وسیلہ بناتے ہیں۔ مَنْ كَانَ يَرْجُوْ الِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ط (عنکبوت ۲۹ آیت ۵) (جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنے کی امید رکھتا ہو تو بیشک اللہ تعالیٰ کا وعدہ آنے والا ہے)۔ ہاں دنیا میں باقی رہنے والوں اور جو دنیا میں (موت کے سبب) نہ وصولِ حق کی دولت حاصل کر سکے اور نہ دنیا کے جھگڑوں سے آزادی حاصل کر سکے ان کا حال خراب وابتر ہے ——— آپ کے ولی نعمت مرحوم (کا وجود) اس زمانے میں بہت غنیمت تھا، اب آپ پر لازم ہے کہ احسان کا بدلہ احسان کے ساتھ ادا کریں اور دعا و صدقہ سے ہر وقت اُن کی مدد کریں۔ فَاِنَّ الْمَيِّتَ كَالْغَرِيْقِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِيْقٍ (یعنی پس بیشک میت ڈوبنے والے کی طرح ہوتی ہے اور اس دعا کی منتظر رہتی ہے جو اُسے باپ، یا ماں یا بھائی یا دوست کی طرف سے پہنچتی ہے)۔

اور نیز چاہئے کہ ان کی موت سے اپنی موت کے لئے عبرت حاصل کریں، اور اپنے آپ کو کامل طور پر حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مرضیات کے سپرد کر دیں، اور دنیا کی زندگی کو دھوکے اور فریب کے سامان کے علاوہ کچھ نہ سمجھیں۔ اگر دنیا کے عیش و آرام کی ذرا سی بھی قدر و قیمت ہوتی تو کفار بدکردار کو (دنیا کے مال و اسباب میں سے) بال برابر بھی کوئی چیز نہ دی جاتی رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمُ الْاِعْرَاضَ عَنْ مَّاسِوَى اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَالْاِقْبَالَ اِلىٰ جَنَابِ قُدْسِهٖ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ عَلَيْهِ وَ عَلىٰ اٰلِهٖ وَعَلَيْهِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُهَا وَ مِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَكْمَلُهَا وَالسَّلَامُ وَالْاِكْرَامُ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وعلیہم اجمعین کے طفیل ہمیں اپنے ماسوا سے روگردانی نصیب فرمائے اور اپنی پاک بارگاہ کی طرف متوجہ فرمائے۔ والسلام والاکرام۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۸۱﴾ لے قولہ عَزا:۔ع پر زبر ہے، مصیبت پر صبر کرنا، اور صبر کرنا، اور اس میں استقامت اختیار کرنا اور شکایت کرنا اور عرف حال میں مجازی طور پر ماتم پرسی کے معنی ہیں۔ اور کسی چیز یا شخص سے نسبت وتعلق رکھنا۔ ۱۲ غث

۲ یہ آیت سورۃ آل عمران آیت ۱۸۵ پارہ ۴ میں واقع ہے۔ یعنی ہر جان نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ ۱۲

۳ قولہ فطوبیٰ لمن طال عمرہ و کثر عملہ :۔ یعنی پس اس شخص کے لئے خوشخبری ہے جسکی عمر لمبی ہوئی اور اسکے نیک عمل بکثرت ہوئے، معرب (علامہ محمد مرادمکی) نے فرمایا۔ اسکو طبرانی نے روایت کیا ہے اور ابونعیم نے حلیہ میں کثر کے بدل میں حسن کا لفظ استعمال کیا ہے۔ جامع صغیر کے شارح عزیزی نے کہا ہے اسکی سند حسن ہے، میں کہتا ہوں مناوی نے کنوز الحقائق میں اس حدیث کے لئے انہی لفظوں کے ساتھ ط کی رمز تحریر کی ہے۔ تخریج کرنے والے نے کہا ہے اس کو ابوداؤد نے عمر بن شعیب سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اسکے دادا سے روایت کیا ہے۔ انتھیٰ۔

میں (مولانا نور احمد رحمہ اللہ) کہتا ہوں۔ نظم الحدیث علی مافی المشکوۃ ھکذا عن ابی بکرۃ ان رجلا قال: یا رسول اللہ !أیّ الناس خیر؟ قال: من طال عمرہ وحسن عملہ ،فأیّ الناس شر؟ قال: من طال عمرہ وساء عملہ۔ رواہ احمد والترمذی والدارمی۔۱۲ (ترجمہ: حدیث کے الفاظ مشکوٰۃ میں اس طرح ہیں۔ ابوبکرہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم! لوگوں میں کونسا آدمی بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا جس کی عمر طویل ہو اور عمل اچھے ہوں۔ اس آدمی نے عرض کیا: لوگوں میں کونسا آدمی برا ہے؟ آپ نے فرمایا: جسکی عمر لمبی ہو اور عمل برے ہوں۔ اس حدیث کو احمد، ترمذی اور دارمی نے روایت کیا ہے۔ ۱۲

۴ مثنوی

روح سلطانے زندانے بجست — جامہ چہ دریم و چہ فائیم دست

پس عزا برخود کنید اے خفتگان — زانکہ بدمرگیست ایں خواب گراں

ایک بادشاہ کی روح (اس کے جسم کے) قید خانے سے آزاد ہوئی۔ ہم کپڑے کیا پھاڑیں اور (حسرت وافسوس کے ساتھ) ہاتھ کیا چبائیں۔ اے (غفلت کی نیند) سونے والو! اپنے آپ پر تعزیت کرو، کیونکہ یہ گہری نیند بری موت ہے۔

۵ قولہ من کان ... الخ :۔ سورۃ عنکبوت آیت ۵ پارہ ۲۰ میں واقع ہے۔ یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنے کی امید رکھتا ہو تو بے شک اللہ تعالیٰ کا وعدہ آنے والا ہے۔ ۱۲

۶ قولہ فان المیت... الخ:۔ یعنی پس بے شک میت ڈوبنے والے کی طرح ہوتی ہے اور اس کی دعا کی منتظر رہتی ہے جو اسے باپ یا ماں یا بھائی یا دوست کی طرف سے پہنچتی ہے اس قول میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو مشکوٰۃ میں بیہقی کی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہے ۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَاالمَیّتُ فِی القَبرِ إلّا کَالغَرِیقِ المُتَغَوِّثِ یَنتَظِرُ دَعوَۃً تَلحَقُہ' مِن أبٍ أو أمٍ أو أخٍ أو صَدِیقٍ ،فَإذَا الحِقتہ' کَانَ أحَبَّ إلَیہِ مِنَ الدُّنیَا وَمَا فِیھَا،وَإنَّ اللہ تعالیٰ لَیُدخِلُ عَلٰی أھلِ القُبُورِ مِن دُعَاءِ أھلِ الأرض أمثَالَ الجِبَالِ ،وَإنَّ ھَدِیَّۃَ الأحیَاءِ إلَی الأموَاتِ الإستِغفَارُ لَھُم أنتھی (باب الاستغفار)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبر میں میت ڈوبنے والے اور فریاد کرنے والے کی طرح ہوتی ہے جو کہ دعا کی انتظار میں ہوتی ہے جو اسے باپ کی طرف سے یا ماں کی طرف سے یا بھائی کی طرف سے یا دوست کی طرف سے پہنچتی ہے، جب ان میں سے کسی کی طرف سے دعا پہنچتی ہے تو وہ اس میت کے نزدیک دنیا و مافیہا (جو کچھ دنیا میں ہے) سے زیادہ محبوب ہوتی ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ اہل قبور کے لئے زمین والوں (زندوں) کی دعائیں پہاڑوں کی مانند بنا کر داخل کرتا ہے اور یقیناً زندوں کا ہدیہ مردوں کے لئے ان کے لئے استغفار ہے۔

﴿ص۸۲﴾ لے

جامی آن بہ کہ دریں مرحلہ آن پیشہ کنی
کز مرگ دگراں مرگ خود اندیشہ کنی

ترجمہ: اے جامی! یہی بہتر ہے کہ اس مرحلے پر یہ کام اپنا لے کہ دوسروں کی موت سے اپنی موت کے بارے میں فکر کرے۔

مثنوی

مرگِ ہمسایہ مرا واعظ شدہ
کسب و دکانِ مرا برہم زدہ

ترجمہ: پڑوسی کی موت میرے لئے واعظ بن گئی۔ میرے کاروبار اور دکان کو تہہ وبالا کر دیا ہے۔ ۱۲

ے قولہ غرور:۔غ اور پہلی را پر پیش ہیں، اس کے معنی دھوکہ دینا پہلے حرف پر زبر ہو تو معنی دھوکہ دینے والا، یہاں دونوں معنوں کا احتمال ہے۔۱۲

Marfat.com

۲ قولہ اگر تمتعات دنیوی را... الخ:۔ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو ترمذی اور ابن ماجہ میں سہل بن سعد کی روایت سے وارد ہے لوکانت الدنیا تعدل عند اللہ جناح بعوضۃ ماسقی کافرا منہا شربۃ ۱۲ (اگر دنیا کی اللہ تعالیٰ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر حیثیت ہوتی تو اللہ تعالیٰ کافر کو اس سے پانی کا ایک گھونٹ نہ پلاتا۔ ۱۲

۳ اللہ تعالیٰ حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وعلیہم اجمعین کے طفیل ہمیں اپنے ماسوا سے روگردانی نصیب فرمائے اور اپنی بارگاہ کی طرف متوجہ فرمائے ۱۲

ـ التعریب هذا هو الامر والباقی من العبث

ترجمہ: (اصل کام تو یہی ہے باقی سب فضول ہے)

☆متن......بین السطور......معانی

☆ برجادۂ......راہ ۱۲صحیح راستہ......☆ حال......مبتداء۱۲یہ عبارت مبتدا ہے خبر...... یہ عبارت خبر ہے......☆ پس ماندگان......باقیماندگان دردنیا و محرومان ۱۲......دنیا میں باقی رہنے والے اور محروم لوگ......☆ گرفتار...... بما دون حق ۱۲......غیر حق میں گرفتار......بمطلب......واصلان بحق بسبب موت ۱۲...... موت کے سبب حق سے واصل ہونے والے ......☆ آزادگان ......از سجن دنیا ۱۲ ......دنیا کے قید خانے سے آزاد☆ آوان......وقت ۱۲......وقت......☆مغتنم ...... غنیمت ۱۲...... غنیمت......☆ مکافات......معاوضہ ومقابلہ ۱۲......احسان کا بدلہ احسان کے ساتھ ادا کرنا

نوے واں مکتوب (۹۰)

خواجہ قاسم کی طرف صادر فرمایا ______ اس بات پر ترغیب دینے کے بیان میں کہ کامل طور پر حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور آج اس دولت کا حاصل ہونا اس سلسلہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے ساتھ توجہ واخلاص حاصل ہونے پر وابستہ ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سیّد البشر علیہ وعلی آلہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل جو کجی چشم سے پاک ہیں کمینی دنیا کو آپ کی (بلند ہمت کی) نظر میں ذلیل و بے قدر کر کے آخرت کے حسن و جمال کے آئینہ میں آراستہ وجلوہ گر فرمائے___ آپ کا محبت نامۂ گرامی مع قابلِ قدر تحفوں کے وصول ہوا، آپ نے کرم فرمایا: جَزَاکُمُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ خَیْرَ الْجَزَاءِ (اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے) ____ وہ نصیحت جو دوستوں اور مخلصوں کے لئے ہے وہ سب یہی ہے کہ حق تعالیٰ کی بارگاہ میں کامل طور پر توجہ میسر ہو جائے اور حق تعالیٰ کے ماسوا ہر چیز سے روگردانی حاصل ہو جائے۔

مصرعہ کار این ست وغیرِ ایں ہمہ ہیچ (ترجمہ) کام اصلی ہے یہی اس کے سوا سب ہیچ ہے)۔

آج اس دولتِ عظمیٰ کا حاصل ہونا اس سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے ساتھ توجہ واخلاص پر وابستہ ہے، بڑی سخت ریاضتوں اور شدید مجاہدوں سے بھی یہ نعمت اس قدر حاصل نہیں ہوتی جسقدر کہ ان بزرگوں کی ایک ہی صحبت میں حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ ان بزرگوں کے طریقہ میں بدایت (ابتدا) میں نہایت (انتہا) درج ہے، یہ حضرات پہلی ہی صحبت میں وہ کچھ بخشد یتے ہیں جو (دوسرے سلسلہ کے منتہیوں کو) انتہا میں جا کر حاصل ہوتا ہے۔ ان بزرگوں کا طریقہ (بعینہٖ) اصحاب کرامؓ کا طریقہ ہے کیونکہ ان کو حضرت خیر البشر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پہلی ہی صحبت میں وہ کمالات حاصل ہو جاتے تھے جو اولیائے امت کو انتہا میں بھی شاید ہی حاصل ہوں اور یہ بات نہایت کے بدایت میں درج ہونے کے طریق پر ہے پس آپ پر ان بزرگوں کی محبت واجب ہے کیونکہ (اس محبت پر ہی) کام کا دارومدار ہے وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی سَائِرِ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مَتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ (اور آپ پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والوں اور

Marfat.com

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرنے والے سب لوگوں پر سلام ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۸۳﴾ ۱؎ پس آپ پر ان بزرگوں کی دوستی لازم ہے کیونکہ کام کا دارومدار اسی بات پر ہے۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆ایشان ......شما ۱۲......تم آپ......☆مرآۃ......آئینہ ۱۲......شیشہ......☆محترمہ......اسم مفعول از احترام بمعنی عزت داشتن ۱۲

......محترم احترام سے اسم مفعول ہے بمعنی عزت دار یا باعزت☆اقبالی......توجہ ۱۲......توجہ......☆اعراضی......روگردانیدن ۱۲ منہ پھیر لینا

اکیانوے واں مکتوب ﴿۹۱﴾

شیخ کبیر کی طرف صادر فرمایا ــــــــ اس بیان میں کہ عقائد کی درستی اور نیک اعمال کا بجالانا یہ دونوں عالمِ قدس (عالمِ ملکوت) کی طرف اُڑنے (پرواز) کے لئے بال و پر ہیں اور اعمالِ شریعت و احوالِ طریقت سے مقصود تزکیۂ نفس و تصفیۂ قلب ہے۔

رَزَقَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمُ الْاِسْتِقَامَۃَ عَلٰی مُتَابَعَۃِ السُّنَّۃِ السَّنِیَّۃِ عَلٰی صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشن سنت کی متابعت پر استقامت نصیب فرمائے) ــــــــ اصل مقصد یہ ہے کہ اوّل اہلِ سنت و جماعت کی آراء کے موافق عقائد کو درست کرنا چاہئے کیونکہ فرقۂ ناجیہ (نجات پانے والا گروہ) یہی ہے۔ دوسرے فقہی احکام کے موافق علم و عمل کو (اپنے اوپر) لازم کر لینا چاہئے۔ ان اعتقادی و عملی دو پروں کے حاصل کرنے کے بعد عالمِ قدس (عالمِ ملکوت) کی طرف پرواز کرنے کا ارادہ کرنا چاہئے۔ مصرعہ

کار این است وغیرہ ایں ہمہ ہیچ (ترجمہ) کام اصلی ہے یہی اس کے سوا سب ہیچ ہے)۔

شریعت کے اعمال اور طریقت و حقیقت کے احوال سے مقصود نفس کا تزکیہ اور قلب کا تصفیہ ہے جب تک نفس کا تزکیہ نہ ہو جائے اور قلب میں سلامتی پیدا نہ ہو جائے ایمانِ حقیقی کہ جس پر نجات کا دارومدار ہے حاصل نہیں ہوتا۔ اور دل کی سلامتی اس وقت حاصل ہوتی ہے جبکہ حق تعالیٰ کے غیر کا خیال دل پر ہرگز نہ گذرے، اگر ہزار سال بھی گذر جائیں تب بھی دل میں غیر اللہ کا خیال نہ گذرے کیونکہ اس وقت دل کو ماسوی اللہ کا نسیان پوری طرح حاصل ہو چکا ہے لہٰذا اگر تکلف کے ساتھ بھی اس کو (غیر اللہ کی) یاد دلائیں تو وہ یاد نہ کرے، یہ حالت فنا سے تعبیر کی گئی ہے اور یہ اس راستے میں پہلا قدم ہے۔

﴿حاشیہ متن﴾

صہ ۸۳﴾ ۲؎ اس فنا کے حاصل ہونے کے بغیر قلب کی سلامتی چاہنا خاردار درخت پر ہاتھ مارنا اور ہاتھ کھینچنا ہے یعنی بے فائدہ محنت برداشت کرنا ہے۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۸۳﴾☆رزقنا اللہ ... السنیۃ......بخشند مار او شمارا خدائے پاک دوام اتباع سنت روشن ۱۲......خدا تعالیٰ ہم کو اور آپ کو (رسول اللہ ﷺ) کی روشن سنت کی متابعت پر استقامت نصیب فرمائے......☆عبور......گذر ۱۲ گزرنا

Marfat.com

﴿بانوے واں مکتوب ۹۲﴾

یہ مکتوب بھی شیخ کبیر کی طرف صادر فرمایا ـــــــ اس بیان میں کہ دل کا اطمینان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے حاصل ہوتا ہے نہ کہ نظر واستدلال سے اور اس کے مناسب بیان میں۔

ثَبَّتَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ عَلَى الشَّرِيْعَةِ الْمُصْطَفَوِيَّةِ عَلٰى صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِيَّةُ (اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت پر ثابت قدم رکھے) ـــــــ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (رعد ۱۳ آیت ۲۸) (خبردار! اللہ تعالیٰ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے) اطمینانِ قلب حاصل ہونے کا ذریعہ صرف اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے نہ کہ نظر واستدلال (قرائن ودلائل)۔

بیت
پائے استدلالیاں چوبیں بود — پائے چوبیں سخت بے تمکین بود
(بحث بے جا ہے فقط گٹھ جُتّی — کاٹھ کے پاؤں میں دم خم کچھ نہیں)

چونکہ ذکر اللہ کے ذریعے حق تعالیٰ کی پاک بارگاہ کے ساتھ ایک قسم کی مناسبت حاصل ہو جاتی ہے اگر چہ (ذکر کو) اس پاک ذات کے ساتھ کچھ مناسبت نہیں ہے۔ مَا لِلتُّرَابِ وَرَبِّ الْاَرْبَابِ (خاک کو پروردگار عالم کے ساتھ کیا نسبت ہے)۔ لیکن ذاکر (ذکر کرنے والا) اور مذکور (جس کا ذکر کیا جائے) کے درمیان ایک قسم کا تعلق پیدا ہو جاتا ہے جو محبت کا سبب بنتا ہے اور جب محبت غالب ہوگئی تو پھر اطمینان کے سوا کچھ نہیں ہے اور جب معاملہ دل کے اطمینان کے حصول تک پہنچ گیا تو اس کو ہمیشہ کی دولت حاصل ہوگئی۔

ذکر گو ذکر تا ترا جان ست — پاکیٔ دل ز ذکرِ رحمٰن ست
(جان جب تک ہے ذکر کرتا رہ — دل کی پاکی خدا کے ذکر سے ہے) وَالسَّلَامُ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا۔

﴿حاشیہ متن﴾

صہ۸۴﴾ ۱؎ یہ آیت پارہ (۱۳) سورہ رعد آیت ۲۸ میں واقع ہے اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ط اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (یعنی وہ لوگ جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں۔ آگاہ رہو کہ اللہ کے ذکر ہی سے دل سکون پاتے ہیں۔ ۱۲

۲؎ مٹی کو کیا نسبت اڑنے والے پرندوں کے ساتھ، خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت، کیونکہ عقل عاجز ہے ادراک کے پانے سے۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۸۴﴾ الا بذکر ... القلوب ...... آگاہ شو بذکر خدا تسلی مے یابند دلہا ۱۲......خبردار! اللہ کے ذکر ہی سے دلوں کو اطمینان حاصل ہوتا ہے......☆تمکین......پابرجا کردن ۱۲......کسی جگہ پر پاؤں رکھنا......☆علاقہ بفتح آویزش دل ومناسبت ۱۲......عین پر زبر ہے دل کا لگاؤ اور مناسبت......☆مُستولی......غالب ۱۲......غلبہ پانے والا......

Marfat.com

ترانوے واں مکتوب ﴿۹۳﴾

سکندر خان لودھی کی طرف صادر فرمایا ـــــ اس بیان میں کہ تمام اوقات اللہ جل شانہٗ کے ذکر میں مشغول رہنا چاہیے۔

پانچوں وقت کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنے اور سنن مؤکدہ بجالانے کے بعد اپنے تمام اوقات کو اللہ تعالیٰ جل سلطانہٗ کے ذکر میں مصروف رکھنا چاہیے اور اس کے سوا کسی چیز میں مشغول نہیں ہونا چاہیے خواہ وہ کھانے اور سونے کے اوقات ہوں یا آنے جانے کے اوقات (پس کسی وقت میں بھی ذکر سے غافل نہ ہونا چاہیے) ـــــ ذکر کا طریقہ آپ کو سکھایا ہوا ہے اسی طریقے پر عمل کرتے رہیں، اگر جمعیت اور ذکر میں خلل پائیں تو پہلے خلل کا سبب معلوم کرنا چاہیے پھر اس کے بعد اس کوتاہی کا تدارک کرنا چاہیے اور نہایت عاجزی و آہ وزاری سے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہو کر اس ظلمت کے دُور ہونے کی دعا مانگنی چاہیے اور جس شیخ (پیرومرشد) سے ذکر حاصل کیا ہے اس کو وسیلہ بنانا چاہیے۔ وَاللّٰہُ سُبْحَانَہُ الْمُیَسِّرِ کُلِّ عَسِیْرٍ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہر تنگی ومشکل کو آسان کرنے والا ہے) والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۸۴﴾ ۳ دریافت کرنا، پانا اور تدارک کرنا ۲۱

☆متن......بین السطور......معانی

☆رواتب......موکدہ ۱۲......موکدہ سنتیں......☆فُتُور......بضمتین سستی وسست شدن ۱۲ف اورت پر پیش ہے اس کے معنی سستی اور سست ہونا ہیں......☆خواست......باید ۱۲......دعا کرنی چاہیے......☆واللہ... عسیر......وخدائے پاک آسان کنندہ ہر دشوار است ۱۲......اللہ سبحانہ ہر تنگی ومشکل کو آسان کرنے والا ہے......

چورانوے واں مکتوب ﴿۹۴﴾

خضر خان لودھی کی طرف صادر فرمایا ـــــ اس بیان میں کہ آدمی کو عقائد کی درستی اور اعمال صالحہ کے بجالانے سے چارہ نہیں ہے تاکہ ان دو بازوؤں کے ساتھ عالمِ حقیقت کی طرف پرواز کرے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شریعت کے راستہ پر استقامت مرحمت فرمائے ـــــ جو کچھ لازمی وضروری ہے (وہ یہ ہے کہ) اوّل فرقۂ ناجیہ (نجات پانے والا گروہ) اہلِ سنت وجماعت کے صحیح عقائد کے مطابق اپنے عقائد کو درست کرنا ہے۔ دوم یہ کہ فقہی احکام یعنی فرائض وسنن وواجبات ومستحبات وحلال وحرام اور مکروہ ومشتبہ کا علم حاصل کرنے کے بعد ان کے مطابق اعمال کو بجالانا چاہیے جب اعتقادی وعملی یہ دو بازو حاصل ہو گئے تو پھر اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق شاملِ حال ہو جائے تو ہوسکتا ہے کہ عالمِ حقیقت کی طرف پرواز نصیب ہو جائے اور ان دو بازوؤں (تصحیح عقائد واعمال صالحہ) کے حاصل ہوئے بغیر عالمِ حقیقت کی طرف پرواز وحصول محال ہے۔ بیت

Marfat.com

ے محال است سعدی کہ راہِ صفا توان رفت جز در پئے مصطفیٰؐ

تجھے حاصل نہ ہو جبتک نبی کی پیروی کرنا نہیں ممکن کبھی اہلِ صفا کی راہ پر چلنا

اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متابعت پر ثابت قدم رکھے

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۸۵﴾ ۱؎ قولہ بعد از دانستن: لفظ اتیان کے متعلق ہے یعنی علم کے بعد احکام پر عمل کرنا یہ تجویز کرنی چاہئے کیونکہ یہ بہت ضروری اور لازمی ہے۔ ۱۲

ے التعریب: ومن المحال المشی فی طرق الصفا یا سعد من غیر اتباع المصطفےٰ

ترجمہ: اہل صفا کے طریقوں پر چلنا محال ہے اے سعدی! مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اتباع کے بغیر

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۸۴﴾ ☆ تصحیح ...... درستگی ۱۲ ...... درست کرنا، صحیح کرنا ...... ☆ جناح ...... بازو ۱۲ ...... پر ...... ☆ طیران ...... پریدن ۱۲ ...... اڑنا ☆ جادۂ ...... راہ ۱۲ ...... صحیح راستہ ...... ☆ بموجب ...... بمقتضائے ۱۲ ...... ☆ از ...... بیان ۱۲ ☆ مساعدت ...... یاری کردن ۱۲ ...... مدد کرنا ...... ☆ دوباز ...... تصحیح عقائد واتیان اعمال ۱۲ ...... عقائد درست کرنا اور اعمال بجالانا ...... ☆ ثبتنا اللہ ... متابعتہ ...... ثبات وقیام ارزانی فرماید خدائے پاک براتباع آن سرور ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو رسول اللہ ﷺ کی متابعت پر ثابت قدم رکھے ......

پچانوے واں مکتوب ﴿۹۵﴾

سید احمد بجواڑی کی طرف صادر فرمایا اس بیان میں کہ آدمی ایک نسخۂ جامع ہے اور اس کا قلب بھی جامعیت کی صفت پر پیدا کیا گیا ہے اور بعض مشائخ کے اقوال جو سکر کی حالت میں وسعتِ قلب وغیرہ کے متعلق ان سے واقع ہوئے ہیں وہ توجیہات پر محمول ہیں اور اس بیان میں کہ سکر سے صحو افضل ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

انسان نسخۂ جامع (جامع شخصیت) ہے، جو کچھ تمام موجودات میں (پایا جاتا) ہے وہ سب کچھ تنہا انسان میں موجود ہے لیکن عالمِ امکان سے حقیقت کے طور پر اور مرتبۂ وجوب سے صورت کے طریق پر ہے اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ (بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم (علیہ السلام) کو اپنی صورت پر پیدا کیا)۔ اور انسان کا قلب بھی اسی جامعیت پر (پیدا کیا گیا) ہے کہ جو کچھ پورے انسان میں (پایا جاتا) ہے وہ سب کچھ تنہا قلب میں (موجود) ہے، اسی لئے اس کو حقیقتِ جامعہ کہتے ہیں اور اسی جامعیت کی وجہ سے بعض مشائخ نے قلب کی وسعت کی اس طرح خبر دی ہے کہ اگر عرش اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کو عارف کے قلب (دل) کے ایک کونے میں ڈال دیں تو کچھ محسوس نہ ہو کیونکہ قلب عناصر اربعہ (آگ، آب اور خاک وباد) و افلاک (آسمانوں) وعرش وکرسی وعقل ونفس کا جامع ہے اور مکانی ولامکانی کو شامل ہے پس بالضرور لامکانیت کو شامل ہونے کی وجہ سے عرش ومافیہا (جو کچھ اس میں ہے ان سب) کی دل میں کوئی مقدار نہیں ہوگی، کیونکہ عرش اور اس میں جو کچھ ہے، وسعت کے باوجود دائرہ امکان میں داخل ہے، مکانی چیز اگرچہ کتنی ہی وسیع ہو تنگ ہے اور لامکانی کے مقابلہ میں تنگ کوئی مقدار نہیں رکھتی لیکن مشائخِ کرام قدس اللہ تعالیٰ اسرار ہم میں سے صحو والے حضرات جانتے ہیں کہ یہ حکم سکر پر مبنی ہے اور کسی

Marfat.com

چیز کی حقیقت اور اس کے نمونے (مثال) کے درمیان تمیز نہ کرنے پر محمول ہے، عرشِ مجید جو کہ ظہورِ تام کا محل ہے اس سے بہت بلند ہے کہ تنگ قلب میں سما سکے، قلب میں عرش کی نسبت جو کچھ ظاہر ہوتا ہے وہ عرش کا نمونہ ہے نہ کہ عرش کی حقیقت، اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نمونہ کی قلب کے مقابلہ میں جو کہ بے انتہا نمونوں کا جامع ہے کچھ بھی مقدار نہیں ہے، جس آئینہ میں اس قدر بڑا آسمان دوسری چیزوں کے ساتھ دکھائی دیتا ہے نہیں کہہ سکتے کہ وہ آئینہ آسمان سے زیادہ وسیع ہے، ہاں آسمان کی صورت جو آئینہ میں ہے آئینہ کے مقابلہ میں چھوٹا ہے لیکن حقیقتِ آسمان آئینہ سے بہت بڑی ہے، یہ بحث ایک مثال سے واضح ہو جاتی ہے۔

مثلاً انسان میں عنصر خاک کے کرہ کا ایک نمونہ پوشیدہ ہے، انسان کی جامعیت پر نظر کرتے ہوئے یہ نہیں کہہ سکتے کہ انسان کا وجود عنصر خاک کے کرہ سے زیادہ وسیع ہے لہٰذا انسان کے وجود کی کرۂ خاک کے مقابلہ میں ایک حقیر شے کے سوا کچھ مقدار نہیں ہے بلکہ حقیر شے کے نمونہ کو شے جان کر یہ حکم وقوع میں آیا ہے اور بعض مشائخ نے جو غلبۂ سکر میں کہا ہے کہ جامعیتِ محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) جامعیتِ الٰہی سے زیادہ جامع ہے، اُن کا یہ کلام بھی اسی (سکر کی) قسم سے ہے، چونکہ انھوں نے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امکان اور مرتبۂ وجوب کی حقیقت کا جامع سمجھا ہے اس لئے انھوں نے یہ حکم کیا ہے کہ جامعیتِ محمدی، اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی جامعیت سے زیادہ ہے۔ یہاں بھی انہوں نے صورت کو حقیقت تصور کر کے یہ حکم لگایا ہے۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرتبۂ وجوب کی صورت کے جامع ہیں نہ کہ (مرتبۂ) وجوب کی حقیقت کے، اور اللہ تعالیٰ حقیقی واجب الوجود ہے، اگر وہ (حضرات) وجوب کی حقیقت اور اس کی صورت کے درمیان تمیز کرتے تو ہرگز ایسا حکم نہ کرتے۔ اس قسم کے سکریہ احکام سے اللہ تعالیٰ کی ذات منزہ اور مبرا ہے۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بندے، محدود اور متناہی ہیں اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ وتقدس کی ذات غیر محدود ولا متناہی ہے۔

جاننا چاہئے کہ جو کچھ احکامِ سکریہ سے ہے وہ سب مقامِ ولایت سے متعلق ہے اور جو کچھ صحو سے ہے وہ مقامِ نبوت سے تعلق رکھتا ہے جو کہ انبیا علیہم الصلوٰت والتسلیمات کے کامل تابعداروں کو بھی صحو کے واسطہ سے اس مقام سے پیروی کے طور پر حصہ حاصل ہے۔

حضرت شیخ ابو یزید بسطامی قدس سرہٗ کے متبعین سکر کو صحو پر فضیلت دیتے ہیں، اسی لئے شیخ ابو یزید بسطامی قدس سرہٗ کہتے ہیں: لِوَائِیْ اَرْفَعُ مِنْ لِوَاءِ مُحَمَّدٍ (میرا جھنڈا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جھنڈے سے زیادہ بلند ہے)، وہ اپنے جھنڈے کو ولایت کا جھنڈا اور حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے جھنڈے کو نبوت کا جھنڈا جانتے ہیں۔ ولایت کے جھنڈے کو جو سکر کی طرف رُخ رکھتا ہے نبوت کے جھنڈے پر جو کہ صحو کی طرف رخ رکھتا ہے ترجیح دیتے ہیں اور بعض مشائخ کا یہ کلام اَلْوَلَایَةُ اَفْضَلُ مِنَ النُّبُوَّةِ (ولایت نبوت سے افضل ہے) بھی اسی قسم (سکر) سے ہے ان کا خیال ہے کہ ولایت میں حق تعالیٰ کی طرف رُخ ہوتا ہے اور نبوت میں مخلوق کی طرف توجہ ہوتی ہے اور اس میں شک نہیں کہ مخلوق کی طرف توجہ کرنے سے خالق کی طرف توجہ کرنا افضل ہے۔ اور بعض مشائخ نے اس کلام کی توجیہ میں کہا ہے کہ نبی کی ولایت اس کی نبوت سے افضل ہے۔

اس فقیر کے نزدیک اس قسم کی باتیں بیکار اور فضول ہیں کیونکہ نبوت میں صرف خلق (مخلوق) ہی کی طرف توجہ نہیں ہوتی بلکہ اس توجہ بخلق کے ساتھ ساتھ وہ حق تعالیٰ کی طرف بھی توجہ رکھتا ہے یعنی اسکا باطن حق سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہے اور

Marfat.com

اس کا ظاہر مخلوق کے ساتھ، اور جو شخص اپنی تمام تر توجہ مخلوق کی طرف رکھتا ہو وہ بد بختوں میں سے ہے۔ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام تمام موجودات میں سب سے بہتر ہیں اور سب سے بہتر دولت انہی کو نصیب ہوئی ہے، ولایت نبوت کا جزو ہے اور نبوت کُل ہے یہی وجہ ہے کہ نبوت ولایت سے افضل ہے خواہ ولایت نبی کی ہو یا ولی کی۔ لہذا سُکر سے صحو افضل ہے کیونکہ صحو میں سُکر شامل ہے جس طرح کہ نبوت میں ولایت درج ہے، محض صحو جو کہ عوام الناس کو حاصل ہے وہ بحث سے خارج ہے اس صحو پر (سکر کو) ترجیح دینا کچھ معنی نہیں رکھتا اور وہ صحو جس میں سُکر شامل ہے البتہ سُکر سے افضل ہے۔ علوم شرعیہ جن کے صادر ہونے کی جگہ مرتبۂ نبوت ہے سراسر صحو ہے اور ان علوم کے مخالف جو کچھ بھی ہو وہ سُکر سے متعلق ہے، سُکر والا شخص معذور ہے، تقلید کے لائق صحو کے علوم ہیں نہ کہ سُکر کے علوم، ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ عَلٰی تَقۡلِیۡدِ الۡعُلُوۡمِ الشَّرۡعِیَّۃِ عَلٰی مَصۡدَرِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَالتَّحِیَّۃُ یَرۡحَمُ اللّٰہُ عَبۡدًا قَالَ اٰمِیۡنَا (اللہ تعالیٰ ہم کو علومِ شرعیہ کی تقلید پر ثابت قدم رکھے اور ان علومِ شرعیہ کے مصدر آنحضرت ﷺ پر صلوۃ وسلام اور تحیۃ ہو اور اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم کرے جس نے آمین کہا)۔

اور یہ جو حدیثِ قدسی میں وارد ہے: لَا یَسَعُنِیۡ اَرۡضِیۡ وَلَا سَمَائِیۡ وَلٰکِنۡ یَّسَعُنِیۡ قَلۡبُ عَبۡدِیَ الۡمُؤۡمِنِ (میری زمین اور میرا آسمان میری گنجائش نہیں رکھتے لیکن میرے مؤمن بندے کا دل میری گنجائش رکھتا ہے)۔ اس گنجائش سے مراد مرتبۂ وجوب کی صورت کی گنجائش ہے نہ کہ حقیقت کی، کیونکہ حلول کی وہاں گنجائش نہیں ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہے پس ظاہر ہوا کہ قلب کا لامکانیت کو شامل ہونا لامکانیت کی صورت کے اعتبار سے ہے نہ کہ اس کی حقیقت کے اعتبار سے، کہ عرش ومافیہ کی اس ذاتِ واجب کے سامنے کچھ مقدار نہیں ۔ یہ حکم لامکانیت کی حقیقت کے ساتھ مخصوص ہے

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۸۵﴾ قوله ان الله خلق ادم ...الخ:۔قطعة من حديث طويل رواه الشيخان ونظمه هكذا عن ابی هريره رضی الله تعالیٰ عليه عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه و آله وسلم خلق الله ادم علی صورته طوله ستون ذراعاً ...الخ ۔ یہ طویل حدیث کا ٹکڑا ہے اس کو بخاری مسلم نے روایت کیا ہے۔ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق حدیث کے الفاظ اسطرح ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا، ان کا قد ساٹھ ہاتھ تھا...الخ۔ یعنی خدا تعالیٰ نے آدم کو اس کی صورت پر پیدا فرمایا۔

علما نے اس حدیث کے معنی میں اختلاف کیا ہے، بعض اسکی تاویل نہیں کرتے اور فرماتے ہیں۔ کہ یہ حدیث احادیث صفات میں سے ہے۔ اس لئے اسکی تاویل نہ کرنا ہی بہتر ہے اس طرح کے متشابہات میں سلف صالحین کا مسلک بھی یہی ہے۔ کچھ علما اسکی تاویل کرتے ہیں اور مشہور تاویل اسکی یہ ہے کہ صورت صفت کے معنی میں ہے جیسے کہتے ہیں کہ صورت مسئلہ یہ ہے اور صورتِ حال ایسی ہے، اس صورت میں معنیٰ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صفت پر پیدا کیا اور ان کو اپنی صفات کریمہ کا پرتو بنایا ہے اور ان کو حی، عالم، قادر، مرید، متکلم، سمیع اور بصیر بنایا ہے یا پھر یہ اضافت عظمت وشرافت ظاہر کرنے کے لئے ہے جیسے کہ روح اللہ اور بیت اللہ اس صورت میں معنی یہ ہوگا اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خوبصورت اور لطیف صورت میں پیدا کیا جو لطائف واسرار پر مشتمل تھی۔ بعض علما کہتے ہیں کہ ''صورتہ'' میں ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو بغیر کسی مخلوق کے واسطے کے پیدا فرمایا۔ ساٹھ ہاتھ لمبے قد کے ساتھ، اور عام انسانوں کی طرح نہیں کہ پہلے نطفہ ہوتا ہے پھر لوتھڑا، اس کے بعد جنین اور اسکے بعد بچہ اور اسکے بعد مکمل مرد بنتا ہے یا آدم علیہ السلام کو اپنی صورت پر پیدا کیا اور ایسی جامع صورت میں پیدا کیا کہ کوئی مخلوق ایسی نہیں جسکی مثال حضرت آدم کی صورت میں نہ پائی جاتی ہو اس لئے آپ کو عالم صغیر (چھوٹا جہان) کہا جاتا ہے۔ یا صورت بمعنی شان اور امر ہے کہ مسجود ملائکہ ہوئے اور حیوانات اور کائنات کا مسخر کرنے والا بنایا، وغیرہ وغیرہ، ۱۲۔

از اشعۃ اللمعات باختصار یسیر ۱۲

۲؎ یعنی قلب کے لامکانیت کو شامل ہونے کے سبب قلب عرش کے مقابلہ میں (مکانیت اور لامکانیت کا جامع ہے) کیونکہ عرش اور جو کچھ اس میں ہے وہ دائرہ امکان میں داخل ہے، قلب عرش سے بہت وسیع ہے اور جو کچھ اس میں ہے ان سب کی اس کے ایک گوشے کی مقدار کے موافق نہیں ہے۔ ۱۲

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆ توجیہات ...... نہ بر ظاہر خود ۱۲ ...... اپنے ظاہر پرنہیں ☆ ہرچہ......بیان جامعیت ۱۲......جامعیت کا بیان......☆ ومافیہ...... وآنچہ درواست ۱۲......اور جو کچھ اس میں ہے......☆ مافیہ......آنچہ درعرش است ۱۲......جو کچھ عرش میں ہے ☆ زاویہ...... گوشہ ۱۲......کونہ......☆ عناصر......اربعہ ۱۲......چار عناصر......

(ص ۸۶) ۱ قولہ کرہ:۔ پہلے حرف پرپیش ہے اور را بے نقطہ، بمعنی گیند جس سے کھیلتے ہیں اور ہر وہ چیز جو گول ہو اور گیند کی مثل ہو۔ ۱۲

۲ قولہ اُنمُوذَج: پہلے حرف پرپیش ہے اور میم پر بھی پیش اور ذال بانقطہ زبر والی ہے، بمعنی نمونہ اور نمودار، فارسی میں کبھی مجازی طور پر اندک یعنی تھوڑا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ صاحب قاموس نموذج کو بغیر الف کے صحیح جانتے ہیں اور شروع میں الف کو غلط کہتے ہیں۔ لیکن سکا کی مفتاح اور دوسری معتبر کتابوں سے معلوم ہوا ہے کہ شروع میں الف زیادہ کرنا صحیح ہے۔ ۱۲ غیاث مع الاختصار

۳ حاشا یعنی پاکی اور دوری ہے خدا تعالیٰ کو اس کام سے۔ کَلّا کاف پر زبر اور لام پر شد ہے یہ حرف پہلی بات کے رد کے لئے آتا ہے اس کا حاصل مطلب یہ ہے کہ ان احکام سکریہ میں سے جو کہ ایسے نہیں ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی ذات منزہ و مبرا ہے۔ اس طرح کے احکام سے جو سکر کی طرف منسوب ہیں۔ ۱۲ المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ۔

۴ قولہ عُنصُر خاک:۔ پہلے اور تیسرے حرف پرپیش ہے، اصل اور بنیاد کے معنی میں ہے طبیبوں کے نزدیک مٹی، ہوا، پانی اور آگ۔ ۱۲

☆ ارباب ...... اصحاب ۱۲ ......صاحب کی جمع ☆ صحو......ہوش ۱۲......ہوش......☆ رفیع ......بلند ۱۲......بلند، اونچا ☆ جنب ...... پہلو ۱۲ ...... پہلو، ایک طرف ...... ☆ وسیع ...... فراخ ۱۲ ......کشادہ، وسیع ......☆ تمثال ......بالکسر معنی صورت و پیکر ۱۲......ت کی زیر سے، صورت وشکل کے معنی میں......☆ جنب ......پہلو ۱۲......پہلو، ایک طرف......☆ کمون ...... پوشیدہ ۱۲......خفیہ، پوشیدہ......☆ اوسع ......فراخ تر ۱۲......بہت وسیع......☆ اینجانیز ......چنانکہ درعرش ۱۲ ......جیسا کہ عرش میں ہے......

(ص ۸۷) ۱ السكر غيبة بوارد قوى ولا يكون الا لاصحاب المواجيد فاذا كوشف العبد بنعت الجمال حصل السكر وهام القلب وسقط التمييز بين ما يولمه ما يلذه والصحو رجوع الى الاحساس بعد الغيبة، والعبد فى حال صحويشاهد العلم و فى حال سكره يشاهدالحال ۱۲ ملتقط۔

۲ قولہ شیخ ابو یزید...الخ:۔ جان لو کہ ان کے مختصر حالات مکتوب ۴۳ کے حاشیہ میں نفحات الانس سے نقل کر دیئے ہیں وہاں سے دیکھنا چاہیے۔ ۱۲

۳ قولہ لوائی الخ:۔ یعنی میرا جھنڈا محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کے جھنڈے سے زیادہ بلند ہے۔ ۱۲

ء قولہ بسطامی:۔ بسطام، با کی زیر اور زبر سے، ایک شہر کا نام جو حضرت بایزید کا مولد یعنی جائے پیدائش ہے۔ ۱۲

ء قولہ لوائے:۔ پہلے حرف کی زیر سے، فوج کا جھنڈا اور لشکر کا نشان پہلے حرف کی زبر غلط ہے۔ ۱۲

۴ قولہ مُدبِران:۔ مُد بر کی جمع میم کی پیش اور دال کی جزم با ایک نقطہ والی پر زبر ہے، وہ شخص جس کی طرف پشت کر دی گئی ہو، یعنی وہ شخص جس کی طرف دولت وعزت نے پشت کر دی ہو یعنی منہ پھیر لیا ہو۔ ۱۲

۵ اس حدیث کی تحقیق وتخریج مکتوب ۷۰ میں تحریر کر دی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔ ۱۲

☆ صحو......ہوش ۱۲......ہوش......☆ بسطامیہ ...... مقلدان ومتابعان شیخ ابو یزید بسطامی قدس سرہٗ ۱۲......شیخ ابو یزید بسطامی قدس سرہ کے تابع اور عقیدت مند لوگ......☆ لوائے...... نشان ۱۲ ......جھنڈا......☆ الولایہ ... النبوۃ ...... ولایت بزرگتر است از پیغمبری ۱۲......ولایت پیغمبری سے افضل ہے ...... ☆ توجہ ......بخلق ۱۲...... توجہ مخلوق کی طرف بھی ہوتی ہے......☆ ترجیح ......سکر را ۱۲......سکر کو ترجیح دینا......☆ شایان ......مبتدا ۱۲......یہ مبتدا ہے......☆ علوم صحو است ......خبر ۱۲......یہ خبر ہے......☆ ثبتنا اللہ ... الشرعیۃ......ثبات وقیام ارزانی فرماید خدای پاک براتباع معارف شرعی ۱۲......اللہ تعالیٰ ہم کو علوم شرعیہ کی تقلید پر ثابت قدم رکھے......☆ حلول......درآمدن حق در چیزے ۱۲......اللہ تعالیٰ کا کسی چیز میں داخل ہونا......

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

چھیانوے واں مکتوب (۹۶)

محمد شریف کی طرف صادر فرمایا----- تسویف (آج کا کام کل پر ڈالنے) و تاخیر سے منع اور اس پر زجر کرنے اور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شریعت کی متابعت پر ترغیب ڈالنے اور اس کے مناسب بیان میں۔

اے فرزند آج جب کہ فرصت کا وقت ہے اور (دل کی) جمعیت (اطمینان) کے اسباب سب میسر ہیں، تسویف (آج کا کام کل پر ڈالنے) اور تاخیر کی گنجائش نہیں ہے، سب سے بہترین اوقات کو جو کہ نوجوانی کا زمانہ ہے بہترین اعمال یعنی مولیٰ تعالیٰ وتقدس کی طاعت اور عبادت میں مشغول رکھنا چاہیئے۔ شرعی طور پر جو چیزیں حرام ومشتبہ ہیں ان سے بچتے ہوئے پانچوں وقت کی نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا لازمی طور پر اختیار کرنا چاہیئے اور زکوٰۃ کا نصاب موجود ہونے کی صورت میں زکوٰۃ کا ادا کرنا اسلام کی ضروریات میں سے ہے اس کو بھی خوشی اور رغبت سے بلکہ (حق تعالیٰ کا) احسان مانتے ہوئے ادا کرنا چاہیئے ----- حق تعالیٰ نے اپنا کمال کرم فرما کر سارے دن میں پانچ وقت عبادت کے مقرر کیئے ہیں ----- اور بڑھنے والے مالوں اور چرنے والے چوپایوں میں سے چالیسواں حصہ تحقیقی طور پر یا اندازاً فقراء کیلئے مقرر فرمایا ہے ----- اور مباحات میں تصرف کرنے کا میدان وسیع کر دیا ہے (تو پھر) کس قدر نا انصافی ہے کہ دن رات کی ساٹھ گھڑیوں میں سے دو گھڑی بھی حق تعالیٰ کی عبادت میں خرچ نہ ہوں اور چالیس حصوں میں سے ایک حصہ بھی فقراء کو نہ دیا جائے اور مباحات کے وسیع دائرے سے باہر نکل کر محرمات اور مشتبہات میں جا پڑے ----- جوانی کے زمانے میں جب کہ نفس امارہ کے غلبہ اور شیطانِ لعین کی حکومت کا وقت ہے تھوڑے سے عمل کو بہت زیادہ اجر کے عوض قبول کرتے ہیں اور کل جب کہ بڑھاپے کی عمر کو پہنچا دیئے جائیں گے اور حواس اور قوتوں میں سستی پیدا ہو جائے گی اور جمعیت وسکون کے اسباب منتشر ہو جائیں گے (اس وقت) حسرت و پشیمانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور بہت دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ کل تک مہلت نہ دیں اور ندامت و پشیمانی کا موقعہ بھی جو کہ ایک قسم کی توبہ ہے میسر نہ ہوا اور ہمیشہ کا عذاب اور دائمی سزا جس کی نسبت پیغمبرِ صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ نے خبر دی ہے اور گنہگاروں کو اس سے ڈرایا ہے وہ درپیش ہے اس وعید کے خلاف ہرگز نہ ہوگا۔ (اس سے ضرور دوچار ہونا پڑے گا)۔ آج شیطان اللہ تعالیٰ جل سلطانہ کے کرم کا دھوکہ دے کر سستی میں ڈالتا ہے اور اس کے عفو و معافی کا بہانا بنا کر گناہوں کا مرتکب بناتا ہے۔

خوب اچھی طرح جان لیں کہ دنیا کا گھر جو کہ آزمائش وابتلا کا مقام ہے (یہاں) دشمن اور دوست کو خلط ملط کر دیا گیا ہے اور دونوں کو رحمت میں شامل کر دیا ہے۔ آیت کریمہ وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ ط (اعراف ۷ آیت ۱۵۶) (اور میری رحمت نے سب چیزوں کا احاطہ کر لیا ہے) میں اس بات کی طرف اشارہ ہے ----- اور قیامت کے روز دشمن کو دوست سے جدا کر دیا جائے گا، آیت کریمہ وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّھَا الْمُجْرِمُوْنَ (یس ۳۶ آیت ۵۹) (اے مجرموں! آج تم الگ ہو جاؤ) اسی مضمون کی خبر دے رہی ہے ----- اس وقت "رحمت کا قرعہ" دوستوں کے نام نکلے گا اور دشمنوں کو مطلقاً محروم اور حقیقتاً ملعون قرار دے دیا جائے گا آیت کریمہ فَسَاَکْتُبُھَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَالَّذِیْنَ ھُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ (پس میں عنقریب

Marfat.com

اس کوان لوگوں کے لئے لکھوں گا جو مجھ سے ڈرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور جو میری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں) اسی معنی کی شاہد ہے۔ یعنی تحقیق میں اس رحمت کو اُن لوگوں کیلئے خاص کردوں گا جو کفر اور گناہوں سے بچتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں ------ پس کرم و رحمت کو آخرت میں نیک کام کرنے والے اور اچھے عمل والے مسلمانوں کیلئے رکھا ہے، ہاں مطلق اہلِ اسلام کیلئے بھی خاتمہ بالخیر ہونے کی صورت میں رحمت کا کچھ حصہ ہے اگرچہ وہ طویل زمانے کے بعد (اپنے اعمالِ بد کی سزا بھگت کر) دوزخ کے عذاب سے نجات پائیں گے۔ لیکن گناہوں کی سیاہی اور آسمان سے نازل شدہ احکامِ (خداوندی) کی طرف سے بے باکی اور بے پروائی کرنا (وغیرہ) یہ باتیں ایمان کے نور کو کب سلامت لے جانے دیں گی ------ علماء نے فرمایا ہے کہ "(گناہ) صغیرہ پر اصرار کرنا (گناہِ) کبیرہ تک پہنچا دیتا ہے اور کبیرہ پر اصرار کرنا کفر تک لے جاتا ہے"، اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے بچائے ------ فرد

اندکے پیش تو گفتم غمِ دل ترسیدم ۔۔۔ کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است

(مختصر تجھ سے کہی ورنہ ہے یہ بات بڑی ۔۔۔ محض اس ڈر سے آزردہ نہ ہو دل تیرا)

حق سبحانہ وتعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے طفیل اپنی رضا کے کاموں کی توفیق عطا فرمائے ------ باقی مقصود یہ ہے کہ حامل رقیمہ ہٰذا مولانا اسحٰق اس فقیر کا آشنا و مخلص ہے اور قدیم زمانے سے ہمسائیگی کا حق بھی رکھتا ہے۔ اگر کوئی مدد واعانت طلب کرے تو اس کے حال پر توجہ فرمائیں، موصوف کتابت اور انشاء (تحریر) کے فن میں اچھی مہارت رکھتا ہے۔ والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

ص۸۸﴾ ۱ قولہ عُنفُوان:۔ عین اور ف پر پیش ہے، اس کے معنی ہیں ہر چیز کا اول اور جوانی کا آغاز۔ ۱۲

۲ قولہ نصاب:۔ یعنی سونے سے ساڑھے سات تولہ اور چاندی سے دوسو درہم جو دہلی کے سکہ کے چھپن روپے ہوتے ہیں۔ ۱۲ (چاندی کا وزن ساڑھے باون تولے بنتا ہے)

۳ قولہ انعام:۔ الف کی زبر سے، نَعَم (پہلے دونوں حروف پر زبر ہے) کی جمع ہے یعنی چار پائے مثلاً اونٹ، گائے، بکری وغیرہ، سائمہ جو اکثر سال جنگل میں چر کر گذارا کرتے ہیں۔ ۱۲

۔ قولہ أموال نامیہ:۔ یعنی وہ اَموال جن میں اضافہ اور نفع ممکن ہو۔ ۱۲

۴ قولہ قَہرَمان:۔ ق پہلے حرف پر زبر اور ہ پر جزم اور ر پر زبر ہے۔ یعنی غلبے کے ساتھ حکومت، کہرمان کا معرب ہے۔ بمعنی کارفرما مجازی طور پر حکومت کے معنی میں آتا ہے۔ ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆برتسویف...... درد رنگ انداختن ۱۲...... دیر کرنا، کام آئندہ پر ٹالنا، سستی کرنا...... ☆اَوان...... وقت ۱۲...... وقت...... ☆سائمہ...... چرندہ ۱۲...... چرنے والے جانور، اکثر سال چرنے والے جانور...... ☆عشر...... چہلم حصہ ۱۲...... چالیسواں حصہ...... ☆تحقیقاً وتقریباً...... بتحقیق یا تخمین ۱۲...... تحقیق یا اندازے سے...... ☆خیلی...... بسیار ۱۲...... بہت زیادہ...... ☆گھڑی...... ساعت ۱۲...... کچھ وقت، ایک گھڑی...... ☆صرف...... خرچ ۱۲...... خرچ کرنا...... ☆سہم...... حصہ ۱۲...... حصہ...... ☆وسیعہ...... فراخ ۱۲...... کشادہ، وسیع...... ☆سلطان...... غلبہ ۱۲...... غلبہ و اقتدار...... ☆لعین...... ملعون ۱۲...... لعنتی...... ☆بارذلِ عمر...... زبون تر وناکس تر یعنی پیری ۱۲...... بہت گھٹیا اور ذلیل یعنی بڑھاپا...... ☆تشتّت...... تفرق و پراگندگی ۱۲...... بکھیرنا اور منتشر کرنا...... ☆نحوے...... نوعے ۱۲...... ایک قسم...... ☆عذاب...... مبتداء ۱۲...... یہ مبتدا ہے......

Marfat.com

﴿صہ۸۹﴾ ۱ قوله وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْء ...الخ:۔اس آیت کی طرف اشارہ ہے جوسورہ اعراف آیت۱۵۶میں واقع ہے قال عَذَابِيْ...الخ۔رب نے فرمایا میرا عذاب، میں جسے چاہوں گا پہنچاؤں گا اور میری رحمت نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے تو میں رحمت یعنی رحمتِ کاملہ ان لوگوں کے حق میں لکھوں گا جو پرہیزگار ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں۔ ۱۲

۲ قوله وامتازوا...الخ:۔سورۃ یٰسٓ (آیت۵۹) میں واقع ہے یعنی میں کہوں گا۔جدا ہو جاؤ آج اے گنہگارو۔ ۱۲

۳ قوله ظلمات معاصی وفی الحديث الصحيح انه صلى الله عليه وسلم قال ان المؤمن اذا اذنب نكتت نكته سوداء فی قلبه فان تاب واستغفر صقل قلبه وان لم يتب زادت حتّٰى تعلو قلبه فذلك الران الذی ذكره الله فی كتابه : كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوبِهِمْ مَّا كَانُوْ يَكْسِبُوْنَ ۱۲ ترجمہ:۔صحیح حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک مومن جب گناہ کرتا ہے۔ تو ایک سیاہ نکتہ دل پر لگ جاتا ہے اگر وہ توبہ واستغفار کرتا ہے تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر وہ توبہ نہیں کرتا تو نکتہ زیادہ ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے دل پر چھا جاتا ہے پس یہی وہ ران ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔ہرگز نہیں بلکہ ان کے دلوں پر زنگ چڑھا دیا اس چیز نے جو وہ کرتے تھے۔ (سورۃ مطففین آیت۱۴)

۴ قوله اصرار برصغيره به كبيره مير ساند:۔جاننا چاہیے کہ کبیرہ گناہ وہ ہے جس پر شریعت میں حد مقرر ہو یا وعیدِ عذاب آئی یا اس گناہ سے دلیلِ قطعی کے ساتھ منع کیا گیا ہو اور دین کی توہین کا سبب ہو اور وہ اس طرح کا گناہ نہ ہو وہ صغیرہ ہے گناہ کبیرہ کے مختلف درجے ہیں۔بعض گناہ بہت بڑے اور بد ترین ہیں بعض دوسرے گناہوں سے جیسا کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے ترجمہ مشکاۃ میں ہے،وروی ان رجلا قال لا بن عباس كم الكبائر سبع هی؟قال هی الی سبعمائة اقرب منها الیٰ سبع غيرانه لا كبيره مع السغفار ای التوبة و لا صغيرة مع الاصرار ۱۲ زواجر روایت کیا گیا ہے کہ ایک مرد نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: کیا کبیرے گناہ سات ہیں:انہوں نے فرمایا وہ سات سو تک ہیں اور ان میں سے اقرب سات ہیں۔سوائے اس کے کہ استغفار و توبہ کرنے سے کبیرہ نہیں رہتا اور صغیرہ بار بار کرنے سے صغیرہ نہیں رہتا (بلکہ وہ کبیرہ ہو جاتا ہے) زواجر

۵ قوله خيريت خاتمه ...الخ:۔وفی الحدیث المتفق علیہ،انما الاعمال بالخواتیم یعنی اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے (جیسے اعمال پر خاتمہ ہوگا وہی معتبر ہوں گے)

....

☆عُصاۃ ...... جمع عاصی ۱۲...... عاصی (نافرمان) کی جمع ہے......☆ایعاد......ایعاد بالکسر ترسیدن وتر سانیدن دوعدہ عقاب دادن ۱۲...... الف کی زیر سے،ڈرنا اور سزا دینے کا وعدہ کرنا......☆درپیش......خبر ۱۲......یہ خبر ہے......☆تخلفی......بروزن تصرف خلاف کردن دروعدہ ۱۲......تَصَرُّف کے وزن پر،یعنی وعدہ خلافی کرنا......☆ بغُرور ......بالضم فریفتن وفریب ۱۲......غین کے پیش سے،فریب کھانا اور فریب......☆مداہنت......خیانت و نفاق سستی ۱۲......خیانت اور منافقت مراد سستی......☆دار......خانہ ۱۲......گھر......☆ممتزج......مختلط ۱۲ ...... ملا ہوا،مختلف چیزوں کا ملا ہوا ہونا......☆گردانیدہ ......پس برنعمائے دنیا مغرور نمی باید شد ۱۲......پس دنیا کی نعمتوں پر مغرور نہیں ہونا چاہیے...... ☆قرعۂ رحمت......بالضم چوب پارہ وجز آن کہ بدان فال گیرند۱۲......☆اہل اسلام نیک کردار ......تفسیر ماقبل خوداست ۱۲......اپنے پہلے کلام کی تفسیر ہے......☆متطاولہ......دراز ۱۲......طویل،لمبا ...... ☆ظلمات...... تاریکہائے گناہان ۱۲...... گناہوں کی لاپرواہی ......☆عدم مبالاتؔ:......بے باکی وناندیشگی ۱۲......بے باکی اور لاپرواہی ☆اصرار......بالکسر ہموارہ برکارے مستعد شدن ۱۲......الف کی زیر سے، کسی کام پر ہمیشگی کرنا اور طیار رہنا......☆مُفْضِی......رسانندہ ۱۲......پہنچانے والا......☆جُوار......بالکسر بالضم ہمسائگی ۱۲......جیم کی زیر اور پیش دونوں طرح،ہمسایہ ہونا......

Marfat.com

ستانوےواں مکتوب (۹۷)

شیخ درویش کی طرف صادر فرمایا ------ اس بیان میں کہ مامورہ (حکم دی ہوئی) عبادتوں سے مقصود یقین کا حاصل کرنا ہے اور اس کے مناسب بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ حضرت سید المرسلین علیہ وعلیٰ آلہ وعلیہم من الصلوات اتمہا ومن التسلیمات اکملہا کے طفیل ہم مفلسوں کو ایمان کی حقیقت سے مشرف فرمائے ------ جس طرح انسان کی پیدائش سے مقصود مامورہ (حکم دی ہوئی) عبادتوں کا بجا لانا ہے، اسی طرح حکم دی ہوئی عبادتوں کے ادا کرنے سے مقصود یقین کا حاصل کرنا ہے جو کہ ایمان کی حقیقت ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آیت کریمہ: وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (۱۵ الحجر آیت ۹۹) (اور اپنے پروردگار کی عبادت کر یہاں تک کہ تجھ کو یقین یعنی موت آجائے)۔ میں اسی معنی کی طرف اشارہ ہو، کیونکہ کلمہ حتیٰ جس طرح نہایت وغایت کے معنی میں آتا ہے سبب اور علت ہونے کے لئے بھی آتا ہے یعنی لِاَجْلِ اَنْ يَّاتِيَكَ الْيَقِيْنُ (تاکہ تجھ کو یقین حاصل ہوجائے) گویا جو ایمان عبادت ادا کرنے سے پہلے ہے وہ ایمان کی صورت ہے نہ کہ ایمان کی حقیقت جس کو یہاں یقین سے تعبیر کیا گیا ہے ------ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اٰمِنُوْا الآیہ (اے ایمان والو! تم ایمان لاؤ) الآیہ (نساء۴ آیت ۱۳۶) اَيِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صُوْرَةً اٰمِنُوْا حَقِيْقَةً بِاَدَاءِ وَظَائِفِ الْعِبَادَاتِ الْمَامُوْرَةِ (یعنی اے لوگو! جو ظاہری طور پر ایمان لائے، عبادات مامورہ کے وظائف کی ادائیگی کے ساتھ حقیقی طور پر ایمان لاؤ) ------ اور فنا و بقا کہ جس کے حاصل ہونے کو ولایت سے تعبیر کرتے ہیں اس سے مقصود صرف یہی یقین ہے اور بس ------ اور اگر فنا فی اللہ اور بقا باللہ سے کچھ اور معنی مراد لئے جائیں جو حالیّت (حلول کرنے) اور محلّیت (محل خدا ہونے) کے وہم میں ڈالنے والے ہوں تو عین الحاد اور زندقہ ہے، غلبۂ حال اور سکرِ وقت میں ایسی بہت سی چیزیں ظاہر ہوجاتی ہیں کہ جن سے آخر کار گذر جانا چاہیئے اور توبہ واستغفار کرنا چاہیئے۔

ابراہیم بن شیبان جو کہ مشائخ طبقات قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ "فنا و بقا کا علم وحدانیت کے اخلاص اور عبودیت کی صحت کے گرد گھومتا ہے اور اس کے ماسوا غلطی اور زندقہ ہے"۔ ------ اور حق یہ ہے کہ وہ (ابراہیم) سچ فرماتے ہیں، اور یہ کلام ان کی استقامت کی خبر دیتا ہے، فنا فی اللہ سے مراد حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مرضیات میں فنا ہونا ہے اور سیر الی اللہ وسیر فی اللہ وغیرہ اسی قیاس پر ہیں۔

اور دوسری بات یہ ہے جس کی آپ کو تکلیف دی جاتی ہے کہ نیکیوں کے آثار والے شیخ اللہ بخش نیکی وتقوی وفضیلت سے آراستہ ہیں اور ایک بڑی جماعت ان کے ساتھ وابستہ (تعلق رکھتی) ہے اگر کسی کام کے بارے میں کچھ مدد طلب کریں تو امید ہے کہ ان کے حال پر اپنی بزرگ توجہ فرمائیں گے۔ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى (آپ پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو)۔

حاشیہ متن

(صہ۹۰) ۱؎ یہ آیت سورۃ حجر کے آخر میں واقع ہے یعنی اپنے پروردگار کی عبادت کر یہاں تک کہ تجھ کو یقین آجائے مفسرین یقین سے مراد موت لیتے ہیں اور کلمہ حتیٰ کو غایت اور نہایت کے معنی میں لیا ہے۔ اور عبادات پر استقامت کی طرف اشارہ کیا ہے حضرت شیخ مجدد قدس سرہ فرماتے ہیں یہ بھی ہوسکتا ہے کہ حتیٰ علت کے لئے ہو اور یقین اپنے معنی پر ہو۔ ۱۲

۲؎ وحتیٰ اذا کان مستقبلا بالنظر الی ما قبلہا بمعنی کی او الیٰ کافیہ۔ ۱۲

۳؎ قولہ گویا بمعنی گوئی:۔ آخر میں الف زائد ہے اور گوئی صیغہ واحد مخاطب ہے گفتن مصدر سے، مجازاً تشبیہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اور اس جگہ اسی معنی میں ہے۔ ۱۲

۴؎ یہ کلمات سورہ نساء آیت ۱۳۶ میں ہیں اے ایمان والو! ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائی۔ ۱۲

Marfat.com

۵ ابراہیم بن شیبان جو کہ مشائخ طبقاتِ چہارم سے تعلق رکھتے ہیں، آپ کی کنیت ابواسحاق ہے، جیلانی بزرگ ہیں، اپنے زمانہ میں ورع وتقویٰ میں اس درجہ کے مقامات رکھتے تھے کہ مخلوق ان سے عاجز ہے، عبداللہ مغربی اور ابراہیم خواص کے اصحاب میں سے ہیں لوگوں نے عبداللہ (مغربی) سے پوچھا کہ آپ ان کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ابراہیم فقراو اہل آداب پر اللہ کی حجت ہیں ۳۳۷ھ میں وفات پائی۔ آپ فرماتے ہیں: جس شخص نے مشائخ کی حرمت نگاہ میں نہ رکھی وہ جھوٹے دعوے اور بیہودہ لاف وگذاف میں گرفتار ہے۔ ۱۲

ے مخلوق کو اللہ سبحانہ کا محل ہونا۔ ۱۲

۶ فنا وبقا کا علم وحدانیت کے اخلاص اور عبودیت کی صحت کے گرد گھومتا ہے اور اسکے ماسوا سب مغالطے اور بے دینی ہے۔ ۱۲

ب مظالطے اور بے دینی ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆غایت ...... نہایت ۱۲ ...... انتہا ...... ☆ علیۃ ......سببت ۱۲......سبب اور وجہ بنا......☆قال......سند ۱۲......دلیل

☆أی ... المامورة ...... یعنی ای آنانکہ ایمان آوردید بصورت ایمان آرید بحقیقت باد آنمودن عبادات مقررہ کہ بآن حکم کردہ شدید ۱۲ ...... اے ایمانوالو !ایمان لاؤ یعنی اے صورۃً ایمان لانے والو! عبادات مقررہ کی ذمہ داریوں کو پورا کر کے حقیقی ایمان لاؤ ...... ☆خواہندہ ...... ارادہ نمایند ۱۲ ...... ارادہ ظاہر کرتے ہیں ☆بحالیت......حلول کردن حق درمخلوق ۱۲......اللہ تعالیٰ کا مخلوق میں حلول کرنا ☆ موہم ...... دروہم افگندہ ۱۲ ...... وہم میں داخل ہونا......☆خود......البتہ ۱۲......البتہ، تحقیق......☆الحاد......ملحد شدن ۱۲...... راہ حق سے پھرنے والا......☆زندقہ......زندیق بدین شدن ۱۲ ......بے ایمان بے دین ہونا......☆وعلی ... ونحو هما وبرین قیاس است سیر بسوئے حق و سیر درحق و مانند این ہردو ۱۲......اسی قیاس پر ہے اللہ کی طرف اور سیر فی اللہ اوران دونوں (سیروں) کی مانند......

اٹھانوے واں مکتوب ﴿۹۸﴾

عبدالقادر پسر شیخ زکریا کی طرف صادر فرمایا ----- احادیثِ نبویہ علی مصدر ہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ کی روشنی میں نرمی اختیار کرنے اور سختی ترک کرنے کی ترغیب کے بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ مرکزِ عدالت پر استقامت نصیب فرمائے ----- نبی کریم علیہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا کی چند احادیث جو کہ تذکیر ووعظ ونصیحت کے بارے میں وارد ہوئی ہیں لکھی جاتی ہیں حق سبحانہٗ وتعالیٰ اُن کے موافق عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

۱۔ رسول ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللهَ رَفِيقٌ "يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَالَا يُعْطِي عَلَىٰ مَا سِوَاهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ" (یعنی بے شک اللہ تعالیٰ رفیق ہے (اپنے بندوں پر لطف ونرمی کرنے والا ہے) اور نرمی کرنے پر وہ کچھ عطا فرماتا ہے اور سختی پر اور نرمی کے سوا کسی اور چیز پر عطا نہیں کرتا)۔

۲۔ اور مُسلم کی دوسری روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَإِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ إِلَّا زَانَهٗ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهٗ (یعنی اپنے اوپر نرمی کو لازم کر اور اپنے آپ کو درشت خوئی اور بیجا گفتگو سے دور رکھ کیونکہ نرمی جس چیز میں بھی ہو اس کو زینت دیتی ہے اور جس چیز سے نرمی نکل جاتی ہے اس کو عیب دار کر دیتی ہے۔)

Marfat.com

۳۔ اور نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا: مَنۡ یُّحۡرَمِ الرِّفۡقَ یُحۡرَمِ الۡخَیۡرَ (یعنی جو شخص لطف ونرمی (اچھی عادتوں سے) محروم ہے وہ ہر نیکی سے محروم کر دیا جاتا ہے)۔

۴۔ اور نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اِنَّ مِنۡ اَحَبِّکُمۡ اِلَیَّ اَحۡسَنُکُمۡ اَخۡلَاقًا (بیشک تم میں سے سب سے زیادہ محبوب (پسندیدہ) میرے نزدیک وہ شخص ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں) بخاری

۵۔ اور نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا: مَنۡ اُعۡطِیَ حَظَّهٗ مِنَ الرِّفۡقِ اُعۡطِیَ حَظَّهٗ مِنَ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ (جس کو لطف ونرمی کا کچھ حصہ دیا گیا اس کو دنیا وآخرت (کی نیکی) کا حصہ دیا گیا۔) (شرح السنہ)

۶۔ اور نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اَلۡحَیَاءُ مِنَ الۡاِیۡمَانِ وَالۡاِیۡمَانُ فِی الۡجَنَّةِ وَالۡبَذَاءُ مِنَ الۡجَفَاءِ وَالۡجَفَاءُ فِی النَّارِ۔ (حیا ایمان سے ہے اور (اہلِ) ایمان جنت میں ہے اور فحش کلامی وبیہودہ گوئی جفا وبدی سے ہے اور (اہلِ) جفا دوزخ میں ہے)۔ (احمد ترمذی)

۷۔ اِنَّ اللّٰهَ یُبۡغِضُ الۡفَاحِشَ الۡبَذِیَّ (بیشک اللہ تعالیٰ حد سے زیادہ تجاوز کرنے والے بیہودہ گو کو دشمن رکھتا ہے)۔ (ترمذی)

۸۔ اَلَا اُخۡبِرُکُمۡ بِمَنۡ یَّحۡرُمُ عَلَی النَّارِ وَبِمَنۡ یَّحۡرُمُ النَّارُ عَلَیۡهِ (کیا میں تمہیں خبر نہ دوں کہ کس شخص پر دوزخ کی آگ حرام ہے اور دوزخ کی آگ کس شخص پر حرام ہے؟)۔ (سنو!) عَلٰی کُلِّ هَیِّنٍ لَیِّنٍ قَرِیۡبٍ سَهۡلٍ (ہر ایک نرم ومتواضع (آہستہ روی والے) قریب وسہل (نرم طبع ونرم خو) والے پر حرام ہے۔ (ترمذی)

۹۔ اَلۡمُؤۡمِنُوۡنَ هَیِّنُوۡنَ لَیِّنُوۡنَ کَالۡجَمَلِ الۡاَنِفِ اِنۡ قِیۡدَ انۡقَادَ وَاِنِ اسۡتُنِیۡخَ عَلٰی صَخۡرَةٍ اسۡتَنَاخَ (تمام مومنین نرم طبع (نرمی کے موقع پر ناک میں نکیل (مہار) والے اونٹ کی طرح مطیع ہوتے ہیں اگر اس (اونٹ) کو آگے سے کھینچا جائے تو مطیع ہو کر چل پڑتا ہے اور جب اس کو کسی پتھر پر بٹھایا جائے تو بیٹھ جاتا ہے۔

۱۰۔ مَنۡ کَظَمَ غَیۡظًا وَهُوَ یَقۡدِرُ عَلٰی اَنۡ یُّنۡفِذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰی رُءُوۡسِ الۡخَلَائِقِ یَوۡمَ الۡقِیَامَةِ حَتّٰی یُخَیِّرَهٗ فِیۡ اَیِّ الۡحُوۡرِ شَآءَ (جس نے غصہ کو ضبط کر لیا حالانکہ وہ اس کے جاری کرنے پر (بدلہ لینے پر) قدرت رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کو سب مخلوق کے سامنے بلائے گا یہاں تک کہ اس کو اختیار دیا جائے گا کہ جس حور کو چاہے پسند کر لے)۔ (ترمذی)

۱۱۔ اِنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیۡهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَوۡصِنِیۡ قَالَ لَا تَغۡضَبۡ فَرَدَّدَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغۡضَبۡ (تحقیق ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا آپ مجھے وصیت (نصیحت) فرمائیں؟ آپؐ نے فرمایا غصہ مت کیا کر۔ اس نے کئی مرتبہ اپنی بات کو دہرایا (یعنی نصیحت طلب کرنے کے لئے عرض کیا)۔ آپؐ نے (ہر دفعہ یہی جواب میں) فرمایا کہ غصہ مت کیا کر)۔ (بخاری)

۱۲۔ اَلَا اُخۡبِرُکُمۡ بِاَهۡلِ الۡجَنَّةِ کُلُّ ضَعِیۡفٍ مُّتَضَعَّفٍ لَوۡ اَقۡسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ اَلَا اُخۡبِرُکُمۡ بِاَهۡلِ النَّارِ کُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُّسۡتَکۡبِرٍ (کیا میں تم کو اہل جنت کی خبر نہ دوں؟ (سنو!) ہر وہ شخص جو ضعیف ہے اور جس

Marfat.com

کو حقیر سمجھا جائے اگر وہ اللہ تعالیٰ پر قسم کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچا کردے، (وہ اہل جنت میں سے ہے)۔ (نیز فرمایا) کیا میں تم کو اہل دوزخ کی خبر نہ دوں؟ (سنو) ہر وہ شخص ہے جو سرکش، بدگو جھگڑالو اور متکبر ہے (وہ اہلِ دوزخ سے ہے)۔ (متفق علیہ)

۱۳۔ اِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ وَھُوَ قَائِمٌ فَلْیَجْلِسْ فَاِنْ ذَھَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْیَضْطَجِعْ (جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے اگر اس وقت وہ کھڑا ہوا ہو تو اس کو چاہئے کہ بیٹھ جائے پس (ایسا کرنے سے) اگر اس کا غصہ دُور ہو جائے (تو بہتر ہے) ورنہ اسے چاہئے کہ پہلو پر لیٹ جائے۔ (احمد و ترمذی)

۱۴۔ اِنَّ الْغَضَبَ لَیُفْسِدُ الْاِیْمَانَ کَمَا یُفْسِدُ الصَّبِرُ الْعَسَلَ (بیشک غصہ ایمان کو ایسے بگاڑ دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو بگاڑ دیتا ہے) (بیہقی)

۱۵۔ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِی نَفْسِهٖ صَغِیْرٌ وَ فِی اَعْیُنِ النَّاسِ عَظِیْمٌ وَمَنْ تَکَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِی اَعْیُنِ النَّاسِ صَغِیْرٌ وَفِی نَفْسِهٖ کَبِیْرٌ حَتّٰی لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِمْ مِنْ کَلْبٍ اَوْ خِنْزِیْرٍ (جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بلند کر دیتا ہے پس وہ (تواضع وانکساری کرنے والا) اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے لیکن لوگوں کی نظروں میں بڑا ہوتا ہے، اور جس شخص نے تکبر کیا اللہ تعالیٰ نے اس کو حقیر و پست کر دیا پس وہ لوگوں کی نظروں میں صغیر (چھوٹا) ہوتا ہے لیکن خود اپنے آپ کو بڑا خیال کرتا ہے حتیٰ کہ وہ لوگوں کے نزدیک کتے اور سور سے بھی زیادہ حقیر و خفیف ہوتا ہے (بیہقی)

۱۶۔ قَالَ مُوْسَی بْنُ عِمْرَانَ عَلٰی نَبِیِّنَا وَ عَلَیْهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ یَا رَبِّ مَنْ اَعَزُّ عِبَادِكَ قَالَ مَنْ اِذَا قَدَرَ غَفَرَ (حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے عرض کیا: اے رب! تیرے نزدیک تیرے بندوں میں سے کون سب سے زیادہ عزیز ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ شخص جو (بدلہ لینے پر) قادر ہونے کے باوجود معاف کر دے)۔ (بیہقی)۔

۱۷۔ اور نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: مَنْ خَزَنَ لِسَانَهُ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ کَفَّ غَضَبَهُ کَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَمَنِ اعْتَذَرَ اِلَی اللّٰهِ قَبِلَ اللّٰهُ عُذْرَهُ 'جس شخص نے اپنی زبان کی حفاظت کی اللہ تعالیٰ اس کے عیب ڈھانپ لے گا اور جس شخص نے اپنے غصہ کو روکا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس سے اپنا عذاب روک لے گا اور۔ اور جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے حضور میں عذر خواہی کی اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کا عذر قبول فرمالے گا (اس کو معاف کر دے گا) (بیہقی)۔

۱۸۔ اور نیز آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: مَنْ کَانَتْ لَهُ مَظْلِمَةٌ لِاَخِیْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اَوْ شَیْئٍ فَلْیَتَحَلَّلْهُ مِنْهُ الْیَوْمَ قَبْلَ اَنْ لَا یَکُوْنَ دِیْنَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ اِنْ کَانَ لَهُ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِهٖ وَاِنْ لَمْ یَکُنْ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَیِّئَاتِ اخذ من سیئات صَاحِبِهٖ فَحُمِلَ عَلَیْهِ (جس شخص پر اپنے کسی (مسلمان) بھائی کا کوئی حق اس کی عزت وآبرو سے یا کسی اور چیز سے ہے (یعنی اس نے کسی کا کوئی مال یا کوئی اور حق بطور ظلم دبالیا ہو) تو اس کو چاہئے کہ آج (دنیا ہی میں) اس سے معاف کرالے اُس (قیامت کے) دن سے پہلے، جبکہ اس کے پاس کوئی دینار و درہم نہ ہوگا، (اُس دن) اگر اس کے پاس کوئی نیک عمل ہوگا تو اس کے ظلم کے موافق اس سے لے لیا

Marfat.com

جائے گا اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوں گی تو اس صاحبِ حق (مظلوم) کی برائیاں لے کر اس ظالم کے اوپر ڈال دی جائیں گی)۔ (بخاری)

۱۹۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوْا الْمُفْلِسُ فِیْنَا مَنْ لَا دِرْھَمَ لَہٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّاْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِصَلوٰۃٍ وَّ صِیَامٍ وَّزَکوٰۃٍ وَّیَاْتِیْ قَدْ شَتَمَ ھٰذَا وَقَذَفَ ھٰذَا وَاَکَلَ مَالَ ھٰذَا وَسَفَکَ دَمَ ھٰذَا وَضَرَبَ ھٰذَا فَیُعْطیٰ ھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ وَھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ فَاِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُہٗ قَبْلَ اَنْ یُّقْضیٰ مَا عَلَیْہِ اُخِذَ مِنْ خَطَایَاھُمْ فَطُرِحَتْ عَلَیْہِ ثُمَّ طُرِحَ فِی النَّارِ (یعنی کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے؟ صحابۂ کرامؓ نے عرض کیا ہم میں مفلس وہ شخص ہے جس کے پاس درہم (مال) و اسباب کچھ نہ ہو، پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں سے مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ کے ساتھ آئے اور ساتھ ہی اس حال میں آئے کہ اس نے کسی کو گالی دی ہے، کسی کو تہمت لگائی ہے، کسی کا مال کھایا ہے، کسی کا خون بہایا ہے اور کسی کو مارا ہے۔ پس اُن میں سے ہر شخص کو اس کی نیکیوں میں سے (بقدرِ حق) دیا جائے گا۔ پھر اگر لوگوں کے وہ حقوق جو اس پر ہیں ادا ہونے سے پہلے اس کی نیکیاں ختم ہو گئیں تو حقداروں کی خطائیں (گناہ) لے کر اس پر ڈال دیئے جائیں گے، پھر اس کو دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔ (مسلم)

۲۰۔ حضرت معاویہ ؓ سے روایت ہے کہ انھوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو لکھا کہ آپ مجھے کچھ نصیحت تحریر فرمائیں لیکن بہت نہ ہو (بلکہ مختصر ہو) پس انھوں نے لکھا: سَلَامٌ عَلَیْکُمْ اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَی اللّٰہِ بِسَخَطِ النَّاسِ کَفَاہُ اللّٰہُ مُؤْنَۃَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَی النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰہِ وَکَلَہُ اللّٰہُ اِلَی النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ (آپ پر سلام ہو اس کے بعد واضح ہو کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص لوگوں کی ناراضگی کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی روگردانی اور تکلیف سے محفوظ رکھے گا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کے مقابلہ میں لوگوں کی رضامندی چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کے حوالے کر دیتا ہے۔ اور تجھ پر سلام ہو)۔ رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا، حق سبحانہ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو ان سب باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے جو مخبر صادق ﷺ نے فرمائی ہیں۔

یہ حدیثیں اگرچہ ترجمہ کے بغیر لکھی گئی ہیں لیکن شیخ جیو کی خدمت میں حاضر ہو کر ان حدیثوں کے معانی سمجھ کر کوشش کریں کہ ان کے موافق عمل میسر ہو جائے۔ دنیا کا قیام بہت تھوڑا ہے اور آخرت کا عذاب بہت سخت اور دائمی ہے، عقلِ دور اندیش سے کام لینا چاہیے اور دنیا کی پھیکی تروتازگی پر فریفتہ نہیں ہونا چاہیے، اگر دنیا کی وجہ سے کسی کی عزت و آبرو ہوتی تو دنیا دار کافر سب سے زیادہ عزت والے ہوتے، دنیا کے ظاہر پر فریفتہ ہونا بے وقوفی ہے، چند روزہ فرصت کو غنیمت سمجھنا چاہیے اور حق تعالیٰ کی خوشنودیوں میں کوشش کرنا چاہیے اور مخلوق خدا پر احسان کرنا چاہیے: اَلتَّعْظِیْمُ لِاَمْرِ اللّٰہِ وَالشَّفَقَۃُ عَلٰی خَلْقِ اللّٰہِ (اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعظیم کرنا (یعنی اس کے مطابق عمل کرنا) اور مخلوق خدا پر شفقت کرنا) یہ دونوں آخرت

Marfat.com

کی نجات کے لئے اصل عظیم ہیں، مخبر صادق علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو کچھ فرمایا ہے حقیقتِ امر کے مطابق ہے بیہودہ بکواس اور بہکی ہوئی باتیں نہیں ہیں، یہ خوابِ خرگوش کب تک، آخر (اس کا نتیجہ) رسوائی در رسوائی اور خواری در خواری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ (مؤمون ۲۳:۱۱۵) (کیا تم خیال کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں عبث وبیکار پیدا کیا ہے اور کیا تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے۔)

اگرچہ معلوم ہے کہ تمہارا وقت اس قسم کی باتیں سننا گوارا نہیں کرتا (کیونکہ) نوجوانی کا آغاز ہے اور دنیوی عیش وآرام سب میسر ہیں اور مخلوق پر حکومت وغلبہ حاصل ہے لیکن آپ کے حال پر جو شفقت ہے وہ (شفقت) اس گفتگو کا باعث ہو رہی ہے۔ ابھی کچھ بھی نہیں بگڑا، توبہ وانابت (رجوع الی اللہ) کا وقت موجود ہے اس کی خبر دینا ضروری ہے۔ ع

درخانہ اگر کس است یک حرف بس است (گھر میں کوئی ہو تو بس اک بات کافی ہے اسے)

﴾حاشیہ متن﴿

﴾صہ ۹۱﴿ عہ قولہ عُنف، عین پر زبر، زیر اور پیش تینوں حرکتیں پڑھی جا سکتی ہیں، اور ان میں سے مشہور پیش ہے، اس کے معنی درشتی، سختی اور بد خلقی کے ہیں یعنی نرمی کے خلاف رویہ اور سختی کرنا ۱۲

قولہ قال رسول اللہ الخ اس کو امام مسلم نے روایت کیا ہے، مشکاۃ کتاب الاداب، باب الرفق والحیاء وحسن الخلق، نمبر ۵۰۶۸۔

قولہ وقال ایضاً الخ اس کو امام مسلم نے روایت کیا ہے، مشکاۃ حوالہ مذکور سابقہ نمبر ۵۰۶۹

☆متن......بین السطور......معانی

☆رفق ...... بالکسر نرمی کردن و نرمی ولطف ۱۲ ...... را کی زیر سے، لطف ومہربانی کرنا......☆نرمی کنندہ است بر بندگان ۱۲......اپنے بندوں پر نرمی کرنے والا......

﴾صہ۹۲﴿ قولہ . . . الخ اس کو امام بخاری نے روایت کیا ہے، . . . . . نمبر ۵۰۷۴

قولہ . . . الخ اسکو امام بغوی نے شرح السنہ میں روایت کیا ہے . . . . نمبر ۵۰۷۶

قولہ . . . الخ اس کو امام احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے، . . . . نمبر ۵۰۷۷

قولہ ان اللہ الخ اسکو امام ترمذی نے روایت کیا ہے، مشکاۃ . . . . نمبر ۵۰۸۱

قولہ الا اخبر کمہ الخ اسکو احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے، مشکاۃ . . . نمبر ۵۰۸۴

قولہ المؤمنون الخ اسکو امام ترمذی نے مرسلاً روایت کیا ہے، . . . . نمبر ۵۰۸۶

قولہ من کظمہ الخ اسکو امام ترمذی اور ابوداود نے روایت کیا ہے، . . . . نمبر ۵۰۸۸

قولہ ان رجلاً الخ اسکو امام بخاری نے روایت کیا ہے، مشکاۃ کتاب الآداب، باب الغضب والکبر، نمبر ۵۱۰۴ . . ۵۱۰

قولہ الا اخبر کمہ الخ اس کو امام بخاری اور امام مسلم نے روایت کیا ہے، مشکاۃ حوالہ مذکور سابقہ نمبر ۵۱۰۶

قولہ اذا غضب الخ اسکو امام احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے، ۵۱۱۴

قولہ ان الغضب الخ اسکو امام بیہقی نے شعب الایمان روایت کیا ہے . . . . . نمبر ۵۱۱۸

قولہ من تواضع الخ . . . . نمبر ۵۱۱۹

قولہ قال موسی الخ . . . . نمبر ۵۱۲۰

قولہٗ قال ایضًا الخ . . . . نمبر ۵۱۲۱

قولہٗ قال ایضا الخ اسکو امام بخاری نے روایت کیا ہے، مشکاۃ، باب الظلم نمبر ۵۱۶۲

Marfat.com

قولہ ...... الخ اسکوامام مسلم نے روایت کیا ہے، ...... نمبر ۵۱۲۷

قولہ وعن معاویتہ الخ اسکوامام ترمذی نے روایت کیا ہے ...... نمبر ۵۱۳۰

﴿صہ ۹۶﴾ ۱ یعنی حق تعالی ہم کواور آپ کوان سب باتوں پرعمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے جو مُخبِر صادق (سچی خبریں دینے والے) پیغبر خدا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وبارک وسلم تسلیماً کثیراً کثیراً نے فرمائی ہیں ۱۲

۲ یعنی خدا تعالی کے حکم پاک کو عظیم سمجھنا اور اس کے تقاضا کے مطابق عمل کرنا اور خدا تعالی کی مخلوق پر مہربانی وشفقت کرنا، دونوں قانوں آخرت میں نجات کے لئے بہت اہم ہیں ۱۲

۳ قولہ ہزل کے پہلے حرف ھ پر زبر ہے زپر جزم ہے بمعنی بیہودہ اور مسخرہ پن کی گفتگو کرنا، ھذیان پہلے دونوں حروف پر زبر ہے اور ذال نقطہ والی ہے، اس کے معنی ہیں مرض کی بیہوشی میں بیہودہ باتیں کرنا اہل فارس ذال کے جزم سے بھی استعمال کرتے ہیں ۱۲

۴ قولہ بینوائی یعنی بے سروسامانی اور فقیر ومحتاجی قولہ کیف رسوائی یعنی کیسی رسوائی یعنی بدنامی ہی بدنامی اور رسوائی ہی رسوائی اور خرابی ہی خرابی ہے ۱۲

۵ قولہ قال اللہ سبحانہ الخ اللہ تعالی فرماتا ہے کیا تم خیال کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں عبث وبیکار پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹائے نہیں جاؤ گے ۔ یہ آیت سورہ مومنون کے آخر پارہ ۱۸ میں ہے ۱۲

☆الجفا ...... بفتح نقیض بروصلہ ۱۲ ...... جیم پر زیر ہے ،نیکی اور صلہ کے خلاف معنی ہیں ......☆الجفا ...... بدی ۱۲ ...... برائی ......☆والبذاء ...... بفتح موحدہ ومد فحش ۱۲ ...... ایک نقطہ والی با پر زیر ہے اور ذال پر مدّ ہے ......☆الاَنِفِ ...... بروزن کتف ۱۲ ......☆ایمان ...... واہل آن ۱۲ ......☆بدی ...... بجیائی ۱۲ ...... بے حیای☆بدی ...... اہل آن ۱۲ ...... اور بدی کرنے والے ......☆بمردم ...... بلطف ومہربانی ۱۲ ...... لوگوں سے نرمی اور مہربانی سے پیش آنا ......☆مہاراند ...... از چوب ۱۲ ......☆نشیند ...... برسنگ ۱۲ ......☆فرو ...... بازداشت ۱۲ ......☆براجراء ...... جاری کردن ۱۲ ......

﴿صہ ۹۳﴾ ☆حور ...... زن بہشت ۱۲ ...... جنت کی عورت ......☆اندزکن ...... نصیحت ووصیت ۱۲ ...... ہدایت ورہنمائی کی بات ......☆فرمود ...... در جواب آنمرد ۱۲ ...... اس مرد کے جواب میں ......☆بروخشم ...... بنشتن ۱۲ ...... بیٹھنے سے ......☆صبر ...... ہندی ایلوا ۱۲ ...... اردو میں ایکوا کہتے ہیں ......☆صبر شہد ...... شیرہ درخت تلخ است ۱۲ ...... ایک درخت کی کڑوی گوند ہے ......☆آن ...... شخص ۱۲ ...... وہ شخص ......☆اذا غصب ...... رواہ احمد والترمذی ۱۲ ...... اس کو احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے ......☆ان الغضب ...... رواہ البیہقی ۱۲ ...... اس کو بیہقی نے روایت کیا ہے ......☆الصبر ...... بروزن کتف ۱۲ ...... کتف کے وزن پر ہے ......

﴿صہ ۹۴﴾ ☆بندگان ...... یعنی نزدیک تو ۱۲ ...... یعنی تیرے نزدیک ......☆فرمود ...... حق تعالی ۱۲ ...... اللہ تعالی نے فرمایا ......☆کسی است ...... عزیز ترین بندگان نزد من ۱۲ ...... میرے نزدیک عزیز ترین بندے ......☆برادر او ...... یعنی مسلمان مرد ۱۲ ...... یعنی مسلمان آدمی ......☆از آبروے وے ...... کہ ریختہ باشد ۱۲ ...... عزت برباد کی ہوگی ......☆امروز ...... دردنیا ۱۲ ...... دنیا کی زندگی میں ......☆نباشد ...... اورا ۱۲ ...... اس کو ......☆صاحب ...... یعنی مظلوم ۱۲ ...... یعنی جس پر ظلم کیا جائے ......☆مفلس کیست ...... ومعنی مفلس چیست ۱۲ ...... اور مفلس کے معنی کیا ہیں ......☆گفتند ...... صحابہ ۱۲ ...... صحابہ نے کہا ......

﴿صہ ۹۵﴾ ☆متاع ...... ازجنس نقد ۱۲ ...... کئی قسم کا سامان اور نقدی ......☆گفت ...... بحضرت ۱۲ ...... حضور نے فرمایا ......☆وبیاید ...... باین حالت ۱۲ ...... اس حالت میں آئے گا ......☆اگر فانی شود ...... یعنی تمام گردد ۱۲ ...... یعنی ختم ہو جائیں گی ......☆ادای ...... بتمام کمال ۱۲ ...... پوری اور مکمل ادائیگی ......☆ایشان ...... مظلومان ۱۲ ...... مظلوم لوگ ......☆بروئ ...... ظالم ۱۲ ...... ظلم کرنے والا ......☆پس انداختہ ...... آن ظالم ۱۲ ...... اس ظالم کو ڈال دیں گے ......☆کتابی ...... مکتوبے ۱۲ ...... ایک خط اور تحریر ......☆دران ...... مکتوب

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

۱۲...... اس خط اور تحریر میں......☆ واکثار مکن...... یعنی مختصر بنویس ۱۲...... یعنی مختصر لکھیں......☆ پس نوشت...... عائشہ این کلمات

۱۲...... حضرت عائشہ نے یہ کلمات لکھے......

﴿صہ ۹۶﴾☆ خدا بگذارد...... یعنی نصرت ندہد اور ابر مردم ۱۲...... یعنی لوگوں کے مقابلہ میں اسکی مدد نہیں کرتا......☆ بگذارد...... یعنی کار ہائے اورا

۱۲...... یعنی اس کے کاموں میں......☆ صَدَقَ...... راست فرمودہ ۱۲...... سچ فرمایا......☆ کار باید...... بکار باید آورد ۱۲...... کام میں لانا

چاہیے......☆ بطراوت...... تازگی ۱۲...... تازگی ۔ رونق......☆ حلاوت...... شیرینی ۱۲...... مٹھاس و حلاوت

☆ مغرور...... فریفتہ ۱۲...... فریب میں نہ آئیں......☆ عزیز تر باشند...... وآن خلاف عقل ونقل است ۱۲...... اور وہ عقل ونقل کے

خلاف ہے......☆ درمراضی...... خوشنودیہائے ۱۲...... خوشنودیوں ۔ رضامندیوں......☆ والشفقۃُ...... بفتحات ۱۲...... ش ق ف

تینوں پر زبر ہے......☆ خواب خرگوش...... غفلت ۱۲...... غفلت میں پڑنا......☆ استماع...... شنیدن ۱۲...... توجہ سے

سننا......☆ عنفوان...... آغاز ۱۲...... شروع جوانی......☆ تسلط...... غلبہ ۱۲...... غلبہ پانا......☆ خلائق...... مردم ۱۲...... لوگ

☆ انابت...... رجوع نمودن بحق ۱۲...... حق کی طرف رجوع کرنا......

ننانوے واں مکتوب ﴿۹۹﴾

ملا حسن کشمیری کی طرف صادر فرمایا ایک استفسار کے جواب میں جو دوام آگاہی کی کیفیت اور حالتِ خواب کے ساتھ جو کہ سراسر غفلت اور حواس کی بیکاری کی حالت ہے اس کے جمع ہونے کے بارے میں کیا گیا تھا۔

آپ کا محبت نامہ گرامی شرف صدور لایا، دوام آگاہی کی کیفیت اور نیند کی حالت کے ساتھ اس کے جمع ہونے کے بارے میں جو کہ سراسر غفلت اور حواس کی بیکاری کی حالت ہے اور اس بزرگ سلسلہ کے بعض بزرگوں نے اس دولت کے حاصل ہونے کی خبر دی ہے، جو استفسار آپ نے کیا تھا (معلوم ہوا)

میرے مخدوم! اس اشکال کا حل ایک مقدمہ پر مبنی ہے جس کا بیان کرنا ضروری ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ انسان کی روح کو اس جسمانی صورت کے ساتھ تعلق ہونے سے پہلے ترقی عروج کا راستہ بند تھا اور وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ (سورۃ صفت، ۱۶۴) (ہم میں سے ہر ایک کا مقام مقرر ہے) کے پنجرہ میں محبوس ومقید تھا لیکن اس جوہر نفیس (روح) کی طبیعت و فطرت میں عروج کی استعداد (جسم میں) نزول کی شرط پر امانت رکھی گئی تھی، اسی (استعدادِ مذکور) کی بنا پر ہی فرشتے پر اس (انسان) کی فضیلت مقرر فرمائی تھی، حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی نہایت مہربانی سے اُس نورانی جوہر کو اس ظلمانی جسم کے ساتھ جمع فرما دیا: سُبْحَانَ مَنْ جَمَعَ بَيْنَ النُّوْرِ وَالظُّلْمَةِ وَ قَرَنَ الْاَمْرَ بِالْخَلْقِ (پس پاک ہے وہ ذات جس نے نور اور ظلمت کو جمع کر دیا اور عالمِ امر (روح) کو عالمِ خلق (نفس) کے ساتھ ملا دیا)۔

اور چونکہ یہ دونوں امر حقیقت میں ایک دوسرے کے نقیض وضد واقع ہوئے تھے اس لئے حکیم مطلق (اللہ تعالیٰ) جل شانہٗ نے اس اجتماع کے ثابت کرنے اور اس انتظام کے مقرر کرنے کے لئے روح کو نفس کے ساتھ عشق ومحبت کی نسبت عطا فرمائی اور اسی محبت کو ان کے انتظام (آراستگی) کا سبب بنایا۔ آیت کریمہ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ٥

Marfat.com

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ (سورۃ التین ۹۵ آیت ۴،۵) البتہ بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا پھر ہم نے اس کو سب سے نیچے کی طرف لوٹا دیا) میں اسی بیان کی طرف اشارہ ہے اور یہ روح کا تنزل اور اس کی گرفتاری حقیقت میں مَدْحٌ بِمَا يُشْبِهُ الذَّمَّ (مذمت کی مشابہ مدح کرنے) کی قسم سے ہے۔۔۔۔۔پس اس محبت کی نسبت کے باعث روح نے اپنے آپ کو پوری طرح عالمِ نفس میں ڈال دیا اور اپنے آپ کو اس کے تابع کر دیا، بلکہ اپنے آپ کو بھی فراموش کر دیا اور اپنے آپ کو نفسِ امارہ سے تعبیر کر لیا۔۔۔۔۔روح کی اصلیت میں یہ ایک دوسری لطافت ہے کہ کمال لطافت کے باعث جس چیز کی طرف متوجہ ہوتی ہے اسی کا حکم اختیار کر لیتی ہے پس جب کہ اس نے اپنے آپ کو فراموش کر دیا ہو تو لازماً اپنی پہلی آگاہی کی نسبت کو بھی جو کہ وجوب تعالیٰ وتقدس کے مرتبہ میں رکھتا ہے فراموش کر دیتی ہے اور اپنے آپ کو ہمہ تن غفلت میں ڈال دیتی ہے اور ظلمت کا حکم اختیار کر لیتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی کمال مہربانی اور بندہ نوازی سے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو مبعوث فرمایا اور اس (روح) کو ان بزرگوں کے ذریعے سے اپنی طرف بلایا اور روح کو نفس کی مخالفت کیلئے جو اس (روح) کا معشوق ہے حکم فرمایا: فَمَنْ رَجَعَ الْقَهْقَرِىْ فَقَدْ فَازَفَوْزًا عَظِيْمًا وَمَنْ لَّمْ يَرْفَعْ رَاْسَهٗ وَاخْتَارَ الْخُلُوْدَ اِلَى الْاَرْضِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيْدًا (پس جس شخص نے رجعت قہقری (اُلٹے پاؤں پھرنا) کیا وہ بڑا کامیاب ہوا اور جس نے اپنا سر نہ اُٹھایا اور ہمیشہ زمین میں ہی رہنا اختیار کیا وہ سخت گمراہ ہو گیا۔۔۔۔۔اس مقدمہ کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے

اب ہم اس اشکال کا جواب بیان کرتے ہیں کہ اس مقدمہ سے روح کا نفس کے ساتھ جمع ہونا سمجھ میں آ گیا بلکہ نفس میں اس کی فنا اور اس کے ساتھ اس کی بقا معلوم ہو چکی پس ناچار جب تک یہ اجتماع اور انتظام قائم ہے، ظاہر کی غفلت اور دراصل باطن کی غفلت ہے اور نیند جو کہ ظاہر کی غفلت ہے وہ عین باطن کی غفلت ہوگی، اور جب اس انتظام میں خلل پڑ جائے اور باطن ظاہر کی محبت سے منہ پھیر کر باطنوں کے باطن (مخفی ترین یعنی حق تعالیٰ کی) محبت اس کو حاصل ہو جائے اور فنا و بقا جو فانی کے ساتھ پیدا کی تھی زائل ہونے لگے اور باقی حقیقی (اللہ) تعالیٰ وتقدس کے ساتھ فنا و بقا حاصل کر لے تو اس وقت ظاہر کی غفلت باطن کے حضور میں تاثیر نہیں کرتی، اور کس طرح تاثیر کر سکتی ہے جب کہ باطن نے ظاہر کی طرف پوری طرح پیٹھ کی ہوئی ہے اور باطن میں ظاہر کی طرف سے کوئی شے داخل نہیں ہو سکتی۔ پس جائز ہے کہ ظاہر غافل ہو اور باطن آگاہ ہو وَلَا مَحْذُوْرَ (اور یہ محال نہیں ہے)۔۔۔۔۔مثلاً روغنِ بادام جب تک کھلی (بادام کا ملغوبہ) میں مخلوط ہے دونوں کا ایک ہی حکم ہے اور جب روغن کھلی سے جدا ہو گیا تو دونوں کیلئے الگ الگ احکام پیدا ہو گئے پس ایک کا حکم دوسرے پر جاری نہیں ہوگا۔

اگر اس قسم کی نعمت والے کو دنیا کی طرف واپس لوٹا دیں اور ایک جہان کو اس کے وجودِ شریف کی برکت سے نفسانی ظلمتوں سے نکالنا چاہیں تو اس کو سیر عن اللہ باللہ کے طریق پر جہان (دنیا) کی طرف نیچے لے آتے ہیں (پس) اس کی تمام تر توجہ مخلوق کی طرف ہوتی ہے بغیر اس کے کہ اس کو ان کے ساتھ کسی قسم کی گرفتاری حاصل ہو کیونکہ وہ اپنی اُسی پہلی گرفتاری (توجہ بحق) پر قائم ہے، اس کو بے اختیاری کے طور پر اس جہان میں لائے ہیں، پس یہ منتہی حق تعالیٰ وتقدس کی بارگاہ سے روگردانی

Marfat.com

کرنے اور خلق کی طرف متوجہ ہونے میں ظاہری طور پر تمام مبتدیوں کیساتھ شریک ہوتا ہے لیکن حقیقت میں (وہ منتہی ہے اور مبتدیوں کے ساتھ) کچھ مناسبت نہیں رکھتا، گرفتاری اور عدم گرفتاری میں بہت بڑا فرق ہے۔

اور نیز مخلوق کی طرف متوجہ ہونے میں یہ منتہی بے اختیار ہے، اس میں وہ اپنی رغبت کچھ نہیں رکھتا بلکہ اس توجہ میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی رضامندی (مقصود) ہے، اور مبتدی میں (توجہ بخلق) ذاتی اور اپنی رغبت سے ہے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہے۔

ایک دوسرا فرق اور بیان کرتا ہوں (وہ یہ ہے کہ) مبتدی کیلئے یہ بات آسان ہے کہ عالم کی طرف سے منہ پھیر کر حق سبحانہ وتعالیٰ کی طرف توجہ کرلے (لیکن) منتہی کیلئے مخلوق سے روگردانی محال ہے اور ہروقت مخلوق کی طرف متوجہ رہنا اس کے مقام کو لازم ہے، مگر ہاں جب اس کی دعوت کا کام مکمل ہوجائے اور اس کو دارِفنا (دنیا) سے دارِ بقا (آخرت) کی طرف لے جائیں تو اس وقت اَللّٰھُمَّ الرَّفِیْقَ الْاَعْلٰی کی ندا اس کو سنائی دیتی ہے۔

مشائخ طریقت قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے مقامِ دعوت کے مقرر کرنے میں مختلف باتیں ارشاد فرمائی ہیں، ایک جماعت نے ''جمع توجہ بین الحق والخلق'' سے تعبیر کیا ہے (یعنی حق اور خلق کے درمیان توجہ کا جمع ہونا بیان کیا ہے) ان کا اختلاف احوال ومقامات کے اختلاف پر مبنی ہے اور ہر ایک نے اپنے مقام کی خبر دی ہے، وَالْاَمْرُ عِنْدَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اور حقیقتِ حال اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے)۔

پہلا دفتر مکتوب نمبر ۲۶۱ کا دوسرا حصہ

اور جو سید الطائفہ حضرت جنیدؒ نے فرمایا ہے کہ اَلنِّھَایَۃُ ھِیَ الرُّجُوْعُ اِلَی الْبِدَایَۃِ (نہایت، یہی ابتدا کی طرف رجوع کرنا ہے) اسی مقامِ دعوت کے موافق ہے جو اس مسودہ میں لکھا جاچکا ہے، کیونکہ ہدایت میں تمام تر توجہ مخلوق کی طرف ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔حدیث مبارکہ تَنَامُ عَیْنَایَ وَلَایَنَامُ قَلْبِیْ (میری آنکھیں سوجاتی ہیں لیکن میرا دل نہیں سوتا) جو کہ لکھی گئی تھی اس میں دوام آگاہی کی طرف اشارہ نہیں ہے بلکہ اپنے اور اپنی امت کے احوال کے جاری ہونے سے غافل نہ ہونے کی خبر دیتی ہے، یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے حق میں نیند وضو کو توڑنے والی نہیں ہوئی۔ اور چونکہ نبی کریم ﷺ اپنی امت کی حفاظت کے بارے میں چرواہے (جانوروں کے محافظ) کی طرح ہیں اس لئے غفلت آپ ﷺ کے منصبِ نبوت کے مناسب نہیں ہے۔۔۔۔۔۔اور حدیث لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ (میرے لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت بھی ہوتا ہے جس میں کوئی مقرب فرشتہ اور کوئی نبی مرسل میرے ساتھ شریک نہیں ہوسکتا) صحیح ہونے کی صورت میں اس حدیث میں تجلی ذاتی برقی کی طرف اشارہ ہوسکتا ہے اور اس تجلی سے بھی یہ لازم نہیں آتا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی پاک بارگاہ کی طرف توجہ ہو بلکہ یہ تجلی اُس جانب سے ہے متجلی لہ (جس پر تجلی وارد ہوئی ہے) کو اس میں کچھ دخل نہیں ہے، (یہ تجلی) عاشق میں معشوق کی سیر کی قسم سے ہے (کیونکہ) عاشق سَیر سے سیر ہوچکا ہے۔ بیت

آئینہ صورت از سفر دور است	کاں پذیرائی صورت از نور است
(ترجمہ) ہر آئینہ کی مثل جو عاشق سفر سے دور	صورت کا عکس دُور سے لیتا ہے اس کا نور)

Marfat.com

جاننا چاہئیے کہ مخلوق کی طرف رجوع کرنے کی صورت میں زائل شدہ حجابات پھر واپس نہیں آتے بے پردہ ہونے کے باوجود اس کو مخلوق میں مشغول رکھا گیا ہے اور مخلوقات کی خلاصی و کامیابی اس کے ساتھ وابستہ کی گئی ہے۔ان بزرگوں کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو بادشاہ کیساتھ بڑا تقرب رکھتا ہے اور اس کے اور بادشاہ کے درمیان ظاہری و باطنی کوئی حجاب حائل نہیں ہے اس کے باوجود اس کو حاجتمندوں کی خدمت میں مشغول رکھا گیا ہے۔۔۔۔۔۔رجوع کرنے والے منتہی اور مبتدی میں یہ ایک اور فرق ہے کیونکہ مبتدی حجابات والا شخص ہے اور منتہی سے حجابات دُور کردیئے گئے ہیں۔ وَالسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی سَائِرِمَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی (اور آپ پر اور ہدایت کی پیروی کرنے والے تمام لوگوں پر سلام ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۹۷﴾عہ قولہ قَفَص، پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہے،اس کا معنی مرغ کا پنجرہ ہے، آخر میں سین اور صاد دونوں مستعمل ہے۱۲

۱۔قولہ وَ مَا مِنَّآ الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو پارہ نمبر ۲۳ سورہ والصافات آیت ۱۶۴ ہے یعنی ہم میں سے کوئی شخص نہیں مگر اس کے لئے ایک مقام متعین ہے۱۲

۲۔قولہ ظَلَمَانی پہلے دونوں حروف (ظا اور لام) پر زبر ہے۔اس کا معنی تاریک ہے۔اور یہ ظَلَم (دونوں حروف پر زبر ہے) کی طرف منسوب ہے۔ظُلم (پیش کے ساتھ) کی طرف منسوب نہیں ہے۔ اس کے معنی تاریک ہونا یائے نسبت سے پہلے الف نون ہے، بعض مقام میں الف نون زائد بھی لاتے ہیں جیسا کہ نورانی، حقانی اور جسمانی میں ہے۔ ۱۲

۳۔قولہ فسبحان من...الخ:۔یعنی پاک، منزہ اور مبرا ہے جس نے نور کی سیاہی کے ساتھ جمع کردیا اور عالم امر بے کیف کو خلق با کیف کا ساتھی بنایا۔ ۱۲

۴۔ یعنی بے شک ہم نے انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا پھر ہم نے اس کو سب سے نیچے کی طرف لوٹا دیا۔سورۃ تین پارہ ۳۰۔

۵۔ یعنی کسی چیز کی ایسے انداز سے تعریف کرنا جو مذمت کے مشابہ ہو کقولہ لا عیب فیھم الا ان سیوفھم بھین فلول من قراع الکتائب (جیسے کسی کا کہنا اس میں کوئی عیب نہیں سوائے اس کے کہ ان کی تلواریں کند ہوگئی ہیں (شکست خوردہ فوج کی ڈھالوں سے)

۶۔ پس جس شخص نے رجعت قہقری (الٹے پاؤں پھرنا) اختیار کیا اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کی۔اور جس نے اپنا سراو پر نہ اٹھایا اور زمیں سے چمٹا رہنے کو اختیار کیا وہ گمراہ ہوگیا اور راہ راست سے دور جا پڑا۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆نوم......خواب ۱۲...... نیند...... ☆تعطیل است......بیکار کردن حواس ۱۲......حواس کو بیکار کرنا...... ☆نوم...... خواب ۱۲...... ☆کہ بعضی......متعلق بردوام است ۱۲......دوام کے ساتھ متعلق ہے......☆ہیولانی......این صورت جسمانی ۱۲......یہ جسمانی صورت......☆مسدود......بند کردہ شدہ ۱۲......بند کیا ہوا......☆نہاد......جا ت وطبیعت ۱۲ ...... طبیعت وفطرت ...... ☆نزول...... درجسم ۱۲......جسم میں......☆ودیعت......امانت ۱۲......امانت......☆مزیۃ......بزرگی ۱۲ ...... بزرگی، فضیلت ...... ☆ازین......استعداد مذکور ۱۲......مذکورہ استعداد......

☆ جوہر ...... روح ۱۲......روح......☆استعداد......مفعول نہادہ بودند ۱۲......مفعول کے طور پر رکھی گئی تھی......☆ملک......فرشتہ ۱۲ ...... فرشتہ ...... ☆پیکر ظلمانی ...... جسم ونفس ۱۲......جسم اور نفس......☆قرن......تفسیر لما قبلہ ۱۲......اس سے پہلے کی تفسیر ہے ...... ☆ نقیض ...... یعنی برخلاف یکدیگر ۱۲ ...... یعنی ایک دوسرے کے خلاف......☆الامر......روح ۱۲......روح ......☆بالخلق...... نفس ۱۲......نفس......☆این......شرط ۱۲......یہ عبارت شرط ہے......☆حکیم......جزا ۱۲......یہ عبارت

Marfat.com

جزا ہے......☆تقرر این ...... تقریر وتحقیق ۱۲......مقرر کرنے اور تحقیق کرنے کے لئے ......☆انتظام......آراستہ شدن ۱۲......درست ہونا......☆لقد......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا ہے......☆رمزے......خبر ۱۲......یہ خبر ہے......

﴿صہ ۹۸﴾ ۱ قولہ ھذا یعنی اس مذکورہ مقدمہ کو لازم پکڑو اور اپنے ذہن میں محفوظ رکھو، جاننا چاہیے کہ اس جگہ وہ اہم مقدمہ جس کا بیان ضروری تھا اختتام کو پہنچا، اس کے بعد حضرت شیخ قدس سرہٗ اصل مقصد کی طرف آتے ہیں اور اسکا بیان فرماتے ہیں۔ ۱۲

۲ بکنجارہ: حرف کاف پر پیش ہے اور جیم نون کے بعد ہے، تل وغیرہ کا تیل نکالنے کے بعد جو ثفل باقی رہے، اردو میں اسے کھلی کہتے ہیں۔ ۱۲

عہ یعنی اس کا حال ایسے ہوتا ہے کہ اسکی تمامتر توجہ (مخلوق کی طرف ہوتی ہے) ۱۲

۳ جاننا چاہیے کہ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ العزیز نے مبتدی اور منتہی (جو مخلوق کی طرف لوٹایا گیا ہو) کا فرق چار طرح بیان فرمایا ہے: i: اول یہ کہ مبتدی بخلاف منتہی کے مخلوق کی طرح دنیا میں پھنسا ہوا ہے۔ ii: دوم یہ کہ مخلوق کی طرف متوجہ ہونا منتہی کے لئے غیر اختیاری اور بغیر رغبت کے صرف رضائے حق کی وجہ سے ہے اور مبتدی میں مخلوق کی طرف متوجہ ہونا ذاتی اغراض اور اپنی رغبت سے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے بغیر ہے۔ iii: سوم یہ کہ مبتدی کو خلق سے روگردانی کر کے حق کی طرف متوجہ ہونا آسان ہے۔ اور منتہی کے لئے خلق سے روگردانی کرنا محال ہے اور خلق کی طرف متوجہ رہنا اس کے مقام کے لئے لازمی ہے۔ iv: چہارم یہ کہ مبتدی صاحبِ حجابات ہوتا ہے اور منتہی سے حجابات دور ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ مکتوب ہذا میں درج ہے۔ ۱۲

☆فناءآن......روح ۱۲......روح......☆بقاءآن......روح ۱۲......روح......☆بد......بنفس نیز مفہوم گشت ۱۲......نفس کے ساتھ اسکی بقا معلوم ہوگئی ......☆ابطن البطون......یعنی مخفی ترین مخفیات ای باقی حقیقی تعالیٰ وتقدس ۱۲......یعنی سب چھپی چیزوں سے زیادہ مخفی ذات یعنی باقی حقیقی اللہ تعالیٰ وتقدس......☆محذور......ونیست ہیچ استحالہ در وے ۱۲......اس میں کوئی چیز محال نہیں ہے☆متمشی ...... جاری ۱۲...... جاری ......☆اگر خواہند......شرط ۱۲...... یہ عبارت شرط ہے......☆اورا ...... جزا ۱۲...... یہ عبارت جزا ہے......☆فی الحقیقت......آن منتہی ۱۲ ......وہ منتہی یعنی آخری مقام والا......☆فاحش......بسیار ۱۲......بہت زیادہ ...... ☆مُحال ...... چہ او مامور باقبال است و خلاف امر حق تعالیٰ از و محال است کہ او معصوم است ۱۲ کیونکہ وہ مخلوق کی طرف توجہ کرنے پر مامور ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف کرنا اس سے محال ہے کیونکہ وہ نافرمانی سے محفوظ ہے......

﴿صہ ۹۹﴾ ۱ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو امام بخاری نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے۔ قالت اِنَّ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ عَلَيَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ فِيْ بَيْتِيْ وَفِيْ يَوْمِيْ ...اِلٰى اِنْ قَالَتْ: ثُمَّ نَصَبَ يَدَهٗ فَجَعَلَ يَقُوْلُ فِى الرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى حَتّٰى قُبِضَ وَمَالَتْ يَدُهٗ (ترجمہ: ''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے جن نعمتوں سے نوازا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ نے میرے گھر میں اور میری باری کے دن وصال فرمایا اسی حدیث میں انہوں نے بیان کیا کہ آپ نے اپنا ہاتھ کھڑا کیا تو کہنے لگے رفیق اعلیٰ میں' یہاں تک کہ آپ کی روح پرواز کر گئی اور آپ کا ہاتھ مائل ہو گیا) بعض علما نے کہا ہے کہ رفیق اعلیٰ اللہ تعالیٰ کا ایک اسم مبارک ہے اور بعض نے کہا کہ اس سے مراد انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کا گروہ ہے واللہ اعلم ۱۲

۲ قولہ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى:۔ یعنی اے اللہ! مجھے اعلیٰ جماعت کے ساتھ ملا دے یا میں رفیق اعلیٰ اختیار کرتا ہوں۔ یہ قول اس حدیث شریف کی طرف اشارہ ہے جو بخاری و مسلم میں حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے آں حضرت علیہ الصلوۃ والسلام کی وفات کے بارے میں۔ اس کا بیان یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری کلمہ جو فرمایا وہ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى تھا۔ جاننا چاہیے رفیق اعلیٰ کی مراد میں کئی اقوال ہیں بعض نے کہا اس سے مراد انبیاء ہیں جو اعلیٰ علّیین میں بارگاہ اقدس میں ہیں جیسا کہ دوسری حدیث میں مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا کے الفاظ ہیں۔ رفیق اسم جنس ہے یہ ایک یا زیادہ پر بولا جاتا ہے یا مراد ملاء اعلیٰ اور ملکوت ہے بعض شارحین فرماتے ہیں کہ اس سے مراد اللہ رب العزت کی ذات اقدس ہے اور اس پر رفیق کا اطلاق آیا ہے۔ حدیث میں ہے اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِى الْاَمْرِ (اللہ تعالیٰ رفیق ہے اور معاملہ میں رفق کو پسند کرتا ہے۔) بعض روایات اس کی تائید کرتی ہے جن میں ہے جبریل آئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ مشتاق ہے وہ آپ کو اختیار دے رہا ہے دنیا کا یا اس کے پاس جانے کا اس موقع پر آپ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اِختَرتُ الرَّفِیقِ الاَعلیٰ (میں رفیق اعلیٰ کو پسند کرتا ہوں) بعض نے رفیق اعلیٰ سے مراد جنت لی ہے، رفق کا معنی نرمی کرنا اور نفع حاصل کرنا بھی آیا ہے اور رفیق سے مراد نرم جگہ بھی ہوتی ہے ۱۲ از ترجمہ مشکاۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

۲ یعنی اس امر کی حقیقت اللہ سبحانہ کے علم میں ہے اور وہی جانتا ہے۔ ۱۲

۳ یعنی میری دونوں آنکھیں سو جاتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا۔ في مسند ابی داؤد ،وقال یعني ابوداؤد كان النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم محفوظا من ان یخرج منه شئی ولم یعقل ،وقالت عائشة رضی اللّٰہ عنها قال النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم تنام عینای ولا ینام قلبی انتهیٰ (ترجمہ: مسند ابوداؤد میں ہے یعنی ابوداؤد نے کہا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس چیز سے محفوظ ہے کہ آپ سے کوئی چیز نکلے اور آپ نہ سمجھیں اور آپ کو شعور نہ ہو۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری دونوں آنکھیں سوتی ہیں اور دل نہیں سوتا ۔۱۲ انتہیٰ

۴ قال المعرب: یذکره الصوفیة کثیراً و هو فی الرسالة القشیریة بلفظ، لی وقت لا یسعنی فیه غیر ربی ،قلت یؤخذ منه انه اراد بالملك المقرب جبریل وبالنبی المرسل نفسه الجلیل وفیه ایماء الیٰ مقام الستغراق المعبر عنه بالسکر والمحو والفنا موضوعات ملا علی قاری ۱۲ معرب (ترجمہ: معرب (علامہ مرادکی) نے کہا بہت سے صوفیہ اس کا ذکر کرتے ہیں اور وہ رسالہ قشیریہ میں ان لفظوں میں ہے۔ میرے لئے ایک ایسا وقت ہوتا ہے کہ اس میں میرے رب کے علاوہ کوئی شریک نہیں ہوتا۔

میں (علامہ محمد مرادکی) کہتا ہوں کہ اس سے یہ بات ماخوذ ہوتی ہے کہ مَلَك "مُقَرَّب" سے جبریل مراد ہیں اور نَبِی "مُرسَل" سے خود آپ کی ذات جلیل مراد ہے اور اس میں مقام استغراق کی طرف اشارہ ہے جس کو سکر و محو اور فنا سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ موضوعات ملا علی قاری ۱۲ معرب

۵ یعنی عاشق آئینہ کے رنگ میں ہے کیونکہ سفر سے دور ہے اور تیری صورت کو اپنی نورانیت کی جہت سے جذب کرتا ہے ۱۲ لمصحح سلمہ اللہ تعالیٰ (مولانا نور احمد رحمہ اللہ امرتسری)

ع۱ قولہ بر تقدیر صحت اس حدیث کے صحیح نہ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔۱۲

☆ دارفنا ......دنیا ۱۲ ...... دنیا کی زندگی...... ☆ بدار بقا......آخرت ۱۲......آخرت کی زندگی...... ☆ آنچہ......مبتداء ۱۲ ...... یہ عبارت مبتدا ہے ...... ☆ موافق ......خبر ۱۲...... یہ عبارت خبر ہے ...... ☆ حدیث......مبتداء ۱۲ ...... یہ عبارت مبتدا ہے ...... ☆ اشارت ......خبر ۱۲...... یہ عبارت خبر ہے...... ☆ جریان......روان شدن ۱۲ ...... جاری ہونا ...... ☆ ناقض...... شکستہ ۱۲ ...... توڑنے والا ...... ☆ طہارت......وضو ۱۲......وضو...... ☆ دررنگ ...... مانند ۱۲ ...... مثل ...... ☆ شبان......چوپان ۱۲......گڈریا ، چرواہا ...... ☆ صنعی ...... دخلے ۱۲...... تصرف و اختیار...... ☆ فلاح......رستگاری و فیروزی ۱۲......کامیابی و کامرانی ☆ حائلے ...... بازدارندہ مانع شوندہ ۱۲ ......روکنے والا ، باز رکھنے والا ...... ☆ عود......رجوع ۱۲......لوٹنا...... ☆ فلاح......رستگاری و فیروزی ۱۲......کامیابی و کامرانی......

سَو واں مکتوب (۱۰۰)

یہ مکتوب بھی ملا حسن کشمیری کی طرف صادر فرمایا۔۔۔۔۔۔ایک سوال کے جواب میں جو (انہوں نے) اس بارے میں کیا تھا کہ شیخ عبدالکبیر یمنی نے کہا ہے کہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ عالم الغیب نہیں ہے۔

آپ کا نوازش نامۂ گرامی موصول ہوا، جو کچھ از روئے کرم لکھا تھا واضح ہوا۔ آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ شیخ عبدالکبیر یمنی نے کہا ہے کہ حق سبحانہٗ و تعالیٰ عالم الغیب نہیں ہے۔

میرے مخدوم! فقیر کو اس قسم کی باتیں سُننے کی طاقت ہرگز نہیں ہے، میری رگِ فاروقی (ایسی باتوں سے) بے اختیار جوش میں آجاتی ہے اور ایسے کلام کی تاویل و توجیہ کی فرصت نہیں دیتی۔ ان باتوں کا کہنے والا خواہ شیخ کبیر یمنی ہو یا شیخ اکبر

Marfat.com

شامی، ہمیں تو حضرت محمد عربی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کا کلام (حدیث) درکار ہے نہ کہ محی الدین عربی، صدر الدین قونیوی اور عبد الرزاق کاشی کا کلام، ہم کو نص (قرآن وحدیث) سے کام ہے نہ کہ فص (فصوص الحکم) سے، فتوحاتِ مدینہ (رسول ﷺ کی احادیث) نے ہم کو فتوحاتِ مکیہ سے بے نیاز کر دیا ہے۔

حق تعالیٰ اپنے کلام مجید میں علم غیب کے ساتھ اپنی تعریف فرماتا ہے اور اپنے آپ کو عالم الغیب فرماتا ہے، حق سبحانہٗ و تعالیٰ سے علم غیب کی نفی کرنا نہایت ہی قبیح اور بُرا ہے، اور فی الحقیقت حق سبحانہٗ کی (ایک گونہ) تکذیب ہے،۔۔۔۔۔ غیب کے کچھ اور معنی بیان کرنے سے یہ بُرائی دور نہیں ہوتی۔۔۔۔ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ (کہف ۱۸ آیت ۵) (بڑی سخت بات ہے جو ان لوگوں کے منہ سے نکلتی ہے)

افسوس ان کو اس قسم کے صریح خلافِ شریعت کلمات کہنے پر کسی چیز نے آمادہ کیا۔

منصور اگر اَنَا الْحَق اور بسطامی سُبْحَانِی کہتے ہیں تو وہ معذور ہیں اور غلبۂ احوال میں مغلوب ہیں لیکن اس قسم کا کلام احوال میں سے نہیں ہے بلکہ علم سے تعلق رکھتا ہے اور تاویل کا محتاج ہے (لیکن) یہ بات عذر کے لائق نہیں ہے اور اس مقام میں کوئی تاویل مقبول نہیں ہے کیونکہ سُکر والوں کے کلام کی تاویل کی جاتی ہے اور ظاہر کی طرف سے پھیرا جاتا ہے نہ کہ کسی اور کا کلام ۔۔۔۔۔ اور اگر اس کلام کے کہنے والے کا مقصود اس طرح کے کلام کے اظہار کرنے سے مقصود مخلوق کی طرف سے ملامت ونفرت ہو تو یہ بھی بہت بُری اور مکروہ بات ہے، مخلوق کی ملامت حاصل کرنے کیلئے اور بہت سے طریقے ہیں، ایسی باتیں کہنے کیا ضرورت ہے جو انسان کو کفر کی حد تک پہنچا دیں، اور چونکہ آپ نے اس کلام کی تاویل میں گفتگو کی ہے اور استفسار کیا ہے تو اس حکم کے مطابق کہ ''سوال کا جواب ضرور دینا چاہیئے'' ناچار اس بارے میں کچھ بیان کیا جاتا ہے۔

وَعِلْمُ الْغَيْبِ عِنْدَ اللهِ سُبْحَانَهٗ (اور غیب کا علم اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہی جانتا ہے)۔

اور یہ جو بعض بزرگوں نے کہا ہے کہ غیب معدوم ہوتا ہے اور معدوم کا علم نہیں ہوتا، یعنی چونکہ غیب حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی نسبت معدومِ مطلق اور لاشئی محض ہے (یعنی ہرگز کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے پوشیدہ نہیں ہے) تو علم کے تعلق کو اس کے ساتھ بیان کرنے کے کچھ معنی نہ ہوئے کیونکہ معلوم ہونا اور عدم مطلق اور لاشئی محض ہونے سے خارج کر دیتی ہے، اور نہیں کہہ سکتے کہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ کو اپنے شریک کا علم ہے، کیونکہ حق تعالیٰ وتقدس کا شریک اصلاً موجود نہیں ہے اور لاشئی محض ہے، ہاں غیب اور شریک کے مفہوم کا تصور کرنا ممکن ہے لیکن یہ گفتگو ان کے (غیب کے) مصداقِ کلام میں ہے نہ کہ مفہوم میں ۔۔۔۔۔ اُن تمام محالات کا حال بھی ایسا ہی ہے کہ جن کے مفہومات کا تصور ممکن ہے اور ان کے مصدوقات کا تصور ممتنع ہے کیونکہ معلوم ہونا اور اس کو محال ہونے سے خارج کر دیتا ہے اور کم از کم اس کو ذہنی وجود تو بخش دیتا ہے۔

اور وہ اعتراض جو لوگوں نے مولانا محمد روجی کی توجیہ پر کیا ہے درست ہے، احدیتِ مجردہ کے مرتبہ میں نسبتِ علمیت کی نفی کرنے سے مطلق علم کی نفی لازم آتی ہے، صرف علمِ غیب کی نفی کی تخصیص کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے اور مولانا کی توجیہ پر دوسرا اشکال یہ ہے کہ اگرچہ احدیتِ مجردہ کے مرتبہ میں علمیت کی نسبت کی نفی کی گئی ہے لیکن حق تعالیٰ کی عالمیت (عالم ہونا) اپنے حال پر برقرار رہے کیونکہ اللہ تعالیٰ شانہٗ ذات کی رُو سے عالم ہے نہ کہ صفت کی رُو سے، کیونکہ صفت کی وہاں (احدیتِ

Marfat.com

مجردہ میں) گنجائش نہیں ہے۔صفات کی نفی کرنے والے حق سبحانہ وتعالیٰ کو عالم کہتے ہیں حالانکہ وہ علم کی صفت کو حق تعالیٰ سے مسلوب قرار دیتے ہیں لیکن جو انکشاف کہ صفت پر مترتب ہوتا ہے اس کو ذات پر مترتب جانتے ہیں، پس اسی طرح یہ بھی ہے ---- اور یہ جو توجیہ آپ نے کی ہے اور غیب سے ذاتِ حق مراد لی ہے اور علم کے تعلق کو اس کے ساتھ جائز نہیں رکھا ہے اگر چہ واجب تعالیٰ وتقدس کا علم ہی ہو، تو یہ توجیہ سب توجیہات سے زیادہ اقرب ہے لیکن فقیر کو حق تعالیٰ کی ذات بحت کے ساتھ واجب تعالیٰ کے علم کا تعلق جائز نہ ہونے میں بحث ہے کیونکہ جو وجہ انہوں نے عدم جواز کے بارے میں بیان کی ہے اس میں علم کی حقیقت معلوم کے احاطہ کی مقتضی ہے اور وہ ذات مطلق تعالیٰ وتقدس عدم احاطہ کا تقاضا کرتی ہے پس اس تعلق سے یہ دونوں جمع نہیں ہوں گے ---- یہ خدشہ کا مقام ہے، کیونکہ علم حصولی میں یہ معنی درکار ہیں جہاں قوتِ علمیہ میں معلوم کی صورت کا حصول ہوتا ہے لیکن علمِ حضوری میں یہ معنی کچھ درکار نہیں ہیں۔ اور ہم جس کا ذکر کر رہے ہیں وہ علم حضوری ہے نہ کہ علم حصولی، پس اس میں کوئی محال نہیں ہے کہ علم واجبی سبحانہ وتعالیٰ کا تعلق حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ حضور کے طریق پر ہے نہ کہ حصول کے طریقہ پر۔ واللہ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِحَقِيْقَةِ الْحَالِ (اور حقیقتِ حال کو اللہ سبحانہٗ ہی سب سے بہتر جانتا ہے)

وصلے اللہ تعالےٰ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَسَلَّمَ وَبَارَكَ وَالسَّلَامُ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا ط

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۰۰﴾ ۱ قولہ شیخ عبدالکبیر ... الخ:۔ مولانا محمد روجی، حضرت شیخ عبدالکبیر یمنی کی خدمت میں بہت عرصہ رہے، وہ فرماتے ہیں کہ شیخ نہایت عالی مشرب اور بزرگ شخصیت تھے اپنے زمانہ میں حرم مکہ کے شیوخ کے قبلہ تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ شیخ صائم الدہر (ہمیشہ روزہ رکھنے والے) تھے۔ ان کے پاس ایک تھیلا تھا۔ اس میں کچھ مقدار کے مطابق سَتُّو رکھتے تھے۔ اور ان کے پاس لکڑی کا پیالہ تھا، جب افطاری کا وقت ہوتا اس وقت تھیلے سے پیالہ باہر نکالتے اس میں تھوڑا سا آبِ زمزم ڈالتے اور تین انگلیوں کی مقدار سَتُّو نکالتے اور اس پیالے کے پانی میں حل کرتے اور نوش فرمالیتے اور دوسری رات تک انکی یہی غذا اور پانی (اسی پر اکتفا کرتے) ایک روز جبکہ مجلس میں بڑے بڑے علماء، فقراء اور اہل معرفت حاضر تھے تو اس تقریب میں آپ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ عالم غیب نہیں ہیں اس مجلس کے اکثر شرکاء اس بات سے کانپ اٹھے اور بعض ہنسنے لگے کیونکہ ان کی یہ بات ظاہر نص کے خلاف معلوم ہوتی تھی، شیخ نے معلوم کر لیا، کہ بعض کی عقل اس کے برداشت کا حوصلہ نہیں رکھتی، شیخ نے اپنے ارادے سے تنزل کر کے فرمایا کہ جہاں حق تعالیٰ ہے وہ سب شہادت ہے اور اس سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں جسے غیب کہہ سکیں جب معدوم ہو تو علم معدوم نہیں ہوتا وہ عالم الغیب جس کا ذکر قرآن کریم میں ہے وہ اللہ تعالیٰ نے ہماری نسبت سے فرمایا ہے نہ حق تعالیٰ کی نسبت سے۔ (رشحات)

۲ شیخ اکبر قدس سرہٗ شامی کا مختصر حال مکتوب ۳۱ کے حاشیہ پر لکھا گیا ہے۔ ۱۲

۳ شیخ صدرالدین محمد بن اسحاق قونیوی قدس سرہٗ، آپ کی کنیت ابوالمعالی ہے۔ آپ ظاہری وباطنی اور عقلی و نقلی علوم کے جامع تھے، مولانا قطب الدین شیرازی حدیث میں آپ کے شاگرد ہیں بہت سے مشائخ مثلاً شیخ مؤیدالدین جندی اور مولانا شمس الدین ایکی وغیرہ نے آپ کی آغوش میں تربیت پائی ہے، موصوف کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ ۱۲ نفحات

آپ حضرت غوث اعظم عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کے بہترین مریدوں میں سے تھے، آپ نے ۶۳۰ھ میں وفات پائی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ خزینۃ الاصفیاء

۴ قولہ عبدالرزاق، شیخ عبدالرزاق، خواجہ حسن عطار کے بڑے اصحاب اور ان کے خلفاء میں سے تھے۔ آپ کا طریقہ رابطہ کی نسبت ورزش میں تھا۔ ۱۲

۵ قولہ مارا نص ... الخ:۔ یعنی ہمیں نص (قرآن وسنت) جو شارع علیہ الصلاۃ والسلام سے ثابت ہے، وہ درکار ہے۔ ۱۲

۶ قولہ نہ بفص:۔ یہ اشارہ ہے کتاب فصوص الحکم کی طرف جو شیخ اکبر قدس سرہٗ کی تالیفات میں سے ہے۔ ۱۲

۷ قولہ از فتوحات مدینہ ... الخ:۔ یہ اس کی طرف اشارہ ہے جو آں حضرت علیہ الصلاۃ والسلام سے منقول ہے۔ ۱۲

Marfat.com

۸ قولہ ازفتوحات مکیہ...الخ:۔ یعنی وہ کتاب جو شیخ اکبر قدس سرہ کی تصنیفات میں سے ایک ہے۔۱۲

۹ قولہ سورہ کہف کی آیت نمبر ۵ کی طرف اشارہ ہے ترجمہ: بڑی سخت بات ہے جوان کے منہ سے نکلتی ہے۔ ۱۲

۱۰ قولہ یالیت... الخ:۔ افسوس ان کو اس قسم کی صریح خلاف شریعت کلمات کہنے پر کس چیز نے آمادہ کیا۔ ۱۲

۱۱ مثنوی آن انا بے وقت گفتن لعنت است وین انا در وقت گفتن رحمت است

آن انا منصور را رحمت بدہ وین انا فرعون را لعنت بدہ

انا الحق بے وقت کہنا لعنت ہے اور یہ انا الحق غلبہ حال کے وقت بے اختیار کہا جائے تو رحمت ہے۔ وہی انا الحق منصور کے لئے رحمت تھا اور یہی انا فرعون کے لئے لعنت تھا۔

۱۲ قولہ فان کلام...الخ:۔ کیونکہ اہل سکر کا کلام اچھے معنی پر محمول کیا جاتا ہے اور اپنے ظاہر معنی کی طرف سے پھیرا جاتا ہے نہ کہ ان کے غیر اہل صحو کے کلام کو۔ ۱۲

۱۳ یعنی شیخ عبد الکبیر یمنی قدس سرہ کا کلام جس میں حق سبحانہ وتعالیٰ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ عالم الغیب نہیں ہے۔ ۱۲

۱۴ قولہ تحن کردہ اند واستفسار نمودہ...الخ:۔ یعنی ملا حسن کشمیری جو مکتوب الیہ ہیں نے اس کلام کی تاویل کو بیان کر کے حضرت امام ربانی سے تفصیل وتشریح معلوم کی ہے۔ ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆تاب......طاقت ۱۲ ...... قوت ......☆خود......البتہ ۱۲......البتہ، ضروری......☆شناعت......بدی ۱۲......برائی، بدی......

(صہ۱۰۱) ۱ قولہ آنکہ گفتہ اند کہ غیب...الخ:۔ جاننا چاہیے کہ شیخ عبد الکبیر قدس سرہٗ کے کلام کی اس جگہ تین تاویلیں ذکر کی گئی ہیں۔ پہلی یہ کہ غیب معدوم ہوتا ہے اور معدوم کا علم نہیں ہوتا، یہ کلام متکلم یعنی شیخ عبد الکبیر یمنی سے منقول ہے۔ دوم توجیہ جو مولانا روجیؒ نے کی ہے کہ ذات بحت کے مرتبہ میں اور ہویت محضہ میں تمام نسبتیں اور اضافتیں ساقط ہیں۔ اور جب اس مرتبہ میں اضافت ونسبت علمیہ نہیں ہوتی تو اس مرتبہ میں عالم الغیب نہیں کہتے اس توجیہ پر ملا حسن کا اعتراض نقل کرتے اور تصحیح کرتے ہیں۔ اور خود بھی اشکال وارد کرتے ہیں۔ سوم توجیہ ملا حسن کشمیری کی ہے اور اس کو بھی مخدوش قرار دیتے ہیں۔ ۱۲

قولہ آنکہ گفتہ اند، مبتدا ہے اور قولہ یعنی غیب نسبت بحق سبحانہ الخ۔ جملہ شرطیہ اسکی خبر ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ اسکی خبر محذوف ہو، یعنی درست است ومحتمل است کہ قولہ وتوجیہ خود کردہ اند، معطوف ہو ان کے قول آنکہ گفتہ اند، اور دونوں مبتدا ہوں، اس کی خبر قولہ اقرب توجیہات است ہو جائے اور باقی جملہ معترضہ اس کو سمجھ لو۔ اللہ أعلَمُ عِلمُهُ أتَمُّ (اللہ ہی سب سے زیادہ جاننے والا ہے اور اس کا علم ہی کامل تر ہے) وَمَا تَوفِيقِي إلَّا بِاللهِ العَظِيمِ الأعظَمِ (اللہ تعالیٰ عظیم واعظم کے سوا کوئی توفیق نہیں ہے) ۱۲

۲ جاننا چاہیے کہ مولانا شمس الدین محمد روجی قدس سرہٗ، حضرت مولانا سعد الدین قدس سرہٗ کے جلیل القدر اصحاب (ساتھیوں) میں سے تھے آپ سالہا سال ہرات کی جامع مسجد میں طالبان حق کو راہ حق کی دعوت دیتے رہے۔ آپ کی ولادت موضع روج میں ہوئی جو ہرات سے قبلہ کی طرف نو فرسنگ پر واقع ہے ۱۴ ماہ شعبان ۸۲۰ھ شب برات کو پیدا ہوئے۔ آپ کی والدہ کا ایک بچہ پانچ سالہ وفات پا گیا تھا اس وجہ سے آپ کی والدہ بہت متاثر ہوئی اور غم سے انکا دل شدید زخمی ہوا تھا۔ آپ کی والدہ نے اس رات حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، آپ نے فرمایا غم نہ کر دل خوش رکھ کہ اللہ سبحانہ تجھ کو ایک ایسا بیٹا عطا فرمائے گا جو صاحب بخت ہوگا اور لمبی عمر پائے گا۔ اس کے کچھ ہی عرصہ بعد مولانا محمد (شمس الدین محمد روجی) پیدا ہوئے۔ آپ کی والدہ ہمیشہ کہا کرتی تھیں۔ وہ بیٹا جس کی بشارت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دی تھی تو ہی ہے۔ ۱۲ (رشحات میں تفصیل درج ہے)

۳ قولہ امادر علم الخ:۔ جاننا چاہیے کہ علم کی دو قسمیں ہیں، ایک حصولی جو حصول کے وسیلہ سے حاصل ہوتا ہے۔ جو عالم کی علمی قوت میں ہوتا ہے (یعنی قوت علمیہ میں معلوم کی صورت کا حصول ہوتا ہے) دوسری قسم علم حضوری ہے جو کہ عالم کے سامنے معلوم چیز کا ذاتی طور پر حاضر ہونا اس میں کافی ہوتا ہے اور صورت کے حصول کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ۱۲

۴ پس اس میں کوئی محال نہیں ہے کہ علم واجبی سبحانہ وتعالیٰ کا تعلق حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ حضوری کے طریق پر ہے کہ حصول کے طریق پر ۱۲

لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

ے حق تعالیٰ سے صفات کی نفی کرنے والے جو معتزلہ اور فلاسفہ ہیں۔حق تعالیٰ کو عالم کہتے ہیں۔۔۔الخ۔ ۱۲

ے یعنی علم کا تقاضا خاص کر احاطہ کو اور ذات مطلقہ کا تقاضا خاص احاطہ نہ ہونے کا خدشہ کا مقام ہے (مکتوب کی عبارت آخر تک) ۱۲

☆علم الغیب ...... ذمن اللطافۃ قالا تخفی ۱۲ ...... ایسا علم غیب جس میں سب سے باریک چیز بھی پوشیدہ نہیں ہے۔ ☆غیب......شرط ۱۲...... یہ شرط ہے ...... ☆تعلق جزا ۱۲...... یہ جزا ہے...... ☆اشکال دیگر......علاوہ اشکال ملاحسن کشمیری ۱۲...... ملاحسن کشمیری کے اشکال کے علاوہ ...... ☆انکشافی کہ لیکن ۱۲...... لیکن ☆توجیہکہ......مبتداء ۱۲...... یہ عبارت مبتدا ہے...... ☆خود...... ملاحسن ۱۲...... ☆غیب ذات......اضافت بیانیہ ۱۲......یہ اضافت بیانیہ ہے ...... ☆اقرب......خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے ...... ☆بحت او ......صرفہ ۱۲......صرف محض...... ☆وجھے......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا ہے...... ☆ھذا......علیت ومعلومیت ۱۲......خاص نام ہونا اور معلوم ہونا...... ☆اقتضاء......خبر......یہ خبر ہے......

ایک سو ایک مکتوب (۱۰۱)

یہ مکتوب بھی ملاحسن کشمیری کی طرف صادر فرمایا۔۔۔۔۔ان لوگوں کے رد میں جو کاملین کو ناقص خیال کر کے اُن پر اعتراض کی زبان دراز کرتے ہیں۔

أَحْسَنَ اللهُ سُبْحَانَهُ حَالَكُمْ وَأَصْلَحَ بَالَكُمْ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کے حال کو اچھا کرے اور آپ کے دل کی اصلاح فرمائے)۔۔۔۔۔مولانا محمد صدیق نے آپ کا گرامی نامہ پہنچایا، حَمْدًا لِلّٰهِ سُبْحَانَهُ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا شکر ہے) کہ ہم دور پڑے ہوئے لوگوں کو آپ نے فراموش نہیں کیا۔۔۔۔۔جو خطاب آپ نے ظاہر طور پر نفس کی طرف کئے ہیں واضح ہوئے، ہاں نفس کی امارگی (سرکشی) کے زمانے میں اس پر جو بھی اعتراض کریں وہ مسلّم ہے لیکن (نفس کے) مطمئنہ ہو جانے کے بعد اُس پر اعتراض کرنے کی گنجائش نہیں ہے کیونکہ نفس اس مقام پر پہنچ کر حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے راضی اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس سے راضی ہو جاتا ہے پس جب وہ (حق تعالیٰ کا) پسندیدہ ومقبول (بندہ) ہو گیا تو اس پر اعتراض جائز نہیں کیونکہ اس کی مراد حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی مراد ہو جاتی ہے کیونکہ اس دولت کا حاصل ہونا حق سبحانہٗ تعالیٰ کے اخلاق کے ساتھ متخلق (متصف) ہونے کے وقت ہے، اس کا مقدس میدان (صحن) ہم پست فطرت لوگوں کے اعتراض سے بہت بلند و بالا ہے، ہم جو کچھ کہتے ہیں وہ ہماری طرف لوٹ آتا ہے۔ بیت

آگہ از خویشتن چو نیست جنین — چہ خبردار داز چنان وچنین
(جو بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں ہے — اُسے اِس کی خبر ہے نہ اُس کی)

اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جاہل لوگ اپنی حد درجہ جہالت کی وجہ سے نفسِ مطمئنہ کو نفسِ امارہ خیال کر لیتے ہیں اور نفس کی امارگی کے احکام نفسِ مطمئنہ پر جاری کر دیتے ہیں جیسا کہ کفار نے انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو دوسرے انسانوں کی طرح خیال کر کے نبوت کے کمالات سے انکار کیا ہے۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ان اکابر بزرگوں علیہم الصلوات والتحیات اور اُن کے تابعداروں کے انکار سے بچائے۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۰۲﴾ ۱؎ اللہ تعالی آپ کے حال کو اچھا کرے اور آپ کے دل کی اصلاح فرمائے ۱۲

۲؎ قولہ جنین، جیم کی زبر سے، کریم کے وزن پر ہے: اس کے معنی ہیں وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے ۱۲

۳؎ مثنوی
(۱) اشقیارا دیدہء بینا نبود — نیک و بد در دیدہ شان یکسان نمود
(۲) ہمسری با انبیا برد اشتند — اولیا را ہمچو خود پند اشتید
(۳) گفتہ اینک، مابشر، ایشان بشر — ماو ایشان بستہ خوا بیم و خور
(۴) این ندانستند ایشان از عمٰا — ہست فرقے درمیان بے منتہا

ترجمہ (۱) بد بخت لوگ حق بین آنکھوں سے محروم تھے (اس لئے) انکی نظر میں نیک اور بد یکساں دکھائی دیا۔
(۲) انہوں نے انبیاء کی برابری کا دعوی کھڑا کر دیا۔ کبھی اولیا کو اپنے برابر سمجھ لیا۔
(۳) کہہ دیا کہ ہم بھی انسان یہ بھی انسان، ہم اور یہ (دونوں) سونے اور کھانے کے پابند ہیں (پھر فرق کیا ہوا)
(۴) (مگر) انہوں نے اپنی کور باطنی سے یہ نہ سمجھا کہ دونوں (فریقوں) میں بے انتہا فرق ہے۔

(۵) ہر دو یک گل خوردہ زنبورو نحل — لیک زین شد نیش وزان دیگر عسل
(۶) ہر دو گوں آہو گیا خور دندوآب — زیں یکے سرگیں شدوزاں، مشکناب
(۷) ہر دو نے خور دنداز یک آبخور — آں یکے خالی و آں پراز شکر
(۸) صد ہزاراں ایں چنیں اشباہ بیں — فرق زاں ہفتا دسالہ راہ بیں

(۵) دونوں، بھڑ اور شہد کی مکھی نے پھولوں کا رس چوسا، مگر اس سے ڈنگ پیدا ہوا اور اس دوسری سے شہد۔
(۶) (دوسری مثال یہ کہ) دونوں قسم کے ہرنوں نے (ایک ہی طرح کی گھاس چری اور (ایک گھاٹ سے) پانی پیا (لیکن) اس ایک سے تو مینگنیاں بن گئیں اور اس سے خالص کستوری۔
(۷) (تیسری مثال یہ کہ) دونوں (قسم کے) نے (نزاور گنا) ایک ہی گھاٹ سے سیراب ہوئے لیکن ایک کھوکھلا ہے اور (دوسرا) شکر (بننے والے رس) سے پر ہے۔
(۸) ایسی ہی لاکھوں نظیریں دیکھو گے ان میں ستر ۷۰ برس کی راہ کا فرق پاؤ گے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆شریفہ......شما ۱۲......آپ☆او......نفس۱۲......خود☆ساحت......نفائے مکان ۱۲......صحن☆محرم......حرام ۱۲......حرام

﴿ایک سو دوسرا مکتوب ۱۰۲﴾

ملا ظفر کی طرف صادر فرمایا------اس بیان میں کہ سودی قرض میں صرف زیادتی والی رقم ہی حرام نہیں بلکہ مجموعی رقم حرام ہے مثلاً کسی شخص نے دس تنکے (ٹکے) بارہ تنکے کے عوض قرض لئے تو اس صورت میں مجموعی رقم بارہ تنکے حرام پائیں گے نہ کہ صرف زیادتی والے دو تنکے، اور اس کے متعلقات میں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (اللہ تعالی کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)

آپ نے ایک دن فرمایا تھا کہ سودی قرض میں صرف زیادتی والی رقم ربا ہے اور بس (یعنی) دس ۱۰ تنکے قرض کے عوض بارہ تنکے (لینے دینے) کی صورت میں صرف یہی دو ۲ تنکے زیادتی والے حرام ہیں۔ لیکن جب بعض کتب فقہیہ کی طرف رجوع کیا گیا تو ظاہر ہوا کہ شریعت میں ہر وہ معاملہ جس میں زیادتی ہو وہ بھی ربا (سود) ہے۔ پس اس طرح کا سودی قرضہ بھی حرام

Marfat.com

ہے اور جو کچھ حرام کے ذریعے حاصل کیا جائے گا۔ وہ بھی حرام ہوگا اور وہ دس ٹکے بھی ربا اور حرام ہوں گے۔

کتاب جامع الرموز اور روایات کتاب ابراہیم شاہی کے بھیجنے سے مقصود اسی معنی و مطلب کا اظہار تھا۔ باقی رہی احتیاج کی بات، سو میرے مخدوم! ربا (سود) کی حرمت تو نصِ قطعی سے ثابت ہے جو حاجتمند اور غیر حاجتمند سب کو شامل ہے، یہاں محتاج کو اس قطعی حکم سے خارج کر دینا حکمِ قطعی کو منسوخ کر دینے کے مرادف ہے------ رہی قنیہ کی روایت تو وہ ہرگز اس درجہ کی نہیں کہ حکمِ قطعی کو منسوخ کر سکے۔ مولانا جلال الدین لاہوری جو کہ علمائے لاہور میں بڑے پایہ کے علماء میں سے ہیں فرماتے تھے کہ قنیہ کی بہت سی روایات قابلِ اعتماد نہیں ہیں اور کتبِ معتبرہ کی مخالف ہیں۔ اور اگر قنیہ کی اس روایت کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو بھی احتیاج کی اس صورت کو اضطرار و مخمصہ کی حالت پر محمول کرنا چاہیئے۔ تاکہ آیہ کریمہ فَمَنِ اضْطُرَّ فِی مَخْمَصَۃٍ (مائدہ ۵ آیت ۳) (پھر جو شخص بھوک سے لاچار و مجبور ہو جائے) اس حکمِ قطعی کے ساتھ مختص ہو جائے کیونکہ از روئے قوت ہی آیت ہی آیت کے برابر ہو سکتی ہے، ع

کہ رستم را کشد ہم رخش رستم (رستم کو بس اُسی کا گھوڑا اُٹھا سکے ہے)

اور اگر محتاجی کو عام کر دیا جائے (یعنی اضطرار کی قید نہ لگائی جائے) پھر حرمتِ ربا کی کوئی صورت بھی نہ نکل سکے گی کیونکہ جو شخص بھی (اپنی جیب سے) زیادہ رقم دینا قبول کرتا ہے اس کی علت کوئی نہ کوئی احتیاج ضرور ہوتی ہے کیونکہ کوئی شخص بھی بلاوجہ اپنے نقصان کا مرتکب نہیں ہوا کرتا۔ پس ایسی صورت میں حق سبحانہٗ تعالیٰ کے نازل فرمائے ہوئے حکم کا کوئی خاص فائدہ مرتب نہ ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی کتاب عزیز جس میں فائدے ہی فائدے ہیں اس قسم کی وہمی باتوں سے پاک ہے۔

اور اگر بفرضِ محال عام محتاجی کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو ہم کہتے ہیں کہ احتیاج بھی منجملہ ضروریات میں سے ہے اور ضرورت بقدر اندازۂ ضرورت پوری کی جاتی ہے۔ پس اس سودی رقم سے کھانا پکانا اور لوگوں کو کھلانا ہرگز ضرورت و احتیاج میں داخل نہیں ہے اور نہ کوئی ضرورت اس سے متعلق ہے، اسی لئے ترکہ میت میں سے میت کی ضروری چیزیں مستثنیٰ ہیں صرف کفن و دفن (کے اخراجات) کو میت کے ترکہ میں منحصر کیا ہے، اور اس کی روحانیت (ایصالِ ثواب) کیلئے کھانا پکانا بھی احتیاج و ضرورت میں داخل نہیں، حالانکہ میّت صدقہ اور خیرات کی بہت محتاج ہوتی ہے------ پس صورتِ متنازع فیہ میں غور فرمائیں کہ سودی قرض لینے والے درحقیقت محتاج ہیں یا نہیں ہیں۔ اور احتیاج و ضرورت کی صورت میں سودی قرضے سے جو کھانا کسی جماعت کیلئے پکایا جائے اس جماعت کو وہ کھانا حلال بھی ہے یا نہیں؟------ کنبے والوں اور سپاہیوں کو حیلۂ احتیاج بنانا اور اس بہانہ سے سودی روپیہ لینا اور اس کو جائز و حلال سمجھنا دینداری سے بعید ہے------ چاہیئے کہ امر بالمعروف اور نہی المنکر کا طریقہ اختیار کرتے ہوئے اس جماعت کو جو اس بلا (سودی قرضہ) میں مبتلا ہیں منع کرنا چاہیئے اور اس حیلہ کی غلطی سے (حکمت و موعظت کے ساتھ) اُن کو آگاہ کرنا چاہیئے۔ ایسا کام کیوں کیا جائے جس میں ان ممنوعات کا ارتکاب کرنا پڑے، آخر معاش (حاصل کرنے کے) ذرائع اور بہت ہیں، اس سپاہ گری پر ہی معاش منحصر نہیں ہے------ چونکہ آپ صلاح و تقویٰ سے آراستہ ہیں اور اس لئے آپ کو وہ روایت بھیجی جا رہی ہے جس میں حلال و طیب کھانے کی تاکید ہے۔

آپ نے تحریر فرمایا تھا کہ اس زمانہ میں شبہ سے خالی غذا کا میسر آنا مشکل ہے، یہ بات درست ہے لیکن جہاں تک ہو

Marfat.com

سکے مشتبہ چیزوں سے بچنا چاہئیے ، بے طہارت کھیتی باڑی کے ذریعۂ معاش کو آپ نے پاکیزگی کے خلاف سمجھا ہے، ہندوستان میں اس سے بچنا ممکن نہیں (جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے) لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (بقرہ۲ آیت ۲۸۶) (اللہ تعالیٰ (احکام شرعیہ میں) کسی نفس کو اس کی طاقت و مقدار سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا)۔ لیکن سودی (رقم سے تیار کیے ہوئے) کھانے کو نہ کھانا بہت آسان کام ہے، حلال کو حلال اور حرام کو حرام جاننا (قطعی اور یقینی ہے، اس کا انکار کفر تک پہنچا دیتا ہے، ظنیات میں ایسا نہیں ہے، بہت سے کام حنفیہ کے نزدیک مباح ہیں جو شافعیہ کے ہاں مباح نہیں، اور اس کے برخلاف بھی موجود ہے (یعنی شافعیہ کے ہاں مباح اور حنفیہ کے ہاں غیر مباح)۔

ہم جس مسئلے میں گفتگو کر رہے ہیں اس میں اگر کوئی شخص مشکوک ضرورت مند کیلئے سودی قرض کے حلال ہونے میں جو بظاہر نصِ قطعی کے حکم کے خلاف ہے، توقف کرے تو اُسے گمراہ قرار نہیں دینا چاہئیے اور اس کو مجبور نہیں کرنا چاہئیے کہ وہ اپنے اعتقاد میں اس کو حلال جانے، کیونکہ صحت و صواب اسی کی جانب راجح و متیقن ہے (جو سودی قرض کی حرمت کا قائل ہے) اور اس کا مخالف خطرے میں ہے۔

آپ کے احباب میں سے کسی نے بیان کیا ہے کہ ایک روز مولانا عبدالفتاح نے آپ کے سامنے کہا کہ اگر سود کے بغیر قرض مل جائے تو بہتر ہے پھر سود پر قرض لینے کی کیا ضرورت ہے تو آپ نے ان (مولانا موصوف) کو ڈانٹا اور کہا "تم حلال چیز کا انکار کرتے ہو" ----- میرے مخدوم! اس قسم کی باتوں کی حلالِ قطعی میں تو گنجائش ہے لیکن یہ سودی قرضہ (آپ کے خیال کے مطابق) اگر حلال بھی ہو تو بھی یقیناً اس کا ترک اولیٰ ہے، کیونکہ اہلِ تقویٰ رخصت (اجازت) کا حکم نہیں کرتے بلکہ عزیمت (ارادہ) پر دلالت کرتے ہیں۔

لاہور کے مفتیوں نے احتیاج و ضرورت کی وجہ سے اس کے حلال ہونے کا حکم دے دیا ہے (لیکن) احتیاج کا دامن بڑا وسیع ہے اگر اس کو پھیلا دیا جائے تو کوئی چیز سود نہیں رہتی، اور نص قطعی میں حرمتِ ربا کا حکم (نعوذ باللہ) عبث و بے فائدہ ہو جائے گا جیسا کہ قبل ازیں (اوپر) بیان کیا جا چکا ہے، لیکن آپ کو یہ بات خوب ملحوظ رکھنی چاہئیے کہ دوسروں کو (اس سودی رقم سے) کھانا کھلانا احتیاج کس قسم سے ہے جو قرض لینے والے کو مجبور کرتی ہے؟ ----- بہر حال قنیہ کی روایت بھی احتیاج والے کو سودی قرض لینے کی اجازت دیتی ہے دوسروں کیلئے اس کی اجازت نہیں دیتی۔

اگر کوئی کہے کہ کسی محتاج نے اس کھانے کو شاید کفارۂ قسم یا کفارۂ ظہار یا روزہ کا کفارہ ادا کرنے کی بنا پر پکایا ہو اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اس کفارہ کی ادائیگی کا حاجتمند ہے ----- تو ہم کہتے ہیں اگر کوئی محتاج (کفارہ میں مساکین کو) کھانا کھلانے کی استطاعت نہیں رکھتا تو (شرع شریف کے مطابق) روزے رکھے نہ کہ سودی قرض لے (اور کھانا کھلائے) ----- اور اگر اسی قسم کی اور کوئی احتیاج پیش آجائے تو تھوڑی سے توجہ اور تقوی کی برکت سے وہ احتیاج (بغیر سودی قرض کے) پوری ہو سکتی ہے (حق تعالیٰ کا ارشاد ہے) وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (سورۂ طلاق ۶۵ آیت ۲،۳) (جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے تو اللہ اس کیلئے کوئی نہ کوئی راستہ نکال دیتا ہے اور ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا) آپ پر سلام ہو اور اس پر جو ہدایت کی اتباع کرے۔

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۰۳﴾ ۱؎ تنکہ بالفتح وکاف عربی۔عربی کاف پر زبر ہے۔رائج الوقت سکہ جو گول ہوتا تھا،خواہ سونے کا یا چاندی یا تانبے کا ہواور یہ فارسی زبان میں ٹکہ ہے ۱۲

۲؎ قال اللّٰہ تعالٰی و اَحَلَّ اللّٰہُ الْبَیْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا یعنی اور حلال کیا اللہ نے تجارت کو اور حرام کیا سود کو۔پارہ سوم سورہ بقرہ آیت ۲۷۵۔ ۱۲

۳؎ قنیۃ المنیۃ علی مذھب ابی حنفیۃ ، للشیخ الامام ابی الرجانجم الدین مختار بن محمود الزاھدی الحنفی المتوفی سنۃ ثمان وخمسین و ستمائۃ۔(ترجمہ قنیۃ المنیۃ،یہ کتاب امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے مذہب پر ہے،اور شیخ امام ابوالرجانجم الدین مختار بن محمود زاہدی متوفی (سہ ۶۵۸ھ کی تالیف ہے)اور اسکی ابتدا ان کلمات سے ہے الحمد للہ الذی اوضح معالم العلوم الخ مولانا ہرکلی نے فرمایا ہے:اگرچہ قنیہ کا درجہ غیر معتبر کتابوں سے اوپر ہے اور بعض علمانے اس سے اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے لیکن وہ علما کے نزدیک ضعیف روایتوں کے ساتھ مشہور ہے،اور اس کتاب کے مؤلف معتزلی ہیں انہوں نے اس کے شروع میں ذکر کیا ہے کہ انہوں نے اس کتاب کو اپنے استاد کی کتاب منیۃ الفقھا سے منتخب کیا ہے،(استاد کا نام بدیع الدین بن ابومنصور عراقی ہے)اور اس کا نام قنیۃ المنیۃ لتتمیم الغنیۃ رکھا ہے۔الی اخر مافی کشف الظنون ۱۲

۴؎ دونوں میم اور صاد پر زبر پڑھتے ہیں،یعنی شدت کی بھوک،وہ جلن جو سینہ اور پیٹ میں بھوک کی شدت سے پیدا ہو۔مجازاً وہ غمِ عظیم جس سے اضطراب پیدا ہو جائے ۱۲

۵؎ سورہ مائدہ کی آیت نمبر ۳ کی طرف اشارہ ہے یعنی تو جو بھوک پیاس کی شدت میں ناچار ہو یوں کہ گناہ کی طرف نہ جھکے تو بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۱۲

۶؎ رَخش ر کی زبر ہے،رنگ سفید اور سرخ ملا ہوا،اور بعض کہتے ہیں کہ یہ رنگ درمیان سیاہ اور بھورے کے ہوتا ہے رستم کے گھوڑے کو ایسا ہی رنگ ہونے کیوجہ سے رَخش کہتے تھے اور مجازاً ہر گھوڑے کو رَخش کہتے ہیں ۱۲ غیاث

۷؎ پس ایسی صورت میں اللہ تعالی کے نازل فرمائے ہوئے حکم کا کوئی خاص فائدہ مرتب نہ ہوگا اور اللہ تعالی کی کتاب عزیز جس میں فائدے ہی فائدے ہیں،اس قسم کی وہمی باتوں سے پاک ہے،اور اگر بفرض محال عام محتاجی کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو ہم کہتے ہیں کہ الخ ۱۲

۸؎ یعنی ضرورت بقدر اندازہ ضرورت پوری کی جاتی ہے ۱۲

....

☆متن......بین السطور......معانی

☆ربا ...... سود ۱۲......سود☆ہمان......قدر زائد ۱۲......زیادہ قدر☆فَضل......بفتح افزونی وزیادت ۱۲......زیادتی ☆عقد ہم ...... قرض بسود ۱۲...... سود پر قرض☆ربا......سود ۱۲......سود☆تخصیص......خارج کردن وبیرون آوردن ۱۲......نکالنا اور باہر لانا ☆قطعی ......حرمت سود ۱۲......حرمت سود☆رستم......نام پہلوان ۱۲......نام پہلوان☆زیادتی......یعنی زیادہ دادن ۱۲......زیادہ دینا☆اِقدام......بالکسر پیش رفتن،درکاری ۱۲......زیرے کوئی کام کرنا☆مقصور......بند ۱۲......بند

....

﴿صہ ۱۰۴﴾ ۱؎ پُل پ پر پیش ہے،یعنی پیسہ،رقم ۱۲

۲؎ یعنی تکلیف نہیں دیتا اور واجب قرار نہیں دیتا حق تعالی اور تقدس کسی جان کو اور کسی شخص کو اسکی برداشت سے زیادہ اور قوت وطاقت سے بڑھ کر۔ یہ آیت سورہ بقرہ کے آخر میں ہے ۱۲

۳؎ ورنہ وہ لازم آئے گا جو لازم آتا ہے ۱۲

۱؎ شیخ مجدد قدس سرہ کا قول مشکوک،سودی قرض کا حلال جاننے میں توقف کرنے کی تائید کرنے والا ہے،ایسے ہی آپ قدس سرہ کا قول کہ بظاہر مخالف الخ ۱۲

۲؎ یعنی اگر مجبوری اور محتاجی کی حالت میں سودی قرض لینا حلال ہو تو اس میں شک نہیں ہے الخ ۱۲

۳؎ وَرَع واو پر زبر ہے،پرہیز گار ہونا،اور پہلے دونوں حروف پر زبر ہو تو اس کا معنی پرہیزگار ہونا،پرہیزگاری اختیار کرنا اور اللہ سے ڈرنے والا ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالی

....

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

☆ تدین ...... دین داری ۱۲ ...... دین داری ☆ نمایند ...... ایشانرا ۱۲ ...... ان کو ☆ کسبے ...... یعنی پیش جامہ داری وسپاہ گری ۱۲ ...... سپاہ گری ☆ محظور ...... ممنوع ۱۲ ...... منع کیا ہوا ☆ حلال ...... بے شبہ ۱۲ ...... بلاشبہ ☆ اکل ...... خوردن ۱۲ ...... کھانا ☆ درست ...... این قول شما ۱۲ ...... یہ تمہاری بات ہے ☆ ممکن ...... بجہت عموم ابتلا ۱۲ ...... عوام کے مطابق پرکھ ☆ دانستن ...... کہ بر مومن واجب است ۱۲ ...... کہ مومن کے لئے جاننا ضروری ہے ☆ قطعی ...... یقینی ۱۲ ...... یقینی

﴿صہ ۱۰۵﴾ قول بَعْدَ اللُّتَيَّا وَ الَّتِي پہلا لفظ مُصغّر ہے اور دوسرا مُکبّر، یہ ایک مثال ہے، اسکی اصل یہ ہے کہ ایک شخص نے عمر رسیدہ عورت طلب کی، سال بھر وہ موافق نہ آئی، پھر اس نے دوسری کم عمر عورت کی خواہش کی، وہ بھی موافق طبع نہ آئی، اس وقت اس نے یہ قول (بَعْدَ اللُّتَيَّا وَالَّتِي) کہا اور چلا گیا، اس کا مطلب یہ تھا کہ اس کے بعد چھوٹی عمر اور بڑی عمر والی کسی عورت کی طلب نہیں کروں گا، محاورہ میں '' بہرحال '' اور '' بہرتقدیر '' کے معنی میں مستعمل ہے ۱۲ ماخوذ از مجمع الامثال للمیدانی

۲ جاننا چاہئے کہ یمین سے مراد اس جگہ یمین مُنعقِدہ ہے، یمین غَمُوس اور یمین لغو نہیں کیونکہ، تین قسم کی قسموں میں صرف یہی کفارہ کی موجب ہوتی ہے۔ یعنی جب آئندہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر قسم کھائے اور اس کے خلاف کرے، تو اس پر لازم ہے کہ وہ ایک کنیز یا غلام آزاد کرے یا دس مسکینوں کو صبح وشام کھانا کھلائے یا دس مسکینوں کو کپڑے پہنائے اگر ان کاموں سے عاجز ہو یعنی اتنا خرچ نا کر سکے تو پے در پے تین روزے رکھے۔

ظہار یہ ہے کہ اپنی بیوی کو اپنی محرم عورتوں میں سے کسی کے ساتھ تشبیہ دے (مثلاً تو میرے لئے میری ماں یا بہن کی طرح ہے وہ بیوی اس پر حرام ہے) پھر اگر اسکو اپنی بیوی کی طرح رکھنا چاہے تو ایک غلام آزاد کرنا لازمی وضروری ہے۔ اگر غلام آزاد نہ کر سکے تو دو ماہ کو روزے مسلسل اور متواتر رکھنا اس پر لازم ہیں، اگر روزے رکھنے سے عاجز ہے تو ساٹھ مسکینوں کو فطرانہ کی مقدار ہر ایک کو ادا کرے۔

ایسے ہی اگر کوئی شخص رمضان کا روزہ جان بوجھ کر بغیر ضرورت توڑ دے تو اس پر بھی ظہار کے کفارہ کی طرح لازم ہے ۱۲ (فقہ کی کتابوں میں اسی طرح درج ہے)

۳ پارہ نمبر ۲۸ سورہ طلاق آیت ۲،۳ کی طرف اشارہ ہے، جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کوئی نہ کوئی خلاصی کا راستہ نکال دیتا ہے، اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا ۱۲

☆ تحلیت ...... حلال بودن ۱۲ ...... حلال ہونا ☆ پہن ...... فراخ ۱۲ ...... وسیع ☆ عبث ...... بے فائدہ ۱۲ ☆ مستقرض ...... قرض گیرندہ ۱۲ ...... ☆ یمین ...... سوگند ۱۲ ...... قسم ☆ ظہار ...... تشبیہ ۱۲ ...... مشابہت رکھنا ☆ صوم ...... روزہ رمضان ۱۲ ...... ☆ اطعام ...... طعام دادن ۱۲ ...... کھانا دینا

﴿ایک سو تیسرا مکتوب ﴿۱۰۳﴾

سیادت وشرافت پناہ شیخ فرید کی صادر فرمایا ----- عافیت کے معنی اور سرہند کیلئے قاضی کی ضرورت میں

حق سبحانہٗ وتعالیٰ آپ کو عافیت سے رکھے۔ آپ کیلئے عافیت کی بہت دعا کرتا ہوں جو ایک بزرگ ہمیشہ حق سبحانہٗ وتعالیٰ سے صرف ایک دن کیلئے عافیت کی تمنا اور دعا کیا کرتے تھے ------- کسی نے اُن بزرگ سے دریافت کیا کہ آپ جس (عمدہ) حالت میں زندگی گزار رہے ہیں کیا یہ ''عافیت'' نہیں ہے؟ -------- بزرگ نے جواب دیا کہ ''میرا مقصد یہ ہے کہ کوئی ایک دن ہی عافیت کا ایسا نصیب ہو کہ جس میں صبح سے شام تک مجھ سے حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی کوئی معصیت و نافرمانی سرزد نہ ہو''۔

عرصہ سے سرہند میں کوئی قاضی (شرعی جج) مقرر نہیں ہے جس کی وجہ سے بعض شرعی احکام کے جاری کرنے میں

Marfat.com

دشواری پیش آ رہی ہے مثلاً برادر زادہ (بھتیجا) یتیم ہو گیا ہے، اس کے والد کی میراث کا کچھ حصہ باقی ہے لیکن اس کا کوئی وصی نہیں ہے (فقیر) اس کے مال میں بلا اجازت شرعی قاضی تصرف کرنے سے مجبور ہے اگر شرعی قاضی مقرر ہو جائے تو کام ٹھیک ہو سکتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اسی طرح اور بھی بہت سے کام قاضی نہ ہونے کی وجہ سے التوا میں پڑے ہوئے ہیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۰۵﴾ ء یعنی اللہ تعالیٰ سے آپ کے لئے وہ عافیت اور صحت طلب کی جاتی ہے جو اکابر دین میں سے ایک بزرگ نے اپنے لئے مانگی تھی ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆ نقابت ...... ستودگی وستودن ۱۲......تعریف کرنا☆با......شمارا ۱۲......تم کو☆عزیزی......بزرگے ۱۲......بزرگ☆ ہموارہ ...... ہمیشہ ۱۲ ...... ہمیشہ☆تمنائے...... آروزئ ۱۲......آرزو☆وصی...... آنکہ باو وصیت کردہ باشد ۱۲......جس کی وصیت کی ہو☆مضطر ...... این فقیر ۱۲......یہ فقیر

﴿ایک سو چوتھا مکتوب ۱۰۴﴾

پرگنہ متکن کے قاضیوں کی طرف ماتم پرسی سے متعلق صادر فرمایا۔

مغفرت پناہی کی رحلت سے جو پریشانی ومصیبت آپ لوگوں کو پہنچی ہے اگر چہ وہ بہت شدید ہے لیکن مقام بندگی کے پیش نظر (ہمارے لئے ہر حالت میں) حق سبحانہ وتعالیٰ کے فعل سے راضی رہنے کے سوا چارہ نہیں ہے۔ کارکنانِ قضا و قدر (انسان کو) دنیا میں صرف قیام کے لئے نہیں لائے بلکہ (نیک) کاموں کے لئے لائے ہیں، لہٰذا اگر (انسان نیک) کام کرتا ہوا دنیا سے رخصت ہو گیا تو اس کیلئے کوئی خوف وخطر نہیں بلکہ (ایسا شخص) بادشاہ ہے اَلْمَوْتُ جِسْرٌ" یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ (یعنی موت ایک پُل ہے جو دوست کو دوست سے ملا دیتا ہے)۔ یہ مقولہ ایسے ہی شخص کی شان سے ثابت ہے۔

رنج وغم مرنے کا نہیں ہے بلکہ حبیب کی طرف جانیوالے کے حال کی فکر ہے کہ اس کے ساتھ کیسا سلوک ہوتا ہے (ہمیں) دعا، استغفار اور صدقات سے (میت) کی امداد کرنی چاہیئے۔ (جیسا کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: مَا الْمَیِّتُ فِی الْقَبْرِ اِلَّا کَالْغَرِیْقِ الْمُتَغَوِّثِ یَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهُ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِیْقٍ فَاِذَا الْحِقَتْهُ کَانَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی لَیُدْخِلُ عَلٰی اَهْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَاءِ اَهْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ مِنَ الرَّحْمَةِ وَاِنَّ هَدِیَّةَ الْاَحْیَاءِ اِلَی الْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَهُمْ (یعنی میت قبر میں ڈوبنے والے فریاد خواہ کی طرح ہوتی ہے اور دعا کے انتظار میں رہتی ہے جو اس کے باپ ماں بھائی اور دوست کی طرف پہنچے۔ جب دعا (ان کی طرف سے) پہنچتی ہے تو میت کے لئے دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہوتی ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ زندوں کی دعا سے پہاڑوں کی مانند مُردوں پر رحمتیں نازل فرماتا ہے، اور بیشک مرنے والوں کیلئے زندہ لوگوں کا خاص تحفہ ان کیلئے مغفرت کی دعا کرنا ہے)۔

آپ کا التفات نامہ موصول ہوا، موسمِ سرما کی ہوائیں فقراء کو بہت شدید معلوم ہوتی ہیں، ورنہ اپنے آپ کو معذور نہ رکھتا (جلد جواب دیتا)۔ (آپ حضرات کیلئے) سفارش بہت تاکید سے لکھی گئی ہے انشاء اللہ سود مند ثابت ہوگی، زیادہ لکھنا

Marfat.com

بیکار ہے ---- محبت نشان قاضی حسن اور دیگر عزیزوں کو بہت بہت دعائیں۔حق سبحانہٗ سے تمام امور میں راضی اور شاکر رہیں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص ۱۰۶﴾ ۱؎ قولہ عزاعین پر زبر ہے،مصیبت پر صبر کرنا،اور صبر کرنا،اور اس میں استقامت اختیار کرنا،شکایت کرنا اور عرف حال میں مجازاً ماتم پرسی کے معنی میں ہے اور کسی شخص یا کسی چیز سے نسبت رکھنا ۱۲

۲؎ حضرت مولوی فرماتے ہیں:

روح سلطانی ز زندانی بجست　　　　جامہ چہ دریم و چہ خائیم دست
روز ملک است وگہی شہنشہی　　　　گر تو یکذرہ از ایشان آگہی ۱۲

ترجمہ:بادشاہ کی روح قید سے چھوٹی اور پرواز کرگئی ہم لباس کو کیوں پھاڑیں اور خستہ کریں۔کبھی وہ فرشتہ ہے اور کبھی شہنشاہ ہے بشرطیکہ تو ان سے ذرہ بھر بھی واقفیت رکھتا ہو۔

۳؎ قولہ الموت الخ یعنی موت ایک ایسا پل ہے جو حق سبحانہ کے مشتاق کو محبوب حقیقی جل وعلا تک پہنچا دیتا ہے،حضرت حذیفہ بن الیمان اپنے نزع کے وقت بلند آواز سے فرماتے تھے جَاءَ حَبِیْبٌ عَلٰی فَاقَۃٍ لَا اَفْلَحَ مَنْ نَدِمَ۔
یعنی موت جو میر المحبوب ہے عین انتظار اور کمال شوق کی حالت میں آئی،اور وہ شخص جو اس محبوب کے آنے پر شرمندگی محسوس کرتا ہے خلاصی اور رہائی نہیں پاتا۔
حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے اپنے خط میں لشکر کفار کے سردار رستم بن فرخ زاد کو لکھا تھا فَاِنَّ مَعِیْ قَوْمًا یُحِبُّوْنَ الْمَوْتَ کَمَا یُحِبُّ الْاَعَاجِمُ الْخَمَرَ یعنی میرے ساتھ ایسی قوم ہے جو موت سے اتنی محبت رکھتی ہے جتنا غیر عرب شراب کو پسند کرتے ہیں ۱۲ ازتفسیر عزیزی

۴؎ قولہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ یعنی میت قبر میں ڈوبنے والے فریاد خواہ کی طرح ہوتی ہے اور دعا کی انتظار میں رہتی ہے،جو اس کے باپ،ماں،بھائی اور دوست کی طرف سے پہنچے۔جب دعا (ان کی طرف سے) پہنچتی ہے تو میت کے لئے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے سے زیادہ محبوب ہوتی ہے،بے شک اللہ تعالیٰ زندوں کی دعا سے پہاڑوں کی مانند مردوں پر رحمتیں نازل فرماتا ہے اور بے شک مرنے والوں کے لئے زندہ لوگوں کا خاص تحفہ ان کے لئے مغفرت کی دعا کرتا ہے۔
(میں مولانا نور احمد) کہتا ہوں: یہ حدیث مشکوٰت میں بیہقی کی شعب الایمان کی روایت سے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے۔(باب الاستغفار) اور قولہ من الرحمۃ معنی کا بیان ہے حدیث کے الفاظ میں سے نہیں ہے،اس کے مطابق جو مشکوۃ میں ہے۔اس حدیث کے ہم معنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ لَیَرْفَعُ الدَّرَجَۃَ لِلْعَبْدِ الصَّالِحِ فِی الْجَنَّۃِ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ اَنّٰی لِیْ ھٰذِہٖ فَیَقُوْلُ بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِکَ لَکَ (ترجمہ: (یعنی اس دعا کی مقبولیت کے بعد) اللہ تعالیٰ صالح شخص کا بہشت میں درجہ بلند فرماتا ہے،پھر وہ نیک بندہ کہتا ہے اے میرے رب مجھے یہ درجہ بلند کس طرح مل گیا؟ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ درجہ تیرے فرزند کی تیرے لئے بخشش کی دعا کی وجہ سے ہے جو تجھے حاصل ہوا،اس کو امام احمد نے روایت کیا ہے ۱۲ مشکوٰت

....

☆متن......بین السطور......معانی

☆قضات......جمع قاضی ۱۲......جمع قاضی☆مستصعب......دشوار ۱۲......دشوار☆نیاوردہ ...... کارکنان قضاوقدر ۱۲......
کارکنان قضاوقدر☆وردہ......صوفیا ۱۲......صوفیاء☆جسر......پل ۱۲......پل☆اعزہ......باقی عزیزان ۱۲......باقی عزیزان

﴿ایک سو پانچواں مکتوب ۱۰۵﴾

حکیم عبدالقادر کی طرف صادر فرمایا ---- اس بیان میں کہ بیمار جب تک تندرست نہ ہو جائے اُسے کوئی غذا فائدہ نہیں دیتی اور اس کے مناسب بیان میں۔

چونکہ اطبا کے نزدیک یہ بات مسلّم ہے کہ مریض جب تک بیماری سے صحتمند نہ ہو جائے کوئی غذا اُسے فائدہ نہیں دیتی اگرچہ مرغ تنجن ہی کیوں نہ ہو، بلکہ (بیماری کی حالت میں غذا مرض کو بڑھا دیتی ہے۔مصرعہ

ہر چہ گیرد علّتی علت شود　　　　(ہر غذا بیمار کے حق میں ہے مضر)

لہٰذا پہلے مرض کے دُور کرنے کی فکر کرتے ہیں اس کے بعد آہستہ آہستہ مناسب غذاؤں سے اصلی قوت وطاقت کی طرف لاتے

Marfat.com

ہیں۔ پس آدمی جب تک قلبی امراض میں مبتلا ہے فِیْ قُلُوبِھِمْ مَرَضٌ (بقرہ۲ آیت۱۰)(ان کے دلوں میں مرض ہے) کوئی عبادت وطاعت اس کو فائدہ نہیں دیتی بلکہ مضر ثابت ہوتی ہے۔ رُبَّ تَالٍ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُہٗ (بعض لوگ قرآن اس طرح پڑھتے ہیں کہ قرآن کریم اُن پر لعنت کرتا ہے) حدیث مشہور ہے نیز وَرُبَّ صَائِمٍ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صِیَامِہٖ اِلَّا الْجُوْعُ وَالظَّمَاءُ (یعنی بہت سے روزے دار ایسے ہوتے ہیں کہ ان کو روزے سے بھوک اور پیاس کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوتا (کیونکہ وہ جھوٹ وغیبت وغیرہ سے پرہیز نہیں کرتے) حدیث صحیح مشہور ہے۔

قلبی امراض کے اطبا (یعنی مشائخ کرام) بھی پہلے مرض دُور کرنے کا حکم فرماتے ہیں اور اس مرض سے مراد ماسوائے حق کی گرفتاری بلکہ اپنی خواہشاتِ نفس میں پھنسا رہنا ہے کیونکہ ہر شخص جو کچھ چاہتا ہے اپنے (نفس) کیلئے چاہتا ہے اگر بیٹے کو دوست رکھتا ہے تو بھی اپنے فائدے کیلئے اور اسی طرح مال و دولت اور ریاست و سرداری چاہتا ہے تو بھی اپنے لئے، پس درحقیقت اس کا معبود اس کی اپنی نفسانی خواہش ہے جبتک نفس کی اس قید سے خلاصی نہ ہو جائے نجات کی امید بہت مشکل ہے۔ پس عقلمند علماء اور صاحبِ بصیرت حکماء پر لازم ہے کہ اس مرض کے ازالہ کی فکر کریں۔ مصرعہ

درخانہ اگر کس است یک حرف بس است (گھر میں کوئی ہو تو بس اک بات کافی ہے اُسے)

﴿حاشیہ متن﴾

۵ مثنوی

این خورد گردد پلیدی زین جدا وآن خورد گردد ہمہ نورِ خدا
این خورد زاید ہمہ بخل و حسد وآن خورد زاید ہمہ عشقِ اَحد

ترجمہ: یہ (عام انسان جو کچھ کھاتا ہے اس کے نتیجہ میں پلیدی خارج ہوتی ہے اور وہ (محبوبان خدا) جو کھاتے ہیں اس سے خدا کا نور ظاہر ہوتا ہے، یہ کھاتا ہے تو جسم میں بخل وحسد پیدا ہوتا ہے اور وہ کھاتا ہے تو اس سے واحدہ لاشریک کا عشق پیدا ہوتا ہے ۱۲

۶ قولہ فی قلوبھم الخ یعنی ان کے دلوں میں بیماری ہے۔ یہ اس آیت کا حصہ ہے جو سورت بقرہ کے دوسرے رکوع میں واقع ہے ۱۲

﴿صہ۱۰۷﴾ ۱ قولہ رُبَّ تالٍ الخ یعنی بہت سے قرآن کریم پڑھنے اور تلاوت کرنے والے ایسے ہیں کہ خدا تعالیٰ اُن پر لعنت کرتا ہے معرب (علامہ محمد مرادمکی نے لکھا ہے: اس کو امام غزالی نے احیاء العلوم میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے قول کی حیثیت سے ذکر کیا ہے، احیاء العلوم کی احادیث کی تخریج کرنے والوں نے خاموشی اختیار کی۔ میں (مولانا نور احمد) کہتا ہوں یہ حدیث مکتوب نمبر ۹ میں گذر چکی ہے ۱۲

۲ قولہ رُبَّ صائمہ لَیس لہ الخ بہت سے روزے دار ایسے ہیں کہ ان کو اپنے روزے سے سوائے بھوک اور پیاس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا، جبکہ روزہ دار جھوٹ، غیبت اور ممنوعہ کاموں سے اپنے آپ کو باز نہ رکھے۔ معرب رحمہ اللہ نے فرمایا: اس کو ابن ماجہ نے ان لفظوں سے روایت کیا ہے: رُبَّ صَائِمِہٖ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صِیَامِہٖ اِلَّا الْجُوْعُ (کئی روزہ داروں کو ان کے روزوں سے بھوک کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا) اسکی بعض سندوں میں اَلَّا الْعَطْشُ (پیاس کے سوا) ہے۔ ابن حجر نے اس کو نسائی سے ذکر کیا ہے اور ابن ماجہ میں یہ الفاظ بھی ہیں کَمْ مِنْ صَائِمِہٖ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صَوْمِہٖ اِلَّا الْجُوْعُ وَالْعَطْشُ (کتنے ہی روزہ دار ہیں ان کو اپنے روزے سے بھوک پیاس ہی حاصل ہوتی ہے) اور داری کی ایک رویت میں ہے کہ کَمْ مَنْ صَائِمٍ لَیْسَ لَہٗ مِنْ صِیَامِہٖ اِلَّا الظَّمَاءُ (ظا اور میم پر زبر اور الف ممدودہ اور مقودہ کے ساتھ بمعنی پیاس یا شدتِ پیاس ۱۲

۔ قال اللہ تعالیٰ اَفَرَأَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوٰی الخ ۱۲ (کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو معبود بنایا ہے)

☆متن ...... بین السطور ...... معانی

☆حکما ...... اطباء ۱۲ ...... جمع طبیب ☆مقوی ...... آن غذا ۱۲ ...... وہ غذا ☆ازالہ ...... دورنمودن ۱۲ ...... دور کرنا ☆بتدریج ...... بآہستگی ۱۲ ...... گرفتار ☆مبتلا ...... گرفتار ۱۲ ...... گرفتار

﴿صہ۱۰۷﴾ ☆اطبّای ...... مشائخ کرام ۱۲ ...... مشائخ کرام

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

﴿ایک سو چھے واں مکتوب ﴿١٠٦﴾

محمد صادق کشمیری کی طرف صادر فرمایا------اس بیان میں کہ اس گروہ (اولیائے کرام) کی محبت جو اُن کی معرفت پر مرتب ہوتی ہے حق سجانہٗ وتعالیٰ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے۔

آپ کا مکتوب مرغوب (پسندیدہ خط) جو محبت کی زیادتی اور کمال درجہ کی دوستی سے بھرا ہوا تھا موصول ہوا۔ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ اَلْحَمْدُ وَالْمِنَّةُ عَلٰی ذٰلِكَ (اس پر اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے) اس گروہ (اولیائے کرام) کی محبت جو اُن کی معرفت پر مترتب ہوتی ہے حق سبحانہٗ تعالیٰ کی بڑی نعمتوں میں سے ہے، دیکھئے کس صاحبِ نصیب کو اس نعمت سے مشرف فرماتے ہیں------ شیخ الاسلام ہَروی فرماتے ہیں کہ "الٰہی تو نے اپنے دوستوں کے ساتھ یہ کیا معاملہ کیا ہے جس نے ان کو پہچانا تجھ کو پالیا اور جب تک تجھ کو نہ پایا ان کو نہیں پہچانا"------ اس گروہ کے ساتھ بغض وعناد رکھنا زہرِ قاتل ہے اور ان پر طعن کرنا (نیک کاموں سے) ہمیشہ کی محرومی کا باعث ہے۔ نَجَّانَا اللهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُم عَنْ هٰذَا الْاِبْتِلَاءِ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو اس آزمائش سے بچائے)------ شیخ الاسلام نے فرمایا "الٰہی جس کو تو اپنے دربار سے مردود کرنا چاہتا ہے اس کو ہمارا مخالف بنا دیتا ہے۔ بیت

بے عنایاتِ حق و خاصانِ حق — گر ملک باشد سیہ ہستش ورق

(لطفِ حق اور لطفِ خاصاں کے بغیر — ہو فرشتہ بھی، عمل اس کا تباہ

یہ رجوع وانابت جو حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو ازسرِ نو کرامت فرمائی ہے اس کو بڑی نعمت خیال فرمائیں اور حق تعالیٰ سے اس پر استقامت کے طالب ہوں وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مَتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِيمَاتُ (اور سلام ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے اور آنحضرت ﷺ کی اتباع کو اپنے اوپر لازم کرے۔

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۱۰۷﴾ ۔ مولوی صادق اوز کشمیر است — کہ مسِ قلب را چو اکسیر است

مولوی صادق علاقہ کشمیر سے ہیں جو مس قلب (غافل دل) کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں (یعنی جس طرح اکسیر سے تانبا سونا بن جاتا ہے اسی طرح مولوی صادق صاحب کی صحبت سے غافل لوگ باخدا بن جاتے ہیں)

۱ قولہ مُنبِیء، اِنبَاء از (بمعنی خبر دینا) مصدر سے اسم فاعل ہے، یعنی محبت و دوستی میں اضافے اور کمال کی خبر دینے والا ہے ۱۲

۳ قولہ از نعم یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے سب سے جلیل القدر نعمت ہے ۱۲

۴ قولہ شیخ الاسلام ہروی ان کی کنیت ابو اسماعیل ہے، آپ ابو منصور متّا انصاری کی اولاد میں سے ہیں، متّا انصاری حضرت ابوایوب انصاری کے صاحبزادے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مہربانی کا شرف حاصل ہے، جبکہ حضور اکرم نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت فرمائی تھی مت الانصاری امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں احنف بن قیس کے ساتھ خراسان میں آئے تھے، اور ہرات میں مقیم ہوگئے تھے۔ شیخ الاسلام ہروی کی پیدائش جمعہ کو غروبِ آفتاب کے وقت ہوئی یہ شعبان کی دو تاریخ اور فصلِ بہار تھی، اور سال ۳۹٦ھ تھا۔ ان کی وفات نو ربیع الاول ۴۸۱ھ ہجری میں ہوئی، موصوف اکابر محدثین میں سے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ میں نے تین سو حضرات سے حدیث لکھی ہے جو سب کے سب اہل سنت تھے، بہت سے عربی اشعار یاد تھے جو چھ ہزار سے زائد ہوں گے اور تین لاکھ حدیثیں بہت سندوں سے یاد کی ہوئی تھیں ۱۲ از نفحات مع تغیر یسیر۔

۵ قولہ شناخت، یعنی ان (اولیاء اللہ) کے پہچاننے میں تیرا پالینا لازم آتا ہے دونوں طرف سے کیونکہ ان دونوں میں ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتا ۱۲

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆وِداد......بکسر دوستی ۱۲......زیر سے بمعنی دوستی☆متفرع......مترتب ۱۲......☆ہَرَوی......منسوب بہ ہرات ۱۲......علاقہ ہرات سے منسوب☆بغض......دشمن داشتن ۱۲......دشمنی رکھنا☆سَم......زہر ۱۲......زہر☆ نجانا .. الابتلا...... نجات بخشد مارا خدائے پاک و شمارا ازین امتحان و آزمائش ۱۲ ☆ براندازی ...... ؟؟؟ سازی ۱۲......بنانا☆اندازے ......یعنی طعن کردن برماو بعض داشتن باما افگنی ۱۲......طعن کرنا☆ورق......نامہ اعمال ۱۲......اعمال نامہ☆تجدید......ازسرنو ۱۲......نئے سرے سے

ایک سوساتواں مکتوب ﴿۱۰۷﴾

یہ مکتوب بھی محمد صادق کشمیری کے نام صادر فرمایا----- ان چند سوالات کے جواب میں جن سے طعن وتعصب کی بُو آتی ہے اور یہ مکتوب ان ضروری فوائد پر مشتمل ہے جو اولیائے کرام کے بلند مرتبہ پر یقین رکھنے میں فائدہ مند ہیں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس عالی گروہ (اولیائے کرام) کے بلند مرتبہ پر ایمان و یقین کی سعادت نصیب فرمائے۔

----- آپ کا گرامی نامہ جو چند سوالات پر مشتمل تھا موصول ہوا۔ اگرچہ اس قسم کے سوالات جن میں بدگوئی اور تعصب کی آمیزش ہو جواب کے قابل نہیں ہوتے لیکن اس سے قطع نظر کر کے جواب دینے میں پیشقدمی کرتا ہوں تاکہ اگر ایک کو نفع نہ ہو تو شاید کسی دوسرے ہی کو فائدہ پہنچے۔

پہلا سوال یہ تھا کہ اس کا کیا سبب ہے کہ اولیائے متقدمین سے کرامات اور خوارق بہت ظاہر ہوتے تھے اور موجودہ زمانے کے بزرگوں سے بہت کم ظاہر ہوتے ہیں؟

(جواب) اگر اس سوال سے آپ کا مقصد خوارق کے کم ہونے کی وجہ سے موجودہ دور کے بزرگوں کی نفی کرنا ہے جیسا کہ عبارت سے واضح ہوتا ہے تو حق سبحانہٗ وتعالیٰ ان شیطانی (پُرفریب) آرائشوں سے اپنی پناہ میں رکھے------ خوارق کا ظاہر ہونا نہ ولایت کے ارکان میں سے ہے اور نہ (ولایت کے) شرائط میں سے، بخلاف معجزہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے، کہ وہ مقامِ نبوت کے شرائط میں سے ہے----- لیکن (شرطِ ولایت نہ ہونے کے باوجود) اولیاء اللہ سے خوارق کا ظہور بہت کچھ شائع وظاہر ہے اور اس کے خلاف کم ہی ہوا ہے (یعنی اولیاء سے ظہورِ خوارق نہ ہوا ہو)----- لیکن خوارق کا کثرت سے ظاہر ہونا ولایت کی افضلیت پر دلالت نہیں کرتا البتہ وہاں فضیلت کیلئے قربِ الٰہی کے درجات کا اعتبار ہے ممکن ہے کہ کسی ولیِ اقرب سے (جو حق تعالیٰ سے قُرب کا درجہ زیادہ رکھتا ہے) بہت کم خوارق ظاہر ہوئے ہوں اور ولیِ ابعد (جو قربِ الٰہی کا کم درجہ رکھتا ہے) بکثرت ظاہر ہوں----- وہ خوارق جو اس امت کے بعض اولیائے کرام سے ظاہر ہوئے ہیں اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے اس کا عشرعشیر (سواں ۱۰۰) حصہ بھی ظہور میں نہیں آیا، حالانکہ اولیاء میں سے سب سے افضل ولی ایک ادنیٰ صحابی کے درجہ کو نہیں پہنچتا----- خوارق کے ظہور پر نظر رکھنا کوتاہ نظری ہے اور استعداد تقلیدی کی کمی پر دلالت کرتا ہے، نبوت وولایت کے فیوض قبول کرنے کے لائق وہ لوگ ہیں جن میں تقلیدی استعداد ان کی قوتِ نظری پر غالب ہو۔

Marfat.com

حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو استعدادِ تقلیدی کی قوت کی وجہ سے حضور نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی تصدیق کرنے میں کسی دلیل کی ضرورت پیش نہیں آئی، اور ابو جہل لعین اسی استعداد کی کمی کی وجہ سے بہت سی روشن آیات اور مغلوب کر دینے والے بکثرت معجزات ظاہر ہونے کے باوجود تصدیق نبوت کی دولت حاصل نہ کر سکا (جیسا کہ) حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا ان بے دولتوں (یعنی استعدادِ تقلیدی سے محروم لوگوں) کے بارے میں ارشاد ہے: وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ط حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ (انعام ۶ آیت ۲۵) (یعنی) اور اگر یہ (کفار) ساری نشانیاں (معجزے) بھی دیکھ لیں تو بھی ان پر ایمان نہ لائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ آپ ﷺ کے پاس پہنچتے ہیں تو آپ ﷺ سے جھگڑتے ہیں اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو محض پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہیں)۔------ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اکثر متقدمین میں سے بھی ساری عمر میں پانچ یا چھ سے زیادہ خوارق نقل نہیں کئے گئے ------ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ جو کہ اس گروہ (اولیاء) کے سردار ہیں معلوم نہیں کہ ان سے دس ۱۰ خوارق بھی ظہور میں آئے ہوں ---- اور حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ اپنے کلیم (حضرت موسیٰ) علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے متعلق یوں فرماتا ہے وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍ م بَيِّنٰتٍ (بنی اسرائیل ۱۷ آیت ۱۰۱) (یعنی تحقیق ہم نے موسیٰ کو نو ۹ روشن معجزے عطا کئے) ------ اور موجودہ دور کے مشائخ کے متعلق آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ ان سے اس قسم کے خوارق ظہور میں نہیں آتے بلکہ اولیاء اللہ کو خواہ وہ متقدین میں سے ہوں یا متاخرین میں سے ہر گھڑی خوارق کا ظہور ہوتا ہے، مدعی خواہ ان کو سمجھ سکے یا نہ سمجھ سکے مصرع۔

خورشید نہ مجرم ار کسے بینا نیست (خورشید نہیں مجرم، اندھا ہے اگر کوئی)

دوسرا سوال یہ ہے کہ طالبانِ صادق کے کشف وشہود میں القائے شیطانی کو دخل ہے یا نہیں؟ اور اگر دخل ہے تو کشفِ شیطانی کو واضح کریں کہ وہ کس طرح پر ہے، اور اگر دخل نہیں ہے تو پھر کیا وجہ ہے کہ بعض الہامی امور میں خلل واقع ہو جاتا ہے؟ ------ اس کا جواب یہ ہے کہ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہی کو صحیح بات کا علم ہے) کہ کوئی شخص بھی القائے شیطانی سے محفوظ نہیں ہے، جب کہ یہ دخل اندازی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں بھی متصور بلکہ متحقق ہے تو اولیائے کرام میں بدرجۂ اولیٰ ہوگی، پھر طالب صادق کس گنتی میں ہے ------ حاصل کلام یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کو اس القائے (شیطانی) پر (حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف سے) آگاہ کر دیا جاتا ہے اور باطل کو بھی حق سے جدا کر دیا جاتا ہے (جیسا کہ) آیہ کریمہ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ (سورۃ الحج ۲۲ آیت ۵۲) (پس جو کچھ شیطان القا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو مٹا دیتا ہے پھر اپنی آیات کو محکم واٹل کر دیتا ہے) اسی مضمون پر دلالت کرتی ہے ------ اور اس معنی میں اولیاء کیلئے یہ لازم نہیں ہے کیونکہ وہ ولی نبی کے تابع ہوتے ہیں وہ جو کچھ نبی کے (قول وفعل) کے خلاف پائے گا اس کو رد کر دیگا اور باطل جانے گا ------ ہاں ایسی صورت میں جس میں نبی کی شریعت خاموش ہو اور (اس مسئلہ میں) اثبات ونفی میں سے کوئی حکم شریعت میں موجود نہ ہو تو حق وباطل کے درمیان امتیاز یقینی طور پر مشکل ہوتا ہے کیونکہ الہام کا تعلق ظن سے ہے لیکن عدم امتیاز کی صورت میں ولی کی ولایت میں کوئی نقص واقع نہیں ہوتا اس لئے کہ شریعت (کے احکام) کی بجا آوری اور نبی کی پیروی دونوں جہان میں فلاح ونجات کی ضامن ہے اور جن امور کے بارے میں شریعت نے سکوت اختیار کیا ہے وہ شریعت پر زائد ہیں اور ہم

Marfat.com

زائد امور کے مکلف نہیں ہیں۔

جاننا چاہیئے کہ غلط کشف کا واقع ہونا محض القائے شیطانی پر ہی منحصر نہیں ہے بلکہ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ قوتِ متخیلہ غیر صادقہ (غلط) احکام کی ایک صورت پیدا کر لیتے ہیں جن میں شیطان کا کچھ بھی دخل نہیں ہوتا------اسی قسم سے یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض لوگوں کو خواب میں حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ السلام کی زیارت نصیب ہوتی ہے اور وہ بعض احکام آپ سے اخذ کر لیتے ہیں جو فی الحقیقت شرعی احکام کے خلاف متحقق ہو چکے ہیں، ایسی صورت میں القائے شیطانی تصور نہیں کی جا سکتی کیونکہ علمائے کرام کا متفقہ فیصلہ ہے کہ حضرت خیر البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کی شکل میں شیطان کسی طرح بھی متشکل نہیں ہو سکتا، پس اس صورت میں سوائے قوتِ متخیلہ کے وہ غیر واقع کو واقع تصور کر لیتی ہے اور کچھ نہیں ہے۔

سوال سوم یہ تھا کہ جب کرامات کے تصرفات اور استدراج کی تاثیر دیکھنے میں ایک جیسی معلوم ہوتی ہیں تو مبتدی (راہِ حق کا سالک) کس طرح پہچانے کہ یہ شخص ولی صاحب کرامت ہے اور یہ مدعی صاحبِ استدراج؟------اس کا جواب یہ ہے وَاللهُ سُبْحَانَهٗ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب کہ متبدی طالب کو ان دونوں (تصرف واستدراج) میں فرق وامتیاز حاصل کرنے کیلئے واضح دلیل موجود ہے، اور دلیل اس کا صحیح وجدان ہے (یعنی) اگر وہ اس شخص (ولی) کی صحبت میں اپنے دل کو حق سبحانہٗ و تعالیٰ کی طرف متوجہ پائے تو جان لے کہ وہ ولی صاحبِ کرامت ہے اور اگر اس کے خلاف پائے تو جان لے کہ وہ مدعی صاحبِ استدراج ہے۔ اور اگر اس حقیقت کے پہچاننے میں پوشیدگی ہے تو یہ صورت عوام کالاَ نعام (ناسمجھ لوگوں) کی ہے نہ کہ طالبوں کی------اور عوام پر اس کی حقیقت کا پوشیدہ رہنا خواص کے نزدیک کچھ اعتبار نہیں رکھتا، کیونکہ عوام پر اس پوشیدگی کا سبب اُن کا مرض قلبی اور غشاوۂ بصری (آنکھوں کا پردہ) ہے۔ عوام سے تو ایسی بہت سی باتیں پوشیدہ ہوتی ہیں کہ جن کا جاننا اس فرق کے جاننے سے بھی زیادہ ضروری ہے (یعنی کرامت واستدراج کے فرق کو جاننے کی نسبت شرعی احکامات کا جاننا سب سے زیادہ ضروری ہے)۔

اب ہم اس مکتوب کو بعض ان معارف پر ختم کرتے ہیں جو اِن شکوک وشبہات کے ازالہ میں آپ کیلئے مفید ہوں۔

واضح ہو کہ تَخَلُّقْ بِاَخْلَاقِ اللهِ کے معنی جو روایت میں ماخوذ ومعتبر ہیں وہ یہ ہیں کہ اولیاء کو ایسی صفات حاصل ہو جائیں جو واجب تعالیٰ کی صفات سے مناسبت رکھتی ہوں، لیکن وہ مناسبت صرف اسم میں ہوگی اور عموم صفات میں مشارکت ہو سکتی ہے خواص معانی میں مناسبت نہیں ہو سکتی کہ وہ اس میں محال ہے اور اس میں حقائق کا تغیر وتبدل لازم آتا ہے۔

خواجہ محمد پارسا قدس سرہ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللهِ کے مقام کی تحقیقات کے بیان میں فرماتے ہیں کہ (حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی) ایک صفت مَلِکْ (بادشاہ) ہے اور مَلِکْ کے معنی سب پر تصرف کرنے والا کے ہیں، جب راہِ حق کا سالک اپنے نفس پر قابو پالیتا ہے اور اس نفس کو مغلوب کر کے رکھتا ہے تو اس کا تصرف لوگوں کے دلوں پر بھی جاری ہو جاتا ہے اس وقت وہ اس صفتِ (مَلِکْ) سے منسوب یعنی مناسبت رکھنے والا کہلاتا ہے------ایک صفت سَمِیْعٌ ہے اور سمیع کے معنی سننے والے کے ہیں جب راہِ حق کا سالک ہر شخص کی نیک باتیں طبیعت کی گرانی کے بغیر سُن کر قبول کر لیتا ہے اور غیبی اسرار وحقائق کو روح کے کانوں سے سُنتا ہے تو وہ اس صفت (سمیع) سے مناسبت رکھنے والا کہلاتا ہے-----اور ایک صفت بَصِیْر ہے اور بصیر کے

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی (دوسرا حصہ)

Marfat.com

معنی دیکھنے والے کے ہیں جب راہِ حق کے سالک کی بصیرت (دل کی آنکھ) روشن ہو جاتی ہے تو وہ اپنے تمام عیبوں کو نورِ فراست سے دیکھتا ہے اور دوسرے لوگوں کے حال کو کمال درجہ کا معلوم کر کے سب کو اپنے سے بہتر دیکھتا ہے اور یہ حق کا دیکھنا اس کو (حق تعالیٰ کا) منظورِ نظر بنا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ جو کچھ کرتا ہے حق سبحانہٗ تعالیٰ کا پسندیدہ کام ہوتا ہے تو اس وقت وہ اس صفت بصیر سے مناسبت رکھنے والا کہلاتا ہے------اور حق تعالیٰ کی ایک صفت مُحی ہے، مُحی کے معنی زندہ کرنے والا کے ہیں جب سالک ترک شدہ سنّت کو زندہ و قائم کرتا ہے تو وہ اس صفت محی سے مناسبت رکھنے والا کہا جائے گا------اور حق تعالیٰ کی ایک صفت مُمِیت ہے یعنی مارنے والا۔ جب سالک ان بدعات سے جو لوگوں نے سنت کو ترک کر کے اختیار کر لی ہوں تو ان کے خلاف آواز بلند کرتا اور منع کرتا ہے اور وہ اس صفت ممیت سے مناسبت رکھنے والا ہو جاتا ہے، علیٰ ہذا القیاس۔

عوام نے تخلّق کے معنی دوسرے (غلط) سمجھے ہیں اور خواہ مخواہ گمراہی کے جنگل میں جا پڑے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ولی کیلئے احیائے جسمی (مُردے کا زندہ کرنا) ضروری ہے اور اس پر اشیائے غیبی کا انکشاف ہونا چاہیئے وغیرہ ذٰلک------ حالانکہ یہ باتیں فاسد گمانوں کی مانند ہیں اور بعض گمان گناہ ہوتے ہیں (جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ (حجرات ۴۹ آیت ۱۲) (بیشک بعض گمان گناہ ہیں)------ نیز خوارق صرف کسی کو مارنے اور زندہ کرنے میں ہی منحصر نہیں ہیں، علوم (شرعیہ) اور معارفِ الہامیہ سب سے بڑی نشانی اور اعلیٰ درجہ کے خوارق ہیں، اسی لئے معجزۂ قرآنی کو باقی معجزات پر اقویٰ اور باقی رہنے والا تسلیم کیا گیا ہے، ذرا آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ یہ علوم و معارف جو موسلا دھار بارش کی طرح (اس فقیر پر) برس رہے ہیں، یہ کہاں سے آ رہے ہیں۔ پھر یہ سب علوم اس کثرت کے باوجود پورے طور پر علومِ شرعیہ کے مطابق و موافق ہیں جن میں بال برابر بھی مخالفت کی گنجائش نہیں ہے اور یہی خصوصیت ان کو علوم کے صحیح و درست ہونے کی علامت ہے۔

(آپ نے لکھا ہے کہ) ہمارے خواجہ (حضرت باقی باللہؒ) قدس سرہٗ نے تحریر فرمایا تھا کہ "تمہارے (یعنی حضرت مجددؒ) کے سب علوم درست اور شریعت کے مطابق ہیں"۔ لیکن حضرت خواجہ قدس سرہٗ کا یہ جملہ نقل کرنے سے کیا فائدہ کیونکہ حضرت خواجہ صاحب کے اقوال آپ کے لئے حجت نہیں اگرچہ آپ خود کو بھی حضرت خواجہ کے ماننے والوں میں شمار کرتے ہیں۔ زیادہ کیا عرض کروں۔

آپ کے یہ سوالات شروع میں تو بہت گراں معلوم ہوئے لیکن جب یہی سوالات بہت سے علوم و معارف کے ظہور میں آنے کا باعث بن گئے جو ان سوالات کے سلسلہ میں بیان کئے گئے ہیں تو یہ ایک اچھا اور نیک کام ہو گیا۔ بیت

زنگیٔ شب رنگ را دنداں چو دُرّ و گوہر است　　ہیچ زشتے نیست کو را خوبی ہمراہ نیست

(ایسی بُری چیز کوئی نہیں کہ جس میں کوئی نہ کوئی خوبی نہ ہو جیسا کہ رات کی طرح سیاہ رنگ والے حبشی کے دانت موتیوں کی طرح چمکتے ہیں)

عجب معاملہ ہے کہ سابقہ مکتوب میں آپ نے بڑے اخلاص کا اظہار کیا تھا اور اس کا سبب اپنے دو مسلسل واقعات کے ظہور کو قرار دے کر لکھا تھا کہ اس کا اثر بیداری میں بھی محسوس ہوتا ہے، حتیٰ کہ آپ کی اپنی پہلی حالت پر بڑی ندامت اور شرمندگی متحقق ہوتی تھی اور توبہ و انابت کی طرف رجوع کر کے ایمان کی تجدید سے مشرف ہوئے تھے۔ ابھی ایک ماہ بھی نہ گذرا

Marfat.com

تھا کہ آپ کی اس حالت میں تبدیلی واقع ہوگئی اور اُلٹے پاؤں واپس ہوکر سابقہ وضع پر منتقل ہوگئے حتیٰ کہ اس بات کے درپے ہو گئے کہ ان دو واقعات کے لئے کوئی ایسی وجہ نکالیں کہ ان القائے شیطانی سے ملا دے، للہٰذا ان کو غلط کشف کہنا شروع کر دیا۔ کہاں وہ حالت تھی اور کہاں یہ؟ بیت

بگفتا فلا نے چہ بدی کند — نہ بامن کہ بانفسِ خود می کند

(فلاں نے کہا وہ بُرا کر رہا ہے — وہ مجھ سے نہیں خود سے کیا کر رہا ہے)

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَالْتَزَمَ مُتَابَعَةَ الْمُصْطَفٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهِ الصَّلَوٰاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ (جو شخص ہدایت کی پیروی کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کو لازم جانے ان سب پر سلام ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۰۸﴾ ۱ قولہ تَعَنُّت، کسی کے گناہ وعیب اور خطا تلاش کرنا، بدکلامی کرنا قولہ تَعَصُّب، (ناجائز) حمایت کرنا، ساتھ دینا، پُشت پناہی کرنا اور اپنایت ظاہر کرنا ۱۲

۲ یعنی خدائے پاک کی پناہ شیطان کی چالوں اور فریبوں سے ۱۲

۳ اعلم أن الخادق للعادت ان صدد من النبی الصادق المصدوق فمعجزت، وان صدر من المومن المتقی العارف با اللّٰہ الفانی فیہ الباقی بہ فکرامتہ، وان صدر من المومن العاصی فمعونتہ، و ان صدر من الکافر موافقًا لغرضہ فھو استدراج، والا فھواھانتہ ۱۲ من خواشی شرح العقائد

جان لو کہ خلاف عادت کام اگر صادق و مصدوق نبی سے ظاہر ہو تو معجزہ ہے، اور اگر ایسا کام کسی متقی مومن جو اللہ کا عارف ہو اسی میں فانی اور اسی کے ساتھ فانی ہو تو کرامت ہے، اور اگر عام مومن سے ایسا کام ظاہر ہو تو مَعُونت ہے، اور اگر خلاف عادت کام کسی کافر سے اسی کے مقصد کے موافق ظاہر ہو تو وہ استدراج ہے، اور اگر اس کے موافق نہ ہو (بلکہ خلاف ہو) تو وہ اِہانت ہے۔

۴ قولہ شائع وذائع است۔ظہور خوارق (معجزات اور کرامات کے ظاہر ہونے) کی دلیل کتاب وسنت سے، صحابہ رضی اللہ عنہما اور ان کے بعد تابعین وتبع تابعین کے اقوال سے بھی تواتر کے ساتھ ثابت ہے اور ان کے درمیان قدرے مشترک ہے، اور کسی کو اس کے انکار کی مجال نہیں جیسا کہ بعض اکابر اور ان کے متبعین سے ظاہر ہوا ہے ۱۲ (از شیخ عبدالحق محدث دہلوی)

۵ یعنی وہ ظاہری امور جن پر ولایت موقوف ہے، (کرامت شرائط میں سے نہیں ہے) ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆ کتابے...... مکتوبیکہ ۱۲ ...... وہ مکتوب جو...... ☆مستعد ...... نیک بختی وسعادت جوئندہ و یاری خواہندہ ۱۲...... خوش بختی اور سعادت مندی ☆ شائبہ ...... آلودگی ۱۲ ...... آمیزش ملاوٹ ☆ تنزل...... فرود آمدن ۱۲...... نیچے آنا، اترنا ☆فوائ...... مضمون واشارت ۱۲ ...... عبارت کے مضمون اور اشاروں سے ☆ ارکان...... اجزاء ۱۲...... جز کی جمع حصے ☆ ذائع است...... ہر چند شرط نیست ۱۲ ...... کسی طرح کی شرط نہیں ہے ☆ اقرب...... نزدیک تر ۱۲...... بہت نزدیک ☆ اقل...... کمتر ۱۲...... بہت کم ☆ ابعد ...... دور تر ۱۲...... بہت دور ☆ اکثر زیادہ تر ۱۲...... بہت زیادہ ☆ عشیر...... صدم حصہ ۱۲...... سوواں حصہ

﴿صہ ۱۰۹﴾ ۱ قولہ تعالیٰ: وان یرواکل الخ یہ اشارہ ہے آیت ۲۵ سورہ انعام پارہ سات کی طرف (پوری آیت کا ترجمہ یہ ہے) اور کچھ ان میں سے ایسے ہیں جو کان لگاتے ہیں آپ کی طرف، اور ہم نے ڈال دیئے ہیں ان کے دلوں پر پردے تا کہ نا سمجھیں وہ اُسے، اور ان کے کانوں میں گرانی ہے اور اگر وہ دیکھ لیں ہر ایک نشانی بھی تو نہیں ایمان لائیں گے ان کے ساتھ، یہاں تک کہ جب حاضر ہوں آپ کے پاس جھگڑتے ہوئے آپ سے (تو) کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کہ نہیں یہ (قرآن) مگر جھوٹے قصے پہلے لوگوں کے ۱۲

۲ پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل کے آخر آیت نمبر ۱۰۱ کی طرف اشارہ ہے یعنی اور بے شک ہم نے عطا فرمائیں موسٰی (علیہ السلام) کو نو روشن نشانیاں، آپ خود پوچھ لیں بنی اسرائیل سے جب موسٰی آئے تھے ان کے پاس۔ پس فرعون نے آپ کو کہا: اے موسٰی! میں تمہارے متعلق خیال کرتا ہوں کہ تم پر جادو کر دیا گیا ہے ۱۲

۳ سورہ حج کے رکوع نمبر سات میں آیت نمبر ۵۲ کی طرف اشارہ ہے، یعنی اور نہیں بھیجا ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول اور نہ کوئی نبی مگر اسکے ساتھ یہ ہوا کہ جب اس نے کچھ پڑھا تو ڈال دیئے شیطان نے اس کے پڑھنے میں (شکوک) پس مٹا دیتا ہے اللہ تعالیٰ جو خلل اندازی شیطان کرتا ہے، پھر پختہ کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی آیتوں کو، اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

سب کچھ جاننے والا بہت دانا ہے ۱۲

ے قولہ القاء، الف کی زیر ہے، یعنی پہنچانا اور ڈالنا ۱۲

ے قولہ درامور ملہمہ الخ یعنی امور الہامیہ میں کچھ غلطیاں واقع ہونے کا سبب کیا ہے ۱۲

☆ **شایان**...... سزاوار ۱۲...... لائق حسب حال ☆ **نگشت** ...... دلیل ۱۲ ...... دلیل ، حجت ☆ **باہرہ** ...... روشن ۱۲...... روشن، واضح ☆ **قاہرہ** ...... غالبہ ۱۲...... زبردست۔ غالب آنے والے ☆ **طائفہ** ...... صوفیہ ۱۲...... صوفیہ کی جماعت ☆ **کلیم** ...... موسیٰ ۱۲ ...... موسیٰ علیہ السلام ☆ **اِلقاء** ...... بالکسر رسانیدن وافگندن ۱۲ ...... الف کی زیر سے، پہنچانا اور ڈالنا ☆ **مُلْہَمہ** ...... الہام کردہ شدہ ۱۲ ...... الہام کئے گئے امور ☆ **متنبہ** ...... آگاہ ۱۲...... آگاہ وہوشیار کردن ۱۲...... خبردار اور ہوشیار کرنا ☆ **تنبیہ** ...... او ☆ **او** ...... ولی ۱۲...... وہ ولی

﴿صہ ۱۱۰﴾ ے قولہ الہام، یعنی کسی معنے کا القا کرنا فیض کے طریقہ پر ۱۲ شرح عقائد

ے قولہ ظنی، یعنی الہام مفید ظن ہے، عام لوگوں کے حق میں یقین کا فائدہ نہیں دیتا اور غیر پر حجت کی صلاحیت نہیں رکھتا ۱۲

ا قولہ متخیلہ الخ و مما یجب ان یعلم ان من قوی الا دراک ما یسمی متخیلۃ مفکرۃ ، ومن شانہا ترکیب الصور والمعانی والتصرف فیہا واختراع اشیاء لا حقیقۃ لہا ۱۲ مختصر معانی (ترجمہ اور وہ چیز جس کا جاننا ضروری ہے یہ ہے کہ ادراک کی قوتوں میں سے ایک کا متخیلہ اور مفکرہ نام رکھتے ہیں یہ ایک دماغی قوت ہے جو صورتوں اور معانی میں تصرف کر کے ان کو ترکیب دیتی رہتی ہے اور ان کی تفصیل کرتی رہتی ہے، اور کئی چیزیں اختراع کرتی ہے جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی) ۱۲

ی قولہ عدم تمثل الخ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جو اس بارے میں بخاری اور مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے لائے ہیں ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال :مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ ،فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ (بے شک رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا تحقیق مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا) یعنی اور نہ ہی میری شکل خود کو ظاہر کرسکتا ہے، شیطان کو یہ طاقت حاصل نہیں ہے کہ کسی کے خواب میں آئے اور اس کے خیال میں یہ بات ڈالے کہ میں آں حضرت ہوں اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ جھوٹ باندھے ۱۲

سے قولہ نختمہ الخ یعنی اب ہم اس مکتوب کو بعض ان معارف پر ختم کرتے ہیں جو ان شکوک وشبہات کے ازالہ میں آپ کے لئے مفید ہوں ۱۲

☆ **قطعیت** ...... تیقن ۱۲...... کامل یقین ☆ **متکفل** ...... ضامن ۱۲...... ذمہ دار، ضمانت دینے والا ☆ **دارین** ...... دنیا وآخرت ۱۲ ...... دونوں جہان، دنیا وآخرت ☆ **بعضی** ...... اشخاص ۱۲...... کچھ لوگ ☆ **منامات** ...... خوابہا ۱۲...... خوابیں ☆ **اخذمی کنند** ...... از آنحضرت ۱۲...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ☆ **الا** ...... مگر ۱۲...... مگر، سوائے ☆ **خفائی** ...... پوشیدگی ۱۲...... پوشیدہ ہونا ☆ **حیز** ...... مرتبہ ومکان ۱۲...... رتبہ اور مکان ☆ **منشائی** ...... سبب ۱۲...... سبب، باعث ، وجہ ☆ **آن** ...... خفا ۱۲ ...... پوشیدہ ہونا، خفیہ رہنا ☆ **غشاوہ** ...... پردہ چشم ۱۲...... آنکھ کا پردہ ☆ **تفرقہ** ...... میاں صاحب کرامت واستدراج ۱۲...... کرامت والے اور استدراج والے ☆ **تخلق اخلاق اللہ** ...... خوگر شدن باخوہائے حق ۱۲...... اللہ تعالیٰ کی عادات کا خوگر ہونا

﴿صہ ۱۱۱﴾ ا قولہ قلب حقائق، یعنی حقیقت واجبہ کا حقیقت امکانیہ سے تبدیل ہونا کیونکہ حق تعالیٰ کی صفات ذات کے لحاظ سے قدیم اور واجب ہیں، اور ممکن اپنی ذات اور صفات میں ممکن ہے ۱۲

ی خواجہ محمد پارسا قدس سرہ، ان کا نام محمد بن محمد بن محمود الحافظ البخاری ہے قدس اللہ روحہ آپ بھی حضرت خواجہ بزرگ خواجہ نقشبند قدس سرہ کے بڑے خلفاء میں سے تھے اور پارسا کا لقب خود خواجہ نقشبند نے ان کو دیا ہے اور اپنے مُریدین کے سامنے خطاب کر کے یوں فرمایا کہ وہ حق اور امانت کہ خواجگان کے خاندان کے خلفا سے اس ضعیف کو پہنچا ہے اور جو کچھ میں نے اس راہ میں حاصل کیا ہے، وہ امانت تم کو سپرد کرتا ہوں اس کو قبول کرنا چاہیے اور اس امانت کو خدا کی مخلوق تک پہنچانا چاہئے، اور نیز فرمایا کہ جو کچھ وہ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ وہی کر دیتا ہے اس صحیح حدیث کے مطابق (لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَ بَرَّہٗ 'اگر وہ اللہ پر قسم اٹھالے تو وہ اس کو پورا کر دیتا ہے) آپ کی وفات مدینہ منورہ میں ۸۲۲ ہجری بروز بدھ ہوئی اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ کی قبر کے پاس دفن کیا گیا ۱۲ از نفحات ورشحات وخزینۃ الاصفیاء

سے قولہ از ہر کس کہ باشد الخ جیسا کہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : کَلِمَۃُ الْحِکْمَۃِ ضَالَّۃُ الْحَکِیْمِ فَحَیْثُ وَجَدَھَا فَھُوَ اَحَقُّ بِھَا ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم وحکمت پر مبنی کلام دانا آدمی کی گم شدہ چیز کی طرح ہے پس جہاں پائے اور جس شخص کے پاس وہ کلام پائے تو دانا اور حکیم اس کا زیادہ حق دار ہے اس بات کا جیسا کہ کسی کی کوئی گمی ہوئی چیز جس کے ہاتھ میں ہو وہ اسے پکڑ لیتا ہے، ایسے ہی عقلمند آدمی جہاں سے بھی دین کی بات سنتا ہے تو قبول کر لیتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے، اور یہ نہیں دیکھتا کہ یہ بات کوئی فقیر حقیر کہتا ہے بیت

Marfat.com

مرد باید کہ گیرد اندر گوش ور نوشت است پند بر دیوار

ترجمہ: انسان کونصیحت حاصل کرنے والا ہونا چاہئے، خواہ نصیحت دیوار پر لکھی ہو۱۲

۴ قولہ احیائے سنت الخ عن ابی ھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِيْ ، فَلَهٗ أَجْرُ مِائَةِ شَهِيْدٍ رواہ البیھقی (مشکوۃ، باب الاعتصام) یعنی جو آدمی مضبوطی سے پکڑے اور عمل کرے میری سنت پر، میری امت کے بگڑنے (ترکِ سنت) کے وقت اس کے لئے سو شہید کا ثواب ہے۔ وعن بلال بن الحارث قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احیی سنۃ من سنتی قد امیتت بعدی فان لہ من الاجر مثل اجور من عمل بھا من غیر ان ینقص من اجورھم شیئا الخ (مشکات، باب الاعتصام)۔ یعنی جو شخص زندہ کرے میری سنتوں میں سے کسی سنت کو جو چھوڑ دی گئی ہوگی، اس کے لئے ثواب ہے مانند ان لوگوں کے جنہوں نے اس پر عمل کیا بغیر اس کے کہ کم کیا جائے ان کے ثواب سے کچھ بھی۔ (الحدیث)

۵ یعنی اہل بدعت اور گمرہ لوگ دین میں نئی نئی بدعتیں ایجاد کرتے ہیں جیسے رافضی (شیعہ) خارجی، جبریہ، قدریہ اور مُجَسِّمہ وغیرہ دین میں نئی باتیں پیدا کرتے ہیں۔
بخاری اور مسلم نے عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روائت کیا ہے کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ھمارے اس روشن وظاہر دین میں کوئی نئی چیز نکالے جو اس میں سے نہیں ہے یعنی ایسی چیز جو مخالف ہو اور اس کو بدلنے والی ہو پس وہ چیز اس آدمی کے ساتھ باطل ومردود ہے۱۲

۶ قولہ تیہ تا کی زیر سے، اس کے معنی بیابان، جنگل، لاف مارنا، تکبر کرنا، گمراہ وحیران ہونا اس جگہ مراد بیابان ہے۱۲

۷ یعنی یہ مذکور جیسا کہ تم دیکھتے ہو فاسد گمانوں کی مانند ہیں۱۲

۸ قولہ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ'' اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ حجرات آیت ۱۲ پارہ حٰم میں ہے یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ'' الخ
اے مسلمانو: زیادہ بدگمانی سے پرہیز کرو، یقیناً بعض بدگمانی گناہ ہوتی ہے اور تمہارے بعض بعض کی جاسوسی اور غیبت نہ کریں الخ

۹ قولہ اَبرِ نیسان اس بارش کا نام جس کے قطروں سے صدف میں مروارید پیدا ہوتا ہے۱۲

ـ قولہ برمُوجبِ پسندیدہ حق الخ یعنی اللہ سبحانہ کی رضا کے تقاضا کے مطابق کرے۱۲

ـ یعنی بہت بڑی نشانیوں اور بلند ترین کرامتوں میں سے ہے۱۲

....

☆ آن ...... مشارکت دردخواص معانی ۱۲...... خاص معنوں میں مشارکت ☆ تخلقو باخلاق اللّٰہ...... خوگر شوید باخوہائے حق ۱۲...... اللہ تعالیٰ کی عادات کے خوگر ہو جاؤ ☆ مَلِک ...... بادشاہ ۱۲...... بادشاہ، تصرف واختیار والا ☆ چون ...... شرط ۱۲...... یہ عبارت شرط ہے ☆ رونده ...... سالک راہ حق جل وعلا ۱۲...... حق تعالیٰ کی راہ پر چلنے والا ☆ مقھور...... مغلوب ۱۲...... محتاج زیرِ اثر ☆ دلہا...... خلق ۱۲...... مخلوق ☆ نفاذ...... جریان ۱۲ ...... جاری ہونا ☆ بدین...... جزاء ۱۲...... یہ عبارت جزا ہے ☆ راہ...... حق سبحانہ ۱۲...... اللہ تعالیٰ کاراستہ ☆ باحیائی ...... زندہ کردن ۱۲ ...... زندہ کرنا ☆ القیاس...... انتہی ۱۲...... پہلا بیان ختم ہوا ☆ تخلق ...... باخلاق اللہ ۱۲ ...... اللہ کے اخلاق کے ساتھ ☆ درتیہ ...... بیابان ۱۲...... جنگل ☆ ضلالت...... گمراہی ۱۲...... گمراہی ☆ احیا...... زندہ کردن ۱۲ ...... زندہ کرنا ☆ امانت ...... میراندن ۱۲...... مارنا ☆ سائر...... باقی ۱۲...... باقی، تمام ☆ اقوی...... زورمندتر ۱۲...... بہت زور آور ☆ ابقی ...... باقی تر ودائم تر ۱۲ ...... ہمیشہ باقی رہنے والا ☆ رنگ...... مانند ۱۲...... مثل ☆ میر...... برین نظیر ۱۲...... اس فقیر (حضرت مجدد) پر برس رہے ہیں

....

﴿صہ ۱۱۲﴾ ـ سیاہ فام رات کی طرح۱۲

ا قولہ واقعہ، واقعہ صوفیہ کی اصطلاح میں وہ چیز ہے جو دل پر وارد ہو جس طریقے سے بھی ہو خواہ دل کی قوت کے ساتھ، خواہ اس کے بغیر، خواہ بیداری میں خواہ نیند میں، لیکن حواس کا معطل ہونا ضروری ہے خاص واقعہ کے لئے۱۲ ازحواشی مثنوی شریف۱۲

ـ قولہ قہقری، الٹے پاؤں چلنا، جیسے کہ منہ مغرب کی طرف ہو اور مشرق کی طرف چلے۱۲

....

☆ خواجہ...... محمد الباقی قدس سرہٗ ۱۲...... مراد حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ ☆ شماہمہ...... امام ربانی ۱۲...... مراد امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ ☆ فائدہ کہ...... ازین نقل شمارا ۱۲...... تمہاری اس نقل کا کیا فائدہ ☆ حضرت خواجہ...... محمد الباقی قدس سرہٗ...... حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ ☆ شما...... محمد صادق مکتوب الیہ ۱۲ ...... مراد محمد صادق کشمیری جن کی طرف خط لکھا گیا ☆ پرست...... یعنی منقاد ومطیع شیخ ۱۲ ...... یعنی خود کو شیخ کے مطیع و فرمانبردار شمار کرتے ہو ☆ نامید ...... نام اید ۱۲ ...... ☆ اسولۂ...... سوال مذکورہ ۱۲...... ذکر کیئے گئے

Marfat.com

تین سوالات☆چون......شرط ١٢...... یہ عبارت شرط ہے☆بتقریب...... بہ تبعیت ١٢......موقع اور مناسبت سے☆گفت......تقریر ١٢......مراد تحریر☆نیک......جزا ١٢...... یہ جزا ہے☆کورا......کہ اورا ١٢......کیونکہ اس کو☆نمودہ......مقرر کردہ ١٢......قائم کیا ہوا☆ افاقت......ہوش ١٢......ہوش وآگاہی☆ندامت......پشیمانی ١٢......شرمندگی☆انابت......رجوع آور دن ١٢......رجوع کرنا، توجہ بدلنا☆بتجدید......نوی کردن ١٢......نئے سرے سے کوئی کام کرنا☆صَدَد......درپے ١٢......پیچھے پڑنا

ایک سو آٹھواں مکتوب (١٠٨)

میاں سید احمد بجواڑی کی طرف صادر فرمایا...........اس بیان میں کہ ''نبوت ولایت سے افضل ہے'' بخلاف اُن لوگوں کے جو کہتے ہیں کہ ''ولایت نبوت سے افضل ہے''۔

ثَبَّتَنَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَاِیَّاکُمْ وَجَمِیْعَ الْمُسْلِمِیْنَ عَلٰی مُتَابَعَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَعَلَیْھِمْ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَفْضَلُھَا وَمِنَ التَّسْلِیْمَاتِ اَکْمَلُھَا (اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہم کو اور آپ کو اور تمام مسلمانوں کو حضور انور ﷺ کی تابعداری پر ثابت قدم رکھے)۔

بعض مشائخ نے سکر کی حالت میں کہا ہے کہ ''ولایت نبوت سے افضل ہے''۔ اور بعض دوسرے مشائخ نے اس ولایت سے نبی کی ولایت مراد لی ہے تاکہ نبی پر ولی کے افضل ہونے کا وہم دُور ہو جائے لیکن حقیقت میں معاملہ اس کے برعکس ہے کیونکہ نبی کی نبوت اس کی ولایت سے افضل ہوتی ہے۔ (مقام) ولایت میں (ولی) سینہ کی تنگی کی وجہ سے مخلوق کی طرف توجہ نہیں کرسکتا (لیکن مقام) نبوت میں کمال درجہ شرح صدر ہونے کی وجہ سے نہ تو حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا مخلوق کی طرف توجہ ہونے کا مانع ہوتا ہے اور نہ ہی مخلوق کی طرف متوجہ ہونا حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے کا مانع ہے نبوت میں صرف مخلوق ہی کی طرف توجہ نہیں ہوتی کہ جس کی وجہ سے ولایت کو کہ جس کی توجہ صرف حق پر ہوتی ہے نبوت پر ترجیح دیں۔ عِیَاذًا بِاللّٰہِ سُبْحَانَہٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ)۔ صرف مخلوق کی طرف توجہ کا ہونا عوام کالانعام (ناسمجھ لوگو) کا درجہ ہے، نبوت کی شان اس کے بلند وبرتر ہے، اس حقیقت کا سمجھنا ارباب سُکر کے لئے دشوار ہے لیکن اکابر مستقیم الاحوال اس معرفت میں ممتاز ہیں۔ ع

ھَنِیْئًا لِاَرْبَابِ النَّعِیْمِ نَعِیْمُھَا (مبارک نعمتیں جنت کی ہوں اربابِ نعمت کو)

باقی مقصد یہ ہے کہ میاں شاہ عبداللہ ولد میاں شیخ عبدالرحیم اس فقیر کے رشتہ دار ہیں۔ ان کے والد بزرگوار ایک عرصہ تک بہادر خاں کے ملازم رہے اب حاجتمند ہیں اور بینائی سے معذور ہیں، انہوں نے اپنے صاحبزادے کو بہادر خاں کے پاس نوکری کیلئے بھیجا ہے اس بارے میں آپ بھی کچھ اشارہ فرمادیں تو فائدہ مند ہوگا۔ والسلام

حاشیہ متن

﴿صہ ١١٢﴾ ع اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو اور تمام مسلمانوں کو سیدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع پر ثابت وقائم رکھے آپ پر اور آپ کی آل پر اور تمام نبیوں پر اللہ تعالیٰ کے درود اور اعلیٰ رحمتیں اور کامل ترسلام نازل ہوں ١٢

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ١١٢﴾ ☆رفع......زائل ١٢......دور ہو جائے، اُٹھ جائے

حصہ دوم دفتر اول مکتوبات امام ربانی (مجدد الف ثانی) دوسرا حصہ

Marfat.com

﴿صہ ١١٣﴾ ے قولہ فہم این معنی الخ یعنی نبی بحیثیت نبی دونوں جہتوں کا جامع ہوتا ہے ولی کے مقابلہ میں، ولی بحیثیت ولی جواپنا رخ صرف اللہ تعالیٰ کی طرف رکھتا ہے ١٢

ا خوشگوار اور مبارک ہوں اس (جنت) کی نعمتیں طالبانِ نعمت کو ١٢

٢ قولہ فقر اقوت قرابت الخ۔ یعنی ہمارے اور ہمارے خاندان کے ساتھ، اور بعض نسخوں میں "باین فقیر" کے الفاظ واقع ہیں اور ان کا مطلب ظاہر ہے ١٢

ا قولہ وَجاہمتند، واو پر زبر ہے، عزت وجاہ والد، وَجاہت (واو کے زبر سے) خوبصورتی چہرہ کا روشن ہونا اور عزت کے معنی میں بھی آتا ہے ١٢

☆ افضل...... پس از ولایت ولی بطریق اولی افضل باشد ١٢...... پس ولی کی ولایت سے (نبوت) بدرجہ اولی افضل ہوگی ☆ آورد...... چہ توجہ دلی بخلق مانع توجہ بحق است ١٢...... کیونکہ مخلوق کی طرف دل کی توجہ، اللہ کی طرف توجہ کے لئے رکاوٹ ہے۔ ☆ کالانعام...... چہار پایگان ١٢...... چار پائیوں کی طرح ہے ☆ اکابر...... اہل صحو ١٢...... اہل خبر، اہل ہوش ☆ عذرِ بصارت...... یعنی نابینا اند ١٢...... یعنی اندھے ہیں ☆ دارند...... شاہ عبداللہ ١٢...... مراد عبداللہ شاہ ہیں ☆ ایشان...... یعنی سید احمد مکتوب الیہ ١٢...... یعنی سید احمد جن کو خط لکھا گیا ہے ☆ اشارتے...... بہ بہادر خان ١٢ ...... بہادر خان کی طرف اشارہ ہے

ایک سونواں مکتوب ﴿١٠٩﴾

حکیم صدر کی طرف صادر فرمایا...... قلب کی سلامتی اور ماسوائے حق کے نسیان کے بارے میں۔

اہلِ اللہ (اولیاء) امراضِ قلبیہ کے اطبا ہیں، اور امراضِ باطنیہ کا ازالہ ان بزرگوں کی توجہ سے وابستہ ہے، ان کا کلام دوا ہے اور ان کی نظر شفا ہے (ان کے متعلق حدیث شریف میں ہے) هُمْ قَوْمٌ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ (یعنی یہ ایسے لوگ ہیں کہ جن کے پاس بیٹھنے والے بدبخت نہیں ہوتے) وَهُمْ جُلَسَاءُ اللّٰهِ (یعنی یہی لوگ اللہ تعالیٰ کے ہمنشین ہیں) (نیز فرمایا) بِهِمْ يُمْطَرُوْنَ وَبِهِمْ يُرْزَقُوْنَ (یعنی انہی لوگوں کی برکت سے بارش ہوتی ہے اور انہی کے طفیل (مخلوق کو رزق دیا جاتا ہے)۔

باطنی امراض کی جڑ اور معنوی علتوں (اندرونی بیماریوں) کا سردار (سب سے بڑی بیماری) دل کا غیر حق تعالیٰ کے ساتھ گرفتاری (پھنسا رہنا) ہے، جب تک اس گرفتاری سے مکمل طور پر آزادی حاصل نہ ہو جائے سلامتی (ایمان) محال ہے کیونکہ شرکت کو حضرت جل سلطانہٗ کی بارگاہِ عالی میں ہرگز دخل نہیں ہے۔ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (سورۂ زمر ٣٩ آیت ٣، آگاہ رہو کہ خالص دین اللہ ہی کے لئے ہے)......... پس کیا حال ہوگا (اس شخص کا) جو شریک کو (حق تعالیٰ کی محبت پر) غالب کرلے کہ نہایت بے حیائی کی بات ہے کہ غیر اللہ کی محبت کو حق تعالیٰ کی محبت پر اس طرح غالب کرلیا جائے کہ حق تعالیٰ کی محبت اس کے مقابلے میں معدوم یا مغلوب ہو جائے۔ اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِيْمَانِ (حیا ایمان کی ایک فرع (شاخ) ہے)۔ میں شاید اسی حیا کی طرف اشارہ ہے۔

اور قلب کے گرفتار نہ ہونے کی علامت یہ ہے کہ (دل) ماسوا کو کلی طور پر بھول جائے اور تمام اشیاء کو اس طرح فراموش کردے کہ اگر تکلف سے بھی اشیاء کو یاد کرنا چاہے تو اس کو یاد نہ آئیں۔ پس اشیاء کے ساتھ گرفتاری کی اس مقام میں کیا گنجائش ہے............ اسی حالت کو اہل اللہ فنا سے تعبیر کرتے ہیں، اور یہ فنا اس راہ میں قدمِ اول ہے اور یہ مقام انوارِ قدم کے ظہور کا مبدأ ہے اور معارف وحِکم کے ورود کا منشا ہے وَبِدُوْنِهَا خَرْطُ الْقَتَادِ (اس کے علاوہ بے فائدہ رنج اٹھاتا ہے) بیت

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ اردو دوسرا حصہ

Marfat.com

ہیچ کس راتا نگر دداو فنا　　　نیست رہ دربار گاہِ کبریا

(جسکو حاصل ہی نہیں راہِ فنا　　　کس طرح پائے وہ راہِ کبریا؟)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۳﴾ ۳ قولہ ھم قوم الخ یعنی اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ یہ لوگ ایسے ہمنشین ہیں کہ ان کے پاس بیٹھنے والا بد بخت نہیں ہوتا

بیت　　ہم نشینِ اولیا چون کیمیا است　　　کیمیائے خود بایں کجا است

ترجمہ: اولیاء کی ہم نشینی کیمیا کی مثل ہے، خود کیمیا میں یہ خوبی کب ہے۔

مذکور حدیث کو بخاری اور مسلم نے طویل حدیث میں روایت کیا ہے ۱۲

۴ قولہ ھم جلساء اللہ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے ماخوذ ہے اللہ عزوجل کی طرف سے بیان کرتے ہوئے وأنا معه اذا ذكرني ، رواه البخاری والمسلم ۱۲

(ترجمہ: اور میں اس کے پاس ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے، اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے)

۵ قولہ بهم يُمطَرُون و بهم يرزقون ، ما خوذ من قوله صلى الله عليه وسلم : هل تنصرون وترزقون الا بضعفاء كم ، رواه البخاری وأيضاً من قوله صلى الله عليه وسلم يسقى بهم الغيث و ينتصرون بهم على الاعداء، رواه ۱۲ من مشکوٰت

ترجمہ یہ الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَ تُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَاءِ كُمْ سے ماخوذ ہیں، اس کو بخاری نے روایت کیا ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول يُسْقیٰ بِهِمُ الْغَيْثُ وَ يُنْتَصَرُوْنَ بِهِمْ عَلَى الْاَعْدَاء سے بھی ماخوذ ہو سکتے ہیں۔ اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

۶ قولہ ألا الله الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو سورہ زُمر کے شروع میں واقع ہے یعنی آگاہ رہو کہ خالص دین اللہ کے لئے ہی ہے یعنی اس کے نزدیک خالص عبادت مقبول ہے جو بغیر شرک کے ہو ۱۲

۷ یعنی ممنوعہ کاموں کے ارتکاب سے شرم کرنا ایمان کے شعبوں میں عظیم شعبہ اور دین کے کاموں میں نہایت عمدہ کام ہے۔ مذکورہ حدیث کو بخاری اور مسلم نے روایت کیا ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆ مادون......غیر ۱۲......غیر، علاوہ ☆ علل......جمع علت بالکسر بیماری ۱۲......عین کی زیر سے عِلت (بیماری) کی جمع ہے ☆ بمادون...... غیر ۱۲ ...... غیر کے ساتھ ☆ بار......نیست ۱۲......تصرف واختیار اور گنجائش ☆ نہایت......خبر ۱۲......یہ عبارت خبر ہے ☆ محبت......مبتداء ۱۲......یہ عبارت مبتدا ہے ☆ ذُہول...... بضمتین غفلت وفراموشی ۱۲......ذال اور ھا پر پیش ہے مراد غفلت کرنا اور فراموش کرنا ہے

﴿صہ ۱۱۴﴾ ۱ قولہ بدونھا الخ یعنی اس حالت کے حاصل کرنے کے بغیر انوار قدیم اور معارف حکمتوں کا امیدوار ہونا، خاردار درخت کی ٹہنی پر ہاتھ مارنے کی طرح ہے، یعنی فائدہ اور بے سود رنج برداشت کرنا اور محنت وکوشش کرنا ہے ۱۲

۲ بیت　　ہیچ کس راتا نہ گرد داو فنا　　　نیست رَہ دربار گاہِ کبریا

ترجمہ: جس کسی کو مقامِ فنا حاصل نہیں ہے وہ کس طرح بارگاہِ کبریا کا راستہ پائے گا ۱۲

﴿ایک سودسواں مکتوب ۱۱۰﴾

شیخ صدر الدین کی طرف صادر فرمایا......اس بیان میں کہ انسان کی پیدائش سے مقصود طاعت وعبادت کے وظائف کی ادائیگی اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی جناب میں پورے طور پر توجہ رکھنا ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ ارباب کمال کی تمناؤں کے اعلیٰ مرتبہ تک عروج عطا فرمائے......انسان کی پیدائش سے مقصود طاعت اور عبادت کے وظائف کی ادائیگی اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف کامل طور پر دائمی توجہ رکھنا ہے اور یہ بات سید الاولین و الآخرین علیہ من الصلوات اتمہا ومن التحیات ایمنہا کی ظاہری و باطنی کامل تابعداری کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی،

Marfat.com

رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمْ اِتِّبَاعَهٗ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَوْلًا وَّفِعْلًا ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا عَمَلًا وَاعْتِقَادًا اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ (یعنی حق تعالیٰ ہم کو اور آپ کو آنحضرت ﷺ کے قول وفعل، ظاہر و باطن اور عمل واعتقاد میں کامل پیروی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین)۔

بعداز خدائے ہر چہ پر ستند ہیچ نیست ‏ ‏ ‏ بے دولت است آنکہ ہیچ اختیار کرد

(بجز حق کے وہ جس کو پوجتے ہیں ہیچ و باطل ہے ‏ ‏ ‏ جو باطل کی کرے پوجا بڑا بدبخت و جاہل ہے)

حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے علاوہ (آدمی کا) جو کچھ بھی مقصود ہے وہی اس کا معبود ہے، غیرِ حق کی عبات سے اس وقت نجات حاصل ہوتی ہے جب حق جل وعلا کے سوا کوئی چیز بھی مقصود نہ رہے۔ خواہ وہ مقاصد آخرت (کی نجات) اور بہشت کی لذتیں اور نعمتیں ہی کیوں نہ ہوں، اگرچہ یہ مقاصد حسنات میں سے ہیں لیکن مقربین کے نزدیک سیئات میں داخل ہیں........... جب آخرت کے امور کے مقاصد کی نوعیت کا یہ حال ہے تو امورِ دنیاوی کو مقاصد قرار دینے کی نسبت کیا کہا جاسکتا ہے کیونکہ دنیا حق تعالیٰ کی مغضوبہ (سخت ناپسندیدہ) ہے، اور (حق تعالیٰ نے) جب سے دنیا کو پیدا کیا ہے اس کی طرف ہرگز نہیں دیکھا۔ اس کی محبت گناہوں کی جڑ بنیاد ہے اور اس کا طالب (چاہنے والا) لعنت و پھٹکار کا مستحق ہے۔

اَلدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ وَّمَلْعُوْنٌ مَافِيْهَا اِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ تَعَالٰى (ترمذی وابن ماجہ) (یعنی دنیا ملعون ہے اور اللہ کے ذکر کے علاوہ اور جو کچھ بھی ہے وہ بھی ملعون ہے)........... نَجَّانَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ عَنْ شَرِّ مَافِيْهَا بِحُرْمَةِ حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَاٰلِهِ الْكِرَامُ (اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے حبیب پاک سیدالاولین والآخرین علیہ الصلوٰۃ والسلام وآلہ الکرام کے طفیل دنیا کے شر اور اس کے اندر جو کچھ ہے ان سب کے شر سے نجات فرمائے۔ (آمین)

﴿حاشیہ متن﴾

ـــ مالکِ حقیقی حق جل وعلا کی طرف سے مقرر کردہ عبادات ۱۲

۳ قولہ رزقنا اللّٰہ الخ یعنی اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول وفعل، ظاہر و باطن اور عمل واعتقاد میں کامل پیروی کی توفیق عطا فرمائے، آمین یارب العالمین ۱۲

۴ قولہ بدین منوال الخ منوال میم کے زیر سے، یعنی وہ لکڑی کہ جس پر کپڑا بننے کے وقت کپڑے کو لپیٹتے ہیں، الف کو حذف کر کے بھی استعمال ہوتا ہے، عرب کہتے ہیں : هُمْ عَلٰى مِنْوَالٍ وَّاحِدٍ یعنی ان کے اخلاق برابر ہیں، مجازاً طور اور دستور کے معنی میں استعمال کرتے ہیں ۱۲

۵ قال صلی اللہ علیہ وسلم: حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَتِهٖ، رواہ البیھقی عن الحسن مرسلاً ۱۲ مشکوۃ، کتاب الرقاق

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے، اس کو امام بیہقی نے حسن بصری سے مُرسلاً روایت کیا ہے ۱۲

۶ قال صلی اللہ علیہ وسلم: لُعِنَ عَبْدُالدِّيْنَارِ، وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ رواہ الترمذی ۱۲ مشکوۃ، کتاب الرقاق

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے چاندی (یعنی مال ودولت) کے متوالے پر لعنت کی گئی ہے، اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے ۱۲

ـــ اس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اور اس کے آخر میں ہے وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمًا وَّمُتَعَلِّمًا ۱۲ (الترغیب ۱/۹۸)

۷ قولہ نجانا اللہ الخ یعنی اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے حبیب پاک سیدالاولین و الآخرین علیہ الصلاۃ والسلام و آلہ الکرام کے طفیل دنیا کے شروں اور اس کے اندر جو کچھ ہے ان سب کے شر سے نجات عطا فرمائے ۱۲ (آمین)

☆متن...... بین السطور...... معانی

﴿صہ ۱۱۴﴾ ☆بمنتہائے...... بنہایت ۱۲...... انتہا تک ☆متمنّائے...... آرزو ۱۲...... خواہش، تمنا ☆ارباب...... اہل ۱۲...... اہلِ کمال

☆اقبال...... توجہ ۱۲...... پوری توجہ، کامل توجہ

پہلا دفتر (مکتوبات امام ربانی) دوسرا حصہ

Marfat.com

﴿ایک سو گیارھواں مکتوب ۱۱۱﴾

شیخ حمید سنبھلی کی طرف صادر فرمایا.......... اس بیان میں کہ توحید سے مراد قلب کو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے علاوہ (تمام چیزوں سے رہائی حاصل کر کے حق تعالیٰ کیلئے) خالص کرنا ہے اور اس کے مناسب بیان میں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی (سب تعریف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو)..........توحید سے مراد یہ ہے کہ قلب کو ماسوائے حق کی توجہ سے خلاصی حاصل ہو جائے، جب تک دل ماسوائے (غیر حق) کی گرفتاری میں پھنسا ہوا ہے اگرچہ بہت ہی تھوڑا ہو، توحید والوں میں سے نہیں ہے، (توحید کی) اس دولت کے حاصل ہوئے بغیر (اللہ تعالیٰ کو) ایک کہنا، ایک جاننا اربابِ حصول کے نزدیک فضول ہے۔ ہاں ایک کہنا اور ایک جاننا ایمان کی تصدیق کیلئے ضروری ہے اور اس سے چارہ نہیں لیکن وہ دوسرے معنی میں ہے۔ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ (یعنی نہیں کوئی معبود مگر اللہ تعالیٰ) اور لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی موجود نہیں) کے درمیان فرق بالکل واضح ہے..........ایمان کی تصدیق علمی ہے اور ادراک وجدانی حال پر منحصر ہے، اس حال (یعنی وجدانی کیفیت) کے حاصل ہونے سے پہلے اس کے بارے میں گفتگو کرنا ممنوع ہے۔

مشائخ کی ایک جماعت نے جو اس بارے میں گفتگو کی ہے وہ دو حال سے خالی نہیں ہے.......... (۱) یا تو وہ غلبۂ حال سے مغلوب ہونے کی وجہ سے معذور ہو گئے ہیں.......... (۲) یا احوال کے لکھنے اور ظاہر کرنے سے ان کا مقصود یہ ہوگا کہ دوسروں کیلئے کسوٹی اور ان کے احوال کی استقامت کا باعث بن جائیں اور تاکہ دوسرے حضرات اپنے حالات کی کجی کو ان کے احوال کے ترازو میں تول سکیں..........ان دو حالتوں کے علاوہ اسرار کا ظاہر کرنا ممنوع ہے۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ اربابِ کمال کا تھوڑا سا حصہ ہی ہم بے نصیب لوگوں کو عطا فرما کر بلند مرتبہ روشن سنتِ مصطفویہ علی مصدرہا الصلوٰۃ والسلام والتحیہ کی متابعت نصیب فرمائے بِحُرْمَۃِ النَّبِیِّ وَاٰلِہِ الْاَمْجَادِ عَلَیْہِ وَعَلَیْہِمُ الصَّلَوَاتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ

ایک تکلیف دی جاتی ہے کہ حامل رقیمۂ دعا شیخ عبدالفتاح ذی عزت اور شریف لوگوں میں سے ہیں حافظ ہیں، آدمی زادہ، کثیر العیال اور بہت سی لڑکیوں کے باپ ہیں۔ اسبابِ معیشت نہ ہونے کی وجہ سے مجبور ہو گیا کہ کسی کریم وسخی حضرات کے آستانے پر حاضر ہوں۔ امید ہے کہ اپنے مقصود میں کامیاب ہوں گے۔ زیادہ کیا عرض کروں۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۱۵﴾ ۱ قولہ علمی است، یعنی علم کی طرف منسوب ہے، جزئی نسبت ی کے ساتھ، یعنی علم کی ایک قسم ہے ۱۲

۲ قولہ حالی، حال کی طرف منسوب ہے، یعنی اس کے افراد میں سے ایک فرد ہے ۱۲

۳ قولہ محک، میم اور حا کی زبر سے، میم کی زیر اور بغیر نقطہ حا پر زبر بھی پڑھتے ہیں یعنی دو طرح بولا جاتا ہے، بمعنی زرگر کا وہ پتھر جو سیاہ ہوتا ہے جس پر سونے کو رگڑ کر اس کے خالص ہونے کی پہچان کی جاتی ہے ۱۲ غث

۴ مثنوی زر قلب وزر نیکو در عیار بے محک ہرگز ندارد اعتبار

ترجمہ کھوٹا سونا اور اچھا سونا پرکھنے میں آئے تو پتہ چلتا ہے، بغیر کسوٹی کے سونے کا ہرگز اعتبار نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆تخلیص ...... خالی کردن ۱۲ ......خال کرنا☆اقل......اندک تر از اندک ۱۲......بہت کم، کم سے کم تر☆این......تخلیص قلب ۱۲

......☆فضول......افزونی ۱۲......فضول، بے فائدہ، بے نتیجہ☆الا اللہ......ای شہود اعلےٰ ماہورائے حضرت المجدد قدس سرہٗ ۱۲......یعنی وہ

شہودِ اعلیٰ جو حضرت مجدد قدس سرہ کی رائے کے مطابق ہے☆بیّن......ظاہرہ آشکار ۱۲......ظاہر وواضح ہے☆تصدیق......مبتداء ۱۲

...... یہ مبتدا ہے ☆علمی ...... خبر ۱۲ ...... یہ خبر ہے☆ادراک......مبتداء ۱۲......یہ مبتداء ہے☆حالی......خبر ۱۲......یہ خبر

ہے ☆ پیش ...... است ۱۲...... ایک حال ہے ☆ محظور ...... ممنوع ۱۲......منع کیا ہوا ☆استقامت......درستی ۱۲

صحیح حالت ☆ اعوجاج......کجی ۱۲......ٹیڑھا پن☆شمہ......اندکے ۱۲......تھوڑا قلیل☆روزی ...... نصیب ۱۲ ......حصہ

☆العیال ...... بکسر اول بمعنی زن و فرزندان و دیگر توابع ۱۲......غث عین کی زیر ہے بمعنی بیوی، بچے اور دیگر افرادِ خانہ☆ابو......پدر

۱۲......باپ☆البنات......دختران ۱۲......بیٹیاں

ایک سو بارھواں مکتوب (۱۱۲)

شیخ عبدالجلیل تھانیسری ثم الجونپوری کی طرف صادر فرمایا.......... اس بیان میں کہ اصل کام یہ ہے کہ ہم عقائدِ اہل سنت و جماعت کے پابند ہو جائیں۔ اگر اس دولت کے ساتھ ساتھ احوال و مواجید بھی عطا فرما دیں تو ہم احسان مند ہوں گے ورنہ اس دولت کو کافی سمجھیں گے کیونکہ جب یہ حاصل ہو گئی تو سب کچھ حاصل ہو گیا۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ شانہٗ ہم مفلسوں کو اہلِ حق یعنی اہل سنت و جماعت کے معتقداتِ حقہ کی حقیقت سے نوازے اور نقدِ وقت کو اپنے پسندیدہ اعمال (میں مشغول رکھنے) کی توفیق مرحمت فرمائے اور وہ احوال جو ان اعمال کے ثمرات ہیں عطا فرما کر اپنی جناب قدس جل سلطانہٗ کی جذب فرمالے۔ ع

کار این ست وغیر ایں ہمہ ہیچ (کام اصلی ہے یہی، اس کے سوا سب ہیچ ہے)

جو احوال و مواجید اس فرقۂ ناجیہ (اہلِ سنت و جماعت) کے عقائد کی تحقیق کے خلاف حاصل ہوں ہم ان کو سوائے استدراج کے کچھ نہیں جانتے اور اس میں خرابی کے علاوہ کچھ خیال نہیں کرتے۔ اس فرقۂ ناجیہ کی اتباع کی دولت کے ساتھ ساتھ اور جو کچھ عطا ہو جائے ہم اس پر (مزید) احسان مند ہوں گے اور شکر بجالائیں گے اور اگر صرف یہ (عقائد صحیحہ) دے دیئے جائیں اور احوال و مواجید کچھ بھی نہ دیں تو کوئی مضائقہ نہیں ہم اس پر راضی اور خوش ہیں۔

بعض مشائخ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم نے غلبۂ حال اور سکرِ وقت کی وجہ سے بعض علوم و معارف اہلِ حق کی رائے کے خلاف ظاہر کئے ہیں، چونکہ ان کی بنیاد کشف پر ہے اس لئے وہ معذور ہیں۔ امید ہے کہ قیامت کے دن ان سے مواخذہ نہ ہوگا۔ (کیونکہ) وہ حضرات مجتہد مخطی (غلطی کرنے والا مجتہد) کے حکم میں ہیں "ان کی خطا بھی ایک اجر رکھتی ہے"...........

اور حق علمائے اہلِ حق "اللہ تعالیٰ ان کی سعی و کوشش کو مشکور فرمائے" کی جانب ہے، کیونکہ علماء کے علوم مشکوٰۃ نبوت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ سے ماخوذ ہیں جن کو وحیِ قطعی کی تائید حاصل ہے۔ اور ان صوفیوں کے معارف کی دلیل کشف و الہام ہے

Marfat.com

جس میں غلطی کی گنجائش ہے.........کشف والہام کے صحیح ہونے کی علامت علمائے اہلِ سنت کے علوم کے ساتھ مطابقت ہے، اگر (کشف والہام میں) بال برابر بھی (شریعت کی) مخالفت ہے تو دائرہ ثواب سے باہر ہے، یہی علم صحیح ہے اور صریح حق ہے، پس حق کے بعد گمراہی کے سوا اور کچھ نہیں۔ رَزَقَنَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَاِيَّاكُمُ الْاِسْتِقَامَةَ عَلٰى مُتَابَعَةِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا عَمَلًا وَّاعْتِقَادًا عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِنَ الصَّلَوَاتِ اَكْمَلُهَا وَمِنَ التَّسْلِيْمَاتِ اَفْضَلُهَا (اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید المرسلین ﷺ کی متابعت پر ظاہری و باطنی، عملی و اعتقادی طور پر استقامت عطا فرمائے۔ وَالسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَعَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى (آپ پر اور ہر ہدایت کی پیروی کرنے والوں پر سلام ہو)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿ص۱۱۲﴾ ۱ عن أبی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم اِذَا حَكَمَا الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَأَصَابَ فَلَهٗ أَجْرَانِ، فَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ وَأَخْطَأَ فَلَه "أَجْرٌ" وَّاحِدٌ"۔ متفق عليه (مشكوة ، باب العمل فی القضاء والخوف منه)

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حاکم فیصلہ کرے تو خوب تحقیق کر لے اور وہ درست و صحیح ہو تو اس کے لئے دو اَجر ہیں اور جب فیصلہ کرے تو خوب تحقیق کرے اور فیصلے میں غلطی ہو جائے تو اس کے لئے ایک اَجر ہے۔

۲ قولہ مُقْتَبَس ، اِقْتِباس سے اسم مفعول ہے، بمعنی کسی سے علم سیکھنا اور آگ حاصل کرنا اور فائدہ اٹھانا ۱۲

۳ مشکوۃ، میم کی زیر سے، وہ فراخ طاق جس میں چراغ اور قندیل روشن کرتے ہیں، یہاں مراد ہے نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام والتحیہ کے سینہ مبارک سے ماخوذ علم ۱۲

۴ قولہ الہام، یعنی فیض کے طریقہ پر دل میں خیر کا اِلقا کرنا ۱۲

۵ یہی علم صحیح ہے اور صریح حق ہے، پس حق کے بعد گمراہی کے سوا اور کچھ نہیں، اللہ تعالیٰ ہم کو اور آپ کو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت پر ظاہری اور باطنی، اور علمی اور اعتقادی طور پر استقامت عطا فرمائے ۱۲ لمصححہ سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن......بین السطور......معانی

☆مواجید......جمع وجد خلاف قیاس ۱۲......خلاف قیاس، وجد کی جمع ہے ☆مرضیہ......پسندیدہ ۱۲......دل پسند ☆بااین......ہمراہ ۱۲......اس کے ساتھ ☆فردا آں......روز قیامت ۱۲......قیامت کا دن ☆مقتدائی......دلیل ۱۲......دلیل، حجت ☆مصداق......علامت ۱۲......نشانی

﴿ایک سو تیرھواں مکتوب ۱۱۳﴾

جمال الدین حسین کولابی کی طرف صادر فرمایا.........اس بیان میں کہ مبتدی اور منتہی کے جذبہ کے درمیان کیا فرق ہے؟ اور یہ کہ مجذوبوں کو جذب کا اظہار ابتداء روح سے ہوتا ہے جو قلب کے اوپر ہے اور وہ روح کے شہود کو حق تعالیٰ جل شانہ کا شہود خیال کر لیتے ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى (اللہ کی حمد ہے اور اس کے برگزیدہ بندوں پر سلام ہو) جذب و کشش صرف مقامِ فوق تک ہوتی ہے فوقِ فوق تک نہیں ہوتی (یعنی مقامِ فوق سے اوپر نہیں ہوتی) اور یہی حال شہود اور اس کے طریقہ وغیرہ میں ہے، پس جن مجذوبوں نے سلوک طے نہیں کیا وہ مقامِ قلب میں ہیں ان میں جذب و کشش صرف مقامِ روح تک ہے جو مقامِ قلب سے اوپر ہے، اور منتہی حضرات کا جذبہ و کشش انجذابِ الٰہی ہے جس کے اوپر کوئی اور مقام نہیں اور ابتدائی جذبہ میں روحِ منفوخ (انسان کے اندر پھونکی گئی روح) کے سوا کچھ مشہود نہیں ہوتا کیونکہ روح خود اپنی اصلی صورت میں موجود ہے (حدیث میں ہے) اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهٖ (بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی

Marfat.com

صورت پر پیدا کیا۔ (یہ حضرات) روح کے شہود کو حق تعالیٰ کا شہود سمجھ لیتے ہیں، اور جبکہ روح کو عالمِ اجساد کے ساتھ ایک درجہ مناسبت حاصل ہے تو کبھی اس شہود کی کثرت کو شہودِ احدیت کہتے ہیں اور کبھی اس کی معیت کے قائل ہوتے ہیں حالانکہ حق تعالیٰ جل وعلا کا شہود کا حصول فنائے مطلق کے بغیر جو کہ سلوک کی انتہا پر متحقق ہے متصور نہیں ہے۔ شعر

ہیچ کس راتا نگر دد اوفنا　　نیست رہ دربار گاہِ کبریا

(جس کو حاصل ہی نہیں راہِ فنا　　کس طرح پائے وہ راہِ کبریا)

اور اس شہود کا عالمِ (دنیا) سے کوئی تعلق نہیں ہے، ان دونوں شہودوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ جو شہود عالمِ (دنیا) کے ساتھ کسی نہ کسی وجہ سے مناسبت رکھتا ہے تو وہ حق تعالیٰ وتقدس کا شہود نہیں ہے اور اگر بے مناسبت ہے (یعنی دنیا سے کوئی تعلق نہیں ہے) تو حق جل وعلا کے شہود کی علامت ہے۔ شہود کا اطلاق عبارت کی تنگی کی وجہ سے ہے ورنہ یہ نسبت بھی منتسب الیہ (حق تعالیٰ وتقدس کی ذات) کی طرح بے کیف وبے مثل ہے۔ ع

چوں رابہ بیچوں راہ نیست　　(مثل کیوں بے مثل تک پائے گا راہ)

(مثل کو بے مثل (یعنی ذاتِ الٰہی) کی طرف کوئی راستہ نہیں ہے (یعنی ذاتِ الٰہی میں غور نہیں کرنا چاہئیے بلکہ اس کی صفات پر غور کریں)۔ لَا یَحمِلُ عَطَا یَا الْمَلِکِ اِلَّا مَطَا یَاہُ (بادشاہ کی عطا کردہ چیزوں کو اس کی سواریاں ہی اٹھا سکتی ہیں)۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۷﴾ ا یعنی یہی حال شہود اور اس کے طریقہ وغیرہ میں ہے ۱۲

۲ قوله صلى الله عليه وسلم ان الله خلق آدم على صورته ، متفق عليه من حديث أبى هريرة رضى الله تعالى عنه بلفظ خلق الله آدم على صورته ۱۲ اسکی شرح مکتوب نمبر ۹۵ کے حاشیہ میں تحریر ہو چکی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں ۱۲

ـ منفوخ کا معنی انسانی بدن میں پھونکی ہوئی ۱۲

۳ قولہ شہودِ حق الخ ہائے افسوس! اگر اس مرتبہ سے اسکو نہ گذارتے اور باطل کو حق کے ساتھ نہ لے جاتے، بعض مشائخ اس مقام میں تیس سال تک روح کو خدا سمجھ کر پوجتے رہے اور جب اس مقام سے آگے لے جائے گئے تو پھر اسکی برائی اور خرابی کو سمجھے ۱۲ معارف

۴ یعنی بادشاہ کی عطا کردہ نوازشات اسی کی سواریاں اٹھا سکتی ہیں ۱۲

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆الا...... مگر ۱۲ ...... مگر، سوائے ☆الاّ ...... مگر ۱۲ ...... مگر، سوائے ☆روح ...... شرط ۱۲ ...... یہ شرط ہے ☆شہود ...... جزا ۱۲ ...... یہ جزا ہے ☆نحوے ...... نوعے ۱۲ ...... ایک قسم ☆دَین ...... این دو شہود ۱۲ ...... یہ دو گواہ ☆مُغَسب ...... حق تعالیٰ وتقدس ۱۲ ...... اللہ تعالیٰ بہت پاک ☆الاّ ...... ورنہ ۱۲ ...... ورنہ

﴿ایک سو چودھواں مکتوب ۱۱۴﴾

صوفی قربان کی طرف صادر فرمایا ----- حضرت سید المرسلین علیہ وعلیہم وآلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت کی ترغیب کے بیان میں۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم بے سروسامان مفلسوں کو حضرت سید المرسلین اولین وآخرین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کی

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

دولت سے مشرف فرمائے اور اس پر استقامت نصیب کرے ------ آنحضرت علیہ من الصلوات افضلہا ومن التسلیمات اکملہا (ایسی عظیم المرتب ہستی ہیں کہ ان) کی دوستی کے طفیل حق تعالیٰ اپنے اسمائی وصفاتی کمالات کو ظہور میں لایا اور آنحضرت ﷺ کو تمام کائنات میں سے بہترین قرار دیا۔ آپ کی پسندیدہ متابعت کا ایک ذرہ تمام دنیاوی لذات اور اخروی تنعّمات سے مرتبہ میں کہیں زیادہ بڑھ کر ہے، تمام فضیلت آنحضرت ﷺ کی روشن سنت کی تابعداری پر وابستہ ہے، اور تمام بزرگی احکامِ شریعت کی بجا آوری پر منحصر ہے ------ مثلاً دوپہر کا سونا (قیلولہ) اگر اتباعِ سنّت کی نیت سے ہو تو کروڑوں شب بیداریوں سے جو آنحضرت ﷺ کی متابعت میں نہ ہوں اولیٰ وافضل ہے ------ اسی طرح عید الفطر کے دن میں کھانا (یعنی روزہ نہ رکھنا) جس کا کہ شریعتِ مصطفوی میں حکم ہے، خلافِ شریعت تمام عمر روزے رکھنے سے افضل ہے ------ اور شارع علیہ السلام کے حکم کے مطابق ایک چیتل (دام، پیسہ) دنیا اپنی خواہش سے سونے کے پہاڑ خرچ کرنے سے بہتر وافضل ہے ------ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک روز صبح کی نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد صحابہ کی طرف دیکھا تو ان میں ایک شخص کو حاضر نہ پایا، دریافت کرنے پر حاضرین نے عرض کیا کہ وہ شخص تمام رات عبادت کرتا رہا ہے شاید اس وقت آنکھ لگ گئی ہو۔ امیر المومنین نے فرمایا کہ اگر وہ شخص تمام رات سوتا رہتا اور صبح کی نماز باجماعت ادا کر لیتا تو (اس کیلئے تمام رات عبادت کرنے سے) بہتر تھا۔

گمراہ لوگوں (اہل ہنود وغیرہ) نے اگرچہ ریاضتیں اور مجاہدے بہت کئے ہیں لیکن چونکہ وہ شریعتِ حقہ کے موافق نہیں ہیں اس لئے بے اعتبار اور بے حیثیت ہیں ------ اگر ان (گمراہ لوگوں کے) اعمالِ شاقہ پر کچھ اجر ثابت بھی ہو تو وہ صرف بعض دینوی منافع پر منحصر ہے، جب پوری دنیا ہی کچھ حیثیت نہیں رکھتی تو اس کے کسی منافع کا کوئی کیا اعتبار کرے۔ ان کی مثال ایسے خاکروب کی طرح ہے جس کی محنت سب سے زیادہ ہے اور مزدوری بہت کم ہے ...... اور شریعت کے تابعداروں کی مثال ان لوگوں کی سی ہے جو قیمتی جواہرات اور عمدہ عمدہ ہیروں کے ساتھ کام کرتے ہیں کہ ان کا کام بہت تھوڑا اور مزدوری بہت زیادہ ہے۔ ------ (سنّت) کے موافق) ایک ساعت کا عمل ہو سکتا ہے کہ اجر میں ایک لاکھ برس کے نیک عمل کے برابر ہو ------ اس میں راز یہ ہے کہ جو عمل شریعت کے موافق ہوتا ہے وہ حق تعالیٰ کا پسندیدہ ہوتا ہے اور جو خلافِ شریعت ہوتا ہے وہ (حق تعالیٰ کا) ناپسندیدہ۔ پس ناپسندیدہ اعمال کی صورت میں ثواب کی کہاں گنجائش ہے بلکہ عذاب متوقع ہے ------ اس حقیقت کی عالمِ مجاز میں نظیر موجود ہے جو تھوڑی سی توجہ سے واضح طور پر سمجھ میں آجاتی ہے۔

بیت

ہرچہ گیرد علّتی علّت شود	کفر گیرد کاملے ملّت شود
(ہر چیز ہے مُضر جو بھی ساتھ دے مریض	کافر ولی ہے اس کو پکڑ لے اگر ولی)

پس تمام سعادتوں کا سرمایہ سنّت کی پیروی میں ہے اور تمام فسادات کی جڑ شریعت کی مخالفت کرنا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو سید المرسلین علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات کی متابعت پر ثابت قدم رکھے۔ والسلام

Marfat.com

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۸﴾ ـ صوفی کہ بنام قربان بود اوبہ از گنج یزداں بود

ا قولہ جیتلے، جتیل کے آخر یائے وحدت ہے، یعنی خدا کی راہ میں ایک جتیل دینا۔ جیتل جیم کی زیر سے اور یائے معروف ہے، اور تا پر زبر ہے، چاندی کے سکہ کی ایک قسم ہے، بعضوں نے لکھا ہے کہ یہ ایک وزن کے معنی میں ہے جو فلس کا پچیسواں حصہ ہوتا ہے ۱۲ غیاث

ـ اصل غیاث اللغات میں بیست وپنجم ہے، کتابت کی غلطی سے پنجم کا نم لکھا گیا ہے۔

۲ عن ابی بکر بن سلیمان بن ابی حثمتہ قال: عن عمر بن الخطاب فقد سلیمان ابن ابی حثمتہ فی صلاۃ الصبح، وان عمر غدا الی السوق، و مسکن سلیمان بین المسجد والسوق، فمر علی الشفاء ام سلیمان، فقال لھا: لم أر سلیمان فی الصبح ؟ فقالت: انہ بات یصلی فغلبتہ عیناہ، فقال عمر لان اشھد صلاۃ الصبح فی جماعتہ احب الیّ ان اقوم لیلتہ ۔

رواہ مالک ۱۲ مشکوۃ (یہ حدیث مکتوب نمبر ۱۲۹ کے حاشیہ میں درج ہو چکی ہے)

۳ اَلماس، پہلے حرف الف پر زبر ہے یہ ایک جوہر ہے سفید وشفاف، بہت زیادہ گراں قیمت ہوتا ہے، اردو میں اسے ہیرا کہتے ہیں، ایک قسم ہے فولاد جوہردار کی، چھری، چاقو، تلوار اور خنجر کو بھی الماس کہتے ہیں ۱۲ غیث المصحح سلمہ اللہ تعالیٰ

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆خلق...... پیدا ۱۲...... پیدا کیا ☆ کہ...... زیرا کہ ۱۲...... کیونکہ ☆ مَنوط...... معلق ۱۲...... لٹکا ہوا ☆ سَنِیّہ...... روشن ۱۲...... روشن منور ☆ مزیّت...... بزرگی ۱۲...... بزرگی اور بڑائی ☆ نیمروزی...... قیلولہ ۱۲...... دوپہر کے وقت سونا، آرام کرنا ☆ احیای...... شب بیداری ۱۲...... رات کو عبادت کرنا ☆ افطار یومِ فطر...... افطار روزہ روز عید ۱۲...... عید کے دن روزہ نہ رکھنا ☆ صیام...... روزہ داشتن ۱۲...... روزہ رکھنا ☆ ابدا آباد...... ہمہ عمر ۱۲...... ہمیشہ، تمام عمر ☆ فرمود...... روسائے ہنود وغیر ایشان ۱۲...... ☆ ریاضات...... مشقتہ ۱۲...... مشقتیں، تکالیف ☆ مجاہدات...... ومحنت ہا ۱۲...... بہت محنتیں ☆ مقصور...... بند ۱۲...... بند کیا ہوا ☆ چیست...... یعنی ہیچ نیست ۱۲...... یعنی کچھ نہیں ہے ☆ کنّاسی...... خاکروب وجاروب کش ۱۲...... جھاڑو پھیرنے اور صفائی کرنے والا

﴿صہ ۱۱۹﴾

ا کاملے گر خاک گیرد زر شود ناقص ار زر برد خاکستر شود
دستِ ناقص دستِ شیطانست ودیو زانکہ اندر دام تلبیس است ودیو
چون قبول حق بود آن مرد راست دستِ او در کارہا دست خدا است
جہل آید پیش او دانش شود جہل شد علمی کہ در ناقص رود

ترجمہ: ایک (مرد) کامل اگر مٹی ہاتھ میں لے لے تو وہ سونا بن جاتی ہے (برخلاف اس کے) اگر ایک ناقص آدمی سونا لے لے تو وہ بھی راکھ ہو جائے۔
ناقص (آدمی) کا ہاتھ شیطان اور جن کا ہاتھ ہے، کیونکہ وہ (خود) دھوکے اور مکر کے جال میں گرفتار ہے۔
چونکہ وہ راستباز آدمی خدا کا مقبول ہوتا ہے اس لئے سب کاموں میں اس کا ہاتھ گویا خداوند تعالیٰ کا ہاتھ ہے۔
اس کے سامنے تو جہل بھی آتے ہی عقل بن جاتا ہے (بخلاف اس کے) ناقص میں جو علم داخل ہوتا ہے وہ جہل بن جاتا ہے
حاصلِ مطلب یہ ہے کہ ناقص کی ہم نشینی جو علت سے عبارت ہے وہ ناقص بنا دیتی ہے اور کامل کی صحبت کفر کو ایمان میں بدل دیتی ہے، جیسا حضرت سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں

ـ پسرِ نوح با بدان بنشست خاندان نبوتش گم شد
سگ اصحاب کہف روزے چند پے نیکان گرفت مردم شد

نوح علیہ السلام کا بیٹا بُرے لوگوں کے پاس بیٹھا تو اس کا نام خاندان نبوت سے قطع ہو گیا۔ اصحابِ کہف کا کتا چند دن نیکوں کے ساتھ رہا تو اس نے مردوں والا مقام پایا۔ احتمال ہے کہ اس شعر کے معنی اس طرح ہوں یعنی وہ صاحبِ علت جس کے دل میں ایسا مرض ہو جو حقائق کی اصلیت ادراک سے مانع ہوں وہ جس چیز کو پکڑے گا وہ بھی علت اور دوری کا موجب ہو گی، جیسا کی اپنے مرض قلبی کی وجہ سے قرآن کریم کی تاویل اپنی غرض کے موافق کرے گا تو کفر حاصل کرے گا۔ کفر گیرد کاملے (صاحب کمال) یعنی جس کام کو عوام کفر جانتے ہیں جب کامل سے وہ کام صادر ہو گا تو عین اسلام اور ایمان ہو جائے گا۔

بے سجادہ رنگین کن گرت پیرے مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نبود زراہ و رسم منزلہا

ترجمہ: اگر پیرِ کامل تم کو حکم دیں کہ اپنے مُصَلّی کو شراب میں ڈبو دو تو ایسا ہی کرو، کیونکہ سالک راستے کی مشکلات اور اونچ نیچ سے بے خبر نہیں ہوتا۔

Marfat.com

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اسکی مراد یہ ہو، جو کچھ بھی قلبی مرض والا پکڑے گا بظاہر صحیح اور وتندرست ہو لیکن فاسد وخراب معنیٰ نکال کر اسکو فاسد کردے گا، اور جو کچھ کامل پکڑے گا اگرچہ بظاہر فاسد اور صحیح نہ ہو اسکے صحیح ودرست معنیٰ پر محمول کرے گا۔ اس کے علاوہ اور مطلب کا بھی احتمال ہے ۱۲

ے کفر گیر داخ یعنی وہ بظاہر عبادت کی جنس سے نہیں ہے جیسا کہ دوپہر کے وقت قیلولہ (آرام) کرنا اور عید کے دن روزہ نہ رکھنا ۱۲

☆سر......راز ۱۲......بھید☆ مرضی ...... پسندیدہ ۱۲......دل پسند، مرضی کے مطابق ☆ متوقع ...... جائے توقع ۱۲......امید کی جگہ مقام توقع ☆علتی...... یعنی امراض قلب ۱۲......یعنی دل کی بیماری والا ☆ شود......زیرا کہ بہ نیت متابعت نمیکند ۱۲ ...... کیونکہ اتباع کی نیت نہیں کرتا ☆ ملّت ...... بسبب نیت متابعت ۱۲ ......متابعت کی نیت کرنے کے باعث ☆ ہیولائی......مادہ ۱۲......کسی چیز کی اصل اور جڑ

ایک سو پندرھواں مکتوب (۱۱۵)

ملا عبدالحق دہلوی کی طرف صادر فرمایا------اس بیان میں کہ جس راہ کو ہم طے کرنے کے درپے ہیں وہ صرف سات قدم ہے۔

مصرع از ہر چہ میرود سخنِ دوست خوشتر است (دوست کی طرف سے جو بات بھی پہنچے وہ اچھی ہے)

یہ راستہ جس کو طے کرنے کے ہم درپے ہیں وہ صرف سات ۷ قدم ہے، دو ۲ قدم عالمِ خلق میں ہے اور پانچ ۵ قدم عالمِ امر میں۔ عالمِ امر میں پہلا قدم رکھنے پر تجلی افعال کا ظہور ہوتا ہے، دوسرے قدم پر تجلی صفات اور تیسرے قدم پر تجلیاتِ ذاتیہ (کا سلسلہ) شروع ہوجاتا ہے------اس کے بعد اربابِ کمال کے درجات کے تفاوت کے مطابق (تجلیاتِ ذاتیہ میں) ترقی ہوتی رہتی ہے، جیسا کہ ارباب کمال سے پوشیدہ نہیں ہے، اور یہ سب کچھ حضرت سید الاولین والآخرین علیہ من الصلوات اکملہا ومن التسلیمات افضلہا کی متابعت پر وابستہ ہے------اور یہ جو بعض نے کہا ہے کہ یہ راستہ دو قدم ہے اس سے انہوں نے (بطورِ اجمال) عالمِ خلق اور عالمِ امر مراد لئے ہیں (اور یہ بات اس لئے کہی ہے) تا کہ طالبوں کی نظر میں راستہ مختصر اور آسان معلوم ہو۔ اور حقیقت میں بات وہی ہے جو حق تعالیٰ کی توفیق سے میں نے بیان کی۔ بات یہی ہے۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۱۹﴾ ے جاننا چاہیئے کہ شیخ عبدالحق محدث علیہ الرحمۃ بخاری الاصل ہیں، ان کا وطن دہلی تھا، حدیث کا علم حرمین شریفین سے حاصل کیا، اجازت حاصل ہونے کے بعد اس علم شریف کی خدمت میں استقامت کے جذبہ سے بیٹھ کر اسکی اشاعت میں مصروف رہے۔ حضرت خواجہ محمد الباقی قدس سرہ کے خلفا میں سے ہیں اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس اللہ اسرارہم کے پیر بھائی ہیں، ان کے مناقب مشہور ہیں اور ان کے فضائل (اہل علم کو) معلوم ہیں اور ان کی مشہور تصنیفات میں سے مشکوۃ کا فارسی ترجمہ ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆خلق......باکیف ۱۲......جس کی حالت محسوس ہو ☆ عالم...... بے کیف ۱۲......جس کی حالت محسوس نہ ہو ☆ خطوہ......قدم ۱۲......ایک قدم

ایک سو سولہواں مکتوب (۱۱۶)

ملا عبدالواحد لاہوری کی طرف صادر فرمایا------اس بیان میں کہ قلب کی سلامتی ماسوائے حق تعالیٰ کے ہر چیز کو دل سے بھول جانے پر موقوف ہے اور دنیاوی امور میں بکثرت مشغول ہونے سے باز رہنا تا کہ اس دنیا کی محبت ورغبت پیدا نہ ہوجائے۔

میرے عزیز بھائی کا مکتوب مرغوب موصول ہوا، اس میں قلب کی سلامتی کے متعلق جو کچھ تحریر تھا اس سے آگاہی ہوئی

Marfat.com

----ہاں بے شک قلب کی سلامتی حق تعالیٰ کے سواہر چیز کو (دل سے) بھلا دینے پر موقوف ہے، حتیٰ کہ اگر دنیاوی چیزوں کو تکلف اور کوشش کے ساتھ یاد کرنا چاہیں تو بھی یاد نہ آئیں، اس صورت میں غیرِ خدا کا گزر بھی دل پر نہیں ہوسکتا پس اس حالت کو فنائے قلبی سے تعبیر کرتے ہیں اور اس راہ میں یہ پہلا قدم ہے اور اس سے استعداد کے مطابق کمالاتِ ولایت کے مرتبوں کے درجات کی بشارت ملتی ہے، پس ہمت کو بلند رکھیں اور اخروٹ و منقیٰ (یعنی معمولی چیزوں پر) قناعت نہ کریں، اِنَّ اللہَ یُحِبُّ مَعَالِیَ الْھِمَمِ (حق تعالیٰ بلند ہمت لوگوں کو دوست رکھتا ہے)۔

دنیاوی کاموں میں بکثرت مشغول ہونے سے خطرہ ہے کہ کہیں اس کمینی دنیا کے کاموں میں رغبت پیدا نہ ہو جائے اور اس سلامتیٔ قلب پر بھی ہرگز مغرور نہ ہوں کیونکہ رجوع (اس حالت کے بدل جانے) کا امکان موجود ہے اور جہاں تک ہو سکے دنیاوی مہمات کے اندر مصروف رہیں اور ایسا کوئی قدم نہ اٹھائیں کہ دوبارہ اس کی رغبت ہو جائے اور نقصان کا باعث ہو عِیَاذًا بِاللہِ سُبْحَانَہٗ (اللہ سبحانہٗ کی پناہ)......... فقر میں جاروب کشی کرنا (یعنی حق تعالیٰ کی یاد کے ساتھ سادہ زندگی بسر کرنا) دولت مندوں کی صدر نشینی سے کئی درجے بہتر ہے۔ ساری ہمت اس پر صرف کرنی چاہیئے کہ فقر اور دنیا سے بے رغبتی کے ساتھ چند روزہ زندگی بسر ہو جائے۔ دولت اور دولت مندوں سے ایسے بھاگو جیسے شیر کے خوف سے بھاگتے ہیں والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۲۰﴾ ۱؎ ملا عبدالواحد لاہوری، آپ اس جماعت میں سے ہیں جن کو حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہٗ نے حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کی خدمت میں بھیجا تھا، موصوف کثیر المراقبہ اور کثیر االعبادت تھے، ایک دن آپ نے ذوق کی حالت میں (جو عبادت سے پیدا ہوا تھا) فقیر (محمد ہاشم کشمی) سے دریافت کیا کہ بہشت میں نماز ہوگی؟ میں نے کہا: نہیں کیونکہ وہ مقام دار الجزا ہے دار العمل نہیں۔ آپ نے ایک آہ بھری اور رونے لگے اور کہا کہ اس بے نیاز کی عبادت اور نماز کے بغیر کیونکر زندہ رہا جائے گا؟ ملا عبدالواحد لاہوری نے فرمایا: ان دِنوں میں جبکہ حضرت امام ربانی قدس سرہ لاہور تشریف لائے ہوئے تھے وہاں ایک بوڑھا سبزی فروش حضرت کی زیارت کے لئے آیا، حضرت نے اس کا بڑا احترام کیا، ہم لوگوں کو حیرت ہوئی (چنانچہ) خلوت میں جب حضرت سے اس بوڑھے کے لئے تواضع کا سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ ابدال میں سے ہے ۱۲ از بدت المقامات (اردو ترجمہ صہ ۵۲۷ صہ ۵۲۸)

ـ اس جیسے شخص کے دل میں ۱۲

۲؎ قولہ ان اللہ یحب معالم الھمم یعنی حق تعالیٰ بلند ہمت لوگوں کو دوست رکھتا ہے، مکتوبات کے عربی مترجم کہتے ہیں: سیوطی نے جامع کبیر میں ابن حبان، طبرانی، خرائطی، ابن عساکر اور ضیاء مقدسی کے حوالہ سے سہل بن سعد کی روایت سے اِن لفظوں میں ذکر کیا ہے: ان اللّٰہ یحب مکارم الاخلاق و یکرہ سفسافھا (بے شک اللہ تعالیٰ مکارم اخلاق کو پسند کرتا ہے اور گھٹیا پن کو ناپسند کرتا ہے) اور خرائطی نے طلحہ بن عبید بن کریز سے بھی روایت کیا ہے۔ اور بیہقی نے شعب الایمان میں

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆خطور...... گذر ۱۲......دل میں گزرنا، دل میں خیال آنا ☆ بجوزے......اخروٹ ۱۲......اخروٹ ☆ مویزی......منقاء ۱۲...... مُنقا ☆ کناسی...... جاروب کشی ۱۲......صفائی کرنا جھاڑو دینا

﴿ایک سو سترہواں مکتوب ۱۱۷﴾

ملا یار محمد قدیم بدخشی کی جانب صادر فرمایا......... اس بیان میں کہ ابتدا میں قلب حس (ادراک) کی تابعداری کرتا ہے اور انتہا میں یہ تابعداری نہیں رہتی۔

مولانا یار محمد بھولے نہیں ہوں گے کہ ایک مدت تک قلب حس (ادراک) کا تابع رہتا ہے پس لامحالہ جو کچھ حس سے دور ہے وہ قلب سے بھی دور ہے۔ حدیث شریف مَنْ لَّمْ یَمْلِکْ عَیْنَہٗ فَلَیْسَ الْقَلْبُ عِنْدَہٗ (جس شخص کی آنکھ اس کے اپنے

Marfat.com

قبضے میں نہیں ہے اس کا دل بھی اس کے قابو میں نہیں ہے) اس حدیث میں اس مرتبہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور نہایتِ کار (سلوک کی انتہا) میں جب قلب حِس کی تابعداری میں نہیں رہتا تو حِس کی دوری قلب کی نزدیکی میں اثر انداز نہیں ہوتی۔ لہٰذا مشائخ طریقت مبتدی اور متوسط کو شیخ کامل کی صحبت سے مکمل طور پر مفارقت (جدا رہنے کو) تجویز نہیں فرماتے، غرضکہ بحکم مَا لَا یُدْرَکُ کُلُّهٗ لَا یُتْرَکُ کُلُّهٗ (یعنی جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل ترک نہیں کر دینا چاہیئے) کے مطابق اسی طریقہ پر کاربند رہیں اور ناجنس (یعنی غیر مشرب لوگوں) کی صحبت سے پوری طرح پرہیز کریں .... میاں شیخ مزمل کی تشریف آوری کو سعادت کا پیش خیمہ سمجھ کر ان کی صحبت کو غنیمت جانیں اور اکثر اوقات ان کی صحبت میں رہیں کیونکہ شیخ موصوف بہت عزیز الوجود شخصیت ہیں۔ والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۲۱﴾ ۱ شیخ مزمل رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کے قدیم اصحاب میں سے تھے حضرت مجدد کے مقبولوں میں تھے، سفر و حضر میں اکثر خدمت میں پیش پیش رہتے تھے اور قسم قسم کے انعامات وعنایات سے مشرف ہوتے تھے، حسنِ اخلاق اور عمدہ اوصاف کے اعتبار سے زمانہ بھر میں بے مثال تھے، انکسار اور ایثار میں بھی منفرد تھے۔ الی آخر ما فی زبدۃ المقامات من احوله الشریفه (زبدت المقامات میں عمدہ احوال میں سے مختصر تذکرہ ہے)

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ۱۲۰﴾ ☆حدیث......مبتداء ۱۲......یہ مبتدا ہے☆اشارہ......خبر ۱۲......یہ خبر ہے☆بحکم......یعنی ہر چیز یکہ تمام وکمال اودرک کردہ نشود ......یعنی جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اس کو بالکل ترک نہیں کر دینا چاہیے☆کلیۃ......ہم ترک کردہ نشود ۱۲......

﴿صہ۱۲۱﴾ ☆اجتناب......پرہیز ۱۲......گناہوں سے بچنا☆بسیار......بے نظیر ۱۲......بے مثال

﴿ایک سو اٹھارواں مکتوب ۱۱۸﴾

ملا قاسم علی بدخشی کی جانب صادر فرمایا .... ان لوگوں کے خسارہ کے بیان میں جو اللہ والوں پر اعتراض کرتے ہیں۔

وہ محبت بھرا خط جو مولانا قاسم علی نے بھیجا تھا موصول ہوا اور خط کا مضمون بھی واضح ہو گیا حق سبحانہٗ کا ارشاد ہے: مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا (حٰم السجدہ ۴۱ آیت ۴۶) جو شخص اچھا عمل کرتا ہے وہ اپنے نفس ہی کے لئے کرتا ہے اور جو کوئی بُرا کام کرتا ہے اس کی برائی بھی اسی پر ہے) ----- خواجہ عبد اللہ انصاریؒ فرماتے ہیں کہ بار الٰہا جس کو تو ذلیل کرنا چاہتا ہے وہ ہمیں طعن و تشنیع دینے میں پڑ جاتا ہے۔ بیت

ترسم آں قوم کہ بر دُرد کشاں می خندند　　بر سرِ کار خرابات کنند ایمان را

(طعن کیوں کرتے ہو اُن پر جو پیے ہیں تلچھٹ　　میکدے پر کہیں ایمان نہ کھو بیٹھو تم

حق سبحانہٗ وتعالیٰ بطفیل حضرت سید البشر علیہ وعلیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات تمام اہلِ اسلام کو فقراء کے انکار اور ان کے اوپر طعن و تشنیع کرنے سے محفوظ رکھے (آمین) والسلام۔

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۲۱﴾ ۲ ملا قاسم علی بھی حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہ کے اصحاب میں سے تھے، ان کی تربیت حضرت مجدد قدس سرہ کے حوالے کی گئی تھی، جلد اول کے پہلے مکتوب کے آخر میں حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے حضرت خواجہ عالی شان (محمد باقی رحمہ اللہ) کی خدمت میں ان کے حالات اس طرح درج فرمائے ہیں: ملا قاسم علی کا حال بہتر ہے، اس پر استغراق اور

Marfat.com

استہلاک کا غلبہ ہے (زبدۃ المقامات ص۵۱۴)

۳؎ قولہ من عمل صالحا الخ اس آیت کی طرف اشارہ ہے جو چوبیسویں سپارہ کے آخر میں واقع ہے یعنی جو شخص اچھا عمل کرتا ہے وہ اپنے فائدے کے لئے کرتا ہے اور جو کوئی برا کام کرتا ہے اس کا وبال بھی اس پر ہے اور تیرا پروردگار بندوں پر ظلم نہیں کرتا ۱۲

۴؎ قولہ خواجہ عبداللہ انصاری یعنی ابو اسماعیل عبداللہ بن ابو منصور الانصاری ملقب شیخ الاسلام حضرت ابو منصور من الانصاری کی اولاد میں سے تھے ان کے باقی احوال مکتوب نمبر ۱۰۶ جلد اول کے حاشیہ میں مجمل طور پر تحریر کئے گئے ہیں وہاں سے ملاحظہ فرمائیں ۱۲

....

☆متن...... بین السطور...... معانی

☆خسارت...... زیان ۱۲...... نقصان ☆برانداز ی...... از درگاہ خود ۱۲...... اپنی بارگاہ سے دور کرنا چاہتا ہے ☆باما...... بطعن و تشنیع ماافگنی ۱۲...... اسکو ہماری طعن و تشنیع میں ڈال دیتا ہے ☆بردرد...... مے نوشان عشق و محبت حق جل وعلا ۱۲...... اللہ تعالیٰ کے عشق و محبت کی شراب پینے والے ☆خرابات...... شراب خانہ ۱۲...... شراب خانہ، میکدہ ☆ایمان را...... ضائع زساند و برباد دہند ۱۲...... ضائع کردیتے ہیں اور برباد کردیتے ہیں

ایک سو اُنیسواں مکتوب ﴿۱۱۹﴾

اس بیان میں میر محمد نعمان بدخشی کی طرف صادر فرمایا......... شیخ مقتدا کی صحبت کی ترغیب اور اس کے بیان میں کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کاملین اپنے بعض ناقص مریدوں کو نیک امیدوں کے گمان پر تعلیم طریقت کی اجازت دے دیتے ہیں۔

جناب میر صاحب کا مکتوب شریف موصول ہوا۔ یہ راستہ دیوانگی چاہتا ہے (جیسا کہ) حدیث شریف میں وارد ہے: لَنْ یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُقَالَ اِنَّہٗ مَجْنُوْنٌ (تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک لوگ اسے مجنون (دیوانہ) نہ کہنے لگیں)۔ اور جب دیوانہ پن آگیا تو بیوی بچوں کی تدبیر سے فارغ ہوگیا اور کذا و کذا (یعنی ایسا ہوگا ویسا ہوگا) کے اندیشہ سے جمعیت میسر ہوگئی (یعنی دل کو اطمینان حاصل ہوگیا)............ یہ دیوانگی آپ کی طبیعت میں موجود ہے لیکن بیکار عوارض کے باعث آپ نے اس کو خس و خاشاک میں چھپا دیا ہے۔ کیا کیا جائے کہ یہ ظاہری دُوری کی وجہ سے آپ میں بہت کچھ بے مناسبتی مفہوم ہوتی ہے، اس کا جلد تدارک فرمائیں اور اپنی کم ہمتی کو عین ہمت (استقاعت) جان کر اس جسدی (ظاہری) دوری کو رفع کریں............ اس گروہ صوفیاء) کی جمعیت (دلی اطمینان) مخلوق کے دلی اطمینان سے بہت بلند ہے، مخلوق کی دل جمعی کے اسباب ان (صوفیاء) کے تفرقے اور اختلافات کا باعث ہیں۔ مخلوق کے اختلافات کے اسباب (فقر و نامرادی وغیرہ) میں ہاتھ ڈالنا چاہیئے (یعنی ان میں غور کرنا چاہیئے تاکہ دل کا اطمینان حاصل ہو، اور اگر بالفرض اس گروہ کی مخلوق کی جمعیت کے اسباب عنایت ہوجائیں تو اس جمعیت سے بھی ڈرنا چاہیئے اور حق سبحانہٗ وتعالیٰ کے حضور التجا کرنی چاہیئے تاکہ جمعیت بلائے جان نہ بن جائے اور فلاں فلاں (صاحبِ تکمیل) حضرات کے حال پر قیاس نہ کرنا چاہیئے کیونکہ یہ تمام مراتب فرقِ مراتب کے اعتبار سے تکمیل ہونے سے پہلے سب نقص کے مراتب ہیں۔ ع

فرقِ دوست اگر اندک است اندک نیست (ہجر اس کا نہیں تھوڑا وہ بہت ہے مجھ کو)

مشائخ طریقت نے اپنے بعض مریدوں کو اُن کے سلوک کی تکمیل سے قبل تعلیم طریقت کی اجازت دی ہے۔.............

حضرت خواجہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ نے حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ کو طریقت و سلوک کی تعلیم اور بعض منازل سلوک

Marfat.com

طے کرانے کے بعد فرمایا ''اے یعقوب ہر چہ از ما بتو رسیدہ است بخلق برساں'' (اے یعقوب! جو کچھ ہم سے تم کو پہنچا ہے وہ مخلوق کو پہنچاؤ)۔ حالانکہ آپ (حضرت خواجہ نقشبندؒ) نے ان سے بھی فرمایا کہ میرے بعد علاؤ الدین (عطارؒ) کی خدمت میں رہنا۔ چنانچہ (مولانا یعقوب چرخیؒ) اکثر امور (طریقہ تعلیم) حضرت خواجہ علاؤ الدین کی خدمت میں انجام دیئے حتیٰ کہ مولانا عبدالرحمٰن جامی نے (اپنی تصنیف) نفحات الانس میں آپ (مولانا یعقوب چرخیؒ) کو پہلے خواجہ علاؤ الدین کے مریدوں میں شمار کیا اور دوسرے نمبر پر حضرت خواجہ نقشبندؒ سے نسبت دی ہے۔

مختصر یہ ہے اس تفرقہ (دُوری) کا علاج اربابِ جمعیت کی صحبت ہے اور یہ بات بار بار تاکیداً لکھی جا چکی ہے اور سُنا گیا ہے کہ مولانا محمد صدیق نے ملازمت اختیار کر لی ہے اور فقراء کی وضع کو چھوڑ دیا ہے، افسوس ہزار افسوس! کہ کسی کو مقامِ اعلیٰ علیین سے اسفل السافلین میں پہنچا دیں۔ اب ان کا حال دو باتوں سے خالی نہیں ہے یا تو ان کو نوکری میں جمعیت مل گئی یا جمعیت نہیں ملی اگر ان کو اس (نوکری) سے جمعیت حاصل ہو گئی تو بُرا ہے اور اگر نہ حاصل ہوئی اور بھی بدتر ہے رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْلَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (آل عمران ۳ آیت ۸) (یا اللہ! تو ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور اپنے پاس سے ہمارے حال پر رحمت فرما بیشک تو ہی بے حساب عطا کرنے والا ہے) والسلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۲۱﴾ ۵ قولہ میر محمد نعمان کے والد ماجد سید شمس الدین یحییٰ معروف بمیر بزرگ تھے، عالی نسبت فضیلت وتقویٰ اور حضور وصفا میں بدخشان اور ماوراء النہر کے مشہور مشائخ میں سے تھے، میر بزرگ کے والد ماجد میر جلال الدین تھے جن کے جد امجد سید حمید الدین بھی پرہیزگار علما میں سے تھے، اور ان کے قدیم مشاہیر میں سے میر جلیل تھے تلاوتِ قرآن مجید کے وقت اس کی شرینی کی وجہ سے بلبلیں ان کے گرد جمع ہو جاتی تھیں۔

میر نعمان کی ولادت ۹۷۷ھ سمرقند میں ہوئی، ولادت کے قبل ان کے والد ماجد نے حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا، انہوں نے فرمایا: تیرے ہاں ایک سعادت مند بیٹا پیدا ہوگا اس کا نام میرے نام پر (نعمان) رکھنا، جوانی کے ابتدائی دنوں میں امیر عبید اللہ بلخی عشقی کے پاس پہنچے اظہار عقیدت کیا، اور ان کی ہدایت پر ہندوستان میں وارد ہوئے۔ توفیق کے رہنما نے حضرت خواجہ محمد باقی قدس سرہٗ کے آستانہ پر پہنچا دیا، خواجہ نے ان پر لطف وکرم فرمایا اور طریقہ نقشبندیہ کے ذکر ومراقبہ سے نوازا، خواجہ صاحب نے حضرت میر کے حق میں فرمایا: یہ ہمارے جسم کا حصہ ہیں، میر نعمان نے فرمایا: اس کا مجھ پر ایسا اثر ہوا کہ میں جو بھی کام کرتا سوچ میں پڑ جاتا کہ یہ کام رضائے الٰہی کے موافق ہے یا نہیں چنانچہ میں ہر ہر قدم پر مرضیٔ حق کو تلاش کرتا کہ رضائے حق کے مطابق ہے کہ نہیں۔

جب حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے حضرت امام ربانی کو اجازت وخلافت عطا فرمائی اور اپنے جمہور اصحاب کو بھی ان کے سپرد کیا اور ان کی تربیت کرنے کا انہیں کفیل بنا دیا تو میر نعمان کو بھی فرمایا کہ ان کی خدمت کو سعادت جانتے ہوئے ان کی خدمت کو لازم پکڑو، میر صاحب نے پیر بھائی ہونے کی وجہ سے عرض کیا: میری توجہ کا قبلہ تو آپ کی درگاہ ہے، خواجہ قدس سرہٗ نے غصہ سے فرمایا: میاں شیخ احمد وہ آفتاب ہیں کہ جن میں ہم جیسے ہزاروں ستارے گم ہیں۔ میر نعمان نے اس کے بعد اعتقاد درست کیا اور امام ربانی کی خدمت میں پہنچے اور نیازمندی کا اظہار کیا اور عجز وانکسار ظاہر کیا تو انہوں نے فرمایا: ابھی آپ خواجہ صاحب کی خدمت میں ہی رہیں۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ کے انتقال کے بعد امام ربانی نے میر نعمان کو اپنے عقیدت مندوں کی صف میں شامل کر لیا اور تربیت کی آغوش میں لے لیا اور دہلی سے سرہند لے گئے۔

میر نعمان نے کئی سال آستانہ عالیہ پر گذارے۔ آپ کے تفصیلی حالات بڑی کتابوں میں درج ہیں وہاں مطالعہ فرمائیں۔

زبدہ مع الاختصار (صہ۴۵۴ تا صہ۴۶۹)

☆متن......بین السطور......معانی

☆ نیات ......حسنہ ۱۲......اچھی نیت میں ☆ کذا......چنین ۱۲......اس طرح، اس جیسا ☆ کذا......چنان ۱۲......اسکی مثل۔ اس

Marfat.com

جیسا☆ نہاد......طبیعت ۱۲......طبیعت، فطرت☆ لاطائل......بیفائدہ ۱۲......بے مقصد☆ خس......خاشاک ۱۲......کوڑا کرکٹ ،بیکار تنکے

(ص ۱۳۲) ۔ تفرقہ کا مطلب یہ ہے کہ دل کو بہت سے امور کے تعلق سے پراگندہ کرنا ۱۲

۱ قولہ ترسیدالخ ایک جماعت کہتی ہے کہ دل کا اطمینان دنیا کا سامان جمع کرنے میں ہے، لیکن ہمیشہ تفرقہ میں لگے رہتے ہیں، اور ایک گروہ یقین سے جانتا ہے کہ اسباب جمع کرنا تفرقہ کے اسباب میں سے ہے وہ تمام اسباب سے ہاتھ جھاڑ دیتے ہیں۔ بیت

(۱) چوں علت تفرقہ است اسباب جہاں — جمعیت دل زجمع اسباب مجوے

(۲) بدچوں تفرقہ است حاصل زہمہ — دل رابہ یکے سپار وبگسل زہمہ

(۳) ہر فکر کہ جز ذکر خدا وسوسہ است — شرمے زخدا بدار وایں وسوسہ چند

ترجمہ (۱) جب جہان کا سامان تفرقے کا سبب ہے تو دل کی جمعیت (سکون قلب) اسباب جمع کرنے میں تلاش نہ کر۔ (۲) اگر سب (اسباب) سے دل کی پراگندگی حاصل ہوتی ہے تو دل کو ایک کے سپرد کردے اور باقی سب کو چھوڑ دے (۳) ہر فکر جو ذکر خدا کے علاوہ ہے، وسوسہ ہے، خدا تعالیٰ سے شرم کر اور ان وسوسوں سے رہائی حاصل کر۔

۲ قولہ احوال الخ یعنی بعض اکابرین امت جو اربابِ غناد جاہ وغیرہ تھے ان کے احوال پر اپنے آپ کو قیاس نہیں کرنا چاہئے کیونکہ یہ سب حالات تمام مراتب مکمل کرنے کے بعد تھے ۱۲

۔ پس چاہئے کہ مرید اس قسم کی اجازت پر مغرور نہ ہو اور خود کو کاملوں میں شمار نہ کرے، اس کلام میں میر نعمان کی طرف اشارہ ہے ۱۲

۳ حضرت مولانا یعقوب چرخی حضرت خواجہ خواجگان بہاء الدین قدس سرہٗ کے کبار خلفا میں سے ہیں ظاہری اور باطنی علوم سے بہرہ ور تھے، آپ کا اصل وطن جرجند ہے جو ایک گاؤں ہے ملک غزنین کا، مولانا یعقوب نے فرمایا کہ حضرت خواجہ بزرگ نقشبند نے مجھ کو فرمایا کہ خواجہ علاالدین عطار کی صحبت اختیار کروں، خواجہ بزرگ قدس سرہٗ کے وصال کے بعد ان کی خدمت میں یعنی خواجہ علاء الدین کے ہاں رہا۔ مولانا یعقوب بعض احوال میں یہ شعر کہتے تھے:

چوغلام آفتابم ہمہ زآفتاب گویم — نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

ترجمہ: جب میں آفتاب کا غلام ہوں تو آفتاب کے حوالہ سے عرض کروں گا کہ، نہ میں شب ہوں نہ شب پرست ہوں کہ خواب کی بات کروں ۱۲ — اشحات بالاختصار

۱ ان کے حالات مختصراً مکتوب نمبر ۶ دفتر اول کے حاشیہ میں تحریر ہو گئے ہیں ۱۲

۴ مولانا عبدالرحمٰن بن احمد جامی بن محمد دشتی اصفہان کے داشت کی طرف نسبت ہے اور وہ محلے کا نام ہے، آپ ۲۳ شعبان ۸۱۷ھ عشاء کے وقت قصبہ جام میں پیدا ہوئے جو خراسان کے قصبات میں سے ہے عربی اور فارسی کے بہت بڑے ماہر تھے، دونوں زبانوں میں ان کی کثیر تصانیف موجود ہیں ان کی تعداد ۵۴ تک پہنچتی ہے جو علم اعداد کے حساب سے ان کے تخلص جامی کے عدد ہیں۔ بہت سے مشائخ صوفیہ کی صحبت میں رہے اور خاص طور سے حضرت سعد الدین کاشغری سے استفادہ کیا اور انہی سے طریقہ نقشبندیہ حاصل کیا، اور خواجہ عبیداللہ احرار سمرقندی سے بھی فیض حاصل کیا۔ آپ کا نسب شریف والدین کی طرف سے عالم ربانی امام محمد بن حسن شیبانی شاگرد امام اعظم رحمہما اللہ تک پہنچتا ہے۔ جب آپ کی عمر ۸۱ سال جو لفظ کاس کے عدد کو پہنچی تو موت آگئی آپ نے ۱۸ محرم ۸۹۸ھ میں وفات پائی، تاریخ وفات آیت قرآنی "وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا" سے نکلتی ہے۔ بعض نے اسکو نظم کیا ہے:

جامی کہ بود بلبل جنت بشوق رفت — فی روضۃ مخلدت ارضہا السماء

کلک قضا نوشت بدروازہ بہشت — تاریخہ ومن دخلہ کان امنا ۱۲

من ثمرات الحیات ۱۲ — لمصححہ سلمہ اللہ

ترجمہ: جامی جو بلبل جنت تھے شوق سے چلے گئے ہمیشہ رہنے والے باغ میں کہ اسکی زمین آسمان پر ہے، تقدیر کے قلم نے لکھ دیا کہ بہشت کے دروازہ سے (داخل ہو گئے) ان کی تاریخ وفات وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا (اور جو اس میں داخل ہو گیا امن میں ہو گیا) ہے۔

☆ صوری......جسدی ۱۲......جسمانی☆ اسباب جمعیت......ازاں وجاہ وریاست وزن وفرزند وغیرہ ۱۲......مال ودولت اور اقتدار و حکومت اور بیوی بچے وغیرہ☆ ایشان......این طائفہ علیہ ۱۲......یہ صوفیہ کی اعلیٰ جماعت☆ ماورائی......ماسوائے ۱۲......اس کے بغیر☆ اسباب......ازفقر ونامرادی ۱۲......مفلس اور ناکامی☆ پیش......این ہمہ ۱۲......یہ سب۔ ان سب کے سامنے☆ مراتب......سلوک ۱۲......راہ۔ طریقت☆ بعضی......مراتب ۱۲......بعض مرتبے اور درجات☆ حضرت......دلیل بر ماسبق ۱۲......اسکی دلیل جو پہلے گزرا☆ خواہی......عطار ۱۲......علاؤالدین عطار قدس سرہ☆ اکثر......مولانا یعقوب ۱۲......مولانا محمد یعقوب چرخی قدس سرہ☆ میشمارند......عطار ۱۲......حضرت علاؤالدین عطار قدس سرہ☆ مکررًا......این مضمون بشما ۱۲......تمہارا یہ مضمون☆ اعلیٰ......وضع فقرا ۱۲......فقرا اور اہل اللہ کا طریقہ☆ باسفل......نوکری ۱۲......ادنیٰ حالت☆ امر......حال ۱۲......اس کا حال

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

﴿ایک سو بیسواں مکتوب ۱۲۰﴾

یہ مکتوب بھی میر محمد نعمان بدخشی کی طرف صادر فرمایا.......... ارباب جمعیت کی صحبت کی ترغیب اور اس کے مناسب بیان میں۔

شاید کہ جناب میر صاحب نے فراموشی اختیار کر لی ہے کہ سلام و پیام سے بھی یاد نہیں فرماتے، فرصت بہت کم ہے، اس (فرصت) کو اعلیٰ ترین مقاصد میں صرف کرنا ضروری ہے، اور وہ (اعلیٰ مقصد) اربابِ جمعیت کی صحبت ہے، کیونکہ صحبت کے برابر کوئی چیز نہیں ہے۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو رسول اللہ ﷺ کی صحبت ہی کی وجہ سے انبیاء علیہم السلام کے علاوہ تمام غیر صحابہ پر فضیلت حاصل ہے خواہ اویس قرنیؒ ہوں یا عمر مروانیؒ (یعنی حضرت عمر بن عبدالعزیز) ہی کیوں نہ ہوں۔ حالانکہ یہ دونوں حضرات حضور ﷺ کی صحبت کے علاوہ تمام درجات کی نہایت اور تمام کمالات کی غایت تک پہنچے ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خطا آنحضرت ﷺ کی صحبت ہی کی برکت کی وجہ سے ان دونوں کے صواب سے بہتر ہے اور حضرت عمرو بن العاصؓ کا سہو ان دونوں کے صواب سے افضل ہے کیونکہ ان بزرگواروں کو ایمان، رسول اللہ ﷺ کی شرفِ زیارت، فرشتہ کی حاضری اور وحی کے مشاہدہ کرنے اور معجزات دیکھنے کی وجہ سے شہودی ہو چکا تھا، اور ان (صحابہؓ) کے سوا کسی اور کو اس قسم کے کمالات جو تمام کمالات کے اصول ہیں نصیب نہیں ہوئے۔ اور اگر حضرت اویس قرنیؒ کو معلوم ہوتا کہ صحبت کی فضیلت میں یہ خاصیت ہے تو ان کی صحبت سے کوئی چیز مانع نہ ہوتی اور وہ اس فضیلت پر کسی چیز کو ترجیح نہ دیتے۔ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط (بقرہ ۲ آیت ۱۰۵) اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کیلئے جس کو چاہتا ہے مخصوص کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے)۔ بیت

سکندر را نمی بخشند آبے   بزور و زر میسر نیست ایں کار

(نہیں نصیبِ سکندر کبھی بھی آبِ حیات   اُسے دلائے گئے کیوں اس کی دولت و قوت؟)

بارِالٰہا! اگر چہ تو نے ہم کو صحابہ کرامؓ کے زمانے میں پیدا نہیں فرمایا مگر ہم کو بطفیل سید المرسلین علیہ والصلوات والتحیات والتسلیمات قیامت کے دن انہی کے زمرے میں محشور فرمائیو۔ والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ ۱۲۳﴾ ۱ قولہ مانا کی الخ بمعنی شبیہ و نظیر اور مانند ہونے والا، تحقیق اور شاید کے معنی بھی ہوتے ہیں، ہمانا یعنی غرور وغیرہ ۱۲

۲ دراہم الخ یعنی اعلیٰ ترین مقاصد میں اور نہایت ضروری مرادوں میں ۱۲

۳ صحبت کے برابر کوئی چیز نہیں، چاہے کوئی ہی چیز ہو، آپ کو معلوم نہیں کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و بارک کی صحبت ہی کی وجہ سے انبیا علیہم السلام کے علاوہ تمام غیر صحابہ پر فضیلت حاصل ہے خواہ اویس قرنی ہوں یا عمر مروانی (یعنی عمر بن عبدالعزیز) ہی کیوں نہ ہوں، حالانکہ یہ دونوں حضرات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کے علاوہ تمام اعلیٰ درجات اور تمام کمالات کی انتہا تک پہنچے ہوئے تھے، یہی وجہ ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی خطا آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت ہی کی برکت کی وجہ سے ان دونوں کی درستی سے بہتر ہے، اور حضرت عمرو بن العاص کا سہو ان دونوں کے صواب سے افضل ہے کیونکہ ان بزرگواروں کا ایمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے شرف، فرشتہ کی حاضری، وحی کے مشاہدہ کرنے اور معجزات کے دیکھنے کی وجہ سے شہودی ہو چکا تھا اور ان (صحابہ) کے سوا کسی اور کو اس قسم کے کمالات جو تمام کمالات کے اصول ہیں نصیب نہیں ہوئے، اور اگر حضرت اویس قرنی کو معلوم ہوتا کہ صحبت کی فضیلت میں یہ خاصیت ہے تو ان کو صحبت سے کوئی چیز مانع نہ ہوتی اور وہ اس فضیلت پر کسی چیز کو ترجیح نہ دیتے (ارشاد ربانی ہے) اور اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے لئے جس کو چاہتا ہے مخصوص کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے (بقرہ آیت ۱۰۵) اے اللہ اگر چہ تو نے ہم کو صحابہ کرام کے زمانے میں پیدا نہیں فرمایا مگر ہم کو بطفیل سید المرسلین علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات والتسلیمات قیامت کے دن انہی کے زمرے میں محشور فرمائیو ۱۲ والسلام

Marfat.com

☆متن......بین السطور......معانی

☆ماناکہ......شاید ۱۲......شاید☆یسیر......اندک ۱۲......

ایک سو اکیسواں مکتوب ﴿۱۲۱﴾

یہ مکتوب بھی میر محمد نعمان کی طرف صادر فرمایا..........اس بیان میں کہ اس راستہ (راہِ طریقت) کے سات قدم مقرر ہیں اور بعض احباب چھ قدم تک پہنچ چکے ہیں۔

جناب میر صاحب! ہر وقت بے شمار دعائیں آپ کے شاملِ حال ہوں۔ مدت سے آپ نے اپنے حالات کے متعلق کچھ اطلاع نہیں دی اور نہ ہی یہاں کے فقراء کی خبر گیری فرمائی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَالْمِنَّةُ کہ یہاں کے فقراء خوش حال ہیں، مختصر طور پر یہ کچھ عرض ہے۔

اے محبت کے نشان والے! اس سلوک (طریقت) کا راستہ سات قدم مقرر ہو چکا ہے دوستوں کی ایک جماعت نے اپنے کام کو چھ قدم پر ہی مکمل کر لیا ہے اور بعض صرف پانچ قدم پر، اور ایک جماعت نے چار قدم اور ایک نے صرف تین قدم پر اپنے اپنے درجات کے مطابق منزلِ مقصود کو پہنچ گئے۔ اور تیسرے قدم والے بھی لوگوں کو اس راستہ کی تعلیم دے سکتے ہیں تو پھر کیا (اچھا) حال ہے اس جماعت کا جو اُن سے آگے جا چکی ہے وہ (تو بدرجۂ اولیٰ) اس راستہ کی تعلیم دے سکتی ہے (البتہ) ان کاموں کیلئے بلند ہمتی کی ضرورت ہے تاکہ معمولی اور کم درجہ کی چیزوں پر اکتفا نہ کر بیٹھیں۔ اس سے زیادہ لکھنے کے لئے وقت کی گنجائش نہیں ہے۔ والسّلام

﴿حاشیہ متن﴾

ے ان کے حالات میں سے تھوڑے سے ۱۲

ا ان اقدام کی تفصیل مکتوب نمبر ۱۱۵ میں قریب ہی گذری ہے ۱۲

۲ نقیر کھجور کی گٹھلی کا گڑھا جو اسکی پشت پر شگاف کی طرح ہوتا ہے اس سے حقیر چیز اور بہت کم مراد ہے ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

﴿صہ ۱۲۴﴾ ☆مُرَفّہ......از رفاہیت در فاہیت بمعنی آسانی و فراخ عیش شدن ۱۲......مُرَفّہ، رفاہیت سے بنا ہے اور رفاہیت کا معنی تن آسانی اور عیش و آرام ہے☆ الاحوال......خوش حال ۱۲......اچھی حالت☆ افادہ......تعلیم ۱۲......علم سکھانا

ایک سو بائیسواں مکتوب

ملا طاہر بدخشی کے نام صادر فرمایا..........بلند ہمتی کی ترغیب میں اور جو کچھ ہاتھ آجائے اس سے بے التفاتی کرنے کے بیان میں۔

مولانا محمد طاہر (خط کا جواب دینے میں) ہم کو معذور جانیں، مولانا یار محمد (ہماری معذوری) نقل و حرکت کی وجہ بتا دیں گے.......... جب آپ نے ہندوستان کی جانب سفر کا مصمم و پختہ ارادہ کر لیا ہے تو چلے جائیں اور اہل و عیال کی خبر گیری کریں۔ اَلْبَاقِیْ عِنْدَ التَّلَاقِیْ (بوقت ملاقات) مثل مشہور ہے۔.......... (حق تعالیٰ کی) دائمی حضوری رکھنا اور اغیار

Marfat.com

کے میل جول سے پرہیز ضروری ہے، اور ہمت کو بلند رکھیں، جو کچھ ہاتھ آئے اس میں مشغول نہ ہو جائیں (بلکہ آگے بڑھنے کی کوشش کریں) بیت

ما از پے نورے کہ بود مشرقِ انوار از مغربی و کوکب و مشکوٰۃ گذشتیم

(ہیں پیشِ نظر اب تو فقط طیبہ کے انوار منقول بھی معقول بھی سب دیکھ چکا ہوں)

اس زمانے کے اکثر فقراء سیراب ہو جانے اور کفایت کے مقام پر ٹھہر گئے ہیں۔ (آگے ترقی نہیں کر رہے) اُن کی صحبت زہرِ قاتل ہے: فِرَّ مِنھُم کَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ (ان سے اس طرح بھاگو جیسا کہ شیر سے بھاگتے ہیں) اپنے طریقے پر کاربند رہیں اور جو کچھ واقعات پیش آئیں ان کا اعتبار نہ کریں کیونکہ تاویل کی گنجائش کا میدان بہت فراخ و وسیع ہے۔ ہرگز خواب وخیال کے مکر میں نہ پھنسیں۔ شعر

کَیْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰی سُعَادَ وَدُوْنَھَا قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَھُنَّ خُیُوْفُ

(کیسے پہنچوں سعاد تک اے کعبؓ کس قدر خوف ناک راہیں ہیں!)

﴿حاشیہ متن﴾

﴿صہ۱۲۴﴾ ۳ قولہ ملا طاہر بدخشی شروع میں فوج میں ملازم تھے ایک مرتبہ جب فوج ایک قلعے کی فتح پر متوجہ تھی تو اس سفر کے راستے میں ایک رات آپ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضرت صدیق اکبر، خلفائے راشدین اور دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی ساتھ تھے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے شیخ سے فرمایا کہ اس سفر کے اختتام پر تم اس فوج سے علیحدہ ہو جاؤ اور فقر و تجرید اختیار کرو۔ اس سفر سے واپسی پر آپ نے ایسا ہی کیا اور کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اس بزرگ نے آپ کو فرمایا تمہارا حصہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں معلوم ہوتا ہے اور دہلی و لاہور کی طرف جانے کا اشارہ فرمایا، اس لئے انہوں نے ادھر کا قصد کیا لیکن ان کے دہلی پہنچنے سے چند روز قبل ہی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ کا وصال ہو چکا تھا آپ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ (جو خواجہ باقی باللہ کے بڑے جانشین تھے) کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور آپ کے آستانہ عالیہ کو لازم پکڑا اور اپنا حصہ حاصل کیا۔ مدت تک خلوتوں اور جلوتوں میں ہمیشہ حضرت سید کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کا مشاہدہ کرتے رہے۔ حضرت امام ربانی نے آپ کو تعلیم طریقہ کی اجازت دے کر جونپور روانہ کر دیا۔ الی اخر احوالہ المسطورت فی کتب القوم ۱۲ از زبدہ (صہ۴۹۵)

ے قولہ انتقال، یعنی ہماری نقل وحرکت ۱۲

صہ مِشکوت، میم کی زیر سے، بڑا طاق جس میں چراغ اور قندیل رکھتے ہیں ۱۲ غث

۴ قولہ رَیّ ریر زبر اور زیر اوری پر شد ہے، سیراب ہونا۔ اکتفا بمعنی کفایت کرنا اور قناعت اختیار کرنا ۱۲

۵ قولہ اقامت دارند یعنی ترقی نہ چاہنے والے اور بلند ہمت بھی نہیں رکھتے بلکہ جو کچھ ان کے ہاتھ آ جائے اسی میں مشغول ہو جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ارشاد رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا (میرے رب میرا علم زیادہ کر دے) پر عمل نہیں کرتے، کیا وہ نہیں جانتے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: مَنْھُوْمَانِ لَا یَشْبَعَانِ، مَنْھُوْمٌ فِی الْعِلْمِ لَا یَشْبَعُ مِنْہُ وَمَنْھُوْمٌ فِی الدُّنْیَا لَا یَشْبَعُ مِنْھَا یعنی دو قسم کے حریص سیر نہیں ہوتے ایک علم کا حریص سیر نہیں ہوتا، جس قدر بھی علم حاصل کرلے اس کی پیاس بڑھ جاتی ہے، دوسرا دنیا کا حریص سیر نہیں ہوتا، کسی درجے میں بھی اس سے سیر نہیں ہوتا ۱۲

۶ ان فقراء سے ایسے بھاگو جس طرح شیر سے بھاگتے ہو ۱۲

۷ قولہ سُعاد، غُراب کے وزن پر ہے، یہ محبوبہ کا نام ہے، خُیُوف، پہلے دونوں حروف پر پیش ہے، یہ خَیف (خا کی زبر سے) کی جمع ہے، پانی کے بہنے کی جگہ سے بلند جگہ اور پہاڑ سے نیچی، ہر اونچی نیچی جگہ جو پہاڑ کے دامن میں ہوتی ہے یعنی سُعاد (محبوبہ) تک کیسے پہنچا جا سکتا ہے اس کے سامنے بہت سے پہاڑ ہیں اور بہت بلندیاں ہیں اور بستیاں ہیں، حاصل یہ ہے کہ اس تک پہنچنا بہت دشوار ہے ۱۲

ے قولہ گول، گاف پر پیش ہے اور واو مجہول ہے، بیوقوف، نادان اور احمق، مکر و فریب کے معنی بھی ہوتے ہیں ۱۲

☆متن......بین السطور......معانی

☆ مستحکم......پختہ و محکم ۱۲......پختہ و مضبوط ☆ احضار......قلب بحق تعالیٰ ۱۲......اللہ تعالیٰ کی حضوری۔ حضورِ قلب ☆ لابد......ضروری ۱۲......ضروری، یقینی ☆ کوکب......ستارہ ۱۲......ستارہ ☆ وسیع......فراخ ۱۲......کشادہ

Marfat.com

باب اوّل: احادیث

فصل اوّل (عربی متن)

(۱۵) آنسرورفرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسلام: **خیر الھدی ھدیٰ محمدٍ ﷺ** (دفتر اول-مکتوب ۴۱)

یہ ایک صحیح حدیث کا مقتبس ہے کہ جسے امام مسلم علیہ الرحمۃ نے اپنی صحیح میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے: حدثنی محمد بن المثنیٰ قال نا عبد الوھاب بن عبد المجید عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر بن عبد اللہ قال کان رسول اللہ ﷺ اذا خطب احمرت عیناہ و علا صُوتُہ، و اشتدّ غضبہ، حتیٰ کانّہ، مُنذِرُ جیش یقول صَبّحکم مَسّاکم و یقول بعثت انا والساعۃ کھاتین و یقرن بین اصبعیہ السبابۃ و الوسطیٰ ویقول: اما بعد فانّ خیر الحدیث کتاب اللہ و خیر الھدیِ ھدیُ محمدٍ ﷺ و شر الامور محدثاتھا و کل بدعۃ ضلالۃٌ-۱۰۲۔

اور امام ابن ماجہ نے اپنی سنن میں روایت کیا ہے کہ: حدثنا سوید بن سعید و احمد بن ثابت الجحدری قالا ثنا عبد الوھاب الثقفی عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر بن عبد اللہ قال------ثم یقول ﷺ امّا بعد فان خیر الامور کتاب اللہ و خیر الھدیِ ھدیُ محمدٍ ﷺ و شَر الامور محدثاتھا و کلّ بدعۃ ضلالۃ-۱۰۳۔

(۱۶) فرمودہ علیہ الصلوٰۃ والسلام **"ادّبنی ربّی فاحسن تادیبی"**

(دفتر اوّل مکتوب ۴۱)

اس حدیث کو علامہ عین القضاۃ ہمدانی: تمھید ات، حضرت علی ہجویری: کشف المحجوب، ابوحفص سہروردی: عوارف المعارف، امام غزالی: روضۃ الطالبین، سید حسین واعظ کاشفی: تفسیر حسینی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا-۱۰۴۔

البتہ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفتوحات مکیہ" میں فرمایا: "قال رسول اللہ ﷺ: اِنّ اللہ ادّبنی فحسن تادیبی" ۱۰۵۔ لیکن کسی نے مخرج بیان نہیں کیا جبکہ امام ابوسعید السمعانی نے اسے اپنی کتاب "ادب الاملاء والاستملاء" میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (انّ اللہ ادّبنی فاحسن تادیبی) روایت کیا۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں: "أخبرنا ابو المعالی عبد الکریم بن عبید اللہ الطائی باسفر این انا ابو القاسم الفضل بن

۱۰۲۔ صحیح مسلم، جلد اول، صفحہ ۲۸۴،۲۸۵-کتاب الجمعہ-فصل: خطبہ الجمعہ

۱۰۳۔ سنن ابن ماجہ، جلد اول، صفحہ ۱۷: مقدمہ-باب اجتناب البدع و الجدل-حدیث: ۴۵

۱۰۴۔ تمھیدات، صفحہ ۱۷۴، بیان ۲۳۱-اصل ثامن (۸)-اسرار القرآن و حکمت خلقت انسان +صفحہ ۲۷۴، بیان ۳۵۹-الاصل العاشر (۱۰): حقیقت آسمان و زمین الخ +ھجویری، حضرت علی المعروف داتا گنج بخش متوفی ۴۶۵ ھ کشف المحجوب فارسی-با اہتمام احمد ربانی-پاکستان ریلوے سروس، لاہور-۱۹۶۸ء-صفحہ ۳۶۹، باب المشاہدہ-فصل: کشف الحجاب التاسع فی الصحبۃ مع آدابہا و احکامہا + السہروردی، ابو حفص، شہاب الدین، عمر بن محمد (۵۳۹ھ--۶۳۲ھ) عوارف المعارف: (دارالمعرفۃ للطباعۃ و النشر، بیروت لبنان) صفحہ ۱۴۹، باب ۳۱، (ذکر الادب و مکانہ فی التصوف) + غزالی، ابو حامد، محمد بن محمد: (متوفی ۵۰۵ھ)-روضۃ الطالبین و عمدۃ السالکین (دارالنّھضۃ الحدیثیۃ-بیروت، لبنان) صفحہ ۱۷-باب: ۲ (بیان الادب) +تفسیر حسینی سورۃ طہ-پارہ ۱۶-رکوع ۲-آیت ۱۱۴- (وقل رّبّ زدنی علما) کی شرح +مدارج النبوۃ-جلد اول-صفحہ ۱۳-باب اول در بیان حُسن خلقت و جمال صورت وی ﷺ، بیان فصاحت-

۱۰۵۔ ابن العربی، ابو عبد اللہ، محمد بن علی الحاتمی الطائی (المتوفی ۶۳۸ھ)-الفتوحات المکیۃ (دار الکتب العربیۃ الکبریٰ-مصر) جلد اول، صفحہ ۳۹۳، باب: ۶۹ (معرفۃ اسرار الصلوٰۃ وعمومہا) فصل بل وصل فی وقت العصر

Marfat.com

ابی حرب الجرجانی بنیشابور انبانا ابو عبد الرحمٰن محمد بن الحسین السلمی انا ابو الفتح یوسف بن عمر الزاهد ببغداد من کتابه ثنا ابو بکر بن جعفر ثنا عمر بن عبد اللّٰہ البجرانی ثنا صفوان بن مغلس --الخ ----نی- ثنا محمد ابن عبد اللّٰہ عن سفیان الثوری عن الاعمش قال قال رسول اللّٰہ ﷺ :انّ اللّٰہ ادّبنی فاحسن ادبی-ثم امرنی بمکارم الاخلاق فقال خذ العفو وامر بالمعروف "۱۰۶"۔

علامہ زرکشیؒ نے اپنی کتاب "اللالی المنثورة فی الاحادیث المشھورة" میں بلفظ (ادبنی ربی فاحسن تادیبی) ذکر کیا۔اور بعد ازاں اس کی تخریج کرتے ہوئے فرمایا:

"معناه صحیح ایضاً -لکنه لم یات من طریق یصحّ-و قد ذکره ابن الجوزی فی الاحادیث الواهیة فی ذیل حدیث وفد بنی نهد و ضعّفه-فقال:هو حدیث لا یصحّ ،فی اسناده ضعفاء ومجاهیل-واسنده سبطه العلامة شمس الدین یوسف من حدیث علی ابن ابی طالب بطوله ،فی کتاب (مرآة الزمان) واخرجه بطرق کلها تدور علی السدی عن ابی عمارة الحیوانی عن علی بن ابی طالب و فیه :فقال علی رضی الله عنه:یا رسول اللّٰہ ﷺ انّك تکلم الوفود بکلام او بلسان لا نفهم اکثره -فقال :انّ اللّٰہ ادّبنی فاحسن تادیبی و نشات فی بنی سعد بن بکر ،فقال له عمرؓ: یارسول اللّٰہ ﷺ کلنامن العرب فما بالك افصحنا ؟فقال: اتانی جبریل بلغة اسمٰعیل و غیرها من اللغات ،فعلّمنی ایّاه"

قال السبط :والسدی اسمه اسمٰعیل بن عبد الرحمٰن -کان اماماً فی کل فن -وعنه نقل التفسیر والقصص وغیرها -وقد ذکره جدی فی زاد المسیر و عامة کتبه و کذا عامة العلماء و وثّقه الترمذی فی کتاب السنن و قد تکلّم علیٰ هذا الحدیث :

الاصمعی و ابو عمرو ابن العلاء والازهری و صحّحه ابو الفضل ابن ناصر و تکلّم علیه و جعله من معجزات نبیّنا ﷺ و ختم به جری کتابه المسمّیٰ "المنتخب"ثم تکلّم علیه و شرح الفاظه -قلت : واخرجه الامام ابو سعید السمعانی فی کتاب "ادب الاملاء"

من جهة صفوان بن مغلس الحبطی بن محمد بن عبد اللّٰہ عن سفیان الثوری عن الاعمش قال :قال رسول اللّٰہ ﷺ "انّ اللّٰہ ادّبنی فاحسن ادبی ،ثم امرنی بمکارم الاخلاق -فقال (خذ العفو وامر بالمعروف)الآیة"-۱۰۷۔

امام سخاوی نے اپنی کتاب "المقاصد الحسنة" میں حدیث بلفظہ ذکر کرنے کے بعد فرمایا:"العسکری فی الامثال من جهة السدی عن ابی عمارة عن علی رضی الله عنه قال :قدم بنو نهد بن زید علی النبی ﷺ فقالوا اتیناك من غوری تهامة و ذکر خطبتهم وما اجابهم به النّبی ﷺ قال: فقلنا یا نبی اللّٰہ؟ نحن بنو أبٍ واحدٍ ونشانا فی بلد واحدٍ وانّك لتکلّم العرب بلسان ما نفهم اکثره فقال :"انّ اللّٰہ عزّ و جلّ ادّبنی فاحسن ادبی ونشات فی بنی سعد بن بکر"

وسنده ضعیف جدا -وان اقتصر شیخنا علی الحکم علیه بالغرابة فی بعض فتاواه -ولکن معناه صحیح-

و کذا جزم ابن الاثیر بحکایة فی خطبة النهایة وغیرها ،لاسیما وفی تاریخ اصبهان لابی نعیم بسند ضعیف ایضاً من حدیث ابن عمر رضی الله عنهما :قال قال عمر یا نبی اللّٰہ ما لك افصحنا ؟فقال النّبی ﷺ جاء نی جبریل فَلَقَّنَنِیْ ۲۲۲۱ لغة ابی اسمٰعیل-

---

۱۰۶۔ :عبد الکریم بن محمد السمعانی -(متوفی ۵۶۲ھ)-"ادب الاملاء والاستملاء "باعتناء :میکس و سویلر-طبع فی مدینة لیدن المهروسة -بمطبعة بریل ۱۹۵۳ء)-صفحه اول ،مقدمة

۱۰۷۔ : الزرکشی ،ابو عبد اللّٰہ محمد بن عبد اللّٰہ (۷۴۵ھ--۷۹۵ھ)اللآلی المنثورة فی الاحادیث المشهورة (دار الکتب العلمیة -بیروت، لبنان -الطبعة الاولیٰ (۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء)صفحه ۱۶۰ -باب ۵ :الفضائل- حدیث ۲-

بہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

بل اخرج ابو سعد بن السمعانی فی ادب الاملاء بسند منقطع فیه من لم اعرفه عن عبد اللہ اظنّه ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ انّ اللہ ادبنی فاحسن تادیبی، ثم امرنی بمکارم الاخلاق فقال خذالعفو وامر بالمعروف واعرض عن الجھلین -

ولثابت السرقسطی فی الدلائل بسند واہ من حدیث جد محمد بن عبد الرحمٰن الزھری، قال: قال رجل من بنی سلیم للنبی ﷺ: یا رسول اللہ ﷺ ایدا لک الرجل امراته، قال نعم، اذا کان ملفجاً، قال: فقال له ابو بکرؓ یا رسول اللہ ﷺ ما قال لک ؟ قال: قال لی ایما طل الرجل امراته، قلت: نعم، اذا کان مفلساً، قال: فقال ابو بکرؓ ما رایت افصح منک، فمن ادّبک یا رسول اللہ ﷺ؟ قال ادّبنی ربی و نشاتُ فی بنی سعد - و بالجملة فھو کما قال ابن تیمیة لا یعرف له اسناد ثابت۱۰۸؎

علامہ سیوطیؒ اپنی کتاب ''الدرر المنتثرة'' میں لکھتے ہیں: و اخرج ابن عساکر من طریق محمد بن عبد الرحمٰن الزھری عن ابیه عن جدّہ انّ ابا بکر قال یارسول اللہ ﷺ لقد طفت فی العرب و سمعت فصحاء ھم فما سمعت افصح منک فمن ادّبک ؟ قال ''ادّبنی ربی و نشاتُ فی بنی سعد -- انتھیٰ - ۱۰۹؎

علامہ سیوطی نے اپنی کتاب ''الجامع الصغیر'' میں اسے بلفظ مجدد علیہ الرحمۃ (ادبنی ربی فاحسن تادیبی) ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابن سمعانی نے ادب الاملاء میں روایت کیا۔۱۱۰؎

پھر آپ نے اسے صحیح حدیث قرار دیا۔۱۱۱؎

علامہ مناوی ''کنوز الحقائق'' اور علامہ علی متقی نے ''کنز العمال'' میں ابن سمعانی کے حوالے سے بلفظہ ذکر کیا۔۱۱۲؎

اور علامہ نبہانی نے اپنی کتاب ''حجۃ اللہ علی العٰلمین'' میں فرمایا: عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ: ادّبنی ربی فاحسن تادیبی (رواہ ابن سمعانی)۔۱۱۳؎

(۱۷) فرمودند: ''رجعنا من الجھاد الاصغر الی الجھاد الاکبر''

(دفتر اول مکتوب ۴۱)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے دفتر دوم میں بھی ذکر کیا (مکتوب ۵۰ دفتر دوم) اور حدیث قرار دیا۔ البتہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حضرت ابراہیم بن ابی عبلہ کا قول قرار دیا۔ چنانچہ علامہ سیوطی اپنی کتاب ''الدرر المنتثرة'' میں لکھتے ہیں کہ:

''رجعنا من الجھاد الاصغر الی الجھاد الاکبر، قالوا و ما الجھاد الاکبر - قال جھاد القلب - قال الحافظ ابن حجر فی تسدید القوس ھو مشھور علی الالسنة و ھو من کلام ابراھیم بن ابی عبلة''۱۱۴؎

علامہ سید حسین واعظ کاشفی نے ''تفسیر حسینی'' میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا لیکن مخرج بیان نہیں کیا۔۱۱۵؎

۱۰۸؎ : السخاوی، ابو الخیر محمد بن عبد الرحمٰن (المتوفی ۹۰۲ھ)۔ ''المقاصد الحسنة فی بیان کثیر من الاحادیث المشتھرة علی الالسنة''۔(دارالکتب العلمیة، لبنان ۔ ۱۳۹۹ھ ۔ ۱۹۷۹ء) حرف الالف، حدیث ۴۵ ۔

۱۰۹؎ : السیوطی ۔ جلال الدین ۔ عبد الرحمٰن (۸۴۹ھ ۔ ۹۱۱ھ) ۔ ''الدرر المنتثرة ''علیٰ حاشیة الفتاویٰ الحدیثیة ۔ (مصطفیٰ البابی الحلبی و اولادہ ۔ مصر ۔ الطبعة الاولیٰ ۱۳۵۶ھ ۔ ۱۹۳۷ء) صفحہ ۱۶ ۔

۱۱۰؎ : الجامع الصغیر، جلد اول، صفحہ ۱۱، حرف الالف ۔

۱۱۱؎ : ایضاً

۱۱۲؎ : کنوز الحقائق جلد اول ۔ صفحہ ۱۱ ۔ حرف الالف + کنز العمال جزو ۱۱ ۔ صفحہ ۴۰۶ ۔ کتاب الفضائل ۔ باب اول ۔ فصل ثالث، حدیث ۳۱۸۹۵ ۔

۱۱۳؎ : النبھانی، یوسف بن اسمٰعیل (۱۲۶۵ھ ۔ ۱۳۵۰ھ) ''حجة اللہ علی العٰلمین فی معجزات سید المرسلین'' (المکتبة النوریة الرضویة لائلپور) صفحہ ۳۱ ۔ مقدمہ ۔ بحث ثانی ۲ ۔ بیان الاحادیث الاربعین، حدیث ۱۹ ۔

۱۱۴؎ : الدرر المنتثرة، حرف الرا ۔ صفحات ۱۹۷، ۱۹۸

Marfat.com

علامہ بایزید انصاریؒ نے ''مقصود المومنین'' میں فرمایا: روی عن علی کرّم اللہ وجہہ: لمّا رجعنا من غزوۃ خیبر قال النبی ﷺ: رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر، قیل لہ: ما الجہاد الاکبر یا رسول اللہ ﷺ؟ قال: انّہ جہاد النّفس۔۱۱۶ ؎

علامہ شہاب الدین سہروردی اپنی کتاب ''عوارف المعارف'' میں لکھتے ہیں: کان یقول رسول اللہ ﷺ: ''رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر''۱۱۷ ؎

امام غزالی اپنی کتاب ''احیاء علوم الدین'' میں بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم سے موقوفاً روایت کرتے ہیں کہ: قال بعض الصّحابۃ: رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر۔۱۱۸ ؎

لیکن ایک دوسرے مقام پر مرفوعاً بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا: قولہ ﷺ: رجعنا من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر۔۱۱۹ ؎

اور علامہ عراقیؒ نے تخریج احیاء میں فرمایا: ''اخرجہ البیہقی فی الزّہد من حدیث جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ و قال ہٰذا اسناد فیہ ضعف''۱۲۰ ؎

البتہ امام بیہقیؒ نے اپنی کتاب ''الزہد الکبیر'' میں فرمایا: ''اخبرنا علی بن احمد بن عبید انبأنا احمد بن عبید ثنا تمتام ثنا عیسی بن ابراہیم ثنا یحیٰ بن یعلیٰ عن لیث عن عطاء عن جابر قال: قدم علی رسول اللہ ﷺ قوم غزاۃ فقال ﷺ قدمتم خیر مقدم من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر، قالوا و ما الجہاد الاکبر؟ قال مجاہدۃ العبد ہواہ''۱۲۱ ؎

بعد ازاں بیہقیؒ فرماتے ہیں: ''ہذا اسناد ضعیف''۱۲۲ ؎

اور علامہ خطیب بغدادی اپنی تاریخ میں روایت کرتے ہیں کہ: اخبرنا واصل بن حمزۃ فی سنۃ خمسین و اربعمائۃ، اخبرنا ابو سہل عبد الکریم بن عبد الرحمٰن بن محمد بن احمد بن سلیمان ببخاری۔ حدثنا خلف بن محمد بن اسمٰعیل الخیام حدثنا ابو عبد اللہ محمد بن حاتم بن نعیم حدثنا ابی اخبرنا عیسیٰ ابن موسیٰ عن الحسن۔ ہو ابن ہاشم۔ عن یحیٰ بن العلاء قال حدثنا لیث عن عطاء بن ابی رباح عن جابر قال قدم النّبی ﷺ من غزاۃ لہ فقال لہم رسول اللہ ﷺ: قدمتم خیر مقدم و قدمتم من الجہاد الاصغر الی الجہاد الاکبر، قالو و ما الجہاد الاکبر؟ یارسول اللہ ﷺ قال: مجاہدۃ العبد ہواہ۔۱۲۳ ؎

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی کتاب ''الجامع الصغیر'' میں بلفظ خطیب انہیں کے حوالے سے بیان کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔۱۲۴ ؎ یہ حدیث ضعیف ہے۔

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ۱۱۵ ؎ : تفسیر حسینی، سورۃ الحج، رکوع ۱۰، آیت ۷۸ (وجاہدوا فی اللّٰہ حق جہادہ)

۱۱۶ ؎ : مقصود المومنین، صفحات ۳۵۴، ۳۵۵، فصل ۲۱، بیان العلم و معرفۃ السکونۃ و فضیلتہا و راحتہا۔

۱۱۷ ؎ : عوارف المعارف: صفحہ ۱۶۵۔ باب ۳۷ (وصف الصلاۃ اہل القرب) ۳/۲۱۲، ۲۲۲ بر حاشیہ احیاء

۱۱۸ ؎ : احیاء علوم الدین: جلد ۲۔ صفحہ ۳۴۳/۲۴۴۔ کتاب آداب العزلۃ، باب ۲۔ بیان: آفات العزلۃ۔ الفائدۃ السابعۃ ۷: التجارب

۱۱۹ ؎ : ایضاً۔۔ جلد ۳، صفحہ ۷، کتاب شرح عجائب القلب۔ بیان: امثلۃ القلب مع جنودہ الباطنۃ۔

۱۲۰ ؎ : ایضاً۔۔۔ بر حاشیہ

۱۲۱ ؎ : بیہقی، احمد بن حسین۔ متوفی سنہ ۴۸۵ھ: کتاب الزہد الکبیر (حقّقہ و علق علیہ دکتور تقی الدین۔ دار التعلیم کویت۔ الطبعۃ الثانیۃ۔ سنہ ۱۴۰۳ھ / سنہ ۱۹۸۳ء) صفحہ ۱۹۵، حدیث ۳۷۴/۳۷۵۔

۱۲۲ ؎ : ایضاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۲۳ ؎ : الخطیب البغدادی، ابو بکر احمد بن علی (المتوفی ۴۶۳ھ) تاریخ بغداد او مدینۃ السلام (دار الکتب العربی۔ بیروت۔ لبنان) جلد ۱۳، صفحہ ۴۹۳۔ بیان: واصل بن حمزۃ، الصوفی، حدیث ۷۳۴۵۔

۱۲۴ ؎ : الجامع الصغیر جلد ۲۔ صفحہ ۸۵۔ حرف القاف۔

Marfat.com

(۱۸) " قال علیه الصلوٰة و السلام :نحن الآخرون و نحن السابقون یوم القیامة و انّی قائل قولاً غیر فخر"

(دفتر اول مکتوب ۴۴)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات کو امام داریؒ نے اپنی سنن میں حضرت عمر بن قیسؓ سے مرفوعاً ایک طویل حدیث میں روایت کیا۔ چنانچہ آپؒ لکھتے ہیں: اخبرنا عبد اللہ بن صالح حدثنی معاویة بن عروة بن رویم عن عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال :انّ اللہ ادرک بی الاجل المرحوم و اختصر لی اختصاراً ۔فنحن الآخرون و نحن السابقون یوم القیامة و انی قائل قولاً غیر فخر ۔ابراہیم خلیل اللہ و موسیٰ صفی اللہ و انا حبیب اللہ و معی لواء الحمد یوم القیامة و انّ اللہ عزّ و جلّ وعدنی فی امتی و اجارہم من ثلاث لا یعمہم بسنة و لا یستاصلہم عدو و لا یجمعہم علی ضلالة ۔۱۲۵ ؎

امام بغویؒ نے اسے ''مصابیح السنۃ'' میں بذیل ''احادیث حسان'' ذکر کیا۔۱۲۶ ؎

اور خطیب تبریزیؒ نے مشکوٰۃ المصابیح میں فرمایا: رواہ الدارمی۔۱۲۷ ؎

جبکہ امام بخاری اور مسلم رحمۃ اللہ علیہما نے اپنی صحیحین میں حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ایک مرفوع حدیث میں زیرِ تحقیق حدیث کا صدرِ اول (نحن الآخرون و نحن السابقون یوم القیامة) بیان کیا۔

چنانچہ امام مسلمؒ فرماتے ہیں: حدثنا ابن أبی عمر قال نا سفیان عن ابی الزنا د عن الاعرج عن ابی ہریرة رضی اللہ عنه و ابن طاؤس عن ابیه عن ابی ہریرة رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ :نحن الآخرون و نحن السابقون یوم القیامة بمثله۔۱۲۸ ؎

اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل قال حدثنا وھیب قال حدثنی ابن طاؤس عن ابیه عن ابی ہریرة رضی اللہ عنه عن النبی ﷺ قال :نحن الآخرون ونحن السابقون یوم القیامة بید کل امّة اوتوا الکتاب من قبلنا الخ ۔۱۲۹ ؎

(پس قطعہ حدیث بلفظ مجدد علیہ الرحمۃ صحیح ہے)

(۱۹) "انا حبیب اللہ"

(دفتر اول مکتوب ۴۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بحیثیت فرمان مصطفیٰ علیہ التحیۃ الثناء ذکر کیا۔

یہ ایک قطعہ حدیث ہے کہ جسے امام داریؒ، بغویؒ اور خطیب تبریزیؒ نے عمرو بن قیسؓ سے مرفوعاً بیان کیا۔ (دیکھیے تحقیق حدیث ۱۸)

(۲۰) "انا قائد المرسلین ولا فخر و انا خاتم النبیین ولا فخر"

(دفتر اول مکتوب ۴۴)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام داریؒ نے اپنی سنن میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں

---

۱۲۵ ؎ :سنن الدارمی ،جلد اول ،صفحہ ۳۲-باب :ما اعطی النبی ﷺ من الفضل -حدیث ۵۵-

۱۲۶ ؎ :مصابیح السنة ،جلد ۴ ،صفحہ ۳۹ ،کتاب الفضائل و الشمائل ،باب فضائل سید المرسلین ،حدیث ۴۴۸۳

۱۲۷ ؎ :خطیب تبریزی -ولی الدین -ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ :"مشکوٰة المصابیح "-(ایچ -ایم سعید کمپنی کراچی ۱۳۹۴ھ) صفحہ ۵۱۴ ،باب فضائل سید المرسلین ،فصل ثانی ۲

۱۲۸ ؎ :صحیح مسلم ،جلد اول ،صفحہ ۲۸۲ ،کتاب الجمعة -فصل فی فضیلة یوم الجمعة علی باقی الایام و بیان ان خیر الامم ھدیت الیه -

۱۲۹ ؎ :صحیح البخاری ،جلد اول ،صفحات ۴۹۶،۴۹۵ -کتاب الانبیاء - باب حدیث الغار -حدیث ۳۲۹۸

Marfat.com

"اخبرنا عبد اللّٰہ بن عبد الحکم المضری ثنا بکر بن مضر عن جعفر بن ربیعة عن صالح هو ابن عطاء بن خباب مولی بنی الدئل عن عطا بن رباح عن جابر بن عبد الله رضی الله عنه ان النّبی ﷺ قال :انا قائد المرسلین ولا فخر وانا خاتم النبیین ولا فخر وانا اول شافع و اول مشفّع ولا فخر "١٣٠۔

امام بغویؒ نے اسے مصابیح السنۃ میں بیان کیا۔۱۳۱

اور خطیب تبریزیؒ نے مشکوۃ میں بیان فرمایا کہ: رواہ الدارمی۔۱۳۲

علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب "الجامع الصغیر" میں امام دارمیؒ کے حوالے سے بیان کیا اور اسے حدیث حسن قرار دیا۔۱۳۳

(یہ حدیث حسن ہے)

(۲۱) "انا محمد بن عبد اللّٰہ بن عبد المطلب ان اللّٰہ خلق الخلق فجعلنی فی خیرهم ثم جعلهم فرقتین فجعلنی فی خیرهم فرقة ثم جعلهم قبائل فجعلنی فی خیرهم قبیلة ثم جعلهم بیوتاً فجعلنی فی خیرهم بیتاً فانا خیرهم نفساً و خیرهم بیتاً" (دفتر اول مکتوب ۴۴)

اس حدیث نبوی ﷺ کو علامہ خطیب تبریزیؒ نے "مشکوۃ المصابیح" میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا اور فرمایا: رواہ الترمذی (اسے ترمذی نے روایت کیا)۱۳۴

جبکہ امام ترمذیؒ نے اپنی جامع میں فرمایا: "حدثنا محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیٰن عن یزید بن ابی زیاد عن عبد اللّٰہ بن الحارث عن المطلب بن ابی وداعة قال :جاء العباس الیٰ رسول اللّٰہ ﷺ و کانّه سمع شیئاً فقام النّبی ﷺ علی المنبر فقال من انا ؟قالوا انت رسول اللّٰہ علیك السلام ،قال :انا محمد بن عبد اللّٰہ بن عبد المطلب ،انّ اللّٰہ خلق الخلق فجعلنی فی خیرهم ثم جعلهم فرقتین فجعلنی فی خیرهم فرقة ثم جعلهم قبائل فجعلنی فی خیرهم قبیلة ثم جعلهم بیوتاً فجعلنی فی خیرهم بیتاً و خیرهم نفساً "١٣٥۔

بعد ازاں امام ترمذیؒ نے اس کی حیثیت بیان کرتے ہوئے فرمایا: "ھٰذا حدیث حسن"۔۱۳۶

اور الفاظ مجدد علیہ الرحمۃ (فانا خیرھم نفساً و خیرھم بیتاً) ایک دوسری اسناد سے مروی حدیث میں موجود ہیں۔ چنانچہ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ "حدثنا یوسف بن موسیٰ القطان البغدادی نا عبید اللّٰہ بن موسیٰ عن اسماعیل بن ابی خالد عن یزید بن ابی زیاد عن عبد اللّٰہ بن الحارث عن العباس بن عبد المطلب قال قلت یا رسول اللّٰہ ﷺ انّ قریشاً جلسوا فتذاکروا احسابهم بینهم فجعلوا مثلك مثل نخلة فی کبوة من الارض فقال النّبی ﷺ :انّ اللّٰہ خلق الخلق فجعلنی من خیر فرقهم و خیّر الفریقین ثم خیّر القبائل فجعلنی من خیر القبیلة ثم خیّر البیوت فجعلنی من خیر بیوتهم فانا خیرهم نفساً و خیرهم بیتاً"١٣٧۔

١٣٠۔ سنن الدارمی ،جلد اول ،صفحہ ٣١ ،باب ما اعطی النّبی ﷺ-حدیث ٥٠

١٣١۔ مصابیح السنة ،جلد ٣ ،صفحہ ٣٠ ،کتاب الفضائل ،باب فضائل سید المرسلین ﷺ ،حدیث ٤٤٨٣

١٣٢۔ مشکوة المصابیح ،صفحہ ٥١٤ ،باب فضائل سید المرسلین ﷺ ،فصل دوم

١٣٣۔ الجامع الصغیر ،جلد اول ،صفحہ ١٠٦ ،حرف الالف

١٣٤۔ مشکوة المصابیح ،صفحہ ٥١٣ ،باب فضائل سید المرسلین ،فصل ثانی

١٣٥۔ جامع ترمذی ،جلد ٢ ،صفحہ ٢٠١ ،ابواب المناقب ،باب ما جاء فی فضل النّبی ﷺ

١٣٦۔ ایضاً -------

Marfat.com

(۲۲) "انا اول الناس خروجاً اذا بعثوا وانا قائدهم اذا وفدوا وانا خطيبهم اذا انصتوا وانا مُستَشفِعُهم اذا جَلَسُوا وانا مبشرهم اذا يئسوا الكرامة والمفاتيح يومئذبيدى ولواء الحمد يومئذ بيدى وانا اكرم ولد آدم علىٰ ربى يطوف علىٰ الف خادم كانّهم بيض مكنون"

(دفتر اول مکتوب ، ۴۴)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام بغویؒ نے مصابیح السنۃ میں بلفظہ بیان کیا۔[139]

اورعلامہ خطیب تبریزیؒ نے مشکوۃ المصابیح میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ ذکر کرنے کے بعد فرمایا : "رواه الترمذی و الدارمی"[140]

البتہ امام دارمیؒ نے اپنی سنن میں فرمایا :"حدثنا سعيد بن سفيان عن منصور بن ابى الاسود عن ليث عن الربيع بن انس عن انس رضى الله عنه قال قال رسول الله ﷺ :انا اولهم خروجاً اذا بعثوا وانا قائدہم اذا وفدوا وانا خطيبهم اذا انصتوا وانا مستشفعهم اذا حبسوا وانا مبشرہم اذا يئسوا ،الكرامة والمفاتيح يومئذ بيدى وانا اكرم ولد آدم علىٰ ربى يطوف علىٰ الف خادم كانّهم بيض مكنون او لولو منثور"[141]

اورامام ترمذیؒ اپنی جامع میں فرماتے ہیں :"حدثنا الحسين بن يزيد الكوفى ثنا عبد السلام بن حرب عن ليث عن الربيع بن انس عن انس بن مالك رضى الله عنه قال قال رسول الله ﷺ انا اول الناس خروجاً اذا بعثوا وانا خطيبهم اذا وفدوا وانا مبشرہم اذا يئسوا ،لواء الحمد يومئذ بيدى وانا اكرم ولد آدم علىٰ ربى ولا فخر"[142]

بعدازاں اس روایت کی حیثیت پر تبصرہ کرتے ہوئے امام ترمذیؒ نے ارشادفرمایا :" ہذا حدیث حسن غریب"[143]

ابوالشجاع دیلمی نے اسے اپنی کتاب "فردوس الاخبار" میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت کیا مگر بلفظ :"انا اول الناس خروجاً اذا بعثوا وقائدہم اذا وفدوا وخطيبهم اذا انصتوا وشفيعهم اذا حابسوا ومبشّرہم اذا ايسوا ومفاتيح الكرامة يومئذ بيدى وانا اكرم ولد آدم علىٰ ربى يطوف علىٰ الف خادم كانّهن بيض مكنون او لؤلؤ منثور"[144]

اورامام رافعیؒ نے تاریخ قزوین میں روایت کیا کہ:"محمد بن ابى بكر ابو جعفر الطبرى سمع بقزوين ابا الحسن القطان يحدث عن ابى عبد الله الحسين بن على الطنافسى ثنا ابى ثنا محمد ابن فضيل ثنا ليث عن عبيد الله عن الربيع بن انس بن مالك رضى الله عنه قال قال رسول الله ﷺ : انا اول الناس خروجاً اذا بعثوا وانا خطيبهم اذا انصتوا وانا قائدہم اذا وفدوا وانا مبشّرہم اذا ائيسوا وانا شافعهم اذا حبسوا ،لواء الكرم يومئذ بيدى ومفاتيح

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) بعد ازاں امام ترمذی نے فرمایا "ہذا حدیث حسن"[138]

۱۳۷ : ایضاً ------------------

۱۳۸ : ایضاً ------------------

۱۳۹ :مصابیح السنہ ،جلد ۴ ،صفحہ ۴۰ ،کتاب الفضائل ،باب فضائل سید المرسلین ،حدیث ۴۴۸۵

۱۴۰ :مشکوۃ المصابیح ،صفحہ ۵۱۴ ،باب فضائل سید المرسلین ،فصل ۲

۱۴۱ : سنن الدارمی ،جلد اول ،صفحہ ۳۰ ،باب ما اعطی النبی ﷺ من الفضل ،حدیث ۴۹

۱۴۲ : جامع ترمذی ،جلد ۲ ،صفحہ ۲۰۲ ،ابواب المناقب ،باب ما جاء فی فضل النبی ﷺ

۱۴۳ : ایضاً ------------------

۱۴۴ : فردوس الاخبار ،جلد اول ،صفحہ ۷۹ ،ذکر اخبار جاء ت عن نبی ﷺ فی مناقبہ حدیث ۱۲۰

Marfat.com

الجنة يومئذ بيدی وانا اکرم ولد آدم علیٰ ربّی ولا فخر اطوف علیٰ الف خادم کانهم لولو مکنون "۱۴۵۔

(پس یہ حدیث حسن ہے)

(۲۳) "اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین وخطیبهم وصاحب شفاعتهم غیر فخر"

(دفتر اول مکتوب ۴۴)

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام ترمذی "جامع"، امام ابن ماجہ "سنن" اور امام حاکم علیہم اجمعین نے اپنی "مستدرک" میں حضرت ابی بن کعب سے مرفوعاً بلفظ روایت کیا جبکہ ابن ابی شیبہ "مصنف"، ابن مبارک "کتاب الزھد" اور امام احمد بن حنبل نے "مسند" میں انہیں سے مرفوعاً روایت کیا مگر بلفظ "غیر فخر" کی بجائے "ولافخر" ذکر کیا۔ چنانچہ امام ترمذیؒ نے فرمایا:

"حدثنا محمد بن بشار ابو عامر العقدی نا زهیر بن محمد عن عبد اللّٰہ بن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیه انّ رسول اللّٰہ ﷺ قال: اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر "۱۴۶۔

بعدازاں امام ترمذی اس روایت کی حیثیت واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: "ھٰذا حدیث حسن صحیح غریب" ۱۴۷

امام ابن ماجہؒ اپنی سنن میں فرماتے ہیں: "حدثنا اسمٰعیل بن عبد اللّٰہ الوقی ثنا عبید اللّٰہ بن عمرو عن عبد اللّٰہ بن محمد بن عقیل عن الطّفیل بن ابی بن کعب عن ابیه ان رسول اللّٰہ ﷺ قال: اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر "۱۴۸۔

اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی متدرک میں لکھتے ہیں: "حدثنا ابو جعفر محمد بن صالح بن هانی ثنا السری بن خزیمة ثنا ابو حذیفة النهدی ثنا زهیر بن محمد عن عبد اللّٰه بن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیه ان رسول اللّٰه ﷺ قال: اذا کان یوم القیٰمة کنت امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر "۱۴۹۔

بعدازاں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ھٰذا حدیث صحیح الاسناد و لم یخرجاه لتفرّد عبد اللّٰہ بن محمد بن عقیل بن ابی طالب و لما نسب الیه من سوء الحفظ وهو عند المتقدّمین من ائمّتنا ثقة مامون "۱۵۰۔

جبکہ امام ابن ابی شیبہؒ نے اپنی "تصنیف" میں روایت فرمایا کہ: "حدثنا یحیٰی بن ابی بکر قال ثنا زهیر بن محمد عن عبد اللّٰہ بن محمد عن الطفیل بن ابی عن ابیه انّ رسول ﷺ قال: اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین و خطیبهم وصاحب شفاعتهم ولافخر" ۱۵۱

امام ابن مبارکؒ "کتاب الزھد" میں لکھتے ہیں: "حدثنا الحسین حدثنا عبد اللّٰہ بن جعفر اخبرنا عبید اللّٰہ بن عمرو عن

۱۴۵۔ :الرافعی، عبد الکریم بن محمد، القزوینی ۔"التدوین فی اخبار قزوین"۔(دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان۔ ۱۴۰۸ھ۔۱۹۸۷ء) جلد اول، صفحات ۲۳۴، ۲۳۵۔ القول فی ما بعد الصحابة والتابعین المحمدین، حرف الباء فی الآباء، بیان: محمد بن ابی بکر، ابو جعفر

۱۴۶۔ :جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۲۰۲، ابواب المناقب، باب ما جاء فی فضل النبی ﷺ

۱۴۷۔ :ایضاً ________

۱۴۸ :سنن ابن ماجه، جلد ۲، صفحه ۱۴۴۳، کتاب الزهد، باب ذکر الشفاعة، حدیث ۴۳۱۴

۱۴۹۔ :المستدرک علی الصحیحین، جلد اول، صفحات ۷۱، ۷۲۔ کتاب الایمان، بیان "اذا کان یوم القیامة"

۱۵۰۔ :ایضاً ________

۱۵۱۔ :ابن ابی شیبه، ابو بکر عبد اللّٰہ بن محمد ۔متوفی ۲۳۵ھ۔"المصنف" (ادارة القرآن والعلوم الاسلامیه للطباعة والنشر۔ کراتشی۔ ۱۴۰۶ھ۔۱۹۸۶ء) جلد ۱۱، صفحه ۴۳۱ کتاب الفضائل، باب ۲۰۴۲ (ما اعطی اللّٰہ محمدا ﷺ) حدیث ۱۱۶۸۲

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

عبد اللہبن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول : اذا کان یوم القیامۃ کنت امام النبیین وخطیبھم و صاحب شفاعتھم ولا فخر "۱۵۲۔

اورمسند احمد بن حنبلؒ میں مروی ہے کہ:"حدثنا عبد اللہ حدثنا عبید اللہبن عمر القواریری ثنا محمد بن عبد اللہبن الزبیر ثنا شریق عن عبد اللہبن محمد بن عقیل عن الطفیل بن ابی بن کعب عن ابیہ قال قال رسول اللہ ﷺ :اذا کان یوم القیمۃ کنت امام النبیین و خطیبھم و صاحب شفاعتھم ولا فخر "۱۵۳۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب "الجامع الصغیر" میں حدیث بلفظ مجدد علیہ الرحمۃ بحوالہ احمد، ترمذی، حاکم وابن ماجہ بیان کی اور اسے حدیث صحیح قرار دیا۔۱۵۴

(یہ حدیث صحیح ہے)

(۲۴) "المرء مع من احبّ"

(دفتر اول مکتوب ۴۴)

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔اسے امام بخاری، مسلم، ترمذی اور احمد بن حنبل نے مرفوعاً بیان کیا۔(دیکھئے تحقیق حدیث ۶)

(۲۵) "ذھب الظماوابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء اللہ"

(دفتر اول مکتوب ۴۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے صراحت کی ہے کہ یہ الفاظ حضور اکرم ﷺ روزہ افطار کرتے وقت پڑھا کرتے تھے۔

اس حدیث نبوی ﷺ کو امام ابوداؤد "سنن"، حاکم "مستدرک"، بیہقی "السنن الکبریٰ"، بغوی "شرح السنۃ" اور ابن السنی نے "عمل الیوم واللیلۃ" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا۔

چنانچہ امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں:"حدثنا عبد اللہبن محمد بن یحیٰ نا علی بن الحسن انا الحسین بن واقد نا مروان یعنی ابن سالم المقفع قال رایت ابن عمر رضی اللہ عنھما یقبض علی لحیتہ فیقطع ما زاد علی الکف وقال کان النبی ﷺ اذا افطر قال :ذھب الظمأ وابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء اللہ"۱۵۵۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ "مستدرک" میں لکھتے ہیں :"اخبرنا ابو حامد احمد بن محمد الخطیب بمرو ثنا ابراھیم بن ھلال ثنا علی بن الحسن بن شقیق انبا الحسین بن واقد ثنا مروان بن سالم المقفع قال رایت ابن عمر رضی اللہ عنھما یقبض علی لحیتہ فیقطع ما زاد علی الکف وقال کان رسول اللہ ﷺ اذا افطر قال : ذھب الظماوابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء اللہ"۱۵۶۔

بعد ازاں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین فقد احتجا بالحسین بن واقد و مروان بن المقفع "۱۵۷۔

امام بیہقی نے اپنی کتاب "السنن الکبریٰ" میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی سند اور متن سے روایت کیا۔۱۵۸

۱۵۲ـ :ابن مبارک ،عبد اللہ،امام ،متوفی ۱۸۱ھ ۔کتاب الزھد (ویلیہ کتاب الرقائق)۔(دارالکتب العلمیہ ،بیروت ،لبنان)جزء ۱، صفحہ ۵۶۲ ،حدیث ۱۶۱۷

۱۵۳ـ :مسند احمد بن حنبل ،جلد ۵،صفحہ ۱۳۸۔

۱۵۴ـ : الجامع الصغیر ، جلد اوّل،صفحہ ۳۲،" حرف الالف"

۱۵۵ـ :ابو داؤد ،سلیمان بن اشعث (۲۰۲ ھ۔۔۲۷۵ھ)۔سنن۔(ایم سعید کمپنی کراچی ۱۲۸۷ ھ)جلد اول ،صفحہ ۳۲۱۔کتاب الصیام،باب :القول عند الافطار (رقم ۲۳۵۷)

۱۵۶ـ :مستدرک حاکم ،جلد اول، صفحہ ۴۲۲، کتاب الصوم ۔باب ،الدعوۃ عند الافطار

۱۵۷ـ :ایضاً۔۔۔۔۔۔۔۔

۱۵۸ـ :البیھقی ،احمد بن حسین (المتوفی ۴۸۵ھ)السنن الکبریٰ ۔(مجلس دائرۃ المعارف العثمانیہ ،حیدر آباد دکن)الطبعۃ الاولی

Marfat.com

امام بغویؒ "شرح السنۃ" میں لکھتے ہیں: "اخبرنا ابو بكر محمد بن علی الصغار نا ابو بكر احمد بن الحسين الحيری نا ابو العباس الاصم نا يحیٰ نا علی بن الحسن بن شقيق انا الحسين بن واقد نا مروان المقفع قال رايت عبد الله بن عمر يقبض علی لحيته فيقطع مازاد علی الكف وقال كان رسول الله ﷺ اذا افطر قال: ذهب الظماء وابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء الله عزوجل" ١٥٩ ۔

اور امام ابن السنی اپنی کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" میں فرماتے ہیں کہ: "اخبرنا ابو عبد الرحمٰن أخبرنی قريش بن عبد الرحمٰن حدثنا علی بن الحسن ثنا الحسين بن واقد ثنا مروان بن المقفع قال رايت ابن عمر قبض علی لحيته فقطع ما زاد علی الكف وقال كان رسول الله ﷺ اذا افطر قال ذهب الظما وابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء الله" ١٦٠ ۔

علامہ سیوطیؒ نے "الجامع الصغیر" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا اور فرمایا کہ اسے امام ابوداؤدؒ اور حاکمؒ نے مستدرک میں روایت کیا ہے اور یہ حدیث صحیح ہے۔ ١٦١

(یہ حدیث مرفوع صحیح ہے)

(٢٦) "من كثّر سواد قوم فهو منهم" (دفتر اول مکتوب ٤٧)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔

اور اسے علامہ ابوالنجیب سہروردیؒ نے اپنی کتاب "آداب المریدین" میں بعینہٖ ذکر کیا لیکن اس کے حدیث یا قول ہونے کی صراحت نہیں کی۔ ١٦٢

البتہ امام غزالیؒ نے احیاء العلوم میں اسے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بیان کیا چنانچہ فرمایا: "قال ابو ذر رضی الله عنه: من كثّر سواد قوم فهو منهم" ١٦٣ ۔

لیکن امام ماوردیؒ نے اپنی کتاب "ادب الدنیا والدین" میں اس کی رفعیت کی تصریح کی چنانچہ فرمایا: "قال ﷺ: من كثّر سواد قوم فهو منهم" ١٦٤ ۔

(مگر مخرج بیان نہیں کیا)

البتہ یہ ایک حدیث نبوی ﷺ کا اقتباس ہے کہ جسے امام ابویعلیٰ موصلی نے اپنی مسند کبیر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔

چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "المطالب العالیہ" میں لکھتے ہیں:

"عمرو: انّ رجلاً دعا عبد الله بن مسعود رضی الله عنه الی وليمة، فلمّا جاء سمع لهواً فلم يدخل فقال: ما لك؟ قال سمعت رسول الله ﷺ يقول من كثّر سواد قوم فهو منهم ومن رضی عمل قوم كان شريكاً لمن عمله (لابی يعلی) ١٦٥ ۔

(بقیہ حوالہ سابقہ) ١٣٤٨ھ، جلد ٣، صفحہ ٢٣٩، کتاب الصیام، باب ما يقول اذا افطر

١٥٩ ۔ البغوی، ابو محمد حسين بن مسعود رضی الله عنه، الفراء، (٤٣٦ھ -- ٥١٦ھ) - شرح السنة (المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان ١٤٠٣ھ -- ١٩٨٣ء) جلد ٦، صفحہ ٢٦٥، حديث ١٧٤٠

١٦٠ ۔ ابن السنی، ابو بكر احمد بن محمد بن اسحاق الدينوری: (٢٨١ھ -- ٣٦٤ھ) - عمل اليوم والليلة (دار المعرفة، بيروت، لبنان ١٤٠٩ھ - ١٩٨٩ء) صفحہ ١٢٨، باب: ما يقول اذا افطر، حديث ٤٧٨

١٦١ ۔ الجامع الصغير - جلد ٢، صفحہ ١٠٢، حرف الكاف

١٦٢ ۔ سهروردی، ابو النجيب، ضياء الدين، عبد القادر (متوفی ٥٦٣ھ) - آداب المريدين (تصحيح از نجيب مائل بروی، از انتشارات مولی، خيابان انقلاب، چهارا راه ابو ريحان، تهران، چاپ اول ١٣٦٣ش -- ١٤٠٤ھ) صفحہ ٣١٣ - خاتمة الكتاب

١٦٣ ۔ احياء علوم الدين، جلد ٢، صفحہ ١٤١، كتاب الحلال و الحرام، باب ٦ - فيما يحل من مخالطة السلاطين الظلمة وما يحرم

١٦٤ ۔ الماوردی، ابو الحسن علی بن محمد بن حبيب البصری (متوفی ٤٥٠ھ) - ادب الدنيا والدين (حقّقه وعلّق عليه مصطفی السقا) ناشر: المكتبة الثقافيه، بيروت، لبنان - صفحہ، ١٥١، باب ٤ (آداب الدنيا) فصل: اصلاح حال الانسان فی الدنيا

Marfat.com

امام زیلعی اپنی کتاب "نصب الرایہ لاحادیث الہدایۃ" میں لکھتے ہیں کہ "رواہ ابو یعلیٰ الموصلی فی مسندہ :حدثنا ابو همام ثنا ابن وهب اخبرنی بکر بن م رعن عمرو بن الحارث انّ رجلاً دعا عبد اللّٰہ بن مسعود رضی الله عنه الیٰ ولیمة فلمّا جاء لیدخل سمع لهواً فلم یدخل ،فقال له :لم رجعت ؟قال اِنّی سمعت رسول الله ﷺ یقول :من کثر سواد قوم فهو منهم ومن رضی عمل قوم کان شریك من عمل به "

ورواہ علی بن معبد فی "کتاب الطاعة و المعصیة "حدثنا ابن وهب به سنداً و متناً۔١٦٦ ؎

امام مناویؒ نے "کنوز الحقائق" میں ابو یعلیٰ موصلی کے حوالہ سے بلفظ ذکر کیا۔١٦٧ ؎

علامہ ابوالشجاع الدیلمیؒ نے بھی مثل ابی یعلیٰ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (من کثر سواد قوم فهو منهم ومن رضی عمل قوم کان شریک من عمله) بیان کیا۔١٦٨ ؎

اور آپ کے صاحبزادے ابو منصور الدیلمی نے مسند الفردوس میں بطریق ابی یعلیٰ (عن ابی همام حدثنا ابن وهب حدثنا بکر بن مضاء عن عمرو بن الحارث عن ابن مسعود)یعنی مرفوعاً ذکر کیا ہے۔١٦٩ ؎

راقم الحروف کہتا ہے کہ روایت ابی یعلیٰ کے تمام رجال ثقہ ہیں لیکن یہ سند عمرو بن الحارث اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مابین سقوط راوی کی وجہ سے منقطع ہے۔١٧٠ ؎

البتہ اس کے شواہد تقویت حدیث کا باعث ہیں اور علامہ خطیب بغدادی نے "تاریخ بغداد" میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً بلفظ (من سوّد مع قوم فهو منهم) روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

"اخبرنا العتیقی اخبرنا ابو القاسم عبد اللّٰہ بن عتاب ابن محمد العبدی حدثنا محمد بن علی بن اسمٰعیل الحافظ حدثنا خنش بن یزید الحمصی بحمص حدثنا علی بن عیاش الحمصی حدثنا سعید بن عمارة حدثنا الحارث بن النعمان قال سمعت الحسن یحدث عن انس عن رسول الله ﷺ قال :من سوّد مع قوم فهو منهم و من روع مسلماً لرضاء سلطان جیء به یوم القیامة معه "١٧١ ؎

علامہ سیوطیؒ نے اس حدیث انسؓ کو حسن قرار دیا۔١٧٢ ؎

پھر اس کی شاہد حدیث (من تشبہ بقوم فھو منھم) ہے کہ جسے امام ابوداؤدؒ نے اپنی سنن میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:"حدثنا عثمان بن ابی شیبه نا أبوالنصر عبد الرحمٰن بن ثابت نا حسان بن عطیه عن أبی منیب الجرشی عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ :من تشبّه بقوم فهو منهم "١٧٣ ؎

---

١٦٥ ؎ :عسقلانی رحمة الله علیه رحمه ،احمدبن حجر (٧٧٣ھ۔۔٨٥٢ھ)المطالب العالیة بزوائد المسانید الثمانیة (التراث العربی۔ بیروت ۔لبنان)جلد ٢،صفحه ٤٢،کتاب الولیمه ،باب :الرخصه فی الرجوعلمن رأی منکراً فیه ۔حدیث ١٦٠٥

١٦٦ ؎ :الیعلیٰ ،ابو عبد اللّٰہ بن یوسف ،الحنفی ،المتوفی ٧٦٢ھ۔نصب الرایه لاحادیث الهدایة (دار نشر الکتب الاسلامیه ۔لاہور) صفحه ٣٤٦،کتاب الجنایات ،باب :ما یوجب القصاص ،حدیث ٩

١٦٧ ؎ :کنوز الحقائق ،جلد ٢،صفحه ١١٧

١٦٨ ؎ :فردوس الاخبار (ومعه مسند الفردوس) جلد ٣،صفحه ١٦٧ ،حدیث ٦٠٣٧

١٦٩ ؎ :مسند الفردوس ،بر حاشیه فردوس الاخبار ۔حواله مذکوره بالا

١٧٠ ؎ :کیونکہ حضرت عبد اللّٰہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بن غافل کا وصال ٣٢ھ میں ہوا ۔ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ (تهذیب التهذیب)مطبوعه دار صادر بیروت)جلد ٦ ،صفحه٢٨ ۔حرف العین ، بیان :عبد الله،ذکر ٤٢،عبد اللّٰہ بن مسعود رضی الله عنہٗ اور عمرو بن الحارث بن یعقوب بن عبد اللّٰہ انصاری کی ولادت ٩٠ھ میں ہوئی (دیکھیے تہذیب التہذیب ،جلد٨،صفحه ١٢، حرف العین ۔بیان ٢٢

١٧١ ؎ :تاریخ بغداد ،جلد ١٠ ،صفحه ٤١،حرف العین من الآباء ،بیان :٥١٦٧(عبد اللّٰہ بن عتاب الشاهد البصری)

١٧٢ ؎ :الجامع الصغیر ،جلد٢،صفحه ١٧٢ ،حرف المیم

١٧٣ ؎ :سنن ابی داؤد ،جلد٢ ،صفحه ٢٠٣۔کتاب اللباس ،باب:لبس الشهرة ۔

Marfat.com

علامہ سیوطیؒ نے اس حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ کو حسن قرار دیا ہے۔۱۷۴

(یہ حدیث حسن ہے)

(۲۷) " قال علیه الصلوٰة و السلام :"مثل اهل بیتی کمثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلّف عنها هلك "

(دفتر اول مکتوب ۵۱)

اس حدیث کو امام بزاز، حاکم، طبرانی، خطیب بغدادی اور ابن جریر نے بالفاظ مختلفہ مرفوعاً روایت کیا۔ علامہ بزارؒ نے فرمایا کہ:"حدثنا معمر ثنا مسلم بن ابراہیم ثنا الحسن بن ابی جعفر ثنا ابو الصهباء عن سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ :مثل اهل بیتی کمثل سفینة نوحٍ من رکبها فیها نجا ومن تخلّف عنها غرق "۱۷۵۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے مستدرک میں حضرت ابوذرؓ سے مرفوعاً روایت کیا، چنانچہ فرمایا:"اخبرنی احمد بن جعفر بن حمدان الزاهد ببغداد ثنا العباس رضی الله عنه بن ابراهیم القراطیسی ثنا محمد بن اسماعیل الاحمسی ثنا مفضل بن صالح عن ابی اسحق عن حنش الکنانی قال سمعت ابا ذرؓ یقول وهو آخذ بباب الکعبة من عرفنی فانا من عرفنی ومن انکرنی فانا ابو ذر سمعت النبی ﷺ یقول :الا انّ مثل اهل بیتی فیکم مثل سفینة نوح من قومه من رکبها نجا ومن تخلّف عنها غرق "۱۷۶۔

امام ذہبی نے "تلخیص مستدرک" میں ان اسناد کو ضعیف قرار دیا۔ چنانچہ فرمایا:"مفضل بن صالح عن ابی اسحق عن حنش الکنانی سمعت ابا ذر سمعت النبی ﷺ یقول :الا انّ مثل اهل بیتی فیکم مثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلّف عنها هلك (صحیح)قلت(ای ذهبی) :واه"۱۷۷۔

البتہ ابن حجر مکیؒ نے روایت حاکم سے استدلال کیا اور اسے اپنی کتاب "اصواعق المحرقہ" میں بیان کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:"اخرج الحاکم عن ابی ذر انّ رسول الله ﷺ قال :انّ مثل اهل بیتی فیکم مثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها هلك "۱۷۸۔

اور علامہ سیوطی نے اپنی کتاب "الجامع الصغیر" میں اسے بلفظ:(مثل اهل بیتی مثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها غرق)ذکر کیا اور صراحت کی کہ اسے امام بزارؒ نے بروایت ابن عباس وابن زبیر رضی اللہ عنہما اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابوذرؓ سے مرفوعاً روایت کیا۔ پھر آپ نے اسے حدیث حسن قرار دیا۔۱۷۹

امام طبرانیؒ نے اپنی کتاب "المعجم الصغیر" میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت فرمایا کہ: "حدثنا الحسین بن احمد بن منصور عبادة البغدادی حدثنا عبد اللّٰہ بن داهر الرازی حدثنا عبد اللّٰہ بن عبد القدوس عن الاعمش عن ابی اسحق عن حنش بن المعتزانّه سمع ابا ذر الغفاری رضی الله عنه یقول سمعت رسول الله ﷺ :مثل اهل بیتی فیکم کمثل سفینة نوح فی قوم نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها هلك "۱۸۰۔

---

۱۷۴ :الجامع الصغیر ،جلد۲ ،صفحه ۱۶۷ ،حرف المیم

۱۷۵ :الهیثمی ،نور الدین ،علی بن ابی بکر (۷۳۵ھ۔۸۰۷ھ)کشف الاستار عن زوائد البزاز علی الکتب الستة(تحقیق :حبیب الرحمٰن الاعظمی)ناشر :موسسة الرسالة بیروت ۔لبنان ،الطبعة الثانیه ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء۔جلد۳،صفحه ۲۲۲

۱۷۶ :مستدرك حاکم ،جلد۳ ،صفحه ۱۵۱ ،کتاب معرفة الصحابه ۔ذکر مناقب اهل بیت

۱۷۷ :ایضاً بر حاشیه ------------------

۱۷۸ :ابن حجر مکی ،شهاب الدین احمد (۸۸۹ھ۔۹۷۴ھ)الصواعق المحرقه فی رد اهل بدعة والزندقة(مکتبة القاهرة ،مصر ۔الطبعة الثانیة ۱۳۸۵ھ/۱۹۶۵ء)صفحه ۱۲۷ باب ۱۱ ،(فضائل اهل بیت نبوی ﷺ)فصل ثانی :سرد احادیث واردة فی اهل بیت

Marfat.com

۱۷۹ھ الجامع الصغیر ،جلد ۲ ،صفحہ ۱۵۴ ۔حرف المیم

لیکن یہ غریب ہے۔علامہ طبرانی فرماتے ہیں:(لم یروہ عن الاعمش الا عبد اللّٰہ بن عبد القدوس)۱۸۱ھ

البتہ آپ نے اسے ایک دوسرے مقام پر حضرت ابوسعید خدریؓ سے رویت کیا۔چنانچہ آپ لکھتے ہیں:"حدثنا محمد بن عبد العزیز بن محمد بن ربیعة الکلابی ابو مليل الکوفی حدثنا ابی حدثنا عبد الرحمٰن بن ابی حماد المقری عن ابی سلمة الصائغ عن عطية عن ابی سعید الخدریؓ سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول : انّما مثل اهل بیتی فیکم کمثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها غرق وانّما مثل اهل بیتی فیکم مثل باب حطة فی بنی اسرائیل من دخله غفر له "۱۸۲ھ

اور بعدازاں فرمایا:"لم یروہ عن ابی سلمة الا ابن ابی حماد تفرّد به عبد العزیز بن محمد "۱۸۳ھ

علامہ خطیب بغدادی نے اپنی کتاب"تاریخ بغداد"میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔چنانچہ آپ فرماتے ہیں:"اخبرنا النجار حدثنا ابو الحسن علی بن محمد بن شداد المطرز حدثنا محمد بن محمد بن سلیمان الباغندی حدثنا ابو سهیل القطیعی حدثنا حماد بن زید بمکة وعیسیٰ بن واقد عن ابان بن ابی عیاش عن انس بن مالك رضی الله عنه قال قال رسول اللّٰہ ﷺ :انّما مثلی ومثل اهل بیتی کسفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها غرق "۱۸۴ھ

علامہ ابن جریرؒ نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ:(انّما مثل اهل بیتی فیکم کمثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها هلك)ذکر کیا۔۱۸۵ھ

امام خطیب تبریزیؒ "مشکوٰۃ المصابیح"میں اسی روایت ابوذرؓ کو بحوالہ امام احمد بن حنبلؒ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:"عن ابی ذرانّه قال وهو آخذ بباب الکعبة سمعت النبی ﷺ یقول :الا انّ مثلی اهل بیتی فیکم مثل سفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها هلك "(رواہ احمد) ۱۸۶ھ

راقم الحراف کہتا ہے کہ اس سے مطلقاً مراد امام احمد بن حنبل کی کتاب"مسند" کا حوالہ ہے لیکن وہاں یہ حدیث نہ تو حضرت ابوذرؓ کی روایت سے ہے اور نہ ہی کسی دوسرے راوی سے۔البتہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ"مستدرک"،طبرانی"المعجم الصغیر" اور ابن جریرؒ نے اسے بروایت حضرت ابوذرؓ بیان کیا۔جیسا کہ مذکورہ بالا سطور میں گذر چکا ہے۔

اور علامہ ابن حجرؒ"الصواعق المحرقة"میں فرماتے ہیں:"وجاء من طرق عدیدة یقوی بعضها بعضا :انّما مثل اهل بیتی فیکم کمثل سفینة نوح من رکبها نجا ،وفی روایة مسلم :ومن تخلف عنها غرق ،وفی روایة هلك "۱۸۷ھ

(یہ حدیث حسن ہے)

(۲۸) در حدیث قدسی آمدہ است :"عاد نفسك فانّها انتصبت بمعاداتی" (دفتر اول مکتوب ۵۲)

(بقیہ حوالہ صفحہ سابقہ) ۱۸۰ھ :المعجم الصغیر ،جزء اول ،صفحات ۱۳۹، ۱۴۰ ۔باب :من اسمه الحسین

۱۸۱ھ :ایضاً-----صفحہ ۱۴۰

۱۸۲ھ :ایضاً---جزء دوم ،صفحہ ۲۲ ،بیان :من اسمه محمد

۱۸۳ھ :ایضاً---------------

۱۸۴ھ :تاریخ بغداد جلد ۱۲ ،صفحہ ۹۱ ،حرف المیم ،بیان ۶۵۰۷ (علی بن محمد المطرز)

۱۸۵ھ :دیکھیے :کنز العمال ،جز ۱۲ ،صفحہ ۹۸ ،کتاب الفضائل ،باب :۵ (فضل اہل بیت)فصل اول ،حدیث ۳۴۱۶۹

۱۸۶ھ : مشکوۃ المصابیح ،صفحہ ۵۷۳ ،کتاب المناقب ،باب :مناقب اہل بیت ،فصل ثالث ۳

۱۸۷ھ :الصواعق المحرقة ،صفحہ ۱۵۲ ،باب ۱۱ (فضائل اہل البیت النبوی ﷺ)فصل اول (الآیات الواردة فیهم)

Marfat.com

یہ کلمات قدسیات داؤدیہ میں سے ہیں۔

مفتی محمد سعید ''تشیید المبانی'' میں لکھتے ہیں کہ: "قال الشیخ جلال الدین الخجندیؒ فی شرح قصیدة لبردة تحت قوله (فاصرف هواها وحاذر ان تولیه):ورد فی القدسیات الداؤدیة :یا داؤد :عاد نفسك فانّها انتصبت بمعاداتی"۱۸۸؎

راقم الحروف کہتا ہے کہ اسے علامہ آمدیؒ نے ''الإحکام فی اصول الاحکام'' میں مرفوعاً ذکر کیا، چنانچہ فرمایا: قال علیه السلام حکایة عن ربّه :ص"عاد نفسك فانّها انتصبت لمعاداتی "۱۸۹؎

البتہ دیگر صوفیا اور محدثین نے اس معنیٰ کی احادیث ذکر کی ہیں۔ علامہ بایزید انصاریؒ اپنی کتاب ''مقصود المومنین'' میں لکھتے ہیں: "قال اللّٰہ تعالیٰ :یا داؤد اقرب الیّ بعداوة نفسك "۱۹۰؎

امام غزالیؒ ''احیاء علوم الدین'' میں فرماتے ہیں: "(قال اللّٰہ تعالیٰ)یا داؤد تحبب الیّ بمعاداة نفسك ،امنعها الشهوات"۱۹۱؎

حضرت داتا گنج بخشؒ ''کشف المحجوب'' میں فرماتے ہیں: "در آثار موروداست که خدای عز و جل بداؤد علیه السلام وحی فرستاد :گفت یا داؤد :عاد نفسك فانّ ودّی بعداوتها "۱۹۲؎

علامہ ابن رجب حنبلی اپنی کتاب ''جامع العلوم والحکم'' میں لکھتے ہیں: "یروی من حدیث سعد بن سنان عن انسؓ عن النبی ﷺ قال :لیس عدوّك الذی اذا قتلك ادخلك الجنّة واذا قتلته کان نورا لك وانّما اعدی عدوك نفسك الّتی بین جنبك "۱۹۳؎

امام سیوطیؒ نے ''جامع الصغیر'' میں بلفظ (عدی عدوّك زوجتك التی تضاجعك وما ملکت یمینك) ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے ابومنصور دیلمیؒ نے ''مسند الفردوس'' میں حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔۱۹۴؎

جبکہ علامہ سیوطیؒ نے اسے حدیث حسن قرار دیا۔۱۹۵؎

(۲۹) در حدیث قدسی وارد است:"الکبریا ردائی والعظمة ازاری فمن نازَ عَنّی فی شیء منهما ادخلته فی النار ولا ابالی"

(دفتر اول مکتوب ۵۲)

اس حدیث قدسی کو علامہ ابن حبان، ابن ماجہ، احمد، ابوداؤد، ابوحنیفہ اور امام بغویؒ نے مرفوعاً بمعمولی اختلاف متن روایت کیا لیکن کسی نے بھی ''ولا ابالی'' ذکر نہیں کیا۔ البتہ یہ الفاظ امام غزالیؒ کی ذکر کردہ ایک حدیث میں موجود ہیں۔

چنانچہ علامہ ابن حبانؒ اپنی صحیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: "اخبرنا محمد بن زهیر بالابلة قال:حدثنا عبد اللّٰہ بن سعید الکندی قال :حدثنا ابن فضیل عن عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن

۱۸۸؎ :محمد سعید ،مفتی (۱۲۴۷ھ۔۔۱۳۱۴ھ)تشیید المبانی ،(مطبع فیض الکریم ،حیدر آباد دکن ۔۱۳۲۲ھ)صفحہ ۱۲، ۱۷

۱۸۹؎ :ابو الحسن علی بن ابی علی بن محمد بن سالم الآمدی (۵۵۱ھ۔۔۶۳۱ھ)الاحکام فی اصول الاحکام (دارالکتب العلمیه بیروت ۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء)جلد اول ،صفحه ۲۱۴، القاعدة الاولیٰ،الاصل الثالث (۳) ،المسئلة الخامسة

۱۹۰؎ :مقصود المومنین ،صفحه ۱۹۹ ،فصل ۲ ،بیان العلم ومعرفة النفس وعداوتها

۱۹۱؎ :احیاء علوم الدین ،جلد ۴،صفحه ۳۲۶۔ کتاب المحبة والشوق والانس والرضا۔بیان :معنی الشوق الی اللّٰہ تعالیٰ

۱۹۲؎ :کشف المحجوب ،صفحه ۲۰۸ ،باب ۱۴ (فرق فرقهم فی مذاهبهم)ذکر :الکلام فی حقیقة النفس و معنی الهَوی

۱۹۳؎ :جامع العلوم والحکم ،صفحه ۱۹۵ ،شرح حدیث ۱۹

۱۹۴؎ :الجامع الصغیر ،جلد اول ،صفحه ۴۵ ،حرف الالف

۱۹۵؎ :ایضاً

Marfat.com

عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ :عن اللہ جَلَّ وَعَلَا :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن ناز عنّی فی شیء منه ادخلته فی النار "۱۹۶؎

جبکہ امام ابن ماجہ اپنی سنن میں لکھتے ہیں:"حدثنا عبد اللہ بن سعید وھارون بن اسحٰق قالا:ثنا عبد الرحمٰن المحاربی عن عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال قال رسول اللہ ﷺ یقول اللہ سبحانه :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن نازعنّی واحدا منهما القیته فی النار "۱۹۷؎

امام ابن ماجہؒ نے اسے حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی بیان کیا، چنانچہ فرمایا:"حدثنا ھناد بن السری ثنا ابو الاحوص عن عطاء بن السائب عن الاغر ابی مسلم عن ابی ہریرةؓ قال قال رسول اللہ ﷺ یقول اللہ سبحانه :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری من ناز عنّی واحدا منهما القیته فی جهنم "۱۹۸؎

امام احمد اپنی مسند میں فرماتے ہیں:"ثنا عفان حدثنا حماد بن سلمة عن سهیل عن عطاء بن السائب عن الاغر عن ابی ہریرة رضی الله عنه عن النّبی ﷺ فیما یحکی عن ره عز وجل قال :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری من ناز عنّی واحدا منهما قذفته فی النار "۱۹۹؎

امام ابوداؤدؒ اپنی سنن میں لکھتے ہیں کہ:"حدثنا موسیٰ بن اسمٰعیل نا حماد ح و نا ھناد یعنی ابن السری عن ابی الاحوص المعنی عن عطاء بن السائب ،قال موسیٰ عن سلمان الاغر وقال ھنادعن الاغر ابی مسلم عن ابی ہریرة رضی الله عنه قال ھناد:قال رسول اللہ ﷺ قال اللہ تعالیٰ : الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن ناز عنّی واحدا منهما قذفته فی النار "۲۰۰؎

امام ابوحنیفہؒ اپنی مسند میں روایت کرتے ہیں کہ:"(اخبرنا)حماد عن ابیه عن عطاء بن السائب عن ابی مسلم الاغر صاحب ابی ہریرة رضی الله عنه عن ابی ہریرة رضی الله عنه عن النّبی ﷺ قال قال اللہ تعالیٰ :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن ناز عنّی واحدا منهما القیته فی جهنم "۲۰۱؎

امام بغوی"شرح السنۃ" میں فرماتے ہیں:"اخبرنا الامام ابو علی الحسین بن محمد القاضی ،نا السید ابو الحسین محمد بن الحسین بن داؤد العلوی ،انا ابو حامد احمد بن الحسن الشرفی ناأحمد بن حفص و عبد اللہ بن محمد الفراء وقطن بن ابراہیم قالوا :نا حفص بن عبد اللہ حدثنی ابراہیم بن طَهمان عن عطاء بن السائب عن الاغر ابی مسلم عن ابی ہریرةؓ قال قال رسول اللہ ﷺ :یقول اللہ عز و جل :الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن ناز عنّی واحدا منهما ادخلته النار "۲۰۲؎

بعدازاں امام بغوی فرماتے ہیں:"ھذا حدیث صحیح اخرجه مسلم عن احمد بن یوسف الازدی عن عمرو بن

۱۹۶؎ :ابن حبان ،ابو حاتم ،محمد ،البستی ـ المتوفی ۳۵۴ھ ـ المسند الصحیح علی التقاسیم والانواع من غیر وجود قطع فی سندہا ولا ثبوت جرح فی ناقلها المشهور عند العلماء ب"صحیح ابن حبان" ،بترتیب الامیر علاؤالدین علی بن بلبان الفارسی المتوفی ۷۳۹ھ (حقق نصوصه و خرج احادیثه و علق علیه :شعیب الارناؤط و حسین اسد)ناشر :موسسة الرسالة ـ بیروت ـ جلد ۸،صفحه ۴۷۳،کتاب الحظر والاباحة ـ باب التواضع والکبر والعجب ،حدیث ۵۶۴۳

جبکہ امام بغویؒ نے "شرح السنۃ" میں روایت کیا لیکن لفظ: (کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کی بجائے "انّہ کان" ذکر کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:" أخبرنا محمد بن الحسن المیر بند کشائی أناابو العباس الطّمان أنا ابو احمد محمد بن قریش بن سلیمان أخبرنا علی بن عبد العزیز المکی انا ابو عبید القاسم بن سلام حدّثنیہ عبد الرحمٰن بن مھدی عن سفیان عن ابی اسحٰق عن امیّۃ بن خالد بن عبد اللہ بن اسید عن النبیّ ﷺ أنہ کان یستفتح بصعالیك المھاجرین "۳۳۶ ۔

علامہ تبریزیؒ نے مشکوۃ المصابیح میں بلفظ بغویؒ بیان کیا اور فرمایا:" رواہ فی الشرح السنّۃ" ۳۳۷ ۔

پس یہ حدیث مرسل ہے لیکن مقبول ہے کیونکہ یہ صحیح الاسناد ہے اور حضرت امیہ رضی اللہ عنہ ثقہ تابعی ہیں۔ علامہ تبریزیؒ لکھتے ہیں:" أمیّۃ بن عبد اللہ بن خالد بن أسد المکی روٰی عن ابن عمر رضی اللہ عنہ وعنہ الزھری وغیرہ ثقہ ولی خراسان ومات سنۃ ثمانین "۳۳۸ ۔ یہ حدیث حسن ہے

(۵۰) قال علیہ الصلوٰۃ والسلام فی شأنھم:"رُبَّ اشعث مدفوعٍ بالابواب لواقسم علیٰ اللّٰہ لَاَبرّہ"

(دفتر اول مکتوب، ۷۴)

یہ حدیث صحیح ہے اسکی تخریج وتحقیق گذر چکی ہے۔ دیکھئے حدیث (۳۹)

(۵۱) قال علیہ الصلوٰۃ والسلام:"ذکر رجلٌ عند رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعبادۃ واجتھادٍ وذکر اٰخر برعۃٍ، فقال النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لاتعدل بالرعۃ شیئًا یعنی الورع"

(دفتر اول مکتوب۷۶)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰت والتسلیمات کو امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے اپنی "جامع" میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا روایت کیا۔ چنانچہ آپؒ لکھتے ہیں۔" حدثنا زید بن اخزم الطائی البصری نا إبراھیم بن أبی الورید نا عبداللّٰہ بن جعفر النمری عن محمد بن عبدالرحمن بن بنیۃ عن محمد بن المنکدر عن جابر رضی اللّٰہ عنہ قال: ذکر رجل عندالنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعبادۃ وإجتھاد و ذکر اٰخر بالرعۃِ، فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لا یعدل بالرّعۃ" ۳۳۹ ۔

بعدازاں امام ترمذیؒ اس روایت کی حیثیت واضح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:" ھذا حدیث غریب لانعرفہ الامن ھذا الوجہ" ۳۴۰ ۔

---

۳۳۴ ۔ :ایضا "حوالہ سابق، نمبر ۳۳۳، حدیث ۸۵۸

۳۳۵ ۔ :المنذری، ابو محمد عبد العظیم بن عبد القوی (۵۸۱ھ۔۶۵۸ھ) العربی دارا حیاء التراث " الترغیب والترھیب " (مکتبہ التجاریۃ الکبری۔مصر۔الطبعۃ الاولی ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء، جلد۴ صفحہ ۹۰

۳۳۶ ۔ :شرح السنۃ، جلد ۱۴، صفحہ ۲۶۴، کتاب الرقاق، باب فضل الفقرآء حدیث ۴۰۶۲

۳۳۷ ۔ :مشکوۃ المصابیح، صفحہ ۴۴۷، کتاب الرّقاق، باب فضل الفقراء، وما کان من عیش النبی ﷺ

۳۳۸ ۔ :الاکمال فی اسماء الرّجال، ملحق بمشکوٰۃ المصابیح، صفحہ، ۵۹۰، باب اوّل، حرف الھمزہ۔فصل فی التابعین "

۳۳۹ ۔ :جامع ترمذی، جلد ۲، صفحہ۷۸، أبواب: صفۃ القیامۃ، باب آخر

۳۴۰ ۔ :أیضاً

Marfat.com

اس حدیث کے آخر میں لفظ "یعنی الورع" متن حدیث کا حصہ نہیں بلکہ بیان معنی کیلئے ہے۔اس کا ذکر علامہ تبریزیؒ نے "مشکوۃ المصابیح" میں کیا۔علامہ تبریزی لکھتے ہیں۔"عن جابر :ذکر رجل عند رسول ا صلی الله علیه وسلم بعبادۃ واجتهاد وذکر اٰخر بالرعة،فقال النبی صلی ا علیه وسلم:لا تعدل بالرعة یعنی الورع" ۳۴۱۔

بعدازاں فرمایا"راوہ الترمذی" ۳۴۲۔

اور علامہ سیوطیؒ نے الجامع الصغیر میں واضح کیا کہ یہ حدیث حسن ہے۔ ۳۴۳۔

(۵۲) قال أیضاً علیه من الصلوات واتمها ومن التسلیمات اکملها:"ملاك دینکم الورع" (دفتر اول مکتوب ،۷۶)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبها الصلوٰۃ والسلام کو علامہ سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے "عوارف المعارف" علامہ طوی علیہ الرحمۃ نے "کتاب اللمع فی التصوف" میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا ہے مگر مخرج بیان نہیں کیا۔ ۳۴۴

البتہ امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف میں روایت کیا کہ"حدثنا وکیع حدثنا سفیان عن عمرو بن القیس الملائی قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم :فضل العلم خیرٌ من فضل العبادة وملاك دینکم الورع" ۳۴۵۔

امام وکیع بن جراح نے "کتاب الزہد" میں بلفظہ واسنادِ مذکورہ (ابن ابی شیبہ) روایت کیا۔ ۳۴۶

اس سند میں سفیان سے مراد حضرت سفیان بن سعید ثوری رضی اللہ عنہ ہیں۔جو کہ ثقہ راوی اور امام علوم حدیث ہیں۔آپ سلیمان بن عبدالملک کے عہد میں ۹۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۶۱ھ میں وصال ہوا۔ ۳۴۷

اور عمر بن قیس الملائی ،ابو عبداللہ کوفی ۴۳ھ اور ۵۰ھ کے درمیانی عرصہ میں فوت ہوئے۔کتاب الزہد کے شارح عبدالرحمٰن لکھتے ہیں۔"عمرو بن قیس المُلائی بضمّ المیم وتخفیف الّام المدّ،أبو عبدالله الکوفی ثقه متقن عابد من السادسة، مات سنة بضع وأربعین وأخرج له البخاری فی الادبالمفرد ومسلم والأربعة" ۳۴۸۔

امام ذہبیؒ "میزان الاعتدال" میں لکھتے ہیں۔"عمرو بن قیس الملائی الکوفی صاحب عکرمه وأقرانه صدوق" ۳۴۹

یوں سند مذکورہ بالا حضرت سفیان ثوری اور عمر بن قیس رضوان اللہ علیہم کے درمیان سقوط راوی کی وجہ سے منقطع ہے۔البتہ کتاب الزہد کے شارح عبدالرحمٰن نے اسے معضل تک کہا ہے۔چنانچہ فرمایا:"رجاله ثقات واسناده منقطع بل معضل" ۳۵۰۔

علامہ ابوالشجاع دیلمیؒ نے اسے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ "فضل العلم خیر من فضل العبادة وخیر دینکم

۳۴۱۔ :مشکوۃ المصابیح ،صفحه ۴۴۱،کتاب الرقاق،فصل الثانی (۲)

۳۴۲۔ : ایضاً---------------

۳۴۳۔ :الجامع الصغیر،جلد ۲ ،صفحه ۲۰۴،حرف :لا۔

۳۴۴۔ :عوارف المعارف ،صفحه ۲۳۲،باب ۲۰،(ذکر اشارت المشائخ فی المقامات علی الترتیب)فصل :قولهم الورع +الطوسی ،أبو نصر ،عبدالله بن علی السّراج ،(متوفی ۳۷۸ھ)"کتب اللّمع فی اشلتصوف"(طبع فی مطبعه بریل فی مدنیة لیدن ،سنه ۱۹۱۴ء)صفحه ۴۴،باب :مقام الورع۔

۳۴۵۔ :مصنف ابن ابی شیبه،جلد ۸،صفحته ۵۴۰،کتب الأدب ،بیان: ماجآء في طلب علم وتعلیمه،حدیث ۶۱۶۲۔

۳۴۶۔ :ابن الجراح،وکیع۔امام (متوفی ۱۹۷ ھ)"کتاب الزّهد"(حققه وقدم له وخرج احادیثه :عبدالرحمن عبدالجبار الفریوائی)ناشر:(المکتبه الدّار،بالمدینةالمنوّرة ۔الطبعة الاولی ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء)جلد ۲،صفحه ۴۷۱،باب ۳۰(الاجتهاد والورع)حدیث ۲۲۲۔

۳۴۷۔: الأکمال فی اسمآء الرجال ملحق بمشکوۃ المصابیح،صفحه ۲۰۲،۲۰۳،حرف السّین ،فصل فی التابعین ،بیان :سفیان۔

۳۴۸۔ : برحاشیه کتاب الزهد ،جلد ۲،صفحه ۴۷۱،باب ۳۰(الاجتهاد والورع)حدیث ۲۲۲۔

۳۴۹۔ :میزان اعتدال،جلد ۳،صفحه ۲۸۴،بیان۶۴۲۷۔

۳۵۰۔ :برحاشیه کتاب الزهد ،جلد ۲،صفحه ۴۷۱،باب ۳۰(الاجتیهاد والورع)حدیث ۲۲۲۔

Marfat.com

الورع" ذکر کیا۔ ۳۵۱؎

علامہ ہیثمی علیہ الرحمۃ نے "مجمع الزوائد" میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ دیلمیؒ بیان کرنے کے بعد فرمایا: "رواہ الطبرانی فی الاوسط والبزار وفیہ عبداللّٰہ بن عبدالقدوس وثقہ البخاری وابن حبان وضعفہ ابن معین" ۳۵۲؎

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الجامع الصغیر" میں بلفظ: "فضل العلم أحب الی من فضل العبادۃ وخیر دینکم الورع" ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ" نے سعد رضی اللہ عنہ اور امام بزار رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا اور یہ حدیث صحیح ہے۔ ۳۵۳؎

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ" "مستدرک" میں لکھتے ہیں: "حدثنا أبو العباس محمد بن یعقوب ثنا الحسن بن علی بن عفان العامری ثنا خالد بن مخلد القطوانی ثنا حمزہ بن حبیب الزیات عن الاعمش عن الحکم عن مصعب سعد بن أبی وقاص عن أبیہ عن النّبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: فضل العلم أحب إلّی من فضل العبادۃ وخیر دینکم الورع" ۳۵۴؎

امام بزارؒ فرماتے ہیں: "حدثنا عباد بن یعقوب ثنا عبداللہ بن عبدالقدوس عن الأعمش عن مطرّف عن حذیفہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم أفضل العلم أحب الّی من فضل العبادۃ وخیر دینکم الورع" ☆۔

اور بعد ازاں فرمایا: "لانعلمہ مرفوعا الّا عن حذیفۃ من ھذاالوجہ" ☆☆

علامہ ابن عبدالبرؒ نے اسے "جامع بیان العلم" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ "فضل العلم افضل من العبادۃ وملاک الدّین الورع" روأیت کیا۔ چنانچہ آپؒ لکھتے ہیں۔ "أخبرنا خلف بن سعید قال أخبرنا عبداللہ بن محمد قال حدثنا احمد بن خالد وحدثنا خلف بن قاسم قال حدثنا علی بن عبدالعزیز قال نا معلی بن سہدی قال أخبرنا سوار بن مصعب عن لیث عن طاؤس عن ابن عباس قال قال رسول ا صلی ا للّٰہ علیہ وسلم: فضل العلم أفضل من العبادۃ وملاک الدّین الورع" ۳۵۵؎

علامہ قضاعیؒ نے اس حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ کو "مسند الشھاب" میں روایت کیا۔ چنانچہ آپؒ فرماتے ہیں۔ "أخبرنا أبو محمد عبدالرحمن بن عمر التجیبی ثنا أحمد بن إبراھیم بن جامع ثنا علی بن عبدالعزیز ثنا معلّی بن سہدی ثنا السّوار بن مصعب عن لیث عن طاوٴس عنابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول ا للّٰہ صلی ا للّٰہ علیہ وسلم فضل العلم أفضل من العبادۃ وملاک الدّین الورع" ۳۵۶؎

لیکن ان اسناد میں ایک راوی "مصعب بن سوار" کے بارے میں علامہ ہیثمیؒ "مجمع الزوائد" میں فرماتے ہیں کہ "ضعیف جداً" ۳۵۷؎

علامہ ابن اثیر جذریؒ نے اپنی کتاب "النھایۃ فی غریب الحدیث والاثر" میں بلفظ: "ملاک الدّین الورع" ذکر کیا لیکن اسناد و راوی کا ذکر نہیں کیا۔ ۳۵۸؎

۳۵۱؎ :فردوس الأخبار، جلد ۳، صفحہ ۱۵۵، حدیث ۴۲۵۵۔

۳۵۲؎ :مجمع الزوائد، جلد اوّل، صفحہ ۱۲۰، باب: فضل العلم

۳۵۳؎ :الجامع الصغیر، جلد ۲، صفحہ ۸۴ حرف الفاء

۳۵۴؎ :المستدرک، جلد اوّل، صفحہ ۹۲، کتاب العلم، بیان: فضل العلم احب من فضل العبادۃ

☆ :کشف الاستار عن زوائد البزار، جلد اوّل، صفحہ ۸۵، کتاب العلم، باب: فضل العالم والمتعلم۔

☆☆ :أیضاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۳۵۵؎ :جامع بیان العلم وفضلہ، جزء اوّل صفحہ ۲۳، باب: تفصیل العلم علی العبادۃ۔

۳۵۶؎ :مسند الشھاب، جلد اول، صفحہ ۵۹، جز اول، باب اول، بیان ۲۷، (ملاک الدین الورع) حدیث ۴۰۔

۳۵۷؎ :مجمع الزوائد، جلد اول، صفحہ ۱۲۰، باب: فصل العلم۔

۳۵۸؎ :۳۵۸: ابنائیر، مبارک بن محمد (۵۴۴-۶۰۶ھ) النھایہ فی غریب الحدیث والاثر۔ (المکتبۃ الاسلامیۃ لصاحبھا الحاج ریاض الشیخ) دار احیا التراث العربی، بیروت، لبنان، جز ۵، صفحہ ۱۷۴، حرف الواؤ، مع الرّاء، بیا: الورع۔

Marfat.com

علامہ بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں بلفظ ابن اثیر، حضرت ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً مروی طویل حدیث میں بیان کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا: ''حدثنا أبوالحسن محمد بن الحسین العلوی املاء أنا أبوبکر محمد بن علی بن أیوب بن سلمویة ثنا محمد بن یزید السّلمی ثنا حفص بن عبدالرحمن ثنا محمد بن عبدالملك عن ہشام بن عروه عن أبیه عن عائشه رضی الله عنها إنّها قالت سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول :إنّ الله عزّوجلّ أوحی إلیّ أنهٗ من سلك مسلکاً فی طلب العلم سهّلت لهٗ طریق الجنة ومن سلبت کریمتهٗ اثبتهٗ علیهما الجنّة وقصد فی علم خیر من فضل فی عبادةٍ وملاك الدّین الورع'' ٣٥٩ ۔ (پس یہ حدیث بلفظ مجدد علیہ الرحمۃ حسن ہے)

(٥٣) ''من حامّ حول الحمٰی یوشك ان یقع فیه'' (دفتر اوّل، مکتوب ٤٦)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا ہے۔

لیکن امام غزالیؒ نے احیاء علوم الدین میں مرفوعاً بلفظہٖ ذکر کیا۔ ٣٦٠ ۔

اور علامہ عراقی نے اسکی تخریج میں فرمایا: ''متفق علیه من حدیث النّعمان بن بشیر :من یرتع حول الحمی یوشك أن یواقعه'' لفظ البخاری. ٣٦١ ۔

امام بخاریؒ اپنی صحیح میں لکھتے ہیں۔ ''حدثنا محمد بن کثیر انا سفیان عن أبی فروة سمعت الشعبی عن النعمان بن بشیر قال قال النبی صلی الله علیه وسلم :الحلال بین والحرام بین وبینهما أمور مشتبهات فمن ترك ماشبه علیه من الاثم کان لما استبان له اترك ومن اجترأ علی ما یشك فیه من الاثم أوشك أن یواقع مااستبان والمعاصی حمی الله -من یرتع حول الحمی یوشك أن یواقعه'' ٣٦٢ ۔

امام مسلمؒ اپنی صحیح میں فرماتے ہیں: ''حدثنا محمد بن عبدالله بن نمیر الهمدانی قال ناأبی قال نا زکریا عن الشعبی عن النعمان بن بشیر قال سمعته یقول، سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول وأهوی النعمان باصبعیه الی اذنیه ان الحلال بینٌ والحرام بیّنٌ وبینهما مشتبهات لا یعلمهن کثیر من الناس فمن اتقی الشبهات استبرأ لدینه وعرضه ومن وقع فی الشبهات وقع فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشك ان یرتع فیه۔ الاوان لکل ملك حمًی ،الاوان حمی الله محارمه،الاوان فی الجسد مضغة اذا صلحت صلح الجسد کله و اذا فسدت فسد الجسد کلهٗ ألا وهی القلب'' ٣٦٣ ۔

(٥٤) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:''من کانت له مظلمة لاخیهٖ من عرضهٖ أوشیٍٔ فلیتحلّلهٗ منه الیوم قبل ان لا یکون دینارٌ ولا درهمٌ ان کان له عملٌ صالحٌ أخذ منه بقدر مظلمتهٖ وان لم تکن لهٗ حسنات أخذ سیئات صاحبهٖ فحمل علیه'' (دفتر اول، مکتوب ٤٦)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں حضرت أبوهریره رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے

---

٣٥٩ ۔ :شعب الایمان، جلد ٥، صفحہ ٥٢/ ٥٢، شعبہ ٣٩، باب : فی المطاعم والمشارب ، فصل فی طیب المطعم والملبس ،حدیث ٥٧٥١

٣٦٠ ۔ :احیاء العلوم الدین - جلد ٣، صفحہ ٣٠/ ٣١، کتاب: شرح عجائب القلب-بیان:تسلط الشیطان علی القلب بالوساوس-

٣٦١ ۔ :أیضاً برحاشیه.........................

٣٦٢ ۔ :صحیح البخاری - جلد اول، صفحہ ٢٧٥ ،جز ٨، کتاب البیوع،باب:الحلال بین والحرام بین وبینهما أمور مشتبهات-

٣٦٣ ۔ صحیح مسلم ،جلد ٢، صفحہ ٢٨، کتاب :المساقات والمزارعة،باب :أخذ الحلال وترك الشبهات-

Marfat.com

ہیں۔"حدثنا آدم بن أبی ایاس ثنا ابن ابی ذئب ثنا سعید المقبری عن أبی هریره رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :کانت له مظلمة لأحد من عرضه أوشیٌ فلیتحلّلهٗ منه الیوم قبل ان لا یکون دینارٌ ولا درهمٌ ان کان لـه عملٌ صالحٌ أخذ منه بقدر مظلمته وان لم تکن لهٗ حسنات أخذ سیئات صاحبه فحمل علیه" ۳۶۴۔

علامہ خطیب تبریزیؒ نے مشکوٰۃ المصابیح میں بلفظہٖ ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے امام بخاریؒ نے روایت کیا ہے۔ ۳۶۵۔
(یہ حدیث صحیح ہے)۔

(۵۵) وقال أیضا صلی الله علیه و آله وسلم:" اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَا لُوْ الْمُفْلِسُ فِیْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ النَّبِی صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّاتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِصَلٰوةٍ وَصِیَامٍ وَ زَكٰوةٍ وَ یَاتِیْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَ سَفَكَ دَمَ هٰذَا وَ ضَرَبَ هٰذَ فَیُعْطٰے هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ یُّقْضٰی مَا عَلَیْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَا یَا هُمْ فَطُرِحَتْ عَلَیْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِی النَّارِ" (دفتر اول مکتوب، ۷۶)

اس حدیث نبوی کو علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں حضرت أبو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہٖ روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔"حدثنا قتیبة بن سعید وعلی بن حجر قال نا اسماعیل وهو ابن جعفر عن العلاء عن أبیه عن أبی هریره رضی الله عنه أنّ رسول الله صلی الله علیه وسلم قال:اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَا لُوْ الْمُفْلِسُ فِیْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّاتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِصَلٰوةٍ وَصِیَامٍ وَ زَكٰوةٍ وَ یَاتِیْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَ سَفَكَ دَمَ هٰذَا وَ ضَرَبَ هٰذَ فَیُعْطٰے هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ یُّقْضٰی مَا عَلَیْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَا یَا هُمْ فَطُرِحَتْ عَلَیْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِی النَّارِ۔" ۳۶۶۔

اور امام احمد حنبلؒ نے اپنی "مسند" میں بطریق سلیمان (حدثنا سلیمان قال حدثنا اسمعیل قال أخبرنی العلاء عن أبیه عن أبی هریره رضی الله عنه) مرفوعاً روایت کیا لیکن لفظ "فیعطی هذا" کی بجائے "فیقضی هذا" ذکر کیا ہے۔ ۳۶۷۔

علامہ خطیب تبریزیؒ نے اسے مشکوٰۃ المصابیح میں بلفظہٖ بیان کیا اور فرمایا کہ اسے امام مسلمؒ نے روایت کیا ہے۔ ۳۶۸۔

(۵۶) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :"لا یزال طائفة من

۳۶۴۔ :صحیح البخاری ،جلد اول۔صفحه ۳۳۱،أبواب :المظالم والقصاص ،باب :من کانت له مظلمة عند الرجل فحللها له هل یبین مظلمتهٗ۔

۳۶۵۔ :مشکوٰۃ المصابیح، کتاب الاداب،باب الظلم ،فصل اول،صفحه ۴۳۵۔

۳۶۶۔ : صحیح مسلم ،جلد ۲ ،صفحه ۳۲۰،کتاب البر والصلة،باب الظلم۔

۳۶۷۔ :مسند احمد بن حنبل ،جلد ۲ ،صفحه ۳۷۲/۲،بیان:مسند أبی هریره رضی الله عنه۔

۳۶۸۔ :مشکوٰۃ المصابیح ،صفحه ۴۳۵، کتاب الاداب ،باب:الظلم ،فصل اول۔

Marfat.com

امتی ظاہرین علی الحق لا یضرھم من خذلھم حتیٰ یأتی أمر اللّٰہ وھم علی ذالك“ (دفتر اول مکتوب،۵۶)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا مگر (الفاظ متن میں) ”ھم علیٰ ذالك“ کی بجائے ”ھم کذالك“ ذکر کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

”حدثنا سعید بن منصور و ابوالربیع العتکی وقتیبة بن سعید قالو انا حماد وھو ابن زید عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی اسماء عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم : لا تزال طائفة من امّتی ظاھرین علیٰ الحق لا یضرّھم من خذلھم حتّی یأتی امر اللہ وھم کذالك“ ۳۶۹؎

لیکن یہ الفاظ ”ھم علیٰ ذالک“ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی روایت میں ذکر کیئے۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔” حدثنا الحمیدی ثنا الولید قال حدثنی ابن جابر قال حدثنی عمیر بن ھانی انه سمع معاویة رضی اللہ عنه یقول سمعت النّبی ﷺ یقول لا یزال من امتی امة قائمة بامر اللہ لا یضرھم من خذلھم ولا من خالفھم حتّی یأتیھم أمرُ اللّٰہ وھم علیٰ ذالك “۳۷۰؎

البتہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ”الفتاوی الحدیثیۃ“ میں تحریر فرمایا کہ:

” الخبر المشھور : لاتزال طائفة من امتی ظاھرین علی الحق لا یضرھم من خالفھم حتّی یاتی امر اللہ وھم علیٰ ذالك “ ۳۷۱؎

(۵۷) ” حب الوطن من الایمان “ (دفتر اوّل مکتوب، ۴۸)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا البتہ (اسی دفتر اوّل کے) مکتوب ۱۵۵ میں فرمایا: ”حبّ الوطن من الایمان“ خبر صحیح است“

یہ بحیثیت حدیث مشہور ہے۔ علامہ نجم الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ”مرصاد العباد“ میں بلفظہٖ ذکر کیا لیکن اسکے حدیث یا قول ہونے کی صراحت نہیں کی۔۳۷۲؎

البتہ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ اپنی مثنوی میں بحیثیت حدیث بیان کیا۔۳۷۳؎

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الدرر المنتثرہ“ میں نقل کیا اور عدم واقفیت کا ذکر فرمایا اور لکھا کہ: ”لم أقف علیه“ ۳۷۴؎

لیکن علامہ امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے عدم واقفیت کا اظہار کرنے کے باوجود اسکا معنیٰ صحیح قرار دیا چنانچہ اپنی کتاب ”المقاصد الحسنۃ“ میں فرمایا ”حدیث: حبّ الوطن من الایمان ، لم اقف علیه ومعناه صحیح۔فی ثالث المجالة للدینوری من طریق الاصمعی ، سمعت اعرابیًا یقول : اذا اردت ان تعرف الرّجل فانظر کیف تحننه الیٰ اوطانه وتشوقه الیٰ اخوانه وبکاؤه علی ما مضی من زمانه، ومن طریق الاصمعی ایضًا قال : قالت الھند ثلاث خصال فی ثلاثة اصنافٍ من الحیوان ، ألابل نحن الیٰ اوطانھا ، وان کان عھد ھا بھا بعیدًا والطیر الیٰ وکره ، وان کان موضعه مجدبًا ،

۳۶۹؎ :صحیح مسلم جلد ۲، صفحہ ۱۴۳ ، کتاب الامارۃ ،قوله ﷺ : لا تزال طائفة من امتی ظاھرین علی الحق لا یضرھم من خالفھم

۳۷۰؎ :صحیح البخاری ، جلد اول ،صفحہ ۵۱۴، کتاب المناقب ،باب ،قبل باب ،فضائل الصّحابة

۳۷۱؎ :الفتاوی الحدیثیّة ،صفحہ ، ۱۸۴ ،مطلب حدیث ، الخیر فی وفی امتی

۳۷۲؎ :مرصاد العباد ،صفحہ ۵۹،باب سوم در معاش ،فصل اوّل + صفحہ ۳۵،باب دوم

۳۷۳؎ :مولانا روم جلال الدین ، بہاؤالدین، محمد : (۶۰۴۔۶۷۲ھ)(مثنوی مولوی معنوی)(فرید بک سٹال)(دفتر چہارم صفحہ ۲۱۴)

۳۷۴؎ :الدرر المنتثرہ ،صفحہ ۱۰۰/۱۷۳ ،حرف الحاء ، حدیث ” حب الوطن من الایمان “

والانسان الی وطنہٖ وان کان غیرہ اکثر نفعًا، ولما اشتاق النّبی ﷺ الی مکۃ محل مولدہ منشئہ انزل اللّٰہ تعالیٰ علیہ قولہ (ان الذی فرض علیک القراٰن لرادّک الی معادٍ)القصص:۸۵-الیٰ مکۃ ،وللخطابی فی غریب الحدیث من طریق ابراہیم بن محمد بن عبد العزیز عن ابیہ عن الزہری، قال: قدم اصیل - بالتّصغیر - الغفاری رضی اللّٰہ عنہ علی رسول اللّٰہ ﷺ: من مکۃ قبل ان یضرب الحجاب، فقالت لہٗ عائشۃ: کیف ترکت مکّۃ، قال اخضرت جنباتھا، وابیضت بطحاؤھا،واغدق اذخرھا، وانتشر سلمھا ،الحدیث - وفیہ: فقال لہ رسول اللّٰہ ﷺ حسبک یا اصیل لا تحزنی، وھو عند ابی موسیٰ المدینی من وجہ اٰخر، قال :قدم اصیل الحذلی فذکر نحوہ باختصار وفیہ: فقالؐ لہ النبی ﷺ ویحا یا اصیل لدع القلوب تقر" ۳۷۵؎

اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب'' المصنوع فی معرفت الحدیث الموضوع'' میں فرمایا:''لا اصل لہ عند الحفاظ''۳۷۶؎

اور اپنی کتاب''اسرار المرفوعہ میں لکھا کہ:'' حبّ الوطن نصف الایمان - قال الذرکشی: لم اقف علیہ-وقال السیّد معین الدین الصفوی :لیس بثابتٍ وقیل انّہ من کلام بعض السّلف - وقال اسخاوی: لم اقف علیہ ومعناہ صحیح''۔

قال المنوفی ما ادعاہ من صحۃ معناہ عجیب اذلا ملازمۃ بین حبّ الوطن وبین الایمان ویردہ قولہٗ (ولو انّا کتبنا علیھم) فانّہ دلّ علی حبّھم وطنھم مع عدم تلبسھم بالایمان الا ضمیر ''علیھم'' للمنافقین - وتعقبہ بعضھم بانہ لیس فی کلامہ انہ لا یحب الوطن الا مؤمن وانّما فیہ انّ حب الوطن لا ینا فی الایمان انتھیٰ'' ۳۷۷؎

بعدازاں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس کا معنی صحیح قرار دیتے ہیں اور وطن سے مراد مسکنِ اوّل لیتے ہیں۔ چنانچہ فرمایا:'' ولا یخفی انّ معنی الحدیث حبّ الوطن من علامۃ الایمان وھی لا تکون الا اذا کان الحبّ مختصًا بالمؤمن فاذاوجد فیہ وفی غیرہ لا یصلح ان یکون علامۃ قبولہ ومعناہ صحیحٌ نظر ا الی قولہ تعالیٰ حکایۃ عن المؤمنین (وما لنا الا نقاتل فی سبیل اللّٰہ وقد اخرجنا من دیارنا) فصحت معارضتہٗ بقولہ تعالیٰ (ولو انّا کتبنا علیھم ان اقتلوا)ثم الاظھر فی معنی الحدیث ان صحّ مبناہ ان یحمل علی ان المراد بالوطن الجنّۃ فانّھا المسکن الاوّل لابینا اٰدم علی خلاف فیہ انہ خُلِقَ فیہ او دخل بعد ما تکمل و اتم اوالمراد بہٖ مکّۃ فانّھا امّ القریٰ وقبلۃ العالم او الرجوع الی اللّٰہ تعالیٰ علی طریقۃ الصّوفیین فانّہ المبدأ والمعاد کما یشیر الیہ قولہ تعالیٰ (وأن الیٰ ربک المنتھیٰ)او المراد بہٖ الوطن المتعارف لکن بشرط ان یکون سبب حبّہ صلۃ ارحامہ واحسانہ الی اصل بلدہ من فقرآئہٖ وایتامہ ثم التحقیق انہ لا یلزم من کون الشیئی علامۃ لہ اختصاصہ بہ مطلقًا بل یکفی غالبًا الا تری الی حدیث: حسن العھد من الایمان وحبّ العرب من الایمان مع انّھما یوجدان فی اھل الکفر ان وا المستعان'' ۳۷۸؎

اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ المفاتیح میں فرمایا۔'' امّا حدیث حب الوطن من الایمان موضوع وان کان معناہ''

۳۷۵؎ :المقاصد الحسنہ،حدیث ۳۸۶،حرف الحاء۔

۳۷۶؎ :علی بن سلطان -قاری - مُلّا،(متوفی ۱۰۱۴ھ)'' المصنوع فی معرفۃ الحدیث الموضوع'' (مکتب المطبوعات الاسلامیّہ - حلب ۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء)صفحہ ۶۱-حدیث ۱۰۶

۳۷۷؎ :اسرار المرفوعۃ فی الاخبار الموضوعۃ، صفحہ ۱۸۰،حدیث ۱۶۴

۳۷۸؎ :ایضًا

۳۷۹؎ :علی بن سلطان: قاری (متوفی ۱۰۱۴ھ)،مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح (مکتبۃ امدادیہ ،ملتان - ۱۳۸۷ھ/۱۹۶۷ء)جلد ۴،صفحہ ۵، کتاب الجنائز-باب تمنی الموت وذکرہ، فصل اوّل شرح لفظ ،کن فی الدنیا کانّک غریب بیان حدیث :'' حبّ الوطن من الایمان

Marfat.com

صحیحًا لاسیما اذا حمل علی ان لامراد بالوطن الجنّة فانها المسکن الاول "۳۷۹۔

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے بھی اسکی رفعیت کی تصریح نہیں کی بلکہ خبر صحیح کہا۔ اور لفظِ خبر محدثین کے ایک طبقہ کے نزدیک احادیث مرفوعہ کے علاوہ موقوفہ، مقطوعہ اور دوسرے لوگوں کے اقوال پر بھی بولا جا سکتا ہے۔ پھر یہ کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس سے مراد مسکن اول یعنی جنت اور وہاں دیدار الٰہی یا دوسرے لفظوں میں ''رجوع الی اللہ'' لیا۔ تو یہ قرآن پاک کی آیۃ کریمہ (ففرّوا الی اللہ) سے ماخوذ ہے۔ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔۳۸۰

"چند روز اگر ارادہ خداوندی موافق است اینجا بسر بردہ بسرعت متوجہ وطن اصل خواہد شد۔ حبّ الوطن من الایمان خبر صحیح است بیچارہ بکجا رود ناصیہ بدستِ اددارد ماسن دآبۃ الا ھو اخذٌ بنا صیتھا انّ ربّی علیٰ صراطٍ مستقیم ☆ ربّی المضرّ مگر آنکہ ففرّوا الی اللہ گفتہ در وی بولے بگریزند بہر حال اصل را اصل دانستہ فرع را طفیلے ساختہ رو باصل باید آورد "۳۸۱۔

(۵۸) حدیث: ''جدّدوا ایمانکم بقول لا الٰہ الا اللہ''

(دفتر اوّل مکتوب،۴۸)

اس حدیث کی تحقیق سابقہ ہو چکی ہے۔ (دیکھئے حدیث،۳۰)

(۵۹) قال علیہ الصلوٰۃ والسّلام '' ھلک المسوفون''

(دفتر اوّل مکتوب ،۴۸)

اس حدیث کی تخریج کے لئے دیکھئے (حدیث ۴۵)

(۶۰)''الّذین ھم علیٰ ما انا علیہ واصحابی''

(دفتر اوّل مکتوب ،۸۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بحیثیتِ قول مصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء ذکر کیا البتہ یہ بیان معنی حدیث ہے۔ اور الفاظِ حدیث'' ما انا علیہ واصحابی '' ہیں کہ جنہیں امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے اپنی جامع میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بیان کیا چنانچہ آپ لکھتے ہیں:

"حدثنا محمود بن غیلان نا ابوداؤد الحضری عن سفیان عن عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم الافریقی عن عبد اللّٰہ بن یزید عن عبد اللّٰہ بن عمرو رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ: لیأتین علیٰ امتی ما اتی علیٰ بنی اسرائیل حذو النعل با النعل حتّی ان کان منھم من اتی امۃ علانیۃ لکان فی امتی یصنع ذالک وان بنی اسرائل تفرقت علیٰ ثنتین وسبعین ملۃ و تفترق امتی علیٰ ثلاثٍ وسبعین ملّۃ ، کلّھم فی النّار الّا ملّۃ واحدۃ ، قالو امن ھی یا رسول اللہ ﷺ ؟ قال : ما انا علیہ واصحابی "۳۸۲۔

بعدازاں امام ترمذی اس روایت کی حیثیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔"ھذا حدیث حسن غریبٌ مفسّر لا نعرفہ مثل ھذا الّا من ھذا الوجہ "۳۸۳۔

امام طبرانی علیہ الرحمۃ نے ''المعجم الکبیر'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بلفظ: ''ما انا علیہ الیوم واصحابی'' روایت کیا چنانچہ فرمایا:

"حدثنا عیسٰے بن محمد السمسار الواسطی حدثنا وھب بن بقیہ حدثناعبد اللہ بن سفیان المدنی عن یحیے بن سعید الانصاری عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ : تفرّق ھذہ الامّۃ علی ثلاث وسبعین

۳۸۰۔ :قرآن مجید ، پارہ ۲۷، د،سورۃ الذاریات، آیت ۵۰

۳۸۱۔ :مکتوبات امام ربّانی ،دفتر اوّل مکتوب ۱۵۵

۳۸۲۔ :جامع ترمذی ،جلد ۲، صفحہ ۹۲،۹۳، ابواب الایمان ، باب افتراق ھذہ الامۃ ،

۳۸۳۔ :ایضًا ـــــــــ صفحہ ۹۳ ـــــــ

Marfat.com

فرقة ،کلّهم فی النّار الا واحدة ، قالوا وما هی تلك الفرقة ؟ قال ما انا علیه الیوم واصحابی "۳۸۴؎

(۶۱) آنحضرت علیه الصلٰوة والتحیّة فرموده:" لَا تَجتمع امتی علی الضّلالة"

(دفتر اوّل مکتوب، ۸۰)

اس حدیث کو حضرت علی ہجویری معروف بہ داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ "کشف المحجوب" اور علامہ سدید الدین کاشغری رحمۃ اللہ علیہ نے "منیۃ المصلی" میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا لیکن مخرج بیان نہیں کیا۔۳۸۵؎

البتہ امام احمد" مسند حاکم" مستدرک" ابن ماجہ" سنن" ابن ابی عاصم" کتاب السنۃ" اور ترمذی نے" جامع میں مرفوعاً باختلاف متن روایت کیا۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین

چنانچہ امام احمد اپنی" مسند" میں لکھتے ہیں۔" ثنا یونس قال ثنا لیث عن أبی وهب الخولانی عن رجل قد سمّاه عن أُبی بصره الغفاری صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم ، ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال سألت ربی عزوجل اربعًا فأعطانی ثلاثا ومنعنی واحدة سألت عزّوجل ان لا یجمع أمتی علی ضلالةٍ فأعطانیها وسألت الله عزّوجل ان لا تجمع امتی علی الضّلالة فأعطانیها وسألت اللّٰه عزوجل ان لایهلکم بالسّنین کما اهلك الامم قبلهم فأعطانیها وسألت اللّٰه عزّوجل ان لا یلبسهم شیعًا ویذیق بعضهم بأس بعض فمنعنیها " ۳۸۶؎

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ" مستدرک" میں لکھتے ہیں۔" حدّثنا أبو الولید حسان بن محمد الفقیه املاء وقرأة ثنا محمد بن سلیمان بن خالد ثنا سلمة بن شبیب ثنا عبد الرزاق انبأ ابراهیم بن میمون أخبرنی عبد الله بن طاؤس أنّه سمع اباه یحدث انه سمع ابن عباس یحدث ان النّبیّ صلی ا علیه وسلم قال لا یجمع الله امتی أوقال هذه الامّة علی الضلالة أبدًا و ید اللّٰه علی الجماعة " ۳۸۷؎

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ: (لا یجمع الله امّتی علی الضلالة أبدًا) روایت کیا چنانچہ فرمایا۔" حدّثنا علی بن عیسی بن ابرهیم ثنا عبد الله بن محمد بن عبد الرحمٰن ثنا أبو بکر بن نافع ثنا المعتمر حدّثنی سلیمان المدنی عن عبد الله بن دینار عن ابن عمر رضی الله عنهُ قال قال رسول الله صلیّ الله علیه وسلم لا یجمع الله امتی علی الضلالة أبدًا" ۳۸۸؎

امام ابن ماجہ نے اپنی" سنن" میں فرمایا:" حدّثنا العباس بن عثمان الدمشقی ثنا الولید بن مسلم ثنا معان بن رفاعة السلامی حدثنی أبو خلف الأعمی قال سمعت انس بن مالك رضی الله عنه یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول : إنَّ امتی لا تجتمع علی ضلالة ،فاذا رأیتم اختلافًا فعلیکم بالسّواد الاعظم " ۳۸۹؎

امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ" زوائد ابن ماجہ" میں لکھتے ہیں۔"هذا اسناد ضعیف لضُعفِ أبی خلف الأعمی واسمه' حازم

۳۸۴؎ المعجم الکبیر ،جلد اوّل صفحه ۲۵۲ ،بیان : من اسمه عیسی

۳۸۵؎ :کشف المحجوب ،صفحه ۱۵ ،باب اول ، اثبات العلم ،فصل دوم،سدید الدین کاشغری : منیة المصلّی و غنیة المبتدی (کتب خانه مجیدیه ،ملتان) صفحه ۴

۳۸۶؎ :مسند احمد بن حنبل ،جلد ۶ صفحه ۳۹۶ ،بیان : حدیث أبی البصرة الغفاری رضی الله عنه

۳۸۷؎ :مستدرك حاکم ،جلد اوّل ،صفحه ۱۱۶ ،کتاب العلم ،بیان : من شذشذ فی النّار

۳۸۸؎ :مستدرك حاکم ، جلد اول ، صفحه ۱۱۵ ،بیان : لایجمع الله هذه الامة علی الضلالة

۳۸۹؎ :سنن ابن ماجه ، جل ۲ صفحه ۱۳۰۳ ،کتاب الفتن ،باب ، السّواد الاعظم ،حدیث ۳۹۵۰

Marfat.com

بن عطار رواه عبد بن حميد حدثنا يزيد بن بقية بن الوليد بن هارون انبأ بقية بن الوليد بن معاذ فذكره وراوه أبو يعلىٰ الموصلي حدثنا داؤد بن رشيد حدثنا الوليد فذكره بأسناده و متنه وقد روى هذا الحديث من حديث أبي ذروأبي مالك الأشعري وابن عمر وأبي نصرة وقدامة بن عبد الله الكلابي وفي كلها نظر قاله شيخنا العراقي " ۳۹۰؎

لیکن علامہ سیوطیؒ نے اس حدیث ابن ماجہ کو صحیح قرار دیا۔ ۳۹۱؎

اور امام ابن ابی عاصمؒ نے "کتاب السنۃ" میں بطریق (ابوالمغیرۃ عن معاذ بن رفاعہ) ابن ماجہ کے ذکر کردہ متن سے روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں۔ "ثنا محمد بن مصفا ثنا أبو المغيره عن معاذ بن رفاعة عن أبي خلف الأعمى عن انس بن مالك رضى الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول إنّ أمتي لا تجتمع على ضلالة ۔فاذا رأيتم الاختلاف فعليكم بسواد الأعظم " ۳۹۲؎

لیکن امام ابن ابی عاصم نے ان اسناد کو ضعیف قرار دیا۔ چنانچہ فرمایا: أبو خلف الأعمى قيل اسمه حازم بن عطاء، قال الحافظ، متروك ورماه ابن معين بالكذب " ۳۹۳؎

جبکہ ترمذی نے اپنی جامع میں بروایت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔ " حدثنا ابو بكر بن نافع البصري ثنا المعتمر بن سليمان المديني عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر رضى الله عنه إنّ رسول الله صلّى الله عليه وسلم قال، إنّ الله لايجمع امّتي أوقال امة محمدٍ علىٰ ضلالة ويد الله على الجماعة ومن شذّ شذّ في النّار " ۳۹۴؎

بعد ازاں امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی حیثیت واضح کرتے ہوئے فرمایا: " هذا حديث غريب من هذا الوجه و سلمان المديني هو عندي سلمان بن سفيان " ۳۹۵؎

علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الدر المنتثرۃ" میں بلفظہ (لاتجتمع امتی علی ضلالۃ) ذکر کیا اور فرمایا: "رواه ابن أبي عاصم في السنّة من حديث انس بهذا اللفظ وعند الترمذي عن حديث ابن عمر لا يجمع الله تعالىٰ هذه الامة على ضلالةٍ ابدا " ۳۹۶؎

امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے بلفظ (لا تجتمع امتي على ضلالة) ذکر کرنے کے بعد امام احمد، طبرانی، ابن ابی خیثمہ، ابونعیم، ابن ابی عاصم، ابن ماجہ، امام ترمذی اور طبری کے حوالے باختلاف (الفاظ) متون بیان کئے اور آخر میں فرمایا:

" بالجملة فهو حديث مشهور المتن، ذوأسانيد كثيرة وشواهد متعدده في المرفوع وغيره، من الاوّل، أنتم شهداء الله في الارض ومن الثاني قول ابن مسعود رضي الله عنه: اذا سئل احدكم فلينظر في كتاب الله فان لم يجده ففي سنة رسول الله ﷺ فان لم يجده فيها فلينظر فيما اجتمع عليه المسلمون والاّ فليجتهد" ۳۹۷؎

لیکن علامہ علی قاری نے اسے بلفظ (فی حدیث مرفوع: لاتجتمع امتی علی الضلالۃ) ذکر کیا۔ رواۃ مسلم اس حدیث کے بارے میں نہیں ہے۔ ۳۹۸؎ (یہ حدیث صحیح ہے)

۳۹۰؎ :البوصيري، شهاب الدين، احمد بن أبي بكر بن اسماعيل، (متوفی ۸۴۰ھ) مصباح الزجاجه في زوائد ابن ماجه (دارالعربية للطباعة والنشور والنوريع بيروت لبنان ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء) جلد ۴ صفحه ۱۶۹ باب السواد الاعظم

۳۹۱؎ :الجامع الصغير، جلد اوّل صفحه ۸۷، حرف الالف

۳۹۲؎ :كتاب السنّة، جلد اوّل، باب ۲۰، ماذكر عن النّبي صلى الله عليه وسلم من أمره بلزم الجماعة وأخباره انّ يد الله على الجماعة، حديث ۸۴

۳۹۳؎ :ايضاً

۳۹۴؎ :جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۳۹، ابواب الفتن، باب في لزوم الجماعة

۳۹۵؎ :ايضاً

۳۹۶؎ :الدرالمنتثره، صفحه ۲۷۳-۱۹۰

Marfat.com

(۶۲) قال علیہ الصلوٰۃ والسلام "الصّلوٰۃ عماد الدین، فمن اقامھا فقد اقام الدین ومن ترکھا فقد ھدم الدین" (دفتر اوّل مکتوب، ۸۵)

اس حدیث کوعلامہ سدید الدین کاشغری رحمۃ اللہ علیہ نے "منیۃ المصلی" میں مرفوعاً بلفظہ بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا: "قولہ علیہ السّلام: الصلوٰۃ عماد الدّین فمن أقامھا فقد اقام الدین ومن ترکھا فقد ھدم الدّین" ۳۹۹ے

علامہ رومی رحمۃ اللہ علیہ "مجالس الابرار" میں بیان کیا کہ "فی حدیث اٰخر أنہ علیہ السّلام قال، الصلوٰۃ عماد الدّین فمن اقامھا فقد اقام الدّین ومن ترکھا فقد ھدم الدّین" ۴۰۰ے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیا العلوم میں مرفوعاً بیان کیا مگر بلفظ "الصلوٰۃ عماد الدّین فمن ترکھا فقد ھدم الدّین" ۴۰۱ے

اورعلامہ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسکی تخریج میں فرمایا۔ "(الصلوٰۃ عماد الدّین) رواہ البیھقی فی الشعب بسند ضعّفہ من حدیث عمر، قال الحاکم، عکرمہ لم یسمع من عمر، قال ورواہ ابن عمر لم یقف علیہ ابن الصلاح، فقال فی مشکل الوسیط انّہ غیر معروف" ۴۰۲ے

علامہ شیبانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تمیز الطیب من الخبیث" میں بلفظ (الصلوٰۃ عماد الدّین) ذکر کیا اور فرمایا:

رواہ البیھقی عن عمر بہ مرفوعًا وأوردہ صاحب الوسیط قال ابن الصلاح فی مشکل الوسیط: أنّہ غیر معروف وقال النّووی فی التنقیح منکر باطل ۴۰۳ے

ابوالشجاع دیلمی نے اپنی کتاب "الفردوس بماثور الخطاب" میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ: الصلوٰۃ عماد الدّین والجھاد سنام العمل والزکوٰۃ یثبت ذلک۔ روایت کیا۔ جبکہ امام بیہقی نے اپنی کتاب "شعب الایمان" میں فرمایا۔ ۴۰۴ے

"أخبرنا ابو عبد اللہ الحافظ: اخبرنا أبو حامد احمد بن محمد بن احمد بن شعیب بن ھارون بن موسیٰ الفقیہ حدثنا زکریا بن یحیی بن موسیٰ بن ابرھیم النیسابوری ثنا یحیی بن یحیی وھب بن جریر حدثنا شعبہ عن قتادہ عن عکرمہ عن عمر قال جآء رجلٌ فقال یا رسول اللہ أیُّ شیئی احب عند اللہ فی الاسلام، قال الصلوٰۃ لوقتھا ومن ترک الصلوٰۃ فلا دین لہ والصلوٰۃ عماد الدّین" ۴۰۵ے

بعد ازاں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ وضاحت کرتے ہیں کہ امام ابو عبد اللہ نے فرمایا ہے کہ "عکرمۃ" نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سماعت نہیں کی۔ ۴۰۶ے

لیکن امام بیہقی کے نزدیک یہاں مراد "ابن عمر رضی اللہ عنہ" ہیں۔ ۴۰۷ے

۳۹۷ے المقاصد الحسنۃ، حدیث ۱۲۸۸

۳۹۸ے مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح، جلد اوّل، صفحہ ۲۱۷، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ، فصل اوّل

۳۹۹ے منیۃ المصلی، صفحہ ۳

۴۰۰ے مجالس الابرار، صفحہ ۳۰۳، مجلس ۵۱، بیان، فرضیّۃ الصلوٰۃ بالکتاب والسنۃ واجماع الامۃ والوعید فی حق من ترکھا

۴۰۱ے احیاء علوم الدین، جلد اوّل، صفحہ ۱۴۷/ ۱۵۲، کتب اسرار الصلوٰۃ ومھماتھا، باب اوّل: فضائل الصلوٰۃ والسجود والجماعۃ والاذان، بیان: فضیلۃ المکتوبۃ

۴۰۲ے ایضاً بر حاشیہ حوالہ سابق ۴۰۱ از احیاء علوم الدّین

۴۰۳ے الشیبانی، عبد الرحمن بن علی بن عمر، الشافعی، (۸۶۶ھ - ۹۴۴ھ): تمیز الطیب من الخبیث فیما ید ورعلی السنۃ الناس من الحدیث، (دارالکتب العلمیہ، بیروت، لبنان) الطبعۃ الثالثۃ (۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۸ء) صفحہ ۱۱۲، حدیث ۷۸۹، حرف الصّاد

۴۰۴ے الفردوس بما ثور الخطاب، جلد ۲، صفحہ ۴۰۴، حدیث ۳۷۹۵+فردوس الأخبار جلد ۲، صفحہ ۵۶۳، حدیث ۳۶۱۱۔

۴۰۵ے شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۹، شعبہ ۲۱، باب فی الصلوٰۃ، حدیث ۲۸۰۷

۴۰۶ے ایضاً

۴۰۷ے ایضاً

Marfat.com

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث ''الصلوٰۃ عماد الدین''

اپنی کتاب ''الجامع الصغیر'' میں امام بیہقی کی شعب الایمان کے حوالہ سے بیان کیا اور اسے حدیث ضعیف قرار دیا۔۴۰۸؎

البتہ آپ نے اسے بلفظ (الصلوٰۃ عماد الدین) ذکر فرمایا اور کہا کہ اسے أبو نعیم فضل بن دکین نے کتاب الصلوٰۃ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیان کیا ہے۔۴۰۹؎

اور یہ حدیث حسن ہے۔۴۱۰؎

مگر اس کا معنیٰ احادیث صحیحہ سے ماخوذ ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ''التاریخ الکبیر'' میں لکھتے ہیں کہ '' قال علی بن ابی هاشم نا مبارك بن سعيد سمع أباه عن ايوب بن كريز عن عبد الرحمٰن بن غنم عن معاذ بن جبل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال، رأس الامر الاسلام وعموده الصلوٰة وذروته الجهاد والصيّام جنّة والصدقة تطفى الخطايا ''۴۱۱؎

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں روایت کیا کہ '' حدثنا ابن أبي عمر نا عبد الله بن معاذ الصيغاني عن معمر عن عاصم بن أبي النجود عن أبي وائل عن معاذ بن جبل قال كنت مع النّبي صلى الله عليه وسلم في سفر فاصبحت يومًا قريبًا منه ونحن يسير فقلت يا رسول اللهﷺ أخبرني بعمل يدخلني الجنّة ويباعدني عن النّار، قال لقد سئالتني عن عظيم وأنّه يسير على من يسّره الله عليه تعبد الله ولا تشرك به شيئًا وتقيم الصلوٰة وتؤتي الزكوٰة وتصوم رمضان وتحج البيت ثم قال الأأدلّك على أبواب الخير الصوم جنّة والصدقة تطفى الخطيّئة كمايطفى المآء النّار وصلوٰة الرّجل منجوف الّيل قال ثم تلاتتجافىٰ جنوبهم عن المضاجع يدعون ربّهم حتّى بلغ يعملون ثمّ قال ألاأخبرك برأس الأمر كله وعموده وذروة سنامه قلت بلىٰ يا رسول الله، قال '' رأس الأمر الاسلام وعمودة الصلوٰة وذروة سنامه الجهاد '' ثم قال ألا أخبرك بملاك ذلك كله قلت بلىٰ يا رسول الله قال فأخذبلسانه قال كفّ عليه هذا فقلت يا نبي الله وانّا لمؤاخذون بما نتكلم به فقال ثكلتك أمّك يا معاذ وهل يكبّ النّاس في النّار على وجوههم أوعلىٰ مناخرهم الّا حصائد السنتهم '' ۴۱۲؎

بعد ازاں امام ترمذی نے اس کی حیثیت واضح کرتے ہوئے فرمایا

''ھٰذا حدیث حسن صحیح''۴۱۳؎

اور حدیث زیر تحقیق کے دوتہائی آخر (فمن اقامها فقد اقام الدين ومن تركها فقد هدم الدين) کا معنیٰ قطعہ حدیث ''فمن ترکھا فقد کفر'' سے ماخوذ ہے کہ جسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع میں حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں

'' حدثنا ابو عمار الحسين بن حريث و يوسف بن عيسىٰ قالا نا الفضل بن موسىٰ عن الحسين بن واقد ح وثنا ابو عمار و محمود بن غيلان قالا نا على بن الحسين بن واقد عن ابيه ح وثنا محمد بن على بن الحسن الشقيقى و محمود بن غيلان قالا نا على بن الحسن بن شقيق عن الحسين بن واقد عن عبد اللّٰه بن بريدة عن ابيه رضى اللّٰه عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم '' العهد الّذى بيننا وبينهم الصلوٰة فمن تركها فقد كفر '' ۴۱۴؎

۴۰۸؎ الجامع الصغير، جلد ۲، صفحه ۵۰، حرف الصّاد

۴۰۹؎ ايضًا

۴۱۰؎ ايضًا

۴۱۱؎ :التاريخ الكبير، جلد ۷، صفحه ۴۲۶، (جز ۴ قسم اوّل) باب: مبارك بيان ۱۸۶۸، مبارك بن سعيد بن مسروق أبو عبد الرحمٰن

۴۱۲؎ :جامع ترمذى، جلد ۲، صفحه ۸۹، أبواب الايمان، باب "ماجآء فى حرمة الصلوٰة"

۴۱۳؎ ايضًا

۴۱۴؎ أيضًا، صفحه ۹۰، باب ماجآء فى ترك الصلوٰة"

Marfat.com

بعدازاں اس حدیث کی حیثیت بیان کرتے ہوئے امام ترمذی فرماتے ہیں:" وفی الباب عن انس وابن عباس۔هذا حديث حسن صحيح " غريب" ۴۱۵؎

اوراس شطرآخر کا مفہوم حدیث (من ترک الصلوٰۃ لا دین له) سے بھی ماخوذ ہے کہ جسے امام بیہقی نے "شعب الایمان" میں روایت کیا۔۴۱۶؎

جبکہ امام بخاری نے "التاریخ الکبیر" میں لکھا کہ " قال عبد الله بن عثمان أخبرني أبي عن شعبه عن يعلىٰ بن عطاء عن حسّان بن أبي وجزة عن ابيه عن عبد الله بن عمر وقال من ترك الصلوٰة لا دين له" ۴۱۷؎

(٦٣) در حدیث نبوی علیه الصلوٰۃ والسلام وارداست " عبادة فی الهرج کهجرة اليّ " (دفتر اوّل مکتوب، ٨٥)

اس حدیث نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات کو امام مسلم، ترمذی، اور ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین نے حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (العبادۃ فی الھرج کھجرۃ الیّ) روایت کیا چنانچہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی "صحیح" میں فرماتے ہیں" حدثنا قتيبة بن سعيد نا حماد (بن زيد) عن المعلى بن زياد ردّه الىٰ معاوية بن قرّة ردّه الىٰ معقل بن يسار ردّه الىٰ النّبی صلی اللّٰہ علیه وسلم قال العبادة في الهرج كهجرة اليّ" ۴۱۸؎

امام ترمذی نے اپنی جامع میں باسناد ومتن مذکورہ روایت کیا۔ اور فرمایا" هذا حديث صحيح " غريبٌ انّما نعرفه من حديث المعلى بن زياد" ۴۱۹؎

اور امام ابن ماجہ نے اپنی "سنن" میں روایت کیا تو فرمایا:" حدثنا حميد بن مسعده ثنا جعفر بن سليمان عن المعلى بن زياد عن معاويه بن قره عن معقل بن يسار قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلّم " العبادة فی الهرج كهجرة الیّ" ۴۲۰؎

علامہ خطیب تبریزی نے مشکوٰۃ المصابیح میں بیان کیا اور فرمایا "رواہ مسلم" (اسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے) ۴۲۱؎ (یہ حدیث صحیح ہے)

(٦٤) در حدیث صحیح وارد است علیٰ مصدرہ الصلوٰۃ والسّلام " من تواضع لغنیّ لغناه ذهب ثلثا دينه " (دفتر اول مکتوب، ٨٥)

اس حدیث کو ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے "الرسالۃ القشیریۃ" میں بلفظ (من تواضع لغنیّ لاجل غناه ذهب ثلثا دينه) ذکر کیا اور اسے خبر قرار دیا۔۴۲۲؎

جبکہ ملا علی قاری نے اسے مرقاۃ میں بلفظ قشیری بیان کیا اور صراحت کی کہ یہ حدیث ہے۔۴۲۳؎

۴۱۵؎ ایضاً

۴۱۶؎ دیکھئے حوالا ۴۰۵

۴۱۷؎ التاریخ الکبیر ،جلد ۷،صفحہ ۹۵،جزء ۴،قسم اوّل ،بیان ۴۲۳، عمار بن المغيرة بن شعبة ، باب الواحد

۴۱۸؎ صحیح مسلم ، جلد ۲،صفحہ ۴۰۶،کتاب الفتن ، باب ، فضل العبادة فی الهرج

۴۱۹؎ جامع ترمذی ، جلد ۲،صفحہ ۴۴ ، أبواب الفتن ، باب " ماجاء فی الهرج"

۴۲۰؎ سنن ابن ماجه ،جلد ۲،صفحہ ۱۳۱۹ ،کتاب الفتنه ،باب الوقوف عند الشبهات ، حدیث ۳۹۸۵

۴۲۱؎ مشكوة المصابيح ،صفحہ ۴۶۲، كتاب الفتن ،فصل اول

۴۲۲؎ الرّسالة القشيرية ،صفحہ ۱۲۹،باب الفقر

۴۲۳؎ مرقاة المفاتيح ، جلد ۴،صفحہ ۱۷۵۔كتب الزكوة،باب من لاتحل له المسئلة ومن تحل له،فصل اوّل۔

Marfat.com

علامہ ابن حجر مکیؒ نے بلفظ (مــن تــواضــع لــغـنـیّ لاجل غناه ذهب ثلثا دينه) ذکر کرنے کے بعد فرمایا" رواه البیهقی فی الشعب من حديث الحسن بن بشر عن الأعمش عن ابرهيم عن ابن مسعود رضی الله عنه بقوله من خضع لغنى ووضع له نفسه اعظامًا له طمعًا فيما قبله ذهب ثلثا مرؤته وشطردينه " ۴۲۴ـ

امام بیہقی شعب الایمان میں لکھتے ہیں" أخبرنا عبد الله بن يوسف أنا أبو سعيد بن الاعرابی نا عباس بن عبد الله الترقفی نا الحسن بن بشر قال حدثت عن الأعمش عن ابراهيم بن عبد الله بن مسعود قال ، ومن خضع لغنیّ وضع له نفسه اعظامًا له، وطمعًا فيما قبله، ذهب ثلثا مرؤته وشطردينه "۴۲۵ـ

لیکن امام بیہقی نے اسے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بھی روایت کیا مگر وہاں الفاظ (مــن دخـل على غنى فتضعضع له، ذهب ثلثا دينه ذکر کئے)

امام بیہقی فرماتے ہیں:" أخبرنا ابو عمر و محمد بن عبد الله الرّ ذجاهی الاديب نا أبو محمد عبد الله بن محمد بن علی بن زياد الدقاق نا أبو الحسن علی بن احمد البلخی نا محمد بن يوسف بن ثابت بن آدم الرّبعی من كتابه املاه علينا عن محمد بن القاسم بن جعفر نا شقيق بن ابراهيم عن سفيان الثّورى عن طلحة بن مصرف عن شمر عن عطية عن ابن مسعود رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " من أصبح محزونا على الدّنيا أصبح ساخطًا على ربه ومن أصبح يشكو مصيبته، فانّما يشكو ربّه ومن دخل على غنى فتضعضع له، ذهب ثلثا دينه ومن قرأ القرآن فدخل النّار فهو ممن اتخذ آيات الله هزوًا " ۴۲۶ـ

امام سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے" حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (مـن تـوضـع لغني لينال ما فی يده أحبط الله ثلثی عمله) روایت کیا۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں

" أخبرنی أبو حميد عبد الوهاب العسقلانی بسمرقند حدثنا محمد بن علی حدثنا الخزاعی حدثنا ابرهيم بن سلمان المصری عن علی بن حميد عن وهب بن ارشد عن مالك بن دينار عن انس رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم من أصبح حزينًا على الدّنيا أصبح ساخطًا على ربه ومن أصبح يشكو مصيبته نزلت به فانّما يشكو الله تعالىٰ ومن تواضع لغني لينال ما فی يده أحبط الله ثلثی عمله ومن اعطى القرآن فدخل النّار أبعده الله من رحمته يعنی من اعطاه الله القرآن ولم يعمل بما فيه وتهاون به حتّى دخل النّار أبعده الله من رحمته لِأنّه هو الّذی فعل بنفسه حيث لم يعرف حرمة القرآن " ۴۲۷ـ

البتہ امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے" شعب الایمان" میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے بلفظ (مـن تـضـعـضـع لغنى لينال من دنياه أحبط الله ثلثی عمله) ذکر کیا، چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔" أخبرنا أبو الحسين بشران أنا ابو الحسن على بن محمد المصری نا سليمان بن شعيب الكسائی نا علی بن معبدنا وهب بن راشد عن مالك رضی اللّٰه عنه بن دينار عن انس بن مالك رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى اللّٰه عليه وسلم من أصبح حزينًا على الدّنيا أصبح ساخطًا على ربّه ومن أصبح يشكو مصيبة نزلت به فإنّما يشكو الله عزوجل ومن تضعضع لغنيّ لينال من دنياه أحبط الله ثلثی عمله ومن أعطى القرآن فدخل النّار فأبعد الله " ۴۲۸ـ

۴۲۴ـ الفتاوی الحديثية ،صفحه ۲۷۱ ،مطلب حديث ، " الفقراء سراج الاغنياء"

۴۲۵ـ شعب الايمان ،جلد ۶ ،صفحه ۲۹۸ ،شعبه ۵۷ ،باب ، حسن الخلق ،فصل التواضع ، حديث ۸۲۳۲

۴۲۶ـ شعب الايمان ، جلد ۷، صفحه ۲۱۳، ۲۱۴ ،شعبه ۷۰ ،باب فی الصبر على المصائب / فصل فی ذكر ما فی الأوجاع والامراض والمصيبات من الكفارات ،حديث ۱۰۰۴۵

۴۲۷ـ سمرقندی ،تنبيه الغافلين ،صفحه ۸۵ ،باب الصبر على المصيبة

۴۲۸ـ شعب الايمان ،جلد۷ ،صفحه ۲۱۳ ،شعبه ۷۰ ،باب فی الصبر على المصائب ،فصل فی ذكر ما فی الاوجاع والامراض والمصيبات

Marfat.com

بعدازاں امام بیہقی فرماتے ہیں" تفردبه وهب بن راشد بهذا الاسناد وروی ذلك باسناد آخر ، ضعيف " ۴۲۹ ۔

امام طبرانی نے اس روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو "المعجم الصغیر" میں ذکر کیا، چنانچہ فرمایا" حدثنا عيسى بن سليمان الفزاری البغدادی حدثنا داؤد بن رشيد حدثنا وهب الله بن راشد البصری حدثنا ثابت البنانی عن انس بن مالك رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم ،قال " من اصبح حزينًا على الدنيا اصبح ساخطًا على ربه ومن اصبح يشكو مصيبةً نزلت به فانّما يشكو الله عزوجل ومن تضعضع لغني لينال ممافى يديه اسخط الله عزوجل عليه ومن اعطى القرآن ودخل النّار أبعد الله " ۴۳۰ ۔

بعدازاں امام طبرانی فرماتے ہیں" لم يروه عن ثابت الا وهب الله وكان من الصّلحين " ۴۳۱ ۔

جبکہ علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں روایات یعنی (حدیث ابن مسعود اور حدیث ابن انس رضوان اللہ علیہم) کو موضوعات میں شمار کیا ہے۔ چنانچہ روایت ابن مسعود کے بارے فرماتے ہیں:" ففيه محمد بن القاسم الطالكانى ، قال أبو عبد الله الحاكم ، كان يضع الحديث ، وقال ابن حبان ، روى عن اهل خراسان اشياء لا يحل ذكر ها فى الكتب يأتى فى أخبار بما يشبهه الخلق على بطلانه " ۴۳۲ ۔

اور روایت انس کی اسناد میں ایک راوی وھب بن راشد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:" لا يحل الاحتجاج بوهب بن راشد فانه يروى العجائب " ۴۳۳ ۔

لیکن علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن جوزی کا تعقب کیا اور فرمایا" حديث انس و حديث ابن مسعود من الطريق الاوّل اخرجهما البيهقى فى الشعب وأخرج له شاهدًا عن وهب بن منبه و فرقد السخى قالا قرأنا فى التوراة فذكرانحوه"۴۳۴ ۔

امام بیہقی شعب الایمان میں لکھتے ہیں:" اخبرنا ابو عبد الله الحافظ نا ابو العباس محمد بن يعقوب نا الخضر بن ابان نا سيّار نا جعفر قال سمعت فرقد يقول ، قرأت فى التوراة " من اصبح حزينًا على الدّنيا اصبح ساخطا على ربّه ومن جالس غنيًا فتضعضع له ذهب ثلثا دينه ومن اصابته مصيبة فشكاهاالى النّاس فانّما يشكو ربّه " ۴۳۵ ۔

اور وھب بن منبہ سے ذکر کرتے ہوئے فرمایا:" أخبرنا ابو عبد الله الحافظ نا محمد بن صالح بن هانى نا محمد بن عمرو الجرشى نا ابراهيم بن سعيد الجوهرى نا اسمعيل بن عبد الكريم عن عبد الصمد بن معقل قال سمعت وهب بن منبة يقول وجدت فى التّواريخ اربعة اسطر متواليةٍ من شكىٰ مصيبته' فانّما يشكوربه ومن تضعضع لغني ذهب ثلثا دينه ومن حزن على ما في يد غيره فقد سخط قضاء ربّه ومن قرأ كتاب الله عزوجل يظن ان لا

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) من الكفارات،حديث ۱۰۰۴۴

۴۲۹ ۔ أيضا

۴۳۰ ۔ المعجم الصغير ،جلد اوّل ،صفحه ۲۵۷ ،بيان من اسمه عيسى

۴۳۱ ۔ أيضا

۴۳۲ ۔ ابن الجوزى ، ابو لافرج ، عبد الرحمن بن على (۵۱۰ھ-۵۹۷ھ) كتب الموضوعات(المكتبة السلفيه ، بالمدينة المنورة، الطبعة الاولى ۱۹۶۶ء/۱۳۸۶ھ)،جلد ۳،صفحه ۱۳۳،۱۳۲ باب ذم الحزين على الدنيا

۴۳۳ ۔ أيضا

۴۳۴ ۔ السيوطى ، جلال الدين ، عبد الرحمن بن ابى بكر (۸۴۹ھ-۹۱۱ھ)" التعقبات على الموضوعات " (المكتبة الاثريه سانگله هل ، شيخو پوره)صفحه ۴۵،باب الادب والرقائق

۴۳۵ ۔ شعب الايمان ، جلد ۷، صفحه ۲۱۴،حديث ۱۰۰۴۶

جلد دوم ، حصہ دوم (margin label, partly illegible)

Marfat.com

یغفرلہ فھو من المستھزئین بآیات اللہ عزوجل "۴۳۶۔

بعدازاں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں" وقد روی ھذا من وجہ آخر مسندًا ولیس بالقوی "۴۳۷۔

جبکہ امام سمرقندی علیہ الرحمۃ نے "تنبیہ الغافلین" میں فرمایا:" قال وھب بن منبہ ، وجدت فی التوراۃ اربعۃ اسطر متوالیات احدھما من قرأ کتاب اللہ تعالیٰ وظن انّہ لم یغفرلہ فھو من المستھزئین بآیات اللہ تعالیٰ والثانی من شکی مصیبۃ نزلت بہ فانّما یشکو ربّہ والثالث من حزن علی ما فاتہ فقد سخط قضاء ربہ والرّابع ، من تواضع لغنیّ ذھب ثلثا دینہ "۴۳۸۔

امام ابوشجاع دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "فردوس الاخبار" میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (لعن اللہ فقیر تواضع لغنی من اجل ما لہ فمن فعل ذلک منھم فقد ذھب ثلثا دینہ "۴۳۹۔

لیکن امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث دیلمی کو ضعیف قرار دیا۔۴۴۰

راقم الحروف کہتا ہے کہ "ابن جوزی کا اسے موضوعات میں شمار کرنا درست نہیں کیونکہ امام بیہقی نے روایت انس رضی اللہ عنہ کو صرف ضعیف کہا ہے اور راوی وھب بن راشد متفرد بیان کیا۔ جبکہ امام طبرانی نے وھب بن راشد کو صالحین میں شمار کیا۔ اور اسکے شواھد وھب بن منبہ اور فرقد علیہما الرحمۃ سے ملتے ہیں۔ جیسا کہ علامہ سیوطی نے وضاحت کی، پھر حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت بھی اسکی شاھد ہے۔"

(۲۵) " ھم قوم لا یشقٰی جلسیھم " (دفتر اوّل مکتوب،۸۷)

یہ ایک حدیث صحیح کا قطعہ ہے۔ (دیکھیے حدیث ۴۸)

(۲۶) در حدیث نبوی ست علیہ الصلوٰۃ والسّلام " من شاب شیبۃ فی الاسلام غفرلہ " (دفتر اوّل مکتوب،۸۸)

اسے امام بغویؒ نے "شرح السنۃ" ابو داؤد "سنن "احمد "مسند" رافعی "اخبار قذدین" ترمذی "جامع" طبرانیؒ "العجم الکبیر" عقیلیؒ "الضعفاء الکبیر" ابن سعدؒ "الطبقات الکبری" اور بزارؒ نے بالفاظ مختلفہ روایت کیا۔

چنانچہ امام بغویؒ فرماتے ہیں" أخبرنا احمد بن عبد اللہ الصالحیّ أنا أبو بکر احمد بن الحسن الحیری أنا حاجب بن احمد الطّوسی أنا عبد الرّحیم بن منیب ناأبو بکر الحنفیّ نا عبد الحمید بن جعفر الأنصاری عن عمر و بن شعیب عن أبیہ عن جدّہ قال :قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنفعوا الشیب فانہ نورالمسلم من شاب شیبۃ فی الاسلام کتب اللہ لہ' بھا حسنۃ و کفّر عنہ بھا خطیئۃً ورفعہ بھا درجۃ "۴۴۱۔

(ھٰذا حدیث حسن)

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ "سنن" میں فرماتے ہیں" حدثنا مسدد نا یحیٰی ، ح و نا مسدد قال نا سفیان المعنی عن بن عجلان عن عمرو بن شعیب عن أبیہ عن جدّہ قال قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم لا تنفعو االشعیب ، ما من مسلم یشیب شیبۃ فی الاسلام ، قال سفیان ،الا کانت لہ نورًا یوم القیمۃ ،وقال فی حدیث یحیی ،الا کتب اللہ لہ بھا حسنۃ وحطہ عنہ خطیئۃ "۴۴۲۔

۴۳۶۔ شعب الایمان ،جلد۷،صفحہ ۲۱۳،خبر ۱۰۰۴۳

۴۳۷۔ أیضا . . . . .

۴۳۸۔ تنبیہ الغافلین ،صفحہ ۲۸۱/۸۵،باب الصبر علی المصیبۃ

۴۳۹۔ فردوس الاخبار ، جلد ۳ ، صفحہ ۵۱۸، حدیث ۵۴۹۵+ الفردوس بمأثور الخطاب ، جلد ۳صفحہ ۴۶۷،حدیث ۵۴۴۹

۴۴۰۔ الفتاوی الحدیثیہ ، صفحہ ۲۱۷،مطلب حدیث ، الفقراسراج الاغنیاء

۴۴۱۔ شرح السنۃ،جلد ۱۲ ،صفحہ ۹۵،کتب اللّباس ،باب النھی عن نتف الشیب ، حدیث ۳۱۸۱

Marfat.com

امام احمدؒ اپنی مسند میں روایت کرتے ہیں" حدثنا اسمٰعیل ثنا لیث عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جدہٖ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنتفو الشیب فانّه نور المسلم ، ما من مسلم یشیب شیبة فی الاسلام الا کتب له بها حسنة ورفع بها درجة أوحط عنه بها خطیئة " ۴۴۳؎

اوردوسرے طریق سے روایت کرتے ہوئے فرمایا" ثنا یحیی بن سعید عن ابن عجلان حدّثنی عمرو بن شعیب عن أبیه عن جدّہ عن النّبیّ صلی اللہ عنیه وسلم قال لا تنتفوا لشیب فانّه ما من عبدٍیشیب فی الاسلام شیبة کتب اللہ له بها حسنة وحط عنه بها خطیئة " ۴۴۴؎

امام رافعیؒ "اخبار قزوین" میں لکھتے ہیں" عن عمر و بن شعیب عن أبیه عن جدہٖ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلّم ، من شاب شیبة فی الاسلام کتبت له بها حسنة ومحیت عنه بها خطیئة " ۴۴۵؎

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "جامع" میں لکھتے ہیں کہ" حدّثنا هناد ثناأبو معاوية عن الأعمش عن عمرو بن مرّة عن سالم بن أبی الجعدان شرجیل بن السمط قال یا کعب بن مرّة حدثنا عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم،واحذر،قال سمعت النّبی صلّی اللہ علیه وسلم یقول من شاب شیبة فی الاسلام کانت له نورًا یوم القیٰمة " ۴۴۶؎

بعدازاں امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا"وفی الباب عن فضالة بن عبید وعبد اللہ بن عمرو حدیث کعب بن مرّة حدیث حسن"۴۴۷؎

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الکبیر" میں روایت کرتے ہیں:" حدّثنا الحسین بن اسحٰق التستری ثنا عبد اللہ بن عمر بن أبان ثنا حسین بن علی الجعفی عن زائدة عن أبی حصین عن سالم بن أبی الجعد عن معاذ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من شا ب شیبة فی الاسلام کانت له نورًا یوم القیٰمة ومن رمیٰ بِسَهْمٍ فی سبیل اللہ رفع له به درجةً"۴۴۸؎

اورعلامہ ھیثمیؒ نے مجمع الزوائد میں فرمایا" رجاله رجال الصحیح الا ان سالم بن أبی الجعد لم یدرک معاذًا " ۴۴۹؎

علامہ عقیلیؒ نے "الضعفاء الکبیر" میں بروایت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہوئے فرمایا" حدثنا احمد بن داؤد المکّی قال حدّثنا عباد بن عیسے قال حدثنا طریف بن زید الحرانی عن ابن جریح عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنهُ ان النّبیّ صلی اللہ علیه وسلم قال من شاب شیبة فی الاسلام کانت له نور یوم القیٰمة " ۴۵۰؎

علامہ ابن سعدؒ نے "الطبقات الکبریٰ" میں بروایت یوسف بن طلق بیان کیا۔ چنانچہ فرماتے ہیں" أخبرنا وکیع بن جراح عن سفیان عن ایّوب السّخیانی عن یوسف بن طلق بن حبیب أن حجامًا أخذ من شارب النّبی صلی اللہ علیه وسلم فرأی شیبة فی لحیته فأهویٰ الیها فأمسک النّبی صلی اللہ علیه وسلم وقال ، من شاب شیبة فی الاسلام کانت له نورًا یوم القیٰمة " ۴۵۱؎

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ۴۴۲؎ سنن أبی داؤد ، جلد ۲،صفحہ ۲۲۱، ۲۲۲،کتابُ التّرجُل،باب فی نتف الشیب

۴۴۳؎ مسند احمد بن حنبل ،جلد۲،صفحہ ۱۷۹

۴۴۴؎ أیضا

۴۴۵؎ التدوین فی اخبار قزوین ، جلد ۳،صفحہ ۵۳،باب السین،اربعة عشر اسما،الاسم السابع ۷،بیان سلیمان بن الربیع الکوفی

۴۴۶؎ :جامع ترمذی ، جلد اوّل،صفحہ ۲۹۲، ۲۹۳،ابواب فضائل الجهاد ، باب :من شاب شیبة فی سبیل اللہ

۴۴۷؎ :ایضا ------------------------------

۴۴۸؎ المعجم الکبیر ، جلد ۲۰،صفحہ ۱۵۱، ۱۵۲،بیان ، سالم بن أبی الجعد عن معاذبن جبل رضی اللہ عنه ،حدیث ۳۱۵

۴۴۹؎ :ایضا ------------------------------

۴۵۰؎ کتاب لضعفاء الکبیر ، جلد ۲،صفحہ ۲۳۰،بیان ۷۷۸،(طریف بن زید الجرانی)

پہلا دفتر: مختصر حالات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

Marfat.com

جبکہ علامہ بزار فرماتے ہیں" حدثنا ابراھیم بن ھانی ثنا أبو الاسود النضر بن عبد الجبار المصری ثنا ابن لھیعة عن یزید بن أبی حبیب عن عبد العزیز بن أبی الصعبة عن حنش عن فضالة بن عبید ، أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ، من شاب شیبة فی الاسلام کانت له نورًا یوم القیٰمة ، فقال له رجلٌ عند ذلک فانّ رجالاً ینتفون الشیب ،فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شاء فلینتف نوره " ۴۵۲ ۔

البتہ اس حدیث بزار رحمۃ اللہ علیہ کے بارے علامہ ھیثمی نے مجمع الزوائد میں فرمایا" رواه البزار والطبرانی فی الکبیر والاوسط، وفیه ابن لھیعة وحدیثه حسن وفیه ضعیف وبقیة رجاله ثقات " ۴۵۳ ۔

(پس یہ حدیث بلفظہ مجدد حسن بالمعنی ہے)

(۶۷) " اِنّ الله خلق اٰدم علیٰ صورته " (دفتر اوّل مکتوب،۹۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث مرفوع ہے۔ اسے امام مسلم اور احمد بن حنبل نے روایت کیا۔ چنانچہ امام مسلم اپنی صحیح میں لکھتے ہیں۔" حدثنا نصر بن علی الجھضمی قال نا أبی قال نا المثنی ح و حدثنی محمد بن حاتم قال نا عبد الرحمن بن مھدی عن المثنی بن سعید عن قتادہ عن أبی أیوب عن أبی ھریرہ رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ، وفی حدیث ابن حاتم عن النّبیّ صلی الله علیه وسلم قال اذا قاتل احدکم أخاه فلیجتنب الوجه فان الله خلق اٰدم علی صورته ۴۵۴ ۔

اور امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اپنی "مسند" میں روایت کرتے ہیں کہ " ثنا سفیان عن أبی الزّناد عن الاعرج عن أبی ھریرة رضی الله عنه عن النّبی صلی الله علیه وسلم اذا ضرب احدکم فلیجتنب الوجه فان الله خلق اٰدم علی صورته " ۴۵۵ ۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے "احیاء العلوم" میں بلفظہ بیان کیا ۴۵۶۔

اور علامہ عراقی نے اس کی تخریج میں فرمایا" اٰخرجه مسلم من حدیث أبی ھریرة رضی الله عنه " ۴۵۷ ۔

علامہ ابن حجر ہیثمی نے اپنے فتاویٰ میں بعینہٖ ذکر کیا اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۴۵۸۔

(یہ حدیث صحیح ہے)

(۶۸) در حدیث قدسی واقع است " لا یسعنی أرضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن " (دفتر اول مکتوب ،۹۵)

---

۴۵۱ ۔ ابن سعد ، محمد ، (۱۶۸ھ۔۲۳۰ھ)" الطبقات الکبریٰ (دار صادر بیروت ، ۱۳۸۰ھ/۱۹۶۰ء) جلد اوّل ،صفحہ ۴۳۳،ذکر شیب رسول الله صلی الله علیه وسلم

۴۵۲ ۔ کشف الاستار عن زوائد بزار ، جلد ۳،صفحہ ۳۷۱،کتاب الزّنیه ،باب ، فیمن شاب فی الاسلام والنھی عن نتف الشیب ، حدیث ۲۹۷۳

۴۵۳ ۔ کتب مجمع الزوائد ، جلد ۵،صفحہ ۱۵۸

۴۵۴ ۔ صحیح مسلم ،جلد ۲ ،صفحہ ۳۲۷،کتاب البرّ والصّلة ،باب النھی عن ضرب الوجه

۴۵۵ ۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۲ ،صفحہ ۲۴۴،بیان ، مسند أبی ھریرہ رضی الله عنه

۴۵۶ ۔ احیاء علوم الدین جلد ۲ ،صفحہ ۲/۱۶۶، ۱۶۸،کتٰب الاداب الالفة والا خوّة والصحبة الخ،باب اول ،فضیلة الالفة والا خوّة ، بیان ، البغض فی الله

۴۵۷ ۔ أیضًا بر حاشیه

۴۵۸ ۔ الفتاویٰ الحدیثیه ، صفحه ۲۹۲ ،مطلب فی حدیث ،ان الله خلق اٰدم علیٰ صورته

Marfat.com

اس حدیث کی تخریج گذر چکی ہے۔(دیکھئے حدیث ۴۱)

(۶۹) قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " ان الله رفيق يحب الرّفق ويعطى على الرّفق مالا يعطى على العنف وما لا يعطى على ما سواه " (دفتر اول مکتوب، ۹۸)

اس حدیث نبوی علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں اُمّ المومنین حضرت سیدہ عائشہ بنت صدیق رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا

امام مسلمؒ روایت کرتے ہیں" حدّثنا حرملة بن يحيى التّجيبى أنا عبد الله بن وهب أخبرنى حيوة حدّثنى ابن الهاد عن أبى بكر بن حزم عن عمرة بنت عبد الرحمٰن عن عائشة زوج النّبى صلى الله عليه وسلم انّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ،يا عائشة ان الله رفيق يحبّ الرّفق ويعطى على الرّفق مالا يعطى على العنف وما لا يعطى على ما سواه " ۴۵۹ ھ

" اخبرنا ابو عمر محمد بن الحسین بن محمد بن الھیثم نا ابو العباس (الحسین بن سعید) المقری املاء برا مھر مزنا محمد بن الربیع بن سلیمان الجیزی و محمد بن جرید الطبری قالا نا یونس بن عبدالاعلی نا عبد اللہ بن وھب انا عمر و بن الحارث عن ورج عن ابن ابی حجیرۃ عن ابیء ھریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم : قال موسیٰ بن عمران علیہ السلام : یا رب من ا عز عبادك عندك ؟ قال: من اذا قدر غفر " ۵٦٤۔

علامہ سیوطیؒ نے اسے الجامع الصغیر میں بیہقی کے حوالہ سے بیان کیا اور کہا کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ ۵٦۵

علامہ خطیب تبریزیؒ نے مشکوٰۃ المصابیح میں ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔ ۵٦٦

لیکن امام ابوالشجاع دیلمیؒ نے " فردوس الاخبار " میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مرفوعاً بلفظ: (قال موسی بن عمران: یا رب من ا عز عبادك عندك ؟ قال : من اذا قدر عفا) روایت کیا۔ ۵٦٧

البتہ امام ترمذیؒ نے اسی معنی کی حدیث حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کی۔

چنانچہ فرمایا:" حدثنا قتیبة نا عبدالعزیز بن محمد عن العلاء بن عبدالرحمن عن ابیه عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی الاہ علیہ وسلم قال:ما نقصت صدقة من مال و ما زادالله رجلا بعفو الا عزاً وما تواضع أحدالله الارفعه الله " ۵٦٨۔

بعد ازاں امام ترمذیؒ نے فرمایا:

" ھذا حدیث حسن صحیح " ۵٦٩۔

امام احمد بن حنبلؒ نے بھی ایسا ہی فرمایا کہ حدیث زیر تحقیق کا معنی اس حدیث (ما نقصت صدقة من مال) الخ سے ماخوذ ہے۔ ۵٧٠

سیاق وسباق سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اس حدیث کو مشکوٰۃ المصابیح سے نقل کیا، تو اس سے لفظ " عندک " کا مفقود ہونا کاتب کی غلطی یا مرتب کے سہو کا نتیجہ ہے۔

(۸۵) قال ایضا علیه الصلوٰة والسلام والتحیة۔" من خزن لسانه ستر الله عورته و من کفّ غضبه کفّ الله عنه عذابه یوم القیمة من اعتذر الیٰ الله قبل الله عذره "

(دفتر اول مکتوب، ۹۸)

اسے امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ روایت کیا، چنانچہ آپ لکھتے ہیں:" اخبرنا ابو ذر عبدالله بن احمد الھروی فی المسجد الحرام انا ابو منصور محمد بن احمد بن نوح بن طلحة الازھری املاء

(پچھلے صفحہ کا حوالہ) ۵٦٣۔ دیکھئے حدیث ۴٠

۵٦٤۔ شعب الایمان ، جلد ٦ ، صفحہ ۳۱۹، شعبہ ۵٧، باب فی حسن الخلق- فصل فی ترک الغضب - حدیث ۸۳۲٧۔

۵٦۵۔ الجامع الصغیر ، جلد ٢ ، صفحہ ۸۴، حرف القاف۔

۵٦٦۔ مشکوة المصابیح ، صفحہ ۴۳۴ ، کتاب الاداب ، باب الغضب والکبر- فصل ثالث (۳)

۵٦٧۔ فردوس الاخبار، جلد ۳، صفحہ ۲۴۴، باب القاف- حدیث ۴۵٧۴

۵٦٨۔ جامع ترمذی، جلد۲، صفحہ ۲۳، ابواب البر و الصله - باب ماجاء فی التواضع-

۵٦٩۔ ایضاً ------------------------------

۵٧٠۔ دیکھئے: شعب الایمان ، جلد ٦ ، صفحہ ۳۲۰، شعبہ ۵٧-باب حسن الخلق ، فصل ترک الغضب، حدیث ۸۳۲۸

Marfat.com

نا محمد بن سعید البو شنجی نا سلمة (بن شیب) نا زید بن الحباب نا الرّبیع بن سلیم (الحلقانی) انا ابو عمر مولیٰ انس بن مالک رضی الله عنه عن انس بن مالک رضی الله عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: من خزن لسانه سترالله عورته و من کفّ غضبه کفّ الله عنه عذابه یوم القیمة و من اعتذر الیٰ الله' قبل الله عذره " ۵۷۱۔

بعدازاں امام بیہقیؒ نے فرمایا:" و روی هذا المتن فی حدیث عبدالله بن عمر و کما اخبر نا علی بن احمد بن عبد ان انا احمد بن عبید الصغار نا تمتام نامحمد بن الصباح نا عبد الله بن بکیر عن القاسم بن مهران عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ملک لسانه سترالله عورته و من ملک غضبه کفّ الله عنه عذابه و من اعتذر الیٰ الله' فی الدنیا قبل الله معذرته " ۵۷۲۔

علامہ خطیب تبریزی نے ''مشکوۃ المصابیح'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظہ بیان کیا اور فرمایا کہ اسے امام بیہقیؒ نے روایت کیا ہے۔ ۵۷۳

امام ابویعلی موصلیؒ نے اپنی مسند میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا،لیکن ,, یوم القیمہ ،، ذکرنہیں کیا،چنانچہ فرماتے ہیں:" حدثنا ابوبکر بن أبی شیبة حدثنا زیدا بن الحباب قال حدثنی الرّبیع بن سلیم قال حدثنی أبو عمر مولیٰ انس بن مالک أنه سمع انس بن مالک رضی الله عنه یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من حزن لسانه ستر الله عورته ومن کفّ غضبه ، کفّ الله عنه عذابه ومن عتذرالی الله قبل الله منه عذره،، ۵۷۴۔

اورحاشیہ پرعلامہ حسین سلیم اسد لکھتے ہیں،" أسناده ضعیف ،، جدًا-أبو عمر مولیٰ أنس مجهول والربیع بن سلیم- قال الازدی : منکرالحدیث ،، ۵۷۵۔

لیکن امام طبرانیؒ نے '' المعجم الاوسط '' میں باختصارذکرکیا جیسا کہ علامہ ھیثمیؒ نے مجمع الزوائد میں فرمایا:" و (عن انس رضی الله عنه) قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلّم :من دفع غضبه دفع الله عنه عذابه ومن حفظ لسانه ستره الله عورته ،، ۵۷۶۔

اوربعدازاں علامہ ھیثمیؒ نے فرمایا:" رواه الطبرانی فی الأوسط و فیه عبد السلام بن هاشم و هو ضعیف " ۵۷۷۔

البتہ علامہ سیوطیؒ نے روایت طبرانی کوحدیث صحیح قراردیا۔ ۵۷۸

(پس حدیث بلفظہ مجدحسن ہے)

پہلا دفتر:مکتوبات امام ربانیؒ دوسرا حصہ

(۸۶) قال أیضا علیه الصلوٰة والسّلام :من کانت له مظلمته لأخیه من عرضه أوشی فلیتحلله منه الیوم قبل ان لا یکون دینار ولا درهم - ان کانت له عمل صالح أخذبقدر مظلمته وان لم تکن له

۵۷۱۔ شعب الایمان ، جلد ۶ ،صفحه ۳۱۵ ، حدیث ۸۳۱۱۔

۵۷۲۔ ایضاً--------------حدیث ۸۳۱۲۔

۵۷۳۔ مشکوة المصابیح ، صفحه ۴۳۴ ، کتاب الاداب ، باب الغضب و الکبر، فصل ثالث (۳)

۵۷۴۔ مسندأبی یعلی موصلی : جلد ۷ ، صفحه ۳۰۲ - بیان : مسند أنس رضی الله عنه حدیث ۱۵۸۳۔

۵۷۵۔ أیضاًبرحاشه . . . .

۵۷۶۔ مجمع الزوائد ، جزء ۸ ، صفحه ۶۸ - کتاب :فیمن یملك نفسه عندالغضب ،،

۵۷۷۔ أیضا . . . .

۵۷۸۔ الجامع الصغیر ، جلد ۲ ، صفحه ۱۷۰ - حرف المیم۔

Marfat.com

حسنات أخذمن سيّاٰت صاحبه فحمل عليه “ (دفتر اول مکتوب ، ۹۸)

اسکی تحقیق ہو چکی ہے(دیکھیے حدیث ۵۴)

(۸۷) و قال أيضاً عليه الصلوٰة والسّلام :” أتدرون ما المفلس ؟ قالوا : المفلس فينا من لا درهم له ولا متاع، فقال صلى الله عليه وسلم: ان المفلس من امّتى من يأتى يوم القيامة بصلوٰه و صيا مٍ و زكوٰة و يأتى قد شتم هذا وقذف هذا و اكل مال هذاوسفك دم هذا و ضرب هذا فيعطىٰ هذا من حسناته و هذا من حسناتهٖ فان فنيت حسناته قبل أن يقضىٰ ما عليه أخذ من خطاياهم فطرحت عليه ثم طرح فى النّار “

(دفتراول مکتوب، ۹۸)

اسکی تخریج گذر چکی ہے۔ (دیکھیے حدیث ۵۵)

(۸۸) ”عن معاوية رضى الله عنه أُنّه كتب الىٰ عائشة رضى الله عنهما انّ اكتبى كتاباً توصينى فيهٖ ولا تكثرى ، فكتبت : سلام عليكم ـأما بعد فانى سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : من التمس رضا الله بسخط الناس كفاه الله مؤنته النّاس و من التمس رضا النّاس بسخط الله و كله الله الىٰ الناس ، والسلام عليك ـ“

(دفتر اوّل مکتوب، ۹۸)

اس حدیث کوامام ترمذیؒ نے اپنی جامع میں روایت کیا۔

چنانچہ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں:” حدثنا سويد بن نصر نا عبدالله بن المبارك عن عبدا لوهاب بن الورد عن رجل من اهل المدينة قال كتب معاويه الىٰ عائشة رضى الله عنها ان اكتبى الى كتاباً توصينى فيهٖ ولا تكثرى علىّ ، قال فكتبت عائشة الى معاويه: سلام عليك۔ ام بعد فانى سمعت رسول الله صلى اللى عليه وسلم يقول:من التمس رضى الله بسخط الناس كفاه الله مئو نة الناس ومن التمس الناس بسخط الله وكله الله الى الناس، والسلام عليك “ ۵۷۹۔

اور بعدازاں فرمایا:” حدثنا محمد بن يحيىٰ نا محمد بن يوسف عن سفيان عن هشام عن ابيه عن عائشه الله عنها انّها كتبت الي معاويه فذكرالحديث بمعناه ولم يرفعه “ ۵۸۰۔

۵۷۹۔ جامع ترمزی جلد ۲، صفحه ۶۷، ابواب صفة القيمة ، باب حدثنا (سويد بن نصر)

Marfat.com

علامہ خطیب تبریزیؒ نے "مشکوٰۃ المصابیح" میں مرفوعاً بیان کیا اور فرمایا کہ اسے امام ترمذیؒ نے روایت کیا۔ ٥٨١ ؎

امام عبداللہ بن مبارک نے اسے "کتاب الزھد" میں مرفوعاً بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا۔" اخبرنا عبدالوهاب بن الورد عن رجل من اهل المدينة قال: كتب معاويه الىٰ عائشه ان اكتبى الىّ بكتاب توصينى فيه ولا تكثرى علىّ فكتبت عن عائشة الى معاويه: سلام عليك، اما بعد فانىّ سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من التمس رضا الله بسخط الناس كفاه الله مئونة الناس و من التمس رضا الناس بسخط الله عز وجل وكله الله عزوجل الى الناس، والسلام عليك۔ ٥٨٢ ؎

اور امام بغویؒ نے شرح السنۃ میں بطریق عبداللہ بن مبارک مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا" اخبرنا عبدالواحد بن احمد المليحىّ انا ابو لاحسن احمد بن محمد بن احمد بن شاذان انا ابو يزيد حاتم بن محبوب الساسى نا الحسين بن المروزى أخبرنا عبدالله بن المبارك اناعبدالوهاب بن الورد عن رجلٍ من اهل المدينهة قال: كتب معاويه الىٰ عائشه الله عنها، اكتبى الىّ بكتاب توصينى فيه ولاتكثرى علىّ " فانسى۔

فكتبت: من عائشة الى معاويه، سلام " عليك: اما بعد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: من التمس رضى الله بسخط الناس كفاه الله مئونة الناس ومن التمس سخط الله برضى الناس و كلّه الله الى الناس، والسلام " ٥٨٣ ؎

جبکہ امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی کتاب " الزھد " میں حضرت عائشہ سے موقوفاً روایت کیا۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں: " حدثنا ابو داؤد حدثنا شعبة عن وافد بن محمد بن زيد عن ابن ابى مليكة عن القاسم عن عائشة رضى الله عنها قالت۔من اسخط لناس برضى الله كفاه الناس و من ارضى الناس بسخط الله وكله الله الى الناس " ٥٨٤ ؎

(یہ حدیث حسن ہے)

(٨٩) " اللهمّ الرفيق الاعلىٰ "

(دفتر اول مکتوب ،٩٩)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول بیان کیا۔

البتہ یہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمات مقدسہ ہیں جنہیں امام احمدؒ "مسند" اور امام بخاریؒ نے "صحیح" میں ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً روایت کیا۔

چنانچہ امام احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔" ثنا ابو اليمان قال انا شعيب عن الزهرى قال قال عروة بن الزبير رضى الله عنه انّ عائشة قالت كان النبىّ صلى الله عليه وسلم وهو صحيح، يقول انه لم يقبض نبىّ قطّ حتى يرى مقعده من الجنة حياً فلما اشتكى وحضره القبض و راسه على فخذى عائشة غشى عليه فلمّا افاق شخص بصره نحو سقف البيت ثم قال: اللهمّ الرفيق الاعلىٰ، قالت عائشة انّه حديثه الذى كان يحدثنا وهو صحيح " ٥٨٥ ؎

امام بخاریؒ اپنی "صحیح" میں فرماتے ہیں:" حدثنا سعيد بن عفيرقال حدثنى اللّيث قال حدثنى عقيل عن ابن شهاب قال اخبر نى سعيد بن المسيب و عروة بن الزبير فى رجالٍ من اهل العلم أن عائشة قالت كان

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ٥٨٠ ؎ ایضاً

٥٨١ ؎ مشکوٰۃ المصابیح، صفحہ ٤٣٥، کتاب الاداب، باب الظلم، فصل ثانی۔

٥٨٢ ؎ کتاب الزھد (لا بن مبارک) جزء ٢، صفحہ ٦٦، باب الاخلاص النية، حديث ١٩٩۔

٥٨٣ ؎ شرح السنۃ، جلد ١٤، صفحہ ٤١١، کتاب الرقاق، باب: قال الله تعالىٰ: فلا تخشو الناس و اخشونى۔

٥٨٤ ؎ الزهد، صفحہ ٢٠٥، بیان: زهد عائشة رضى الله عنها۔

٥٨٥ ؎ مسند احمد بن حنبل، جلد ٦، صفحہ ٨٩، بیان: مسند عائشة رضى الله عنها۔

Marfat.com

رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول و هوا صحيح : لم يقبض نبيٌ قط حتىٰ يرى مقعد ه من الجنة ثم يخيره ، فلماً نزل به وراسه على فخذى غشى عليه ساعة ثم افاق فاشخص بصره الى السقف ثم قال: اللهّم الرفيق الا على ، قلت۔اذا لايختار نا و علمت انه الحديث الذى كان يحدثنا وهوا صحيح"۔قالت كانت تلك اٰ خر كلمة تكلم بها: اللهّم الرفيق الاعلى " ۵۸۶۔

(۹۰) حدیث:" تنام، عینا ی ولا ینام قلبی " (دفتر اول مکتوب، ۹۹)

اس حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کوامام احمد بن حنبلؒ نے اپنی مسند میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاًبلفظہ روایت کیا۔چنانچہ آپؒ فرماتے ہیں:" حدثنا سفيان عن عمر و قال اخبرنى كريب عن ابن عباس رضى الله عنه انه قال لما صلى ركعتى الفجر اضطجع حتى نفخ فكنا نقول لعمرو: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: تنام عيناى ولا ينام قلبى " ۵۸۷۔

اورام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنھا سے بطوالت متن روایت کیاچنانچہ فرمایا:" ثنا عبد الرحمن ثنا مالك عن سعيد بن ابى سعيد عن ابى سلمة قالت سالت عائشة عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فى رمضان۔ فقالت، ما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يزيد فى رمضان ولا غيره على احدى عشرة ركعة يصلّى اربعاًفلا تسائل على حسنهنّ و طولهنّ ثمّ يصلّى اربعاً فلا تسأل على حسنهنّ و طولهنّ ثمّ يصلّى اربعةً ثلاثاً قالت، قلت يا رسول الله : تنام قبل ان توتر قال، يا عائشه انه اوانى،تنام عيناى ولا ينام قلبى ،، ۵۸۸۔

امام مسلمؒ نے اس حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنی صحیح میں اسی طریق مالک سے روائت کیالیکن بلفظ:(انّ عینی تنامان ولا ینام قلبی) ذکرکیا چنانچہ آپ فرماتے ہیں،،" حدثنا يحيى بن يحيىٰ قال قرأت على مالك عن سعيد بن أبى سعيد المقبرى عن أبى سلمة بن عبدالرحمن انه سأل عائشة ، كيف كانت صلوٰة رسول الله صلى الله عليه وسلمّ فى رمضان ،قالت ما كان يزيد فى رمضان ولا فى غيره على احد عشرة ركعته يصلىّ اربعًا فلا تسأل عن حسنهن و طولهن ثم يصلّى أربعًا فلا تسأل عن حسنهّن و طولهن ثم يصلىّ ثلاثاً فقالت عائشة قلت، يا رسول الله ، أتنام قبل ان توتر ، فقال: يا عائشته : انّ عينى تنا مان ولا ينام قلبى " ۵۸۹۔

اورامام ابوداؤدؒ نے اپنی سنن میں اسی طریق مالک رضی اللہ عنہ سے بلفظ مسلم روائت کیا۔

البتہ شیخ مسلم یحیٰ بن یحیٰ کی بجائے " القعنبی" ذکرکیا۔ ۵۹۰۔

جبکہ امام ابن حبانؒ نے اپنی صحیح میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ:(تنام عینی ولا ینام قلبی) روائت کیاچنانچہ فرمایا:" اخبرنا محمد بن اسحق بن ابراهيم مولىٰ ثقيف حدثنا أبو قدامة عبيد الله بن سعيد حدثنا يحيىٰ القطان عن ابن عجلان قال : سمعت أبى يحدث عن أبى هريره عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: تنام عينى ولا ينام قلبى " ۵۹۱۔

البتہ علامہ سیوطیؒ نے "الخصائص الکبریٰ "میں فرمایا:" اُ خرج عن الحسن مرفوعاً: تنام عيناى و لا ينام قلبى "۵۹۲۔

۵۸۶۔ صحيح البخارى ، جلد ۲، صفحه ۹۳۶، كتب الدعوات، باب دعاء النبىّ صلى الله عليه وسلم:

۵۸۷۔ مسند احمد بن حنبل، جلد اول ، صفحه ۲۲۰ ، مسند ابن عباس رضى الله عنه

۵۸۸۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۶ ، صفحه ۳۶۔ مسند عائشه رضى الله عنها

۵۸۹۔ صحيح مسلم ، جلد اول ،صفحه ۲۵۴ كتاب صلوٰة المسافرين ، باب :صلوٰة الليّل و عدد ركعات النبّى صلى الله عليه وسلم۔

۵۹۰۔ سنن أبى داؤد ' جلد اوّل ، صفحه ۱۸۹ ،ابواب قيام الليل باب فى صلوٰة الليل ۸۷،۸۶/۲۔

۵۹۱۔ صحيح ابن حبان ' جلد ۹ ، صفحه ۱۰۱ ، كتاب التاريخ ' باب من صفته صلى الله عليه وسلم و أخباره' ، ذكر البيان جأن المصطفٰے صلى الله عليه وسلم كان اذانام لم ينم قلبه الخ۔

۵۹۲۔ السيوطى أبو الفضل ' جلال الدين ۔ عبد الرحمن بن ابى بكر : ,, الخصائص الكبرىٰ ،، (۸۴۹ھ ۔ ۹۱۱ ھ) (المكتبته النّوريه

Marfat.com

جبکہ قاضی عیاضؒ نے ''الشفاء'' میں بلفظہ ذکر کیا لیکن مخرج بیان نہیں کیا۔ ۵۹۳؎

(پس یہ حدیث بلفظہ مجدد صحیح ہے)

(۹۱) حدیث:'' لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرّب ولا نبیّ مرسل''

(دفتر اوّل مکتوب،۹۹)

اس حدیث کو ملا علی قاریؒ نے موضوعات میں شمار کیا اور فرمایا: '' من کلام بعض الصوفیۃ ولیست بحدیث'' ۵۹۴؎

لیکن یہ نخشیت حدیث زبانِ زدِ عام ہے اور صوفیاء کرام نے اسے نخشیت حدیث نبوی ذکر کیا۔ امام سخاویؒ اپنی کتاب ''المقاصد الحسنۃ'' میں لکھتے ہیں کہ: '' یذکرہ المتصوّفہ کثیرًا و ھو فی رسالۃ القشیری لیکن بلفظ: '' لی وقت لا یسعنی فیہ غیر ربیّ'' ۵۹۵؎

علامہ ابن عربیؒ نے '' الفتوحات المکیۃ '' میں بلفظ قشیری (لی وقت لا یسعنی فیہ غیر ربی) ذکر کیا۔ ۵۹۶؎

مگر عین القضاۃ ھمدانی: '' تمہیدات ''۔ نجم الدین رازی: '' مرصاد العباد ''۔ عماد الدین: '' حیاۃ القلوب ''۔ شیخ ابن یحییٰ منیری: '' مکتوبات ''۔ سید حسین واعظ کاشفی: ''تفسیر حسینی۔ اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے '' مدارج النبوۃ '' میں مرفوعاً بلفظہ ذکر کیا۔ ۵۹۷؎

البتہ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مقام مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے '' ابن السبع '' کے حوالے سے نقل کیا کہ: '' ان اللہ جمع لہ بین المحبۃ و الخلّتہ والکلام و کلمہ بموضع لم یطأ ملک مقرّب ولا نبیّ مرسل'' ۵۹۸؎

جبکہ حدیث زیرِ تحقیق معنوی طور پر حدیث علی رضی اللہ عنہ سے مشابہہ ہے کہ جیسے امام ترمذیؒ شمائل، اور اسحاق ابن راھویہ نے '' مسند '' میں روائت کیا۔ جیسا کہ امام سخاوی فرماتے ہیں: '' و یشبہہ 'أن یکون معنیً' ما للترمذی فی الشمائل ولابن راھویہ فی مسندہٖ عن علی رضی اللہ عنہ فی حدیث طویلٍ: کان صلی اللہ علیہ وسلمّ اذا أتی مَنزلہ جزءّ اد خولہ أجزاء جزءً اللّٰہ تعالی وجزءً الا ھلہ وجزء النفسہٖ ثم جزء اجزاہ و جزءً ابینہ' وبین الناس '' ۵۹۹؎

(۹۲) قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:'' ما المیت فی القبر

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) الرضویہ ۔لائل پور پاکستان) جلد اوّل، صفحہ ۲۹، باب الایۃ فی نومہ صلی اللہ علیہ وسلم

۵۹۳؎ عیاض بن موسی، قاضی: (۴۷۶ھ ـــ ۵۴۴ھ) کتاب الشفاء (تحقیق امین قرہ علی: اسامتہ الرّفاعی) (دار الفیحاء للطباعتہ والنشر دمشق۔ ۱۳۹۲) جلد ۲، صفحہ ۲۲۷۔ مقدمۃ القسم الثالث۔

۵۹۴؎ المصنوع فی معرفۃ الحدیث الموضوع، صفحہ ۱۱۷، حدیث ۲۵۹

۵۹۵؎ المقاصد الحسنۃ، حرف اللام، حدیث ۹۲۶۔

۵۹۶؎ الفتوحات المکیۃ، جلد ۳، صفحہ ۵۲، باب ۳۱۴۔ (معرفت منزل الفرق بین مدارج الملئکۃ و النبین و الاولیاء من الحضرۃ المحمدیۃ)

۵۹۷؎ تمہیدات، صفحہ ۱۲۲، بیان ۱۷۰، تمہید۲۔ (حقیقت و حالات عشق) +مرصاد العباد، صفحہ ۷۷، باب سوم، فصل چہارم+ حیاۃ القلوب، جلد دوئم، صفحہ ۲۷۱، باب (شرح الفاظ و اصطلاحات لہا حقائق شرعیہ)+ سہ صدی مکتوبات، جلد اول، مکتوب شصت و ہفتم (۶۷) در گمان نیک۔ صفحہ ۱۹۰۔ + تفسیر حسینی، پارہ ۱۶، سورۃ مریم، رکوع اول ۔ آیت نمبر 1، کٓھٰیٰعٓصٓ + مدارج النبوۃ، جلد ۲، صفحہ ۴۸۹، تکملہ، وصل نوع ثانی کہ تعلق معنوی است، بجناب محمدی صلی اللہ علیہ وسلم۔

۵۹۸؎ الخصائص الکبری، باب ۱، صفحہ ۱۹۲۔ باب قبل باب اختصاصہ صلی اللہ علیہ وسلم بالنصر والرعب۔

۵۹۹؎ المقاصد الحسنۃ، حرف الام، حدیث ۹۲۶،

Marfat.com

الا کـا لغریق المتغوث ینتظر دعوة تلحقه من ابٍ أوامّ أو أخٍ أو صدیقٍ فـاذا لـحقتـه کان احبّ الیه من الدنیا وما فیها و ان الله تعالی لید خلُ علی اهل القبور من دعاء اهـل الارض امثـال الـجبـال من الرحمة وان هدیة الاحیاء الی الاموات الاستغفار لهم "

(دفتر اول مکتوب ، ۱۰۴)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے ذکرکردہ متن میں لفظ " من الرحمۃ " جزو حدیث نہیں بلکہ یہ بیان معنی کے لئے ہے۔جیسا کہ مشکوٰۃ المصابیح میں مذکور ہے۔تو یہ الفاظ کاتب نے متن میں شامل کر دیئے۔

اس حدیث کو علامہ خطیب تبریزیؒ نے مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا اور فرمایا:

" رواه البیهقی فی شعب الایمان " ۲۰۰۔

امام بیہقیؒ " شعب الایمان " میں لکھتے ہیں۔" اخبرانا ابو بکر احمد بن محمد بن ابرهیم الاشنائی انا ابو علی الحسین بن علی الحافظ نا الفضل بن محمد بن عبدالله بن الحارث بن سلیمان الانطاکی نا(محمد بن جابر بن ابی عیاش المصیصی) نا عبدالله بن المبارک نا یعقوب بن القعقاع عن مجاهد عن عبدالله بن عباس قال قال النبی صلی الله علیه وسلم : ما ا لمیت فی القبر الا کالغریق المتغوث ینتظر دعوة تلحقه من أبٍ أو أمّ أو أخ أو صدیقٍ فاذا لحقته کانت احب الیه من الدنیا وما فیها و ان الله عز وجل لیدخل علی اهل القبور من دعاء اهل الارض امثا ل الجبال و ان هدیة الاحیاء الی الاموات الاستغفار لهم "۲۰۱۔

بعد ازاں امام بیہقیؒ فرماتے ہیں۔" قال ابو علی الحافظ: هذا حدیث غریب" من حدیث عبدالله بن المبارک لم یقع عند اهل خراسان ولم اکتبه الامن هذاالشیخ ۔ قال الامام احمد رحمه الله : قد رواه ببعضٍ معناه محمد بن خزیمة البصری ابو بکر عن محمد بن ابی عیاش عن ابن المبارک و ابن ابی عیاش ینفردبه "" والله اعلم " ۲۰۲۔

اس سند میں راوی "محمد بن جابر بن ابی عیاش المصیصی " کو علامہ ذہبیؒ نے غیر معروف قرار دیا۔ چنانچہ آپؒ نے میزان الاعتدال میں فرمایا:" محمد بن جابر بن ابی عیاش المصیصی لا اعرفه و خبره منکراجداً۔ روی الفضل بن محمد الباهلی و عبدالله بن خالد الرازی عنه،قال : حدثنا ابن المبارک عن یعقوب بن القعقاع عن مجاهد عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ما ا لمیتفی قبره. الا کالغریق ینتظر دعوةً تلحقه من ابٍ او امٍ اوصدیقٍ وان الله لید خل من دعاء علی اهل القبور کا مثال الجبال و ان هدیة الاحیاء الی الاموات الاستغفار لهم۔ وزادالرازی " والصدقة عنهم '' ۲۰۳۔

علامہ ابوشجاع دیلمیؒ نے " فردوس الاخبار " میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا مگر بلفظ،" ما ا لمیت فی قبره الاشبه الغریق المتغوث ینتظردعوة من ابٍ او امٍ او ولدٍ او صدیقٍ ثقة ، فاادا لحقته' کا نت احب الیه من الدنیا و ما فیها و ان الله لید خل علیٰ اهل القبور من دعاء اهل الدور امثال الجبال و ان هدیة الاحیاء للاموات استغفار لهم و الصدقة عنهم " ۲۰۴۔

۲۰۰۔ مشکوة المصابیح ، صفحه ۲۰۶۔ کتب الدعوٰت۔ باب الاستغفار۔

۲۰۱۔ شعب الایمان ، جلد ۶ ، صفحه ۲۰۳ ، باب فی برالوالدین / فصل فی حق الوالدین بعد موتها۔ حدیث ۷۹۰۵

۲۰۲۔ ایضاً ------------------------

۲۰۳۔ میزان الاعتدال ، بیان ۷۳۰۰ (محمد بن جابر بن ابی عیاش) جلد ۳، صفحه ۴۹۲۔

Marfat.com

امام ابومنصور دیلمیؒ اسکی اسنادیوں بیان کی: " اخبرنا ہ الامام أبی عن ابی القاسم بن البسری عن محمد بن عمر بن جعفر العکبری عن محمد بن عیسےٰ بن حماد المرندی عن الحسن بن علی بن عبدالواحد عن ابی ھمام الولید بن شجاع عن ابن مبارک عن یعقوب بن القعقاع عن مجاھد عن ابن عباس رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم " 'الحدیث' ۲۰۵۔

لیکن روایت دیلمی کی اسناد میں ایک راوی "حسن بن علی بن عبدالواحد" کے بارے میں علامہ ذھبیؒ فرماتے ہیں: " حدث عن ھشام بن عمار بخبر باطل " ۲۰۶۔

امام غزالیؒ " احیاءعلوم الدین " میں لکھتے ہیں: " رُوِیَ عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم انه قال: مثل المیت فی قبرہ مثل الغریق یتعلق بکل شیی ینتظر دعوۃ من ولد او والدٍ او أخٍ او قریب " ۲۰۷۔

اور علامہ عراقیؒ نے اسکی تخریج میں فرمایا: " اخرجه ابو منصور الدیلمی فی مسندالفردوس من حدیث ابن عباس رضی اللہ عنه وفیه حسن بن علی بن عبدالواحد ، قال الذھبی : حدث عن ھشام بن عمار بحدیث باطل " ۲۰۸۔

پس حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ ضعیف ہوئی لیکن علماء امت نے فضائل اعمال میں اسے قبول کیا ہے جیسا کہ علامہ خطیبؒ نے ۔مشکوۃ المصابیح کی فصل ثالث ۳ (جو کہ خطیب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے "مصابیح السنۃ" پراضافہ ہے) میں بیان واستدلال کیا۔ پھر امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ سے حافظ أبو علی کے حوالہ سے صرف "غریب" کہا اور اسکی تائید حدیث أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ سے بھی ہوتی ہے جسے امام ابن ماجہ نے "سنن" میں مرفوعا روایت کیا۔ چنانچہ آپؐ نے ارشاد فرمایا

حدثنا أبو بکر بن أبی شیبۃ ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث عن حماد بن سلمۃ عن عاصم عن أبی صالح عن أبی ھریرۃ رضی اللہ عنه عن النّبی صلی اللہ علیه وسلم ، القنطار اثنا عشر ألف أوقیۃ کل اوقیۃ خیرٌ مّما بین السّمآء والارض وقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم : ان الرّجل لترفع درجته فی الجنۃ فیقول انی ھذا فیقال باستغفار ولدك لك ۲۰۹۔

امام بوصیری رحمۃ اللہ نے "زوائد ابن ماجہ" میں فرمایا" ھذا اسنادہ صحیح رجاله ثقات" ۲۱۰۔

جبکہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" میں روایت کیا کہ "ثنا یزید انا احمد بن سلمۃ عن عاصم بن ابی النّجود عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان اللہ عزوجل لیرفع الدّرجۃ للعبد الصالح فی الجنۃ فیقول یا رب انّٰی لی ھذہٖ فیقول با ستغفارولدك لك " ۲۱۱۔

علامہ عراقیؒ نے اس کے بارے فرمایا" رواہ احمد باسناد حسن " ۲۱۲۔

پھر اسکا معنیٰ قرآن پاک کی آیۂ کریمہ "والّذی جآؤُا من بعدھم یقولون ربّنا اغفرلنا ولاخواننا الّذین سبقونا بالایمان ولا تجعل فی قلوبنا غلًا للّذِیْنَ اٰمنو ربّنا انّكَ رؤوف الرّحیم" ۲۱۳۔

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ۲۰۴ فردوس الاخبار، جلد ۴، صفحہ ۳۹۱، باب المیم ، حدیث ۶۶۶۴

۲۰۵۔ ایضاً بر حاشیہ ——————

۲۰۶۔ میزان الاعتدال ، جلد اول ، صفحہ ۵۰۹، بیان ۱۹۰۷ (الحسن بن علی بن عبدالواحد)

۲۰۷۔ احیاء علوم الدین ، جلد ۲، صفحہ ۱۸۶، کتب آداب الالفۃ والاخوۃ والصحبۃ ، باب ۲، حقوق الاخوۃ والصحبۃ۔

۲۰۸۔ ایضاً ——————، الحق السادس (۶)

۲۰۹۔ سنن ابن ماجہ جلد ۲، صفحہ ۱۲۰۷، کتاب الادب ، باب ، برّ الوالدین حدیث ، ۳۶۶۰

۲۱۰۔ زوائد ابن ماجہ ، جلد ۳، صفحہ ۹۸، کتاب الادب ، باب برّ الوالدین

۲۱۱۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۲، صفحہ ۵۰۹، " مسند ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ

۲۱۲۔ المغنی بذیل احیاء علوم الدین ، جلد اوّل، صفحہ ۳۱۲، کتاب الاذکار، باب ۲، آداب الدّعا، بیان فضیلۃ الاستغفار

۲۱۳۔ القرآن الکریم ، سورۃ الحشر ، آیت ، ۱۰

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانیؒ اور دوسرا حصہ

Marfat.com

سے بھی ماخوذ ہے

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ "اذکارنووی" میں فرماتے ہیں " اجمع العلماء علیٰ ان الدعا للاموات ینفعھم ویصلھم ثوابہ واحتجوا بقولہٖ تعالیٰ (والذین جائوا من بعدھم یقولون ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان)"۶۱۴۔

(۹۳) " ربّ تالٍ للقراٰن والقراٰن یلعنہ "
(دفتر اوّل مکتوب،۱۰۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ یہ حدیث معروف ہے۔البتہ اسی دفتر کے مکتوب ۹ میں بلفظ (ربّ قاریءِ القرآن والقرآن یلعنہ) بیان کیا اور اسکے حدیث یا قول ہونے کی صراحت نہیں کی۔لیکن دفتر دوم کے مکتوب ۵۳ میں مرفوعاً بیان کرتے ہوئے فرمایا

"قال علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات ،ربّ تالٍ للقراٰن والقراٰن یلعنہ"

(اس حدیث کی تخریج وتحقیق کیلئے دیکھئے حدیث اوّل مقالہ ھذا) فصل ھذا

(۹۴) " ربّ صائمٍ لیس لہ من صیامہٖ الا الجوع والظمأ "
(دفتر اول مکتوب ،۱۰۵)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے تصریح کی کہ یہ "خبر صحیح" ہے

اسے امام قضاعی رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند الشھاب" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔لیکن لفظ "الظماء" کی جگہ "العطش" ذکر کیا۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے "مسند" میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا لیکن لفظ "ربّ" کی بجائے "کم" اور لفظ "الظماء" بیان ہی نہیں کیا۔البتہ امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً فقط بنقص "الظما" روایت کیا۔جبکہ امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے "سنن" میں لفظ "الظما" ذکر کیا مگر "الجوع" ذکر نہیں کیا اور "ربّ" کی بجائے "کم" بیان کیا۔پھر امام غزالی علیہ الرحمۃ نے بلفظ

"کم من صائمٍ لیس لہ' من صیامہٖ الا الجوع والظما" ذکر کیا ۶۱۵

(یہ حدیث صحیح ہے)

(۹۵) " تخلقوا باخلاق اللّٰہ "
(دفتر اوّل مکتوب، ۱۰۷)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔

البتہ یہ کتب صوفیاء میں بحیثیت حدیث مشہور ہے۔اسے امام غزالیؒ نے "احیاء علوم الدین" علامہ جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے "کتاب فیہ ما فیہ" ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفتاوٰی الحدیثیہ" سید محمد گیسودراز رحمۃ اللہ علیہ نے "جواھر العشاق" اور شیخ ابن یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ نے سہ صدی مکتوبات میں ذکر کیا لیکن اسکے حدیث یا قول ہونے کی صراحت نہیں کی۔۶۱۶

علامہ عین القضاۃ ھمدانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تمھیدات" میں بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔۶۱۷

لیکن محقق وشارح علامہ عفیف عسیران نے فہرست تمھیدات میں اسکا شمار احادیث میں کیا۔۶۱۸

۶۱۴۔ اذکار نووی کتاب اذکار المرض والموت وما یتعلق بھما ، باب ما ینفع المیت (صفحہ ۷۴) من قول غیرہٖ

۶۱۵۔ دیکھئے ، حدیث ۲ ،فصل ھذا

۶۱۶۔ احیاء علوم الدین ،کتاب الصبر والشکر ،جلد ۴ صفحہ ۹۴ ،بیان تمییز" ما یحبہ اللہ تعالیٰ عمّا یکرہ" ،جلال الدین رومی ،(۶۰۴ھ تا ۶۷۲ھ) کتاب فیہ ما فیہ (فارسی) (باتصحیحات و حواشی بدیع الزمان فروز انفر) چاپخانہ مجلس ، طھران ، ۱۳۳۰ شمسی) صفحہ ۱۲۳ ،الفتاوی الحدیثیہ ، صفحہ ۲۹۰ ،مطلب فی تاویل خلق اللہ آدم علی صورتہٖ ،سید محمد گیسو دراز رحمتہ اللہ علیہ (متولد ۷۲۰ھ ،متوفی ۸۲۵ھ) جواہر العشاق شرح رسالہ غوث اعظم (مترجمہ احمد حسین خاں ، ناشر ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور، ۱۹۸۸ء) صفحہ ۶۱ ،شرح ، الانسان سرّی وانا سرہ' ،احمد بن یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ سہ صدی مکتوبات صفحہ ۱۷ ،مکتوب ششم ۶ ،(حصہ اوّل مکتوبات)

۶۱۷۔ تمھیدات ،صفحہ ۲۲ ، تمھید ۲ ،(شہ طہای سالک در راہ خدا) بیان ۳۳ اور صفحہ ۲۶ ،تمھید ۵ (شرح ارکان پنجگانہ اسلام) بیان ۹۰

Marfat.com

لیکن علامہ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے عوارف المعارف اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ میں بحیثیت قول رسول اللہ ﷺ بیان کیا۔٢١٩

اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ''احیاء علوم الدین'' میں قدسیات داؤدیہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ''اوحی اللہ تعالیٰ الیٰ داؤد علیہ السّلام ،تخلق باخلاقی وانّ من اخلاقی انی انا الصّبور''٢٢٠۔

(٩٦)'' ھم قومٌ لا یشقی جلیسھم '' (دفتر اول مکتوب، ١٠٩)

یہ قطعہ حدیث صحیح ہے جسے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں روایت کیا۔(دیکھئے تخریج حدیث ٤٨)

(٩٧)''ھُمْ جلساء اللّٰہ '' (دفتر اول مکتوب ،١٠٩)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث ذکر کیا لیکن آپ کے خلیفہ خواجہ بدرالدین سرہندی نے ''حضرات القدس'' میں تصریح کی کہ یہ حدیث ہے۔٢٢١

راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ ایک قطعہ حدیث ہے کہ جسے امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے ''الکامل فی ضعفاء الرّجال'' امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے ''الرسالۃ القشیریہ'' علامہ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے عوارف المعارف اور ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے ''الضعفاء'' میں روایت کیا چنانچہ امام ابن عدی نے تحریر فرمایا

ثنا ابن صالح ثنا ابو مصعب حدثنی مالک عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنھما قال قال رسول اللہ ﷺ لکل امرٍ مفتاحٌ ومفتاح الجنّۃ حب المسکین والفقرآء وھم جلساء اللہ یوم القیمۃ''٢٢٢۔

بعدازاں امام ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا'' وھذا ایضًا عن مالک بھذا الاسناد منکر جدًا وثناہ ابن ابی صالح عن ابی مصعب مطرف ھذا باحادیث لم اخرجہ ھاھنا''٢٢٣۔

علامہ شہاب الدین سہروردی نے ''عوارف المعارف'' میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ہی مرفوعاً روایت کیا لیکن رجال ابن عدی (ابوصالح ،ابومصعب) کی بجائے (عثمان بن سعید اور عمر بن اسد) ذکر کیئے چنانچہ آپ لکھتے ہیں'' اخبرنا الشیخ ابو زرعۃ طاھر بن ابی الفضل فی کتابہ قال ، اخبرنا ابو بکر احمد بن علی بن خلف الشیرازی اجازۃً قال اخبرنا الشیخ عبد الرحمن السّلمی قال اخبرنا ابرھیم بن احمد بن محمد بن رجاء قال حدثنا عبد اللہ بن احمد البغدادی قال حدثنا عثمان بن سعید قال حدثنا عمر بن اسد عن مالک بن انس عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ لکل شیءٍ مفتاحٌ و مفتاح الجنّۃ حبّ المسکین والفقرآء الصّبر ، ھم جلساء اللہ تعالیٰ یوم القیامۃ ''٢٢٤۔

جبکہ امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے ''الرسالۃ القشیریہ'' میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہوئے فرمایا (اخبرنا)

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ٢١٨۔ دیکھئے فہرست تمہیدات ،بیان ، احادیث

٢١٩۔ عوارف المعارف،صفحہ ٢٤١/٢٠١،باب ٦١،(ذکر الاحوال وشرحھا)،مدارج النبوۃ جلد ٢،صفحہ ٧٧٥،تکملہ ، باب در وصل ست وصل اوّل در کمال معنوی

٢٢٠۔ احیاء علوم الدین ،جلد ٤،صفحہ ٦١،کتاب الصبر ،والشکر ،بیان فضیلۃ الصبر

٢٢١۔ حضرات القدس ،(اردو) جلد اوّل ،صفحہ ٢٨٨،ذکر خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

٢٢٢۔ الکامل فی ضعفاء الرجال ، جلد ٦ ،صفحہ ٢٣٧٥/٢٣٧٤ ،بیان (مطرف یکنی ابا مصعب مدینی ویقال مطرف النّسیاری)

٢٢٣۔ ایضا حوالہ سابق ، الکامل ، لامام ابن عدی

٢٢٤۔ عوارف المعارف ، صفحہ ٦٢ ،باب ٥،ماھیۃ التصوف

Marfat.com

الشیخ ابو عبد الرحمٰن السّلمی قال حدثنا ابراھیم بن احمد بن محمد بن رجا الفزاری قال حدثنا عثمان بن معبد قال حدثنا عمر بن راشد عن مالك عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنه عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ لکل شیء مفتاح ومفتاح الجنّة حبّ المسٰکین والفقرآء الصبر، هم جلسآء اللہ تعالیٰ یوم القیمة"۶۲۵۔

"روی عن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنه عن النّبی ﷺ انّه قال، انّ لکل شیء مفتاحًا ومفتاح الجنة حبّ المسٰکین والفقرآء لصبرهم هم جلساء اللہ تعالیٰ یوم القیمة "۶۲۶۔

اور علامہ عراقی علیہ الرحمۃ نے اسکی تخریج میں فرمایا" رواہ الدار قطنی فی غرائب مالك و ابو بکر بن لال فی مکارم الاخلاق و ابن عدی فی الکامل وابن حبان فی الضعفاء من حدیث ابن عمر "۶۲۷۔

علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں" حدثنا ابو الطیب احمد بن عبیدا للہ الدارمی حدثنا احمد بن داؤد بن عبد الغفار حدثنا ابو مصعب حدثنا مالك بن انس عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنه قال قال رسول اللہ ﷺ لکل امةٍ مفتاح مفتاح الجنّة حب المسٰکین والفقرآء هم جلسآء اللہ یوم القیمة"۶۲۸۔

امام ابن جوزی رحمۃ اللہ نے اس روایت ابن حبان کو موضوعات میں شمار کیا، چنانچہ فرمایا" قال ابن حبان، هذا حدیث موضوعٌ واحمد بن داؤد کان یضع الحدیث وقال الدّارقطنی هذا الحدیث وضعه' عمر بن راشد الحارثی عن مالك و سرقه منه' هذا الشیخ فوضعه' علی ابی مصعب " ۶۲۹۔

لیکن علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن جوزی کا تعاقب کرتے ہوئے فرمایا" (قُلْتُ) روایة عمر بن راشد فی عوالی مالك لأبی الحسن بن صخر قال حدثنیٰ ابو محمد بن عمر و حدثنا عبد اللہ بن جعفر بن احمد بن حشیش حدثنا عثمان بن معبد حدثنا عمر بن راشد عن مالك عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنه مرفوعًا، لکل شیء مفتاح و مفتاح الجنة حب المسٰکین والفقرآء الصبراء و جلساء اللہ یوم القیمة ، و قال الخطیب ، فی روایة مالك، أنبأنا ابو بکر احمد بن محمد بن غالب الخوارزمی أنبانا أبو صخر محمد بن مالك السّعدی بمرو وحدثنا المنکدر یعنی احمد بن محمد بن عمر حدثنا یعقوب بن سفیان ابو یوسف حدثنا عمر بن راشد المدنی الحارثی مولیٰ عثمان بن عفّان به ،وأخرجه ابن لال فی مکارم الاخلاق وابن عدی ، واللہ اعلم " ۶۳۰۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الجامع الصغیر" میں حدیث (ابن لال) کو صرف ضعیف کہا۔۶۳۱

اور امام بخاریؒ نے اپنی "صحیح" میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی حدیث میں قطعہ بلفظ (هم الجلساء لا یشقی بهم جلیسهم) *ذکر کیا۶۳۲*

جو قطعہ زیر تحقیق کا شاھد ہے۔(یہ حدیث بلفظ مجدد علیہ الرحمۃ حسن ہے)

۶۲۵۔ امام غزالی علیہ الرحمۃ " احیاء علوم الدین " میں فرماتے ہیں

۶۲۶۔ احیاءعلوم الدین ، جلد ۴،صفحہ ۱۹۹،کتاب الفقر والزھد،بیان فضیلة خصوص الفقرآء من الراضین

۶۲۷۔ ایضا حوالہ سابق ، ۶۲۶،بر حاشیہ ۴/۱۹۵

۶۲۸۔ اللآلی المصنوعہ(للسیوطی رحمة اللہ علیه) جلد ۲ دوم ،صفحہ ۳۲۴،کتاب الادب والزھد

۶۲۹۔ ایضا

۶۳۰۔ ایضا

۶۳۱۔ الجامع الصغیر ،جلد ۲،صفحہ ۱۲۵،حرف لام

۶۳۲۔ صحیح بخاری ،جلد ۲،صفحہ ۹۹ کتاب الدعوات ،باب ،فضل ذکر اللہ تعالی

Marfat.com

(۹۸) " الحیاء شعبۃ من الایمان "

(دفتر اوّل مکتوب ،۱۰۹)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ جسے امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''مصنف'' احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے ''مسند'' اور امام نسائی نے ''سنن'' میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا بلفظہ روایت کیا جبکہ امام بخاری و مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے صحیحین ابوداؤد و نسائی و ابن ماجہ ''سنن'' اور بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں بطوالت متن روایت کیا۔ چنانچہ امام ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''مصنف'' میں فرماتے ہیں " حدثنا ابو خالد الاحمر عن ابن عجلان عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ الحیاء شعبۃ من الایمان " ۶۳۳۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے مسند میں فرمایا "ثنا و کیع قال ثنا سفیان عن سھیل بن ابی صالح عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ الحیاء شعبۃ من الایمان " ۶۳۴۔

امام نسائیؒ سنن میں روایت کرتے ہیں " حدثنا یحیٰی بن حبیب بن عربی قال ثنا خالد یعنی ابن الحارث عن ابن عجلان عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النّبی ﷺ قال الحیاء شعبۃ من الایمان "۶۳۵۔

جبکہ امام بخاریؒ ''صحیح'' میں فرماتے ہیں " حدثنا عبد اللہ بن محمد قال حدّثنا ابو عامر العقدی قال حدثنا سلیمان بن بلال عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النّبی ﷺ قال الایمان بضع وستون شعبۃ والحیاء ،شعبۃ من الایمان " ۶۳۶۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''صحیح'' میں فرماتے ہیں " حدثنا عبید اللہ بن سعید و عبد بن حمید قالا حدثنا ابو عامر العقدی حدثنا سلیمان بن بلال عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ عن النّبی ﷺ الایمان بضع و سبعون شعبۃ والحیا شعبۃ من الایمان " ۶۳۷۔

پھر دوسرے طریق سے بیان کرتے ہوئے فرمایا " حدثنا زھیر بن حرب قال ثنا جریر عن سھیل عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ الایمان بضع وسبعون او بضعٌ وستون شعبۃ ، فافضلھا قول لاالٰہ الا اللہ و ادناھا اماطۃ الاذی عن الطریق والحیاء شعبۃ من الایمان "۶۳۸۔

امام ابوداؤد نے اپنی ''سنن'' میں روایت کرتے ہوئے فرمایا " حدثنا موسیٰ بن اسمعیل نا حماد اخبرنا سھیل بن ابی صالح عن عبد اللہ بن دینار عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال الایمان بضعٌ وسبعون شعبۃ افضلھا قول لاالٰہ الا اللہ وادنا ھا اماطۃ العظم عن الطریق والحیاء شعبۃ من الایمان "۶۳۹۔

امام نسائی نے ''سنن'' میں روایت فرمایا کہ " اخبرنا احمد بن سلیمان قال ثنا ابو داؤد عن سفیان قال وثنا ابو نعیم قال ثنا سفیان عن سھیل عن عبد اللہ بن دینا ر عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ الایمان بضعٌ وسبعون افضلھا لاالٰہ الااللہ واوضعھا اماطۃ الاذی عن الطریق والحیاء شعبۃ من الایمان "۶۴۰۔

۶۳۳۔ صحیح بخاری ،جلد ۲ ،صفحہ ۱۹ کتب الدّعوٰت ،باب ،فضل ذکر اللہ تعالیٰ

۶۳۴۔ مسند احمد بن حنبل ، جلد ۲ ،صفحہ ۴۴۲ ،مسند ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ

۶۳۵۔ سنن نسائی ، کتب الایمان و شرائعہ ، باب ذکر شعب الایمان ، جلد ۲ ،صفحہ ۲۶۸

۶۳۶۔ صحیح البخاری ،جلد اوّل ،صفحہ (۶) کتاب الایمان ،باب ،امور الایمان

۶۳۷۔ صحیح مسلم ،جلد اوّل ،صفحہ ۴۷ ،کتاب الایمان ،بیان ، عدد الایمان

۶۳۸۔ ایضا

۶۳۹۔ سنن ابی داؤد ،جلد ۲ ،صفحہ ۲۸۷ ،کتاب السنۃ ، باب فی ردّ الارجآء ۵۵/۵

پہلا دفتر مکتوبات امام ربانی دوسرا حصہ

Marfat.com

امام ابن ماجہؒ نے ''سنن'' میں فرمایا'' حدثنا علی بن محمد الطنافسی ثنا وکیع عن سفیان عن سهیل بن ابی صالح عن عبد الله بن دینار عن ابی صالح عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم والایمان بضعٌ وستون او سبعون بابًا ادناها اماطة الاذی عن الطریق، وارفعها قول لااله الاالله والحیاء شعبة من الایمان ''۶۴۱ ؎

اور امام بیہقیؒ نے ''شعب الایمان'' میں فرمایا'' اخبرنا ابو عبد الله الحافظ، انبا ابو بکر احمد بن اسحق الفقیه أنبا ابو مسلم ثنا محمد بن کثیر ثنا سفیان عن سهیل بن ابی صالح عن عبد الله بن دینار عن ابی صالح عن ابی هریرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ الایمان بضعٌ وستون او بضعٌ وسبعون شعبة افضلها لا اله الا الله و ادناها اماطة الاذی عن الطریق والحیاء شعبة من الایمان '' ۶۴۲ ؎

(یہ حدیث متفق علیہ ہے)

(۹۹)'' الدّنیا ملعونة وملعون ما فیها الا ذکراللّٰه'' (دفتر اول مکتوب، ۱۱۰)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے یہاں بغیر تصریح حدیث وقول ذکر کیا، البتہ دفتر سوم مکتوب ۱۰۰، میں بلفظ (الدنیا ملعونة) بیان کیا اور صراحت کی کہ یہ حدیث ہے۔ اس حدیث کو ابن جوزی ''العلل المتناهیة'' ''امام ترمذی'' جامع'' ابن امام ماجہ ''سنن'' اور بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''شرح السنۃ'' میں حضرت ابوھریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا۔ چنانچہ علامہ ابن جوزی لکھتے ہیں'' انبأنا الحریری قال انبانا العشاری قال نا الدارقطنی قال نا الحسن بن ابراهیم بن عبد المجید قال نا سلمة بن احمد بن مجاشع قال نا خالد بن یزید قال نا سفیان الثوری عن عطا بن قرّة عن عبد الله بن همزه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم، الدّنیا ملعونة وملعونٌ ما فیها الا ذکر الله ار عالم او متعلم''۶۴۳ ؎

بعدازاں فرمایا'' تفردبه خالد بن یزید العدوی قال ابن عدی لا تتابع علیٰ حدیثه '' ۶۴۴ ؎

البتہ امام ابن ماجہؒ نے سفیان ثوری کی بجائے ابن ثوبان رضی اللہ عنہ کے طریق سے روایت کیا چنانچہ آپ فرماتے ہیں'' حدثنا علی بن میمون الرقی ابو خلید عتبة بن حماد الدمشقی عن ابن ثوبان عن عطاء ابن قرّة عن عبد الله بن ضمرة السلولی قال ثنا ابو هریرة رضی الله عنه قال سمعت رسول الله ﷺ وهو یقول الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ذکر الله وما والاه اوعالمًا او متعلمًا'' ۶۴۵ ؎

امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے ''جامع'' میں فرمایا'' حدثنا محمد بن حاتم المؤدب نا علی بن ثابت نا عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان قال سمعت عطاء بن قرة قال سمعت عبد الله بن ضمرة قال سمعت ابا هریرة رضی الله عنه یقول سمعت رسول الله ﷺ یقول، ان الدّنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ذکر الله وما والاه وعالمٌ او متعلمٌ '' ۶۴۶ ؎

اور بعدازاں فرمایا'' وهٰذا حدیث حسن غریب'' ۶۴۷ ؎

(بقیہ حوالہ سابقہ صفحہ) ۶۴۰ ؎ سنن نسائی، جلد ۲، صفحہ ۲۶۸، کتاب الایمان، شرائعه، باب، ذکر شعب الایمان

۶۴۱ ؎ سنن ابن ماجه، جلد اوّل، صفحه ۲۲، مقدمه، باب فی الایمان، حدیث ۵۷

۶۴۲ ؎ شعب الایمان، جلد اول، صفحه ۱۰۳، شعبه اوّل، باب فی الایمان بالله عزّوجل، حدیث ۸۹

۶۴۳ ؎ ابن جوزی، عبد الرحمن بن علی (۵۱۰ھ تا ۵۹۷ھ) ''العلل المتناهیة فی الاحادیث الواهیة'' (دارنشر الکتب الاسلامیة لاہور، ۱۳۹۹ھ/۱۹۷۹ء) جلد ۲، صفحه ۳۱۱، ۳۱۲، کتاب الزّهد، حدیث ۱۳۳۰، حدیث فی دم من کانت الدّنیا همّه'

۶۴۴ ؎ ایضا حواله سابق، ۶۴۳

۶۴۵ ؎ سنن ابن ماجه، جلد ۲، کتاب الزّهد، ص ۱۳۷۷، باب، مثل الدنیا، حدیث ۴۱۱۲

۶۴۶ ؎ جامع ترمذی، جلد ۲، صفحه ۵۸، ابواب الزّهد، باب، ما جاء فی هوان الدّنیا علی الله ۵۲/۲

۶۴۷ ؎ ایضًا . . . .

Marfat.com

امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ "شرح السنۃ" میں روایت کرتے ہیں" اخبرنا الامام ابو علی الحسین بن محمد القاضی انا ابو العباس عبد اللہ بن محمد بن ھارون الطیسفونی انا ابو الحسن محمد بن احمد الترابی انا ابو بکر احمد بن محمد بن عمر بن بسطام انا احمد بن سیّار القرشی نا قتیبة بن سعید نا الخنیسی وھو محمد بن یزید بن خنیس عن وھیب بن الورد العابد عن عطاء بن قرة سلولی عن عبد اللہ بن ضمرة ان النّبی ﷺ قال الدّنیا ملعونة ملعون ما فیھا الاذکر اللہ او معلمًا او متعلمًا " ۶۴۸ ۔

اور بعدازاں فرمایا" ویروی عن عبد اللہ بن ضمرة عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ ۔ الا ان الدّنیا ملعونة ملعون ما فیھا الا ذکر اللہ وما والاہ و عالمًا او متعلمًا " ۶۴۹ ۔

علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ نے مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بلفظ (الا انّ الدنیا ملعونة ملعون ما فیھا الا ذکر اللہ وما والاہ وعالمٌ او متعلمٌ)

ذکر کیا اور فرمایا کہ اسے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔ ۶۵۰ ۔

(یہ حدیث حسن ہے)

(۱۰۰) "ان اللّٰہ خلق اٰدم علیٰ صورتہٖ " (دفتر اول مکتوب،۱۱۳)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے اسے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ یہ حدیث مرفوع صحیح ہے۔ (دیکھئے تخریج حدیث ۶۷)

(۱۰۱) " انّ اللّٰہ یحب معالی الھمم " (دفتر اول مکتوب، ۱۱۶)

حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے بغیر تصریح حدیث یا قول ذکر کیا۔ البتہ آپؒ کے صاحبزادے خواجہ محمد معصومؒ نے اپنے مکتوبات میں بحیثیت حدیث بیان کیا۔ ۶۵۱ ۔

اور "انیس الغرباء" میں مرفوعًا بلفظہٖ ذکر کیا گیا، جیسا کہ مفتی محمد سعید "تشیید المبانی" میں لکھتے ہیں کہ " ذکر فی انیس الغرباء قال النّبی ﷺ انّ ا یحب معالی الھمم ویبغض سفسافھا"۶۵۲ ۔

علامہ بایزید انصاری رحمۃ اللہ علیہ نے "مقصود المومنین" میں لفظ معالی کی بجائے عالی نقل کرتے ہوئے فرمایا "قال النبی ﷺ ان اللہ یحبّ عالی الھمم ویبغض سفسافھا "۶۵۳ ۔

امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں حضرت سہل بن ساعدی رضی اللہ عنہ سے مرفوعًا بلفظ، (ان اللہ یحب معالی الاخلاق) روایت کیا چنانچہ فرمایا" اخبرنا ابو محمد بن یوسف نا ابو سعید بن الاعرابی نا ابرھیم بن مھدی نا محمد بن عبید نا محمد بن ثور عن معمر عن ابی حازم عن سھل بن سعد السّاعدی قال قال رسول اللہ وان اللہ کریم یحب الکرم ومعالی الاخلاق ویبغض سفساسھا " ۶۵۴ ۔

ابن النقطہ بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "التقیید لمعرفۃ رواۃ السنن والمسانید" میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی ہی روایت سے بلفظ بیہقی (مذکور) بیان کیا۔ چنانچہ فرمایا۔" اخبرنا زاھد بن ابی طاھر با صبھا ن قدم علینا أنبا أبو عثمان سعید بن محمد البحیری

---

۶۴۸ ۔ شرح السنة ، جلد ۱۴ ، صفحہ ۲۲۹، ۲۳۰، کتاب الرقاق ، باب ، ھوان الدنیا علی اللہ سبحانہ وتعالی ، حدیث ۴۰۲۸

۶۴۹ ۔ ایضا

۶۵۰ ۔ مشکوۃ المصابیح ،صفحہ ۴۴۱، کتاب الرقاق ،فصل ثانی (۲)

۶۵۱ ۔ مکتوبات معصومیّة دفتر سوم ، صفحہ ۲۵۱ ،مکتوب ۲۰۶

۶۵۲ ۔ تشیید المبانی ، صفحہ ۳۴

۶۵۳ ۔ مقصود المؤمنین ،صفحہ ۱۲۳ ،فصل ۱۲، (بیان العلم و معرفة التوکل والقناعة)

۶۵۴ ۔ شعب الایمان ،جلد ۶ ،صفحات ۲۴۰، ۲۴۱ ،شعبہ ۵۷،باب ،حسن الخلق ، حدیث ۸۰۱۱

Marfat.com

انبا ابو الهیثم محمد بن المکی بن محمد الکشمهینی ،بها ،ثنا ابو محمد عبد الله بن محمد بن ابرهیم البوشخی ثنا احمد بن عبد الله بن یونس ثنا فضیل بن عیاض عن محمد بن ثور عن معمر عن ابی حازم عن سهل بن سعد السّاعدی رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ان ا یحب معالی الاخلاق ویکره سفسافها" ۲۵۵۔

جبکہ علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "جامع" میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً بلفظ (ابن نقط) روایت کیا۔ چنانچہ فرمایا"اخبرنا القاضی ابو عمر القاسم بن جعفر بن عبد الواحد الهاشمی بالبصرة نا احمد بن عمر و بن فهد ان نا ابراهیم بن فهد نا عبد الله بن ابراهیم العضابری رضی الله عنه نا عبد الله بن ابی بکر بن المنکذر عن عمّه محمد بن المنکدر عن جابر بن عبد الله رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال ان ا یحب معالی الاخلاق ویکره سفسافها" ۲۵۶۔

